فتاویٰ محمودیہ

فقیہ الامت حضرت مولانا مفتی محمود حسن گنگوہی نوراللہ مرقدہٗ

تبویب، تخریج اور تعلیق

زیر سرپرستی

شیخ الحدیث حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب زید مجدہم

زیر نگرانی

دار الافتاء جامعہ فاروقیہ کراچی

Made searchable using ScribeTools.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فہرست عنوانات

نمبر شمار	مضمون	صفحہ نمبر
☆	افادات از شیخ الحدیث حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب دامت برکاتہم العالیہ	۲۹
☆☆	فقیہ الامۃ مفتی اعظم ہند حضرت مولانا محمود حسن نور اللہ مرقدہٗ کے حالاتِ زندگی	۳۲
☆	نام ونسب	۳۴
☆	حضرت مفتی صاحب کے دادا جناب خلیل احمد صاحب قدس سرہٗ	۳۵
☆	والد محترم حضرت مولانا حامد حسن گنگوہی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ	۳۶
☆	فراغت وتدریس	۳۶
☆	امر بالمعروف اور احتیاط	۳۶
☆	بیعت وارادت	۳۷
☆	علالت ووفات	۳۷
☆☆	حضرت مفتی محمود صاحب نور اللہ مرقدہٗ	۳۸
☆	ولادت باسعادت	۳۸
☆	بسم اللہ	۳۸

☆ ابتدائی تعلیم ۳۹
☆ حفظِ قرآن کریم ۳۹
☆ درسِ نظامی ۴۰
☆ مظاہر علوم میں حاضری ۴۰
☆ دارالعلوم دیوبند میں حاضری ۴۱
☆ بیعت ۴۲
☆ انتخابِ شیخ ۴۳
☆ بیعت کی درخواست اور شیخ کا امتحان ۴۳
☆ اجازت وخلافت ۴۴
☆ تدریس وافتاء اور مظاہر علوم میں تقرری ۴۴
☆ فتاویٰ سنانے میں ایک خاص معمول ۴۵
☆ بے مثال تواضع وکسرِ نفسی ۴۵
☆ شدتِ علالت کی بناء پر مظاہر علوم سے استعفیٰ ۴۶
☆ مدرسہ اشرف المدارس ہردوئی میں قیام ۴۶
☆ پونہ میں قیام ۴۷
☆ جامع العلوم کانپور کے لئے حضرت حبیب الامت کا انتخاب ۴۷
☆ جامع العلوم کانپور کے لئے اصلاحی سعی ۴۸
☆ جامع العلوم کانپور سے مظاہر علوم سہارنپور واپسی کی تجویز ۴۹
☆ دارالافتاء دارالعلوم دیوبند کے لئے تقرر وانتخاب ۵۰
☆ دارالعلوم دیوبند تشریف آوری ۵۱
☆ قیام گاہ ۵۲
☆ دارالعلوم دیوبند میں درسِ بخاری شریف ۵۲

Made searchable using ScribeTools.com

☆ کیفیتِ درس ۵۳
☆ دارالعلوم سے مظاہر علوم مراجعت ۵۴
☆ جامعہ مظاہر علوم میں تشریف آوری ۵۴
☆ مظاہر علوم سے دارالعلوم مراجعت ۵۵
☆ دارالافتاء ۵۶
☆ طرزِ درس اور طلبہ سے بے تکلفی ۵۶
☆ افتاء وتفقہ ۵۷
☆ فتاویٰ پر اکابر کا اعتماد ۵۹
☆ نقولِ فتاویٰ کے رجسٹروں کو ملاحظہ فرمانے کی تجویز ۶۲
☆ مظاہرِ علوم کے اہم فتاویٰ کے بارے میں تجویز ۶۳
☆ رائے کی پختگی ۶۳
☆ فتاویٰ نویسی میں چند عاداتِ مبارکہ ۶۴
☆ دوسرے مفتی صاحب کے فتویٰ کی تصدیق ۶۷
☆ تمرینِ فتاویٰ ۶۷
☆ فقہ وفتاویٰ میں مناسبت پیدا کرنے کی تدبیر ۶۹
☆ فرقِ باطلہ کی تردید کے لئے طلبہ کی تیاری ۷۰
☆ امراض وتکالیف اور آپریشن ۷۱
☆ قبض اور ہچکیوں کی تکلیف ۷۱
☆ فالج کا حملہ اور آپریشن کے ذریعے شبہن کی فٹنگ ۷۴
☆ غیر اختیاری سنت پر عمل اور سحر کا اثر ۷۵
☆ شدتِ علالت اور آپریشن ۷۶
☆ آخری دعاء اور آخری حدیث شریف ۷۱

☆ دنیا سے انقطاعِ کلی ۷۸
☆ مرض الوفات ۷۸
☆ نمازِ جنازہ ۷۹
☆ تدفین ۸۰
☆☆ مفتی حضرت مولانا الحاج سید عبداللطیف صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ ۸۱
☆ درس وتدریس ۸۱
☆ اہتمام وانتظام ۸۲
☆☆ حضرت مولانا مفتی سعید احمد صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ ۸۳
☆ ولادتِ سعید ۸۳
☆ ابتدائی تعلیم ۸۳
☆ مظاہر علوم میں تقرر اور ایک خاص واقعہ ۸۵
☆ سفرِ حجاز اور مفتی کے عہدہ پر فائز ہونا ۸۵
☆ بعض عظیم المرتبت شخصیات کے اعترافات ۸۶
☆ حضرت شیخ کا دوستانہ تعلق ۸۶
☆ محتاط زندگی گزارنے کا عجیب وغریب قصہ ۸۷
☆ بیعت وارشاد ۸۹
☆ بچوں کی تربیت کا انوکھا انداز ۸۹
☆ آپ کے درس کی خصوصیات ۹۰
☆ تواضع، سادگی اور فقیرانہ زندگی ۹۱
☆ دو خاص نصیحتیں ۹۲
☆ اوصافِ حمیدہ ۹۳
☆ تالیفات وتصنیفات ۹۳

Made searchable using ScribeTools.com

☆	علالت، وفات اور آخری وصیت	۹۴
☆☆	حضرت مولانا مفتی مہدی حسن صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ	۹۶
☆☆	فقیہ العصر حضرت مولانا مفتی نظام الدین دامت برکاتہم	۹۸
☆	ولادت باسعادت	۹۸
☆	تعلیم وتربیت	۹۸
☆	تصانیف	۱۰۰
☆☆	**مقدمہ**	۱۰۳
☆	فتویٰ کی لغوی تعریف	۱۰۴
☆	اصطلاحی تعریف	۱۰۶
☆	فتویٰ کا تاریخی پسِ منظر	۱۰۷
☆	نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے دور میں فتویٰ	۱۰۷
☆	صحابہ کرام کے دور میں فتویٰ	۱۰۹
☆	تابعین کے دور میں فتویٰ	۱۱۰
☆	امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ	۱۱۱
☆	استنباطِ مسائل میں امام ابوحنیفہؒ کا طریقہ	۱۱۳
☆	امام صاحب کے شاگرد	۱۱۴
☆	فقہ حنفی بطور قانون	۱۱۴
☆	سلطنتِ مغلیہ کے بعد فتویٰ	۱۱۵
☆	فتویٰ کی اہمیت	۱۱۵
☆	مفتی کا مقام	۱۱۷
☆	مفتی کے شرائط	۱۱۸
☆	مفتی کا فریضہ	۱۱۹

☆	فتویٰ دینے میں احتیاط	۱۲۰
☆	لاادری	۱۲۳
☆☆	**کچھ فتاویٰ محمودیہ کے بارے میں**	۱۲۶
☆	حضرات علمائے دیوبند اور اعتدال پسندی	۱۲۶
☆	حضرت مفتی محمود حسن صاحب اور فتاویٰ نویسی	۱۳۱
☆	حضرت مفتی صاحب اور طریقۂ فتویٰ نویسی	۱۳۶
☆	وسعتِ نظر اور استحضارِ جزئیات	۱۳۸
☆	حضرت فقیہ الامت اور اعتدال پسندی	۱۳۹
☆	جناب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور راہِ اعتدال	۱۴۰
☆	حضراتِ صحابہ کرام اور راہِ اعتدال	۱۴۴
☆	تصوف اور اعتدال پسندی	۱۴۷
☆	مدارس اور راہِ اعتدال	۱۵۰
☆	جمہوریت اور راہِ اعتدال	۱۵۲
☆	اختلافی مسائل اور راہِ اعتدال	۱۵۷
☆	فروعی اختلافی مسائل اور راہِ اعتدال	۱۵۹
☆	دعوت وتبلیغ اور راہِ اعتدال	۱۶۹
☆☆	**فتاویٰ محمودیہ کی خصوصیات**	۱۶۴
☆☆	**فتاویٰ محمودیہ پر کام کرنے کی نوعیت**	۱۶۶
☆	تبویب وترتیب	۱۶۶
☆	تخریج	۱۶۸
☆	تخریج کا طریقہ	۱۶۸
☆	عنوانات کی تسہیل وتوضیح	۱۶۹

Made searchable using ScribeTools.com

☆ ہندی الفاظ کا ترجمہ ۱۶۹
☆ ہندی ہندسوں کی وضاحت ۱۶۹
☆ غیر مفتی بہ اقوال کی نشاندہی ۱۶۹
☆ علاماتِ ترقیم لگانے کا خاص اہتمام ۱۷۰
☆ اظہارِ تشکر ۱۷۰

☆.....☆.....☆

کتاب الإیمان والعقائد

مایتعلق بالإیمان

(ایمان کا بیان)

۱ اسلام کیا ہے؟ ۱۷۲
۲ ایمان کی بنیاد ۱۷۳
۳ ایمان میں کمی وزیادتی ۱۷۴
۴ کلمہ طیبہ اور کلمۂ شہادت کا ثبوت ۱۷۸
۵ جملہ خبریہ کی تعریف اور کلمۂ توحید ۱۸۱
۶ توحید کی تشریح ۱۸۲
۷ مسلمان ہونے کے لئے کلمہ شہادت کی ضرورت ۱۸۳
۸ مسلمان ہونے والے کو فوراً مسلمان کرنا چاہیے ۱۸۴
۹ غیر مسلم کس طرح مسلمان ہوتا ہے؟ ۱۸۵
۱۰ نومسلم کب تک نومسلم رہے گا؟ ۱۸۸

۱۱	صفتِ احدیت	۱۸۸
۱۲	قدرت	۱۸۹
۱۳	ضروریاتِ دین کی تفصیل	۱۸۹
۱۴	ایمان بالرسول اجمالاً کافی ہے، یا اوصاف کے ساتھ؟	۱۹۰
۱۵	قرآن پر ایمان کا مطلب	۱۹۱
۱۶	فطرت پر ہونے کی تشریح	۱۹۲
۱۷	امتِ دعوت واجابت	۱۹۳
۱۸	وسوسۂ شیطانی سے ایمان زائل نہیں ہوتا	۱۹۵
۱۹	دینیات میں وسوسہ اور اس کا علاج	۱۹۶
۲۰	مجبوراً خنزیر کا گوشت کھانے سے ایمان نہیں جاتا	۱۹۷
۲۱	زمانہ کو بُرا کہنے کی ممانعت اور مفتی قدرت اللہ صاحب کی تقریر	۱۹۸
۲۲	زمانہ کو برا کہنا	۲۰۱
۲۳	احکام اسلام کو اپنانا اعلیٰ درجے کے مسلمانوں کا کام ہے	۲۰۱
۲۴	کراماً کاتبین کی تعداد	۲۰۲
۲۵	تجدیدِ ایمان کا طریقہ	۲۰۳
۲۶	ایضاً	۲۰۵
۲۷	نجات کس ایمان پر ہے؟	۲۰۶
۲۸	کیا محض ایمان پر جنت کی بشارت ہے؟	۲۰۷
۲۹	اخیر وقت کا اسلام	۲۰۸
۳۰	خاتمہ بالخیر	۲۰۹

Made searchable using ScribeTools.com

ما یتعلق بالقدر

(تقدیر کا بیان)

۳۱	مسئلہ تقدیر	۲۱۰
۳۲	تقدیرِ مبرم اور معلق	۲۱۱
۳۳	تقدیر پر ایمان لانے کا مطلب	۲۱۲
۳۴	مشیتِ ایزدی تقدیر ہے	۲۱۴
۳۵	کیا تقدیر پر ایمان لانے سے جبر لازم نہیں آتا؟	۲۱۵
۳۶	تقدیر کے مسئلہ پر اشکال	۲۱۷
۳۷	کیا تقدیر میں تبدیلی ممکن ہے؟	۲۱۸
۳۸	انسان سے برے کام کیا اللہ تعالیٰ کراتا ہے؟	۲۲۱
۳۹	ہر ایک کا ارادہ خدا کے ارادے کے تابع ہے	۲۲۱
۴۰	انسان مختار ہے یا مجبور؟	۲۲۳
۴۱	ایضاً	۲۲۴
۴۲	خودکشی کرنے والے کی موت خود اس کے قبضے میں نہیں	۲۲۵
۴۳	وقت سے پہلے موت نہیں آتی	۲۲۶
۴۴	خلقتِ انسانی کی غایت	۲۲۶
۴۵	غریب کی غریب سے شادی تقدیری ہے یا کوشش سے؟	۲۲۷
۴۶	معصوم بچے کس قصور کی وجہ سے بیمار ہوتے ہیں؟	۲۲۸
۴۷	معصوم بچوں کے بیمار ہونے کا سبب	۲۲۹
۴۸	اولادالزنا کا کیا قصور ہے؟	۲۳۰

Made Searchable by ScribeTools.com

مایتعلق بالسعادۃ والنحوسۃ

(نیک شگونی اور بدشگونی کا بیان)

۴۹	بدشگونی	۲۳۱
۵۰	کیا عورت، گھر، گھوڑے میں نحوست ہے؟	۲۳۲
۵۱	متعین ایام میں نکاح ورخصتی منحوس نہیں	۲۳۳
۵۲	دن اور کسی تاریخ میں نحوست نہیں	۲۳۴
۵۳	دو بھائیوں کی شادی، دو بہنوں سے کرنے کو منحوس سمجھنا	۲۳۴
۵۴	کیا رات کو قرض دینا منحوس ہے؟	۲۳۵
۵۵	منگل اور بدھ کو حجامت بنوانا	۲۳۶
۵۶	چند بے اصل بدفالیاں	۲۳۶
۵۷	چاند جب عقرب میں ہو تو کام شروع کیا جائے یا نہیں؟	۲۳۷
۵۸	قطب تارہ کی طرف پیر پھیلانا	۲۳۷
۵۹	تیسری رات کا چاند نہ دیکھنا اور اس کی کہانی سننا	۲۳۷
۶۰	سورج یا چاند گرہن کے وقت کھانا	۲۳۸
۶i	روزانہ ایک پیسہ رات کو امانت رکھ کر صبح کو واپس لینا	۲۳۸
۶۲	جھاؤ کا استعمال	۲۳۹
۶۳	وبا کی بستی سے نکلنا	۲۳۹
۶۴	مجذوم اور ابرص کے ساتھ اختلاط	۲۴۰
۶۵	چیچک والے کے لئے چند مخصوص چیزیں	۲۴۲
۶۶	تعمیرِ مکان کے لئے وقت مقرر نہیں	۲۴۳

Made searchable using ScribeTools.com

باب العقائد

مایتعلق باللہ تعالیٰ وصفاته

(اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات کا بیان)

۶۷	عقیدہ کی تعریف	۲۴۴
۶۸	اللہ تعالیٰ کہاں ہیں؟	۲۴۴
۶۹	خدا کے لئے جہت کا ماننا	۲۴۶
۷۰	نورنامہ کا ایک شعر (خدا کے لئے جسم ماننا)	۲۴۶
۷۱	کیا خدا ہر شئ میں ہے؟	۲۴۷
۷۲	اللہ تعالیٰ کا ہر شئ میں حلول کرنے کا عقیدہ	۲۴۸
۷۳	''اللہ تعالیٰ قادر ہے، جو چاہے، دکھلادے'' عقیدہ پر اشکال	۲۵۰
۷۴	اللہ تعالیٰ حفاظت کرنا چاہیں تو دشمنوں کے بیچ میں کریں، نہ چاہیں نہ کریں	۲۵۲
۶۵	کیا اللہ تعالیٰ اونگھنے پر قادر ہے؟	۲۵۶
۷۶	خالق مخلوق بننے پر قادر ہے یا نہیں؟	۲۵۷
۷۷	امکانِ کذب	۲۵۷
۷۸	مسئلہ امکان کذب اور ''فتح المبین'' میں تلبیس	۲۶۰
۷۹	محال کے ساتھ ممکن ماننا	۲۶۴
۸۰	کیا اللہ تعالیٰ عالم الغیب ہیں؟	۲۶۴
۸۱	کیا ہر وقت دیدارِ خداوندی ممکن ہے؟	۲۶۶
۸۲	اللہ میاں کہنا	۲۶۷
۸۳	کیا ''گاڈ'' خدا کا نام ہے؟	۲۶۷
۸۴	اسمائے الٰہی دوسری زبانوں میں	۲۶۸

۸۵	اسمائے الٰہی میں الحاد کا مکلب	۲۷۱

مایتعلق بالإشراک باللہ تعالیٰ وصفاته

(اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات میں شرک کا بیان)

۸۶	شرک کی تفصیل	۲۷۳
۸۷	شرک فی وجود الوجوب	۲۷۴
۸۸	کافر ومشرک میں فرق	۲۷۵
۸۹	مشرک اور کافر میں فرق	۲۷۷
۹۰	صفاتِ باری تعالیٰ میں کسی کو شریک کرنا	۲۷۸
۹۱	کیا اولیاء کو ذاتی قدرت ہے؟	۲۷۸
۹۲	کیا اولیاء پر موت طاری نہیں ہوتی؟	۲۸۰
۹۳	کسی بزرگ کی دوہائی	۲۸۱
۹۴	شہید بابا پر دو نے چڑھانا	۲۸۲
۹۵	کسی پیر کے نام بچہ کے سر پر چوٹی رکھنا	۲۸۲
۹۶	کسی مردہ بزرگ کا کسی انسان میں حلول کرنا	۲۸۳
۹۷	گمراہ مرشد کے کہنے سے قبر کو سجدہ کرنے کا حکم	۲۸۳
۹۸	قبروں کو سجدہ کرنا اور چومنا	۲۸۵
۹۹	پیر ومرشد کو سجدہ کرنا	۲۸۶
۱۰۰	مصنوعی قبر کی پرستش	۲۸۷
۱۰۱	پیرانِ پیر کا کلمہ اور جلوس	۲۸۸
۱۰۲	کیا عبدالقادر جیلانی کا نام لینے سے بال گھٹ جاتے ہیں؟	۲۸۸
۱۰۳	بڑے پیر صاحب کا ملک الموت سے ارواح کو چھین کر زندہ کر دینا	۲۸۹
۱۰۴	کیا بڑے پیر صاحب اور شمس تبریز نے مردوں کو زندہ کیا؟	۲۸۹

Made searchable using ScribeTools.com

۱۰۵	بزرگ کی پھونک کا اثر ایک میل تک پہنچنا	۲۹۰
۱۰۶	پیر بزرگ کی سواری کا آنا	۲۹۱
۱۰۷	کیا بوعلی شاہ قلندر کے مزار پر حضرت جبرئیل علیہ السلام آتے ہیں؟	۲۹۲
۱۰۸	صاحبِ مزار کے متعلق عقیدہ	۲۹۲
۱۰۹	ایک شیعہ پیر کے عقائد وخیالات	۲۹۳
۱۱۰	پیر کو حاجت روا سمجھنا	۲۹۶
۱۱۱	پوجا کے لئے چندہ اور پوجا کی مٹھائی کھانا	۲۹۸
۱۱۲	اسکول میں پوجا کے لئے چندہ دینا اور پوجا کا کھانا کھانا	۲۹۹
۱۱۳	دُرگا پوجا میں چندہ دینے والے کا حکم	۳۰۱
۱۱۴	مشرکانہ طریقے پر کنویں کے افتتاح میں شرکت	۳۰۱
۱۱۵	کیا کسی خاص کنویں کے پانی میں شفاء ہے؟	۳۰۳
۱۱۶	کسی خاص درخت سے شفاء حاصل کرنا	۳۰۴
۱۱۷	درخت کے پاس بیٹھنے سے شفاء	۳۰۶
۱۱۸	کامیابی کے لئے ایک درخت کے نیچے خاص ہیئت اختیار کرنا	۳۰۷
۱۱۹	قبر کی مٹی سے شفا	۳۰۸
۱۲۰	بدعاتِ شرکیہ	۳۰۹
۱۲۱	قبر پر چراغ، منت، ذبح، سجدہ وغیرہ	۳۱۲
۱۲۲	مزارات پر عورتوں کا جانا اور منت مانگنا	۳۱۴
۱۲۳	قبور کا چڑھاوا	۳۱۴
۱۲۴	مزارات کا چڑھاوا	۳۱۵
۱۲۵	مزاروں کا چکر	۳۱۶
۱۲۶	قبروں کا طواف کرنا اور چومنا	۳۱۷

۱۲۷	نذرانۂ مزارات کی تفصیل	۳۱۸
۱۲۸	بن بیوی، خدابرکت، پانچ پیر مزار پر نذرانے	۳۲۴
۱۲۹	دریا کے نام پر ذبح اور تصدق	۳۲۵
۱۳۰	''بھوک'' کا جانور ذبح کرنا اور کھانا	۳۲۷
۱۳۱	بت کے نام پر چھوڑے ہوئے سانڈ کا حکم	۳۲۸
۱۳۲	دیوی، دیوتاؤں کے نام پر تقسیم ہونے والی اشیاء کا حکم	۳۳۰
۱۳۳	اہلِ ہنود کے مخصوص بکروں کا حکم	۳۳۰
۱۳۴	کالی بکری کو مخصوص طور پر ذبح کرنا	۳۳۱
۱۳۵	غیر اللہ کے نام پر چھوڑے ہوئے سانڈ سے گائے گابن کرانا	۳۳۲
۱۳۶	پیر کے نام بکرا ذبح کرنے سے حلال نہیں	۳۳۳
۱۳۷	حضرت سید سالار غازی مسعود کی نذر	۳۳۴
۱۳۸	اولیاء اللہ کے لئے نذر ماننا	۳۳۵
۱۳۹	غیر اللہ کے نام کا جانور	۳۳۶
۱۴۰	بھینٹ کا مرغا	۳۳۶
۱۴۱	غیر اللہ کے نام پر نذر مشرکانہ عمل ہے	۳۳۷
۱۴۲	النذر لغیر اللہ	۳۳۹
۱۴۳	نذر لغیر اللہ کا حکم	۳۴۰
۱۴۴	نذر لغیر اللہ	۳۴۱
۱۴۵	غیر اللہ کی نذر کا کھانا کیا کیا جائے؟	۳۴۴

مایتعلق بالاستمداد بغیر اللہ تعالیٰ

(غیر اللہ سے مدد مانگنا)

۱۴۶	الاستغاثة	۳۴۵

Made Searchable by ScribeTools.com
Made searchable using ScribeTools.com

۱۴۷	نداء الأموات	۳۴۵
۱۴۸	انبیاء کرام کو پکارنا	۳۴۷
۱۴۹	اولیاء اللہ سے مدد مانگنا	۳۴۸
۱۵۰	پیرانِ پیر سے مدد مانگنا	۳۴۹
۱۵۱	پیرانِ پیر سے مدد مانگنے سے متعلق شعر کا حکم	۳۵۰
۱۵۲	پیر وفقیر سے حاجتیں مانگنا	۳۵۱
۱۵۳	طلب الحاجة من اهل القبور	۳۵۳
۱۵۴	اولیاء سے استمداد	۳۵۳
۱۵۵	استمداد	۳۵۴
۱۵۶	اہلِ قبور سے استمداد	۳۵۵
۱۵۷	غیر اللہ سے مدد طلب کرنا	۳۵۶
۱۵۸	صاحبِ قبر سے دعا کی درخواست	۳۵۷
۱۵۹	مُردوں سے قبولِ دعا کی درخواست	۳۵۸
۱۶۰	''یا شیخ عبدالقادر شیئاً للہ'' کہنا یا پڑھنا	۳۵۹
۱۶۱	''یا شیخ عبدالقادر جیلانی'' کا وظیفہ	۳۶۰
۱۶۲	''یا غوث'' کہنا	۳۶۱
۱۶۳	''یا غوث الأعظم المدد'' پکارنا	۳۶۲
۱۶۴	''یا علی مشکل کشا'' کہنے کا حکم	۳۶۲
۱۶۵	چند اَشعار اور علی مشکل کشا کہنا	۳۶۳
۱۶۶	''یا رسول اللہ'' کہنا	۳۶۵
۱۶۷	اشعار میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو خطاب	۳۶۵
۱۶۸	ایک شعر میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو خطاب	۳۶۷

۱۶۹	بھگوان سے مدد مانگنا	۳۶۷
۱۷۰	''دیوانِ وطن'' کے شرکیہ اشعار	۳۶۸
۱۷۱	حضرت مولانا محمد قاسم نانوتوی رحمہ اللہ کے اشعار پر اعتراض	۳۷۰

مایتعلق بالأنبیاء علیهم السلام وأتباعهم

(انبیائے کرام اوران کے متبعین)

۱۷۲	نبوتِ تشریعی وغیرتشریعی	۳۷۲
۱۷۳	ختمِ نبوت ذاتی سے متعلق ''الشہاب الثاقب'' کی عبارت پر اشکال کا جواب	۳۷۲
۱۷۴	حضوراکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے خاتم النبیین ہونے پر اشکال اوراس کا جواب	۳۷۴
۱۷۵	کیا شیطان کا علم حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے علم سے زیادہ ہے؟	۳۷۵
۱۷۶	حضوراکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اختیارات (از بہارشریعت)	۳۷۶
۱۷۷	کیا حضوراکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نائبِ مطلق، مالک ومختار ہیں؟	۳۷۷
۱۷۸	حضوراکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا نماز میں خیال آنا	۳۷۹
۱۷۹	کیا نماز میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا خیال آنا نماز کو فاسد کردیتا ہے؟	۳۸۰
۱۸۰	تشہد میں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا تصور	۳۸۲
۱۸۱	کیا حضوراکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پہاڑ سے گرنے کا ارادہ کیا؟	۳۸۳
۱۸۲	حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو ''اباجان'' اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو ''امی جان'' کہنا	۳۸۴
۱۸۳	کیا نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا درجہ بڑے بھائی کے برابر ہے؟	۳۸۶
۱۸۴	نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو صرف بھائی کا درجہ دینا	۳۸۷
۱۸۵	تمام امتِ مسلمہ کو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے برابر سمجھنا	۳۸۹
۱۸۶	روضۂ اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے دستِ مبارک کا نکلنا	۳۹۰
۱۸۷	قبرِ اطہر سے دستِ مبارک کا کسی کے لئے نکلنا	۳۹۱
۱۸۸	شقِ صدر اور معراج	۳۹۳

Made searchable using ScribeTools.com

۱۸۹	معراج میں رؤیت	۳۹۶
۱۹۰	معراج میں اہلِ جنت ودوزخ کو دیکھنا، جب کہ ابھی تک قیامت قائم نہیں ہوئی	۳۹۸
۱۹۱	مقامِ محمود	۳۹۸
۱۹۲	مسئلۂ شفاعت	۳۹۹
۱۹۳	شفاعت اورافضلیتِ رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم	۴۰۱
۱۹۴	حضوراکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے والدین کا ایمان لانا	۴۰۴
۱۹۵	حضورصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے والدین کی نجات کی بحث	۴۰۶
۱۹۶	حضوراکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے والدین کا وفات کے بعد زندہ ہونا اور کلمہ پڑھنا	۴۰۸
۱۹۷	حضوراکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے والدین محترمین کا ایمان	۴۰۹
۱۹۸	عصمتِ انبیاء علیہم السلام	۴۰۹
۱۹۹	معصوم کون لوگ ہیں؟	۴۱۱
۲۰۰	کیا کوئی غیر نبی بھی معصوم ہے؟	۴۱۲
۲۰۱	کیا انبیاء علیہم السلام کو نبوت حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطے سے ملی؟	۴۱۲
۲۰۲	کیا ساتوں زمینوں میں انبیاء ہیں؟	۴۱۳
۲۰۳	انبیاء علیہم السلام کے دین کا نام	۴۱۴
۲۰۴	انبیاء علیہم السلام کی ولادت کا طریقہ	۴۱۵
۲۰۵	نبیوں کی تعداد کتنی ہے؟	۴۱۶
۲۰۶	تعدادِ انبیاء علیہم السلام	۴۱۷
۲۰۷	تعدادِ آدم علیہم السلام	۴۱۸
۲۰۸	سیدنا آدم علیہ السلام کی سب اولاد سید کیوں نہیں؟	۴۱۹
۲۰۹	تخلیقِ بنی آدم پر اشکالات	۴۲۰
۲۱۰	شیطان نے حضرت آدم علیہ السلام کو کس طرح بہکایا؟	۴۲۳

۲۱۱	حضرت داؤد علیہ السلام سے متعلق ایک عقیدہ	۴۲۳
۲۱۲	کیا حضرت عیسیٰ علیہ السلام وفات پا گئے ہیں؟	۴۲۴
۲۱۳	رفع عیسیٰ علیہ السلام	۴۳۰
۲۱۴	نزولِ عیسیٰ علیہ السلام کا ثبوت تواتر سے	۴۳۲
۲۱۵	حضرت عیسیٰ علیہ السلام نزول کے بعد نبی ہوں گے یا امتی؟	۴۳۴
۲۱۶	نزول کے بعد حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی نبوت کی حیثیت	۴۳۷
۲۱۷	ایضاً	۴۳۷
۲۱۸	ایک شعر میں مسیح وخضر سے کیا مراد ہے؟	۴۴۰
۲۱۹	حضرت خضر علیہ الصلوٰۃ والسلام	۴۴۱
۲۲۰	حیاتِ حضرت خضر علیہ السلام	۴۴۲
۲۲۱	حیاتِ خضر علیہ السلام کی تحقیق	۴۴۴
۲۲۲	ہندوستان میں کون پیغمبر آئے؟ اور مُردوں کو جلانے کا حکم کس نے دیا؟	۴۴۶
۲۲۳	مہاتما بدھ، کرشن جی اور رام چندر جی کیا نبی تھے؟	۴۴۸
۲۲۴	کیا گرونانک کو کوئی کتاب ملی ہے؟	۴۵۰
۲۲۵	رام کرشن جی سے متعلق کیا عقیدہ رکھا جائے؟	۴۵۱
۲۲۶	کرشن جی کے متعلق عقیدہ	۴۵۱
۲۲۷	رام لچھمن وغیرہ	۴۵۳
۲۲۸	دینِ اسلام ملائکہ کے ذریعے کیوں نہیں پھیلایا جاتا؟	۴۵۴
۲۲۹	انبیائے سابقین علیہم السلام کے اصحاب کا احترام	۴۵۵
۲۳۰	صحابہ سب عادل اور واجب الاحترام ہیں	۴۵۶
۲۳۱	اہلِ بیت اور صحابہ رضی اللہ عنہم سے محبت	۴۵۸
۲۳۲	صحابہ کرام اور ازواجِ مطہرات کی شان میں گستاخی کرنے والے کا حکم	۴۵۸

Made searchable using ScribeTools.com

۲۳۳	آلِ رسول کا مصداق	۴۶۳
۲۳۴	مدحِ صحابہؓ	۴۶۴
۲۳۵	صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سب سنی تھے	۴۶۴
۲۳۶	کیا صحابی کی نعش کو دیکھنے والا تابعی ہے؟	۴۶۶
۲۳۷	امامِ مہدی	۴۶۶
۲۳۸	ایک جنین (غیر مولود) باتیں کرتا ہے، کیا وہ مہدی ہے؟	۴۶۸

مایتعلق بعلم الغیب

(علم غیب کا بیان)

۲۳۹	حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لئے علم غیب جاننا	۴۷۱
۲۴۰	حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے علم غیب کے سلسلے میں دیوبندی بریلوی اختلاف	۴۷۲
۲۴۱	عالم الغیب اور افضل البشر کی تشریح	۴۷۳
۲۴۲	علم غیب کلی عطائی	۴۸۱
۲۴۳	عقیدۂ علمِ غیب	۴۸۲
۲۴۴	علم غیب	۴۸۴
۲۴۵	علم الغیب	۴۸۶
۲۴۶	ایضاً	۴۸۷
۲۴۷	ایضاً	۴۸۸
۲۴۸	ایضاً	۴۸۹
۲۴۹	ایضاً	۴۹۵
۲۵۰	حضرت پیرانِ پیر کے متعلق عقیدۂ علمِ غیب	۴۹۸
۲۵۱	ایک شخص کا بعض مغیبات کی خبر دینا	۴۹۹
۲۵۲	تاریخی جنتریوں کی پیش گوئیاں	۵۰۰

Made Searchable by ScribeTools.com

۲۵۳	ہاتھ دکھا کر مستقبل معلوم کرنا ناجائز ہے	۵۰۱

مایتعلق بالحاضر والناظر ، والنور والبشر

(حاضر وناظر اور نور وبشر کا بیان)

۲۵۴	حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حاضر وناظر ہونے کا عقیدہ	۵۰۲
۲۵۵	عقیدۂ حاضر وناظر	۵۰۳
۲۵۶	حاضر وناظر کا عقیدہ رکھنا	۵۰۴
۲۵۷	حاضر وناظر کا عقیدہ	۵۰۵
۲۵۸	حاضر وناظر اور مقلب القلوب وغیرہ	۵۰۵
۲۵۹	کیا شاہد کا ترجمہ: حاضر وناظر ہے؟	۵۱۱
۲۶۰	نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بشر بھی ہیں، نور بھی ہیں	۵۱۳
۲۶۱	بشریتِ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم	۵۱۵
۲۶۲	حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو نور بھی دیا گیا	۵۱۷

مایتعلق بالمعجزة والكرامة والإلهام

(معجزہ، کرامت اور الہام کا بیان)

۲۶۳	معجزہ وکرامت	۵۱۸
۲۶۴	شعبدہ بازی، کرامت اور معجزہ میں فرق	۵۱۹
۲۶۵	کرامت	۵۲۲
۲۶۶	غیر پابندِ شریعت سے خرقِ عادت کا صدور اور اس سے اجتناب	۵۲۲
۲۶۷	معارفِ قرآنیہ کا الہام	۵۲۴
۲۶۸	حضرت سید عبدالقادر جیلانیؒ کی کچھ مخصوص کرامات بیان کرنا	۵۲۵
۲۶۹	حضرت خواجہ اجمیری کا تالاب خشک کرادینا	۵۲۶

Made searchable using ScribeTools.com

مایتعلق بحیاۃ الأنبیاء وسماع الموتی

(حیات انبیاء اور سماع موتی کا بیان)

۲۷۰	حیات النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم	۵۲۷
۲۷۱	ایضاً	۵۲۹
۲۷۲	حیات النبی صلی اللہ علیہ وسلم قبر میں	۵۳۲
۲۷۳	حیات انبیاء علیہم السلام	۵۳۳
۲۷۴	کیا حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مٹی میں مل گئے؟ (استغفر اللہ)	۵۳۷
۲۷۵	مٹی کس کے جسم کو نہیں کھاتی؟	۵۳۷
۲۷۶	حیاتِ برزخیہ کی نوعیت	۵۳۸
۲۷۷	جسمِ شہید کی حرمت علی الارض کی تشریح، بیان القرآن کی ایک عبارت	۵۴۱
۲۷۸	حیاتِ شہداء اور وفات	۵۴۴
۲۷۹	سماع موتی	۵۴۶
۲۸۰	ایضاً	۵۴۷
۲۸۱	سماعِ موتی کی تفصیل	۵۵۱
۲۸۲	ایضاً	۵۵۴
۲۸۳	ایضاً	۵۵۶
۲۸۴	سماع موتی کے بارے میں چند سوالات	۵۶۲
۲۸۵	قبر میں میت کے لئے حیات ہے یا نہیں؟	۵۶۵
۲۸۶	دنیا سے رخصت شدہ بزرگ زندہ ہیں یا مردہ؟	۵۶۶
۲۸۷	مُردوں کا زندوں کے قدموں کی آواز سننا	۵۶۷
۲۸۸	قبر سے مُردہ کی آواز باہر والوں کا سننا	۵۶۸
۲۸۹	قبر کی زیارت کے وقت کیا میت کو اطلاع ہوتی ہے؟	۵۶۸

۲۹۰	مُردوں کا اپنے جاننے والوں کو پہچاننا اور بخشوانا	۵۶۹
۲۹۱	کیا مُردے زندوں کے سلام کا جواب دیتے ہیں؟	۵۷۰

مایتعلق بالتوسل فی الدعاء

(دعاء میں توسل کا بیان)

۲۹۲	حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے وسیلہ سے دعا کرنا	۵۷۲
۲۹۳	توسل کی صورتیں اور ایصالِ ثواب	۵۷۳
۲۹۴	توسل	۵۷۶
۲۹۵	التوسل فی الدعاء	۵۷۷
۲۹۶	دعا میں توسل	۵۷۸
۲۹۷	ایضاً	۵۷۹
۲۹۸	وسیلہ سے دعا	۵۸۰
۲۹۹	زندوں اور مردوں کے توسل سے دعا	۵۸۱
۳۰۰	سوال برجوابِ مذکورہ	۵۸۴
۳۰۱	توسل میں ابنِ تیمیہؒ کا قول	۵۸۷
۳۰۲	مزارات پر حاضری اور توسل وغیرہ	۵۸۹
۳۰۳	ایک نعت میں توسل سے دعا	۵۹۱

مایتعلق بأحوال القبور والأرواح

(روح اور قبر کے احوال کا بیان)

۳۰۴	علیین، سجین کہاں ہیں؟	۵۹۲
۳۰۵	مقامِ ارواح	۵۹۳
۳۰۶	مرنے کے بعد روح کا مقام	۵۹۷

Made searchable using ScribeTools.com

۳۰۷	بعد الموت مقامِ روح	۶۰۰
۳۰۸	مرنے کے بعد روح کا مقام	۶۰۱
۳۰۹	مرنے کے بعد روح کا قبر سے تعلق	۶۰۲
۳۱۰	قبر میں مردہ میں روح ڈالی جائے گی	۶۰۲
۳۱۱	مرنے کے بعد روح کا شیطان کے قالب میں جانا	۶۰۳
۳۱۲	روح کا قبر یا مکان پر آنا	۶۰۴
۳۱۳	مرنے کے بعد روح کا مکان سے تعلق	۶۰۴
۳۱۴	کیا مرنے کے بعد روح گھر آتی ہے؟	۶۰۵
۳۱۵	مخصوص ایام میں ارواح کا اپنے گھر آنا	۶۰۷
۳۱۶	کیا موت کے بعد ایک مہینہ تک روح مکان کے اردگرد گھومتی ہے؟	۶۱۰
۳۱۷	میت کا تعلق زندوں سے	۶۱۱
۳۱۸	نئے مردے کا پہلے مُردوں سے ملنا	۶۱۲
۳۱۹	جو لوگ پہلے مر چکے ہیں، ان سے بعد میں مرنے والوں کی ملاقات	۶۱۳
۳۲۰	اموات کی باہمی ملاقات	۶۱۴
۳۲۱	بعد وفات بزرگوں کی ملاقات	۶۱۴
۳۲۲	بزرگوں کی ارواح سے ملاقات کا دعویٰ	۶۱۵
۳۲۳	میت کا مدتِ دراز کے بعد سامنے آکر ملاقات کرنا	۶۱۷
۳۲۴	انبیاء واولیاء کا قبروں سے نکلنا	۶۱۷
۳۲۵	انتقال کے بعد ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونا	۶۱۸
۳۲۶	خواب میں میت کی طرف سے کسی بات کا علم ہونا	۶۱۹
۳۲۷	جہاں کی مٹی ہو، وہیں دفن ہوتا ہے	۶۲۰
۳۲۸	منکر نکیر کے ساتھ کیا شیطان بھی قبر میں جاتا ہے؟	۶۲۱

۳۲۹	منکرنکیر سے پیشتر مردہ کے پاس ''رومات'' فرشتہ کا آنا	۶۲۲
۳۳۰	منکرنکیر دونوں سوال کرتے ہیں، یا ان میں سے ایک؟	۶۲۳
۳۳۱	کیا قبر میں حضور صلی اللہ تعالیٰ کی طرف اشارہ کیا جاتا ہے؟	۶۲۴
۳۳۲	بچوں سے قبر میں سوال وجواب نہیں ہوتا	۶۲۵
۳۳۳	نابالغ سے سوالِ منکرنکیر	۶۲۵
۳۳۴	رمضان میں جمعہ کے روز مرنے والے سے سوال نہیں	۶۲۶
۳۳۵	جمعہ اور رمضان میں مرنے والے کی فضیلت	۶۲۶
۳۳۶	جو شخص ہر روز سورۂ ملک پڑھے، اس سے قبر میں سوال نہیں ہوگا	۶۳۰
۳۳۷	رمضان میں مرنے والے سے سوال قبر	۶۳۱
۳۳۸	جمعہ کے دن مرنے والے سے قبر میں سوال	۶۳۲
۳۳۹	ہفتہ میں دو روز نامۂ اعمال کی پیشی	۶۳۲
۳۴۰	اعمالِ امت کی پیشی	۶۳۳
۳۴۱	عذاب قبر سے حفاظت کا عمل	۶۳۴
۳۴۲	کیا میت کو قبر میں عصر کا وقت محسوس ہوتا ہے	۶۳۶
۳۴۳	عذابِ قبر سے استثناء	۶۳۷
۳۴۴	رمضان المبارک میں میت کو عذابِ قبر نہ ہونا	۶۳۸
۳۴۵	رمضان اور یوم جمعہ وغیرہ میں عذابِ قبر	۶۳۹
۳۴۶	نافرمان پر عذاب، برزخ میں ہوتا ہے، یا قیامت میں؟	۶۴۱
۳۴۷	کیا عذابِ قبر فاسق کو بھی ہوگا؟	۶۴۲

مایتعلق بالجزآء والعقوبة

(جزاء اور سزا کا بیان)

۳۴۸	نفخِ صور کتنی مرتبہ ہے؟	۶۴۷

Made Searchable using ScribeTools.com

۳۴۹	کیا چودھویں صدی کے بعد قیامت ہے؟	۶۵۰
۳۵۰	زندوں کے رونے سے میت کو اذیت	۶۵۰
۳۵۱	معصوم کو سکرات کی تکلیف	۶۵۳
۳۵۲	غیر مسلم کو سکرات کے وقت ہی سے عذاب ہونے کی دلیل	۶۵۴
۳۵۳	فواحش کی وجہ سے عذاب کیوں نازل نہیں ہوتا؟	۶۵۵
۳۵۴	مساجد کو شہید کرنے پر فوراً سزا کیوں نہیں دی جاتی؟	۶۵۶
۳۵۵	سب سے پہلے کس کا حساب ہوگا؟	۶۵۶
۳۵۶	رمضان میں مرنے والے سے حساب	۶۵۷
۳۵۷	حشر میں والد کے نام سے پکارا جائے گا یا والدہ کے؟	۶۵۸
۳۵۸	کیا سب شاعر دوزخ میں جائیں گے؟	۶۵۹
۳۵۹	کیا کلمہ پڑھ کر مرنے والے کو بداعمالی کی سزا ہے؟	۶۶۰
۳۶۰	نافرمانوں کا حشر	۶۶۱
۳۶۱	گناہ سے توبہ کافی ہے، تو اس سے سزا کیوں دی جاتی ہے؟	۶۶۲
۳۶۲	ریاکار کی سزا	۶۶۳
۳۶۳	قاتل ومقتول ہر دو کے لئے جہنم کی وعید کب ہے؟	۶۶۴
۳۶۴	مرتکبِ قتلِ عمد کی مغفرت اور خودکشی	۶۶۵
۳۶۵	خودکشی	۶۶۷
۳۶۶	خودکشی کا گناہ	۶۶۷
۳۶۷	خودکشی کی سزا	۶۶۸
۳۶۸	زہر ملی ہوئی تاڑی سے کیا خودکشی کا گناہ ہے؟	۶۶۹
۳۶۹	شیطان کی مہلت اور حشر	۶۶۹
۳۷۰	اہلِ کتاب ضالین ومضلین دونوں مستحقِ عذاب ہیں	۶۷۰

۳۷۱	کافرغریب مصیبت زدہ کا انجام	۶۷۱
۳۷۲	ولادتِ شریفہ سے خوش ہوکر باندی آزاد کرنے پر بھی کیا عذابِ جہنم ہوگا؟	۶۷۲
۳۷۳	قیامت میں جانوروں سے حساب	۶۷۳
۳۷۴	معذبین کی تعداد زیادہ کیوں ہے؟	۶۷۳
۳۷۵	سزاوجزا کا مقام	۶۷۶
۳۷۶	جس بچے کا عقیقہ نہیں ہوا، کیا وہ شفاعت کرے گا؟	۶۷۶

مایتعلق بالجنة و نعیمها

(جنت اوراس کی نعمتوں کا بیان)

۳۷۷	جنت پیدا ہوچکی ہے یا نہیں؟	۶۷۸
۳۷۸	جنت، دوزخ اور حوض کوثر کہاں ہیں؟	۶۷۹
۳۷۹	کیا جنت اور دوزخ بھی فنا ہوں گی؟	۶۸۰
۳۸۰	حجرِ اسود جنت کا پتھر ہے	۶۸۱
۳۸۱	جنت میں دخولِ اوّلی کے لئے عمل	۶۸۱
۳۸۲	دخولِ جنت اعمالِ صالحہ سے ہوگا یا فضل الٰہی سے (ایک مکالمہ)	۶۸۳
۳۸۳	حورِ جنت کی خاص صفت	۶۸۵
۳۸۴	کیا جنت کی حوریں فنا ہوں گی؟	۶۸۶
۳۸۵	مَردوں کو جنت میں حور وغلمان ملیں گی، عورتوں کو جنت میں کیا ملے گا؟	۶۸۷
۳۸۶	جنت کی چار نہریں	۶۸۸
۳۸۷	کیا جنت میں بھی جماع ہوگا؟ اور غلمان کا مطلب	۶۸۹
۳۸۸	کیا جنت میں بھی اولاد ہوگی؟	۶۹۰
۳۸۹	جس عورت نے متعدد شوہر کئے ہوں، وہ کس کو ملے گی؟	۶۹۱
۳۹۰	جس نے کئی شوہر کئے، وہ جنت میں کس کو ملے گی؟	۶۹۲

Made searchable using ScribeTools.com

۳۹۱	شادی سے قبل مرجانے والوں کا نکاح کیسے ہوگا؟	۶۹۳
۳۹۲	شوہر دوزخی اور بیوی جنتی کیسے ملیں گے؟	۶۹۴
۳۹۳	کیا بے نمازی جنت میں جائے گا؟	۶۹۴
۳۹۴	کفار کے کس عمر کے بچے اہلِ جنت کے خادم ہوں گے؟	۶۹۵
۳۹۵	اولادِ مشرکین کا حکم	۶۹۶
۳۹۶	کیا غیر مسلم نیکی کر کے جنت میں جاسکتا ہے؟	۶۹۷
۳۹۷	کیا مور جنت میں تھا؟	۶۹۷
۳۹۸	کیا کچھ جانور بھی جنت میں جائیں گے؟	۶۹۸
۳۹۹	اصحابِ کہف کا کتا جنت میں کیوں جائے گا؟	۷۰۰

متفرقات العقائد

۴۰۰	منکرات پر نکیر	۷۰۳
۴۰۱	کیا ظالم کے لئے ہدایت ہے؟	۷۰۴
۴۰۲	کیا نافرمان بھی بندہ ہے؟	۷۰۴
۴۰۳	توکلاً بد پرہیزی کرنا	۷۰۵
۴۰۴	انکارِ موت سے متعلق ایک مشہور شعر سے متعلق تحقیق	۷۰۶
۴۰۵	روزِ محشر اموالِ کفار کا محاسبہ	۷۰۷
۴۰۶	مسلمان آپس کے اختلاف کے بعد بھی مسلمان ہیں	۷۰۷
۴۰۷	کیا ہر دین حق ہے؟	۷۰۸
۴۰۸	جاہل بدعقیدہ کی اصلاح کا طریقہ	۷۱۱

☆.....☆.....☆

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ابتدائیہ

شیخ الحدیث حضرت مولانا سلیم اللہ خان دامت برکاتہم العالیہ

الحمدللّٰہ الذی رفع درجات حَمَلة الشرع المبین، ومن أراد به خیراً فقهه فی الدین، أشهد أن لا إله إلاهو، وحده لاشریك له فی الدنیا والدین، فإیاه نعبد وإیاه نستعین، وأشهد أن سیدناومولانا محمداً عبده ورسوله سید الأنبیاء والمرسلین، صلی اللّٰہ علیه وعلی آله وصحبه ومن تبعهم صلاةً دائمةً بدوام السماوات والأرضین۔

أما بعد!

یہ بات تو کسی پر مخفی نہیں کہ انسانی زندگی سے متعلق تمام احکامِ شرعیہ کا تذکرہ تفصیلی طور پر قرآن مجید میں موجود نہیں، بلکہ حلال وحرام کے اصولی قواعد وضوابط اور کلیات پر قرآن پاک حاوی اور مشتمل ہے اور یہ بات بھی روزِ روشن کی طرح واضح ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حدیث قرآن پاک کی تشریح ہے، بلکہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی پوری زندگی، آپ کا ہر قول وفعل قرآن پاک کی عملی تفسیر ہے اور یہ بھی واضح ہے کہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے تمام ارشادات اور فرمودات درجہ کے اعتبار سے مختلف ہیں، بعض میں ضروری مسائل کا حکم بتایا گیا ہے، بعض میں اس سے کم درجے کا، بلکہ بعضے احکام نہایت ہی ضروری تھے، آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کی زیادہ تاکید فرمائی۔

اللہ تبارک وتعالیٰ حضراتِ فقہائے کرام اور مجتہدین کو جزائے خیر عطاء فرمائے جنہوں نے آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ارشادات کی روشنی میں احکامِ شرعیہ کے مراتب حلال وحرام، مکروہ تحریمی وتنزیہی، فرض،

Made searchable using ScribeTools.com

واجب، سنت موکدہ اور مستحب مباح کی تعیین کر کے امتِ مسلمہ کے لئے آسانی کردی۔ یقیناً یہی حضرات درحقیقت رازدانِ شریعت کہلانے کے مستحق ہیں۔اہلِ علم یہ بھی جانتے ہیں کہ نصوصِ شرعیہ محدود ہیں اور انسانی زندگی میں نئے پیش آنے والے مسائل کا ایک طویل سلسلہ ہے جو کسی موڑ پر رُکنے والا نہیں، چنانچہ کہا گیا ہے کہ "النصوص محدودة والحوادث ممدودة"۔

ہر زمانہ کے فقہائے کرام نے اپنے زمانہ میں نئے پیش آنے والے مسائل کو نصوصِ شرعیہ کے ساتھ جوڑ کر کس طرح حل کیا ہے، ان تفصیلات کے لئے کتبِ فقہیہ کی مراجعت کے بعد اس کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے۔

پھر شاید ہی کوئی ایسا مسئلہ ہو کہ جس کا بعینہ یا اس کی نظیر کا حل فقہ میں موجود نہ ہو، خاص طور پر فقہ حنفی کو اللہ تعالیٰ نے جو جامعیت عطا فرمائی ہے اس کے پیشِ نظر یہ بات وثوق کے ساتھ کہی جاسکتی ہے کہ حیاتِ انسانی کے تقریباً تمام پہلوؤں میں سے کوئی بھی ایسا مسئلہ نہیں جس کا جواب اور حل فقہ حنفی میں موجود نہ ہو، خاص طور پر فقہ تقدیری (وہ مسائل جن کا اُس زمانہ میں وجود نہیں تھا ان کی فرضی صورتیں اور ان کا حکمِ شرعی بیان کیا گیا ہے) کا باب دوسرے فقہاء کے ہاں اتنا وسیع نہیں جتنا فقہ حنفی میں ہے، پھر بسا اوقات بعضے مسائل ایسے بھی سامنے آتے ہیں کہ ان کا جواب اور حل اگر کسی ایک مجتہد کے مذہب میں نہیں تو اس کے حل کے لئے دوسرے کسی مجتہد کے قول کو لیا جاتا ہے، لیکن اس عمل کو سرانجام دینا ہر کس وناکس کا کام نہیں بلکہ اس کے لئے مفتی کے طویل تجربے اور اس کے فقہ میں ماہر ہونے کے ساتھ یہ بھی ضروری ہے کہ دوسرے ماہرینِ فقہ وفتویٰ سے بھی مشاورت کی جائے۔

تاریخ اس پر شاہد ہے کہ جب سے برِصغیر پاک وہند کو مرکزِ علم بننے کا شرف حاصل ہوا تو برصغیر کے علماء نے اس شرف کو برقرار رکھنے کے لئے گرانقدر خدمات سرانجام دیں، فتاویٰ عالمگیری انہی حضرات کی کاوشوں کا نتیجہ ہے۔ متاخرین حنفیہ کے طویل دور کے اندر برصغیر پاک وہند میں اللہ تبارک وتعالیٰ نے علمائے دیوبند کو جو علمی مقام عطاء فرمایا ہے اس کا انکار شاید ہی کوئی انسان کرتا ہو ورنہ دیکھنے اور سننے میں آج تک یہ نہیں آیا کہ دنیا کا کوئی علمی ذخیرہ اور ادارہ ہو اور اس میں علمائے دیوبند کے علوم سے استغناء برتا گیا ہو۔

یوں تو علمائے دیوبند نے ہر علم وفن میں اپنی جامعیت کا لوہا منوایا لیکن علمِ فقہ کے ساتھ ان کے تعلق اور لگاؤ کی شان ہی نرالی ہے۔ فتاویٰ رشیدیہ، امداد الفتاویٰ، فتاویٰ محمودیہ، امداد الاحکام، فتاویٰ دارالعلوم دیوبند،

Made Searchable by ScribeTools.com

فتاویٰ خلیلیہ ، کفایت المفتی ، فتاویٰ رحیمیہ اور جدید مسائل کے متعلق لکھے گئے مستقل مقالات اور رسائل سے علمِ فقہ میں ان حضرات کی تبحر انہ شان کی جھلک محسوس کی جاسکتی ہے۔

علمائے دیوبند نے فتاویٰ کے ضمن میں جس طرح علم فقہ کو منقح ومہذب انداز میں پیش کیا اور مفتی بہ اقوال کی تعیین کی اور نئے پیش آنے والے مسائل کو سابقہ اصول اور تفریعات پر منطبق کیا اسے دیکھ کر اگر کہا جائے کہ علمائے دیوبند فقہ حنفی کے مجدّد ہیں تو اس کی صحت میں تامل نہیں ہونا چاہیے۔

مذکورہ بالا فتاویٰ میں سے ہر ایک کی اپنی خصوصیت اور شان ہے، لیکن ''فتاویٰ محمودیہ'' کو جو حضرت اقدس ، فقیہ الامت، مفتی اعظمِ ہند مفتی محمود حسن گنگوہی کے نام منسوب ہے اپنی جامعیت ، اعتدال ، آسان ودلنشین انداز کی بناء پر ایک منفرد وممتاز مقام حاصل ہے۔ انہی خصوصیات کی بناء پر حضرت مفتی صاحب مرجع العوام تو تھے ہی لیکن اہلِ علم حضرات کی نگاہیں بھی آپ پر مرکوز رہتی تھیں۔

ضرورت اس بات کی تھی کہ فتاویٰ محمودیہ کو جدید انداز میں تبویب وتخریج کے ساتھ پیش کیا جائے تا کہ اس سے استفادہ آسان وممکن ہو، دارالافتاء جامعہ فاروقیہ کراچی کے اساتذہ ومتخصصین مبارکباد کے مستحق ہیں کہ انہوں نے اس عظیم کام کا بیڑا اٹھایا اور نہایت ہی قلیل عرصے میں اسے پایۂ تکمیل تک پہنچایا۔

مولانا مفتی محمد فاروق صاحب مدظلہم مہتمم جامعہ محمودیہ میرٹھ انڈیا نے جو حضرت مفتی محمود حسن گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کے تلمیذِ خاص ہیں ، فتاویٰ محمودیہ کی اشاعت کا اہتمام فرمایا۔ ہم نے مفتی محمد فاروق صاحب مدظلہم سے باقاعدہ فتاویٰ محمودیہ کو جدید انداز میں تبویب وتخریج کے ساتھ شائع کرنے کی اجازت طلب کی اور بحمداللہ تعالیٰ مفتی صاحب موصوف نے جامعہ فاروقیہ کراچی کو اس کی اجازت عطا فرمائی اور اپنی مسرت اور خوشی کا اظہار فرمایا۔ فالحمدُللّٰہ تعالیٰ علیٰ ذلک۔

اسی طرح کراچی میں کتب خانہ مظہری نے فتاویٰ محمودیہ کو شائع کیا تھا اور اب وہ تبویب وتخریج کے ساتھ دوبارہ شائع کرنے کا ارادہ کررہے تھے تو ہم نے مولانا حکیم محمد مظہر مدظلہم سے ملاقات کر کے ان کو بتایا کہ تبویب وتخریج کا کام جامعہ فاروقیہ کراچی میں مکمل کرلیا گیا ہے اور مفتی محمد فاروق صاحب کی اجازت سے اس کی طباعت شروع کی جارہی ہے اگر آپ جامعہ فاروقیہ کراچی کی اس کوشش کو پذیرائی عطا فرماتے ہوئے اپنے یہاں تخریج وتبویب کے عمل کو شروع نہ کریں تو بہتر ہوگا۔ جناب مولانا حکیم محمد مظہر نے اخلاقِ کریمانہ کے مطابق اس

Made searchable using ScribeTools.com

درخواست کومنظور فرمایا اور اُسی وقت متعلقہ حضرات کو ہدایت کی کہ جامعہ فاروقیہ کراچی میں عمدہ پیمانے پر خاص اہتمام کے ساتھ تبویب وتخریج کا کام ہو چکا ہے اب آپ اس کی کوشش نہ کریں اور تبویب وتخریج کا کام بند کردیں۔

اللہ رب العزت اس عمل کو اپنی بارگاہ میں مقبول ومنظور فرمائے، حضرت مفتی صاحب اور ہم سب کے لئے اسے رفعِ درجات کا ذریعہ بنائے۔

آمین!

سلیم رشید خان

۱۵/ ۲/ ۱۴۲۶ھ

۲۶/ ۳/ ۲۰۰۵م

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فقیہ الامہ مفتیٔ أعظم ھند

حضرت مولانا مفتی محمود حسن گنگوہی نور اللہ مرقدہٗ

کے

مفتی عبدالباری صاحب ☆

حالاتِ زندگی

.....

دنیا میں ہر روز ہزاروں انسانوں کا اضافہ ہو جاتا ہے جو اپنی زندگی جی کر چلے جاتے ہیں، مگر دنیا کو نہ ان کے آنے سے دلچسپی ہوتی ہے نہ جانے سے۔ بعض لوگ اپنی صلاحیت سے کوئی مقام اپنے لئے بنا لیتے ہیں تو ان کے چلے جانے پر یقیناً غم کا اظہار کیا جاتا ہے، جانے کے کچھ عرصہ بعد نہ ان کے لئے کوئی بے چین ہوتا ہے نہ ان کی یادیں عمومی طور پر دلوں کو بے قرار رکھتی ہیں، لیکن اسی عالمِ فانی میں کچھ شخصیات ایسی بھی آتی ہیں جو جانے کے بعد لاکھوں انسانوں کو اپنے فراق کے ایسے غم دے جاتی ہیں جو کبھی نہیں بھرتے، محفلوں میں ان کے تذکرے مسلسل ہوا کرتے ہیں (☆)۔

یہ اللہ جل جلالہ وعم نوالہ کا احسانِ عظیم ہے کہ اس امتِ مرحوم کو تاریخ کے کسی بھی دَور میں عظیم تر شخصیات سے بانجھ نہیں رکھا، اسلام کی آغوش سے ایسی ایسی بلند قامت شخصیات ظاہر ہوئیں جنہوں نے اپنی گرمیٔ نفس سے

☆..... رفیق شعبۂ افتاء جامعہ فاروقیہ، کراچی

(☆) حضرت مفتی صاحب رحمہ اللہ کے حالات ''حیاتِ محمود'' سے لئے گئے ہیں مزید تفصیل کے لئے ''حیاتِ محمود'' ملاحظہ فرمائیں۔

Made searchable using ScribeTools.com

انجمنِ عالَم کو زندگی و بندگی کی روشنی سے منور کردیا، آج صدیاں گذرنے کے باوجود ان کی یادیں، ان کے تذکرے اور ان کی خدمات نہ صرف کاغذ کے سفینوں میں موجود ہیں بلکہ انسانیت کے سینوں کو مسلسل حرارتِ ایمانی دے کر اپنی ہستیاں منوا رہی ہیں۔

چنانچہ ہماری تاریخ عظیم ہستیوں اور عبقری شخصیات کا ایک خوبصورت کہکشاں ہے، اس لڑی کا ہر دانہ دیدۂ بینا کے لئے ایک دُرِّ آبدار ہے، جس پر امتِ مرحوم تا قیامت فخر کرتی رہے گی اور اس کی جلا سے تاریک دل روشنی پاتے رہیں گے۔ قریب کی ہندوستانی تاریخ میں حجۃ اللہ حضرت شاہ ولی اللہ سے لے کر حجۃ الاسلام حضرت مولانا محمد قاسم نانوتوی بانی دارالعلوم دیوبند تک اور پھر حضرت تھانوی سے لے کر حکیم الاسلام حضرت مولانا قاری محمد طیب صاحب تک فرزندانِ جلیل اسلام کی آغوش سے نکلے، ان کی فکر، اخلاص اور بے کراں خدمات سے یہ بقعۂ عالم رہتی دنیا تک تابناکیاں حاصل کرتا رہے گا۔

لیکن نورِ نبوت کا یہ فیضان نہ کسی شخصیت پہ آکے رکا ہے نہ انشاء اللہ رکے گا، قافلۂ اسلام کی راہ میں ہزاروں سنگ میل آئے اور ہر سنگ میل پر اتنے مینار ہائے نور اس راہ کو روشن رکھنے کے لئے ملے کہ اس کاروانِ خیر کے کسی ہمرکاب کو تاریک رات کا مسافر نہیں کہا جاسکتا، بلکہ راہ ہدایت کے یہ راہی اپنی منزل کی طرف مسلسل گامزن رہے ہیں اور رہیں گے انشاء اللہ۔

ان ہی دینی رہنماؤں کے سلسلۃ الذہب میں ایک روشن نام حضرت شیخ مفتی اعظم ہند، فقیہ الامت حضرت مولانا مفتی محمود حسن گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کا ہے جو اپنی ذات میں ایک انجمن تھے اور ماضی قریب میں ایک عرصہ دراز تک اپنی طویل متاعِ گراں مایہ دینی رہنمائی کے ساتھ اصلاحِ امت کی زبردست خدمات سرانجام دیتے رہے۔

فقیہ الامت حضرت اقدس مفتی محمود حسن گنگوہی رحمہ اللہ میزبانِ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی اولاد میں سے ہیں، اسی خانوادۂ ایوبی کے چشم و چراغ اور بدر منیر ہیں۔ حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ وہ خوش نصیب صحابی ہیں جن کو ہجرت کے موقع پر مدینۂ منورہ میں سرورِ دو عالم حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی میزبانی کا شرف حاصل ہوا اور ناقۂ مبارکہ ان کے مکان کے دروازہ کے سامنے بیٹھ گئی، حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا سامان اپنے گھر لے گئے اور آں حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کے مکان پر چند ماہ قیام فرما کر ان کے مکان کو

رشکِ خلد بنادیا(۱)۔

مبارک منزلے کاں خانہ را ماہے چنیں باشد
ہمایوں کشورے کاں عرصہ را شاہے چنیں باشد

نام ونسب

حضرت مفتی محمود حسن گنگوہی رحمۃ اللہ کا نام ونسب یہ ہے:

---

(۱) "عن أنس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنه قال: قدم رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم المدینة، فنزل فی علو المدینة فی حيٍ یقال لهم: بنو عمر وبن عوف، فأقام فیهم أربع عشرة لیلةً، ثم أرسل إلی بنی النجار فجاؤ وامتقلدین سیوفهم، فقال أنس: فکأنی أنظر إلی رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم علی راحلته وأبوبکر ردفه وملأ بنی النجار حوله حتی ألقی بفناء أبی أیوب رضی اللہ تعالیٰ عنه". (سنن أبی داؤد، باب فی بناء المساجد، ص: ۷۷، رقم الحدیث: ۴۵۳، دارالسلام)

(الحدیث أخرجه البخاری فی کتاب الصلاة، باب: هل ینبش قبور مشرکی الجاهلیة؟: ۱/ ۶۱، قدیمی)

(ومسلم فی کتاب المساجد، قبیل باب تحویل القبلة من القدس إلی الکعبة: ۱/ ۲۲۰، رقم الحدیث: ۱۱۷۳، قدیمی)

وقال البیهقی رحمه اللہ تعالیٰ: "أخبرنا أبو الحسن بن الفضل القطان ببغداد (وذکر الواقعة بطولها: ثم قال:) وقال مجمّع بن یزید: مکث رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم فینا اثنین وعشرین لیلةً، وکانت الأنصار قد اجتمعت، فتلقوه قبل أن یرکب من بنی عمرو بن عوف، فمشوا حول ناقته لا یزال أحدهم ینازع صاحبه زمام الناقة شحّاً علی کرامة رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم وتعظیماً له، وکلما مرّبدارٍ من دُور الأنصار دعوه إلی المنزل، فیقول رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم: "دعوها، فإنها مأمورة، إنما أنزِلُ حیث أنزلنی اللہ تعالیٰ". فلما انتهت به الناقة إلی باب بنی أیوب، برکت علی الباب، فنزل فدخل بیت أبی أیوب، فنزل علیه، فأنزله فی سفل بیته وظهرأبو أیوب إلی أعلی البیت (إلی قوله): فلم یزل أبو أیوب یتضرع إلیه حتی انتقل النبی صلی اللہ علیه وسلم إلی العلو، وأقام رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم ساکناً فی بیتِ أبی أیوب، ینزل علیه القرآن ویأتیه فیه جبریل حتی ابتنی رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم مسجده ومسکنه". (دلائل النبوة، جماع أبواب المبعث، باب من استقبل رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم وصاحبه من أصحابه: ۲/ ۵۰۱، دارالکتب العلمیة، بیروت)

Made Searchable using ScribeTools.com

حضرت مفتی محمود حسن گنگوہی بن مولانا حامد حسن بن حاجی خلیل بن ولی محمد بن قلندر بخش بن محمد علی بن غلام رسول بن عبدالحمید بن قاضی محمد فاضل بن جمیل محمد بن قاضی محمد خلیل بن قاضی ولی محمد بن قاضی کبیر بن قاضی امن بن خواجہ فریدالدین بن خواجہ محمد فاضل بن خواجہ محمد ہاشم بن خواجہ علاؤالدین بن خواجہ رکن الدین بن خواجہ نجم الدین بن خواجہ شرف الدین بن خواجہ عبدالحمید بن خواجہ کبیر بن خواجہ رکن الدین بن خواجہ شرف الدین بن خواجہ تاج الدین بن خواجہ منہاج الدین بن خواجہ ہاشم بزرگ بن خواجہ اسماعیل بن شیخ الاسلام خواجہ ابواسماعیل عبداللہ انصاری بن خواجہ ابومنصور بن علی بن محمد بن احمد بن علی بن جعفر بن ابومنصور بن حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ میزبانِ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

حضرت مفتی صاحب کے دادا جناب حاجی خلیل احمد صاحب قدس سرہ

حضرت والا قدس سرہ کے جدامجد حاجی خلیل احمد صاحب رحمہ اللہ نیک، صالح اور متبعِ سنت بزرگ تھے، قاسم العلوم والخیرات حضرت مولانا محمد قاسم صاحب نانوتوی رحمہ اللہ سے بیعت تھے، اَوراد، اشغال ووظائف کے نہایت پابند تھے، تہجد گذار اور گوشہ نشین تھے، حضرات علمائے کرام وصلحا اور اتقیاء سے محبت کرتے تھے۔

حاجی امداد اللہ صاحب مہاجر مکی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا رسالہ ''دردنامہ غمناک'' بہت کثرت سے پڑھتے تھے اور پڑھتے پڑھتے کثرت سے رویا کرتے تھے، رسالہ کے شروع میں یہ نظم ہے:

''سنو یارو عجب قصہ ہمارا سناتا ہے تمہیں جو غم کا مارا''(۱)

حضرت نانوتوی قدس سرہ کی وفات کے بعد اس میں اَور اضافہ ہوگیا اور حضرت رشید احمد گنگوہی نوراللہ مرقدہ سے باقاعدہ بیعت وارادت کا تعلق قائم فرمالیا، حضرت گنگوہی کی مجالس میں اکثر وبیشتر حاضر رہا کرتے تھے اور حضرت گنگوہی کو بھی ان سے حد درجہ دلی تعلق تھا، اور ان پر بڑا اعتماد واطمینان فرمایا کرتے تھے۔

حاجی صاحب اپنے ہونہار سعادت مند پوتے (حضرت مفتی صاحب نوراللہ مرقدہ) سے بہت شفقت فرماتے تھے اور اپنے ساتھ رکھ کر کھلاتے تھے، مگر حضرت مفتی صاحب کی کم عمری میں دادا صاحب کا سایہ سر سے

---

(۱) دیکھئے: (کلیاتِ امداد، رسالہ، دردغمناک، ص: ۱۹۵، دارالاشاعت، کراچی)

اٹھ گیا، دادا کی وفات کے وقت حضرت مفتی صاحب کی عمر تقریباً پانچ، چھ سال تھی، إنا للّٰہ وإنا إلیہ راجعون۔

والد محترم حضرت مولانا حامد حسن گنگوہی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

حضرت مولانا حامد حسن گنگوہی قدس سرہ دہلی کے کسی مدرسہ میں پڑھتے تھے، اس مدرسہ میں مطبخ کا انتظام نہیں تھا، طلبہ کو وظیفہ ملتا تھا اور وہ اپنے طور پر کھانے کا انتظام کرتے تھے، حضرت مولانا کو روزانہ مدرسہ کی طرف سے ایک آنہ وظیفہ ملا کرتا تھا اسی میں سے کھانے کا بندوبست کرتے تھے، قحط اور تنگدستی کا زمانہ تھا، ایک عرصہ حضرت مولانا ایک ہی وقت کے کھانے پر اکتفاء فرماتے رہے۔

اس محنت، صبر وقناعت پر اللہ تعالیٰ نے ان کو کن کن نعمتوں سے نوازا؟ یہ اللہ تعالیٰ ہی کو معلوم ہے، البتہ حضرت مفتی صاحب قدس سرہ کے ایک ملفوظ سے کسی قدر اس کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان پر کتنا احسان فرمایا اور کتنا اکرام کیا؟ حضرت مفتی صاحب فرماتے ہیں:

''ایک دفعہ میں نے والد صاحب نور اللہ مرقدہ سے کہا: جتنی کتابیں آپ نے پڑھیں، میں نے بھی پڑھیں اور مطالعہ میں نے زیادہ کیا ہے، مگر آپ نے جس صبر وقناعت اور تقویٰ کے ساتھ پڑھا ہے اس کا نتیجہ یہ ہے کہ ہزاروں احادیث آپ کو ازبر ہیں، میرا حال یہ ہے کہ رات کو دیکھتا ہوں اور صبح کو بھول جاتا ہوں، غرض قناعت، صبر اور تقویٰ کے ساتھ جو علم حاصل کیا جاتا ہے اس میں بڑی برکت ہوتی ہے''۔

فراغت وتدریس

حضرت مولانا حامد حسن صاحب قدس سرہ کی فراغت دارالعلوم دیوبند سے تھی اور حضرت شیخ الہند رحمہ اللہ کے خصوصی شاگردوں میں سے تھے، فراغت کے بعد حضرت شیخ الہند نور اللہ مرقدہ نے اپنے مدرسہ (جو قصبہ نہٹور ضلع بجنور میں تھا) میں درس وتدریس کے لئے بھیجا، حضرت مولانا کا وہاں تقریباً پچاس سال قیام رہا، جس مکان میں مدرس بنا کر بٹھایا تھا اسی مکان سے ان کا جنازہ نکلا۔

امر بالمعروف اور احتیاط

امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا جذبہ اس قدر زیادہ تھا کہ اگر کوئی واعظ، وعظ وبیان میں کوئی مسئلہ یا روایت غلط بیان کرتا، فوراً وعظ کے دوران کھڑے ہوجاتے اور اس کی تغلیط فرماتے اور جو روایت اور مسئلہ صحیح ہوتا

Made searchable using ScribeTools.com

اس کو بیان فرماتے کہ صحیح روایت اس طرح ہے، صحیح مسئلہ اس طرح ہے، وعظ ختم ہونے کا انتظار نہیں فرماتے تھے۔ مزاج میں احتیاط بہت زیادہ تھی، خاص طور پر کھانے کے معاملہ میں بہت زیادہ محتاط تھے، کوشش فرماتے کہ کوئی مشتبہ لقمہ حلق میں نہ چلا جائے، اسی لئے اگر کوئی شخص دعوت کرتا تو عامۂ دعوت میں جانے سے معذرت فرمادیتے، البتہ اگر کوئی ان کے مکان پر ہی کھانا بھیج دیتا تو اس کو واپس بھی نہ فرماتے تاکہ اس کی دل شکنی نہ ہو، لیکن وہ کھانا خود بھی تناول نہ فرماتے نہ اپنے گھر والوں کو کھلاتے بلکہ پڑوس میں ایک غریب آدمی تھا کھانا ان کے ہاں بھیج دیتے۔

بیعت وارادت

اپنے استاد محترم حضرت شیخ الہند رحمۃ اللہ علیہ سے مولانا حامد حسن صاحب کا بہت گہرا ربط وتعلق تھا، اس غیر معمولی تعلق کی بناء پر یہی سمجھا جاتا تھا کہ حضرت شیخ الہند رحمہ اللہ تعالیٰ سے بیعت بھی ہیں، خود حضرت مفتی صاحب نور اللہ مرقدہ کا بھی یہی گمان تھا، ایک مرتبہ حضرت مفتی صاحب نے بیعت کے متعلق ان سے دریافت فرمایا کہ آپ کن سے بیعت ہیں؟ حضرت نے جواب میں فرمایا:

''ارے! کہاں بیعت؟ جب فارغ ہوکر ملازمت کے لئے جانے کا وقت آیا تو مولانا حبیب الرحمٰن صاحب رحمۃ اللہ علیہ نائب مہتمم دارالعلوم دیوبند نے حضرت اقدس گنگوہی قدس سرہ سے عرض کیا کہ حضرت! یہ ملازمت پر جارہے ہیں ان کی بیعت فرمالیں، حضرت اس وقت نماز فجر پڑھا کر مصلّی سے اٹھ گئے تھے، سردی کا موسم تھا، رضائی اوڑھے ہوئے تھے، فرمایا: تم تو اپنے ہی ہو اور ہاتھ رضائی کے اندر ہی سے بڑھا کر میرے ہاتھوں کو اپنے ہاتھ میں لے لیا، اس طرح کہ رضائی درمیان حائل رہی، بس یہ بیعت تھی''۔

حضرت مفتی صاحب کے بیان سے ظاہر ہوتا ہے کہ حضرت گنگوہی قدس سرہ کو غایت درجہ اطمینان تھا کہ باقاعدہ بیعت ہونے کی ضرورت نہیں سمجھی۔

علالت ووفات

اخیر عمر میں جب ضعف زیادہ ہوگیا تو حضرت مفتی صاحب نے والد محترم سے ملازمت ترک کرکے مکان پر قیام کرنے کی درخواست کی، لیکن حضرت نے انکار فرمایا، چنانچہ وہیں ان کا انتقال ہوا اور اسی مکان سے جنازہ نکلا۔

حضرت مفتی صاحب کے والد محترم کو یکم محرم الحرام ۱۳۷۱ھ سے بخار ہوا، اور بخار کا یہ سلسلہ طویل ہوگیا اور اسی بخار کی وجہ سے ۲۱ محرم الحرام ۱۳۷۱ھ کو دن میں نو بجے کے قریب انتقال ہوگیا اور قصبہ نہٹور ہی میں ان کی تدفین ہوئی - رحمہ اللہ تعالیٰ رحمۃً واسعۃً -۔

حضرت مفتی محمود حسن صاحب نوراللہ مرقدہ

ولادت باسعادت

آفتابِ رشد وہدایت حضرت مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی قدس سرہ کی وفات کے ٹھیک دوسال بعد اسی مہینہ کے اسی دن اور اسی تاریخ میں ماہتابِ رشد وہدایت فقیہ الامت حضرت مولانا مفتی محمود حسن گنگوہی قدس سرہ کی ولادت باسعادت ہوئی۔

حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی نوراللہ مرقدہ ۸ یا ۹/ جمادی الثانیہ ۱۳۲۳ھ بروز جمعہ (اذان جمعہ کے بعد) بوقت ساڑھے بارہ بجے دن، اٹھتر سال، سات مہینہ اور تین دن کی عمر میں اس دارفانی سے رحلت فرما گئے اور ۸ یا ۹/ جمادی الثانیہ ۱۳۲۵ھ کو ہی شبِ جمعہ میں اسی خانوادہ کے چشم وچراغ اور بدرمنیر حضرت مولانا محمود حسن گنگوہی قدس سرہ کی ولادت ہوئی۔

بسم اللہ

بزرگانِ دین اور اولیاء اللہ سے بچوں کی ''بسم اللہ'' کرانے کا دستور دینی وعلمی گھرانوں میں ہے، تاکہ ان اولیاء اللہ واھل اللہ کی دعاء اور توجہ کے اثرات وبرکات بچے تک پہنچ جائیں، اس لئے بزرگوں سے بسم اللہ کرانے کا اہتمام کیا جاتا ہے۔

ایک موقع پر حضرت شیخ الہند اور حضرت مولانا شاہ عبدالرحیم صاحب رائے پوری قدس اللہ اسرارہما گنگوہ تشریف لائے ہوئے تھے اور بھی چند بزرگ وعلماء ساتھ تھے، حضرت مفتی صاحب کے والد محترم حضرت مولانا حامد حسن صاحب قدس سرہ نے اپنے فرزند ارجمند کی بسم اللہ ان دونوں بزرگوں سے کرائی۔

حضرت اقدس مفتی صاحب قدس سرہ اپنی ''بسم اللہ'' کا واقعہ یوں بیان فرماتے ہیں:

''میری بسم اللہ کا قصہ یوں ہوا کہ میں ایک بارگلی میں بچوں کے ساتھ کھیل رہا تھا، والد صاحب میرا ہاتھ پکڑ کر لے گئے، دیکھا کہ دروازہ پر چند بزرگ جمع ہیں ان میں سے کسی ایک صاحب نے مجھ سے کچھ کلمات کہلوائے، میں نے زور سے کہے نہیں، آہستہ آہستہ کہے، بعد میں معلوم ہوا کہ یہ میری ''بسم اللہ'' تھی اور بسم اللہ

Made searchable using ScribeTools.com

کرانے والے حضرت شیخ الہند رحمہ تعالیٰ اللہ تھے اور ان کے ہمراہ حضرت مولانا شاہ عبدالرحیم صاحب رائے پوری رحمہ اللہ تعالیٰ تھے''۔

ابتدائی تعلیم

حضرت مولانا حامد حسن صاحب کے مکان کے قریب حضرت مولانا رشید احمد گنگوہیؒ کی صاحبزادی صفیہ کا مکان تھا، اسی کی بیٹھک میں ایک مکتب قائم تھا، اسی مبارک مکتب میں حضرت مفتی صاحب کو ابتدائی تعلیم کے لئے بٹھایا گیا۔

حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی صاحبزادی صاحبہ ولیۂ کاملہ تھی اور اپنے زمانہ کی رابعہ بصریہ، حضرت گنگوہی نے ان کے متعلق فرمایا: ''اگر عورت کو بیعت کی اجازت ہوتی تو میری صفیہ بیعت لیا کرتی'' اور حضرت نے ہی ایک بار یہ بھی ارشاد فرمایا:

''الحمد للہ میری بیٹی کو دنیا کی محبت بالکل نہیں اور انصاف سے دیکھئے تو اصل ولایت یہی ہے۔'' تذکرۃ الرشید۔

حضرت مفتی صاحب کے بچپن کی تعلیم وتربیت کے لئے ایسے نورانی ومبارک ماحول کا انتخاب پھر حضرت گنگوہی کی جگر گوشہ، تربیت یافتہ کی صحبت وتوجہ اس طرف اشارہ ہے کہ اس ہونہار فرزند کو کسی مخصوص وبلند مقام کے لئے منتخب کیا گیا ہے۔

بالائے سرش زِ ہوشمندی
می تافت ستارۂ بلندی

حفظِ قرآن کریم

حضرت مفتی صاحب قدس سرہ نے صاحبزادی صفیہ صاحبہ کی ہی بیٹھک میں حافظ کریم بخش صاحب (جو نابینا تھے) کے سامنے کلام پاک حفظ کیا، کلام پاک کے ختم ہونے میں صرف سترہ سطر باقی تھیں کہ حافظ صاحب کا انتقال ہوگیا، حافظ صاحب کی وفات کے بعد حافظ عبدالکریم صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ سے حفظ قرآن کریم کی تکمیل کی۔

Made Searchable by ScribeTools.com

درس نظامی

کلام پاک حفظ مکمل کرنے کے بعد حضرت مفتی صاحب نے حضرت مولانا فخر الدین گنگوہی قدس سرہ سے ''آمد نامہ'' شروع کیا تھا، مگر ابھی آمد نامہ کا ایک ہی صفحہ ہوا تھا اور بوستان کے چند اشعار کہ حضرت کے والد محترم مولانا حامد حسن صاحب قدس سرہ نہٹور تشریف لے گئے اور اپنے ساتھ اس ہونہار فرزند کو بھی لے گئے، نہٹور ہی میں حضرت قدس سرہ نے اپنے والد محترم کی زیر نگرانی تعلیم کا سلسلہ جاری رکھا اور مولانا امتیاز حسین صاحب (جو حضرت والد صاحب کے مدرسہ کے فارسی کے استاذ تھے) سے ''آمد نامہ، حمد باری تعالیٰ، مصدر فیوض، کریما اور پند نامہ'' پڑھیں اور والد صاحب سے ''میزان، منشعب، مالا بدمنہ اور بوستان'' کے چند سبق پڑھے۔

مظاہر علوم میں حاضری

حضرت مفتی صاحب قدس سرہ نے ۱۳۴۱ھ میں مظاہر علوم تشریف لاکر داخلہ لیا، اس وقت محدثِ جلیل حضرت مولانا خلیل احمد مہاجر مدنی نور اللہ مرقدہ یہیں تھے، حضرت کے فیوض و برکات، علوم ظاہرہ کی تکمیل کے ساتھ تزکیۂ نفس اور باطنی تربیت کے لئے دور دراز سے لوگ آیا کرتے تھے۔ حضرت مفتی صاحب نے یہاں رہ کر مختلف فنون کی کتابیں مختلف اساتذہ سے پڑھیں، جس کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے:

حضرت مفتی صاحب قدس سرہ نے مظاہر علوم میں حاضر ہوکر میزان منشعب کا امتحانِ داخلہ دیا اور پھر صرف میر بعدہ علم الصیغہ، بعدہ فصول اکبری، بعدہ مراح الارواح سب کتب حضرت مولانا زکریا صاحب قدوسی سے پڑھیں، اور پنج گنج، زبدہ، دستور المبتدی صرف اور نحو میر، شرح مائۃ عامل، ہدایۃ النحو مولانا عبد الرحمٰن اورنگ آبادی سے پڑھیں۔

نور الایضاح بعدہ قدوری مولانا مفتی ضیاء احمد صاحب سے، بعدہ کافیہ حضرت مولانا ظہور الحق صاحب سے پڑھیں اور شرح جامی بحثِ فعل، کبری، تہذیب اور شرح تہذیب حضرت مولانا عبد الرحمٰن صاحب اورنگ آبادی سے پڑھیں۔

قطبی، سلم، مقامات، سبعہ معلقہ اور میبذی مولانا اخلاق احمد صاحب سہارنپوری اور تلخیص المفتاح

Made searchable using ScribeTools.com

مولانا زکریا قدوسی صاحب سے پڑھیں۔

مختصر المعانی حضرت مولانا عبدالشکور صاحب کیمل پوری سے پڑھی، مگر حضرت قدس سرہ دورانِ سال دو دفعہ سخت بیمار ہوگئے تھے، جس کی وجہ سے کتاب ناقص رہ گئی اس لئے آئندہ سال پھر مختصر المعانی پڑھی، ہدایہ اولین بھی مولانا عبدالشکور صاحب کیمل پوری ہی سے پڑھی، جلالین شریف، متنبّی اور حماسہ مولانا اسعد اللہ صاحب سے پڑھیں۔

مفید الطالبین، مرقاۃ ایک ہفتہ میں اور قصیدہ بردہ بھی حضرت مولانا سے ہی خارج اوقات میں پڑھیں۔

فارسی کی تعلیم کا سلسلہ جلالین شریف پڑھنے تک جاری رہا: اخلاق جلالی، گلستان، اخلاق محسنی، انشاء بہار عجم، بوستان، انشاء خلیفہ رقعات، ملا حسینی، سکندر نامہ اور انوار سہیلی فارسی کی سب کتابیں حضرت مولانا عبدالمجید صاحب سے پڑھیں۔

دارالعلوم دیوبند میں حاضری

مظاہر علوم سہارنپور میں سات سال تعلیم حاصل کرنے کے بعد ۱۳۴۸ھ میں حضرت مفتی صاحب قدس سرہ دارالعلوم دیوبند میں حاضر ہوئے اور یہاں تین سال رہ کر مختلف کتابیں مختلف اساتذہ سے پڑھیں، جس کی تفصیل درج ذیل ہے:

سال اول ۱۳۴۸ھ

ہدایۂ ثالث اور بیضاوی شریف حضرت مولانا اعزاز علی صاحب قدس سرہ سے، مشکوٰۃ شریف حضرت مولانا نبیہ حسن صاحب سے، شرح عقائد اور خیالی حضرت مولانا ابراہیم صاحب سے پڑھیں۔

سال دوم ۱۳۴۹ھ

ابوداؤد شریف حضرت مولانا قاری میاں اصغر حسین صاحب سے مسلم شریف حضرت مولانا رسول خان صاحب سے، توضیح تلویح، مسلم الثبوت، صدرا، شمس بازغہ، علامہ ابراہیم صاحب سے پڑھیں۔

سال سوم ۱۳۵۰ھ

بخاری شریف، ترمذی شریف حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب (مدنی) قدس سرہ سے پڑھیں، اس سال دو کتابیں ہی پڑھیں۔ حضرت مدنی رحمہ اللہ کے سفر حج پر تشریف لیجانے کی وجہ سے تین ماہ چھٹی رہی، سفر سے واپس تشریف لاکر کتابیں ختم کرائیں اور ترمذی ثانی کا سبق عصر کے بعد ہوتا تھا۔

دارالعلوم دیوبند میں درسِ حدیث مکمل کرنے کے بعد دوبارہ مظاہر علوم سہارنپور تشریف لے گئے، والد محترم، اپنی خواہش اور حضرت شیخ الحدیث مولانا خلیل احمد صاحب سہارنپوری کی اجازت سے دوبارہ حدیث کی کتابیں پڑھیں، اس سے حضرت مفتی صاحب کا حدیث کے ساتھ شوق کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ حضرت مفتی صاحب قدس سرہ نے ایک مرتبہ حدیث کی کتابیں پڑھنے پر اکتفاء نہیں کیا، بلکہ مکرر حدیث کی کتابیں پڑھ لیں۔

بیعت

بازارِ عشق و شوق ومحبت کے جان فروش
لپکیں کہ چل چلاؤ ہے دنیائے دون کا
سیکھیں طریقِ وصل ولقائے خدائے پاک
دل بیچ کر خرید لیں سودا جنون کا

اللہ جل جلالہ عم نوالہ نے اپنے عشق ومحبت کی چنگاری بچپن سے آپ کے قلب مبارک پر رکھی تھی، خاندان اور گنگوہ کے عشق ومحبت کے نورانی ماحول نے اس کو اور زیادہ روشن کیا تھا، علومِ نبوت کی تحصیل نے تو اس شرابِ محبت کو مزید دو آتشہ بنادیا تھا جس کی بناء پر عشق ومحبت کی حرارت رگ وپے میں سرایت کرتی اور پھیلتی جارہی تھی اور قدرت نے بھی ولایت کا مقام آپ کے مقدر میں لکھا تھا اور وقت کا ولی کامل اور شیخ ہونا آپ کے لئے مقدر فرمایا تھا اور سنت اللہ اسی طرح جاری ہے کہ بغیر شیخِ کامل اور رہبر صادق کی صحبت اور رہنمائی کے یہ گراں مایہ دولت میسر نہیں آتی جس طرح دنیا کے دیگر فنون بھی استاد کی صحبت ورہنمائی کے بغیر عموماً حاصل نہیں ہوتے، اس لئے حضرت مفتی صاحب قدس سرہ کے قلب مبارک میں یہ داعیہ پیدا ہوا کہ وہ کسی شیخ کامل کے مبارک ہاتھ میں ہاتھ دے کر، اپنے آپ کو اس کے حوالہ کر کے مقصودِ زندگی حاصل کریں۔

Made searchable using ScribeTools.com

انتخابِ شیخ

چنانچہ اس وقت مشائخ کاملین حکیم الامت، اشرف العلماء، حضرت مولانا اشرف علی تھانوی صاحب، شیخ الاسلام وشیخ العرب والعجم حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی، حضرت مولانا شاہ عبدالقادر رائے پوری، بانی تبلیغ حضرت مولانا شاہ محمد الیاس صاحب، شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریا صاحب محدث سہارنپوری رحمہم اللہ تعالیٰ موجود تھے اور سب کی خانقاہیں آباد تھیں۔

مگر اس کے باوجود حضرت مفتی صاحب قدس سرہ نے بوجوہِ مختلفہ حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا رحمہ اللہ کا انتخاب فرمایا، حالانکہ حضرت شیخ الحدیث ان سب اکابر میں سے کم عمر تھے اور شہرت بھی اس وقت اتنی زیادہ نہ تھی مگر:

ہمہ شہر پُر زِخوبان منم وخیال ماہے
چہ کنم کہ چشم خودبیں نکند بکس نگاہے

بیعت کی درخواست اور حضرت شیخ کا امتحان

حضرت مفتی صاحب قدس سرہ نے حضرت شیخ الحدیث نور اللہ مرقدہ سے بیعت کی درخواست کی، حضرت شیخ الحدیث نور اللہ مرقدہ نے حضرت مدنی قدس سرہ سے بیعت ہونے کا مشورہ دیا، حضرت مفتی صاحب نے حضرت شیخ الحدیث قدس سرہ کی جانب اپنے طبعی میلان کا ذکر کیا، حضرت شیخ نور اللہ مرقدہ نے استخارہ مسنونہ کا حکم فرمایا اور ساتھ یہ بھی فرمایا کہ اگر استخارہ کے ذریعہ بھی شرح صدر نہ ہو تو دہلی، رائے پور اور سہارنپور کا سفر کریں اور ہر ایک کی مجلس میں بیٹھیں، پھر جس کی طرف رجحان اور میلان ہو ان سے بیعت ہو جائیں۔

غرضیکہ کئی ماہ تک حضرت شیخ نور اللہ مرقدہ نے بیعت نہیں فرمایا، اسی طرح ٹالتے رہے اور طلبِ صادق کا امتحان فرماتے رہے، آخر جب طلب صادق کا یقین ہو گیا تب بیعت فرمایا۔

پھر حضرت مفتی صاحب نور اللہ مرقدہ کی بیعت کوئی رسمی بیعت نہیں تھی، بلکہ وہ ایک حقیقی بیعت تھی کہ انہوں نے مکمل طور پر اپنے آپ کو حضرت شیخ کے حوالہ اور سپرد فرمایا، ہر کلی وجزئی کام میں حضرت شیخ نور اللہ مرقدہ سے مشورہ کو ضروری جانا، اور حضرت کی مرضی ومنشاء کی کبھی مخالفت نہیں کی اور یوں حضرت مفتی صاحب قدس سرہ اس شعر کا مصداق ہو گئے:

سپردم بتو مایۂ خویش را تو دانی حساب کم وبیش را

شیخ کے ساتھ ربطِ قلب اور محبت وتعظیم کے ساتھ تھوڑے عمل پر بھی حق تعالیٰ شانہ کی طرف سے وہ کچھ عطاء ہوتا ہے جو بڑے مجاہدات پر بھی میسر آنا مشکل ہوتا ہے۔ حضرت والا قدس سرہ نے حضرت شیخ الحدیث نور اللہ مرقدہ کے ساتھ دلی ربط ومحبت اور قلبی تعلق قائم کرنے کے ساتھ ساتھ مجاہدات بھی اتنے کئے کہ اس کی نظیر ملنا مشکل ہے اسی بناء پر حق تعالیٰ شانہ نے جس قرب واختصاص اور انوار وکیفیات سے نوازا ان کے ثمرات واثرات روز روشن کی طرح ظاہر وباہر ہیں۔

اجازت وخلافت

حضرت مفتی صاحب قدس سرہ فراغت اور مظاہر علوم میں قیام کے چند سال بعد ہی اجازت وخلافت سے سرفراز کردیئے گئے، حضرت اقدس تھانوی قدس سرہ علاج ومعالجہ کی غرض سے سہارنپور میں قیام پذیر تھے، ان کی عیادت کے لئے جاتے ہوئے راستہ میں حضرت شیخ نوراللہ مرقدہ نے اجازت مرحمت فرمائی۔

اجازت وخلافت ملنے کی تفصیل کچھ یوں ہے کہ گنگوہ میں ایک عورت تھی جو اوراد ووظائف کی بہت پابند تھی، اس کے پیر کا انتقال ہوا، اس نے حضرت مفتی صاحب قدس سرہ سے بیعت کی درخواست کی، حضرت نے بیعت سے انکار فرمایا اور یہ خیال کیا کہ حضرت مدنی نوراللہ مرقدہ جب گنگوہ تشریف لائیں گے ان سے بیعت کرادوں گا، حضرت مدنی نوراللہ مرقدہ کے سفرِ گنگوہ کے بارے میں حضرت شیخ قدس سرہ سے دریافت کیا اور بتایا کہ گنگوہ میں ایک عورت ہے، بیعت ہونا چاہتی ہے اس کو بیعت کرانا ہے، اس پر حضرت شیخ نوراللہ مرقدہ نے حضرت والا کو اس کو بیعت کرنے کا حکم فرمایا اور اجازتِ بیعت مرحمت فرمائی۔

تدریس وافتاء اور مظاہر علوم میں تقرری

حضرت مفتی صاحب قدس سرہ کا تقرر ۱۳۵۱ھ میں مظاہر علوم میں معینِ مفتی کی حیثیت سے دس روپیہ ماہوار مشاہرہ پر ہوا۔ تقرری اس طرح ہوئی کہ مفتی اعظم مظاہر علوم مفتی سعید احمد صاحب قدس سرہ حج کے لئے تشریف لے گئے اور معین مفتی حضرت مولانا ضیاء احمد صاحب گنگوہی طویل رخصت لے کر حیدرآباد تشریف لے گئے، دارالافتاء خالی رہ گیا، اربابِ مظاہر علوم کو بڑی فکر ہوئی کہ مظاہر علوم جیسی مرکزی اور عالمی جگہ، جس کے

Made searchable using ScribeTools.com

دارالافتاء سے مختلف ممالک اور اندرونِ ملک ہر جانب سے پیش آمدہ مسائل کے حل کے لئے رجوع کرتے ہیں، بعض پیچیدہ اور مشکل مسائل میں مفتیانِ کرام بھی اس مرکز علمی سے رجوع تشفی چاہتے ہیں، یہ بہت بڑا منصب اور بڑی ذمہ داری ہے، اس منصب کے لئے ہر عالم یا ہر مفتی کا تقرر مناسب نہیں۔

چنانچہ حضرت مولانا عبد اللطیف صاحب قدس سرہ ناظم مظاہر علوم اور شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریا صاحب قدس سرہ محدث مظاہر علوم نے باہمی مشورہ سے از خود ہی حضرت قدس سرہ کو منتخب فرمایا اور پھر خود ہی اربابِ شوریٰ سے اس کی منظوری بھی حاصل کرلی، جبکہ حضرت مفتی صاحب قدس سرہ اس مکمل کارروائی سے بے خبر تھے اور حضرت مفتی صاحب اس وقت حضرت مولانا عبد الرحمٰن کیمل پوری سے عقود رسم المفتی پڑھ رہے تھے اور فتویٰ نویسی کی تمرین بھی جاری تھی۔

تقرری کے بعد حضرت مولانا سعید احمد صاحب قدس سرہ کی حج سے واپسی تک تمام خطوط کے جوابات حضرت مفتی صاحب تحریر فرماتے اور پھر حضرت مولانا عبد اللطیف صاحب کو دکھایا کرتے، حضرت ناظم صاحب تصحیح فرماتے، حضرت مولانا عبد الرحمٰن صاحب کو بھی بعض خطوط کے جوابات دکھاتے، اصلاح کی ضرورت شاذ ونادر پیش آتی جبکہ فتاویٰ کے ساتھ دیگر علمی مسائل بھی انجام دیتے۔

فتاویٰ سنانے میں ایک خاص معمول

حضرت مفتی صاحب تمام سوالات کے جوابات جامع المنقول والمعقول حضرت مولانا عبد اللطیف صاحب قدس سرہ کو دکھاتے اور بالاستیعاب سنایا کرتے۔ حضرت ناظم صاحب کے اَسفار بہت ہوتے تھے، اس لئے حضرت ناظم صاحب اسٹیشن تک پہنچنے کے لئے تانگہ میں بیٹھتے تو حضرت مفتی صاحب کو بھی اپنے ہمراہ لے جاتے اور تانگہ میں بیٹھتے ہی فتاویٰ سنانے کا سلسلہ شروع ہوجاتا، اسٹیشن تک یہ سلسلہ جاری رہتا اور اگر گاڑی آنے میں کچھ دیر ہوتی تو گاڑی کے آنے تک یہ سلسلہ جاری رہتا، اس کے بعد حضرت ناظم صاحب سفر میں تشریف لے جاتے اور حضرت مفتی صاحب واپس مظاہر علوم تشریف لاتے۔

بے مثال تواضع وکسر نفسی

حضرت مفتی قدس سرہ کا تقرر ''معین مفتی'' کی حیثیت سے کیا گیا تھا، دوسرے سال ہی آپ کو نائب

مفتی تجویز کیا گیا اور تقریباً بیس برس مظاہر علوم میں قیام رہا، اس پوری مدت میں تفقہ ومہارت کے باوجود اپنے آپ کو معین مفتی لکھتے رہے، اپنے آپ کو مفتی تو درکنار کبھی نائب مفتی بھی لکھنا گوارہ نہ کیا، حالانکہ حضرت نے بے شمار فتاویٰ لکھے، جن میں بعض فتاویٰ مستقل رسائل کی حیثیت رکھتے ہیں (۱)۔

شدتِ علالت کی بناء پر مظاہر علوم سے استعفیٰ

مظاہر علوم سہانپور کے زمانہ قیام میں آپ کو مختلف عوارض نزلہ، زکام، دردسر اور بخار کا عارضہ لاحق ہوا، ہچکیوں کی بھی تکلیف ہوئی، یہ کیفیت کم وبیش چھ ماہ رہی، اطباء اور معالجین کی رائے تھی کہ مرض پر قابو پانے کے لئے تبدیلیٔ آب وہوا ضروری ہے اس لئے آپ عارضی رخصت لے کر اپنے وطن گنگوہ تشریف لے گئے، رجب شعبان اور رمضان ۱۳۷۱ھ وطن میں گزار کر واپس تشریف لائے، کچھ عرصہ بعد پھر مرض کی شروعات ہوئی تو اپنے معالجین کے مشورہ پر عمل کرتے ہوئے سہارنپور کا قیام بادلِ ناخواستہ ترک کیا، اس موقع پر آپ نے تحریر حضرت مولانا الحاج سید عبداللطیف صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ ناظم مدرسہ کو ارسال فرمائی۔

بہرحال مجبوری استعفاء منظور کیا گیا اور حضرت والا قدس سرہ تبدیلیٔ آب وہوا کے لئے گنگوہ تشریف لے گئے اور پھر حضرت شیخ نوراللہ مرقدہ کے حسبِ منشا رائے پور حضرت مولانا عبدالقادر صاحب رائے پوری نور اللہ مرقدہ کی خدمت میں ایک عرصہ قیام رہا، اس کے بعد پھر گنگوہ تشریف لے آئے۔ گنگوہ کے قیام کے دوران مختلف علمی ودینی اداروں کی جانب سے حضرت والا کو اپنے یہاں آنے کی دعوت اور پیش کش ملتی رہی، اس موقع پر بھی حضرت والا برابر حضرت شیخ نوراللہ مرقدہ سے صلاح ومشورہ اور مسلسل استصوابِ رائے فرماتے رہے۔

مدرسہ اشرف المدارس ہردوئی میں قیام

بارہ جمادی الثانیہ ۱۳۷۲ھ میں بمشورۂ حضرت شیخ نوراللہ مرقدہ بغرض تبدیلیٔ آب وہوا ہردوئی تشریف لے گئے، وہاں حضرت شاہ ابرارالحق صاحب زید مجدہم کو ایک طویل سفر درپیش تھا۔ حضرت مولانا زید مجدہم نے

---

(۱) دیکھئے: (کتاب الإیمان والعقائد، مایتعلق بالمودودیة، جماعت اسلامی اور تنقید) اور (باب البدعات، والرسوم، میں میلاد اور سیرت کی محافل کا بیان، قیامِ میلاد، میلاد مفصل) اور (کتاب الصلوٰة، باب الجمعة، جمعه فی القریٰ) کہ تمام مفصل رسائل ہیں۔

Made searchable using ScribeTools.com

اس موقع کو غنیمت سمجھا، اس لئے اپنے متعلقین سے فرما گئے کہ حضرت مفتی صاحب قدس سرہ کو کسی طرح روک لینا جانے نہ دینا، چنانچہ وہاں کے حضرات نے حضرت مفتی صاحب قدس سرہ کے قیام پر اصرار فرمایا جس کو حضرت نے منظور فرمالیا۔ وہاں کے قیام کے دوران ہدایہ وغیرہ کا درس بھی دیا، طلبہ کی تعلیمی وتربیتی نگرانی بھی فرمائی، عوام وخواص کے افادہ کے لئے عشاء کے بعد درسِ حدیث کا سلسلہ بھی شروع فرمایا جس میں مشکوۃ شریف سے کوئی حدیث پڑھ کر سناتے اس کی تشریح فرماتے اور ایک روز تمام اہلِ بستی کے لئے مقرر فرمایا، بستی کی ایک مسجد میں شنبہ کے روز بعد عشاء قرآن پاک کی تفسیر بیان فرماتے جس میں اہلِ بستی ذوق وشوق سے جمع ہوتے اور دامنِ مراد بھرتے۔

پونہ میں قیام

اواخر شوال میں تبدیلیٔ آب وہوا کی غرض سے پونہ تشریف لے گئے، حضرت والا کے کوئی اہلِ تعلق اپنے یہاں لے گئے، انھوں نے وہاں حضرت والا کو روکنے کے لئے ایک دارالعلوم قائم کرنے کا ارادہ کیا مگر اس میں خاطر خواہ کامیابی نہ ہوسکی اور عربی کی اونچی کتابوں کا بندوبست نہ ہوسکا جس کی وجہ سے حضرت شیخ نوراللہ مرقدہ نے وہاں کے قیام کو پسند نہیں فرمایا۔ گو وہاں حضرت والا قدس سرہ کے ذریعہ کچھ اصلاحات ہوئیں اور بہت سی غیر اسلامی رسومات وبدعات ان کی زندگیوں سے نکل گئیں۔ ادھر بمبئی بھی کسی ادارہ کی طرف سے حضرت والا کے لئے اصرار رہا تھا، حضرت شیخ نوراللہ مرقدہ نے بمبئی کو ترجیح دی۔

جامع العلوم کانپور کیلئے حضرت فقیہ الامت کا انتخاب

مدرسہ جامع العلوم محلہ پٹکا پور کان پور میں حکیم الامت، اشرف العلماء، حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی قدس سرہ کا چودہ برس قیام رہا، جس کی وجہ سے مدرسہ جامع العلوم کو ایک مرکزی حیثیت حاصل ہوگئی تھی اور دور دراز سے طلبہ کھنچ کھنچ کر آنے لگے اور پورے علاقہ میں مواعظ کے ذریعہ بہت کچھ اصلاحات ہوئیں، بدعات ختم ہوئیں، سنتیں زندہ ہوئیں، ہزاروں بندگانِ خدا نے معاصی سے توبہ کی، طاعات پر کمربستہ ہوئے۔

حضرت حکیم الامت نوراللہ مرقدہ کو اللہ پاک نے عجیب وغریب مقبولیت ومحبوبیت سے نوازا تھا، کانپور

کے پورے علاقہ میں آپ کی بڑی مقبولیت ومحبوبیت تھی جس کی وجہ سے عمومی طور پر دینی معاملات میں آپ کی طرف ہی رجوع کیا جاتا تھا۔غرض کہ ایک بڑی مخلوق حضرت حکیم الامت قدس سرہ کے فیوض سے فیضیاب ومستفیض ہوئی اور پورے علاقہ میں دین کی ایک لہر دوڑ گئی مگر چودہ برس تک اس علاقہ کو سیراب فرمانے کے بعد جب حضرت حکیم الامت قدس سرہ نے کانپور کا قیام ترک فرما کر تھانہ بھون مستقل سکونت اختیار فرمائی اور وہاں اپنی جگہ اپنے شاگردِ خاص مولانا محمد اسحاق صاحب بردوانی کو مقرر فرمایا تو مولانا موصوف نے بڑی محنت وجانفشانی سے کام کیا اور مدرسہ کو سنبھالے رکھا مگر موصوف کے بعد ان شعبوں میں اضمحلال شروع ہوگیا اور دن بدن کمزوری آنے لگی۔

ذمہ داران جامع العلوم کو اس کا احساس ہوا کہ مدرسہ دوبارہ ترقی کرے، اہلیانِ شہر وعلاقہ کے اربابِ فکر کو شہر وعلاقہ کی فکر ہوئی اور ضرورت محسوس ہوئی کہ کوئی ایسی جامع شخصیت ہو جو حکیم الامتؒ کی قائم مقامی کے فرائض انجام دے سکے، اربابِ بصیرت کی نظر فقیہ الامت حضرت اقدس مفتی صاحب قدس سرہ پر پڑی، چوں کہ وہ حضرت قدس سرہ کی خداداد صفات وکمالات اور صلاحیتوں سے بخوبی واقف تھے کہ حضرت قدس سرہ اعلیٰ علمی استعداد اور تفقہ وافتاء میں اعلیٰ مہارت کے ساتھ ساتھ ان ابھرنے اور جنم لینے والے بیسیوں فتنوں کی سرکوبی کی اعلیٰ صلاحیت رکھتے ہیں۔ مظاہر علوم کے حضرات سرپرستان سے درخواست کی گئی کہ حضرت قدس سرہ کو کانپور جامع العلوم میں بحیثیتِ صدر مدرس منتخب فرما کر بھیج دیا جائے اور مدرسہ کو ضائع ہونے سے بچالیا جائے۔ مدرسہ اور علاقہ کی ضرورت واہمیت کے پیش نظر درخواست قبول کرلی گئی اور حضرت قدس سرہ کی کانپور تشریف بری تجویز کردی گئی، چوں کہ سہارنپور کی آب وہوا موافق نہ ہونے کی بناء پر حضرت والا بعض شدید امراض میں مبتلا ہوگئے تھے اس لئے تبدیلی آب وہوا کی بھی ضرورت تھی اسی بناء پر بعض دوسری جگہوں پر بھی جانا ہوا۔

حضرات سرپرستان کی تجویز پر سرِ تسلیم خم کرتے ہوئے جامع العلوم کانپور تشریف لے گئے اور جامع العلوم کی بحالی ودرستگی اور ترقی میں ہمہ تن مصروف اور شہر وعلاقہ کی اصلاحی تدابیر اور کوششوں میں مشغول ہوگئے۔

جامع العلوم کانپور کے لئے اصلاحی مساعی

حضرت والا قدس سرہ جامع العلوم کانپور، ربیع الاول ۱۳۷۳ھ میں تشریف لے گئے اس وقت مدرسہ جامع العلوم گس مپرسی کی حالت میں تھا، اساتذہ بھی بعض رہ گئے تھے، کتب خانہ بھی غیر مرتب، گویا کچھ کتابوں کا

Made searchable using ScribeTools.com

ڈھیر بعض بوریوں میں اور بعض صندوقوں میں بند، بعض اسی طرح کباڑہ کی طرح بکھری ہوئی، جلدیں ٹوٹی ہوئی، اوراق پھٹے ہوئے جن کا رجسٹر میں باقاعدہ اندراج تک نہ تھا، ادھر مدرسہ کا خزانہ بھی خالی۔ ایسی حالت میں حضرت اقدس مفتی صاحب قدس سرہ نے جس تندہی و جانفشانی سے رات دن مشغول رہ کر کام کیا اور نہ صرف مدرسہ کی اصلاح و درستگی فرمائی بلکہ مدرسہ کو ترقی دے کر ممتاز اداروں کی صف میں ممتاز مقام پر لا کھڑا کیا، یہ حضرت قدس سرہ کا بڑا کارنامہ ہے۔

غرض کہ حضرت والا نے کانپور پہنچ کر طلبہ کی تعلیم کا صحیح بندوبست فرمایا، طلبہ کو توجہ دلا کر جماعتوں کا باقاعدہ نظام بنایا، اساتذہ کم ہونے کی وجہ سے چودہ چودہ اسباق ایک دن میں پڑھاتے، اس کے علاوہ آئے ہوئے فتاویٰ کے جوابات تحریر فرماتے، طلبہ کی ضروریات کی اکثر خود ہی کفالت فرماتے، طلبہ پر وہ شفقت فرماتے جس کی وجہ سے کچھ ہی عرصہ میں طلبہ کی چہل پہل رہنے لگی اور ذی استعداد طلبہ دور دراز سے جمع ہونے لگے حتی کہ طلبہ حضرت قدس سرہ کی وجہ سے بعض بڑے مدارس کو چھوڑ کر مدرسہ جامع العلوم حاضری کی کوشش کرتے۔

حضرت مولانا مفتی عبدالعزیز صاحب رائے پوری قدس سرہ مفتی مظاہر علوم نے جامع العلوم حاضر ہوکر ہی فتویٰ نویسی کی حضرت قدس سرہ سے مشق کی اور اس سے متعلق اور دیگر کتب حمد اللہ، صدرا، توضیح تلویح وغیرہ پڑھیں۔ مولانا مفتی منظور احمد صاحب قدس سرہ مفتی و قاضی شہر کانپور اور مولانا مفتی نصیر صاحب زید مجدہم مفتی جامع العلوم، مولانا ظہیر الاسلام صاحب ہر دوئی زید مجدہم نے بھی جامع العلوم میں ہی حضرت قدس سرہ سے فتویٰ نویسی کی مشق کی اور کتنے حضرات نے کسبِ فیض کیا اور جید علماء بنے۔ حضرت مولانا محمد سلمان صاحب زید مجدہم داماد حضرت شیخ الحدیث نور اللہ تعالیٰ مرقدہ و استاذ حدیث مظاہر علوم سہارنپور نے جو اس وقت مظاہر علوم سہارنپور میں طالب علم تھے، مظاہر علوم چھوڑ کر جامع العلوم کانپور حاضر ہوکر حضرت - رحمہ اللہ تعالیٰ رحمۃً واسعۃً - سے مشکوٰۃ شریف پڑھنے کی خواہش ظاہر کی، حضرت مفتی صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس کو پسند نہ فرمایا کہ مظاہر علوم چھوڑ کر کانپور حاضر ہوں۔

جامع العلوم کانپور سے مظاہر علوم سہارنپور واپسی کی تجویز

مظاہر علوم کے بعض اساتذۂ حدیث کے سانحۂ ارتحال کی بناء پر ضرورت ہوئی کسی کہنہ مشق تجربہ کار استاذ حدیث کی جو مظاہر علوم جیسی علمی و روحانی درس گاہ کے شایانِ شان بھی ہو۔ حضرات سرپرستان مظاہر علوم حضرت

Made Searchable by ScribeTools.com

مولانا عبد القادر صاحب رائے پوری رحمہ اللہ تعالیٰ، حضرت مولانا حکیم محمد ایوب صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ، شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریا صاحب مہاجر مدنی اور حضرت مولانا اسعد اللہ صاحب نور اللہ مراقدہم کی نظریں حضرت والا قدس سرہ پر گئیں۔

دارالافتاء دارالعلوم دیوبند کیلئے تقرر وانتخاب

اکابر مظاہر علوم کی طرف سے مظاہر علوم بلانے کے لئے برابر اصرار ہو رہا تھا اور حضرت مولانا امیر احمد صاحب نور اللہ مرقدہ کی شدید علالت اور پھر وفات پر یہ اصرار وتقاضا اَور زیادہ بڑھ گیا کہ مرکز العلوم دارالعلوم دیوبند کے دارالافتاء کیلئے حضرت والا قدس سرہ کی شدید ضرورت محسوس کی گئی اور صورتِ حال بھی ایسی پیش آئی کہ مولانا قاضی مسعود احمد صاحب کی وفات ہوگئی، مولانا مفتی جمیل الرحمٰن صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ بھی تقریباً لکھنے پڑھنے سے معذور ہوگئے، حضرت مولانا مفتی مہدی حسن صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ بھی پیرانہ سالی اور انتہائی ضعف اور پھر فالج کے حملہ سے تقریباً معذور ہی ہو چکے تھے۔

دارالعلوم کے لئے ضروری ہوا کہ کسی تجربہ کار وپختہ کار کثیر المطالعہ، صائب الرائے وصاحب البصیرت ایسی عظیم شخصیت کو (جس کو حدیث وتفسیر میں کمالِ درک کے ساتھ فقہ میں امتیازی مقام حاصل ہو) دارالعلوم میں بلایا جائے اور دارالافتاء کی مسند کو اس کے ذریعہ زینت بخشی جائے۔ اکابر دارالعلوم نے دور نزدیک سب پر نظر ڈالی مگر کہیں یہ صفات نظر نہ آئیں، اس لئے سب کی نظریں حضرت والا قدس سرہ پر پڑیں، اور دارالافتاء دارالعلوم کے لئے حضرت والا قدس سرہ کی تشریف آوری کو ضروری سمجھا۔ حضرت والا قدس سرہ چوں کہ جامع العلوم کانپور میں افتاء ودرسِ حدیث اور رشد وہدایت، دعوت وتبلیغ اور اس نوع کی بیسیوں خدمات انجام دے رہے تھے مگر ان سب کے مقابلہ میں دارالعلوم کے دارالافتاء کی ضرورت کو اہم اور مقدم سمجھا گیا اور اراکینِ شوریٰ دارالعلوم دیوبند نے باتفاقِ رائے حضرت والا قدس سرہ کی دارالعلوم میں تشریف آوری کی تجویز پاس کی اور چونکہ جامع العلوم اور اہلِ علاقہ کی ضروریات کی بناء پر حضرت والا قدس سرہ کے لئے اس تجویز کو منظور فرمانا معمولی اور سہل امر نہ تھا، اس لئے حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا صاحب نور اللہ مرقدہ کو واسطہ بنایا کہ حضرت والا قدس سرہ کے لئے سفارشی خط لکھ دیں۔

حضرت مفتی صاحب قدس سرہ کی خواہش یہ تھی کہ اگر دارالعلوم دیوبند میں آمد ہو تو حضرت شیخ نور اللہ

Made searchable using ScribeTools.com

مرقدہ کے حکم پر ہو، چنانچہ اسی سلسلہ میں حضرت نے آپ کو بطور حکم خط تحریر فرمایا۔

حضرت مولانا قاری محمد طیب صاحب نور اللہ مرقدہ مہتمم دار العلوم دیوبند کے والا نامہ کے ساتھ حضرت شیخ نور اللہ مرقدہ کا سفارشی خط حضرت والا قدس سرہ کی خدمت میں پہنچا اور دار العلوم دیوبند کے بعض اکابر نے کانپور جا کر ملاقات بھی کی، مگر جامع العلوم کانپور اور اہلِ علاقہ میں خدمات وضروریات کے پیشِ نظر وہاں سے تشریف لانے کی صورت میں بظاہر ناقابلِ تلافی نقصان ہونے کے خطرہ کی بناء پر حضرت والا قدس سرہ نے تشریف آوری سے معذرت فرمادی اور تشریف آوری کو حضرت شیخ نور اللہ مرقدہ کے حکم پر محول فرمادیا۔ حضرت والا قدس سرہ کے معذرت نامہ کو لے کر حضرت مولانا سید اسعد مدنی رحمہ اللہ تعالیٰ اور حضرت مولانا حمید الدین صاحب صدر مدرس مدرسہ عالیہ کلکتہ، حضرت شیخ نور اللہ مرقدہ کی خدمت میں پہنچے اور حضرت شیخ نور اللہ مرقدہ پر زور دیا کہ حضرت مفتی صاحب زید مجدہم کو بطورِ حکم تحریر فرمادیں، چنانچہ حضرت شیخ نور اللہ مرقدہ نے اپنی عادت ومعمول کے برخلاف حضرت مفتی صاحب قدس سرہ کو دیوبند تشریف آوری کے سلسلہ میں حکم نامہ تحریر فرمایا۔

آخر مجبور ہو کر اکابر دار العلوم کے اصرار اور حضرت شیخ نور اللہ مرقدہ کے حکم کی تعمیل میں دار العلوم میں قیام کا فیصلہ منظور کرنا ہی پڑا، اہلِ کانپور کو جب اس فیصلہ کا علم ہوا تو ان کے حزن وملال کی انتہا نہ رہی۔

دار العلوم دیوبند تشریف آوری

حضرت مولانا قاری محمد طیب صاحب نور اللہ مرقدہ کی ذاتی فکر ولگن، مجلسِ شوریٰ دار العلوم دیوبند کے اجتماعی فیصلے اور دیگر حضرات اکابر کی جدوجہد واہتمام اور پھر سب سے آخر میں حضرت اقدس مخدوم العالم شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا صاحب نور اللہ مرقدہ کے ارشاد بلکہ حکم پر بروز جمعرات ۲۶/ جمادی الاولیٰ ۱۳۸۵ھ مطابق ۲۳/ستمبر ۱۹۶۵ء آپ کی تشریف آوری دار العلوم دیوبند میں ہوئی۔ حضرت شیخ نور اللہ مرقدہ اس موقع پر اپنے روزنامچہ میں تحریر فرماتے ہیں:

''آج صبح مفتی محمود صاحبؒ کانپور سے دہلی پہنچے، مولوی اسعد صاحب سے ملاقات کے بعد رات کو دیوبند پہنچے، بدھ کی صبح کو مہتمم صاحب، علامہ ابراہیم صاحب وغیرہ حضرات سے ملاقات ہوئی، سب نے بہت زیادہ اعزاز واکرام کیا، جمعرات کی صبح کو افتاء کا چارج لے لیا''۔

قیام گاہ

ابتداء میں آپ کا قیام مہمان خانہ میں رہا پھر مسجد دارالعلوم سے متصل کمرہ (یہ کمرہ حضرت مولانا اعزاز علی رحمہ اللہ تعالیٰ کا مسکن بھی رہا) احاطہ مسجد میں رہا، پانچ چھ سال یہاں تشریف فرما رہے۔ یہاں کے قیام میں ایک مرتبہ یہ لطیفہ پیش آیا کہ ایک دن حکیم الاسلام قاری محمد طیب صاحبؒ اور علامہ ابراہیم صاحب بلیاویؒ سے راستہ میں ملاقات ہوگئی، حضرت مہتمم صاحبؒ نے اپنے مخصوص انداز میں فرمایا کہ ''کیا کروں فرصت نہیں ملتی ورنہ جی چاہتا ہے کہ کچھ آپ سے استفادہ کے لئے حاضر ہوا کروں اور علامہ ابراہیم صاحبؒ نے فرمایا کہ حضرت! یہ تو بخیل ہے، آج تک اس نے اپنا کمرہ بھی نہیں دکھایا''، حضرت مفتی صاحب نے جواباً فرمایا کہ ''حضرت میں تو مفلس ہوں جو کچھ میرے پاس ہے وہ حضرت ہی کا عطیہ ہے''، اس پر حضرت مہتمم صاحبؒ نے ہنس کر فرمایا کہ ''میں یہاں تک نہیں پہنچا تھا''۔

دارالعلوم دیوبند میں درسِ بخاری شریف

دارالعلوم دیوبند ایک عالمی دینی درسگاہ ہے وہاں کے درسِ حدیث بالخصوص درسِ بخاری شریف کی بڑی اہمیت رہی ہے اور اس کے لئے عظیم ترین شخصیتوں کا انتخاب ہوتا رہا ہے۔

حضرت اقدس مدنی نور اللہ مرقدہ کی وفات (بارہ جمادی الاولیٰ ۱۳۷۷ھ ۵/دسمبر ۱۹۵۷ء) کے بعد دارالعلوم کی مجلسِ شوریٰ نے صحیح بخاری شریف کے درس کے لئے فخر المحدثین حضرت مولانا فخر الدین صاحب مرادآبادی رحمہ اللہ تعالیٰ کا انتخاب کیا، آپ نہایت نیک نامی و کامیابی کے ساتھ علمِ حدیث کی اس بلند پایہ کتاب کا درس دیتے رہے۔

وصال سے چار پانچ سال قبل جب ضعفِ طبع اور کمزوری وعلالت حد سے بڑھ گئی تو آپ نے شدت کے ساتھ یہ محسوس کیا کہ درس بخاری کی ذمہ داری کا یہ بوجھ کسی حد تک کم ہوجائے، اس کے لئے آپ کی نگاہِ انتخاب حضرت مفتی صاحب قدس سرہٗ پر پڑی اور آپ نے محرم الحرام ۱۳۸۷ھ سے حضرت مفتی صاحب پر اصرار شروع کیا اور بخاری شریف جلد ثانی شروع کرادینے کی تاکید فرمائی، متعدد مرتبہ اس مقصد سے حضرت مفتی صاحب کے پاس ان کے کمرے میں تشریف لاکر اصرار بھی فرمایا۔ مفتی صاحب بعض مصالح کی وجہ سے معذرت

Made searchable using ScribeTools.com

اور انکار فرماتے رہے، غرض اصرار اور انکار دونوں چلتے رہے یہاں تک کہ انکار پر اصرار غالب آ گیا اور ۱۷ر جمادی الاولیٰ ۱۳۸۸ھ (۱۳ر اگست ۱۹۶۸ء) میں آپ کے یہاں باب غزوۃ ذی الخلصہ سے بخاری شریف شروع ہوئی۔

حضرت مفتی صاحبؒ نے کم وبیش بارہ سال دارالعلوم دیوبند میں بخاری جلد ثانی کا درس دیا، حضرت مولانا فخر الدین صاحبؒ کے وصال کے سال بخاری جلد اول بھی مکمل آپ نے کرائی اور ان کے وصال کے بعد حضرت مہتمم صاحب کے پاس تشریف لے جا کر فرمایا کہ ''اب تک حضرت مولانا فخر الدین صاحب کی رعایت اور ان کے حکم پر بخاری شریف پڑھاتا تھا لیکن میں اس کا اہل نہیں، اس لئے معذور ہوں، کوئی دوسرا انتظام فرمالیا جائے''۔

کیفیت درس

حضرت والا کے درس کی تقریر اکابر کے طرز پر بہت مختصر ہوتی تھی مگر انتہائی جامع مانع، نہایت پُر مغز اور خیر الکلام ما قل ودل کا پورا مصداق، درس کے لئے متعلقہ شروح وحواشی کے مطالعہ کا اہتمام فرماتے، چنانچہ فتح الباری، لامع الدراری تو تقریباً بالاستیعاب دیکھتے اور بضرورت دیگر شروحِ بخاری بھی ملاحظہ فرماتے۔ غزوات سے متعلق سیرت ابن ہشام، سیرت النبویہ لسید زینی دحلان وغیرہ کتبِ سیرت کے مطالعہ کا بھی اہتمام تھا، اس زمانہ میں ایسا بھی ہوتا کہ حضرت والا قدس سرہ کے کمرہ پر قفل لگا دیا جاتا جس سے آنے والے سمجھیں کہ حضرت والا یہاں نہیں ہیں اور حضرت والا کمرہ کے اندر مطالعہ میں مشغول ہوتے۔

طلباء درس میں اشکالات کی بھرمار کرتے، مگر حضرت والا نہایت مَتانت اور سنجیدگی سے سب کے جوابات عنایت فرماتے اور اتنے تسلی بخش جواب ہوتے کہ گویا ان اشکالات کا آپ کو پہلے سے علم ہو گیا تھا اس لئے آپ ان کی گویا پوری تیاری کر کے لاتے ہیں، حالانکہ یہ خالص اللہ پاک کی مدد اور نصرتِ خاص تھی کہ طلبہ بہت جوش سے اعتراضات کرتے مگر جوابات سن کر حیران رہ جاتے اور آہستہ آہستہ ان کے قلوب میں بھی حضرت والا کے تبحرِ علمی کی عظمت وعقیدت بیٹھ گئی اور آہستہ آہستہ سوالات کی کثرت اور بوچھاڑ کا سلسلہ ختم ہو گیا۔

دورانِ درس طلبہ پر عجیب کیفیت طاری رہتی، معلوم ہوتا حق تعالیٰ شانہ اور حبیب خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت وعشق کو قلوب میں انڈیلا جا رہا ہے جس کی وجہ سے بہت سے خوش نصیب درس ہی کی وجہ سے دولتِ

احسانی سے مالا مال ہوجاتے۔

دارالعلوم سے مظاہر علوم مراجعت

اجلاسِ صد سالہ کے بعد جب اکابر دارالعلوم دیوبند میں اختلاف پیدا ہوا، اور حدودِ آداب سے تجاوز کرکے جب اس نے شدت اختیار کرلی تو حضرت والا قدس سرہ اس سانحہ کے عظیم صدمہ کی تاب نہ لاکر اور فریقین کے اختلاف سے بچنے کی غرض سے بیرونِ ملک تشریف لے گئے، تقریباً سات ماہ مختلف بیرونی ممالک میں قیام رہا، یہ پورا وقت سانحۂ دارالعلوم پر کرب و بے چینی میں گذرا۔ سفر سے واپسی پر بھی فریقین کا باہمی نزاع شباب پر تھا اور مصالحت و مفاہمت کی کوششیں بھی ناکام ہوچکی تھیں، حضرت شیخ نوراللہ مرقدہ نے فرمایا کہ ''مفتی جی! کب تک اس طرح پھرتے رہوگے کہیں ایک جگہ بیٹھ کر کام کرو''، مفتی صاحب نے عرض کیا ''کہاں بیٹھوں''؟ ارشاد فرمایا ''یہیں مظاہر علوم میں قیام کرو'' عرض کیا ''بہت اچھا'' اور مظاہر علوم میں رہ کر کام شروع کردیا اور ہفتہ میں ایک دن ارباب دارالعلوم کے اصرار پر دارالعلوم دیوبند کے لئے تجویز فرمادیا۔

اس طرح ۱۴۰۲ھ میں حضرت اقدس مخدوم العالم شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا صاحب نوراللہ مرقدہ نے پھر حضرت مفتی صاحب قدس سرہ کو مظاہر علوم کے لئے مخصوص و منتخب فرمالیا۔

جامعہ مظاہر علوم میں تشریف آوری

حضرت شیخ نوراللہ مرقدہ کی خواہش کے احترام اور اراکینِ مجلس شوریٰ کی متفقہ تجویز پر حضرت مفتی صاحب قدس سرہ جامعہ مظاہر علوم میں تشریف لے آئے، مفتی اعظم کا منصب آپ کے لئے تجویز کیا گیا اور آپ کے لئے علیٰحدہ سے ایک مستقل قیام گاہ اور مستفیدین اور مسترشدین کے لئے ایک علیٰحدہ سے خلوت گاہ بنوائی گئی جس کا صرفہ خود حضرت مفتی صاحب قدس سرہ نے ادا فرمایا۔

۱۳/ رجب ۱۴۰۲ھ (۷/مئی ۱۹۸۲ء) میں حضرت مفتی صاحب اس جدید قیام گاہ میں رونق افروز ہوئے، جس سے مہمانوں کو بڑا سکون ملا اور حضرت شیخ کی منشاء اور خواہش کے مطابق دارالافتاء کی نگرانی، حضرت اقدس مولانا خلیل احمد صاحب مہاجر مدنیؒ کے تحریر فرمودہ فتاویٰ کی ترتیب و تکمیل اور اس پر نظر ثانی، طالبین کی روحانی تربیت و تعلیم، طلباء کی علمی اور اخلاقی رہنمائی کے ساتھ کتبِ فقہ واصولِ فقہ اور حدیث پاک

Made Searchable using ScribeTools.com

کا درس شرع فرمایا، الاشباہ والنظائر، اور حدیث پاک میں نسائی شریف وغیرہ آپ کے زیر درس رہیں، جیسے جیسے وقت گزر رہا تھا طالبانِ بیعت اور ذکر وفکر کرنے والوں کا حلقہ بھی وسیع ہو رہا تھا اور اس طور پر مظاہر علوم علم نبوت اور نور نبوت کا مرکز بنتے ہوئے اس خلا کو بتدریج پر کر رہا تھا جو حضرت شیخ نور اللہ مرقدہ کے مدینہ منورہ قیام کی وجہ سے پیدا ہو گیا تھا۔

مظاہر علوم سے دار العلوم مراجعت

یکم شعبان ۱۴۰۲ھ کو شیخ المشائخ قطب عالم حضرت شیخ الحدیث نور اللہ مرقدہ کا وصال ہو گیا اور گویا وہ آہنی حصار اور مضبوط دیوار منہدم ہو گئی جو مظاہر علوم کو اندرونی اور بیرونی بہت سے فتنوں سے محفوظ کئے ہوئے تھی جس کے منہدم ہوتے ہی ایسا عظیم فتنہ (باہمی نزاع واختلاف کی شکل میں) رونما ہوا جس نے دار العلوم کے اختلاف کو بھی پیچھے چھوڑ دیا۔ دار العلوم کے سانحہ کا صدمہ ہی ختم نہ ہونے پایا تھا کہ مظاہر علوم کے اس حادثہ نے اس میں اور اضافہ کر کے حضرت والا قدس سرہ کے مجروح قلب کو اَور زیادہ بے چین بنا دیا اور جو چیز دار العلوم سے مظاہر علوم مراجعت کا سبب بنی تھی وہی چیز مظاہر علوم سے دار العلوم تشریف آوری کا ذریعہ بن گئی، چنانچہ ۱۵/ربیع الثانی ۱۴۰۵ھ ۸/جنوری ۱۹۸۵ء کو حضرت والا دار العلوم تشریف لے گئے اور چند دن قیام فرما کر پھر بیرون ملک کے طویل سفر پر تشریف لے گئے۔ حضرت والا قدس سرہ دار العلوم دیوبند تشریف لے آئے، وہاں دار العلوم کی شوریٰ کا اجلاس ہو رہا تھا، اکابر دار العلوم پہلے سے خواہشمند تھے کہ کسی طرح پھر حضرت مفتی صاحب قدس سرہ دار العلوم مستقل قیام قبول فرمالیں اور اس کے لئے برابر کوشاں تھے، یہ موقع ان کے لئے غنیمت تھا، چنانچہ ارکانِ شوریٰ دار العلوم دیوبند نے باتفاقِ رائے حضرت والا قدس سرہ کے مستقل دار العلوم میں قیام کی تجویز پاس کی اور شوریٰ کے تمام اراکین قیام گاہ پر تشریف لائے اور سب نے اپنی اس تجویز کے منظور فرمانے پر اصرار کیا۔ حضرت والا قدس سرہ نے بہت معذرت کی، مگر وفد کے متکلم حضرت مولانا سید اسعد مدنی صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ تھے جن کی دلداری دیگر وجوہ کے علاوہ استادزادہ (گویا شاہزادہ) ہونے کی بنا پر زیادہ مقدم تھی، اس لئے دار العلوم میں مستقل قیام منظور فرمالیا گیا۔ اراکین شوریٰ نے یہ چیز بھی منظور فرمالی کہ مظاہر علوم کے حالات درست ہونے پر مظاہر علوم قیام کی اجازت دے دی جائے گی۔

دارالافتاء

حضرت مفتی صاحب قدس سرہ دارالافتاء عموماً اول وقت پہنچ جاتے اور فتاویٰ کے جوابات تحریر فرماتے، کچھ دیر کے لئے حضرت مفتی نظام الدین صاحب زید مجدہم کے پاس ان کی مسند پر تشریف لیجاتے اور کسی فتویٰ سے متعلق گفتگو فرماتے، حضرت مفتی نظام الدین صاحب زید مجدہم بھی اپنا تحریر فرمودہ فتویٰ پیش فرماتے اور حضرت کچھ دیر گفتگو فرما کر اپنی مسند پر تشریف لے آتے اور کام میں مشغول ہوجاتے۔ جن طلبہ کی تمرین حضرت سے متعلق ہوتی وہ اپنی اپنی کاپیاں لے کر اپنے لکھے ہوئے فتاویٰ دکھانے کے لئے جمع ہوجاتے، سب کو بغور ملاحظہ فرماتے اور مناسب اصلاح فرماتے اور کسی کو کسی کتاب کی رہنمائی فرماتے کہ اس کو فلاں کتاب میں دیکھو، اس کو فلاں کتاب میں دیکھو، کبھی خود کتاب کھول کر بتاتے: ''دیکھو یہ مسئلہ یہاں ہے اس پر یہ بحث کی گئی ہے''۔ درمیان درمیان کوئی تفریحی جملہ بھی ارشاد فرمادیتے، کبھی کوئی شعر سنادیتے، جس سے سب طلبہ کھل پڑتے، بعض دفعہ ہنسی کو قابو نہ رکھ پاتے، کوئی طالب علم سخت غلطی کرتا، اس پر تنبیہ بھی فرماتے، غصہ کا اظہار بھی فرماتے، گو اس کی نوبت بہت کم آتی ورنہ عموماً اصلاح بھی تفریحی جملوں کے ذریعہ ہی ہوتی۔

طرزِ درس اور طلبہ سے بے تکلفی

تمرینِ افتاء کے طلبہ کی عموماً دو کتابیں ''شرح عقود رسم المفتی'' اور ''الاشباہ والنظائر'' حضرت کے یہاں ہوتیں، ابتداءً تو ان کتابوں کا درس دارالافتاء ہی میں ہوتا تھا، بعد میں طلبہ کی کثرت کی وجہ سے حضرت کے کمرہ میں ہوتا تھا۔

حضرت والا مدرسہ کے اخیر وقت تک بلکہ کچھ بعد تک دارالافتاء میں رہتے مگر جب کمرہ میں درس تجویز ہوگیا، درس کے لئے کمرہ میں تشریف لے آتے۔

حضرت والا کے یہاں تقریر بہت مختصر ہوتی، کتاب کو اصل عبارت سے حل کرنے کا ہی معمول تھا، اس میں کبھی کچھ کمی نہ کی جاتی، کتاب کی مناسبت سے واقعات ولطائف بھی سنائے جاتے اور حسب موقع کبھی اشعار بھی سناتے جس سے سب طلبہ باغ وبہار ہوجاتے۔

Made searchable using ScribeTools.com

افتاء وتفقہ

اللہ پاک کا ارشاد ہے: ﴿يؤتي الحكمة من يشاء، ومن يؤتي الحكمة فقد أوتي خيراً كثيراً، وما يذكر إلا أولو الألباب﴾(۱)۔

''دین کا فہم جس کو چاہتے ہیں دے دیتے ہیں اور جس کو دین کا فہم مل جاوے اس کو بڑی خیر کی چیز مل گئی اور نصیحت وہی لوگ قبول کرتے ہیں جو عقل والے ہیں''۔(بیان القرآن)۔

اللہ پاک جس بندہ کے ساتھ خیر کا ارادہ فرماتے ہیں اس کو فقیہ فی الدین بناتے ہیں، یعنی اس کو دین کی سمجھ عطا فرماتے ہیں، حضرت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا پاک ارشاد ہے: ''من يرد الله به خيراً يفقهه في الدين''.(۲)۔

''جس کے ساتھ اللہ تعالیٰ خیر کا ارادہ فرماتے ہیں اس کو فقیہ فی الدین بناتے ہیں'' (اس کو دین کی سمجھ عطا فرماتے ہیں)

فقیہ فی الدین کی فضیلت بیان فرماتے ہوئے ارشاد فرماتے ہیں: ''فقيه واحد أشد على الشيطان من ألف عابد''. (مشكوة شريف، ص:٣٤)(٣)۔

''ایک فقیہ شیطان پر ہزار عابد سے زیادہ بھاری ہے''۔

نیز ارشاد فرمایا:

''نعم الرجل الفقيه في الدين، إن احتيج إليه نفع، وإن استغنى عنه أغنى نفسه''. رواه رزين''. (مشكوة شريف، ص: ٣٦)(٤)۔

''بہترین مرد ہے فقیہ فی الدین کہ اگر اس کی طرف ضرورت لائی جائے نفع پہنچائے اور اگر اس سے

---

(۱) (البقرة: ۲۶۹)

(۲) (مشكوة المصابيح، كتاب العلم، الفصل الأول، ص: ۳۲، قديمي)

(ورواه البخاري في صحيحه في كتاب العلم، باب من يرد الله به خيراً اهـ: ۱/۱۶، قديمي)

(والترمذي في أبواب العلم، باب إذا أراد الله بعبد خيراً اهـ: ۲/۹۳، سعيد)

(۳) (مشكوة المصابيح، كتاب العلم، الفصل الثاني، ص: ۳۴، قديمي)

(وأخرجه الترمذي في أبواب العلم، باب ماجاء في فضل الفقه على العبادة: ۲/۹۷، سعيد)

(۴) (مشكوة المصابيح، كتاب العلم، الفصل الثالث، ص: ۳۶)

بے پرواہی کی جائے اپنے آپ کو مستغنی بنالے''۔

جوحضرات تفقہ فی الدین حاصل کرتے ہیں ان کی فضیلت بیان فرمائی اوران کے ساتھ خیر کا سلوک کرنے کی وصیت وتاکید فرمائی،حضرت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا:"إن الناس لكم تبعٌ، وإن رجالاً يأتونكم من أقطار الأرض يتفقهون فى الدين، فإذا أتوكم فاستوصوا بهم خيراً". رواه الترمذى". (مشكوٰة شريف ، ص:٣٤)(١)۔

ترجمہ: ''بیشک لوگ تمہارے تابع ہوں گےاور بیشک کچھ لوگ تمہارے پاس روئے زمین کے مختلف اطراف سے آئیں گے جوتفقہ فی الدین حاصل کریں گے، پس جب وہ تمہارے پاس آئیں ان کے ساتھ خیر کا معاملہ کرنے کی وصیت قبول کرو''۔

حق تعالیٰ شانہ نے حضرت والا کوتفقہ فی الدین میں وہ عظیم مقام عطا فرمایا جولاکھوں کروڑوں علماء میں کسی خوش نصیب کوعطا ہوتا ہے،علومِ درسیہ کی تکمیل اورفراغت کے بعد سے اخیر تک زندگی کا تمام وقت درس وتدریس اوردیگر دینی خدمات کے ساتھ تفقہ فی الدین اورفتویٰ نویسی میں ہی بسر ہوا۔

بصیرت وتیقظ اورفقہی مسائل کی تحقیق وتدقیق میں کمالِ درک،مطالعہ کی کثرت ووسعت اور گہرائی وگیرائی،علوم کا استحضار رسوخ فی العلم ورسوخ فی الدین،کتاب وسنت،فقہ واصولِ فقہ میں اختصاصی مہارت،اس کے ساتھ طبعِ سلیم،فہمِ مستقیم،فطرتِ صحیحہ، پھرقدیم وجدید علمی ذخیرہ پر اطلاع وواقفیت کے ساتھ اہلِ زمانہ کی طبائع سے بھی واقفیت،عرف سے بھی باخبری کوفقہاء نے بڑی اہمیت دی ہے(۲) نیز تیسیر کے حدود کی نگہداشت

---

(۱) (مشكوٰة المصابيح، كتاب العلم، الفصل الثانى، ص: ٣٤، قديمى)

(ورواه الترمذى فى أبواب العلم، باب ماجاء فى الإستيصاء بمن يطلب العلم: ٢/٩٣، سعيد)

(۲) قال العلامة ابن عابدينؒ: " فللمفتى اتباع عرفه الحادث، وكذا فى الأحكام التى بناها المجتهد على ماكان فى عرف زمانه ..... لكن بعد أن يكون المفتى ممن يكون له رأى ونظرٌ صحيح ومعرفةٌ بقواعد الشرع ..... وهذا صريح فيما قلنا من أن المفتى لا يفتى بخلاف عرف أهل زمانه، ويقرب منه مانقله فى الأشباه عن البزازية من أن المفتى يفتى بما يقع عنده من المصلحة ..... والتحقيق أن المفتى فى الوقائع لا بدله من ضرب اجتهاد، ومعرفته بأحوال الناس ..... فينظر إلى صاحب الواقعة ..... قلت: يعمل بمثل ما عملوا من اعتبار تغيرات العرف وأحوال الناس، وما هو الأرفق بالناس، وما ظهر عليه التعامل وما =

Made searchable using ScribeTools.com

اورعمومِ بلویٰ کی صحیح تعریف اوراس کے لحاظ سے فقہی شرائط سے آگاہی اہلِ زمانہ کے عقود ومعاملات اورتعلقات کی نوعیت، نوایجاد چیزوں کی شرعی حیثیت تغیراتِ زمانہ اوران کے شرعی احکام سے واقفیت اوران کے لحاظ سے حدود سے آگاہی، مقاصدِ شریعت اورحکمتِ تشریع کاعلم جواستنباط مسائل کی روح اور قیاس واستحسان اورمصالحِ مرسلہ کی نگہبان وپاسبان ہے اوراس پر جذبۂ خدمتِ خلق اورکمالِ اخلاص وللّٰہیت، صلاح وتقویٰ، امانت ودیانت وہ آپ کا وصفِ ممتاز اورموہوبِ خداوندی ہے، جس نے آپ کوتمام اَقران وامثال میں ممتاز ومخصوص مقام پرلاکھڑا کیا۔

ہندوستان کے اسلامی علوم وفنون کے دوعظیم مرکز: دارالعلوم دیوبنداورمظاہرعلوم سہارنپور ہردو کے دار الافتاء کے مفتیٔ اعظم ہوئے اوردیگرمتعددمدارس کے دارالافتاؤں کی سرپرستی اورمکمل رہبری ورہنمائی کی سعادت بھی آپ کے حصہ میں آئی۔ سینکڑوں ہزاروں کی تعداد میں آپ کے سامنے زانوئے تلمذ طے کرکے مفتیان کرام تیارہوئے اورانھوں نے اپنے اپنے مقام پر پہلے سے قائم شدہ دارالافتاؤں کوسنبھالا، یانئے قائم کئے اورفتویٰ نویسی کے ذریعہ اشاعتِ دین اورمخلوق کی رہبری وہدایت میں مشغول ومصروف ہوئے کہ آج دارالعلوم دیوبند، مظاہرعلوم سہارنپور، شاہی مرادآباد، مدرسہ تعلیم الدین، جامعہ اسلامیہ ڈابھیل، جامعہ رحمانیہ، ہتھورہ ضلع باندہ اور دیگرملکی اور بہت سے غیرملکی اداروں کے دارالافتاء کی مسندکوزینت دینے والے اکثرحضرت والا کے تربیت یافتہ اورتلامیذ ہی ہیں۔

فتاویٰ پراکابرکااعتماد

حضرت والاقدس سرہ کے فتاویٰ پراکابرکواعتمادابتداہی سے رہا، اسی کمالِ اعتمادکی بناء پراکابرمظاہرعلوم سہارنپور: حضرت مولانا عبدالقادرصاحب رائپوری، حضرت مولانا محمدالیاس صاحب بانیٔ تبلیغ، حضرت مولانا عبداللطیف صاحب ناظم مظاہرعلوم، حضرت مولانا محمدزکریاصاحب شیخ الحدیث مظاہرعلوم نوراللہ مراقدہم نے فتویٰ نویسی کے عظیم منصب پرمظاہرعلوم میں تقررفرمایا، اورجامع العلوم کانپورتشریف بری کے بعد یہ تمام اکابرمظاہرعلوم واپسی کے لئے برابرکوشاں اورساعی رہے اوراسی کمالِ اعتمادکی بناء پرمرکزالعلوم دارالعلوم دیوبند کے دارالافتاء کی

= قوى بوجهه ..... اهـ". (شرح عقود رسم المفتي، تحت قوله: قال في المستصفى: العرف والعادة اهـ، ص: ۹۷، مير محمد كتب خانه)

Made Searchable by ScribeTools.com

صدارت اور مفتی اعظم کے عظیم منصب کے لئے اکابرِ دارالعلوم دیوبند: حضرت مولانا قاری محمد طیب صاحب مہتمم دارالعلوم دیوبند، حضرت مولانا مفتی مہدی حسن صاحب صدر مفتی دارالعلوم دیوبند، حضرت مولانا علامہ ابراہیم صاحب بلیاوی صدر المدرسین دارالعلوم دیوبند نور اللہ مراقدہم اور دیگر اکابر شوریٰ دارالعلوم دیوبند نے تقرر فرمایا اور انتہائی کوشش کے بعد جامع العلوم کانپور سے دارالعلوم دیوبند بلالیا گیا۔ دیگر مفتیان کرام کی آراء اگر کسی مسئلہ میں مختلف ہوتیں تو حضرت والا کی رائے اور تحقیق ہی عام طور پر آخری رائے اور فیصلہ کن اور قابلِ اعتماد سمجھی جاتی۔ قطبِ عالم حضرت شیخ الحدیث نور اللہ مرقدہ کو خود ذاتی طور پر کسی مسئلہ میں تحقیق کی ضرورت پیش آتی تو حضرت والا قدس سرہ کی طرف ہی رجوع فرماتے اور حضرت کے فتویٰ پر ہی کامل اعتماد فرماتے۔

ایک دفعہ مدینہ منورہ میں - زادہا اللہ شرفاً وکرامۃً - قیام کے دوران حضرت مولانا قاری محمد عباس بخاری نور اللہ مرقدہ نے گھوڑے کا گوشت حضرت شیخ نور اللہ مرقدہ کی خدمت میں بھیجا، حاضرینِ مجلس میں باہم چہ میگوئیاں اس کے جواز وعدم جواز کے سلسلہ میں ہوئیں، حضرت شیخ نے حضرت مفتی صاحب قدس سرہ سے دریافت فرمایا، حضرت نے جواب دیا، جائز ہے، حضرت شیخ نور اللہ مرقدہ نے فرمایا: ''بھئی! مجھ کو تو میرے مفتی نے فتویٰ دے دیا، میں تو کھاؤں گا، جس کا جی چاہے کھائے، جس کا جی چاہے نہ کھائے''۔

حضرت اقدس مولانا عبد القادر صاحب رائے پوری قدس سرہ کی تدفین اور ہندوستان جنازہ کی منتقلی کے سلسلہ میں ہندو پاک کے علماء ومفتیانِ کرام میں سخت اختلاف ہوا، حضرت شیخ الحدیث نور اللہ مرقدہ سے بھی دریافت کیا گیا، بلکہ بہت سے حضرات نے حضرت شیخ نور اللہ مرقدہ کی رائے پر ہی فیصلہ موقوف کر دیا، حضرت شیخ نور اللہ مرقدہ نے حضرت مفتی صاحب قدس سرہ کو کانپور پوری تفصیل لکھ کر فتویٰ طلب کیا اور پھر اسی فتویٰ کو اپنی رائے قرار دے کر لکھ کر بھیج دیا اور اسی کے مطابق عمل درآمد کیا گیا۔

اس نوع کا سوال بہادر شاہ ظفر مرحوم کی قبر کو رنگون سے دہلی لال قلعہ میں منتقل کرنے کا پیش آیا، بعض اربابِ حکومت اس میں کافی شدت پر تھے۔ جنرل شاہنواز نے اس سلسلہ میں استفتاء مولانا محمد میاں صاحبؒ ناظم جمعیۃ العلمائے ہند کی خدمت میں بھیجا، انہوں نے حضرت شیخ الحدیث نور اللہ مرقدہ سے استفسار کیا، حضرت شیخ نور اللہ مرقدہ نے استفتاء مع مکتوب حضرت مولانا محمد میاں صاحبؒ حضرت مفتی صاحب قدس سرہ کے پاس بھیج دیا۔ حضرت مفتی صاحب قدس سرہ نے اس کا تحقیقی جواب تحریر فرمایا جس کو ان سب اکابر نے تسلیم کیا اور اسی

Made searchable using ScribeTools.com

کے مطابق عمل کیا گیا کہ بہادر شاہ ظفر مرحوم کی قبر کو منتقل کرنے کا ارادہ ختم کر دیا گیا، اس موقع پر حضرت مفتی صاحب نے جو جواب تحریر فرمایا وہ مندرجہ ذیل ہے:

الجواب حامداً ومصلیاً :

''اصل یہ ہے کہ آدمی کا جس بستی میں انتقال ہوا اس بستی میں اس کو دفن کیا جاوے، اگر اس نے وصیت کی ہو کہ مجھ کو فلاں جگہ دفن کرنا تو اس وصیت پر عمل لازم نہیں، شرعاً یہ وصیت باطل ہے:

"یندب دفنه فی جهة موته: أی فی مقابر أهل المكان الذی مات فیه أو قُتِل اه ".(شامی)۔

حضرت عبدالرحمٰن بن ابی بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو انتقال کے بعد دوسرے مقام پر لے جا کر دفن کیا گیا، جہاں انتقال ہوا وہاں دفن نہیں کیا، حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا ایک سفر میں جاتے ہوئے جب ان کی قبر پر گزریں تو فرمانے لگیں کہ ''اگر میرا بس چلتا تو تم یہاں دفن نہ کئے جاتے، بلکہ جہاں انتقال ہوا تھا وہیں دفن ہوتے''۔

تاہم اس مسئلہ میں اتنی تنگی نہیں، امام محمدؒ نے میل دو میل مقام وفات سے حسبِ مصالح دور لے جا کر دفن کرنے کی گنجائش بتائی ہے:

"ولا بأس بنقله قبل دفنه، قیل: مطلقاً، وقیل: إلی ما دون السفر. وقیده محمد بقدر میل أو میلین؛ لأن مقابر البلد ربما بلغت هذه المسافة، فیكره فیما زاد. قال فی النهر عن عقد الفرائد: هو الظاهر اه"۔

لیکن دفن کے بعد منتقل کرنے کی اجازت نہیں دی: ''وأما نقله بعد دفنه، فلا مطلقاً اه". (شامی)۔

طحطاوی نے دفن کے بعد منتقل کرنے کی تین صورتیں لکھی ہیں: ایک یہ کہ میت کو کسی غیر کی زمین میں بغیر اجازتِ مالک دفن کر دیا گیا ہو جس سے وہ حصۂ زمین غصب ہو گیا اور مالک کسی طرح میت کے یہاں رہنے پر رضامند نہیں ہے، بلکہ اس کے نکالنے پر مصر ہے تو ایسی حالت میں مجبوراً دوسری قبر میں منتقل کر دیا جائے، یہ صورت بالاتفاق جائز ہے۔ دوسری صورت یہ کہ میت کو دوسرے قبرستان میں منتقل کرنا مقصود ہے (خواہ میت کی عظمت ومحبت کی وجہ سے یا اس کی تمنا اور وصیت کی خاطر) یہ صورت بالاتفاق ناجائز ہے۔ تیسری صورت یہ ہے کہ میت کی قبر پر پانی غالب آجائے جس سے میت محفوظ نہ رہ سکے، اس صورت میں بعض حضرات نے میت کو

منتقل کرنے کی اجازت دی ہے، بعض نے منع کیا ہے۔

واقعہ مسئولہ دوسری صورت میں داخل ہے جو کہ بالاتفاق ناجائز ہے۔ یہ تاویل کہ دوڈھائی گز زمین کھود کر اٹھالی جائے کارآمد نہیں، کیوں کہ اصل مقصود نعش کو منتقل کرنا ہے اور جو کچھ مٹی ساتھ آئے گی وہ نعش کے تابع ہوکر منتقل ہوگی، جس طرح کہ میت کے ساتھ کفن، تابوت ہو کہ وہ تابع میت ہے نہ کہ مقصود اصل، لہٰذا اس منتقل کرنے کو بھی کہا جائے گا کہ میت کو منتقل کیا گیا ہے، یہ نہیں کہا جائے گا کہ قبر کی مٹی منتقل کر کے لائے ہیں۔

پھر دہلی لاکر شاندار مقبرہ تعمیر کیا جائے گا یہ بناء علی القبر ہے جس کی حدیثِ پاک میں ممانعت آئی ہے اور فقہاء نے اس کو حرام لکھا ہے: "فی الشرنبلالی عن البرهان: يحرم البناء عليه للزينة، ويكره للإحكام بعد الدفن اه". (طحاوی)۔

تنبیہ: شہنشاہ کا لفظ غیر اللہ کے لئے استعمال کرنا جائز نہیں'' (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ۔

اس طرح جو بھی اہم تحقیقی سوالات حضرت شیخ نور اللہ مرقدہ کی خدمت میں آتے، حضرت شیخ نور اللہ مرقدہ حضرت مفتی صاحب قدس سرہ کے پاس بھیج دیتے اور مرسل کو لکھ دیتے کہ میں نے آپ کا خط اپنے معتمد مفتی محمود صاحب کے پاس بھیج دیا اور حضرت مفتی صاحب قدس سرہ ان کے جوابات تحریر فرماتے۔

نقولِ فتاویٰ کے رجسٹروں کو ملاحظہ فرمانے کی تجویز

اسی کمال اعتماد کی بنا پر قیام کانپور کے دوران حضرت شیخ نور اللہ مرقدہ نے یہ تجویز فرمایا کہ ماہ مبارک (رمضان) میں حضرت مفتی صاحب قدس سرہ مظاہر علوم کے نقولِ فتاویٰ کے رجسٹروں کو بالاستیعاب ملاحظہ فرمایا کریں اور کسی فتویٰ میں سقم رہ گیا ہو تو اس کی نشان دہی فرمایا کریں۔

حضرت شیخ نور اللہ مرقدہ اپنے روزنامچہ میں تحریر فرماتے ہیں:

''رمضان میں حضرت مفتی محمود صاحب حسبِ معمول یہاں رمضان گزارنے کے لئے آئے، زکریا نے ان سے درخواست کی کہ صاحب کے فتاویٰ پر جو درج رجسٹر ہیں ایک گہری نظر ڈال لیں اور جو مسائل غلط لکھے گئے

---

(۱) مسئلہ مذکورہ کے لئے ملاحظہ ہو (کتاب الجنائز، فصل فی القبر والدفن، عنوان: ''میت کو بعد الدفن منتقل کرنا'' اور عنوان ''بہادر شاہ ظفر کی قبر سے منتقلی'')

Made searchable using ScribeTools.com

ہوں ان کی نشاندہی کردیں انھوں نے اس کی تعمیل کی''۔(ملخصا)(دارالعلوم دیوبند کے مفتی اعظم،ص:۷۸)

مظاہر علوم کے اہم فتاویٰ کے بارے میں تجویز

اسی طرح حضرت مفتی صاحب قدس سرہ کے دارالعلوم دیوبند قیام کے دوران حضرت شیخ نوراللہ مرقدہ نے تجویز فرمایا کہ مظاہر علوم کے اہم فتاویٰ حضرت اقدس مفتی صاحب قدس سرہ کے مشورہ اور استصوابِ رائے بلکہ دستخط کے بغیر روانہ نہ کئے جائیں۔

حضرت مولانا مفتی محمد یحییٰ صاحب صدر مفتی مظاہر علوم تو حضرت اقدس مفتی صاحب قدس سرہ کے کانپور کے دوران بھی اہم فتاویٰ کے جوابات حضرت والا سے استصوابِ رائے کے بغیر نہیں لکھتے تھے، ڈاک سے سوال لکھ کر دریافت فرماتے جواب آنے پر ہی اس کا جواب تحریر فرماتے، اور دارالعلوم قیام کے زمانہ میں حضرت اقدس قدس سرہ حسبِ معمول جمعرات کو مظاہر علوم تشریف لے جاتے تو حضرت مفتی یحییٰ صاحب قدس سرہ ہفتہ بھر کے اہم فتاویٰ جمع کر کے رکھتے اور حضرت مفتی صاحب قدس سرہ کی مظاہر علوم تشریف آوری پر مشورہ کر کے ہی جوابات لکھتے۔

رائے کی پختگی

حضرت والا قدس سرہ جس مسئلہ میں دلائل کی روشنی میں جو رائے قائم فرماتے، جب تک دلائل کی روشنی ہی میں اس رائے کا مرجوح یا کمزور ہونا معلوم نہ ہوجائے آپ اس پر قائم رہتے اور کسی عظیم شخصیت سے محض شخصیت کی بناء پر مرعوب نہ ہوتے۔ چنانچہ ایک دفعہ ایک مسئلہ دریافت کیا گیا اس کا جواب حضرت والا نے تحریر فرمایا، اسی مسئلہ کا جواب حکیم الامت حضرت تھانوی نوراللہ مرقدہ نے تحریر فرمایا جو حضرت والا کے جواب کے خلاف تھا اور وہ صورت کا اختلاف تھا، حضرت تھانوی قدس سرہ نے جو جواب تحریر فرمایا وہ دوسری صورت سے متعلق تھا، استفتاء میں جو صورت تھی اس سے مختلف وہ دوسری صورت تھی۔ وہ جواب حضرت والا کے سامنے آیا، محض شخصیت سے مرعوب ہوکر حضرت نے اپنی تحقیق سے رجوع نہیں فرمایا، بلکہ وضاحت فرمادی کہ حضرت تھانوی قدس سرہ کی نقل فرمودہ عبارات دوسری صورت سے متعلق ہیں، سوال میں جو صورت ہے وہ اس سے

مختلف ہے، اس کا حکم وہی ہے جو یہاں سے تحریر کیا گیا۔

فتویٰ نویسی سے متعلق چند عادات مبارکہ

۱.....حضرت والا کی خدمت میں جب ڈاک پیش کی جاتی تو اولاً اس کو سرسری نظر سے ملاحظہ فرماتے اور دیکھتے کون سا استفتاء ہے، کون سا ذاتی خط ہے، ہر ایک کو الگ الگ فرماتے اور نشان کے لئے استفتاء پر ''ف'' بنادیتے اور جواب لکھ کر ''ف'' کے نیچے ''م'' بنادیتے ''ف''، ''م''۔ ''ف'' سے اشارہ فتوی کی طرف او ر ''م'' سے محمود کی طرف اشارہ ہے۔ پلاسٹک کے دو تھیلے حضرت کے پاس ہوتے، ایک میں ذاتی خطوط رکھتے ایک میں فتاویٰ اور چمڑہ کا ایک تھیلا رہتا اس میں یہ دونوں تھیلے ہوتے، جہاں موقع ملا تھیلے سے ڈاک نکالی اور جوابات لکھنا شروع فرمادیتے، سفر میں بھی یہ تھیلا ساتھ رہتا، بس میں، ریل میں، قیام گاہ پر جہاں موقع ملتا ڈاک شروع ہوجاتی جن کے جوابات لکھے جاچکے ہوتے ان خطوط کو جواب لکھے ہوؤں سے الگ رکھتے۔

۲.....اولاً استفتاء کے جوابات لکھتے بعد میں ذاتی ڈاک، البتہ اگر کوئی استفتاء تفصیل طلب ہوتا اور اس کے لئے مراجعت کتب کی ضرورت ہوتی اور اس وقت اس کا موقع نہ ہوتا یا انشراح نہ ہوتا تو ذاتی ڈاک پہلے لکھ دیتے۔

۳.....جب تک مکمل انشراح نہ ہوتا استفتاء کا جواب نہ لکھتے خواہ کتنی مراجعتِ کتب کرنا پڑے۔

۴.....عموماً جوابات مختصر لکھتے مگر تحقیقی اور خیر الکلام ما قل ودل کے مطابق، البتہ کسی مسئلہ میں تفصیل مطلوب ہوتی تو پھر تفصیل سے بھی گریز نہ فرماتے حتی کہ بعض فتاویٰ نے مستقل رسالہ کی شکل اختیار کرلی۔

۵.....عبارت صاف اور عام فہم لکھتے جس سے سائل کو الجھن اور پریشانی نہ ہو خود خط بھی حضرت والا کا بہت صاف تھا۔

۶.....جوابات لکھنے میں ترتیب کا لحاظ فرماتے جس ترتیب سے خطوط آتے اسی ترتیب سے جوابات تحریر فرماتے، الّا یہ کہ کسی کا فوری تقاضا ہوتا تو اس کی ضرورت اور اہمیت کی بنا پر اس کا جواب پہلے تحریر فرمادیتے۔

۷.....عموماً یہ کوشش فرماتے کہ ہر روز کی ڈاک ہر روز نمٹ جائے جب تک ڈاک پوری نہ ہوتی برابر فکر مند رہتے، حتی کہ ایک دفعہ مظاہر علوم میں حضرت ناظم صاحب نے فرمایا: ''کل سفر میں جانا ہے'' ڈاک کافی جمع تھی، پوری رات لکھ کر اس کو نمٹایا، پھر علی الصباح سفر میں تشریف لے گئے۔

۸.....محض قواعد واصول کو سامنے رکھ کر حضرت والا جواب لکھنے کو کافی نہ سمجھتے، بلکہ ہر مسئلہ کے لئے

Made Se[Made searchable using ScribeTools.com]ools.com

فقہاء کی عبارات میں جزئیۂ صریحہ تلاش فرماتے خواہ کتنی بھی محنت کرنا پڑے، بعض دفعہ کسی جزئیہ کی تلاش میں بیسیوں بلکہ بعض دفعہ پچاسوں کتب کی ورق گردانی کرنی پڑتی اوراس کے لئے راتوں کو جاگنا پڑتا مگر کبھی ہمت نہ ہارتے (۱) اور جزئیہ مل جانے پر وہ مسرت محسوس فرماتے کہ ہفت اقلیم کی سلطنت کی لذت ومسرت بھی اس کے سامنے ہیچ ہے اور جب تک جزئیہ نہ ملتا برابر فکرمند رہتے حتی کہ ایک مرتبہ ایک جزئیہ کی تلاش میں کئی روز ہوگئے برابر کتابیں دیکھتے رہے مگر کامیابی نہ ہوسکی۔ اسی فکر اور بے چینی میں دوپہر کو سوگئے سوکر اٹھے تو دیکھا کہ ایک آنکھ کا پردہ پھٹ گیا ہے، ڈاکٹروں کو دکھایا گیا، ڈاکٹر نے بتایا آنکھ پر کوئی بوجھ پڑا ہے جس سے پردہ پھٹ گیا ہے، ڈاکٹر سے کہا گیا بوجھ تو نہیں پڑا، ڈاکٹر صاحب نے بتایا کہ بوجھ کسی فکر اور سوچ کا بھی ہوتا ہے وہی بوجھ پڑا ہے جس سے پردہ پھٹ گیا ہے، یہی وہ محنت اور جفاکشی تھی کہ جب آنکھیں جاتی رہیں ایک آنکھ کا پردہ پھٹ گیا ایک میں موتیا اتر آیا، (گو بعد میں موتیا کا آپریشن ہوکر کامیابی ہوگئی)۔

ارشاد فرمایا: ''الحمدللہ یہ حسرت نہیں رہی کہ آنکھوں سے کام نہیں لیا، الحمدللہ کام خوب لیا''۔

۹..... کسی استفتاء کا جواب لکھتے ہوئے کسی دوسری جانب متوجہ ہونا ناپسند فرماتے اس حالت میں کوئی اپنی جانب سلام، مصافحہ میں مشغول کرنا چاہتا وہ بھی ناگوارِ خاطر ہوتا۔

۱۰..... آپ کو فتاویٰ سے عشق کے درجہ کا تعلق تھا کہ اس کو زندگی کا بڑا مقصد تصور فرماتے اور اسی انہماک ومشغولی میں خوش ہوتے اور اس میں جان تک چلے جانے کی پرواہ نہ کرتے، چنانچہ ایک دفعہ سخت زلزلہ آیا حضرت والا ایک فتویٰ لکھنے میں مشغول تھے، زلزلہ کے سہم سے سب حضرات دارالافتاء سے باہر نکل آئے کہ کہیں یہ عمارت نہ گر جائے، مگر حضرت والا کو دیکھا گیا کہ برابر بیٹھے ہوئے اطمینان سے جواب لکھنے میں مشغول ہیں، بعد میں حضرت والا سے پوچھا گیا کہ آپ باہر کیوں نہیں نکلے فرمایا کہ مجھے فکر ہوئی کہ کہیں فتویٰ درمیان میں نہ رہ جائے اس لئے سوچا کہ فتویٰ تو پورا کرلوں۔

۱۱..... حضرت والا اس کا بھی اہتمام فرماتے کہ حضرت والا کا تحریر فرمودہ جواب دوسرے حضرات بھی ملاحظہ فرمالیں، حتی کہ اپنے تلامذہ بھی حاضر ہوتے تو ان کو بھی بتاکید دیکھنے کو فرماتے اور اگر کوئی کچھ مشورہ دیتا تو

---

(۱) دیکھئے: (کتاب الإیمان والعقائد، باب الفرق الباطلة، ما یتعلق بالروافض، عنوان: خلافتِ یزید) اس مسئلہ میں حضرت نے خود تقریباً سو (۱۰۰) کتابوں کے مطالعہ کا ذکر فرمایا ہے۔

اس کو بہت غور سے خوش ہوکر سنتے، اگر معقول بات ہوتی تو تسلیم فرمالیتے، ورنہ خوبصورتی کے ساتھ اس کو سمجھا دیتے۔

۱۲.....آپ اس کا بھی اہتمام فرماتے کہ فتاوی لکھنے کے بعد جلد روانہ کئے جائیں، اس لئے محرر کو تاکید فرماتے کہ رجسٹر میں جلد نقل کر کے ڈاک میں ڈال دے اگر نقل ہونے میں تاخیر ہوتی یا سستی کی بناء پر ڈاک میں ڈالنے میں تاخیر ہوجاتی تو حضرت والا کو سخت ناگوار گزرتا اور خوبصورتی کے ساتھ مناسب طریقہ پر اس پر تنبیہ فرماتے، ایک دفعہ ایک طالب علم ایک خط کسی کتاب میں رکھ کر بھول گیا اور کئی روز بعد وہ خط ملا، حضرت کی ناراضگی کے خیال سے چپکے سے وہ خط حضرت کے خطوط میں رکھ کر آ گیا، حضرت نے جب اس کو دیکھا تو سخت ناراض ہوئے یہ حرکت کس نے کی ہے؟ کس نے یہ خط چھپائے رکھا؟ اور سب طلبہ سے ناراضگی کا اظہار فرمایا کہ خط لکھنے والا کیا معلوم کیا ضروری بات لکھتا ہے اور اس کے جواب کا منتظر رہتا ہے یہ سخت غلط حرکت ہے، آئندہ پھر کسی کی ہمت نہ ہوئی کہ اس سلسلہ میں کوتاہی کریں۔

ایسے ہی ایک دفعہ کسی طالب علم سے کوئی استفتاء گم ہوگیا، حضرت نے تلاش کرایا، نہیں ملا، حضرت کو بہت فکر ہوئی، ڈاک رجسٹر بھی منگایا اور اس میں تمام ڈاک کو دیکھا اور اس کی مدد سے معلوم کیا کہ فلاں خط کا جواب نہیں دیا گیا، رجسٹر میں مستفتی کا پتہ دیکھ کر خط لکھا کہ آپ کا استفتاء گم ہوگیا لہٰذا دوبارہ استفتاء بھیج دیں اس کے بعد جواب لکھ کر ارسال فرمایا تب حضرت کو اطمینان ہوا۔

۱۳.....آپ محرر کو بھی تاکید فرماتے کہ رجسٹر میں صاف ومکمل نقل کریں، بعض صاحبان رجسٹر میں صرف خلاصہ نقل کردیتے، حضرت والا قدس سرہ کو اس سے سخت تکلیف ہوتی۔

۱۴.....حضرت والا کی خواہش ہوتی کہ دارالافتاء سے کسی مفتی کا جواب کسی دوسرے مفتی کے خلاف نہ چلا جائے، اس لئے کوشش فرماتے کہ ہر مفتی کا جواب ہر مفتی کی نظر سے گزر جائے اور کسی کو کوئی اشکال ہو تو اس کو سمجھ لیا جائے یا اس کی اصلاح کردی جائے۔

۱۵.....حضرت اس کی بھی کوشش فرماتے کہ پورے عملہ میں اتفاق، باہم قلبی تعلق ہو اس کے لئے آپ روزانہ چائے منگواتے اور سب کو بلوا کر چائے پلاتے، تاکہ اس بہانہ سے سب جمع ہوجائیں اور باہم گفتگو ہوجائے، کسی کو کسی سے رنجش ہو وہ بھی دور ہوجائے، تھوڑی دیر ہنسی خوشی گفتگو ہوکر یہ مجلس ختم ہوجاتی اور اس کے

Made searchable using ScribeTools.com

اچھے اثرات قائم ہوتے۔

۱۶.....ایک خصوصی کمال یہ ہے کہ باوجودیکہ حضرت والا کے تحریر فرمودہ فتاویٰ بڑے جامع اور استدلالی ہوتے ہیں کہ کہیں کوئی کیسا ہی نازک جزئیہ یا اہم مسئلہ پیش آجائے اس کا اتنی شائستگی وعمدگی کے ساتھ مختصر اور جچے تلے الفاظ میں جواب تحریر فرماتے کہ پڑھنے والا اور سیکھنے والا آپ کے تبحرِ علمی، فقہی دسترس اور علم ومطالعہ کی کثرت ووسعت کا اعتراف کئے بغیر نہیں رہتا، مگر اس کے باوجود وصف تواضع وفروتنی اور اپنی شرعی ذمہ داری کے احساس کا یہ عالم ہے کہ جس مسئلہ کی پوری تحقیق مستحضر نہیں ہوتی اس کے متعلق برملا مجمع میں کہہ دیتے کہ مجھے اس مسئلہ کے بارے میں تحقیق نہیں، مجھے اس کا علم نہیں اور اس میں آپ کو ذرہ برابر حجاب نہ ہوتا اور اہلِ علم حضرات کی شان یہی ہوتی ہے، حضرت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد پاک نقل کیا گیا ہے:

"إن من العلم أن يقول لما لا يعلم: لا أعلم". (الحديث)(۱)۔

"بے شک علم (کی نشانی میں) سے یہ ہے کہ نہ جانی ہوئی چیز کے بارے میں کہہ دے میں نہیں جانتا"۔

دوسرے مفتی صاحب کے فتویٰ کی تصدیق

۱۷.....کسی دوسرے مفتی صاحب کا تحریر فرمودہ فتویٰ برائے تصدیق لایا جاتا جب تک اس پر پورا اطمینان نہ ہوجاتا ہرگز دستخط نہ فرماتے، اطمینان ہونے پر تصدیق فرمانے سے کبھی اعراض بھی نہ فرماتے۔

تمرینِ فتاویٰ

دارالافتاء دارالعلوم دیوبند میں جو طلباء شعبۂ افتاء میں داخل ہوتے ان کو مشق وتمرین فتاویٰ کے لئے مفتیان کرام میں تقسیم کردیا جاتا اور ان کی مختلف جماعتیں بنادی جاتیں، ان کے اسباق مختلف مفتیان کرام کے پاس رکھے جاتے، ہر سبق میں تمام طلباء شریک ہوتے، مگر فتویٰ نویسی کی مشق ہر جماعت الگ الگ مفتی صاحب کے پاس کرتی۔

حضرت مفتی صاحب قدس سرہ کے پاس عموماً رسم المفتی، الاشباہ والنظائر ہوتی اور کبھی قواعد الفقہ بھی

---

(۱) "عن عبدالله قال: " يأيها الناس! من علم شيئاً فليقل به، ومن لم يعلم فليقل : الله أعلم، فإن من العلم أن تقول لما لا تعلم: الله أعلم ..... اهـ"۔ (مشكوة المصابيح، كتاب العلم، الفصل الثالث، ص: ۳۷، قديمی)

ہوتی، حضرت والا سبق میں مختصر تقریر فرماتے، مگر اس طرح کہ کتاب کا مطلب پورے طور پر سمجھ میں آجائے، ہر مسئلہ کو کچھ مثالوں سے ضرور سمجھاتے جن سے طلبہ کو فن سے پوری مناسبت ہوجاتی، درمیان میں کوئی لطیفہ بھی سنادیتے جس سے طلبہ اکتاتے نہیں اور موقع کی مناسبت سے اشعار بھی سناتے۔ تمرین فتاویٰ کے لئے طلبہ کو سوالات لکھوادیتے اور ان کو تاکید فرماتے کہ ان کے جوابات لکھ کر لائیں، طلبہ کے ان سوالات کے جوابات بغور ملاحظہ فرماتے، ضروری مشورہ دیتے، اصلاح فرماتے، حوصلہ افزائی فرماتے جس سے خوب محنت کرنے کا جذبہ وشوق پیدا ہوتا، کتابیں مطالعہ کے لئے عنایت فرماتے، جن طلبہ کو ہونہار دیکھتے ان کے لئے فتاویٰ سے متعلق کتب شامی وغیرہ خرید کر عنایت فرماتے اور درمیانی سال میں بھی کچھ ضروری کتابیں سب طلبہ کو تقسیم فرماتے اس تقسیم کتب کی سال کے اندر کئی کئی بار نوبت آتی۔

تمرین ومشق فتاویٰ کے ساتھ ساتھ ان کی تربیت واصلاح کی بھی پوری فکر فرماتے، کسی بزرگ سے بیعت ہونے کی طرف متوجہ فرماتے، جو حضرت سے بیعت کی درخواست کرتے استخارہ مسنونہ کا حکم فرماتے پھر بھی ان کا اصرار ہوتا تو بیعت فرمالیتے اور ان کے لئے اذکار واشغال ان کے حسب حال تجویز فرمادیتے، اس طرح ان کو ذکر وشغل سے بھی مناسبت پیدا ہوجاتی کہ پھر بعد فراغت اس کو مزید بڑھاتے۔

سال کے اخیر میں طلبہ کا امتحان ہوتا ہے حضرت والا کی خواہش تھی کہ رمضان کے اخیر عشرہ میں امتحان ہو، تاکہ رمضان اور رویت ہلال سے متعلق مسائل سے بھی مناسبت اور واقفیت ہوجائے اس کو تجویز بھی کردیا گیا تھا مگر اس پر عمل کی نوبت بھی نہیں آئی تھی کہ پھر شعبان ہی میں امتحان کا سلسلہ شروع ہوگیا، مگر اب ایک سال کے بجائے، دوسال تمرین فتاویٰ کے لئے تجویز کردئے گئے۔

امتحان سے فراغت پر دارالعلوم کی طرف سے طلبہ کو افتاء کی سند بھی دیجاتی، حضرت والا بھی اس پر دستخط فرماتے، اپنی خصوصی سند دینے کا حضرت والا کا دستور نہیں رہا اور سند کا زیادہ شوق بھی حضرت کو پسند نہیں تھا، جس طالبِ علم میں سند کا شوق دیکھتے اس کو حضرت تھانویؒ کا قصہ سناتے کہ جب مدرسہ والوں نے ان کو اور ان کے ساتھیوں کو سند دینے اور دستار بندی کا ارادہ فرمایا تو ان حضرات نے درخواست دی کہ ہم نے سنا ہے کہ اربابِ مدرسہ ہم کو سند دینا اور دستار بندی کرنا چاہتے ہیں ایسا ہرگز نہ کیا جائے، چوں کہ اس سے دارالعلوم بدنام ہو جائے گا کہ ایسے نااہلوں کو سند دی اور ان کی دستار بندی کی، ہم ہرگز اس کے اہل نہیں۔

Made searchable using ScribeTools.com

کوئی حضرت والا سے سند کی درخواست کرتا تو اس کو بھی یہی ارشاد فرماتے ''میرے پاس سند کا کوئی پُرزہ بھی نہیں، کسی نے آج تک پوچھا بھی نہیں کہ تیرے پاس سند ہے یا نہیں، پوری زندگی بلا سند ہی گزر گئی''۔

فراغت کے بعد جب طلبہ اپنے وطن واپس جاتے ان کو معمولات کی پابندی اور درس وتدریس شروع کرنے کی تاکید فرماتے، بعض خواص کے لئے خود سے جگہ تجویز فرما کر وہاں بھیج دیتے، بقیہ کے لئے بھی برابر فکر فرماتے اور آنے جانے والوں سے حالات دریافت فرماتے رہتے، بعض مدرسہ والوں کو از خود بھی متوجہ فرماتے کہ فلاں کو اپنے یہاں رکھ لو۔ اگر مدرس کی جگہ خالی نہ ہوتی تو فرماتے کہ بلا تنخواہ ہی فلاں کو رکھ لو اور دو چار کتابیں اس کو دے دو تاکہ ابتدائی کتابیں نکل جائیں اور کتابوں سے کچھ مناسبت ہو جائے، ان کو دوسری جگہ بھیجنا ہے اس کے بعد پھر کسی دوسری جگہ کے لئے تجویز فرما کر بھیج دیتے۔ جو طلبہ کسی جگہ کام شروع کرتے ان کی بھی پوری خبر گیری رکھتے، مفید مشوروں سے نوازتے رہتے اور کتابوں کی ضرورت ہوتی تو بڑی بڑی قیمتی کتب خرید کر عنایت فرماتے۔

فقہ وفتاویٰ میں مناسبت پیدا ہونے کی تدبیر

حضرت مفتی صاحب قدس سرہ کی پوری کوشش ہوتی تھی کہ فتویٰ کی مشق کرنے والے طلبہ میں فقہ وفتاویٰ سے کمالِ مناسبت پیدا ہو جائے، ان کو ترغیب دیتے، رہنمائی فرماتے، ترغیب کے لئے کوئی مسئلہ بیان فرماتے ہوئے کتابیں کھول کر دکھاتے اور ضعف کے باوجود کوئی سستی نہ کرتے، فوراً کتاب اٹھا کر لاتے اور مسئلہ نکال کر دکھاتے، بعض مرتبہ متعدد بار اس کی نوبت آتی۔

فقہ میں مناسبت اور مہارت پیدا ہونے کے لئے بدائع الصنائع، شامی، فتح القدیر زیلعی شرح کنز (تبیین الحقائق) کے مطالعہ کی تاکید فرماتے اور فرمایا کرتے۔

اصول اور لِم کے لئے بدائع الصنائع، جزئیات کے لئے شامی، تعارضِ ادلہ کے لئے فتح القدیر، اور استدلال بالحدیث کے لئے زیلعی کا مطالعہ بہت مفید ہے، تفسیر میں مہارت ومناسبت کے لئے تفسیر مظہری، تفسیر عزیزی، تفسیر روح المعانی، احکام القرآن للجصاص اور تفسیر کبیر للامام رازی کی تاکید فرماتے۔

Made Searchable by ScribeTools.com

فرقِ باطلہ کی تردید کے لئے طلباء کی تیاری

فرقِ باطلہ کی تردید وبیخ کنی حضرت والا قدس سرہ کی زندگی کا اہم مشغلہ رہا ہے(۱)، حضرت والا طلباء کو بھی اس کی طرف توجہ دلاتے اور ان کی ذہن سازی فرماتے، فرق باطلہ کے ساتھ اپنی گفتگو اور مکالمات بڑی دلچسپی کے ساتھ تفصیل سے سناتے، اپنے اور دیگر اکابر علمائے حق کے مناظروں کے واقعات وحالات بھی تفصیل سے سناتے، متعلقہ کتب کی طرف رہنمائی بھی فرماتے، جو طلباء باذوق اور ذہین ہوتے ہیں ان پر خاص توجہ فرماتے جس کی وجہ سے طلبہ میں فرقِ باطلہ کی تردید وبیخ کنی کا خاص ذوق ومزاج پیدا ہوجاتا اور اپنی اپنی جگہوں پر پہنچ کر دیگر مشاغل کے ساتھ اس نوع کے فتنوں کی سرکوبی سے بھی غفلت نہ کرتے۔ چنانچہ آج کثیر تعداد ان اصحابِ افتاء کی ملک وبیرون ملک میں موجود ہے جنھوں نے حضرت قدس سرہ کے سامنے زانوئے تلمذ طے کیا اور حضرت سے فتویٰ نویسی کی تمرین ومشق کی اور اب وہ فقہ وفتاویٰ کی بڑی خدمات انجام دے رہے ہیں، بلکہ خود دارالعلوم دیوبند، مظاہر علوم سہارنپور، شاہی مرادآباد، جامعہ اسلامیہ ڈابھیل، جامعہ رحمانیہ ہتورہ باندہ اور ملک کے دیگر بڑے مدارس میں اور غیر ممالک میں بھی متعدد مدارس میں مسندِ افتاء کو زینت بخشنے والے عموماً حضرت والا قدس سرہ کے تلامیذ ومسترشدین ہی نظر آتے ہیں۔ ان اصحابِ افتاء کی بھی خاصی تعداد ہے جنھوں نے افتاء کی تمرین ومشق تو حضرت قدس سرہ سے نہیں کی، البتہ استفادہ کیا اور حضرت والا نے ان کی سرپرستی اور رہنمائی فرمائی، مشوروں سے نوازا اور انھوں نے فقہ وفتاویٰ کی عظیم خدمات انجام دیں یا انجام دے رہے ہیں۔

زندۂ جاوید ہیں تیرے فدائی، جاں نثار
جن کے دم سے آئی اس صحرائے اعظم میں بہار
جن کے خونِ دل سے تاریخیں بنی ہیں زرنگار
شاہدِ عظمت ہے جن کی گردشِ لیل ونہار

---

(۱) اس کا اندازہ (کتاب الإیمان والعقائد، باب الفرق الباطلة) سے بخوبی لگایا جاسکتا ہے۔

Made searchable using ScribeTools.com

امراض وتکالیف

قبض اور ہچکیوں کی تکلیف

بچپن میں حضرت والا کو قبض کی بھی سخت تکلیف ہوئی، جس کی وجہ سے حضرت کو مسہل دیا جاتا تھا، جو سخت بدبودار ہوتا تھا۔

ہچکیاں

ہچکیوں کی تکلیف بھی حضرت والا کو کئی مرتبہ ہوئی، یہ تکلیف بہت سخت ہوتی تھی کسی طرح سکون نہیں ہوتا تھا جس کی وجہ سے نیند بھی نہیں آسکتی تھی، کئی کئی روز بلکہ بعض دفعہ ہفتہ دو ہفتہ تک اس کا سلسلہ شب وروز چلتا تھا کہ کسی کروٹ چین نہ ملتا۔

آنکھ کا آپریشن

۱۹۷۶ء میں ایک دفعہ ایک مسئلہ کی تلاش تھی، کئی روز ہوگئے، متعدد کتابوں میں تلاش کیا، نہیں ملا، ایک روز صبح سے ہی اس کو تلاش کرنا شروع کیا تلاش کرتے کرتے دوپہر ہوگئی نہیں ملا، اسی فکر میں لیٹ گئے، نماز ظہر کے لئے اٹھے تو بائیں آنکھ میں درد تھا، ڈاکٹر کو دکھایا اس نے معائنہ کرکے بتایا کہ آنکھ کا پردہ پھٹ گیا اور آنکھ پر کسی چیز کا وزن پڑا ہے جس کی وجہ سے پردہ پھٹا ہے، اس کو بتایا گیا کہ وزن تو کوئی نہیں پڑا، ڈاکٹر نے کہا وزن کسی چیز ہی کا نہیں ہوتا بلکہ فکر کا بھی وزن ہوتا ہے، کسی فکر کا بوجھ پڑا ہے، بتایا گیا کہ ایک مسئلہ کی تلاش تھی اس کی فکر تھی تلاش کرتے کرتے دوپہر ہوگئی اسی فکر میں سوگئے، سوکر اٹھے تو آنکھ کی یہ حالت تھی۔

ڈاکٹر نے بتایا اسی فکر کا بوجھ پڑا جس سے پردہ پھٹ گیا، گویا اللہ تعالیٰ کے دین کی خاطر آنکھ جیسی عزیز اور قیمتی چیز کو قربان کردیا۔

آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی انگشت مبارک ایک موقع پر زخمی ہوگئی اور خون نکل آیا، آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے انگشت مبارک کو خطاب کرتے ہوئے ارشاد فرمایا:

"هل أنت إلا أصبع دميت وفی سبيل الله مالقيت"(۱)

''تو ایک انگلی ہی تو ہے جو خون آلود ہوگئی ہے اور اللہ کے راستہ ہی میں ہے جس سے تو نے ملاقات کی''۔ یعنی جو کچھ پیش آیا اللہ کے راستہ ہی میں پیش آیا۔

حضرت والا بھی آنکھ کا پردہ پھٹنے کے باوجود انتہائی مطمئن تھے اور بزبانِ حال گویا:

حق تو یہ ہے کہ حق ادا نہ ہوا

حضرت والا قدس سرہ آپریشن کے لئے تیار نہ تھے جب کوئی اصرار کرتا تو فرماتے: حق تعالیٰ شانہ نے آنکھ لینے پر جنت کا وعدہ فرمایا ہے، حدیث قدسی ہے، اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں: "إذا ابتليتُ عبدي بحبيبتيه ثم صبر، عوّضتُه منهما الجنة" —يريد عينيه—". (رواه البخاری) (مشكوٰة شريف، ص: ۱۳۵)(۲).

ترجمہ: ''میں جب اپنے کسی بندہ کو اس کی دو محبوب چیزوں (آنکھوں) میں مبتلا کرتا ہوں (بینائی لے کر) پھر وہ صبر کرتا ہے میں اس کو ان کے بدلہ میں جنت عطا کرتا ہوں''۔

میں اس عظیم بشارت کو کیوں چھوڑ دوں۔ اور فرمایا کرتے:

حضرت مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی قدس سرہ کی بینائی جاتی رہی انھوں نے آپریشن نہیں کرایا، ان سے کہا گیا تو یہی جواب دیا تھا کہ آنکھ پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے جنت کی بشارت ہے، میں اس بشارت کو کیوں چھوڑ دوں۔

عرض کیا گیا کہ آپ کی آنکھوں سے مخلوق کو بہت فائدہ پہنچتا تھا وہ ختم ہوگیا، اس پر حضرت گنگوہیؒ نے فرمایا: ''اس میں میرے کس اختیار کو دخل ہے، جب تک اللہ کو منظور ہوا کام لیا، جب منظور نہیں ہوا نہیں لیا، میں

---

(۱) "عن جندب بن سفيان أن رسول الله صلى الله عليه وسلم فی بعض المشاهد، وقد دميت أصبعه، فقال: (شعر) "هل أنت إلا أصبع دميت ..... اهـ". (صحيح البخاری، كتاب الجهاد، باب من ينكب أويطعن فی سبيل الله: ۱/۳۹۳، قديمی)

(۲) (مشكوٰة المصابيح، كتاب الجنائز، باب عيادة المريض وثواب المريض، قبيل الفصل الثانی، ص: ۱۳۵، قديمی)

(وأخرجه البخاری فی صحيحه فی كتاب المرضی، باب فضل من ذهب بصره، عن أنس بن مالك رضی الله تعالیٰ عنه: ۲/۸۴۴، قديمی)

Made searchable using ScribeTools.com

بشارت کو کیوں چھوڑوں''۔ بالآخر مدت العمر اسی طرح رہے اور آپریشن نہیں کرایا، اس لئے میں ہی کیوں کراؤں۔

شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریا صاحب قدس سرہ نے آپریشن کے لئے فرمایا تب بھی یہی جواب دیا، اس پر حضرت شیخ نوراللہ مرقدہ نے فرمایا: ''میں تو اپنی آنکھوں کا کام بھی آپ کی آنکھوں سے ہی لیتا ہوں۔''

چوں کہ حضرت شیخ الحدیث نوراللہ مرقدہ کی بینائی بھی جاتی رہی تھی اور کسی تحقیق کی ضرورت پیش آتی تھی تو حضرت قدس سرہ کو ہی اس کا حکم فرمایا کرتے تھے، حضرت والا قدس سرہ اس کو تلاش کر کے حضرت شیخ قدس سرہ کی خدمت میں پیش کرتے تھے۔ حضرت شیخ نوراللہ مرقدہ کی خواہش اور حکم کی تعمیل میں آپریشن کرانے پر رضامند ہوئے۔

دوسرا آپریشن

۱۹۷۷ء حج میں تشریف لے گئے، مکہ مکرمہ- زادہا اللہ شرفاً وکرامۃً- سے منیٰ جاتے ہوئے راستہ میں دائیں آنکھ کا پردہ پھٹا وہاں حج کی مشغولی میں کسی ڈاکٹر کو دکھا بھی نہ سکے، حج کے ایام اسی حالت میں پورے کئے، حج سے فراغت پر مدینہ طیبہ- زادہا اللہ شرفاً وکرامۃً- حاضری ہوئی، وہاں اس ڈاکٹر نے آنکھ کا معائنہ کیا، جس نے حضرت شیخ الحدیث نوراللہ مرقدہ کا آپریشن کیا تھا۔

حج کے بعد حضرت قدس سرہٗ کا برطانیہ کا سفر طے تھا، حضرت کے خلیفہ حضرت مولانا محمد یوسف متالا صاحب زہد مجدھم، مہتمم دارالعلوم بری، یوکے، کا بہت سخت اصرار تھا کہ آپریشن برطانیہ ہی میں ہو اور وہاں حضرت مولانا محمد یوسف متالا صاحب زید مجدہم نے دارالعلوم بری سے قریب ہی شہر مانچسٹر ہسپتال میں آپریشن تجویز کیا۔ ہسپتال میں حضرت کو داخل کر دیا گیا اور ابتدائی مراحل کے بعد آپریشن کیا گیا، دو ماہ تقریباً ہسپتال میں رہنا پڑا مگر آپریشن میں کامیابی نہیں ہوئی اور آنکھ میں روشنی نہیں آسکی۔

تیسرا آپریشن

جب برطانیہ میں آپریشن میں کامیابی نہ ہوسکی اور طویل قیام اور ڈاکٹروں کی کوشش کے باوجود آنکھ میں روشنی نہ آسکی تو یہ طے ہوا کہ کلکتہ کے ڈاکٹروں کی نگرانی میں علاج جاری رکھا جائے، چنانچہ برطانیہ سے سیدھے

کلکتہ تشریف لے گئے اور وہاں میڈیکل ہسپتال میں داخل کئے گئے، وہاں کے ڈاکٹروں نے برطانیہ کے ڈاکٹروں کو ناکامی کا ذمہ دار قرار دیا اور قصوروار ٹھہرایا اور اسی دائیں آنکھ کا جس کا آپریشن برطانیہ میں ہو چکا تھا دوبارہ آپریشن کر دیا مگر کامیابی نہ ہوسکی۔

چوتھا آپریشن

اس لئے ڈاکٹروں کی رائے ہوئی کہ پھر دوبارہ آپریشن ہو چنانچہ ڈاکٹروں نے دوبارہ آپریشن کیا، بہت کوشش کی مگر تقدیر خداوندی کے سامنے سب عاجز و بے بس ہیں، ان تینوں آپریشن میں تقریباً سو دن صرف ہوئے، اور بار بار آپریشن کی وجہ سے آنکھ بالکل بیٹھ گئی اور آئندہ آپریشن کے قابل نہ رہی۔ إنا للہ وإنا إلیہ راجعون۔

پانچواں آپریشن

اللہ پاک کی قدرت کہ ۱۹۷۹ء میں پھر اسی بائیں آنکھ میں موتیا اتر آیا، آپریشن کے لئے مختلف جگہوں سے پیش کش کی گئی، مدرسہ جامعہ تعلیم الدین ڈابھیل کے مہتمم حضرت مولانا سعید احمد صاحب بزرگ قدس سرہ اور استاد حدیث و مفتی محترم مولانا مفتی احمد خان پوری دامت برکاتہم اور دیگر متعلقین کی طرف سے اصرار ہوا کہ ڈابھیل کے قریب قصبہ نوساری میں آپریشن ہو کہ وہاں ہم سب کو خدمت کا موقع ملے گا اور نوساری ہسپتال میں سب انتظامات بھی طے کرا لئے اور وہاں کے انتظامات اور سہولتوں کی تمام تفصیل حضرت والا کو لکھ کر دعوت پیش کی۔

ادھر کلکتہ کے حضرات کا پھر اصرار ہوا کہ کلکتہ ہی آپریشن ہو اور وہاں کے احباب کا ایک وفد آ پہنچا، تاکہ حضرت سے طے کرالیں کہ کب تشریف لے جائیں گے، تاکہ اس وقت آ کر حضرت کو کلکتہ لے جائیں اور ہاں آپریشن کرائیں، چنانچہ حضرت والا قدس سرہٗ کلکتہ تشریف لے گئے اور وہیں ہسپتال میں یہ آپریشن بھی ہوا۔

فالج کا حملہ اور آپریشن کے ذریعہ مشین کی فٹنگ

۱۴۱۱ھ میں کلکتہ کا سفر ہوا وہاں سے بنگلہ دیش کا سفر تھا کہ نماز کے دوران فالج کا حملہ ہوا، ہسپتال میں داخل ہو گئے اور الحمد للہ افاقہ ہوا، اور پھر بنگلہ دیش کے سفر پر جو علالت کی وجہ سے ملتوی کر دیا گیا تھا تشریف لے گئے۔ سفر سے واپسی پر کلکتہ ڈاکٹروں کو پھر دکھلایا، ڈاکٹر کی رائے ہوئی کہ دہلی میں ڈاکٹر خلیل اللہ صاحب سے

Made Searchable using ScribeTools.com

معائنہ کرا کر مشورہ ضرور کرلیا جائے چنانچہ کلکتہ سے واپسی پر دہلی ڈاکٹر خلیل اللہ صاحب سے معائنہ کے لئے ہسپتال میں داخل ہوئے، ڈاکٹر صاحب کی رائے ہوئی کہ دل کے ایک وال نے کام کرنا چھوڑ دیا ہے، اسی وجہ سے بیٹھ کر اٹھتے ہوئے دل میں خون کا دوران صحیح نہ ہونے کی وجہ سے چکر آتا ہے اور کسی وقت بھی کوئی حادثہ پیش آسکتا ہے اس لئے فوراً آپریشن ضروری ہے۔

بعض احباب کی رائے آپریشن کی نہیں تھی مگر ڈاکٹر صاحب نے اصرار کیا کہ آپریشن ضروری ہے اس لئے بمجبوری آپریشن کرنا پڑا، دائیں سینہ پر آپریشن کر کے ایک مشین اندر رکھ دی اور اس کا تعلق دل سے کر دیا کہ اگر کسی وقت دل کا وال کام نہ کرے وہ کام کرے گی۔ یہ آپریشن تو زیادہ اہم نہ تھا لیکن تکلیف سخت ہوئی۔

غیر اختیاری سنت پر عمل اور سحر کا اثر

حضرت والا قدس سرہ پر سحر بھی کیا گیا اور بار بار کیا گیا اور سخت خطرناک کیا گیا جس کی وجہ سے سخت تکالیف برداشت کرنا پڑیں، اللہ کا فضل ہے اللہ پاک نے حفاظت فرمائی، گو حضرت والا قدس سرہ خود زبردست عامل تھے اور ہزاروں بندگانِ خدا جنات وسحر سے پریشان، حضرت قدس سرہ کے تعویذ یا دم (یا ان کو کچھ پڑھنے کے لئے بتادیا) سے شفایاب ہوئے، مگر سحر تو خود حضرت سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم پر بھی کیا گیا اور آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر اس کا اثر بھی ہوا اور اس کے علاج کے لئے حق تعالیٰ شانہ نے معوذتین (قل اعوذ برب الفلق، قل اعوذ برب الناس) نازل فرمائیں(۱)۔

حضرت والا قدس سرہ جو زندگی میں پیش آنے والی ہر ہر جزئی میں اتباع سنت کو اختیار فرماتے تھے اور

---

(۱) قال الإمام ابن كثير: " ورواه الإمام أحمد أيضاً عن إبراهيم بن خالد ..... (إلى قوله) : فدبت إليه اليهود، فلم يزالوا به حتى أخذ مشاطة رأس النبى صلى الله عليه وسلم وعدةً من أنسانِ مشطه، فأعطا ها اليهود، فسحروه فيها، ..... فمرض رسول الله صلى الله عليه وسلم ، وانتثر شعر رأسه، ولبث ستة أشهر يرى أنه يأتى النساء ولا يأيتهن، وجعل يذوب ولا يدرى ماعراه (إلى قوله) فأنزل الله تعالىٰ السورتين، فجعل كلما يقرأ آيةً انحلّت عقدة، ووجد رسول الله صلى الله عليه وسلم خفةً حين انحلت العقدة الأخيرة". (تفسير ابن كثير؛ قبيل سورة الناس: ۴/ ۴۶۲، ۴۷۷، مكتبه دارالسلام رياض)

(وكذا فى روح المعانى، تحت قوله تعالىٰ: (ومن شر النفاثاتِ فى القعد): ۳۰/ ۲۸۲، ۲۸۳، داراحياء التراث العربى، بيروت)

ان کی پوری زندگی اتباعِ سنت کے نور سے منور تھی اور سنت سے ادنیٰ انحراف بھی گوارا نہ کیا، مشیتِ ایزدی کا تقاضا ہوا کہ غیر اختیاری سنتوں کے انوار وفوائد سے بھی ان کو مستنیر ومستفید کیا جائے، انھیں غیر اختیاری سنتوں میں سے یہ بھی ہے کہ آپ پر سحر بھی کیا گیا اور آپ پر اس کا اثر بھی ہوا۔

سحر کا اثر ہندوستان میں، بالخصوص دیوبند قیام کے دوران زیادہ محسوس ہوتا تھا، بیرونِ ہند کے سفر پر جاتے ہی افاقہ ہوجاتا تھا، بعض دفعہ طویل سفر پر رہے، کوئی اثر نہ ہوا، طبیعت بہت اچھی رہی اور سفر سے واپسی پر ہندوستان پہنچے اور اثر شروع ہوگیا اور دیوبند پہنچ کر اس میں اَور شدت ہوجاتی۔ شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی قدس سرہ پر بھی سحر کیا گیا تھا، حضرت مدنی قدس سرہ کا مقولہ بھی حضرت والا قدس سرہ نے سنایا کہ حضرت مدنی قدس سرہ فرمایا کرتے تھے کہ: ''دیوبند کے اتنے میل کے اندر اندر اثر ہوتا ہے اس حد سے باہر چلا جاتا ہوں اثر نہیں رہتا'' اور فرمایا کرتے تھے: ''ہر وقت ارواحِ خبیثہ کا ہجوم رہتا ہے، کچھ پڑھتا رہتا ہوں سکون رہتا ہے، پڑھنا چھوڑا فوراً ان کا حملہ شروع ہوجاتا ہے''۔

اس ضرورت اور پریشانی کی وجہ سے بھی مولانا محمد ابراہیم صاحب زید مجدہم بعض دفعہ حضرت قدس سرہ کو بیرونِ ہند کے سفر پر لے جاتے۔

۱۴۱۴ھ میں دہلی ہسپتال میں برائے علاج قیام کے دوران حضرت مولانا افتخار الحسن صاحب کاندھلوی زید مجدہم کو خواب میں شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریا صاحب قدس سرہ نے حضرت والا قدس سرہ پر سحر اور اس کے علاج کی طرف توجہ دلائی، حضرت مولانا زید مجدہم نے سحر کا علاج فرمایا اور اپنے معتمدِ خاص محترم مولانا ارشاد احمد صاحب قدس سرہ مبلّغ دارالعلوم دیوبند کو ہسپتال میں بھیج کر وظیفہ پڑھوایا، موصوف ہر روز بلا ناغہ پڑھتے، اللہ پاک نے اس کی برکت سے حضرت والا قدس سرہ کو افاقہ دیا، صحت یابی کے شکرانہ میں حضرت مولانا افتخار الحسن صاحب زید مجدہم نے ایک بکرا ذبح کیا۔

اس کے بعد حضرت اقدس قدس سرہ کا سفر عمرہ بھی صحت یابی کے شکرانہ میں تھا۔

شدتِ علالت اور آپریشن

ہندوستان سے افریقہ تشریف لے جانے کے بعد ابتداءً طبیعت اچھی رہی اور حسبِ سابق تمام معمولات جاری رہے۔

Made searchable using ScribeTools.com

حضرت قدس سرہ کے گردہ میں پہلے سے تکلیف تھی جس کا پہلے سے علاج جاری تھا، نیز گردہ سے مثانہ کی جانب جانے والی نالی میں غدود پیدا ہوگئے تھے ان کا علاج بھی جاری تھا، غدود بڑھ کر مثانہ میں پھیل گئے اور کینسر کی شکل اختیار کر گئے جس سے تکلیف میں شدت پیدا ہوکر ناقابلِ برداشت حد کو پہنچ گئی کہ ان سے پیشاب کا راستہ بند ہوکر گردہ متاثر ہونے لگا، ڈاکٹروں سے مشورہ برابر جاری رہا، کوشش کی گئی کہ دواؤں کے ذریعہ سے اس کا علاج ہوجائے۔

حضرت قدس سرہ کے معالجِ خصوصی ڈاکٹر عبدالحی بُلبلیا امریکی بھی امریکہ سے سفر کر کے خاص طور پر اسی مقصد کے لئے حاضر ہوگئے انھوں نے معائنہ کیا، ادھر حضرت قدس سرہ کے دوسرے معالجِ خصوصی ڈاکٹر محمد لہر صاحب افریقی ہر دو صاحبان نے گردہ کے ماہر ڈاکٹر محمد خان صاحب کے ساتھ مل کر غدود کی صفائی کی جو الحمد للہ کامیاب رہی، پھر چار ہفتے تک ہر ہفتہ اس کی صفائی ہوتی رہی۔ ابھی ایک صفائی اَور ہونا باقی تھی کہ ڈربن شہر کا سفر ہوگیا، چوں کہ ڈربن شہر اور اس کے اطراف میں حضرت قدس سرہ کے اہلِ تعلق وارادت کثیر تعداد میں ہیں اور ابھی تک وہاں کا سفر اس موقع پر نہیں ہوسکا تھا ان سب کی تمنا وخواہش بلکہ اصرار تھا کہ وہاں سفر ضرور ہو، اس لئے اس خیال سے کہ ڈربن کے سفر کے بعد ایک صفائی جو باقی ہے ہوجائے گی اور پھر مجوزہ نظام کے مطابق سفر پر روانہ ہوجائیں گے۔

۱۶ر جولائی کو حضرت قدس سرہٗ صوبہ ناٹال کے شہر ڈربن تشریف لے گئے، وہاں اکثر قیام مدرسہ تعلیم الدین اسپنگو بیچ مفتی ابراہیم صالح جی کے مدرسہ میں رہا، وہاں سے مرکزِ تبلیغ اور مختلف اداروں میں اور مدرسوں میں تشریف بری ہوتی رہی۔

۷/ اگست کو سابقہ امراض کے ساتھ ایک نئی صورتحال پیدا ہوگئی، کچھ فالج کا اثر بھی ہوگیا جس کی وجہ سے غذا کا نگلنا اور کھانسی کے وقت بلغم کا نکالنا مشکل ہوگیا، اس کے ساتھ ساتھ غذا اور پانی، سانس کی نالی کے ذریعے پھیپھڑہ میں پہنچنا شروع ہوگیا، جس کی مشین کے ذریعہ صفائی کی جاتی رہی، اس درمیان کبھی کچھ افاقہ اور کبھی کچھ اضافہ دونوں صورتیں ہوتی رہیں۔

آخری دعاء اور آخری حدیث شریف

اس سب کے باوجود تین مجالس اہتمام سے ہوتی رہیں: فجر کے بعد مجلسِ ذکر، بعد عصر مجلسِ عام، عشاء کے بعد مجلسِ صلوٰۃ وسلام۔ مجلسِ صلوٰۃ وسلام کے بعد حضرتؒ خود ہی دعاء فرمایا کرتے تھے۔ ۱۷/ اگست کو حضرتؒ نے آخری دعاء فرمائی۔ ۱۸/ اگست بروز اتوار کو کچھ علمائے کرام عیادت کے لئے حاضر ہوئے ان میں سے بعض نے حسنِ خاتمہ کا عمل دریافت کیا، حضرتؒ نے چند لمحے سکوت فرمانے کے بعد یہ حدیث پاک سنائی:

"من كان آخر كلامه لا إله إلا ١ لله دخل الجنة". (۱) "جس کا آخری کلام لا الٰہ الا اللہ ہو وہ جنت میں داخل ہوگا"۔ یہ آخری حدیث ہے جو آپ کی زبان مبارک سے ادا ہوئی۔ ۱۸/ کی شب میں مرض میں اضافہ ہوگیا، ڈاکٹر لہر صاحب نے پانی وغیرہ نکالا، ۱۹/ کو کچھ افاقہ محسوس ہوا۔

دنیا سے انقطاع کلی

اس درمیان دنیا سے انقطاعِ کلی کی سی کیفیت طاری رہتی تھی، محسوس ہوتا تھا کہ دنیا سے بالکل تعلق ختم کر کے مکمل طور پر آخرت کی طرف متوجہ ہیں اور گویا منتظر ہیں کہ کب ملک الموت تشریف لاتے ہیں اور اس دارِ فانی سے دار البقاء کی طرف دروازہ کب کھلتا ہے۔

کبھی غنودگی اور ربودگی کی سی کیفیت ہوتی عموماً خاموش لیٹے رہتے، کچھ افاقہ ہوتا تو زبان پر ذکر اللہ جاری رہتا، تلاوتِ کلام اللہ فرماتے، کبھی مکمل سکوت، کبھی سلام کرنے والوں کا جواب بھی مرحمت فرماتے۔

مکمل سکوت کی حالت میں بھی محسوس ہوتا کہ ذکرِ "پاس انفاس" برابر جاری ہے۔

مرض الوفات

۱۸/ ربیع الثانی ۱۴۱۷ھ، ۲/ ستمبر بروز دوشنبہ (پیر) طبیعت اچانک زیادہ بگڑ گئی، ضعف انتہائی درجہ کو پہنچ گیا اور آفتاب غروب ہونے کے کچھ دیر بعد (۲/ ستمبر ۱۹۹۶ء کو ہندوستان میں ۱۷/ ربیع الثانی تھی، گویا ۱۸/ کی شب جب کہ افریقہ میں ۱۹/ کی شب تھی) ۱۹/ ربیع الثانی منگل کی شب میں ساڑھے سات بجے، ہندوستان میں

---

(۱) (مشكوة المصابيح، كتاب الجنائز، باب مايقال عند من حضره الموت، الفصل الثانى، ص: ۱۴۱، قديمى)

(وأخرجه أبو داؤد فى سننه فى كتاب الجنائز، باب فى التلقين: ۲/ ۸۸، امداديه)

Made searchable using ScribeTools.com

ساڑھے دس بجے یہ آفتابِ رشد وہدایت بھی غروب ہوکر علمی دنیا کو اندھیر کر گیا۔

جس نے خدائے پاک کے دین کی خاطر زندگی کا ایک ایک لمحہ قربان کیا تھا، اپنی اس مستعار زندگی کو بھی اس کے سپرد کردیا۔ إنا لله وإنا إليه راجعون، فصبر جميل والله المستعان على ما تصفون۔

گویا آپ کارواں رواں پکار ہا تھا ؎

ہمارے پاس ہے کیا جو فدا کریں تم پر
مگر یہ زندگی ہے مستعار رکھتے ہیں

اور جو شخصیت دین کی خاطر ہمیشہ بے قرار رہتی تھی، زندگی کا آخری لمحہ تک دین پر نثار کرنے کے بعد جان جانِ آفریں کے حوالہ کر کے آخر اس بے قرار شخصیت کو قرار آ ہی گیا۔ ؎

جان دے دی جگر نے آج پائے یار پر
عمر بھر کی بے قراری کو قرار آ ہی گیا

"إن لله ما أخذ، وله ما أعطى، وكل شيء عنده بأجل مسمى". (مسند احمد، رقم: ۲۱۲۶۹)

نماز جنازہ

لوگوں کی خواہش تھی نماز جنازہ مولانا ابراہیم صاحب زید مجدہم پڑھائیں، کیوں کہ وہی اس منصب کے سب سے زیادہ اہل تھے لیکن غم واندوہ کی تصویر بنے ہوئے مولانا ابراہیم صاحب شدتِ غم سے اتنے نڈھال تھے کہ وہ اس امر کے لئے تیار نہ ہوسکے، آخر کار مشورہ سے ہندوستان سے آئے ہوئے مہمانِ خصوصی حضرتؒ کے تلمیذ رشید وخلیفہ ومجاز حضرت مولانا مفتی ابوالقاسم صاحب بنارسی زید مجدہم شیخ الحدیث مدرسہ جامعہ اسلامیہ ریوڑی تالاب بنارس ورکنِ شوریٰ دارالعلوم دیوبند کا نام تجویز کیا گیا، نماز جنازہ پڑھانے کی سعادت ان کے حصہ میں آئی۔

نماز جنازہ کے دوران مجمع شدتِ غم سے بے قابو تھا لوگوں کی چیخیں نکل رہی تھیں، نماز جنازہ میں شریک ہونے والوں کے مجمع کا اندازہ تقریباً دس ہزار کا تھا، سرزمینِ افریقہ نے شاید ہی اس سے قبل کسی جنازہ میں اتنا مجمع دیکھا ہوگا۔

جنازہ میں جنوبی افریقہ کے علاوہ بعض غیر ملکی حضرات نے بھی شرکت کی، بالخصوص مولانا عبدالرحیم

Made Searchable by ScribeTools.com

صاحب متالا زید مجدہم مع رفقاء زمبیا سے، مولانا بدر عالم صاحب زید مجدہم ری یونین سے، مولانا مفتی ابوالقاسم صاحب زید مجدہم ہندوستان سے جو پہلے سے جنوبی افریقہ حضرتؒ کی خدمت میں پہنچے تھے، بھی شریک ہوئے۔

نمازِ جنازہ قبرستان میں ادا کی گئی اور جہاں نماز جنازہ ہوئی اس جگہ سے قبر شریف قریب ہی تھی، لیکن ہجوم بے قابو تھا بڑی مشکل سے راستہ بنا کر قبر تک جنازہ لایا گیا۔

تدفین

حضرت کی تدفین ہیزل دین سے ۳/کلومیٹر فاصلہ پر ایلسبرگ کے قبرستان میں ہوئی، جہاں مولانا ابراہیم صاحب زید مجدہم کے والدین مرحومین اور اہلِ خاندان کی قبریں ہیں۔ حضرتؒ کی قبر مبارک مولانا ابراہیم صاحب کی والدہ کی قبر کے دائیں جانب بنائی گئی۔ قبر میں اترنے والوں میں مولانا ابراہیم صاحب پانڈور، مولانا موسیٰ صاحب پانڈور، مفتی ابراہیم صالح جی صاحب مہتمم مدرسہ اسپنگو بیچ، مفتی رضاء الحق صاحب مفتی دارالعلوم زکریا اور مفتی اسماعیل عبدالرحیم صاحب مہتمم مدرسہ دارالبنات و مہتمم جامعہ محمودیہ اسپرنکس شامل تھے۔

حضرت مفتی صاحب نور اللہ مرقدہٗ کے فتاویٰ پر تصحیح و تصویب کی غرض سے بہت سے حضرات علمائے کرام کے دستخط ثبت ہیں، لیکن جن حضرات کی دستخط اکثر فتاویٰ میں ہیں ان کے حالاتِ زندگی کو بھی ذکر کر دیا گیا ہے، وہ حضرات یہ ہیں:

۱- حضرت مولانا الحاج سید عبداللطیف صاحب، ناظم مظاہر علوم سہارنپور۔
۲- حضرت مولانا مفتی سعید احمد صاحب، مفتی مظاہر علوم سہارنپور۔
۳- حضرت مولانا مفتی مہدی حسن صاحب، مفتی دارالعلوم دیوبند۔
۴- حضرت مولانا مفتی نظام الدین صاحب، مفتی دارالعلوم دیوبند۔

Made searchable using ScribeTools.com

حضرت مولانا الحاج سید عبداللطیف صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ

سابق ناظم مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور

آپ کے والد ماجد کا نام مولانا جمعیت علی صاحب ہے، آپ کی ولادت پور قاضی ضلع مظفر نگر میں ہوئی، تحقیقی طور پر آپ کا سنِ پیدائش معلوم نہیں، تخمینی اندازہ ۱۲۹۹ھ کا ہے۔

قرآن پاک اپنے وطن میں حافظ امانت علی صاحب بگھروی کے پاس رہ کر حفظ کیا، حافظ صاحب موصوف مدرسہ تعلیم القرآن جامع مسجد پور قاضی میں پڑھاتے تھے۔ حفظ القرآن کے بعد ابتدائی کتب فارسی اپنے والد محترم سے بہاولپور جا کر پڑھیں۔ ایک مرتبہ حضرت مولانا خلیل احمد رحمہ اللہ تعالیٰ بہاولپور تشریف لے گئے تو اس موقع پر والد محترم نے مولانا کو دینی تعلیم کے لئے حضرت اقدس سہارنپوری کے حوالہ کر دیا اور آپ اس طرح حضرت کے ہمراہ سہارنپور آ گئے ۱۴/ جمادی الثانیہ ۱۳۱۵ھ میں آپ کا داخلہ جامعہ مظاہر علوم میں ہوا، اس وقت آپ کی عمر سولہ ۱۶/ سال تھی۔

۱۳۲۲ھ میں آپ نے کتبِ صحاح کے ساتھ بیضاوی، ہدایہ آخرین اور قاضی مبارک پڑھ کر فراغت پائی۔ ۱۳۲۳ میں شعبۂ فنون میں داخلہ لے کر توضیح تلویح، دیوان متنبّی، صدرا پڑھی۔

آپ نے بخاری، مسلم، ابوداؤد، ترمذی، ابن ماجہ شریف حضرت اقدس سہارنپوریؒ سے، نسائی شریف حضرت مولانا عنایت الٰہی صاحبؒ سے اور مشکوٰۃ شریف مولانا ثابت علی صاحبؒ سے پڑھی ہیں۔

دورۂ حدیث کے امتحان سالانہ میں موصوف اپنی تمام جماعت میں اول نمبر پر آ کر کامیاب ہوئے جس پر آپ کو منجانب مدرسہ بطورِ انعام تفسیر بیضاوی شریف، سورہ بقرہ، مسامرہ شرح مسایرہ، تاریخ تیموری فتوح الشام دی گئیں۔

درس وتدریس

فراغت کے بعد ۱۳۲۳ھ میں آپ اعلیٰ حضرت شاہ عبدالرحیم صاحب رائپوریؒ کی تجویز کے مطابق مظاہر علوم کے استاذ بنائے گئے۔

شوال ۱۳۳۹ھ میں آپ استاذ حدیث بنائے گئے، چوں کہ اس زمانہ میں حضرت اقدس سہارنپوری نور اللہ مرقدہٗ بذل المجہود کی تالیف میں مشغول تھے، اس لئے صبح کے وقت کے تمام اسباق دوسرے اساتذہ پر تقسیم

کئے گئے، مولانا کے پاس بخاری شریف اور ترمذی شریف کے اسباق آئے، اس طور پر پہلی مرتبہ حدیث کی ان دو کتابوں کا درس مولانا کے حوالہ ہوا۔

مولانا موصوف جیدالاستعداد علماء میں سے تھے، ہر فن کی کتب بلاتکلف پڑھاتے، درس نظامی کی تمام کتابوں پر آپ کو عبور حاصل تھا لیکن آپ کی محنت کا اصل میدان حدیث شریف تھا، فنِ حدیث کی بلند و بالا کتاب بخاری کا درس سالہا سال تک آپ نے دیا ہے۔ ۱۳۲۴ھ میں جب حضرت اقدس سہارنپوریؒ حجاز تشریف لے جارہے تھے تو صحاح ستہ کے اسباق حضرت مولانا عبداللطیف صاحبؒ، حضرت مولانا عبدالرحمٰن صاحب کاملپوریؒ اور حضرت مولانا اسعداللہ صاحب نوراللہ مرقدہٗ پر تقسیم کئے گئے، حضرت شیخ قدس سرہٗ جب مدینہ منورہ سے واپس آئے تو وہ بھی اساتذۂ حدیث کی اس بزم میں شامل ہوئے۔ ۱۳۴۶ھ سے لے کر ۱۳۷۲ھ تک بخاری شریف جلد ثانی کا درس حضرت مولانا عبداللطیف صاحبؒ کے یہاں ہوتا تھا۔

اہتمام وانتظام

حضرت اقدس سہارنپوری نوراللہ مرقدہٗ جب ۱۳۳۳ھ میں حج کے لئے تشریف لے گئے تو عارضی طور پر آپ مظاہر علوم کے ناظم بنائے گئے، آپ نے اس موقع پر انتہائی تیقظ اور بیدار مغزی کے ساتھ اہتمام کے فرائض انجام دیئے اور اپنی اہلیت وصلاحیت کا اعتراف اپنے اکابر سے کرایا۔

۱۳۴۷ھ تک حضرت مولانا عنایت الٰہی صاحب نوراللہ مرقدہٗ مہتمم اور حضرت مولانا عبداللطیف صاحبؒ ناظم رہے۔ ۲۰/ جمادی الثانیہ، ۱۳۴۷ھ میں حضرت مولانا عنایت الٰہی صاحبؒ کے وصال پر یہ دونوں عہدے حضرت مولانا عبداللطیف صاحبؒ کو تفویض کئے گئے۔

بیعت تو آپ حضرت مولانا خلیل احمد صاحب نوراللہ مرقدہٗ سے تھے مگر اجازت وخلافت حضرت شیخ الحدیث مولانا زکریا صاحب نوراللہ مرقدہٗ سے حاصل ہوئی۔

حضرت اقدس مفتی صاحب قدس سرہٗ (مفتی محمود حسن گنگوہیؒ) نے آپ سے باقاعدہ تو کچھ نہیں پڑھا البتہ مظاہر علوم کے زمانۂ قیام میں طویل عرصہ تک فتاویٰ لکھ کر دکھاتے اور سناتے تھے اور حضرت مولانا عبداللطیف صاحب نوراللہ مرقدہٗ اصلاح فرماتے تھے، اس اعتبار سے حضرت ناظم صاحبؒ کو فقیہ الامت قدس سرہٗ کے اساتذہ میں شمار کیا جاسکتا ہے۔

Made searchable using ScribeTools.com

حضرت مولانا مفتی سعید احمد نوراللہ مرقدہٗ

ولادتِ سعید

عیدالاضحیٰ ۱۳۲۳ھ کا مبارک اور مسعود دن تھا، ہر طرف نور اور رحمت برس رہی تھی، لوگ اپنے روحانی باپ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی سنت اور طریقے کی یاد تازہ کررہے تھے، ایسے پُرسرور ماحول میں ضلع میرٹھ کے قصبہ اجراڑہ (جو ایک تاریخی اور قدیم قصبہ ہے) میں ایک خدا ترس، برگزیدہ شخصیت، باکمال و بااخلاق، دینداری میں ممتاز، اکابر وعلمائے کرام سے والہانہ عقیدت رکھنے والے فردِ فرید منشی نور محمد صاحبؒ کے یہاں فرزند کی ولادت ہوئی۔ کس کو خبر تھی کہ یہ معصوم بچہ آگے چل کر علامۂ وقت بنے گا، اور ہزاروں لوگ اس سے فیض یاب ہوں گے.....؟؟؟

حضرت مولانا محمد مظہر الحق صاحب چاندپوریؒ (خلیفۂ حضرت اقدس مولانا گنگوہیؒ) نے آپ کا نام محمد سعید تجویز فرمایا تھا، لیکن بڑے ہوکر کسی مصلحت کی وجہ سے ذرا ترمیم فرماتے ہوئے آپ نے اپنا نام ''سعید احمد'' کرلیا اور اسی نام سے شہرت پائی۔

ابتدائی تعلیم

چونکہ گھرانہ دیندار اور بزرگوں سے ربط وتعلق رکھنے والا تھا، خود حضرت مفتی صاحب کو تعلیم کی جانب بچپن ہی میں رغبت تھی، آپ کے چچا ملا عبدالمجید صاحب فرمایا کرتے تھے کہ سعید کو ابتداء سے پڑھنے کا شوق تھا کھیل کود میں جی نہیں لگاتے تھے۔ انہوں نے تعلیم کا آغاز اپنے جدِ امجد جناب منشی نصیب اللہ صاحبؒ سے کیا، قرآن کریم کا کچھ حصہ پڑھنے کے بعد تکمیل حضرت حافظ شاہ محمد حسین صاحبؒ سے کی جو قطب العالم حضرت گنگوہیؒ کے خادمِ خاص اور مولانا الیاس صاحبؒ کے خاص دوستوں میں تھے، حضرت شیخ کا نکاح ثانی انہوں نے ہی کرایا تھا، صاحبِ کشف وکرامت نہایت مخلص، بردبار، متقی، غلط رسومات سے سخت مجتنب اور اوصافِ حمیدہ کے پیکر تھے۔

حفظ مکمل ہوجانے کے بعد فارسی وعربی کی ابتدائی کتابیں بھی موصوف ہی کے مدرسہ اسلامیہ اجراڑہ میں پڑھیں۔

تعلیم کے دوران بڑے صبر آزما اور مشقت کے دور سے گزرے، سب سے عظیم حادثہ والدین کا سایہ سر سے اٹھ جانا تھا، لیکن ایسے نازک موقعہ پر بھی بلند ہمتی سے کام لیا اور بڑے استقلال ومضبوطی کے ساتھ اپنی تعلیم جاری رکھی۔ ۱۳۳۶ھ میں مظاہر علوم سہارنپور بغرضِ تعلیم داخل ہوئے اور بڑی مستعدی کے ساتھ تعلیم میں منہمک ہوگئے۔

حضرت مفتی صاحب کے چھوٹے فرزند حضرت مولانا اطہر حسین صاحب مدظلہ آپ کے زمانۂ طالب علمی کا نقشہ یوں کھینچتے ہیں:

''آپ نے عام طلبہ کی طرح زمانۂ طالب علمی نہیں گزارا بلکہ نہایت محنت اور شوق ورغبت کے ساتھ تعلیم حاصل کی، اپنی جماعت میں آپ اکثر اچھے نمبروں سے کامیابی حاصل کرتے رہے، اساتذہ کا ادب و احترام ہمیشہ پیشِ نظر رہتا، کبھی کسی استاد کو آپ سے کوئی شکایت نہیں ہوئی۔ طبیعت میں یکسوئی تھی، اس لئے طلبہ سے اختلاط پسند نہ تھا۔ موصوف ہم کو اور اپنے تلامذہ کو وقتاً فوقتاً ہدایت کیا کرتے تھے کہ زیادہ تعلقات ہرگز نہ بڑھاؤ، اس میں بڑے مفاسد ہیں، زمانہ طالب علمی میں آپ پر جو حالات گزرے وہ ہم نااہل طلباء کے لئے قابلِ عبرت ہیں۔

والد صاحبؒ نے ایک روز سنایا کہ بیٹے! جب ہم مظاہر علوم میں آئے تو یہاں مطبخ نہ تھا، صرف چار روپیہ یا اس سے کم نقد وظیفہ ملتا تھا، مدرسہ کے قریب ایک باورچی رہتا تھا اس سے کچھ طلباء کھانا خریدتے تھے، ہم نے بھی اس سے کھانا لینا شروع کیا، مگر وہ اس قدر چربی ڈالتا تھا کہ ایک دو روز کھانے کے بعد ہی گلا بالکل بیٹھ گیا اور آواز بالکل نہیں نکلتی تھی، اس لئے مجبوراً ہم نے کھانا بند کردیا اور کچھ چنے لاکر پسوائے ایک روٹی بنا کر کھالی، سالن وغیرہ کا بھی کوئی اہتمام نہ تھا، ناشتہ وغیرہ کا تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا''۔

تجوید وقرأت مدرسہ کے مجوّدِ اعلیٰ جناب قاری عبدالعزیز صاحب کاکوری (جنہوں نے مدینہ طیبہ میں فنِ تجوید وقرأت حاصل کیا تھا) سے پڑھی، مظاہر کے اساتذہ سے علوم وفنون کی تکمیل کی۔ حدیث شریف کے لئے حضرت اقدس مولانا خلیل احمد صاحب محدث سہارنپوریؒ اور حضرت مولانا ثابت علی نور اللہ مرقدہما کے سامنے زانوئے تلمذ طے کیا۔

Made Se[illegible]ools.com
Made searchable using ScribeTools.com

مظاہر علوم میں تقرر اور ایک خاص واقعہ

مظاہر علوم سے درسِ نظامی کی تکمیل کے بعد ۱۳۴۳ھ میں افتاء سے فراغت حاصل کی، چونکہ علم کے ہر میدان میں آپ کو ملکۂ راسخہ اور پورا عبور حاصل تھا، اس لئے حضرت مولانا عبداللطیف صاحبؒ سابق ناظم مظاہر علوم سہارنپور کی درخواست پر حضرتِ اقدس سہارنپوریؒ نے خط تحریر فرما کر آپ کو سہارنپور بلایا جس کو حضرت مولانا اطہر حسین صاحب مدظلہٗ اس طرح ارقام فرماتے ہیں:

''حضرت مولانا خلیل احمد صاحب سہارنپوریؒ فرمانے لگے کہ بھائی تمہاری صلاحیت وقابلیت کی بناء پر میری رائے تمہارے متعلق اجراڑہ رہنے کی نہیں ہے بلکہ کسی مدرسہ میں جہاں درسی کتابیں ہوں ملازمت کرلو، اس وقت دو ملازمت آئی ہیں (غالباً ایک لکھنؤ کی تھی، دوسری کوئٹہ کی) ایک چالیس روپے ماہوار کی ہے اور ایک ساٹھ روپے ماہوار کی ہے اور بھائی! ہمارے یہاں تنخواہوں کا معیار بہت گرا ہوا ہے، میرے خیال سے تم بڑی جگہ ساٹھ روپے کی ملازمت پر چلے جاؤ، کیوں کہ لوگ مولویوں کو مطعون کرتے ہیں کہ ان کو کوئی معقول ملازمت نہیں ملتی۔ والد صاحبؒ نے فرمایا کہ حضرت! مجھے بڑی تنخواہ مطلوب نہیں، معمولی تنخواہ پر اگر حضرت کی خدمت میں رہنے کا موقع مل جائے تو میرے لئے بسا غنیمت ہے۔ حضرت اس جواب سے مسرور ہوئے اور حسبِ روئیداد مدرسہ ہٰذا ۱۳۴۳ھ درجہ تجوید میں مدرس درجۂ دوم مقرر کردیئے گئے''۔

سفرِ حجاز اور صدر مفتی کے عہدہ پر فائز ہونا

۱۳۵۱ھ میں آپ نے زیارتِ حرمین شریفین کے لئے حجاز کا پہلا سفر فرمایا۔ حق تعالیٰ نے آپ کو فتاویٰ نویسی میں بھی خصوصی مقام عطا فرمایا تھا، ہم عصر علماء کے ساتھ اکابرِ علماء بھی آپ کے تفقہ کے معترف تھے، فقہ آپ کی فطرتِ سلیمہ میں ایسی رچ بس گئی تھی کہ گویا آپ کی طبیعتِ ثانیہ بن گئی تھی، اس کمال کے باعث آپ ۱۳۵۱ھ میں ہی مظاہر علوم کے صدر مفتی کے عہدہ پر فائز کردیئے گئے۔ اس کے علاوہ ۱۳۶۸ھ سے اخیر عمر تک مظاہر علوم کے صدر مدرس رہے، اور حسنِ انتظام وخوش اسلوبی سے اس فریضہ کو انجام دیا، ۱۳۵۳ھ میں آپ نے

دوسراحج کیا۔

بعض عظیم المرتبت شخصیات کے اعترافات

اپنے دور کے اصحابِ بصیرت علمائے کرام آپ کی صلاحیت، محققانہ انداز، جزئیات پر خاص بلکہ تبحر فی العلم اور آپ کے فتاویٰ نویسی میں غایتِ احتیاط کے معترف تھے، چنانچہ حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے باوجود آپ کے شیخ ومرشد ہونے کے آپ کی تحقیقی تحریرات کی بنیاد پر اپنی بعض آراء سے رجوع فرمایا ہے۔

حضرت مولانا عاشق الٰہی صاحب میرٹھی نوراللہ مرقدہٗ اپنے ایک مکتوب میں آپؒ کی وسعت نظری کے قائل ہونے کے ساتھ آپ کے تفقہ فی الدین کا بھی اعتراف فرماتے ہیں، مزید برآں یہ کہ بعض جلیل القدر اہلِ علم پر اس باب میں آپ کو فوقیت دیتے رہے، نیز اکثر مسائل میں آپ کی جانب رجوع فرماتے تھے۔

مفتیٔ اعظم پاکستان حضرت مفتی محمد شفیع صاحب قدس سرہٗ نے اپنے فتاویٰ ترتیب دے کر آپ کی خدمت میں بغرضِ اصلاح ترمیم ارسال فرمائے، چنانچہ آپ نے ملاحظہ فرما کر حسبِ ضرورت مفید مشورے دیئے جن کو مفتی صاحبؒ نے بڑی خوشی سے قبول فرمایا اور مستقل ''امداد المفتیین'' کے مقدمہ میں اس کا تذکرہ بھی فرمایا ہے۔

قاضیٔ شہر مختلف آراء سامنے آجانے کے بعد آپ ہی کے فیصلہ پر اعتماد فرماتے تھے، گویا آپ کا فیصلہ قطعی اور حتمی ہوتا تھا اسی لئے پورے شہر سہارنپور اور آس پاس اطراف میں آپ کا ہی فیصلہ نافذ ہوتا تھا۔

فقیہ الاسلام حضرت اقدس شاہ مفتی مظفر حسین صاحب رحمۃ اللہ علیہنے ایک مرتبہ سنایا کہ حضرت ناظم صاحبؒ (مولانا اسعد اللہ صاحبؒ) اپنے اہم امور میں حضرت والد صاحبؒ سے ہی مشورہ کیا کرتے تھے، والد صاحبؒ، حضرت ناظم صاحبؒ کے مشیر خاص تھے، اسی لئے بعض حضرات آپ کو نظام میں دخیل سمجھتے تھے۔

حضرت شیخ کا دوستانہ تعلق

حضرت شیخ (مولانا زکریا رحمہ اللہ تعالیٰ) کے متعلقین اور وہ احباب کہ جن کے زیرِ مطالعہ حضرتؒ کی

Made searchable using ScribeTools.com

آپ بیتی رہی وہ بخوبی اس امر سے واقف ہیں کہ اہلِ تعلق احباب میں سے جس کو جو خوبی یا خامی سامنے آئی بلا تکلف حضرت شیخ نے اس کا اظہار فرمادیا، شیخ اپنے دوستوں کا تذکرہ کرتے ہوئے جو تحریر فرماتے ہیں وہ ملخصاً پیش ہے:

''میرے بہت سے مخلص دوست وعزیز جن سے مجھے انتہائی تعلق اور محبت تھی ان سے مدرسہ کے حقوق میں کوتاہی کی وجہ سے مجھے بہت ہی تکدّر اور قلق رہا، اس کے بالمقابل میرے کئی دوست ایسے ہیں جن سے مجھے ابتداء میں تعلق نہیں تھا، امورِ مدرسہ میں احتیاط و اہتمام سے وہ میرے محبوب دوست بن گئے، انہیں میں سے قاری مفتی سعید احمد مرحوم بھی ہیں۔ ۴۷ھ میں جب وہ نائب مفتی ہوگئے اور یہ ناکارہ حجاز سے واپس آیا تو مرحوم سے درخواست کی کہ بعد ظہر میرا ایک سپارہ قرآن پاک کا رمضان میں سن لیا کریں، انہوں نے بہت صفائی سے کہہ دیا کہ وہ مدرسہ کا وقت ہے (کہ اس زمانہ میں غیر رمضان کی طرح رمضان میں بھی دفتر اور افتاء دونوں کا وقت صبح وشام ہوتا تھا) اگر ناظم صاحب فرمادیں گے تو سنوں گا ورنہ نہیں، ناظم صاحب (حضرت مولانا عبداللطیف صاحبؒ) کی جو شفقتیں اس سیہ کار پر تھیں ان کے لحاظ سے اس میں ذرا بھی تامل نہ تھا کہ میں ان سے عرض کروں تو وہ بہت زور سے حکم نامہ جاری فرمادیں لیکن مجھے مرحوم کا یہ جواب بہت ہی اچھا معلوم ہوا اور میں نے ان سے کہا کہ جزاک اللہ، تم نے بہت اچھا جواب دیا''۔

محتاط زندگی گزارنے کا عجیب وغریب قصہ

''چند ماہ بعد ایک قصہ یہ پیش آیا کہ یہ ناکارہ اور ناظم صاحب مدرسہ عربیہ اجراڑہ کے سرپرست تھے اور سالانہ جلسہ میں بڑے اہتمام سے جاتے تھے، اس سال میں تو پہلے ہی عذر کر چکا تھا، حضرت ناظم صاحب کا ارادہ تشریف لے جانے کا تھا مگر عینِ وقت پر ان کو بھی عذر پیش آ گیا، بعد مشورہ قاری صاحب مرحوم کو بھیجنا طے ہوا، وہ حکماً چلے گئے۔ اس ناکارہ کی صحت اس زمانے میں بہت اچھی تھی، اس لئے دیگر امور کے ساتھ مدرسین کی حاضری کا رجسٹر بھی اہتمام سے دیکھتا تھا، اس دن میں نے رجسٹر میں قاری سعید احمد

صاحب مرحوم کی ان ایام میں رخصت دیکھی، میں نے کتب خانہ والوں سے دریافت کیا کہ قاری سعید احمد مرحوم ہمارے بھیجے ہوئے بکارِ مدرسہ اجراڑہ گئے ہیں ان کی رخصت کیوں ہے؟ کتب خانہ والوں نے کہا کہ انہوں نے خود اپنی رخصت لکھوائی ہے۔ میں نے کتب خانہ سے واپسی پر راستہ میں قاری سعید احمد مرحوم سے مطالبہ کیا کہ آپ نے رخصت کیوں لکھوائی ہے؟ مجھے اپنا مطالبہ اور ان کا جواب اور اپنا جواب الجواب خوب یاد ہے، انہوں نے فرمایا کہ میرا گھر بھی تو وہیں ہے، بہرحال میں اپنے گھر بھی گیا تھا، مجھے اپنے الفاظ خوب یاد ہیں، میں نے کہا کہ تُو تو بڑا اچھا ونڈا نکلا، کل سے دوپہر کی روٹی میرے ساتھ کھایا کر۔ اللہ تعالیٰ اس مرحوم کو بہت ہی بلند مراتب عطا فرمائے، ترقیات سے نوازے۔

میری اس پیش کش کو مرحوم نے ایسا نبھایا کہ جب تک وہ اپنے مرض الوصال میں چارپائی پر سے اٹھنے سے معذور نہ ہوگئے، کبھی بھی دوپہر کا کھانا میرے ساتھ نہ چھوڑا بلکہ ان کے ذاتی مہمان بھی اگر آجاتے تو ان کا بھی کھانا گھر سے منگا کر میرے ساتھ ہی ان کو کھلاتے تھے اور میرے جو خصوصی مہمان آتے تھے ان کے ساتھ شام کو بھی بجائے میرے وہ ہی میزبانی کرتے تھے اور تعلق دن بدن بڑھتا ہی چلا گیا، اور پھر تو میرے سفر وحضر کے مصاحب بن گئے، اور انہوں نے بہت ہی حقِ دوستی ادا کیا۔ مرحوم کے لئے بہت ہی دعائیں کرتا ہوں، مرحوم بہت عرصہ تک شدید بیمار رہے۔

مرحوم کا ایک معمول بہت اہتمام کے ساتھ یہ بھی تھا کہ عید الفطر کی صبح کو مدرسہ قدیم سے فجر کی نماز پڑھا کر پہلے اس ناکارہ کے مکان پر آتے اور وہاں سے کھجور سے افطار اور چائے وغیرہ پینے کے بعد اور اسی دوران ان کے گھر سے مزیدار پلاؤ بھی آجاتی تھی اس کو بھی مجلس میں ہم لوگ لقمہ لقمہ کر کے ختم کر دیتے، اس سے نمٹ کر وہ اپنے گھر جاتے تھے۔

یکم شوال ۷۶ھ کو مرحوم کا ایک دستی پرچہ میرے نام آیا کہ ۴۸ھ سے اب تک ۲۸/ سال کے عرصہ میں کوئی عید ایسی نہیں گزری کہ میں نے نماز صبح کے بعد آپ کے یہاں

Made searchable using ScribeTools.com

حاضری نہ دی ہو، افسوس کہ آج میں اپنی شدید بیماری کی وجہ سے محروم ہوں، مجھے اس کا جس قدر افسوس ہے اس کا بھی آپ کو علم ہوگا۔ میں اس پرچہ کو پڑھ کر بے تاب ہوگیا اور اسی وقت عید سے پہلے مرحوم سے مل کر آیا اور مرحوم خوب مل کر روئے اور مجھے بھی رلایا، اللہ تعالیٰ بہت ہی بلند درجات عطا فرماوے۔ ان کی خوبیاں اگر لکھوں تو مستقل ایک دفتر چاہیے، میرے رائے پور کے سفر کا تو آخر زمانہ میں مستقل رفیق بن گیا تھا اور حضرت اقدس رائے پوری نور اللہ مرقدہٗ کو بہت ہی شفقت ہوگئی تھی، اگر مرحوم کے بغیر جانا ہوتا تو حضرت دریافت فرماتے کہ تمہارے دوست نہیں آئے''۔

بیعت وارشاد

حضرت اقدس مولانا خلیل احمد صاحب محدث سہارنپوریؒ سے زمانۂ طالب علمی سے ہی عقیدت و محبت پیدا ہوگئی تھی، اسی لئے قبل البلوغ ہی حضرتؒ سے بیعت واصلاح کا تعلق قائم کرلیا تھا، آپ کے قلبِ مبارک میں حضرت محدثؒ کی بے پناہ الفت ومحبت رچ بس گئی تھی، بالغ ہونے کے بعد اپنی بیعت کی تجدید فرمائی، آپ حضرت کی اطاعت اور تعمیلِ ارشاد کو باعثِ سعادت سمجھتے تھے، آپ کے حکم کے منتظر اور حریص رہتے تھے۔

آپ کے قلب میں حضرت کے فرمان کی اس قدر اہمیت تھی کہ ایک مرتبہ کا فرما دینا ہی کافی ہوتا تھا، چنانچہ ایک مرتبہ حضرت قدس سرہٗ نے آپ کو مدرسہ قدیم کی مسجد کی امامت کے لئے فرمایا، آپ نے زندگی کے آخری لمحات تک تقریباً تیس سال اس کو اہم فریضہ سمجھا، مزید خوبی یہ کہ پوری عمر اس پر کچھ معاوضہ نہیں لیا، کیسی ہی تاریکی، طوفان اور بارش ہوتی لیکن آپ کے لئے مانع نہ بنتی، اس قدر اہتمام فرماتے کہ بعض مرتبہ بہت سویرے مسجد تشریف لاتے اور مؤذن کو آپ ہی بیدار فرماتے۔

بچوں کی تربیّت کا انوکھا انداز

بابِ تربیت میں بھی آپ کو ملکہ حاصل تھا اور اصولِ تربیت سے آپ کو اچھی طرح واقفیت تھی، فطرتاً آپ مزاح کے عادی نہ تھے، اسی لئے بچوں کے ساتھ زیادہ بے تکلف نہ ہوتے تھے، حتی الوسع یہ سعی فرماتے تھے کہ بچہ

Made Searchable by ScribeTools.com

بغیر زدوکوب کے ہی طریقِ مضر سے باز رہے، ضرورت پیش آنے پر ڈانٹ ڈپٹ بھی فرمادیتے۔ بچہ کو پیسے وغیرہ عنایت فرمانے میں انوکھا طریق یہ تھا کہ اس کے کسی کام پر بطورِ انعام کہہ کر دیتے تاکہ ترقی کی جانب رغبت پیدا ہو، آپ بچوں سے زیادہ مزاح نہ فرماتے، اسی لئے بچوں کو بھی اولاً آپ کے روبرو وبے ادبی اور بولنے کی جرأت نہ ہوتی، اپنے بچوں کو اپنے ہاتھ سے کام کرنے کی تلقین فرماتے اور عملی طریقے سے ان کو اس کا عادی بناتے، انبیاء وصالحین کے قصے سنانے کا بھی معمول تھا، کبھی قصۂ یوسف- علیہ الصلوٰۃ والسلام- سناتے اور کبھی اَور۔

آپ کے درس کی خصوصیات

آپ کے درس کی بعض خصوصیات جداگانہ اور ممتاز ہیں، آپ مزاح کے عادی نہ ہونے کے باوجود درس میں فرحت وانبساط سے رہتے، کبھی مزاح بھی فرماتے، تاکہ طالب علم مرعوب نہ ہو اور ہر شخص سوال کرسکے، اسی لئے ہر طالب علم کے سوال کا جواب ضرور دیتے خواہ وہ کیسا بھی بے حقیقت اور غیر موزوں ہو مگر اس کی دلداری کی خاطر جواب دیتے۔

آپ ہمیشہ درس کی تمام جزئیات پر گہری نظر رکھتے، کسی بحث کو ادھوری نہ چھوڑتے، ہر باب کی واضح پُرمغز اور موثر تقریر فرماتے، مطالعہ کے عادی تھے، بلا مطالعہ نہ پڑھاتے تھے، بلکہ تحریر میں ضبطِ مطالعہ کی بھی عادت تھی، مشکوٰۃ وجلالین پر خصوصاً ترقیمات ثبت ہیں جو کہ بمنزلۂ شرح کے کہی جاسکتی ہیں، مشکوٰۃ کی مستقل اردو میں بھی تفصیلی کاپیاں بڑی محنت سے لکھی تھیں، جو عبداللطیف حصاری لے گئے تھے اور پھر تقسیمِ ہند کی صورت ہوئی تو وہ واپس نہ کرسکے۔

آپ رسوم وبدعات اور آج کل کے صوفیہ کی خوب خبر لیتے تھے۔ مشکوٰۃ وجلالین کے طلبہ کو اسمائے حسنیٰ حفظ کرنے کی ترغیب دیتے اور یاد کرنے پر کچھ انعام بھی عنایت فرمادیتے، طلبہ کی نگہداشت اور تربیت کے ساتھ خصوصی شفقت کا معاملہ فرماتے، ہمیشہ باوضو ہوکر درس میں تشریف لے جاتے۔ ایک بار ۷۳ھ میں بخاری کے درس میں اس معمول کا ذکر حضرت شیخ نے فرمایا تھا کہ قاری (مفتی سعید احمدؒ) کی یہ ادا مجھے بہت پسند آئی کہ میں اپنے کمرہ سے دیکھتا کہ وہ قاری ترمذی کے درس میں جاتے تو پہلے وضو کرتے اور پھر دو رکعت نماز پڑھتے اور پھر درس کے لئے روانہ ہوتے تھے۔

سالہا سال تک اپنے درسِ حدیث سے تشنگانِ علوم کو سیراب کرتے رہے، آپ کے درس میں مسائل

Made searchable using ScribeTools.com

حاضرہ پر گفتگو اور درسِ جلالین میں طنطاوی پر رد بھی ہوتا تھا۔

تواضع، سادگی اور فقیرانہ زندگی

مزاج میں نہایت سادگی تھی، لباس موٹا اور سنت کے مطابق ہوتا، لانبا کرتا، نصفِ ساق تک کا اونچا پائجامہ، مغلئ ٹوپی، اکثر دوپلی گاہے گول، اور سر پر عمامہ بھی ہوتا تھا۔ اخیرِ زمانہ میں عمومی طور پر عمامہ نہ باندھتے تھے، لیکن پھر بھی بوقتِ ضرورت لنگی ہی سے عمامہ کا کام لے لیتے۔ سفر میں کوئی ہینڈ بیگ یا اٹیچی نہ رکھتے، بلکہ کپڑوں کو لنگی میں لپیٹ کر بغل میں دبا لیتے تھے، باوجودِ قدرت کے عمر بھر آپ کی سادگی کا یہی حال رہا اور اسی کی قولاً وعملاً ہمیشہ ترغیب دی۔

آپ اپنا کام خود کیا کرتے تھے، طلبہ یا اپنے پاس رہنے والوں سے اکثر خدمت نہ لیتے، بازار سے غلہ یا گھر کی دیگر ضروری اشیاء خود ہی خریدتے اور صاحبزدگان کو ساتھ لے جاتے، اور اس طرح کام کرنے کو معیوب نہ سمجھتے اور سب کو خود ہی کام کرنے کی ترغیب دیتے اور اکثر "کان محمد یدور علی الصواغین" کے الفاظ کے ساتھ امام محمدؒ کا معمول نقل فرماتے کہ امام علیہ الرحمۃ زرگروں کے پاس چکر لگاتے اور ان کے معاملات دیکھ کر پھر احکام لکھتے تھے۔

آپ کی سادگی تواضع ومسکنت کے بارے میں سیدی ومرشدی فقیہ الاسلام حضرت اقدس شاہ مفتی مظفر حسین صاحب رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں:

''میرے والد صاحب (مفتی سعید احمدؒ) نے بڑی سادہ زندگی گزاری ہے جب کہ اللہ نے خوب نوازا تھا، حضرت مدنی اور حضرت تھانویؒ رحمہما اللہ تعالیٰ بڑا احترام فرماتے تھے، گھر میں بجلی نہیں تھی بلکہ پوری زندگی چراغ وغیرہ سے کام لیا جاتا رہا، ایک پڑوسی نے کہا کہ میرے یہاں سے تار لے لیا جاوے لیکن والد صاحب نے بڑی سختی سے منع فرمادیا۔

سہارنپور میں اپنا مکان نہیں بنایا، ہمیشہ کرائے کے مکان میں رہے، ایک بار والدہ صاحبہ نے کہا بھی، فرمایا ہمارا یہاں کون ہے، خاندان نہیں، رشتہ دار نہیں، محض ملازمت ہے، کیوں ملازمت کی وجہ سے مکان بنایا جائے، آج اگر اہلِ مدرسہ منع کردیں یا ہمیں ہی مدرسہ چھوڑنا پڑ جائے تو کل یہاں سے جانا پڑے گا''۔

دو خاص نصیحتیں

حضرت والا آگے تحریر فرماتے ہیں:

''میرے والد صاحب دل کے مریض تھے، لیٹے ہوئے تھے، حاجی عرفان (منّی) صاحب آگئے، کہنے لگے، حضرت! دارالعلوم دیوبند میں تنخواہوں کی افراط ہے اور آپ کے یہاں مظاہر علوم میں تفریط، یعنی آپ کی تنخواہیں قلیل ہیں کچھ اضافہ ہونا چاہیے، یہ سن کر والد صاحب بہت روئے، حاجی صاحب کو خیال ہوا کہ مفتی صاحب دل کے مریض ہیں اور میرے کہنے سے ان کی حالت بگڑتی نظر آرہی ہے، یہ اچھا نہیں ہوا۔ پھر بیٹھ کر ارشاد فرمایا کہ حاجی جی! مدارس میں امداد کا پیسہ بہت کم آتا ہے، زیادہ زکوٰۃ وصدقات کا آتا ہے، جو "أوساخ الناس" یعنی لوگوں کا میل کچیل ہے، بہتر تو یہ ہے کہ مدارس میں بغیر تنخواہ کے کام کیا جاوے اور اگر تنخواہ لی جاوے تو کم از کم ہونی چاہیے۔

والد صاحب نے ایک مرتبہ مجھ سے کہا کہ دیکھو دو باتیں یاد رکھنا: ایک تو تنخواہ میں اضافہ کی درخواست مت دینا، دوسری بات یہ ہے کہ اہلِ مدرسہ سے یہ مطالبہ نہ کرنا کہ فلاں کتاب دیدی جاوے، الحمدللہ آج تک اس پر عمل ہے''۔

حضرت والا نے ایک موقعہ پر سنایا:

''والد صاحبؒ کی خدمت میں بحالتِ مرض الموت ہم لوگ حاضر تھے، فرمایا: میرے ذمہ کسی کا قرض نہیں، کبھی بعد میں یہ خیال کریں کہ باپ تو مزے لے کر چلا گیا اور ہمیں قرض میں دبا دیا۔ دوسرے یہ کہ گھر میں جو سامان ہے، سب کا سب تمہاری والدہ کا ہے، انہوں نے اپنے خرچ سے بچا بچا کر جمع کیا ہے، اس لئے اس میں کسی اَور کا حصہ نہیں۔ تیسرے یہ کہ میرے پاس اپنی ذاتی رقم یا سامان نہیں ہے کہ ترکہ ہو اور اس میں جھگڑا بنے۔ رہی یہ بات کہ میرے بعد بچوں کا کیا ہوگا، سو اس میں حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ کا فرمان پیش نظر ہے کہ ان سے مرض الوفات میں کسی نے عرض کیا، حضرت! آپ کے بعد بچوں کا کیا ہوگا؟ فرمایا: ''میرے بچے اگر نیک رہے تو اللہ ان کی کفالت خود فرمائے گا: ﴿وھو یتولی

Made searchable using ScribeTools.com

الصالحین﴾ اور ''وہ حمایت کرتا ہے نیک بندوں کی''۔ جب اللہ کا وعدہ ہے تو مجھے فکرمند ہونے کی ضرورت نہیں۔ اور اگر یہ نیک نہ رہے تو اللہ کو ان کی پرواہ نہیں، جب اللہ کو پرواہ نہیں تو میں کیوں ان کی پرواہ کروں۔

یہ سنانے کے بعد میرے حضرت آبدیدہ ہوگئے اور کچھ دیر سکوت رہا، پھر دوسری بات شروع ہوگئی اور پہلی حالت عود کر آئی''۔

اوصافِ حمیدہ

آپ اپنے اساتذہ اور شیخ ومرشد حضرت مولانا خلیل احمد صاحب سہارنپوریؒ کے منظورِ نظر، علم وکمال میں یکتا، تقویٰ وطہارت، زہد وقناعت، تواضع وانکساری، دقتِ نظر، استغنائیت وخودداری اور خلوص وللّٰہیت کے پیکر تھے۔

حدیث وتفسیر، فقہ وفتاویٰ اور دقیق مسائل پر بیک وقت مکمل عبور حاصل تھا، اوقات ومعمولات کے پابند، تصنع اور تکلف سے متنفر ﴿وما انا من المتکلفین﴾ کے مصداق تھے، ذاتی کام کے لئے مدرسہ کی بجلی استعمال نہ کرتے بلکہ ایک لالٹین جلتی، اسی میں بچوں کو پڑھنے لکھنے کا حکم تھا، سنجیدگی اور وقار قدم بقدم ظاہر ہوتا تھا، دینی خدمت کا جذبہ پورے طور سے کارفرما تھا، حلم وبردباری اور حکمتِ عملی سے کام لیتے۔

آپ کسی سیاسی سرگرمی میں مستقل حصہ نہ لیتے، ہاں افکار ورجحانات میں حضرت مدنی قدس سرہٗ کے ہم ذوق تھے، ضرورت پیش آنے پر حمایت اور تعاون فرماتے، قرآن کریم کی خدمت کرنا اپنی سعادت سمجھتے اور مشاغل کثیرہ کے باوجود ایسی تعلیمی تحریکوں میں اپنی علمی وعملی سرگرمیوں اور انتہائی کوششوں کے ساتھ حصہ لیتے۔

تالیفات وتصنیفات

درس وتدریس کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے آپ کو تصنیف وتالیف کے خاص ذوق اور سلیقہ سے بھی نوازا تھا، اپنے ذمہ قرآن کریم کا حق سمجھتے ہوئے اولاً آپ نے تجوید وقرأت پر قلم اٹھایا، چنانچہ ''فیض العزیز''، ''القلائد الجوہریہ''، ''شرح جزری''، ''شرح خلاصۃ البیان'' (عربی) کی تصنیف ''شرح شاطبیہ'' (عربی) کی تصنیف اور ''فوائد مکیہ'' پر حاشیہ ارقام فرمایا۔

علم فقہ میں بھی آپ نے نمایاں خدمات انجام دیں، چنانچہ مناسکِ حج کے سلسلہ میں ''معلم الحجاج'' آپ کی وہ مایہ ناز کتاب ہے کہ جس کی تصنیف کے زمانہ میں بعض صالحین نے خواب میں دیکھا کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم مدرسہ کے کتب خانہ میں تشریف فرما ہیں اور حضرت مفتی صاحبؒ کتابوں کا گرد وغبار صاف کررہے ہیں، بعض معبرین نے اس خواب کو سن کر فرمایا کہ یہ حضرت مفتیؒ کا تصنیفی کارنامہ ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی موجودگی اس کام کے مقبول ومبرور ہونے کی علامت ہے۔

علاوہ ازیں ''نوٹ کی حقیقت''، ''الکحل آمیز ادویہ''، ''احکام الصید''، ''الحج المبرور''، ''رباء القرض''، ''اغلاط الحجاج''، ''اقوال الأخیار فی حسنات الکفار'' اور ''عربی حاشیہ بہشتی زیور'' بلاشرکتِ غیرے بھی موصوف کی تصنیف ہے جو اولاً مطبع مجتبائی سے طبع ہوا پھر بعد میں دوسرے مطبع والوں نے کسی قدر اضافہ کے ساتھ شائع کیا۔

''مشرقی کا اسلام''، ''آئینۂ نماز''، ''فتاویٰ مظہریہ''، ''آداب السلام'' اور ''حاشیہ مختصر المعانی'' مطبوعہ مجتبائی بھی آپ کے قلم کا فیضان ہے، آپ کی زندگی نے وفا نہ کی اس لئے ''آداب الإفتاء'' کی تکمیل نہ فرما سکے۔

نور الایضاح پر بھی حاشیہ تحریر فرمایا، ان کے علاوہ حدیث، تفسیر، فقہ کی کتابوں پر ترقیمات بھی ثبت فرمائیں، جن میں ''ترمذی، مشکوٰۃ، نسائی، جلالین، بذل المجہود، ہدایہ، کنز الدقائق، بدائع الصنائع'' اور فقہ حنفی کی بنیادی حیثیت رکھنے والی عظیم الشان کتاب ''شامی'' خاص طور پر قابلِ ذکر ہیں۔

حضرت شیخ الحدیث قدس سرہٗ کی تصانیف: ''تبلیغی نصاب، اوجز المسالک'' وغیرہ کی اصلاحات کے ساتھ آپ نے مفید مشورے بھی دیئے، دیگر اربابِ علم وفضل مصنفین بھی آپ کی خدمت میں اپنی کتاب بغرضِ اصلاح وتقریظ پیش کرتے جن پر آپ اصلاحی نظر فرماتے رہے۔ حضرت شیخ کی ''اوجز المسالک'' پر تقریظ بھی تحریر فرمائی ہے، اور مسئلہ امارت جس پر شیخ الحدیث صاحب نے ''معارف الشیخ'' کے نام سے ایک جز شائع کیا ہے، اس کی تیاری بھی حضرت مفتی صاحب ہی نے فرمائی ہے جیسا کہ مفتی محمود صاحب گنگوہیؒ کی روایت ہے۔

علالت، وفات اور آخری وصیت

آپ ایک سال تک متواتر امراض میں مبتلا رہے، مختلف علاج اور دوائیں کی گئیں لیکن کچھ افاقہ نہ ہوا، بالآخر پیمانۂ عمر لبریز ہوا اور وہ آفتابِ علم وہدایت جو برسہا برس سے اپنے علمی وعرفانی انوار کی بارش کرتا رہا، وہ پرہیزگار ومتقی بزرگ جو اپنے اندر جذبۂ شاہین اور استقامتِ جبل لئے ہوئے تھا، وہ خلوص وللّٰہیت کا پیکر جو فطرتاً

Made searchable using ScribeTools.com

شریف اور فہیم وحکیم تھا بالآخر ۲/صفر المظفر / ۱۳۸۸ھ بمطابق ۱۹/ اگست/ ۱۹۵۷ء کو اپنے محبوبِ حقیقی سے جاملا۔ إناللّٰه وإنا إليه راجعون۔

دارِ جدید کے وسیع میدان میں نمازِ جنازہ ادا کی گئی جس میں کثیر مجمع نے شرکت کی، حضرت مولانا عبداللطیف صاحب قدس سرہٗ کے بائیں جانب تدفین ہوئی، جہاں مولانا عنایت الٰہیؒ، مولانا ثابت علیؒ، مولانا یحییٰؒ اور مولانا پیر محمد رحمہم اللہ تعالیٰ اور ان کے استاد مولانا محمد مظہر نانوتویؒ، مولانا اسعد اللہ رحمہما اللہ تعالیٰ وغیرہ اکابر علمائے مظاہر علوم مدفون ہیں۔

آپ کی سب سے آخری وصیت اور نصیحت آبِ زر سے لکھنے کے قابل اور ہم سبھوں کے لئے درس کی حیثیت رکھتی ہے۔ فرمایا:

''میں اپنے دوستوں اور ملنے والوں کو وصیت کرتا ہوں کہ وہ زندگی میں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کا اتباع کریں''۔

اللہ تعالیٰ حضرت اقدس مفتی اعظم علیہ الرحمۃ کی قبر کو پُر نور اور اپنی رحمتوں کے سایہ میں رکھے، درجاتِ عالیہ عطاء فرمائے۔ آمین!

☆.....☆.....☆.....☆

استاذ الفقہاء حضرت مولانا مفتی مہدی حسن رحمہ اللہ تعالیٰ

شاہ جہاں پور آپ کا وطن ہے، ۱۳۰۱ھ میں پیدا ہوئے، تعلیم کی تکمیل ۱۳۲۶ھ میں مدرسہ امینیہ دہلی میں کی، حضرت مولانا مفتی کفایت اللہ دہلویؒ کے ممتاز تلامذہ میں تھے، دارالعلوم دیوبند کے ۱۳۲۸ھ کے جلسۂ دستار بندی میں ان کی بھی دستار بندی ہوئی تھی۔

تعلیم سے فراغت کے بعد حضرت مفتی صاحب نے انہیں مدرسہ اشرفیہ راندیر ضلع سورت بھیج دیا، وہاں طویل مدت تک افتاء اور تدریس کی خدمت انجام دیتے رہے، اہلِ گجرات پر ان کے علم وفضل کا بڑا اثر تھا۔

فقہ حنفی میں بے نظیر مہارت کے ساتھ حدیث اور اسماء الرجال پر بھی ان کی نظر بڑی گہری تھی۔

۱۳۶۷ھ میں انہیں دارالعلوم کے دارالافتاء میں صدر مفتی کے منصب پر مامور کیا گیا، ۱۳۸۷ھ میں اپنی طویل علالت اور ضعف وکمزوری کی وجہ سے دارالعلوم سے سبکدوش ہوکر وطنِ مالوف شاہ جہاں پور'' چلے گئے۔ان کے زمانۂ صدارت میں دارالافتاء دارالعلوم سے ۵۳۲۴، فتاویٰ جاری ہوئے۔

مفتی مہدی حسن صاحب زاہد ومتقی، متواضع اور فیاض طبع تھے، اس کے ساتھ صاف گو اور اظہارِ حق میں بے باک تھے، شاعری سے بھی ذوق رکھتے تھے اور آزادؔ تخلص تھا، حضرت گنگوہیؒ سے بیعت تھے، مگر اجازت و خلافت حضرت گنگوہیؒ کے خلیفہ مولانا شفیع الدین مکی سے حاصل ہوئی۔

مفتی مہدی حسن صاحب کئی اہم کتابوں کے مصنف ومرتب ہیں، جن میں حدیث کی شرح معانی الآثار للطحاوی کی عربی شرح قلائد الازھار کے نام سے ۶/ جلدوں میں ہے، اس کی دو جلدیں طبع ہوچکی ہیں۔فقہ میں امام محمدؒ کی کتاب الحجہ پر- جو ۴/ جلدوں میں ہے- ان کی تصحیح وتعلیق کے ساتھ دائرۃ المعارف میں اس کی ابتدائی دو جلدیں چھپی ہیں، یہ کتاب بڑی نایاب تھی، اس کا ایک نسخہ استنبول میں موجود تھا، یہ فقہ حنفی کی

Made searchable using ScribeTools.com

بنیادی کتابوں میں سے ہے، مفتی صاحب نے اس کے مسودے کی تصحیح وتعلیق میں ۲۰/ سال صرف کئے ہیں۔

امام محمد کی کتاب الآثار پر ان کی تعلیقات گراں قدر علمی سرمایہ ہیں۔ نخبة الفکر کی شرح بھی انہوں نے لکھی ہے جو ہنوز غیر مطبوعہ ہے۔ یہ کتابیں عربی زبان میں ہیں، ان کے علاوہ اُردو میں دو درجن سے زائد رسائل انہوں نے لکھے ہیں، جو طبع نہیں ہو سکے۔

مفتی مہدی حسن صاحب نے طویل علالت کے بعد اپنے وطن شاہجہاں پور میں ۲۸/ ربیع الثانی/ ۱۳۹۶ھ کو وفات پائی۔ اللہ تعالیٰ ان کی علمی خدمات کو ان کے لئے اور ہمارے لئے ذخیرۂ آخرت اور وسیلہ نجات بنائے۔ آمین!

☆.....☆.....☆.....☆.....☆

فقیہ العصر حضرت مولانا مفتی نظام الدین دامت برکاتہم العالیہ

ولادت باسعادت

ماہِ ذیقعدہ/ ۱۳۲۸ھ، مطابق ماہِ نومبر ۱۹۱۰ء بمقام اوندر، ضلع اعظم گڑھ (یوپی) میں ولادت ہوئی۔

تعلیم وتربیت

حضرت والا نے دس سال کی عمر میں پرائمری درجہ چار پاس کیا، اس سے قبل چند ماہ سخت علیل رہے۔ فرماتے ہیں کہ بیماری میں اکثر حضرت خواجہ معین الدین اجمیریؒ کو دیکھتا کہ حضرتؒ مجھے بلا کر اپنے سامنے بٹھاتے اور کچھ دعائیں دیتے، دعائیں تو یاد نہیں کہ کیا دیتے اور کیا فرماتے، صرف اتنا احساس ہے کہ ان کی طرف کشش بہت ہوتی اور جی چاہتا کہ ایسا ہی ہوجانا چاہیے، اسی طرح اکثر و بیشتر خواجہ نظام الدین اولیاء علیہ الرحمہ کو بھی دیکھتا، وہ بھی اسی طرح شفقت فرماتے، اور حضرت اجمیری رحمۃ اللہ علیہ کو تو کبھی کبھی سبز رنگ کے تختِ طاؤس پر جلوہ افروز دیکھتا وہ بھی سر پر شفقت سے ہاتھ پھیرتے۔

اسی زمانہ میں حضرت والا کے سب سے چھوٹے ماموں حاجی عبدالقیوم صاحبؒ جو اس وقت انجمنِ اسلامیہ گورکھپور میں پڑھتے تھے، وہاں انجمن کے سالانہ جلسہ میں علمائے دیوبند تشریف لاتے ان کے بیانات وواقعات ماموں صاحبؒ بیان کرتے، اس سے بھی کشش ہوتی کہ ایسا ہی ہوجانا چاہیے۔

غالباً یہی سب باتیں باعثِ کشش بن گئیں کہ درجہ چار (پرائمری) پاس کرنے کے بعد حضرت والا نے طے کرلیا کہ اب عربی فارسی پڑھ کر عالم بننا چاہیے۔ والد مرحوم جناب مولانا محمد رفیع صاحبؒ نے بہت ترغیب دی کہ ایک مسلم آبادی موضع یوسف پور میں اپنی زمین داری اور چھاؤنی ہے تم وہیں جاکر اس کے قریب موضع فتح پور کے مڈل اسکول میں پڑھو اور اپنی چھاؤنی میں رہو اور فرمایا کہ اس موضع کی پوری آمدنی سے جتنا پڑھنا چاہو

Made searchable using ScribeTools.com

پڑھاؤں گا۔ ادھر حضرت والا کا پورا خاندان انگریزی داں تھا اور کم وبیش چھ پشت سے کوئی عربی داں نہیں تھا، البتہ شاہی دور میں خاندان کے لوگ مفتی، قاضی، قاضی القضاۃ، صدر الصدور وغیرہ ملتے ہیں مگر انگریزی دور میں سب انگلش تعلیم میں منہمک ہو چکے تھے اور یہ بھی نہیں جانتے تھے کہ عربی تعلیم کہاں ہوتی ہے، مگر حضرت والا کا اصرار تھا کہ عربی تعلیم ہی حاصل کروں گا۔

اتفاق سے حضرت والا کی منجھلی خالہ (جن کے کوئی اولاد نہیں تھی) تشریف لے آئیں اور عربی پڑھنے کی خواہش دیکھ کر اپنے ہمراہ قصبہ مبارک پور اعظم گڑھ لے گئیں، بحمد اللہ وبفضلہٖ وہاں مدرسہ احیاء العلوم میں دارالعلوم دیوبند کے تعلیم یافتہ بہت سے علماء حضرات تھے، اب احیاء العلوم میں تعلیم کا آغاز ہوا، اردو بقدرِ ضرورت پڑھ کر فارسی پڑھی، حضرت مولانا نعمت اللہ صاحب قدس سرہٗ العزیز ولی صفت اور واقعی اللہ کی نعمت تھے، بڑی شفقت سے ایک دو ہی سال میں فارسی کا نصاب مکمل کرا کر عربی شروع کرادی۔ حضرت مولانا نعمت اللہ صاحبؒ اور مولانا شکر اللہ صاحبؒ ناظم مدرسہ احیاء العلوم اور دیگر اساتذہ بڑی شفقت ومحبت رکھتے تھے اور بہت جلد ہی علم الصیغہ وغیرہ کتابیں شروع کرادیں۔

اسی دوران حضرت والا کے شیخ ومرشد عارف باللہ حضرت مولانا الشاہ محمد وصی اللہ علیہ الرحمہ خلیفۂ ارشاد حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ مدرسہ احیاء العلوم میں مدرس ہوکر تشریف لائے۔ حضرت والا اپنے شیخ وملجاء کی خدمت کو لازم پکڑ کر موصوف ہی کے پاس رہے اور ابتدائی تعلیم کے بعد تین سال بہار شریف کے مدرسہ عزیزیہ میں تعلیم حاصل کرکے دہلی مدرسہ عالیہ فتحپور تشریف لے گئے، پھر وہاں سے ازہرِ ہند دارالعلوم دیوبند میں تشریف لاکر ۱۳۵۲ھ میں فراغت حاصل کی۔

دارالعلوم دیوبند سے فراغت کے بعد اولاً مدرسہ جامع العلوم جین پور ضلع اعظم گڑھ میں تقریباً پانچ سال تدریسی خدمات انجام دیں، بعدہ مدرسہ جامع العلوم محلّہ دھمال ضلع گورکھپور میں ۳/ سال تک اپنے علوم بیکراں و بے پایاں سے طلبۂ علومِ نبوت کو مستفیض کیا۔ اس کے بعد پھر بحکمِ شیخ دارالعلوم مئوناتھ بھنجن میں تشریف آوری ہوئی اور تقریباً پچیس سال کے عرصہ دارز تک درس وتدریس اور فتاویٰ نویسی کی خدمات جلیلہ انجام دیں۔

Made Searchable by ScribeTools.com

دارالعلوم مئو کے قیام کے دوران ہی حضرت مولانا الشاہ محمد وصی اللہ صاحبؒ نے اجازتِ بیعت وتلقین سے بھی نوازا۔

حضرت والا اور شاہ صاحب کا جانبین سے جو والہانہ اور عاشقانہ تعلق تھا اس کا اندازہ نہیں لگایا جاسکتا، حضرت والا کا شمار شاہ صاحب کے اخص الخواص خدّام میں ہوتا تھا، حتی کہ گھریلو اور خانگی معاملات میں بھی شاہ صاحبؒ کے مشورہ اور حکم کے مطابق قدم اٹھاتے تھے۔

دارالعلوم مئو کے قیام کے بعد حضرت والا کی تشریف آوری ماہ رجب ۱۳۸۵ھ میں بحکمِ شیخ جامعہ اسلامیہ دارالعلوم دیوبند میں ہوئی اور فتاوی نویسی کے عہدہ پر فائز کئے گئے اور اب تک اسی خدمت عظمت کی انجام دہی میں مصروف ہیں۔

تصانیف:

یوں تو حضرت والا کے تحریر کردہ فتاوی ہزاروں سے زائد رجسٹروں میں محفوظ ہیں، اسی کے ساتھ "أنوار السنة لرواه الجنه المعروف به فتح الرحمن فی إثبات مذهب النعما ن" کی تبییض کا اہم کارنامہ انجام دیا، یہ کتاب علمِ حدیث میں ایک عجیب انداز کی کتاب ہے، مشکوٰۃ پڑھنے والوں کو عموماً یہ خلجان پیدا ہوتا ہے کہ احناف کے پاس سرمایۂ حدیث نہیں ہے اگر ہے تو بہت کمزور اور بہت کم ہے، اس کتاب سے یہ خلجان بالکلیہ رفع ہوجاتا ہے اور واضح ہوجاتا ہے کہ احناف کی تائید واثبات میں جس قدر احادیثِ صحیحہ ہیں کسی دوسرے کے پاس نہیں ہیں۔ یہ کتاب شیخ عبدالحق محدث دہلوی قدس سرہٗ العزیز کی آخری تصنیف ہے، کما لا یخفی علی من طالعہ۔

شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ اس کی وجہ تصنیف میں خود تحریر فرماتے ہیں کہ جب میں ہدایہ پڑھتا تھا تو معلوم ہوتا تھا کہ احناف کے پاس سرمایۂ حدیث نہیں ہے اگر ہے تو بہت کمزور ہے، پھر مشکوٰۃ پڑھنے لگا تو معلوم ہونے لگا کہ واقعی مسلکِ احناف میں احادیث کا سرمایہ نہیں ہے یہاں تک کہ میں نے طے کرلیا کہ شافعی بن جاؤں، یہ خیال اپنے استاد شیخ عبدالوہاب متقیؒ سے بیان کردیا تو شیخ نے فرمایا کہ احناف کی تائید میں جتنا مضبوط

Made searchable using ScribeTools.com

اور کثیر سرمایۂ حدیث ہے اتنا کسی کے پاس نہیں ہے، تم فلاں فلاں کتابیں دیکھ لو پھر مجھ سے کہنا۔

چنانچہ ان کتابوں کا مطالعہ کر لینے کے بعد میری یہ غلط فہمی رفع ہوگئی، پھر میں نے احناف کی شروحِ مشکوٰۃ دیکھنا شروع کیں تو مجھے کہیں یکجا سرمایہ ایسا نہیں ملا جس سے مشکوٰۃ پڑھنے سے پیدا شدہ یہ خلجان رفع ہوجائے تو اسی وقت سے یہ خیال تھا کہ ایک کتاب مشکوٰۃ ہی کے طرز پر ایسی ہونی چاہیے جس سے خود یہ خلجان ختم ہوجائے۔ چنانچہ مشکوٰۃ ہی کے طرز پر یہ کتاب حضرت دہلویؒ نے تالیف کی ہے۔

واقعی یہ کتاب عجیب ہے بالکل مشکوٰۃ کے طرز پر اور شرحِ حدیث بالحدیث ہے۔ اس کتاب کا کمال یہ بھی ہے کہ بالکل مشکوٰۃ کے طرز پر ایک باب قائم کرتے ہیں پھر اس باب میں جتنے مذاہب معتبرہ وارد ہیں سب کو بیان کرتے ہیں، سب سے قوی مذہب پہلے بیان کرتے ہیں پھر اس کے بعد اس سے کمزور مذہب، پھر اسی طرح اس سے کمزور مذہب پھر اسی طرح سب سے کمزور مسلک سب سے اخیر میں نقل کرتے ہیں۔

نیز اولاً سب سے کمزور مسلک کی احادیث وروایات نقل کرتے ہیں پھر اس کے بعد اس سے قوی مذہب کی احادیث اور سب سے اخیر میں سب سے قوی مذہب کی احادیث وروایات اس طرح جمع کرتے ہیں کہ بعد کی احادیث وروایات اپنے ماقبل کا خود جواب بنتی ہیں اور شرح حدیث بالحدیث کا لطف بھی حاصل ہوتا رہتا ہے۔

اس لئے بھی شیخ کی یہ تالیف نوادراتِ روزگار میں سے ہے اور اس درجہ میں ہے کہ ہدایہ ومشکوٰۃ پڑھنے کے ساتھ ساتھ اس کو سبقاً سبقاً پڑھا جائے۔

یہ کتاب "فتح الرحمن فی إثبات مذهب النعمان" حضرت حکیم محمود صاحبؒ معروفی کے (جو ایک علمی خاندان کے فرد تھے) کتب خانہ کے مخطوطات سے جو نہایت بوسیدہ کرم خوردہ تھی، ابوالمآثر حضرت مولانا حبیب الرحمٰن اعظمی مئوی محدثِ کبیر کے ذریعہ سے حاصل ہوئی اور حضرت موصوف ہی کے ایماء وامر سے حضرت والا نے مسلسل ڈھائی سال کی محنت اور کاوش کے بعد اس کی تبییض کی، اس طرح یہ قابلِ اشاعت ہوئی۔ اس کا کوئی نسخہ مخطوطہ بھی نہیں ملتا تھا، بڑی کاوش اور تلاش سے جامعہ ملیہ دہلی کے مخطوطات کے گٹھر سے برآمد ہوئی، اس

کے ٹائیٹل پر "فتح الرحمن فی تائید مذهب النعمان" لکھا ہوا ہے، بقیہ عبارتیں حرف بحرف یکساں ہیں اور اس نسخہ کا سراغ بھی خلیق نظامی کی کتاب سے جو کہ شیخ عبدالحقؒ کے حالات میں لکھی ہے اس سے ملا۔ حضرت والا نے مختصر تعلیقات کے ساتھ طبع کرا کر اس کو زندہ کر دیا ہے۔

بقیہ تصانیف مندرجہ ذیل ہیں:

(۱) نظام الفتاویٰ

(۲) اقسام الحدیث فی اصول التحدیث

(۳) اصول حدیث (اردو مترجم)

(۴) آسان علمِ صرف جز اول معروف بہ اردو میزان

(۵) آسان علم صرف جز دوم معروف بہ اردو منشعب

(٦) آسان علم نحو معروف بہ اردو نحو میر

(۷) آسان علم نحو معروف بہ معلم سوادخوانی (عربی)

(۸) رویتِ ہلال کی شرعی حیثیت

Made searchable using ScribeTools.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مقدمہ

الحمد للّٰہ رب العالمین، الهادي إلى صراطه المستقيم، والصلاة والسلام على خاتم النبيين محمد النبى الأمّيّ الأمين ، المبعوث رحمةً للعالمين، الذى أرسى قواعد الدين، ورسم معالم التشريع الحكيم ، وعلى آله وصحبه وعِترته ومن تبعه بإحسان إلى يوم الدين۔

امابعد!

فقہ علوم اسلامیہ میں سب سے زیادہ وسیع اور دقیق علم ہے، اس لئے کہ فقہ کے لئے ایک طرف قرآن وعلوم قرآن، حدیث ومتعلقاتِ حدیث، اقوالِ صحابہ، ارشاداتِ ائمہ، اجتہاداتِ فقہاء، اور جزئیات وفروع کے باریک امتیازات پر وسیع نظر، مرجوح وغیر مرجوع پر وسیع اطلاع، امت کی واقعی ضروریات کا ادراک، احوالِ زمانہ کی مکمل بصیرت اور بدلتے ہوئے حالات میں مسائلِ دین کو امت کے مزاج اور دین کی روح کو ملحوظ رکھ کر تطبیق دینے کی پختہ دسترس مطلوب ہے تو دوسری طرف یہی فقہ ہے جو طہارت ونظافت کے جزوی مسائل سے لے کر عبادات، معاملات، معاشرت، آداب واخلاق اور اُن تمام امور کو اپنے اندر سمیٹے ہوئے ہے جن کا تعلق حلال وحرام اور اباحت وحرمت سے ہے۔

فقہ پر دسترس کے لئے لازم ہے کہ فی الجملہ تمام علوم اسلامیہ پر ماہرانہ رسوخ حاصل ہو، اس لئے کہ ہر عصر کے ہر قسم کے مسائل کا شرعی حل پیش کرنا فقیہ ہی کا کام ہے، یہ نہ مفسر ومحدث کی ذمہ داری ہے اور نہ مؤرخ

وسیرت نگار کی، یہ صرف فقیہ کی ذمہ داری ہے اور دیگر تمام اس کے مُمد ومعاون ہیں، چنانچہ ہر مفسر ومحدث کے لئے فقیہ ہونا لازم نہیں، جب کہ ہر فقیہ کو کبھی مفسر، کبھی محدث، کبھی مؤرخ اور کبھی سیرت وسوانح نگار بننا پڑتا ہے۔

پھر فتاویٰ کا میدان فقہ سے اَور زیادہ وسیع ہے، اس لئے کہ فتاویٰ میں ایمانیات وعقائد، فرق، تاریخ، سیرت نبوی وسیرت صحابہ، تصوف وسلوک، اخلاق وآداب، حقوق، عبادات، معاملات، سیاسیات، معاشرت، قدیم وجدید مسائل کا حل، اصولی وفروعی مسائل کی تشریح اور تطبیق وغیرہ تمام فتاویٰ کے شعبہ جات اور مندرجات ہیں، اس لئے مفتی ان تمام شعبوں اور مسائل سے صرفِ نظر کر کے اپنی ذمہ داری نہیں نبھا سکتا، پھر مفتی کو کبھی امتِ اسلامیہ کی مشکلات میں آسانیاں پیدا کرنے کے لئے حدودِ شرعیہ کا خیال رکھتے ہوئے نرم مزاج اور کبھی مزاجِ شریعت کی حفاظت اور خلافِ شرع طرز اپنانے والوں کے لئے سخت مزاج بھی بننا پڑتا ہے۔

حضراتِ علمائے دیوبند میں فقہ وفتاویٰ کا سلسلہ حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی نوراللہ مرقدہٗ سے شروع ہوا اور پھر اس سلسلۃ الذھب میں حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی، حضرت مولانا مفتی عزیز الرحمٰن، حضرت مولانا خلیل احمد سہارنپوری، حضرت مولانا مفتی کفایت اللہ، حضرت مفتی مہدی حسن، حضرت مفتی سعید احمد، حضرت مفتی محمد شفیع، حضرت مولانا ظفر احمد عثمانی، حضرت مولانا مفتی عبدالرحیم لاجپوری، مولانا مفتی محمود حسن گنگوہی جیسی نابغۂ روزگار شخصیات منسلک ہیں۔

فقیہ الامت حضرت مولانا مفتی محمود حسن گنگوہی کی ذاتِ گرامی اس حیثیت سے سب سے ممتاز ہے کہ برصغیر میں کسی بھی مفتی کے لکھے ہوئے فتاویٰ کا اتنا بڑا مجموعہ منظر عام پر نہیں آیا، چنانچہ شائع شدہ بیس مجلدات کے علاوہ بے شمار فتاویٰ منتظرِ اشاعت ہیں اور پھر فقہ کے متداول ابواب کے علاوہ حظر واباحت کی بے شمار جزئیات، مدارسِ اسلامیہ کے مسائل جدیدہ، مختلف فرقوں کے متعلق مفصل ومدلل فتاویٰ، تبصرۂ کتب، بعض شخصیات کی جرح وتعدیل، دعوت وتبلیغ کی حقیقت، اس کی شرعی حیثیت اور اس کے مسائل فتاویٰ محمودیہ کا طرۂ امتیاز ہیں۔

بہرحال فتویٰ اور مفتی سے متعلق چند ضروری باتیں مقدمۃ العلم کے طور پر ذیل میں ذکر کی جاتی ہیں:

فتویٰ کی لغوی تعریف

لفظ ''فتویٰ'' فاء کے فتحہ کے ساتھ بھی منقول ہے اور فاء کے ضمہ کے ساتھ بھی، لیکن صحیح فاء کے فتحہ کے ساتھ

Made searchable using ScribeTools.com

ہے جس کے معنی ہیں: کسی بھی سوال کا جواب دینا، چاہے وہ شرعی سوال ہو یا غیر شرعی، جیسا کہ قرآن کریم میں ہے:

﴿یأیها الملاء أفتونی فی رؤیای إن کنتم للرّؤ یا تعبرون﴾. (سورۂ یوسف: ۱۲، ۴۳)

ترجمہ: ''اے درباروالو! اگر تم تعبیر دے سکتے ہو تو میرے اس خواب کے بارے میں مجھ کو جواب دو''۔

﴿یوسف أیها الصدیق أفتنا فی سبع بقراتٍ سمانٍ﴾. (سورۂ یوسف: ۱۲، ۴۱)

ترجمہ: ''اے یوسف! اے سچے! اے صدق مجسم! آپ ہم لوگوں کو اس کا جواب دیجئے''۔

﴿وقُضی الأمر الذی فیه تستفتیان﴾. (سورۂ یوسف: ۱۲، ۴۲)

ترجمہ: ''جس بارے میں تم پوچھتے تھے وہ اسی طرح مقدر ہو چکا''۔

﴿یأیها الملاء أفتونی فی أمری﴾. (سورۂ النمل: ۲۷، ۳۲)

ترجمہ: ''اے اہل دربار! تم مجھ کو میرے اس معاملہ میں رائے دو''۔

مذکورہ بالا آیات میں لفظ فتویٰ مطلق جواب حاصل کرنے کے لئے استعمال کیا گیا ہے، کوئی شرعی حکم دریافت کرنے کے لئے نہیں۔

لیکن بعد میں لفظ ''فتویٰ'' شرعی حکم معلوم کرنے کے لئے خاص کیا گیا، یعنی شرعی مسئلہ پوچھنے کو فتویٰ کہا گیا اور قرآن کریم میں بھی اس معنی کے لئے استعمال ہوا ہے، جیسا کہ قرآن کریم میں ہے:

﴿ویستفتونك فی النساء، قل اللّٰه یفتیکم فیهن﴾. (سوره النساء: ۴، ۱۲۷)

ترجمہ: ''اور لوگ آپ سے عورتوں کے باب میں حکم دریافت کرتے ہیں، آپ فرما دیجئے کہ اللہ تعالیٰ ان کے بارے میں حکم دیتے ہیں''۔

﴿یستفتونك، قل اللّٰه یفتیکم فی الکلالة﴾ . (سورۂ النساء: ۴، ۱۷۶)

ترجمہ: ''لوگ آپ سے حکم دریافت کرتے ہیں، آپ فرما دیجئے کہ اللہ تعالیٰ تم کو کلالہ کے باب میں حکم دیتا ہے''۔

احادیثِ مبارکہ میں بھی لفظ ''فتویٰ'' شرعی حکم معلوم کرنے کے لئے استعمال کیا گیا ہے، جیسا کہ حدیث شریف میں ہے:

"أجرؤکم علی الفتیا أجرؤکم علی النار" .(أخرجه الدار می فی سننه: ۱/۱۵۷)(۱)۔

---

(۱) (سنن الدارمی، باب الفتیا ومافیه من الشدة، رقم الباب: ۲۰، رقم الحدیث: ۱۵۷، قدیمی)

(والجامع الصغیر للسیوطی رحمه الله تعالیٰ: ۱/۳۰۰، رقم الحدیث: ۱۸۳، مکتبه نزار مصطفیٰ الباز، ریاض)

"الإثم ماحاك فی صدرك وإن أفتاك الناس وأفتوك"(۱)۔

اصطلاحی تعریف:

"الإخبار بحكم اللّٰه تعالیٰ عن مسئلةٍ دينيّةٍ بمقتضى الأدلة الشرعية لمن سئل عنه فی أمر نازل على جهة العموم والشمول، لاعلى وجه الإلزام". (المصباح ،ص: ۱٦)(۲)۔

---

(۱) رواه الإمام أحمد بن حنبلؒ بلفظ: "عن وابصة بن معبد قال: أتيت رسول اللّٰه صلى اللّٰه تعالیٰ عليه وسلم، وأنا أريد أن لاأدع شيئاً من البرّ والإثم إلاسألته عنه، ..... فقلت: يا رسول اللّٰه! فأخبرنی، قال: "جئت تسألنی عن البرّ والإثم"؟ قلت: نعم، فجمع أصابعه الثلاث، فجعل ينكت بها فی صدری ويقول: "ياوابصة! استفت نفسک البر: ما اطمأنّ إليه القلب واطمأنّت إليه النفس، والإثم ماحاک فی القلب، وتردّد فی الصدر وإن أفتاک الناس". قال سفيان: "وأفتوک". (مسند الإمام أحمد بن حنبل، مسند وابصة بن معبد الأسدی: ۲٦۸/۵، رقم الحديث: ۱۷۵۴۰، دارإحياء التراث، بيروت)

(۲) (المصباح فی رسم المفتی ومناهج الإفتاء، ثالثاً: الإفتاء اصطلاحاً: ۱٦/۱، ماريه اكادمی كراچی)

وقال العلامة المناویؒ: "والإفتاء بيان حكم المسئلة، قال فی الكشاف: الفتوى الجواب فی الحادثة، اشتقّت على طريق الاستعارة من الفتی فی السِّنّ". (فيض القدير على الجامع الصغير: ۳۰۰/۱، تحت رقم الحديث: ۱۸۳، مكبته نزارمصطفیٰ الباز)

Made searchable using ScribeTools.com

فتویٰ کا تاریخی پسِ منظر

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے دور میں فتویٰ

رسالت مآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانے میں حضرت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خود مفتی الثقلین تھے اور منصبِ افتاء پر فائز تھے، وحی کے ذریعے سے اللہ تعالیٰ کی طرف سے فتویٰ دیا کرتے تھے اور آپ کے فتاویٰ جوامع الکلم تھے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے یہ فتاویٰ (یعنی احادیث) اسلام کا دوسرا ماخذ ہیں (۱)، ہر مسلمان کے لئے ان پر عمل کرنا ضروری ہے اور سرِ مو کسی کو انحراف کرنے کی اجازت نہیں، اللہ تعالیٰ کا ارشاد گرامی ہے:

﴿ما اٰتا کم الرسول فخذوہ، وما نھا کم عنه فانتھوا﴾. (الحشر: ۵۹، ۷)

ترجمہ: ''رسول تم کو جو کچھ دے دیا کریں وہ لے لیا کرو اور جس چیز سے تم کو روک دیں تم رک جایا کرو''۔

﴿فإن تنازعتم فی شئی فردوہ إلی اللّٰہ والرسول﴾ (۲)۔

ترجمہ: ''پھر اگر کسی امر میں باہم اختلاف کرنے لگو تو اس امر کو اللہ اور رسول کے حوالہ کر دیا کرو''۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے عہدِ زریں میں کوئی دوسرا فتویٰ دینے والا نہیں تھا، ہاں! آپ صلی اللہ علیہ وسلم کسی صحابی کو دور دراز علاقوں کے لئے کبھی کبھی مفتی بنا کر بھیج دیتے، تو وہ منصبِ قضاء وافتاء پر فائز ہوتے اور

---

(۱) " وأیضاً أن إمام المفتیّین ورسول رب العالمین وخاتم النبیّین علیه التحیة والتسلیم تولّی ھذا المنصب العظیم، وکان بمقتضی الرسالة قائماً بھذہ الوظیفة الشریفة؛ لأنھا نوع من البیان الذی ھو وظیفة الرسول صلی اللہ علیه وسلم ، کماقال اللہ سبحانه: ﴿وأنزلنا إلیک الذکر لتبیّن للناس مانزّل إلیھم، ولعلھم یتفکرون﴾". (المصباح فی رسم المفتی والإفتاء، الإفتاء ومکانته فی الشریعة الإسلامیة: ۱/۲۴، ماریه اکادمی کراچی)

(۲) (النساء: ۵۹)

لوگوں کی صحیح رہنمائی فرماتے، جیسے حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو یمن کی طرف قاضی بنا کر روانہ فرمایا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو قرآن، حدیث اور قیاس و اجتہاد کے ذریعے سے فتویٰ دینے کی اجازت مرحمت فرمائی (۱)۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے فتاویٰ کے ذریعے سے مسلمانوں کی ہر چیز میں یعنی: عبادات، معاملات، اخلاقیات، آداب اور معاشرت سب چیزوں میں صحیح رہنمائی فرمائی، ہر بات میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے فتاویٰ وارشادات موجود ہیں اور مسلمانوں کے لئے مشعلِ راہ ہیں۔

---

(۱) "وعن معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنه أن رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم لما بعثه إلی الیمن، قال: "کیف تقضی إذا عرض لک قضاء"؟ قال: أقضی بکتاب اللہ، قال: " فإن لم تجد فی کتاب اللہ"؟ قال: فبسنة رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم، قال: " فإن لم تجد فی سنة رسول اللہ"؟ قال: أجتهد برأیي ولا آلو، قال: فضرب رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم علی صدره، وقال: "الحمدللہ الذی وفّق رسول رسولِ اللہ لما یرضی به رسول اللہ". رواه الترمذی وأبوداؤد والدارمی". (مشکوٰة المصابیح، کتاب الإمارة والقضاء، باب العمل فی القضاء والخوف منه، الفصل الثانی، ص: ۳۲۴، قدیمی)

(ومسند الإمام أحمد، مسند معاذ بن جبل، رقم الحدیث: ۲۱۵۹۵، ۱/۳۲۱، دارإحیاء التراث)

(وسنن أبی داؤد، کتاب القضاء، باب اجتهاد الرأی فی القضاء: ۲/۱۴۹، امدادیه ملتان)

(وجامع الترمذی، أبواب الأحکام، باب ماجاء فی القاضی کیف یقضی: ۱/۲۴۷، سعید)

قال الملا علی القاریؒ: " (قال: أجتهد برأی): أی أطلب حکم تلک الواقعة بالقیاس علی المسائل التی جاء فیها نصّ، وأحکم فیها بمثل المسئلة التی جاء فیها نص لما بینهما من المشابهة ..... قال الخطابی: لم یُرِدبه الرأی الذی یسنح له من قبل نفسه أو یخطر بباله علی غیر أصل من کتابٍ أو سنة، لابل أراد ردّالقضیة إلی معنی الکتاب والسنة من طریق القیاس، وفی هذا إثبات للحکم بالقیاس. قال المظهر: أی إذا وجدتُ مشابهةً بین المسئلة التی أنا بسددها، وبین المسئلة التی جاء نص فیها من الکتاب أو السنة، حکمتُ فیها بحکمها ..... "وقال: الحمد للہ الذی وفق رسول رسول اللہ لما یرضی به رسوله": أی لما یُحبّه ویتمنّاه من طلب طریق الصواب. قال الطیبی: فیه استصواب منه صلی اللہ علیه وسلم لرأیه فی استعماله، وهذا معنی قولهم: "کل مجتهد مصیب اهـ". (مرقاة المفاتیح، کتاب الإمارة والقضاء، باب العمل فی القضاء والخوف منه، الفصل الثانی: ۷/۳۰۸، ۳۰۹، رشیدیه)

Made searchable using ScribeTools.com

صحابہ کرام کے دور میں فتویٰ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس دار فانی سے وصال فرما جانے کے بعد فتویٰ کے کام اور ذمہ داری کو صحابہ کرام نے سنبھالا اور احسن طریقے سے انجام دیا، حضرات صحابہ کرام میں سے جو فتویٰ دیا کرتے تھے ان کی تعداد ایک سو تیس سے کچھ زائد تھی، جن میں مرد بھی شامل ہیں اور عورتیں بھی۔

البتہ زیادہ فتویٰ دینے والے سات تھے جن کے نام مندرجہ ذیل ہیں:

حضرت عمر بن الخطاب، حضرت علی بن ابی طالب، حضرت عبداللہ بن مسعود، حضرت عائشہ، حضرت زید بن ثابت، حضرت عبداللہ بن عباس اور حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین (۱)۔

ان کے علاوہ وہ صحابہ کرام جو ان سے کم فتویٰ دیا کرتے تھے ان کی تعداد بھی بہت ہے، ان میں سے چند کے نام درج ذیل ہیں:

حضرت ابوبکر صدیق، حضرت ام سلمہ، حضرت انس بن مالک، حضرت ابوسعید خدری، حضرت عثمان بن عفان، حضرت ابوہریرہ، حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص، حضرت عبداللہ بن زبیر، حضرت ابوموسیٰ اشعری، حضرت سعد بن ابی وقاص، حضرت سلمان فارسی، حضرت جابر بن عبداللہ، حضرت معاذ بن جبل، حضرت طلحہ، حضرت زبیر، حضرت عبدالرحمٰن بن عوف، حضرت عمران بن حصین، حضرت ابوبکرہ، حضرت عبادہ بن صامت اور حضرت معاویہ بن ابی سفیان رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین (۲)۔

---

(۱) "ثم قام بالفتوى بعد النبي صلى الله عليه وسلم الصحابة رضي الله تعالىٰ عنهم، وقد ذكر ابن القيم في "إعلام الموقّعين" أن الذين حُفِظت عنهم الفُتيا من أصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم مأة ونيّف وثلاثون نفساً مابين رجل وامرأة، فكان المُكثرون منهم سبعاً: عمر بن الخطاب، وعليّ بن أبي طالب، وعبدالله بن مسعود، وعائشة أم المؤمنين، وزيد بن ثابت، وعبدالله بن عباس، وعبدالله بن عمر رضي الله تعالىٰ عنهم أجمعين". (أصول الإفتاء، الفتوىٰ في عهد الصحابة، ص: ۵)

(۲) "وأما المتوسطون من الصحابة فيما روى عنهم من الفُتيا، فعددهم أكثر، منهم: أبوبكر الصديق، وأمّ سلمة، وأنس بن مالك، وأبوسعيد الخدري، وعثمان بن عفان، وأبوهريرة، وعبدالله بن عمر بن العاص، وعبدالله بن الزبير، وأبو موسى الأشعري، وسعد بن أبي وقّاص، وسلمان الفارسي، وجابر بن عبدالله، ومعاذ بن جبل، وطلحة، والزبير، وعبدالرحمٰن بن عوف، وعمران بن حصين، وأبوبكرة، =

Made Searchable by ScribeTools.com

تابعین کے دور میں فتویٰ

تعلیم وتربیت اور فقہ وفتویٰ کا سلسلہ حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کے بعد کہیں جا کر رکا نہیں، بلکہ اس ذمہ داری کو حضرات صحابہ کرام کے شاگردوں نے احسن طریقے سے سنبھالا اور دل وجان سے اس کی حفاظت کر کے آنے والی نسل تک کما حقہ پہنچایا۔

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے دورِ مبارک میں بفضلِ خداوندی بہت فتوحات حاصل ہوئیں، اس وجہ سے حضرات تابعین مختلف بلادِ اسلامیہ میں دینِ متین کی خدمت سرانجام دے رہے تھے۔ اکثر بلاد اسلامیہ میں ایسے حضرات مقرر تھے جو لوگوں کی رہنمائی کرتے: مدینہ منورہ میں حضرت سعید بن المسیب، حضرت ابوسلمۃ بن عبدالرحمٰن بن عوف، حضرت عروۃ بن الزبیر، حضرت عبیداللہ، حضرت قاسم بن محمد، حضرت سلیمان بن یسار اور حضرت خارجہ بن زید، انہی کو فقہائے سبعہ بھی کہا جاتا ہے۔

بعض حضرات نے ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن کی جگہ ابوبکر بن الحارث بن ہشام کا تذکرہ کیا ہے(۱) ان کے اسماء کو کسی شاعر نے شعر میں جمع کیا ہے:

ألا كل من لا يقتدى بأئمة فقسمته ضيزىٰ عن الحق خارجه

فخذ هم عبيدالله عروة قاسم سعيد أبوبكر سليمان خارجة(۲)

مکہ مکرمہ میں عطا بن ابی رباح، علی بن ابی طلحہ اور عبدالمالک بن جریج یہ کام کیا کرتے تھے۔ کوفہ میں

= وعبادة بن الصامت، ومعاوية بن أبى سفيان رضى الله تعالىٰ عنهم أجمعين". (أصول الإفتاء، الفتوىٰ فى عهد الصحابة، ص: ٥، ٦)

(۱) "وانتُصِب فى كل بلد من البلاد الإسلامية إمام يتّبعه كثير من الناس فى الفقه والفتوىٰ، وكان فى المدينة سعيد بن المسيّب، وأبو سلَمةَ بن عبدالرحمٰن بن عَوف، وعروة بن الزبير، وعبيد الله، وقاسم بن محمد، وسليمان بن يسار، وخارجة بن زيد رحمهم الله تعالىٰ، ويقال لهم: الفقهاء السبعة، وقد ذكر بعضهم أبابكر بن الحارث بن هشام من جملتهم عوضاً عن أبى سلمة بن عبدالرحمٰن". (أصول الإفتاء، الفتوىٰ فى عهد التابعين، ص: ٧)

(۲) (أصول الإفتاء، الفتوىٰ فى عهد التابعين، ص: ٧)

Made searchable using ScribeTools.com

ابراہیم نخعی ابن ابی سلیمان، عامر بن شراحیل، علقمہ، شعبی، سعید اور مرہ ہمدانی۔ بصرہ میں حضرت حسن بصری، یمن میں طاؤس بن کیسان اور شام میں حضرت مکحول، ابوادریس الخولانی، شراحبیل بن السمط عبداللہ بن ابی زکریا الخزاعی، قبیصہ بن ابی ذؤیب الخزاعی، عبد بن امیہ، سلیمان بن الحبیب المحاربی، حارث بن عمیر الزبیدی، خالد بن معدان، عبدالرحمٰن بن غنم الاشعری، جبیر بن نفیر، عبدالرحمٰن بن جبیر بن نفیر، عمر بن عبدالعزیز اور رجاء بن حیوۃ اس کام میں مصروف تھے۔ ان کے اکثر فتاویٰ جات مؤطات، سنن، اور مسندات وغیرہ میں موجود ہیں۔

امام ابوحنیفہ

امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ بھی تابعین میں سے ہیں، آپ کی پیدائش کے وقت کچھ صحابہ کرام کوفہ میں موجود تھے، اور وہ حضرات صحابہ کرام یہ ہیں: حضرت ابن نفیل، حضرت واثلہ، حضرت عبداللہ بن عامر، حضرت ابن ابی اوفی، حضرت عتبہ، حضرت مقداد، حضرت ابن بسر، حضرت سہل بن سعد، حضرت انس، حضرت عبدالرحمٰن ابن یزید، حضرت محمود بن لبید، حضرت محمود بن الربیع، حضرت ابوامامہ، حضرت ابوالطفیل، حضرت عمرو بن حریث، حضرت عمرو بن سلمہ، حضرت ابن عباس، حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ تعالیٰ عنہم وعنا اجمعین۔

(ردالمحتار، مقدمہ: ۱/ ۱۴۹، ۱۵۰، طبع جدید، بیروت)(۱)۔

آٹھ صحابہ کرام سے آپ نے روایت نقل کی ہے اور وہ یہ ہیں:

حضرت انس، حضرت جابر، حضرت ابی اوفی، حضرت عامر، حضرت ابن انیس، حضرت واثلہ، حضرت ابن جزء، حضرت عائشہ بنت عجرد رضی اللہ تعالیٰ عنہا وعنہم اجمعین۔

---

(۱) قال العلامة الحصكفيؒ: " وصح أن أباحنيفة سمع الحديث من سبعة من الصحابة، كما بسط فی أواخر منية المفتی، وأدرک بالسِّنّ نحو عشرين صحابياً، كما بسط فی أوائل الضياء". وقال العلامة ابن عابدين: " هم : ابن نفيل، وواثلة ،و عبدالله بن عامر، وابن أبی أو فی، وابن جزء، وعتبه، ومقداد، وابن بسر، وابن ثعلبة، وسهل بن سعد، وأنس، وعبدالرحمٰن بن زيد، ومحمود بن لبيد، ومحمود بن الربيع، وأبوأمامة، وأبو الطفيل، فهؤلاء ثمانية عشر صحابياً". وقال المصحّح: (قوله: ثمانية عشر) هكذا بخطه، والذی ذكره ستةُ عشر، فقط، فليحرر اهـ". (ردالمحتار على الدر المختار، المقدمة، مطلب فيما اختلف فيه من رواية الإمام عن بعض الصحابة رضی الله تعالیٰ عنه: ۱/ ۶۳، ۶۴، سعيد)

علامہ شمس الدین محمد ابوالنصر بن عرب شاہ الانصاری الحنفی نے اپنی کتاب ''جواہر العقائد ودرالقلائد'' میں اُن صحابہ کرام کے نام کوشعر میں بیان فرمایا ہے جن سے امام صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ نے روایت کی ہے، چنانچہ وہ فرماتے ہیں:

"معتقداً مذهب عظيم الشان أبى حنيفه الفتى النعمان
التابعى سابق الأئمة بالعلم والدين سراج الأمة
جمعاًمن أصحاب النبى أدركا أثرهم قداقتفى ومسلكاً
طريقه واضحة المنهاج سالمة من الضلال الداجى
وقدروى عن أنس و جابر وابن أبى أوفى كذا عن عامر
أعنى أبا الطفيل ذا ابن واثلة وابن أنيس الفتى واثلة
عن ابن جزء قدروى الإمام بنت عجرد هى التمام
رضى الله الكريم دائماً عنهم وعن كل الصحاب العظما

(الدرالمختار، مقدمہ، ص:۱۵۰،۱۵۲)(۱)

کچھ دیگر صحابہ بھی ہیں جن سے امام صاحب کی روایت منقول ہے اور وہ درج ذیل ہیں:

حضرت سہل بن سعد، حضرت سائب بن یزید بن سعید، حضرت عبداللہ بن بسر، حضرت محمود بن الربیع رضی اللہ تعالیٰ عنہم۔

علامہ شامی فرماتے ہیں:

"وزاد (أى ابن الحجر الهيثمى) على من ذُكر هنا ممن روى عنهم الإمام فقال: منهم سهل بن سعد ووفاته: سنة ٨٨، وقيل: بعدها، ومنهم: السائب بن يزيد بن سعيد، ووفاقه سنة إحدى أو اثنتين أو أربع وتسعين، ومنهم عبدالله بن بسر ووفاقه سنه ٩٦، ومنهم محمود بن الربيع ووفاقه ٩٩". (ردالمحتار، مقدمه: ١/١٥٢)(٢)۔

---

(۱) (الدر المختار، المقدمة: ١/٦٤، سعيد)

(۲) (ردالمحتار، المقدمة، قبيل مطلب فى مولد الأئمة الأربعة ووفاتهم ومدة حياتهم: ١/٦٦، سعيد)

Made searchable using ScribeTools.com

استنباطِ مسائل میں امام ابوحنیفہؒ کا طریقہ

امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ استنباط مسائل میں حد درجہ احتیاط فرماتے تھے، آپ اپنے زمانے کے علماء کرام کی ایک بڑی جماعت جمع کرتے اور اس جماعت میں ہر فن کے ماہر شریک ہوتے تھے جو اپنے علم وفن میں کامل رسوخ رکھنے کے ساتھ خداترسی وفرض شناسی اور دیگر اوصافِ حمیدہ کے ساتھ متصف تھے، خود امام صاحب اس جماعت کے صدر کی حیثیت رکھتے، کوئی مشکل مسئلہ پیش آجاتا تو سب مل کر بحث ومباحثہ اور غور وخوض کرتے تھے، جب سب علماء کسی مسئلے پر متفق ہوجاتے تو امام ابوحنیفہ، امام ابو یوسف کو فرماتے کہ اس کو فلاں باب میں داخل کرو۔

"روى الإمام أبوجعفر الشيرابازى (وفى نسخة: الشيرامازى) عن شقيق البلخى أنه كان يقول : كان الإمام أبوحنيفة من أورع الناس وأعبد الناس، أكرم الناس، أكثرهم احتياطاً فى الدين، وأبعدهم عن القول بالرأى فى دين الله عزوجل، وكان لايضع مسئلةً فى العلم حتى يجمع أصحابه عليها، ويعقد عليها مجلساً، فإذا اتفق أصحابه كلهم على موافقتها للشريعة، قال لأبى يوسف أو غيره: "ضعها فى الباب الفلانى اهـ". كذا فى الميزان للإمام الشعرانى قدس سرهٗ.

ونقل ط: عن مسند الخوارزمى: أن الإمام اجتمع معه ألف من أصحابه، أجلّهم وأفضلهم أربعون، قد بلغوا حد الاجتهاد، فقربهم وأدناهم، وقال لهم: إنى ألجمت هذا الفقه وأسرجته لكم فأعينونى، فإن الناس قد جعلونى جسراً على النار، فإن المنتهى لغيرى واللعب على ظهرى، فكان إذا وقعت واقعة شاورهم، ناظرهم وحاورهم وسألهم، فيسمع ما عندهم من الأخبار والآثار، ويقول ماعنده، ويناظرهم شهراً أوأكثر حتى يستقر آخر الأقوال، فيُثبتهٗ أبو يوسف، حتى أثبت الأصول على هذا المنهاج شورىٰ ، لأنه تفرد بذلك كغيره من الأئمة اهـ".

(ردالمحتار، مقدمه: ۱/۱۵۲، دارإحياء التراث بيروت)(۱).

---

(۱) (ردالمحتار، المقدمة، مطلب فى مولد الأئمة الأربعة الخ، تحت قول الدر: فحينئذٍ قال لأصحابه الخ: ۱/۶۷، سعيد)

امام صاحب کے شاگرد

اللہ تبارک وتعالیٰ نے امام صاحب کو ایسے شاگرد عطا فرمائے تھے جنہوں نے شاگردی کا حق ادا کیا اور امام صاحب کے علوم کو دنیا کے چاروں اطراف تک پہنچایا، ان اطراف میں امام صاحب کے علاوہ کسی دوسرے امام کے مسلک سے لوگ واقف نہیں تھے۔

"حسبك من مناقبه إشتهار مذهبه"

"قوله: اشتهار مذهبه: أی فی عامة بلاد الإسلام، بل فی کثیرٍ من الأقالیم والبلاد لایعرف إلا مذهبه کبلاد الروم والهند والسند وماورا إلنهر وسمرقند".

(ردالمحتار: ۱/۱٤۰، دار إحیاء التراث بیروت)(۱)۔

علامہ شامیؒ کی تحقیق کے مطابق ان شاگردوں کی تعداد چار ہزار ہے۔

"وروی أنه نقل مذهبه نحو من أربعة آلاف نفر". (حواله بالا) (۲)۔

فقہ حنفی بطور قانون

خلفائے عباسیہ کے دور سے لے کر گزشتہ صدی کے شروع ہونے تک اکثر اسلامی ممالک میں فقہ حنفی قانونی شکل میں نافذ ورائج رہی ہے۔ علامہ شامیؒ فرماتے ہیں:

"فالدولة العباسية وإن کان مذهبهم مذهب جدّهم، فأکثر قضاتهاومشایخ إسلامها حنفية، یظهر ذلك لمن تصفّح کتب التواریخ، وکان مدة ملکهم خمسة سنةً تقریباً، وأما السلجوقیّون وبعدهم الخوارزمیون فکلهم حنفیون وقضاة ممالکهم غالباً، وأما ملوك زماننا سلاطین آل عثمان– أید الله دولتهم ما کر الجدیدان– فمن تاریخ تسعمائة إلیٰ یومنا هذا لایولّون

---

(۱) (ردالمحتار، المقدمة: ۱/۵۶، سعید)

(۲) (ردالمحتار، المصدر السابق)

وقال القاریؒ: "وروی عنه عبدالله بن المبارک، ووکیع بن الجراح، وخلائق لایحصون".

(مقدمة مرقاة المصابیح، ترجمة الإمام أبی حنیفةؒ: ۱/۷۵، رشیدیه)

Made Searchable using ScribeTools.com

القضاء وسائر مَناصِبهم إلا للحنفية". (ردالمحتار، مقدمه: ۱/ ۱٤۱، دارإحياء التراث)(۳)۔

سلطنت مغلیہ کے بعد فتویٰ

سلطنتِ مغلیہ کے زوال اور انگریزی حکومت کے تسلط کے بعد فتویٰ کا کام مدارسِ دینیہ کی طرف منتقل ہوگیا اور اب بھی یہ کام دینی مدارس ہی میں ہوتا ہے اس لئے کہ دینی مدارس ہی دین اور تعلیماتِ نبویہ کی آماجگاہ ہیں۔

جنگِ آزادی کے بعد اسلام کے تحفظ اور فتویٰ کے کام کو حضرت شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ تعالیٰ کے جانشین علماء نے سنبھالا، ان میں اکابر علمائے دیوبند: حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی، حضرت مولانا خلیل احمد سہارنپوری، حضرت حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانوی، حضرت مولانا مفتی عزیز الرحمٰن، حضرت مولانا مفتی کفایت اللہ، حضرت مولانا مفتی محمد شفیع، حضرت مفتی محمود حسن گنگوہی رحمہم اللہ تعالیٰ خصوصیت کے ساتھ قابل ذکر ہیں جن کے فتاویٰ مطبوعہ شکل میں موجود ہیں۔

فتویٰ کی اہمیت

افتاء کا منصب ایک عظیم الشان منصب ہے، اس کی فضیلت واہمیت ہر شخص پر روزِ روشن کی طرح عیاں ہے اور فقہائے کرام اور مفتیانِ عظام کی وہ جماعت جنہوں نے اپنے آپ کو استنباطِ احکام اور استخراجِ مسائل کے لئے مختص کیا اور حلال وحرام کو معلوم کرنے کے لئے قواعد وضوابط مرتب کئے وہ تاریک رات میں ستاروں کی مانند ہیں اور یہی لوگ انبیائے کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کے حقیقی وارث ہیں، نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشادگرامی ہے:

" العلماء ورثة الأنبياء، وإن الأنبياء لم يورّثوا دينا راً ولا درهماً، وإنما ورّثوا العلم، فمن أخذبه فقد أخذ بحظ وافر". (رواه الترمذی فی کتاب العلم، باب ماجاء فی فضل الفقه علی العبادة، رقم: ۲٦۸۲)(۱)۔

---

(۳) (ردالمحتار المصدر السابق)

(۱) (جامع الترمذی، أبواب العلم، باب ماجاء فی فضل الفقه الخ: ۲/ ۹۷، سعيد)

(ومسند الإمام أحمد بن حنبلؒ، باقی حديث أبی الدرداءؓ: ٦/ ۲۵۴، رقم الحديث: ۲۱۲۰۸، دارإحياء التراث بيروت)

قرآن کریم میں ﴿أولو الأمر﴾ کی اطاعت اورفرمانبرداری کوواجب اورضروری قراردیا گیا،ایک تفسیر کے مطابق "أولو الأمر" سے مرادحضراتِ علماءاورفقہاء ہیں۔

علامہ ابوبکرالجصاص فرماتے ہیں:

"اختلف فی تأویل "أولی الأمر"، فروی عن جابر بن عبدالله وابن عباس روایةً، والحسن وعطاء ومجاهد أنهم أولو الفقه والعلم". (أحكام القرآن ،باب فی طاعة أولی الأمر: ۲/۲۱۰) (۱)۔

اس طرح بعض آیتوں میں علماء کی اتباع اورامورِشرعیہ کے معلوم کرنے میں ان کی طرف مراجعت کو ضروری قراردیا گیاہے۔

قرآن کریم میں ہے:

﴿فاسئلوا أهل الذكر إن كنتم لا تعلمون﴾. الآية (۲)۔

ترجمہ:''اہل ذکرسے پوچھ لواگرتم نہیں جانتے''۔

دوسری جگہ ہے:

﴿واتبع سبيل من أناب إلیّ﴾. الاية (۳)

ترجمہ:''پیروی کراس شخص کے راستے کی جس نے میری طرف رجوع کیاہے''۔

لہٰذاہرشخص پرضروری ہے کہ جب مسئلہ کے متعلق دینی رہنمائی مطلوب ہوتوحکم خداوندی معلوم کرنے کے لئے مفتیانِ کرام کی طرف رجوع کرے جیسا کہ حضراتِ صحابہ کرام اپنے درپیش دینی مسائل میں حضوراقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف مراجعت کیا کرتے تھے۔

امام بیضاوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں:

"وفی الآية دلالة على وجوب المراجعة إلى العلماء فيما لايعلم"۔

---

(۱) (أحكام القرآن للجصاص ،باب فی طاعة أولی الأمر، تحت قوله تعالیٰ: (يأيها الذين آمنوا أطيعوا الله وأطيعوا الرسول وأولی الأمر منكم): ۲/۲۱۰، دارالكتاب العربی، بيروت)

(۲) (النحل : ۴۳) وأيضاً (الأنبياء : ۷)

(۳) (اللقمان: ۱۵)

Made searchable using ScribeTools.com

فتویٰ کے کام کی عظمت واہمیت اس سے بھی واضح ہے کہ یہ سنت الٰہی ہے، اللہ تعالیٰ نے فتویٰ کی نسبت اپنی طرف بھی کی ہے، چنانچہ "کلالہ" کے متعلق امت کے استفتاء کے جواب میں اللہ تبارک وتعالیٰ فرماتے ہیں:

﴿یستفتونك ، قل اللّٰه یفتیکم فی الکلالة﴾ الآیة (۱)۔

اورعورتوں کے متعلق سوال کے جواب میں ارشادفرماتے ہیں:

﴿یستفتونك فی النساء قل اللّٰه یفتیکم فیهن وما یتلی علیکم فی الکتاب﴾ الآیة (۲)۔

یہ کام امام المفتین، محبوب رب العالمین، خاتم النبین حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی زندگی بھر کیا اور بیشمار فتاویٰ صادر فرمائے، کتبِ احادیث آپ ﷺ کے فتاویٰ سے بھری پڑی ہیں، اللہ تعالیٰ کا ارشادگرامی ہے:

﴿وأنزلنا إلیك الذکر لتبیّن للناس مانزل إلیهم، ولعلهم یتفکرون﴾ الآیة (۳)۔

ترجمہ: ''اوراب یہ ذکرتم پرنازل کیا ہے تاکہ تم لوگوں کے سامنے اس تعلیم کی تشریح وتوضیح کرتے جاؤ، جوان کے لئے اتاری گئی ہے اورتاکہ لوگ (خود بھی) غوروفکر کریں''۔

اسی اہمیت وعظمت کے پیشِ نظر یہ ضروری ہے کہ امت کا ایک طبقہ قرآن وسنت اورتفقہ فی الدین میں مہارت حاصل کرکے امت کے باقی طبقات کی رہنمائی کے فرائض انجام دے اورآیت قرآن کریم:

﴿فلولا نفرمن کل فرقةٍ منهم طائفة لیتفقهوا فی الدین﴾ الایة. (٤) کا تقاضا بھی ہے۔

مفتی کا مقام

امام شاطبی رحمۃ اللہ تعالیٰ نے مقام مفتی پرطویل اورمفصل بحث فرمائی ہے اوراس بات کوثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ مفتی امت میں افتاء، تعلیم اورتبلیغ کے اعتبار سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا قائم مقام ہے، چنانچہ وہ فرماتے ہیں:

"المفتی قائم فی الأمة مقام النبی صلی اللّٰه علیه وسلم ، والدلیل علی ذلك أمور:

---

(۱) (النساء: ۱۲۶)

(۲) النساء : ۱۲۷)

(۳) (النحل: ۴۴)

(۴) (التوبة: ۱۲۲)

أحدها: النقل الشرعی فی الحدیث: "أن العلماء ورثة الأنبیاء". وبُعث النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم نذیراً بقولہ تعالیٰ: ﴿فلولا نفرمن کل فرقة﴾. والثانی: أنہ نائب فی تبلیغ الأحکام. والثالث: أن المفتی شارع من وجہ؛ لأن مایبلغہ من الشریعة إما منقول عن صاحبہا، وإما مستنبط من المنقول، فالأول یکون فیہ مبلّغاً، والثانی یکون فیہ شارعاً من وجہ، فہو من ہذا الوجہ واجب اتباعہ والعمل علی وفق ما قالہ، وہذہ ہی الخلافة علی التحقیق، وقدجاء فی الحدیث:"أن من قرأ القرآن فقد استدرحت النبوة بین جنبیة۔

وعلی الجملة فالمفتی مخبر عن اللّٰہ تعالیٰ کالنبی، ونأخذ أمرہ فی الأمة بمنشور الخلافة کالنبی، ولذاسُمّوا "أولی الأمر"، وقرنت طاعتہم طاعة اللّٰہ وطاعة الرسول فی قولہ تعالیٰ: ﴿یاأیہا الذین امنوأطیعواللّٰہ وأطیعوا الرسول، وأولی الأمر منکم﴾. (الموافقات للشاطبی :۴/۲۴۴، ۲۴۵)۔

مفتی کے شرائط

مفتی کے لئے حضرات علماء کرام نے چند شرائط بیان کی ہیں، مفتی میں ان کا پایا جانا ضروری ہے، وہ شرائط درج ذیل ہیں:

۱- مکلّف ہو یعنی عاقل ہو بالغ ہو۔

۲- ثقہ ہو۔

۳- گناہ اور منکرات سے پوری طرح اجتناب کرنے والا ہو۔

۴- بداخلاق اور بے مروت نہ ہو۔

۵- فقیہ النفس ہو۔

۶- مسائل میں غور وفکر کی صلاحیت رکھتا ہو۔

۷- بیدار مغز ہو۔

۸- متقی اور پرہیز گار ہو۔

۹- دیانت داری میں مشہور ومعروف ہو۔

Made searchable using ScribeTools.com

۱۰- مسائل غیر منصوصہ میں استنباط وتخریج پر قادر ہو۔

علامہ نووی المجموع شرح المہذب میں فرماتے ہیں:

"شرط المفتی کونه مکلفاً، مسلماً، ثقةً، مأموناً، متنزّهاً عن أسباب الفسق وخوارم المروة، فقیه النفس، سلیم الذهن، وصین الفکر، صحیح التصرف والاستنباط، متیقظاًاهـ".

(باب آداب الفتویٰ والمفتی والمسفتی : ۱/٤۱)(۱)-

"فصل: قالوا: وینبغی أن یکون المفتی ظاهر الورع مشهوراً بالدّیانة الظاهرة والصیانة الباهرة". (باب آداب الفتوی المفتی والمستفتی: ۱/٤۱) (۲)-

اسی طرح مفتی کے لئے یہ بھی ضروری ہے کہ اس نے کسی ماہر مفتی کے زیر نگرانی کام کیا ہو اور قواعدِ فقہ، زمانہ کے عرف اور اس کے احوال سے واقف ہو اور اپنے امام کے مذہب پر پورا عبور رکھتا ہو اور اس کی ظاہری ہیئت بھی شرع کے موافق ہو۔

مفتی کا فریضہ

مفتی چونکہ احکام خداوندی کا ترجمان اور اللہ تعالیٰ ومخلوق کے درمیان واسطہ ہے اس لئے اس پر لازم ہے کہ فتویٰ دیتے وقت پوری بصیرت سے کام لے اور اپنی ذمہ داری کا احساس کرتے ہوئے سوچ سمجھ کر جواب دے، مسئلہ اگر معلوم نہ ہو تو محض اٹکل سے جواب دے کر اپنی آخرت خراب نہ کرے (۳)۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں:

"جو شخص کسی چیز کا علم رکھتا ہو اسے چاہیے کہ وہ اسے بیان کرے اور جسے علم نہ ہو اسے کہنا چاہیے کہ اللہ

---

(۱) (المجموع شرح المهذب للنووی، باب آداب الفتویٰ والمفتی والمستفتی، فصل بعد فصلین: ۱/۷۰، دارالفکر، بیروت)

(۲) (المجموع شرح المهذب، المصدر السابق، فصل بعد فصل)

(۳) قال النوویؒ: "اعلم أن الإفتاء عظیم الخطر، کبیر الموقع، کثیر الفضل؛ لأن المفتی وارث الأنبیاء صلوات الله وسلامه علیهم، وقائم بفرض الکفایة، لکنه معرض لخطأ، ولهذا قالوا: المفتی موقع عن الله تعالیٰ. وروینا عن ابن المنکدر قال: العالم بین الله تعالیٰ وخلقه، فلینظر کیف یدخل بینهم". (المجموع شرح المهذب، باب آداب الفتویٰ والمفتی والمستفتیٰ: ۱/٦۸، دارالفکر، بیروت)

Made Searchable by ScribeTools.com

تعالیٰ بہتر جانتا ہے کیونکہ یہ بھی علم ہے کہ جو بات نہ جانتا ہو اس کے متعلق کہہ دے کہ اللہ تعالیٰ بہتر جانتا ہے، اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ارشاد فرمایا ہے کہ: ''آپ فرمادیں کہ میں تم سے اجرت کا خواہاں نہیں اور نہ تکلف کرنے والوں میں سے ہوں''۔

"یأیھاالناس !من علم شیئاً فلیقل به، ومن لم یعلم فلیقل: اللّٰه أعلم، فإن من العلم أن تقول لما لاتعلم: أللّٰه أعلم. قال اللّٰه تعالیٰ لنبیه: ﴿قل ماأسئلکم علیه من أجر وما أنا من المتکلفین﴾ متفق علیه". (مشکوٰة، کتاب العلم) (۱)۔

اسی طرح مفتی کو چاہیے کہ جواب دیتے وقت خوفِ خدا اور خوفِ آخرت کو سامنے رکھتے ہوئے پوری تحقیق کے ساتھ جواب دے۔

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ مفتی جب کسی سوال کا جواب دینا چاہے تو اسے چاہیے کہ جواب سے قبل اپنے آپ کو جنت اور دوزخ پر پیش کرے اور یہ سوچ لے کہ آخرت میں اس کی نجات کیسے ہوگی؟ پھر جواب تحریر کرے۔

"وکان مالك یقول: من أحبّ أن یجیب من مسئلة، فلیعرض نفسه قبل أن یجیبه علی الجنة والنار، وکیف یکون خلاصه فی الاخرة، ثم یجیب". (المجموع شرح المهذب، ص: ٦٩ (٢)۔

فتویٰ دینے میں احتیاط

فتویٰ نویسی کا کام عظیم الشان اور باعثِ اجروثواب ہونے کے ساتھ ساتھ نازک بھی ہے، اس لئے کہ مفتی اللہ تعالیٰ اور بندوں کے درمیان واسطہ ہے، اگر مسئلہ درست بتایا تو اپنی ذمہ داری سے عہدہ برآ ہوکر اجروثواب کا مستحق ہوگا اور اگر خدانخواستہ مسئلہ غلط بتایا تو مستفتی کے عمل کا وبال بھی اسی پر ہوگا، اسی بناء پر فتویٰ

(۱) (مشکوٰة المصابیح، کتاب العلم، الفصل الثالث، ص: ۳۷، قدیمی)
(والمجموع شرح المهذب للنووی، باب آداب الفتویٰ والمفتی الخ: ۱/ ٦٨، دارالفکر، بیروت)
(۲) (المجموع شرح المهذب، باب آداب الفتویٰ الخ: ۱/ ٦٩، دارالفکر، بیروت)

Made searchable using ScribeTools.com

دینے میں احتیاط بہت ضروری ہے۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جو شخص بغیر حجت اور دلیل کے فتویٰ دے گا اس پر عمل کرنے والے کا گناہ بھی اسی مفتی پر ہوگا''۔

"عن أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه عن النبی صلی الله عليه وسلم قال: "من أفتیٰ بفتيامن غير ثبت، فإنما إثمه على من أفتاه". (أخرجه الدار مي في باب الفتيا وما فيها من الشدة: ۱/۸۳، رقم: ۱۶۱(۱)۔ والحاكم في كتاب العلم: ۱/۱۲۶(۲)۔

حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ علم کو (آخری زمانے میں) اس طرح نہیں اٹھالے گا کہ لوگوں (کے دل ودماغ) سے اسے نکال لے بلکہ علم اس طرح اٹھالے گا کہ علماء کو (اس دنیا سے) اٹھالے گا یہاں تک کہ جب کوئی عالم باقی نہیں رہے گا، تو لوگ جاہلوں کو پیشوا بنالیں گے، ان سے مسئلے پوچھے جائیں گے اور وہ بغیر علم کے فتویٰ دیں گے، لہٰذا وہ خود بھی گمراہ ہوں گے اور لوگوں کو بھی گمراہ کریں گے''۔

"عن عبدالله بن عمرو بن العاص رضی الله تعالیٰ عنه قال: سمعت رسول الله صلی الله عليه وسلم يقول: "إن الله لا يقبض العلم انتزاعاً ينتزعه من الناس، ولكن يقبضه بقبض العلماء حتى إذا لم يبق عالماً، اتخذالناس رؤساً جهالاً، فسئلوا فأفتوا بغير علم فضلّوا وأضلّوا". (أخرجه البخاری في كتاب العلم، باب كيف يقبض العلم(۳)، ومسلم : ۲/۳۴۰) (۴)۔

---

(۱) (سنن الدارمی، رقم الباب : ۲۰، رقم الحديث: ۱۶۱، قديمی)

(۲) (مشكوٰة المصابيح، كتاب العلم، الفصل الثانی، ص: ۳۵، قديمی)

(ومسند الإمام أحمد بن حنبلؒ، مسند أبی هريرةؓ: ۲/۲۱۶، رقم الحديث: ۸۰۶۷، دارإحياء التراث، بيروت)

(وبمعناه في سنن أبی داؤد، كتاب العلم، باب التوقی في الفتيا: ۲/۱۵۹، امداديه، ملتان)

(۳) (صحيح البخاری، كتاب العلم، باب كيف يقبض العلم: ۱/۲۰، قديمی)

(۴) (الصحيح لمسلم، كتاب العلم، باب رفع العلم وقبضه الخ: ۲/۳۴۰، قديمی)

(ومسند الإمام أحمد بن حنبلؒ، مسند عبدالله بن عمر: ۲/۳۴۶، رقم الحديث: ۶۴۷۵، دارإحياء التراث، بيروت)

حضرت عبداللہ بن مسعود اور حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہم سے مروی ہے کہ انہوں نے فرمایا:

''جو شخص ہر پوچھی گئی بات کا جواب دیدے تو وہ پاگل ہے'':

"ان من أفتى الناس فى كل مايسئلونه عنه لمجنون". (المجموع شرح المهذب، ص:٦٩) (١)۔

حافظ ابن قیم الجوزیہ رحمہ اللہ نے ابوالفرج کے حوالے سے مرفوع اثر نقل کیا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''جو شخص بغیر علم کے فتویٰ دیدے تو اس پر زمین وآسمان کے فرشتے لعنت بھیجتے ہیں''۔

"من أفتىٰ الناس بغير علم، لعنته ملائكة السماء وملائكة الأرض".

(اعلام الموقعین:۲/۲۵۶)۔

امام شعبی، حسن بصری اور ابوحسین تابعی رحمہم اللہ سے منقول ہے وہ لوگوں سے کہا کرتے تھے کہ تم لوگ بعض مرتبہ ایسے مسئلہ کے بارے میں فتویٰ دیتے ہو کہ اگر اس جیسا مسئلہ حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کے سامنے پیش آتا تو وہ اس کا جواب معلوم کرنے کے لئے تمام اہل بدر کو جمع فرماتے اور اکیلے اپنی رائے پر اعتماد نہ فرماتے:

"وعن الشعبى والحسن وأبى حصين (بفتح الحاء) التابعين قالوا: إن أحدكم ليفتى فى المسئلة، ولو وردت على عمر بن الخطاب رضى الله عنه لجمع لها أهل بدر". (المجموع شرح المذهب، باب آداب الفتوىٰ والمفتى والمستفتى: ١/٤٠) (٢)۔

امام اعظم ابوحنیفہؒ رحمہ اللہ تعالیٰ فرمایا کرتے تھے کہ: ''اگر علم ضائع ہونے کا خوف اور اس پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے گرفت کا اندیشہ نہ ہوتا تو میں ہرگز فتویٰ نہ دیتا کہ وہ عافیت میں ہوں اور بوجھ مجھ پر ہو''۔

"وقال أبوحنيفة رحمه الله تعالىٰ: لولا الفَرَق من الله تعالىٰ أن يضيع العلم، ماأفتيت

---

(١) (المجموع شرح المهذب، باب آداب الفتوىٰ الخ: ١/٦٩، دارالفكر، بيروت)

(٢) (المجموع شرح المهذب، باب آداب الفتوىٰ الخ: ١/٦٩، دارالفكر، بيروت)

Made searchable using ScribeTools.com

یکون لهم المهنأ وعلیّ الوزر". (حواله بالا)(۱)۔

حضرت سفیان بن عینیہ اور حضرت سحنون رحمہما اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: ''لوگوں میں فتویٰ دینے پر سب سے زیادہ جسارت وہ شخص کرتا ہے جو سب سے کم علم رکھتا ہو''۔

"وعن سفیان بن عینیة وسحنون رحمها اللّٰه تعالیٰ: أجسرُ الناس علی الفتیا أقلّهم علماً". (حواله بالا)(۲)۔

خلاصہ کلام یہ ہے کہ منصب افتاء کی نزاکت کا خیال رکھتے ہوئے اس راہ پر پھونک پھونک کر قدم اٹھانا چاہیے۔

"لاادری"

تحقیق اور تتبع وتلاش کے بعد اگر مسئلہ کا حکم معلوم نہ ہو یا حکم معلوم ہو لیکن اس پر تشفی اور شرحِ صدر نہیں تو مفتی پر اس کا جواب دینا ضروری نہیں بلکہ مفتی صاف کہہ دے کہ مجھے اس کا جواب معلوم نہیں۔ اور اس طرح کہنے سے اس کی شان وعزت ومرتبہ میں کوئی کمی واقع نہیں ہوگی، بلکہ اس سے اَور شان بلند ہوگی، اس لئے کہ یہ قلبی طہارت، دینی قوت اور تقویٰ کی واضح دلیل ہے۔

یہ اصطلاح خود سرورِ کائنات جناب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت جبرائیل علیہ السلام ودیگر بزرگوں سے مروی ہے تو ماوشما کون ہیں جو اس سے اعراض واجتناب کر کے اپنی طرف سے غلط سلط جواب دینے کی کوشش کریں۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا کہ کون سی جگہ بُری ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''مجھے معلوم نہیں''، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت جبرائیل علیہ السلام سے یہی سوال کیا تو حضرت جبرائیل علیہ السلام نے بھی "لاأدری" کہہ کر جواب دیا، پھر حضرت جبرائیل علیہ السلام نے اللہ تبارک وتعالیٰ سے پوچھا، اللہ تبارک وتعالیٰ نے جواب میں فرمایا کہ بازار بُری جگہیں ہیں:

"سئل النبی صلی اللّٰه علیه وسلم: أیّ البلاد شرّ؟ فقال: "لاأدری"، فسأل جبریل،

---

(۱) المجموع شرح المهذب، باب آداب الفتویٰ الخ: ۱/ ۶۹، دار الفکر بیروت)

(۲) (المجموع، المصدر السابق)

فقال: لاأدری، فسأل ربه عزوجل ، فقال: (شرّ البلادأسواقها)". (رواه الإمام أحمد : ٤/٨١(١)، والحاكم فی المستدرك: ٢/٦، بسند حسن)۔

اسی طرح حدیث جبرئیل میں قیامت کے متعلق سوال کے جواب میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا جواب "ماالمسئول عنها بأعلم من السائل" بھی اسی قبیل سے ہے(۲)۔

علامہ نووی رحمہ اللہ تعالیٰ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اس حکیمانہ جواب سے یہ نکتہ مستنبط کیا ہے کہ اگر کسی عالم سے کوئی ایسا سوال کیا جائے جس کے جواب سے وہ ناواقف ہوتو اسے "لاأعلم" کہنا چاہیے اور یہ نہ سمجھنا چاہیے کہ "لاأعلم" کہنے سے وقعت ختم ہوجائے گی بلکہ درحقیقت یہ رفع منزلت کا باعث ہے:

"قوله صلى الله عليه وسلم: "ماالمسئول عنها بأ علم من السائل". فيه: ينبغی للعالم والمفتی وغيرهما إذا سئل عما لايعلم أن يقول: لاأعلم، وأن ذالك لا ينقصه، بل يستدل به علىٰ تقواه ووفور علمه". (الصحيح لمسلم مع شرحه للنووی، كتاب الإيمان: ١/٢٨، قديمی)(۳)۔

حضرت ابن عباسؓ اور محمد ابن عجلان فرماتے ہیں جب کسی عالم ومفتی کو مسئلہ معلوم نہیں تھا اس نے "لاأدری" نہیں کہا، بلکہ اٹکل سے جوب دیا تو اس پر نفس وشیطان کی ایسی ضرب لگی کہ گویا اسے قتل ہی کردیا:

"وعن ابن عباس ومحمد بن عجلان: إذا أخطاء العالم"لاأدری" أصيبت مقاتله". (المجموع شرح المهذب للنووی، ص:٦٩)(٤)۔

---

(۱) (مسندالإمام أحمد بن حنبل، مسند جبير بن مطعم : ٥/٣٦، رقم الحديث: ١٦٣٠٢، ذكره بلفظ "البلدان" فی هذا الموضوع، داراحياء التراث ، بيروت)

(۲) الحديث بتمامه: " عن أبی هريرة قال: كان النبی صلى الله عليه وسلم بارزاً يوماً للناس، فأتاه رجل فقال: ماالإيمان؟ ..... قال: متى الساعة؟ قال: " ماالمسئول (وفی نسخة: "عنها") من السائل، وسأخبرك عن أشراطها". الحديث. (صحيح البخاری، كتاب الإيمان، باب سؤال جبريل النبی صلى الله عليه وسلم عن الإيمان والإسلام الخ: ١/١٢، قديمی)

(والصحيح لمسلم، كتاب الإيمان: ١/٢٧، قديمی)

(۳) (المصدر كما ذُكر)

(۴) (المجموع شرح المهذب للنووی، باب آداب الفتوىٰ والمفتی الخ: ١/٦٩، دارالفكر)

Made Se Made searchable using ScribeTools.com pols.com

امام محمد بن عجلان رحمہ اللہ تعالیٰ فرمایا کرتے تھے:

"جُنة العالم "لاأدری"، إذا أغفله أصيبت مقاتله"۔ مجموع ،ص:٦٩(١)۔

ایک دفعہ امام مالک رحمہ اللہ سے اڑتالیس مسئلے پوچھے گئے، ان میں سے بتیس کے بارے میں آپ نے "لاأدری" فرمایا۔ اور ایک روایت ہے کہ آپ سے ایک مرتبہ چالیس مسئلے پوچھے گئے، آپ نے صرف پانچ کا جواب دیا، بقیہ کے بارے میں فرمایا: "لاأدری"۔

"وعن الهيثم بن جميل: شهدت مالكاً، سئل عن ثمان وأربعين مسئلةً، فقال فی اثنتين وثلاثين منها: "لاأدری"

"وعن مالك أيضاً أنه ربما كان يسئل عن خمسين مسئلةً، فلا يجيب فی واحدة منها، وكان يقول: من أجاب فی مسئلة، فينبغی قبل الجواب أن يعرض نفسه على الجنة والنار، وكيف خلاصه ثم يجيب". (المجموع شرح المهذب) (٢)۔

امام احمد بن جنبل رحمہ اللہ تعالیٰ کے شاگرد حضرت اثرم کہتے ہیں کہ امام احمد کثرت کے ساتھ "لاأدری" فرمایا کرتے تھے:

"وعن الأثرم: سمعت أحمد بن جنبل يكثر أن يقول: "لاأدری". (٣)۔

---

(١) (المجموع شرح المهذب للنووی، باب آداب الفتویٰ والمفتی الخ: ١/٦٩، دارالفكر، بيروت)

(٢) (المجموع شرح المهذب، باب آداب الفتویٰ الخ: ١/٦٩، دارالفكر، بيروت)

(٣) (المجموع، المصدر السابق)

کچھ فتاویٰ محمودیہ کے بارے میں

اس سے پہلے جو کچھ تاریخ فتویٰ اور اس کی اہمیت وغیرہ کے بارے میں لکھا گیا وہ مقدمۃ العلم کی حیثیت رکھتا ہے، اب مقدمۃ الکتاب کے طور پر حضرات علماء دیوبند کی اعتدال پسندی، حضرت مفتی صاحب کی فتویٰ نویسی، فتاویٰ محمودیہ اور اس پر کام کی نوعیت کے متعلق چند گذارشات کا ذکر مناسب معلوم ہوتا ہے۔

چونکہ حضرت مفتی صاحب کے فتاویٰ میں بہت ساری خصوصیات (جن کی تفصیل آگے آرہی ہے) کے علاوہ سب سے نمایاں اور واضح خصوصیت اعتدال پسندی اور میانہ روی ہے اور یہی حضرات علماء دیوبند کی شان اور طرۂ امتیاز ہے۔ اس لئے سب سے پہلے حضرات علماء دیوبند کی اعتدال پسندی کو ذکر کیا جائے گا۔

حضرات علمائے دیوبند اور اعتدال پسندی

حضرات علمائے دیوبند کا خصوصی مزاج و مذاق یہ ہے کہ وہ قرآن وحدیث، فقہ اور تصوف میں نہایت ہی اہم اعتدالی روِش اپناتے ہیں، نہ تو وہ ظاہر نصوص پر ایسا اکتفاء کرتے ہیں کہ فقہ واجتہاد اور تعاملِ امت خصوصاً فقہاء کے استنباطات سے صَرف نظر کریں اور نہ ہی فقہ پر ایسا انحصار کرتے ہیں کہ قرآن وسنت کی نصوص سے چشم پوشی ہوجائے، نہ وہ ایسی قدامت پسندی کے قائل ہیں کہ احوالِ زمانہ وتقاضاہائے وقت سے آنکھیں بند رکھیں اور نہ ہی وہ ہر جدت طرازی اور تجدد کی ہر نئی لہر کو قبول کرتے ہیں کہ جس سے شریعت مطہرہ کا اصل مزاج اور امت کا منہاجِ ممتاز ہی ہاتھ سے چھوٹ جائے، نہ وہ صرف اصول پسندی کے قائل ہیں کہ وہ شخصیات جن کے ذریعہ مذاق ومزاج دینی بنتا ہے، بے وقعت ہوجائیں اور نہ وہ شخصیت پرستی کے ایسے قائل ہیں کہ معیارِ کتاب وسنت کے بجائے صرف اکابر قرار پائیں۔

حکیم الامت حضرت مولانا قاری محمد طیب نور اللہ مرقدہٗ فرماتے ہیں:

Made searchable using ScribeTools.com

''غرض مسلکِ علمائے دیوبند محض نظری مسلک نہیں، بلکہ عملی طور پر ایک مستقل دعوت بھی ہے، جو آج سے سو برس پہلے سے دی گئی اور آج سَوا سو برس کے بعد بھی دی جارہی ہے اور وہ جس طرح اس وقت کارآمد تھی، اسی طرح آج بھی کارآمد ہے، البتہ رنگ اس کا تعلیمی ہے، پھیلاؤ تبلیغی ہے، جماؤ معاشرتی ہے، بچاؤ افتائی وقضائی ہے، چڑھاؤ ریاضت وسپہ گری ہے، ضبطِ نفس تربیتی ہے، مدافعت مجاہداتی ہے اور دعوت بین الاقوامی ہے۔

علمائے دیوبند کا یہی وہ جامع مسلک اور طریقِ عمل ہے جس سے اس جماعت کا مزاج جامع بنا اور اس میں جامعیت کے ساتھ اعتدال قائم ہوا، اس لئے چند بندھے جُڑے مسائل یا خاص خاص فنون یا عملی گوشوں کو لے کر ان میں جمود اختیار کر لینا اور اسی میں اسلام کو منحصر کر دینا یا اسی کو پورا اسلام سمجھ لینا ان کا مسلک نہیں۔

بہرحال! علمائے دیوبند اپنے جامع ظاہر و باطن مسلک کے لحاظ سے نہ تو منقولات اور احکام ظاہر سے بے قیدی اور آزادی کا شکار ہیں اور نہ اس کی باطنی اور عمومی گنجائشوں کے ہوتے ہوئے قومی نفسیات اور مقتضیاتِ وقت سے قطع نظر کر لینے کی بیماری اور ضیق النفس میں گرفتار ہیں۔ ان کا یہی وہ جامع اور معتدل مشرب ہے جو ان کو اس آخری دور میں اہل سنت والجماعت کے سلوک طریقہ پر ان کے علمی مورثِ اعلیٰ حضرت الامام شاہ ولی اللہ دہلوی اور بانی دارالعلوم دیوبند حضرت حجۃ الاسلام مولانا محمد قاسم نانوتوی اور ان کے بعد اس کے سرپرست اعظم قطبِ وقت حضرت مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی اور اس کے اولین صدر تدریس حضرت مولانا محمد یعقوب صاحب نانوتوی قدس اللہ اسرارہم سے پہنچا، جس پر وہ خود بھی رواں دواں ہیں اور اپنے مستفیدوں کو بھی سو برس سے اسی پر تعلیم وتربیت دے کر رواں دواں کر رہے ہیں۔

اس لئے یہ مسلک جامعِ عقل وعشق، جامعِ علم ومعرفت، جامعِ عمل واخلاق، جامع مجاہدہ وجہاد، جامعِ دیانت وسیاست، جامعِ روایت ودرایت، جامع خلوت وجلوت، جامعِ عبادت ومُدنیت، جامعِ حکم وحکمت، جامعِ ظاہر وباطن اور جامع حال وقال مسلک ہے۔

نقل کو عقل کے لباس میں پیش کرنے کا مکتبِ فکر اسے حکمتِ شاہ ولی اللہ سے ملا، اصولِ دین کو معقول سے محسوس بنا کر دکھلانے کا فکر اسے حکمتِ قاسمیہ سے ملا، فروغِ دین میں رسوخ و استحکام پیدا کرنے کا جذبہ اسے قطبِ گنگوہی سے ملا، سلوک میں عاشقانہ جذبات و اخلاق کا والہانہ جوش وخروش اسے قطبِ عالم حضرت حاجی امداد اللہ قدس سرہٗ سے ملا اور تصوف کے ساتھ اتباع سنت کا شوق وذوق اسے حضرت مجددِ الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ اور سید الشہداء رائے بریلی قدس سرہ سے ملا۔

اس لئے علمائے دیوبند قرآن وحدیث کے معانی اور گہرے مَطالب وحقائق واَسرار کو بھی مضبوط پکڑے ہوئے ہیں جن کا ذوق انہیں شیوخِ علم کی صحبت وفیضان سے میسر ہے، جن سے وہ نصوص کے ظواہر وبواطن دونوں ہی سے استدلال کی راہ پر ہیں، نہ وہ اصحابِ ظواہر میں سے ہیں جو الفاظِ نصوص پر جامد ہو کر رہ جائیں اور بواطنِ نصوص یا ان کے حقائق سے بے نیاز ہو جائیں۔ اور نہ وہ باطنیہ میں سے ہیں کہ ظواہر کو محض لفظی نقوش کہہ کر اِن سے بے توجہی برتیں یا شرعی تعبیرات کی ان کے یہاں کوئی قدر و قیمت نہ ہو اور محض ذہنی گھمیر میں گم ہو کر رہ جائیں۔

پس ان کے مسلک پر شرعی تعبیرات قطع نظر ان کے معانی ومدلولات کے خود اپنے نظم وعبارت کے لحاظ سے بھی ہزار ہا علوم واحکام کا سرچشمہ ہیں اور ان کی عبارت، دلالت، اشارت اور اقتضاء سے ہزار ہا مسائل وجود پذیر ہوئے ہیں جن سے دین باغ و بہار بنا ہوا ہے اور دوسری طرف ان تعبیرات کے ماضی کے پردوں میں اَور بھی ہزار ہا معانی اور حقائق مستور ہیں جو قواعدِ شرعیہ اور قواعدِ حربیت کے ساتھ، عملِ صالح کی ممارست، صلحاء کی صحبت ومعیت اور مجاہدہ وریاضت ہی سے قلوب پر وارد ہوتے ہیں''۔

(علماء دیوبند کا دینی رخ اور مسلکی مزاج، سیاست اور اجتماعیات، ص: ۱۷۷-۱۷۹، اِدارہ اسلامیات، لاہور)

تفسیر قرآن، شرح حدیث، فقہ وکلام، غرض کہ تمام شعبہ ہائے دین میں متوارث تعبیر دین علمائے

Made searchable using ScribeTools.com

دیوبند کا ماخذ ومسلک ہے، اس بارے میں حضرات علمائے دیوبند نے جو اعتدال قائم کیا ہے وہ اہلِ سنت والجماعت کا مابہ الامتیاز اور حق وصداقت کی علامت ہے، اسی لئے فقہ حنفی اور اصولِ فقہ کی کسی بھی مستند کتاب کو علمائے دیوبند کا فقہ، اخلاق اور تصوف کی کسی بھی مسلّم شخصیت اور معتمد کتاب کے اصول وفروع کو علمائے دیوبند کا تصوف، حضرات انبیاء عظام علیہم الصلوٰۃ والتسلیم، حضرات صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین اور تابعین کے ساتھ، فقہائے کرام ومحدثین عظام، اولیاء کرام اور بزرگانِ دین (رحمہم اللہ تعالیٰ اجمعین) کے جس جس طبقہ کی جن جن شخصیات پر امت کا اعتماد واتفاق ہو، انہی شخصیات کو علمائے دیوبند کے یہاں قابلِ تقلید وقابلِ نمونہ قرار دینا بجا اور درست ہے۔

حکیم الاسلام حضرت مولانا قاری محمد طیب رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

''یہی مسلکِ اہلِ سنت والجماعت کہلاتا ہے اور یہی وہ مسلک ہے جس کے علَم بردار علمائے دیوبند ہیں، اسی لئے وہ اس جامع مسلک پر چلنے اور اس کے عناصرِ ترکیبیہ کو جمع رکھنے سے بیک وقت مفسر بھی ہیں اور محدث بھی، فقیہ بھی ہیں اور متکلم بھی، صوفی بھی ہیں اور مجاہد بھی، مقلد بھی اور مفکر بھی۔

اور پھر ان تمام علوم اور عناصرِ دین کے امتزاج سے ان کا جماعتی مزاج معتدل بھی ہے اور متوسط بھی، جس میں نہ غلو ہے نہ مبالغہ اور اس توسط اور وسعتِ نظری کی بدولت نہ ان کا مشغلہ تکفیر بازی، نہ دشنام طرازی، نہ کسی کے حق میں سبّ وشتم اور تبرا ہے، نہ بدگوئی، نہ عناد وحسد اور طیش ہے، نہ غلبۂ جاہ وجلال سے افراطِ عیش، بلکہ صرف بیانِ مسئلہ اور حقائق بیانی یا اِحقاقِ حق اور اِبطال باطل ہے اور بالفاظ مختصر اصلاحِ امت اور اتحاد بین المسلمین ہے، جس میں نہ متخالف شخصیات کی تحقیر اور بدگوئی کا دخل ہے، نہ ان پر مغرورانہ طعن واستہزاء کا، نہ ان کے بیانات وخطابت کا موضوع مخالف مسلک طبقات سے خواہ مخواہ الجھنا اور عوام کو ان سے نفرتیں دلاتے رہنا اور ان کے خلاف ہمہ وقت عوامی جذبات کو مشتعل کرتے رہنا ہے، جب کہ ان کی زبانیں بیانِ مسائل سے فارغ نہیں تو ان خرافات کے لئے وہ فرصت کہاں سے پاتے؟

Made Searchable by ScribeTools.com

تکفیر بازی تو بجائے خود ہے ان کے یہاں سرے سے ان اشخاص کا ذکر وتذکرہ تک بھی زبانوں پر نہیں ہوتا جو ہمہ وقت ان کی بدگوئی میں لگے رہتے ہیں، پس انہیں اوصاف واحوال کے مجموعہ کا نام ''دارالعلوم دیوبند'' ہے اور اسی علمی وعملی اور عقلی واخلاقی ہمہ گیری سے اس کا دائرۂ اثر دنیا کے تمام ممالک تک پھیلا ہوا ہے۔

علمائے دیوبند کے اس دینی رخ اور مسلکی مزاج کی نسبتوں سے اگر انہیں پہچنوایا جائے تو اس کا خلاصہ یہ ہے کہ وہ دیناً مسلم ہیں، فرقۂ اہل سنت والجماعت ہیں، مذہباً حنفی ہیں، کلاماً ماتریدی واشعری ہیں، مشرباً صوفی ہیں، سلوکاً چشتی بلکہ جامعِ سلاسل ہیں، فکراً ولی اللّٰہی ہیں، اصولاً قاسمی ہیں، فروعاً رشیدی ہیں، بیاناً یعقوبی ہیں اور نسبتاً دیوبندی ہیں۔ والحمدللّٰہ علی ھذہ الجامعیۃ۔

اس طرح دین کے مختلف شعبوں کی ظاہری اور باطنی نسبتیں مختلف اربابِ نسبت اہل اللہ کی توجہات وتصرفات سے انہیں حاصل ہوئیں جنہوں نے مل کر اور یکجا ہوکر ایک مجموعی اور معتدل مزاج پیدا کرلیا جسے دارالعلوم دیوبند نے سنبھال رکھا ہے''۔

(علمائے دیوبند کا دینی رخ اور مسلکی مزاج، ص:۱۹۲،۱۹۳، اِدارہ اسلامیات)

غرض یہ کہ اہل سنت والجماعت کے یہاں ان اساسی علوم دینیہ کے متعلق جو اعتدال اور افراط وتفریط سے محفوظ ومتوارث فہم دین دورِ رسالت سے چلا آرہا ہے، برصغیر میں اس کے سچے اور کامل وارث علمائے دیوبند ہی ہیں اور اس سلسلے میں جب قرآن ومتعلقاتِ قرآن، حدیث وتشریحاتِ حدیث، فقہ ومتعلقاتِ فقہ، پھر حدیث وفقہ کے درمیان تطبیق اور تصوف ومتعلقاتِ تصوف، پھر تصوف کے منصوص ومباح احکام واعمال اور غیر شرعی و ممنوع محدثات اور سیرت وسوانح، ان تمام علوم کی تشریح، اشاعتِ دین اور تقاضہائے وقت سے ان کی تطبیق اور پھر کسی تجدد کا غیر ضروری اثر لئے بغیر اپنے ٹھیٹھ مزاج پر برقرار رہ کر خدمتِ دین کی تاریخ اور وہ بھی مفصل اور منصفانہ، تاریخ جب بھی مرتب کی جائے گی تو برصغیر کی پوری تاریخ میں دیوبند نہ صرف سرفہرست ہوگا بلکہ ان کی امتیازی شان میں کوئی بھی حصہ دار نہ ہوگا۔

Made searchable using ScribeTools.com

حضرت مفتی محمود حسن صاحب اور فتویٰ نویسی

اللہ تعالیٰ نے حضرت مفتی صاحب قدس سرہٗ کو فقہ اور فتویٰ نویسی کے باب میں جو عظیم مقام عطا فرمایا، لاکھوں میں کسی خوش نصیب کو حاصل ہوتا ہے، علومِ درسیہ سے فراغت کے بعد پوری زندگی درس وتدریس کے ساتھ تفقہ فی الدین اور فتویٰ نویسی میں بسر ہوگئی، بصیرت وتیقّظ اور فقہی مسائل کی تحقیق وتدقیق میں کمالِ درک ،مطالعہ کی کثرت ووسعت، کتاب وسنت، فقہ واصول فقہ میں خصوصی مہارت، اہلِ زمانہ کی طبیعت سے واقفیت، نوایجاد چیزوں کی شرعی حیثیت، تغیراتِ زمانہ اور ان کے شرعی احکام سے واقفیت نے آپ کو ممتاز ومخصوص مقام پر لاکھڑا کیا۔

ہندوستان کے دو عظیم اسلامی مرکز دارالعلوم دیوبند اور مظاہر علوم سہارنپور ہردو کے دارالافتاء کے مفتی اعظم ہوئے اور دیگر متعدد دارالافتاؤں کی سرپرستی اور مکمل رہبری ورہنمائی کی سعادت بھی آپ کے حصہ میں آئی، سینکڑوں بلکہ ہزاروں کی تعداد میں آپ کے سامنے زانوئے تلمذ طے کر کے مفتیان کرام تیار ہوئے اور انہوں نے قائم شدہ دارالافتاؤں کو سنبھالا، یا نئے قائم کر کے فتویٰ نویسی کے ذریعہ اشاعتِ دین اور مخلوق کی رہبری وہدایت میں مشغول ومصروف ہوئے۔

وہ عہد جس میں فتاویٰ کی زمامِ عمل آپ کے ہاتھ میں آئی اس وقت علم وعمل کا ہر میدان شدید تغیرات سے دوچار تھا، عظیم علمائے راسخین ایک ایک کر کے اٹھتے جارہے تھے، خود علماء میں روز افزوں رسوخِ علمی میں کمی .....اور ذوقِ سلف سے دوری تھی، تدیّن کا فقدان ہر طرف سے عوام سے لے کر خواص تک پھیلا ہوا تھا، طرح طرح کی فکری، سیاسی، نظریاتی کج رَویاں جنم لے رہی تھیں، خود مسلمانوں میں نوع بنوع کی نئی نئی جماعتیں اور نئے نئے فرقے وجود میں آرہے تھے، علماء کا ایک بہت بڑا طبقہ مغربی علوم وتہذیب کے سامنے سپر انداختی کی کیفیت میں مبتلا تھا، نجی زندگی سے لے کر عمومی طرزِ معاشرت، معاملات، نظامِ قانون، تجارت، اخلاق وآداب تک نت نئی تبدیلیاں رونما ہورہی تھیں۔

کچھ لوگ کھلم کھلا اجتہاد کا دروازہ کھول کر ہر کس و ناکس کو امور دین میں دخل اندازی کا میدان فراہم کرنے کی انتھک کوشش کررہے تھے، ایک طرف متجددین، روحِ شریعت کو مسخ کرنے پر تلے ہوئے تھے اور مغرب سے درآمد ہر نظریہ و ہر فیشن کو جائز و درست ثابت کرنے کے لئے اباحت پسندی کا بھرپور مظاہرہ کرنے لگے تھے اور ایک طبقہ عمل بالسنہ کے نام پر فقہ وتفقہ سے آزادی اور بزعم خود فقہی جمود کو توڑ کر غیر مقلدیت کے وسیع میدان میں قدم رکھنے اور کسی ایک فقیہ کا مقلد رہنے کو شرک کہہ کر رد کرنے اور امت کو آزاد خیالی کی ایک نئی ڈگر مہیا کرنے لگا تھا۔

ایسے حالات میں تصلّب کے ساتھ تحقیق و یسر کے پہلو کو شامل رکھنا، ہر نئی لہر میں ضرورتِ واقعیہ کو الگ کرنا اور محض سہولت کی خاطر اور صرف دوسروں کی دیکھا دیکھی امت کو مزاجِ شریعت سے دور ہونے سے بچانے کے لئے شدت برتنا، اہل حدیث اور سلفیت کے نام پر غیر مقلدیت کے پرچار سے متعلق امت کی رہنمائی اور اس کے مضر اثرات کی نشاندہی، بدعات کے شیوع میں طرح طرح کے غیر شرعی اعمال میں امت کے تزکیہ کے لئے واضح اور قطعی حکم لکھنا اور ان تمام احوال میں احکام شریعت کو بیان کرنے والا؟ مستند شخص چونکہ یہی کہلاتا ہے اس لئے اس پر یہ لازم ہوتا ہے کہ مسلمانوں کی حقیقی ضروریات و مصالح کو بھی ملحوظ رکھے اور زیادہ سے زیادہ یُسر کے پہلو کو اپنائے اور ناقابلِ برداشت تنگی سے امت کی مشکلات کم سے کم تر کرنے کی سعی کرے، دوسری طرف اس کی رعایت کرنا بھی لازم ہوتا ہے کہ وہ آزاد طرزِ فکر نہ اپنائے جو امت کو ہر طرح کی سہولت دینے کے عنوان پر اور تحقیق کے نام سے من مانی تشریحات کو سندِ جواز عطا کرنے کے نتیجے میں روحِ شریعت ہی کہیں مسخ نہ ہوجائے۔

حضرت مفتی محمود حسن رحمہ اللہ تعالیٰ کے فتاویٰ کا مطالعہ کیا جائے تو یہ حقیقت پوری طرح واضح ہوتی ہے کہ آپ نے تصلّب (اور وہ بھی شدت کی حد تک) کو بھی اپنایا اور امت کی واقعی ضروریات میں یسر کے پہلو پر بھی نظر رکھی، تجدد و اباحت ہو یا آزاد خیالی و کج فکری، یا نئے نظریات، جس عنوان سے بھی سامنے آئے ان سب کے مقابلے میں یا بدعات و رسوم اور غیر مقلدیت ان کے مقابلے میں آپ کا تصلب واضح ہے جب کہ اخلاق، آداب، حظر و اباحت میں آپ کا انداز نہایت ہی یسر اور حاجت کی حدود کا پوری طرح رمز شناس!!۔

خصوصاً فقہ حنفی پر آپ کا رسوخ اور اس سے کسی بھی حال میں عُدول نہ کرنے کا انداز بھی نہایت اہمیت

Made searchable using ScribeTools.com

کا حامل ہے۔

اس سلسلے میں عبادات میں ایک فقہ پر انحصار اور معاملات اور خاص کر معاملات کی نت نئی صورتوں میں ائمۂ اربعہ میں سے بوقتِ ضرورت بقدرِ ضرورت تلفیق، علمائے حقانیین کا امتیاز رہا ہے اور خود علمائے دیوبند اس پر سختی سے کاربند ہیں چنانچہ اسی رَوش پر حضرت بھی کاربند تھے۔

حضرت کا عقائد وعبادات میں فقہ حنفی سے خروج کو کسی بھی حال میں گوارہ نہ کرنا اور حضرت امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کی عظمت آپ کے فقہ پر کلی اطمینان کسی سطحی عقیدت کا نتیجہ نہ تھا، بلکہ اس کی بنیاد وسیع ترین مطالعہ اور تحقیق پر تھی، اسی لئے حضرت امام اعظم کے کمالات، فقہ میں ان کی برتری اور عظمت کو نہایت بصیرت اور انشراح سے بیان فرمایا کرتے تھے۔ فرمایا:

> ''حضرت امام ابوحنیفہ (ولادت ۸۰ وفات ۱۵۰ھ) کو حق تعالیٰ نے اپنے دینِ قویم کی نصرت کے لئے فطانت، ثقاہت، فراست و دیانت روایت، درایت کا حظِ وافر عطا فرمایا تھا جس کی بنا پر ایسی بیش بہا جلیل القدر خدمات انجام دیں کہ رہتی دنیا تک علمائے اسلام کے لئے شاہراہ قائم کردی اور ایسی روشنی کا انتظام کردیا کہ راہزنی و بے راہ روی سے پوری حفاظت ہوگئی اور ہادیٔ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی قولی فعلی وتقریری جملہ احادیث سے مسائل استنباط کر کے ہر حدیث کا محمل متعین فرمادیا کہ نہ تعارض باقی رہا، نہ کسی حدیث کو ترک کرنے کی ضرورت پیش آئی، اس عمل کے لئے فقہائے صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے آثار سے مدد ملی کہ وہ مخاطبین اوّلین تھے جن کو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دین کی امانت سپرد فرمائی اور ان پر اعتماد کر کے دین کی حفاظت واشاعت کا ان کو ذمہ دار بنایا۔

فقہ حنفی تنہا امام ابوحنیفہ کے شخصی فتاویٰ نہیں بلکہ کتاب اللہ، سنت، اجماع، آثار صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم، محاوراتِ عرب، لغات وادب، تواریخ وسیر، تصوف و زہد کے ماہرین کی ایک بڑی جماعت نے ایک ایک مسئلہ اور اس کے ماخذ اور اس کے معارض پر سیر حاصل بحث کی اور دلائل کی روشنی میں تحقیق وتنقیح کے بعد اس کو جمع کرایا ہے، زندگی کا کوئی گوشہ اور شعبہ ایسا نہیں جس کے مسائل فقہ حنفی میں موجود نہ ہوں، خواہ صراحۃً ہوں یا ان

کے نظائر ہوں یا قواعد کلیہ ہوں جن کے تحت حکم معلوم ہوسکتا ہے۔ حضرت امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ نے کتاب وسنت سے ایسے قواعد تخریج فرمائے جو کسی جگہ نہیں ٹوٹتے۔

حافظ ابن حجر عسقلانی شافعی حافظ الدنیا کے لقب سے مشہور ہیں اور صحیح بخاری کے شارح ہیں، فرماتے ہیں کہ:

''امام اعظم کے قواعد نہایت پختہ ہیں، ان کو دیکھ کر میرا دل چاہتا ہے کہ میں حنفی ہوجاؤں- درحقیقت یہ قواعد متونِ حدیث ہیں، بلکہ فقہ حنفی کے بیشتر مسائل متنِ حدیث کی حیثیت رکھتے ہیں، مثلاً: فقہ میں مسئلہ ہے:

''إذا خرج الإمام فلا صلوة ولا كلام''

فتح الباری میں اور دیگر شروح میں اس کو سند کے ساتھ روایت کیا ہے''۔ مکتوبات، ۲۵۴(۱)۔

امام اعظم پر جو طرح طرح کے سطحی اعتراض کئے جاتے ہیں ان اعتراضات کی سطحیت، رکاکت پوری طرح بیان فرمایا کرتے تھے، چنانچہ فرمایا کہ:

''امام اعظم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کو امام تو سب تسلیم کرتے ہیں لیکن بعض سطحی نظر والے قلیل البضاعت یہ کہتے ہیں کہ امام صاحب کو صرف سترہ ۱۷/ حدیثیں یاد تھیں، حالانکہ یہ صریحاً غلط ہے۔ انتھی''۔

فقہ حنفی پر اس وسعت نظر کی بناء پر حضرت فقیہ الامت کو اس درجہ اعتماد وانشراح تھا کہ غالباً پورے عہد افتاء میں کسی صریح جزئیہ سے عدول کا واقعہ پیش نہیں آیا۔

فقہ حنفی پر اس تصلّب کے ساتھ آپ نے کبھی دوسرے ائمہ کی تنقیص، دوسرے فقہاء کی کلی تغلیط یا محض فقہی تعصب کا کوئی مظاہرہ نہیں فرمایا اور یہ علمائے دیوبند کا امتیاز ہے کہ مقلد حنفیت ہونے کے باوجود محققانہ مزاج اپناتے ہیں یعنی وہ نہ تقلیدِ جامد کے قائل ہیں اور نہ اس پر قانع، اسی بناء پر تلفیق یعنی اپنے مذہب سے بر

---

(۱) ''وعورض هذا الاحتمال بمثله فی الحدیث الذی استدلّوا به، وهو ماأخرجه الطبرانی عن ابن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما: '' إذا خرج الإمام فلا صلوة ولا كلام الخ''. (فتح الباری، كتاب الجمعة، باب إذا رأی الإمام رجلاً جاء وهو يخطب الخ: ۲/ ۵۲۰، رقم الحديث: ۹۳۰، قديمی)

Made searchable using ScribeTools.com

بنائے ضرورت عُدول کر کے دوسرے امام کے مسلک کو قبول کرنے سے بھی دریغ نہیں فرماتے۔

کچھ حضرات ایک ہی فقہ میں محدود رہنے کی پابندی کو ختم کرنے کی مہم چلاتے ہیں حالانکہ اگر اس کی اجازتِ عام دی گئی کہ ہر شخص جس فقہ پر چاہے عمل کرنے لگے تو اس سے یقیناً اتباعِ شریعت کے بجائے اتباع نفس کا دروازہ کھلے گا اور اگر کوئی اتباعِ شریعت کا اہتمام کرنا چاہے تو فقہاء کی متضاد جزئیات میں وجہ ترجیح قائم کرنا ہر ایک کی قدرت سے باہر ہے، لہٰذا اگر اس صورتِ حال میں تلفیق سے کلیۃً اجتناب کیا جائے تو بعض مواقع پر امت کو مشکلات پیش آسکتی ہیں، اس لئے اس میں راہِ اعتدال قائم کرنا مفتیانِ وقت کا فریضہ ہے، چنانچہ حضرت فقیہ الامت فرماتے ہیں:

''اگر کوئی حنفی اپنی وسعتِ نظر، جودتِ فہم، صفائی باطن یا کسی اَور داعیہ قویہ کی بناء پر کسی دوسرے امام کی دلیل کو قوی سمجھ کر اس پر عمل کرے گا تو وہ شخص حنفیت سے خارج نہ ہوگا اور قوتِ داعیہ کے موافق معذور ہوگا اور دوسروں کو اس کا اتباع جائز نہ ہوگا اور اس کی نظیریں مذاہبِ اربعہ میں موجود ہیں۔ شیخ ابن ہمام کی ابحاث کو ان کے شاگرد ابن قطلو بغانے ناقابلِ اعتنا قرار دیا ہے(۱)۔

ابن حجر شافعی نے لکھا ہے کہ فقہ شافعی میں زکوٰۃ کے تین مسائل ایسے ہیں جن میں فقہ حنفی کے مطابق فتویٰ دیا جاتا ہے: نقل زکوٰۃ، دفع زکوٰۃ الی الواحد اور دفعہا الیٰ اَصنافہ(۲)۔

امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ (جو کہ شافعی ہیں) نے امام مالک کے مذہب کو طہارت کے متعلق پسند فرمایا۔ فقہائے حنفیہ نے مسئلہ مفقود الخبر میں امام مالک کے مسلک کو اختیار کیا ہے''(۳)۔

---

(۱) ''فالظاهر أنهم رأوا دليلاً أرجح ممارآه حتى لم يعملوا به، ولهذا قال العلامة قاسم فی حق شيخه خاتمة المحققين الكمال ابن الهمام: لايعمل بأبحاث شيخنا التی تخالف المذهب''. (شرح عقود رسم المفتی، ص: ۶۸، میر محمد کتب خانه)

(۲) (راجع باب التقليد، عنوان: ''بعض مسائل میں دوسرے امام کے مذہب پر عمل کرنا، شاہ ولی اللہ صاحب کیا مقلد تھے؟'')

(۳) (انظر ردالمحتار، كتاب المفقود، مطلب فی الإفتاء بمذهب مالک: ۴/۲۹۰، سعيد)

(والحيلة الناجزة لحكيم الأمة رحمه الله تعالیٰ)

حضرت مفتی صاحب اور طریقہ فتویٰ نویسی

فتاویٰ کے سلسلے میں حضرت فقیہ الامت کے امتیازات ہر حال میں قابلِ نمونہ ہیں، وہ مسائل جو عبادات سے متعلق ہیں، کتاب اللہ میں ان کو تلاش فرماتے، کتاب اللہ میں اگر کوئی حکم مذکور نہ ہوتا تو سنتِ رسول اللہ میں اس کا حل تلاش فرماتے، اگر اس میں بھی نہ ملتا تو امامِ اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا قول اختیار فرماتے اور پھر فقہ حنفی سے عدول کرنا ہرگز گوارہ نہ فرماتے۔

چنانچہ خود فرماتے ہیں:

''جب میرے سامنے کوئی مسئلہ پیش آتا ہے تو میں اسے کتاب اللہ پر پیش کرتا ہوں، اگر اس میں جواب مل جاتا ہے تو میں کسی اَور طرف نہیں دیکھتا، مثلاً: طلقاتِ ثلاثہ کے وقوع کا مسئلہ سامنے آیا تو میں نے کتاب اللہ میں تلاش کیا سو مل گیا، وہ یہ کہ حق تعالیٰ کا ارشاد ہے ﴿الطلاق مرتان﴾ اس کے بعد ارشاد ہے: ﴿فإن طلقها فلا تحل له من بعد حتى تنكح زوجاً غيره﴾(۱) صاف معلوم ہوا کہ تین طلاق واقع ہو جاتی ہیں، خواہ ایک مجلس میں دے خواہ تین مجلس میں دے، قرآن میں کوئی تفصیل نہیں اور عورت اس کے بعد شوہر اول کے لئے بغیر حلالہ کے حلال نہیں رہتی، میں اسی کے مطابق فتویٰ دیتا ہوں۔

اگر کتاب اللہ میں مسئلہ نہیں ملتا تو اس کو سنتِ رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) میں تلاش کرتا ہوں، اگر اس میں مل جاتا ہے تو کسی اَور طرف توجہ نہیں کرتا، مثلاً: قرأت خلف الامام کا مسئلہ پیش آیا تو میں نے کتاب اللہ میں تلاش کیا اور نہ ملا، پھر حدیث میں تلاش کیا اس میں مل گیا، صحیح مسلم شریف میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے: " إذا قرأ فأنصتوا"(۲) جو صحیح صریح غیر منسوخ ہے، اس سے صاف معلوم ہوا کہ قرأت خلف

---

(۱) (البقرة: ۲۳)

(۲) "عن أبي هريرة رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: "إنما جعل الإمام ليؤتمّ به، فإذا كبّر فكبّروا، وإذا قرأ فأنصتوا". رواه أبو داؤد والنسائي وابن ماجة". (مشكوٰة المصابيح، كتاب الصلوٰة، باب القرآءة في الصلوٰة، الفصل الثاني، ص: ۸۱، قديمي)

Made searchable using ScribeTools.com

الامام جائز نہیں، اسی کے مطابق فتویٰ دیتا ہوں۔

اگر حدیث میں مسئلہ نہیں ملتا تو حضرت امام ابوحنیفہ (رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ) کے قول کو اختیار کرتا ہوں، میں چونکہ مجتہد نہیں، نہ مجھ میں اجتہاد کی صلاحیت ہے اس لئے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے قول کو اختیار کرتا ہوں، اس لئے کہ وہ اعلیٰ درجہ کے مجتہد تھے''۔ (ملفوظات)

یہ طرز تو حضرت کا عبادات کے مسائل کے متعلق ہے، معاشرت وتمدن کے سلسلے میں وہ مسائل جن میں امت دوسری اقوام کی نقالی کرنے لگی ہے چاہے وہ لباس ہو، رہن سہن ہو، رسوم وعادات ہوں، کھانے پینے کے طور طریقے ہوں ان میں آپ کا انداز عموماً یہ ہوتا کہ اگر وہ امور غیر مسلم اقوام کے شعار کی حیثیت رکھتے تو بر بنائے تشبہ ان کے ممنوع ہونے کا فتویٰ دیتے، لیکن علتِ تشبہ پر کامل غور وفکر کو ہاتھ سے نہ چھوڑتے، لیکن اگر وہ امور غیر مسلم اقوام کا شعار نہ ہوتے اور اصلاً وہ اسلامی بھی نہ ہوتے، ان کے مباح ہونے کا فتویٰ دیتے، لیکن اجتناب کی تلقین بھی فرمایا کرتے تھے۔

حظر واباحت کے مسائل کے سلسلے میں نصوص سے زیادہ عرف کو مدار بنایا جانا اس لئے ناگزیر ہوتا ہے کہ عموماً یہ مسائل عرف پر ہی مبنی ہوتے ہیں، اس لئے اس سلسلے میں عرف کی بناء پر جواز وعدمِ جواز کا فیصلہ فرمایا کرتے اور اس کے لئے صرف بیانِ حکم پر اکتفا فرمایا کرتے تھے۔

معاملات کے سلسلے میں وہ مسائل جن کا تعلق ایسے امور سے ہوتا جن کے متعلق قطعی تحقیق نہ ہوئی ہوتی تو آپ بھی قطعی حکم نہ لگاتے، مثلاً کوکا کولا، سینٹ، صابون، ڈالڈا گھی، بسکٹ، برش، ٹوتھ پیسٹ وغیرہ کے متعلق جائز وناجائز کا حکم دریافت کیا گیا تو آپ نے ان اشیاء کے متعلق یہی لکھا کہ بلا قطعی تحقیق کے یہ نہیں کہا جاسکتا کہ ان اشیاء میں نجس اشیاء پائی جاتی ہیں اور جب تک اس کی پوری تحقیق نہ ہوجائے ان کے متعلق حرمت کا فتویٰ نہیں لکھا جاسکتا۔

وہ مسائل جو جدید ایجادات کی بناء پر سامنے آتے ان کی تحقیق نہ ہوتی تو صاف فرمادیتے کہ مجھے تحقیق نہیں، تاہم جدید مسائل کے فتاویٰ نسبتاً کم ہی لکھا کرتے تھے۔ ایسے مسائل جن میں کسی مستفتی کے متعلق آپ کو محسوس ہوتا کہ محض کسی کے خلاف بطورِ ہتھیار استعمال کرنے کے لئے فتویٰ طلب کیا جارہا ہے تو عموماً آپ ناصحانہ

جملے لکھا کرتے اور ایسے مسائل جن سے کسی عمل کی امید نہ ہوتی محض علمی مشغلہ کے طور پر دریافت کئے جاتے ان کے متعلق بھی عموماً نہایت اجمال برتتے تھے۔

حضرت فقیہ الامت رحمہ اللہ تعالیٰ کے فتاویٰ میں وہ فتاویٰ جو ابتدائی عہد کے ہیں یعنی جو مظاہر علوم اور کانپور کے زمانے میں لکھے گئے ان میں تحقیق، بیانِ حوالہ اور جوش وصراحت کا عنصر غالب ہے جب کہ اخیر عہد میں اصلاح وارشاد اور تزکیہ ونصیحت کا رنگ غالب رہا۔

بدعات، رسوم، روایات اور امت میں پھیلے ہوئے مختلف علاقوں کے مختلف اختراع شدہ امور کے متعلق حضرت کا انداز یہ تھا کہ ہر امر کے متعلق پہلے یہ طے فرماتے کہ کیا اس کو بر بنائے عبادت انجام دیا جارہا ہے اور التزام کی کیفیت پیدا ہوچکی ہے یا نہیں، اگر دین سمجھ کر التزام کے ساتھ کسی کام کو کیا جانے لگے اور تارک کو ملامت کی جائے تو اب اس کے بدعت ہونے میں شبہ نہیں، چنانچہ تیجہ، چہارم، دسواں، پندرہواں، چالیسواں، عُرس، مجالسِ میلاد میں طرح طرح کے غیر ثابت شدہ امور کی پابندی وغیرہ کو بدعت اور اصولِ شریعت سے غیر ثابت شدہ ہوکر غیر مشروع ہونے کی صراحت فرماتے تھے، لیکن اس کے ساتھ ہی اگر کسی امر کا التزام بر بنائے انتظام ہو، نہ کہ بر بنائے حکمِ شریعت، اور تارک کو مطعون بھی نہ کیا جائے تو اس کو بدعت نہ کہہ کر امت کے لئے سہولت پیدا فرماتے تھے، چنانچہ مختلف تسبیحات کی تعداد کو یاد رکھنے اور گننے کے لئے تسبیح کا استعمال درست قرار دیا، اگر چہ کچھ لوگ اس کو بدعت کہتے ہیں مگر وہ یہ نہیں دیکھتے کہ کیا اس میں ابتداع کے تمام لازمی امور پیدا ہوئے بھی یا نہیں؟ غرض کہ حکمِ بدعت کے سلسلے میں نہ سخت گیر موقف اپناتے تھے اور نہ سہل انگاری۔

حضرت فقیہ الامت رحمہ اللہ تعالیٰ کے فقہ وفتاویٰ کی چند خصوصیات جو انتہائی سرسری طور پر سامنے آئیں وہ پیش کرنے کے بعد یہ امر واضح کرنا لازم ہے کہ یہ خصوصیات حضرت کا امتیازِ خاص اور وہ انفرادیت نہیں کہ جس سے دوسرے بزرگوں سے اس کی کلی نفی مقصود ہو لیکن اس عہد میں حضرت ان اوصاف وامتیازات کی بناء پر بلاشبہ سب سے فائق تھے۔

وسعتِ نظر اور استحضارِ جزئیات

وسعتِ نظر اور استحضار جزئیات میں بھی آپ اس عہد میں بے نظیر تھے، بے شمار مسائل ایسے کہ جن کے

Made searchable using ScribeTools.com

متعلق عموماً یہ تصور کیا جاتا ہے کہ اس کے متعلق کہیں کوئی صراحت شاید نہ مل سکے، لیکن حضرت نہایت بے تکلفی سے اس کے لئے کوئی صریح جزئیہ بیان فرمایا کرتے تھے۔ اسی وسعتِ نظر کی بناء پر آپ کے فتاویٰ میں ان کتابوں کے حوالے بھی ہیں جن کی زیارت تو کجا ان کے نام سے بھی ہم جیسے نا آشنا تھے اور حضرت کے فتاویٰ کے ذریعہ ہی پہلی مرتبہ نام سننے میں آئے، چنانچہ: نهاية الأمل، روضة القضاء، نور العين، تلقيح فهوم أهل الأثر، نور الضحیٰ اور بہت سی فتاویٰ کی دوسری کتابیں ہیں جن کا پہلے پہلے نام سے تعارف حضرت کے فتاویٰ ہی کے ذریعہ ہوا۔

فقہ وفتاویٰ کی کتابوں کا وسیع ترین مطالعہ اور پھر اس کا استحضار اور بوقتِ ضرورت اس کا بیان کرنا یہ وہ وصف ہے جو بلاشبہ اس عہد میں آپ کا وصفِ امتیازی تھا، چنانچہ وسعتِ نظر کا شاہکار دیکھئے کہ سوال کیا گیا مسجد میں دوستونوں کے درمیان نماز مکروہ ہونے کی وجہ کیا ہے؟ ارشاد فرمایا:

''کہ مبسوط میں جزئیہ موجود ہے کہ یہ مکروہ نہیں ہے کیونکہ یہ تو ایسا ہی ہے جیسے دو مقتدیوں کے درمیان کوئی صندوق رکھ دیا جائے''۔ علامہ کشمیری رحمۃ اللہ علیہ کا قول العرف الشذی: ۱/۶۰، میں نقل کیا گیا ہے کہ احناف کی کتب میں عدم کراہت کا قول مجھے نہیں ملا، حالانکہ مبسوط سرخسی میں صراحۃً مذکور ہے''۔ (ملفوظات: ۲)

اسی وسعتِ نظر کی بناء پر مستند وغیر مستند کتابوں کے متعلق آپ نہایت قطعیت سے حکم لگاتے تھے، چنانچہ بعض دفعہ ایک ہی استفتاء میں دس دس کتابوں کے متعلق رائے طلب کی جاتی تو نہایت بے تکلفی کے ساتھ مستند ہونے، مشکوک ہونے، غیر مستند ہونے وغیرہ کی تصریح فرماتے (۱)۔

فقہ کی امہاتِ کتب پر نہایت تحقیقی اور عمیق نظر تھی اور اس کے نتیجے میں بعض دفعہ آپ کی زبان وقلم سے ایسے جواہر کا ظہور ہوتا کہ جن کے لئے برسوں کے علم ومطالعہ کے بعد بھی امید نہیں کی جاسکتی کہ حاصل ہو جائیں۔

حضرت فقیہ الامت اور اعتدال پسندی

حضرت فقیہ الامت کے فتاویٰ، مواعظ، ملفوظات، تدریس، اصلاح وتصوف، مسلکِ علماء دیوبند کی مدلل، مفصل، عام فہم، تبیین اور تشریح ہے۔ اس معتدل مسلک کی تشریح وتوضیح میں آپ کا منہاج کیا تھا، یہ ذیل کی

(۱) (راجع محمودیہ، کتاب العلم، مایتعلق بالکتب المعتمدة وغیرها، عنوان: چند معتبر اور غیر معتبر کتب'')

Made Searchable by ScribeTools.com

چندمثالوں سے واضح ہوگا:

جناب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور راہِ اعتدال

اس کائنات میں سب سے مقدس، سب سے افضل اور تمام کمالاتِ انسانی کی جامع جماعت حضرات انبیاء علیہم السلام کی جماعت ہے، جن کی محبت، عقیدت اور ان کی حقانیت وصداقت پر مکمل اطمینان اصلِ ایمان ہے، پھر جماعتِ انبیاء علیہم السلام میں سب سے افضل حضرت سید المرسلین خاتم النبیین جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات گرامی ہے۔

حضرات انبیاء علیہم السلام اور بالخصوص حضرت نبی اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے معجزانہ کمالات کی بناء پر امت کے بہت سے طبقات طرح طرح کی اِفراط وتفریط میں مبتلا ہوگئے، کسی نے آپ کے ارشادات کی تشریعی حیثیت کو تسلیم کرنے سے ہی انکار کیا، کسی نے آپ کے ارشادات کو صرف الفاظ کی حد تک محدود کر کے ان ارشادات سے مزید استنباط کرنے، ان میں تخریجِ علت اور پھر علت کے تعدیہ کو غلط قرار دے کر صرف الفاظِ حدیث کی سندی حیثیت اور ظاہرِ مفہوم تک محدود رہنا منتہائے دین قرار دیا، کسی نے آپ ﷺ کی ذات کو عام انسانوں کی ذات کے ہم مثل قرار دے کر آپ کے آثار بالخصوص مادی آثار کو غیر معتبر قرار دیا حتی کہ آپ کے جسمِ اطہر کے مٹی میں مل کر دوسرے انسانی اجسام کی طرح مخلوط ہوجانے کا عقیدہ اپنایا، کسی نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی حیثیت محض پیغام رساں ہونے تک محدود سمجھی، کسی نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات میں غلو کر کے آپ کو عالم الغیب، مشکل کشا، مختارِ کل، ہر جگہ حاضر وناظر قرار دیا، کسی نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو نورِ مطلق اور صفاتِ الٰہی کا جزو قرار دیا، کسی نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ گرامی کی طرف منسوب تبرکات کو معبود تک بنانے کی روش اپنائی، کسی نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواجِ مطہرات رضی اللہ تعالیٰ عنہن پر، آپ کے صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم پر تنقید کرنے کو اپنا اصول قرار دیا۔

اس صورت حال میں اعتدال کیا ہے یہ نہایت اہم مسئلہ ہے، چنانچہ اس اہم مسئلہ میں علمائے دیوبند نے جو معتدل منہاج اپنایا اس کی نہایت جامع مثال حضرت فقیہ الامت کے فتاویٰ میں ملے گی، حضرت جہاں حضرات انبیاء علیہم السلام اور بالخصوص حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے علمی وعملی، اخلاقی، جسمانی، روحانی

Made searchable using ScribeTools.com

کمالات کوتسلیم کرنے اوران پرمکمل ایمان رکھنے کی نہایت بصیرت افروز اورمحبت خیز تشریح فرماتے ہیں وہیں آپ کے عالم الغیب ہونے ،مختارکل ہونے ،نورِمطلق ہونے کی بھی نفی کرتے ہیں اور یہ نفی قرآن ،حدیث ،آثارِ صحابہ،ارشاداتِ عارفین اورعقلی استدلالات اوربصیرت افروز بیانات ومثالوں پرمبنی ہوتی ہے۔

آپ ایک طرف حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مقدس ذات کوافضل الکائنات ،اعلم الکائنات اوراطہر الکائنات قراردے کران پرایمان رکھنے کولازم قراردیتے ہیں لیکن دوسری طرف جب یہ حدیث پیش کرکےفتویٰ طلب کیاجاتاہے کہ:"أنا أحمد بلاميم، وأنا عرب بلاعين" (ترجمہ)''میں بلامیم کےاحمد (احد)اور بلاعین کےعرب (رب)ہوں''۔تواس کوموضوع اور باطل کہہ کررد کردیتے ہیں(۱)۔

آپ ایک طرف محبتِ رسول کوجزوِایمان اورلازمۂ ایمان قراردیتے ہیں،لیکن ساتھ ہی مجردلسانی دعوائے عشق کوناقص قراردےکرحقوقِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی ادائیگی کی تلقین فرماتے ہیں اور یہ حقوق عشق ومحبت،عقیدت وعظمت،اتباع وانقیاداورایک ایک سنت کواپنانے کی تلقین تک وسیع کرتے ہیں،صاف فرماتے ہیں کہ:

''اصل عشقِ رسول تواتباع سنت کانام ہے''۔

آپ ایک طرف ''شفایارسول اللہ'' کہنا غیردرست قراردیتے ہیں اس لئے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو خودجسمانی امراض سے سابقہ پیش آیاتو آپ سے ہی شفاءطلب کرنا کیسے درست ہوگا،لیکن دوسری طرف آپ کے وسیلے سے اللہ کی بارگاہ سے حاجات طلب کرنا درست قراردیتے ہیں(۲)۔آپ سے پوچھا جاتاہے کہ کائنات میں سب سےافضل پانی کون ساہےاور یہ سوال کرنے والا بجاطور پر یہی سمجھتاہے کہ جواب میں حضرت یہی فرمائیں گے کہ سب سے افضل پانی زمزم ہے،اس لئے احادیث میں سب سے زیادہ فضیلت اسی پانی کی بیان کی گئی،لیکن حضرت کےتعمقِ نظرکاعالم دیکھئے فرماتے ہیں کہ:

''اس کائنات میں سب سےافضل پانی وہ تھاجوحضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مبارک انگلیوں سے جاری ہواتھا،اس کے بعدسب سےافضل زمزم کاپانی ہے''۔

---

(۱) (راجع كتاب العلم، مايتعلق بالحديث، عنوان: "أناأحمد" الخ،کیاحدیث ہے''؟)

(۲) (راجع كتاب الإيمان، مايتعلق بالتوسل فى الدعاء)

لیکن اس کے ساتھ وہ تمام بے سند روایات جو سیرت کے نام پر بیان کی جائیں ان کی تردید وتغلیط میں کوئی جھجھک محسوس نہیں کرتے، چنانچہ "أول ماخلق اللّٰہ نوری" کے متعلق فرمایا کہ "یہ درجہ صحت کو نہیں پہنچتی ہے"(۱)۔

حقوقِ رسول علیہ الصلوٰۃ والسلام کے لئے مجرد سیرت نگاری اور صرف اظہارِ فن کے لئے نعتیہ شاعری کو ناکافی سمجھتے ہیں، بلکہ اتباعِ رسول کو اور پھر اشاعتِ دین کی لگن کو بھی حقوق میں شمار کرتے ہیں، لیکن ساتھ ہی وہ نعتیہ شاعری جو حدودِ شریعت میں ہو (جس میں نہ تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو مافوق النبی قرار دیا جائے اور نہ غیر مستند باتیں آپ کی طرف منسوب کی جائیں) کی اہمیت کے نہ صرف قائل ہیں، بلکہ خود بھی ایسی نعتیہ شاعری کرتے ہیں جو بلاغت، تلمیحات، استعارات اور قرآن وسنت وسیرت کے اُن دفاتر کو اپنے اندر سموئے ہوئے ہے جو ذاتِ اقدس کے متعلق وارد ہیں۔

غرض یہ کہ اس کائنات میں سب سے مقدس جماعت حضرات انبیاء علیہم السلام ہیں اور ان کے سردار اور ان میں سب سے افضل حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات گرامی ہے، جن کی محبت وعظمت، عقیدت واتباع ہی اصلِ ایمان ہے، لیکن یہ محبت وعظمت اگر غلو کا شکار ہو جائے تو یہی شرک بن سکتی ہے، چنانچہ حضرات علمائے دیوبند کے عمومی مسلک کے مطابق حضرت فقیہ الامت اس سلسلے میں نہایت محتاط اور محکم عقیدہ اپناتے ہیں اور اسی کی تصریح بھی فرماتے ہیں، یعنی نہ تو انبیاء کو خدا سے ملا دیتے ہیں، نہ نوعِ بشری سے الگ کسی اَور مافوق الانسانی نوع کے ساتھ ان کی مماثلت تلاش کرتے ہیں، نہ ان میں خدا کے حلول کرنے، خدائی اختیارات کے ان میں موجود ہونے کا عقیدہ رکھتے ہیں، نہ ان کو مقامِ عبدیت سے اٹھا کر مقام معبودیت تک پہنچاتے ہیں اور نہ اس طرح کی عقیدت کو درست سمجھتے ہیں۔

اس کے ساتھ انبیاء علیہم السلام کی توہین، تنقیص یا تنقید یا ان کی طرف گناہ کی نسبت کرنے کا تصور بھی نہیں کرتے ہیں اور نہ اس تصور کو درست سمجھتے ہیں کہ حضرات انبیاء علیہم السلام کی حیثیت محض خدا کا پیغام رساں

---

(۱) (راجع کتاب العلم، مایتعلق بالحدیث، عنوان: أول ماخلق اللہ نوری" الخ)

Made searchable using ScribeTools.com

ہونے کی ہے، گویا معاذ اللہ ڈاک کے کسی امانت دار کارندے کی حیثیت دینے کو سراسر توہین قرار دیتے ہیں۔

ایک طرف حضرات انبیاء عالم بشریت کے سب سے بلند مقام ومرتبہ پر فائز ہیں اور دوسری طرف انسانیت کی سب سے زیادہ محسن ومحبوب جماعت اور تیسری طرف خدائی حدود واختیارات میں دخیل نہیں ہیں، پھر اس مقدس جماعت کی آخری اور سب سے باعظمت ہستی حضرت سید المرسلین ہیں، آپ افضل الکائنات وافضل الانبیاء ہیں لیکن ساتھ ہی آپ کی عبدیت وبشریت بھی یقینی ہے، غلوِ عقیدت میں بشریت کی نفی اور ادعائے بشریت میں مقام نبوت کی تنقیص دونوں پُرخطر ہیں اور دونوں حدودِ شریعت سے خارج ہیں۔

آپ کی ذاتِ اقدس کو خدائی اختیار کا حامل قرار دے کر مختارِ کل اور تمام علوم الٰہی پر محیط قرار دے کر عالم الغیب قرار دینا یا دوسری طرف آپ کی بشریت کا اظہار کرتے ہوئے آپ کی طرف نعوذ باللہ بشری کمزوریوں کا انتساب کرنا یا آپ کے جسد اطہر کے مٹی میں مل جانے کا عقیدہ اپنانا دونوں انتہائیں، حضرت فقیہ الامت کی تشریحات کے مطابق غلط ہیں۔

اگر ذات اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو مقام رسالت کے سب سے فائق مقام پر تسلیم کرنے کے ساتھ الوہیت، رزّاقیت، علم محیط، قدرتِ کاملہ اور اختیاراتِ الٰہی کا انتساب کیا جائے تو حضرت فقیہ الامت اس کو بلاتامل شرک کہہ دیتے ہیں اور یہ آپ کے فتاویٰ میں جابجا موجود ہے، لیکن اس کے ساتھ ہی کسی کی توہینِ رسول کی خفیف سے خفیف روِش پر بھی حرف گیری سے نہیں چوکتے ہیں اور نہ اس میں کوئی رواداری گوارہ ہے۔

حضرت فقیہ الامت یہ بھی فرماتے ہیں کہ حضرات انبیاء کرام علیہم الصلوۃ والسلام اپنی قبور میں زندہ ہیں اور وہ صلوٰۃ وسلام جو ان کی قبر پر حاضر ہوکر پیش کیا جائے خود سماعت فرماتے ہیں، لیکن اس کے ساتھ اس کائنات میں ہر جگہ حاضر وناظر ہونا بھی تسلیم نہیں کرتے، وہ طبقہ جو یہ کہے کہ نبی حیات اور ہر جگہ موجود ہیں اس کو بھی غلط کہتے ہیں اور وہ طبقہ جو یہ کہے کہ نبی نہ ہر جگہ موجود ہے اور نہ اپنی قبر میں حیات، ان کی بھی تردید کرتے ہیں اور خود اس میں راہِ اعتدال اپناتے ہیں (۱)۔

میلاد کی مجالس میں قیام کرنا اور یہ سمجھنا کہ نبی اقدس صلی اللہ علیہ وسلم خود ان مجالس میں تشریف لاتے ہیں حالانکہ قرآن، حدیث، صحابہ کے ارشادات اور فقہائے امت اس بے بنیاد فاسد عقیدے سے مبرّیٰ ہیں اور

---

(۱) (راجع کتاب الإیمان، مایتعلق بحیات الأنبیاء، وما یتعلق بالحاضر والناظر)

عقل وتجربہ بھی اس کے منکر ہیں، چنانچہ اس قیام کے غیر شرعی ہونے کی تفصیل بیان کرتے ہوئے حضرت فرمایا کرتے تھے کہ:

''حضرت نبی اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی شانِ اقدس اور ذاتِ عالی کے احترام کا تقاضا یہ ہے کہ ہمارے درود وسلام آپ کی خدمت میں پیش کئے جائیں، نہ یہ کہ آپ خود عالم کے چپہ چپہ میں گھوم کر مجالس میں پہنچ کر درود وسلام وصول کریں، یہ تو عقیدت کے نام پر انتہائی توہین ہے۔ عام محبوب کو اپنی چیز دینے کے لئے اپنے گھر طلب کرنا اور پھر شئ مطلوب پیش کرنا توہینِ عشق ہے تو پھر محبوب رب العالمین کے اپنے گھر کی مجالس میں آنے کا یقین رکھنا اور چند نعتیہ اشعار کھڑے ہوکر اور جھوم کر پڑھنا اور یہ سمجھنا کہ تشریف اجلال متوقع ہے سراسر غیر شرعی بھی ہے، توہینِ رسول بھی ہے اور خلافِ عشق نبوی بھی۔

اس عقیدے کے کھوکھلے پن کا اندازہ اس سے کیجئے کہ مجلسِ میلاد والے جب چاہتے ہیں کوئی مخصوص نعت پڑھنے کھڑے ہوجاتے ہیں اور اسی پر فیصلہ کرتے ہیں کہ ذاتِ اقدس وارد ہوچکی ہے، اس مخصوص نعت کے بجائے اور جو جو ذکر رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہوتا ہے اور جس جس انداز میں بھی ہو وہ جامد وساکن ہی رہتے ہیں گویا تشریف آوری کو اپنی چاہت پر موقوف کیا گیا ہے، یاللعجب''(۱)۔

غرض کہ ذاتِ اقدس کے متعلق خصوصاً اور دیگر انبیاء کے متعلق عموماً، علمائے دیوبند کا جو نہایت ہی اعتدالی عقیدہ ہے اس کی مکمل تشریح فقہ وفتاوی کے ذریعہ حضرت فقیہ الامت کے یہاں کامل طور پر پائی جاتی ہے۔

حضرات صحابہ کرام اور راہِ اعتدال

حضرات انبیاء علیہم الصلوۃ والسلام کی جماعتِ مقدسہ کے بعد حضرات صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنھم اجمعین کی جماعتِ صالحہ کا معاملہ بھی ایسا ہی نازک ہے۔ ایک طرف سے حضرات صحابہ کرامؓ کے متعلق: ﴿رضی اللہ عنھم﴾(۲) کا مژدہ ہے اور "الصحابة كلهم عدول" کا اعلانِ نبوی ہے اور دوسری طرف سے وہ نہ تو

---

(۱) (راجع باب البدعات، فصل: میلاد اور سیرت کے محافل اور عرس کا بیان)

(۲) (البيّنة: ۸)

Made searchable using ScribeTools.com

حدودِ رسالت میں شامل ہیں اور نہ فوق البشری کمالات سے متصف۔

حضرات صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے متعلق بھی طرح طرح کی اِفراط وتفریط کا پایا جانا امر واقعی ہے، چنانچہ کچھ لوگوں نے حضرات صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم پر تبری کرنا اور کچھ نے تنقید کے نام پر ان کی مقدس زندگیوں پر حملے کرنا اپنا وطیرہ بنایا۔ پھر حضرات صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے درمیان پائے جانے والے مشاجرات کا مسئلہ اَور بھی زیادہ نازک معاملہ ہے کہ تنقید کرنے والے مشاجرات کو ہی موضوع بناتے ہیں۔ اس سلسلے میں حضرت فقیہ الامت کا مسلک جو مسلکِ علمائے دیوبند کی مکمل تشریح کا حامل ہے یہ ہے کہ:

''حضرات صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم، انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کے بعد اس روئے زمین پر سب سے مقدس جماعت ہے''۔

لیکن ان کی تقدیس اس طرح بیان نہیں کرتے کہ وہ حدودِ رسالت میں شامل ہوجائیں وہ بلاشبہ انسان تھے، لیکن محض اس بناء (انسان ہونے کے ناطے) پر ان پر تنقید کو گوارہ نہیں فرماتے، بلکہ وہ تمام معاملات جو مشاجراتِ صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے ضمن میں آتے ہیں، ان کا محملِ حسن نکالنے کی سخت تلقین فرماتے ہیں اور خود بھی اس پر عمل فرماتے ہیں، چنانچہ حضرت علی وحضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہما کے درمیان پیش آنے والے محاربہ کی ایسی توجیہ وتشریح فرماتے ہیں کہ نہ تو کسی ایک صحابی کی شان میں تنقیص ہوتی ہے، نہ کسی کے ارادے ونیت پر کوئی شک ہوتا ہے، نہ کسی کی ذات پر گستاخانہ حملہ ہوتا ہے اور نہ اس کو جائز سمجھتے ہیں اور ایسا کرنے والوں پر سخت تنقید فرماتے ہیں (۱)۔

حضرات صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی عظمت وتقدیس اور ان کی علوِّ شان کو ملحوظ رکھنے کے ساتھ ان کو مقام تشریع بھی نہیں دیتے اور نہ ان کے ارشادات کو بعد کے لوگوں سے چاہے وہ فقہاء ومحدثین ہوں یا اولیاء وعارفین، فروتر قرار دیتے ہیں۔

حضرات صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو امت کے بعد کے تمام طبقات سے افضل قرار دینے اور ان پر ہر قسم کی تنقید کے غیر درست ہونے اور صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے درمیان پائے جانے والے مشاجرات کے سلسلے میں

---

(۱) (راجع کتاب الإیمان، باب الفرق الباطلة، مایتعلق بالروافض، مشاجرات الصحابة، عنوان: محاربۂ علی ومعاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما)

حضرت فقیہ الامت کا انداز کیا تھا، اس کی پوری تفصیل مجموعہ فتاویٰ میں درج مختلف فتاویٰ سے معلوم ہوسکتی ہے۔

تمام مشاجرات صحابہؓ کے متعلق اسی طرح کی تسلی بخش، دلنشین اور نہایت ہی بصیرت افروز توجیہات ومحملِ حسن مقرر کرنے میں حضرت فقیہ الامت خود بھی کامیاب سعی فرماتے ہیں اور اسی کی ترغیب بھی دیتے ہیں۔

غرض کہ حضرات صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو پوری امت کے لئے حق و باطل کا معیار قرار دے کر ان کے تنقید سے بالاتر ہونے کی تصریح کے ساتھ ان کے معصوم عن الخطا ہونے کا اعلان نہیں کرتے کہ اس سے وہ حدودِ رسالت میں داخل ہوں گے اور ان کے اختلافات کو اچھالنے، موضوعِ بحث بنانے اور ان کی بنیاد پر صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو مطعون کرنے کی روش جیسا کہ بعض مصنفین کا وطیرہ رہا ہے سے خود بھی اجتناب کرتے ہیں اور جو اس سے اجتناب نہ کریں ان پر زورِ تغلیط وتردید کرنے کے لئے ہر دم بے باک رہتے ہیں اور یہ بھی آپ کے فتاویٰ سے عیاں ہے۔

پھر صحابہ کرام کے آپسی اختلافات کو حق و باطل کا اختلاف قرار دینے کے بجائے اور ان اختلافات میں ان کی نیتوں پر حملے کرنے کے بجائے صرف اجتہادی اختلاف رائے کہہ کر اور پھر ہر طرف کی نیت کے خالص ہونے اور اختلاف کو اختلاف دینی کہہ کر صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی صفتِ عدالت کے محفوظ ہونے کی صراحت فرماتے ہیں اور پھر ان کو امت کے بعد کے تمام طبقات سے ہر اعتبار سے افضل ہی نہیں، بعد کی امت کے لئے نمونہ اور کسوٹی قرار دیتے ہیں۔

پھر تمام صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو اسی محبت وعظمت اور اسی عقیدت ومعیار کا مستحق قرار دیتے ہیں، ایسا نہیں کہ بعض کی زندگیوں میں نقائص کے پہلو نکال کر تبرائی بن جائیں یا سب وشتم کرنا اپنا طرز بنائیں جیسا کہ بعض اہلِ قلم وجماعتوں کی یہ نمایاں علامت رہی ہے اور نہ ہی بعض کے حق میں غلو کر کے حدود عقیدت میں بڑھ جائیں۔ مدح میں ایسا رطب اللسان ہونا کہ ان کو ان کے مقام سے آگے پہنچا دے یہ بھی غلط اور ان کے متعلق بدگمانی، بدزبانی اور بے ادبی بھی حق سے بعید ہے، اس نکتۂ اعتدال پر علمائے دیوبند ہیں اور اس کی مثال اپنی پوری شان کے ساتھ حضرت فقیہ الامت کی ذات گرامی تھی، بلکہ آج کے عہد میں وہ اس نکتۂ اعتدال کے سب سے بڑے شارح وترجمان اور اس کے سب سے مستند مرجع تھے۔

Made searchable using ScribeTools.com

تصوف اور اعتدال پسندی

تصوف اور سلاسلِ اولیاء کے متعلق بھی طرح طرح کی اِفراط وتفریط پائی جاتی ہے، ایک طرف ایک طبقہ جو تصوف کو اس کی اصلی حیثیت سے زائد درجہ دیتا ہے اور اس میں بھی شرعی اصولوں کی رعایت لازم نہیں سمجھتا، تعلیمِ قرآن، تعلیم حدیث وفقہ، مسائلِ شریعت، اعمال ظاہرہ، عباداتِ مخصوصہ، دعوت وارشاد کی یا تو سرے سے ان کے یہاں اہمیت ہی نہیں یا کم ہے۔ ان کے یہاں تصوف اور وہ بھی مطلوبِ شرعی کی حدود سے بے نیاز ہوکر اس طرح مستولی ہے کہ وہ ایسے امور کا ارتکاب کرتے ہیں جو شریعت کے سراسر خلاف ہیں اور تصوف وروحانیت کے نام پر، یا اولیاء کے متعلق ایسے فاسد عقیدے رکھتے ہیں کہ جن کی شریعت میں کوئی گنجائش نہیں۔ چنانچہ تصوف کے نام پر غیر شرعی اعمال اور وظائف، اولیاء کی طرف منسوب آثار کے ساتھ تبرک کے نام پر شرعی حدود وقیود کے خلاف رویہ اور غلو عقیدت کے ایسے ایسے مظاہرے کہ جن کی شریعتِ اسلامیہ میں کوئی اصل نہیں رائج پا گئے، یا اولیاء کو مختار ومشکل کشا، ہر جگہ سے ہر ندا کو سننا اور بعد الموت بھی ایسی حیات ابدی سے متصف ماننا جس سے وہ امورِ دنیا میں بھی متصرف ہوں، یا استمداد بالقبور یا اولیاء کو صرف ضروریات دنیوی کی تکمیل کا ذریعہ بنانا، مشکلاتِ حیات میں ان سے طلبِ امداد کرنا اور اس جیسے بہت سے مزعومات پھیلے ہوئے ہیں۔

دوسری طرف تصوف کو سراسر غیر شرعی قرار دینا، اولیاء کو معبودانِ باطلہ سے تشبیہ دینا تصوف کو افیون اور اہل تصوف کو نشہ پلانے اور سلا دینے والے قرار دینا اور اس ضمن میں پوری جماعتِ صوفیاء کی تنقیص کرنا اور پورے تصوف کو ''چنیا بیگم'' تک کہنا اور پورے سلسلہ تصوف کو مجروح کرنے کو ایک مہم کے طور پر اپنانا بھی ایک طبقہ کا وظیفۂ حیات ہے(۱)۔

اس سلسلے میں راہِ اعتدال اور مسلکِ حق کیا ہے، یہ علمائے دیوبند کی طرح تفصیل سے حضرت فقیہ الامت کے یہاں ملتا ہے، آپ تصوف کی حقیقت اور اس کی ضروریات، اس کی افادیت واہمیت کو یہ کہہ کر واضح فرماتے ہیں: ''تزکیۂ نفوس، اعمالِ ظاہرہ اور اخلاقِ فاضلہ کے حصول کے لئے ہے، اسی کا نام تصوف ہے''۔ اسی کے ساتھ مرشد کے اوصاف وشرائط کی پوری تفصیل بیان فرماتے ہیں جو اس کے لئے لازم ہیں اور ایسا شخص جو عقائدِ فاسدہ رکھتا ہو جو خود متبع سنت نہ ہو جس سے اصلاح کی وہ ضرورت پوری نہ ہوتی ہو جس کے لئے یہ سلسلۂ

---

(۱) (راجع باب الفرق، مایتعلق بالمودودیة، عنوان: ''تصوف، یوگ، کوکین، افیون'')

راہ سلوک مطلوب ہے اور وہ ارشاد وتزکیہ کی مقرر شرائط پر پورا نہ اترتا ہو اس سے بیعت نہ ہوں اور اگر ہوئے ہوں تو اس بیعت کو توڑ دینے کا فتویٰ دیتے ہیں (۱)۔

پھر تصوف میں اعمالِ مقصودہ اور اعمالِ غیر مقصودہ کی وضاحت کرتے ہیں اور اعمالِ غیر مقصودہ جو صرف بغرضِ علاج شرعی حدود میں رہ کر انجام دیئے جائیں ان کی اباحت کی صراحت بھی فرماتے ہیں اور وہ اعمال جو نہ مطلوبِ شرعی ہیں، نہ وہ بطور علاج کے مفید ہیں اور ان کا شیوع یا تو صرف رسوم کی بناء پر ہوا ہے یا تصوف و بزرگانِ دین کی طرف غلط انتساب کا نتیجہ ہے، محض رسوم کی بناء پر کئے جانے والے اعمال جو بعد میں تصوف کے خانے میں ڈال دیئے گئے، مثلاً: تیجہ، چوتھا، دسواں، گیارہواں، چہلم، برسی، عرس، رسم قل اور ختم کی مجالس میں غیر شرعی کلام اور وظائف کا ورد مثلاً: "المستغاث المستعان الخلاص یا رسول اللہ یا فلان مشکل کشا بالخیر المدد" وغیرہ یہ تمام اپنی اصل کے اعتبار سے غیر شرعی بھی ہیں اور تصوف کے ساتھ ان کا کوئی تعلق نہیں، اس لئے حضرت فقیہ الامت ان کو بدعت قرار دیتے ہیں، ان کے غیر شرعی ہونے کو دلائلِ نقلیہ وعقلیہ سے مبرہن فرماتے ہیں اور اس کی سب سے واضح دلیل مستند صوفیاء سے ان کا عدمِ ثبوت ہے، اسی کے ساتھ اولیاء کو مقام الوہیت تک پہنچانے کی ہر روش کی سختی سے تردید وتغلیظ فرماتے، چنانچہ سوال کیا گیا کہ .....

ایک صاحب نے بیان فرمایا، کہا کہ:

''کسی بڑھیا کا خاندان غرق ہوگیا تو پیرانِ پیر نے دعا کی وہ سب زندہ ہوگئے، کیا یہ واقعہ درست ہے؟ اس پر جواب فرمایا: ''یہ واقعہ من گھڑت اور بالکل جھوٹ ہے اور اتنے بڑے بزرگ پر جھوٹ باندھنا تو بہت بڑی بدبختی ہے'' (۲)۔

اولیاء پرستی کی اس روش کی نفی کے ساتھ ان کے احترام کو برقرار رکھنے اور اس سلسلے میں شرعی حدود قائم فرمانے کا انداز دیکھئے کہ پوچھا گیا:

''کیا اولیاء سے مدد مانگنا جائز ہے؟ اس پر ارشاد فرمایا: ''حضرات اولیاء اللہ کو اللہ کی بارگاہ میں وسیلہ بنا کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگنا درست ہے، خود براہِ راست اولیاء اللہ سے کوئی چیز

---

(۱) (راجع کتاب السلوک، مایتعلق بصفات الشیخ)

(۲) (راجع کتاب الإیمان، مایتعلق بالمعجزة، والکرامة والإلهام")

Made searchable using ScribeTools.com

نہ مانگی جائے جیسا کہ بعض جگہ کہتے ہیں ''یاغوث المدد'' شرعاً اس کی اجازت نہیں ہے''(۱)۔

تصوف کے سلسلے میں بیعت سے لے کر شرائطِ مرشد، آدابِ مسترشد، اعمالِ ثابتہ کو مدلل کرنے، مقصودِ بیعت کا عملی بیان، راہِ سلوک میں پیش آنے والے تمام احوال ومقامات کی تشریح اور ان میں ہر ہر جز کی علمی تائید کے سلسلے میں حضرت فقیہ الامت رحمۃ اللہ علیہ تمام صلحائے عارفین کی طرح انتہائی وسعتِ نظر اور ژرف نگاہی کا مظاہرہ فرماتے ہیں، بزرگانِ دین سے منسوب شطیات کی نہایت دل نشین توجیہ فرمایا کرتے اور وہ اعمال جو شرعاً اگرچہ مطلوب نہیں، لیکن صدیوں کے تجربات کے بعد صوفیہ نے اعمالِ صالحہ پر دوام، اخلاقِ فاضلہ کے حصول اور نسبتِ احسانی کے احیاء میں مفید قرار دیا، ان کا علمی اثبات ایک صاحبِ علم متصوف کی طرح نہایت بصیرت سے فرماتے ہیں۔

وہ اعمال جو اپنی اصل کے اعتبار سے فرض وواجب نہیں، صرف سنت ومستحب کے درجہ میں ہیں، ان کو تصوف میں لے جا کر اس طرح لازم کر دیا کہ عملاً وہ فرض کے مقام پر پہنچ گئے اور فرض وواجب کی حیثیت گھٹا دی گئی.....اس سلسلے میں حضرت کا ارشاد یہ ہے کہ:

> ''جس چیز کا استحباب شرعی دلائل سے ثابت ہو اس پر اصرار کرنے اور تارک پر ملامت کرنے سے اس کا استحباب ختم ہو جاتا ہے اور اس میں کراہت آجاتی ہے۔ التزام مالا یلزم وملامت علی التارک موجب کراہت ہے''(۲)۔

---

(۱) (راجع کتاب الإیمان، مایتعلق بالاستمداد)

(۲) ان مواقع پر حضرت مفتی صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ اکثر طیبی شرح مشکوٰۃ کی عبارت ذکر کرتے ہیں، جو مرقاۃ میں ملا علی قاریؒ نے ذکر کی ہے اور وہ یہ ہے: '' من أصر علی أمر مندوب، وجعله عزماً، ولم یعمل بالرخصة، فقد أصاب منه الشیطان من الإضلال، فکیف من أصر علی بدعةٍ أو منکر''. (مرقاة المفاتیح، کتاب الصلوٰة، باب الدعاء فی التشهد، الفصل الأول: ۳/ ۳۱، رقم الحدیث: ۹۴۶، رشیدیه)

اور سعایہ شرح وقایہ کی یہ عبارت ذکر فرماتے ہیں:

'' الإصرار علی مندوب یبلغه إلی حد الکراهة''. (السعایة شرح شرح الوقایة، کتاب الصلوٰة، باب صفة الصلوٰة، قبیل فصل فی القرآءة: ۲/ ۳۶۵، امجد اکیڈمی، لاهور)

اور اس کا اندازہ بدعات کے اکثر مسائل سے بخوبی لگایا جا سکتا ہے۔

Made Searchable by ScribeTools.com

لیکن دوسری طرف ان معمولات کو جو اصلاً ثابت شدہ ہیں لیکن اس کے باوجود کچھ طبقات نے ان کو بھی محض تعداد و ہیئت کی تعیین کی بناء پر بدعات کے زمرے میں شامل کر دیا جیسے کہ نفی و اثبات کی تسبیحات، اسم ذات کے ذکر اور سہ ضربی یا چہار ضربی ذکر کے سلسلے میں یہی صورت حال پیش آتی ہے اس سلسلے میں حضرت فرماتے ہیں کہ:

''وہ معمولات جو یا تو مستحب ہوں یا مباح اور جن کی فضیلت ثابت ہے، مشائخ بطور علاج کے تجویز فرماتے ہیں اور کبھی یہ معمولات ترک بھی کراتے ہیں کہ جب اس کی ضرورت پڑے اس لئے یہ نہ ممنوع و حرام ہیں اور نہ فرض و واجب''(۱)۔

خلاصہ یہ کہ حضرت فقیہ الامت نے مسلکِ حق کی ایسی اعتدالی تشریح کی اور اعتدال بھی ایسا واضح، مصرح، مدلل اختیار فرمایا کہ عوام ہی نہیں علماء کے لئے بھی آپ کے فتاویٰ ایک کامل رہبر کا کام دے سکیں گے اور اس کا مشاہدہ ہر طالبِ صادق کو یقینی طور پر ہوسکتا ہے۔

مدارس اور راہِ اعتدال

برصغیر میں مغل دورِ حکومت کے خاتمہ کے بعد انگریز اقتدار میں آیا اور اس کے نتیجے میں جو تباہ کاریاں ہوئیں وہ برصغیر کی پچھلی دوسو سال تک کی تاریخ میں اسلام اور مسلمانوں کی سب سے سنگین تباہ کاری ہے، اسلامی علوم اور اسلامی تہذیب کا خاتمہ، مسلمانوں کی سیاسی اقتصادی زبوں حالی اور علماء و صلحاء کے قتل و خون، غرض ہر ہر اعتبار سے یہ عہد انتہائی خون آشام ہے، مسلمانوں کے اقتدار میں بھی گو کہ اشاعتِ علوم دینیہ کی ایسی کوششیں نہیں تھیں جن کی ایک اقتدار سے بجا طور پر امید کی جاسکتی ہے۔ تاہم منصوبہ بند طریقے سے اسلام کو بیخ و بُن سے اکھاڑنے کی بھی کوشش نہیں ہو رہی تھی جیسا کہ انگریز دورِ حکومت میں انتہائی ہمہ گیر انداز میں منصوبہ بند طریقوں اور ناقابلِ تسخیر ہتھکنڈوں کے ذریعہ اسلام، اسلامی علوم، اسلامی تہذیب، اسلامی آثار و علامات اور ذہن و فکر سے لے کر عمل و حرکت تک اور فرد کی نجی زندگی سے لے کر ملک کے تمام اجتماعی اداروں تک اسلام کے شعائر کو ختم کرنے کی مہم جاری تھی اور وہ بہت حد تک کامیاب بھی تھی۔

اس صورت حال میں اسلام کے تحفظ اور مسلمانوں کو اسلام پر ثابت رکھنے کی جو سب سے کامیاب اور

(۱) (راجع باب البدعات، فصل: فاتحہ مروجہ کا بیان، عنوان: ''ختم میں سوا لاکھ کی تعداد'')

Made searchable using ScribeTools.com

مفید سعی ظہور پذیر ہوئی وہ دیوبند کے طرز پر قائم ہونے والے مدارس کا قیام ہے۔ بلاشبہ آج برصغیر اسلام کی حفاظت واشاعت اور اسلامی علوم کی نشر واشاعت میں اور مسلمانوں کو دین سے منسلک رکھنے میں جس محرک نے کلیدی کردار ادا کیا وہ یہی مدارسِ اسلامیہ ہیں۔ اگر یہ مدارس نہ ہوتے تو نہ علماء کی یہ کثرت ہوتی، نہ اسلامی علوم کے پڑھنے و پڑھانے کے یہ مواقع ہوتے، نہ اسلامی علوم کی اس طرح نشر واشاعت ہوتی اور نہ آج برصغیر میں اسلام اس طرح محفوظ ہوتا۔

مدارس کا یہ نہج اپنے اکثر معاملات میں چند بزرگوں کے نہایت قیمتی اصولوں جن کو الہامی اصولِ ہشتگانہ کہا جاتا ہے پر استوار کیا گیا۔ تاہم یہ اپنے نظامِ تعلیم، نظام مالیات، اصولِ تشکیل اور اندازِ تنظیم میں اس اعتبار سے ایک نیا تجربہ تھا ایسا تجربہ اس سے پہلے اس طرح نہیں ہوا تھا جو حکومتوں کی سرپرستی اور مالیات کے کسی متعین ومحکم ذریعۂ آمدنی کے بغیر کھڑا کیا گیا ہو۔

اسی بناء پر فقہ واحکام کی کتابوں میں باقاعدہ کوئی ایسا باب نہیں جو متعین طور پر اس قسم کے مدارس کے تمام مسائل پر مشتمل ہو، چنانچہ یہ مدارس اپنے ذوق اور مزاج سے لے کر چھوٹے چھوٹے مسائل تک اپنے بزرگوں اور بانیوں کی صوابدید اور فیصلوں پر موقوف تھے اور ہیں۔

ایک طرف یہی مدارس برصغیر میں حفاظتِ دین واشاعتِ دین کا سب سے کامیاب وموثر ذریعہ ثابت ہوئے اور دوسری طرف ان میں پیش آنے والے تمام مسائل کسی ایک باب میں دستیاب نہ ہونے کی بناء پر اور نوع بنوع کی اندرونی وبیرونی مہمات کی بناء پر قدم قدم پر کسی مربی کامل، کسی مزاج شناسِ شریعت، کسی صاحبِ بصیرت فقیہ اور کسی ایسے سرپرست کے محتاج تھے جو اس کے منتظمین، مدرسین، طلباء اور معاونین کو صحیح راہ دکھلا سکے، اسی بناء پر ہر اہم مدرسہ نے ہر دور میں کسی نہ کسی کو اپنا سرپرست بھی مقرر کیا اور ساتھ ہی مدارس کے نظام میں پیش آنے والے مسائل کو حل کرنے کے لئے کسی مفتی کی رہنمائی سے بھی فائدہ اٹھایا جاتا رہا اور بین المدارس اخذ وقبول کا سلسلہ بھی چلتا رہا۔ مدارس کا یہ سلسلہ برصغیر میں جتنا پھیلتا گیا ان میں پیش آنے والے مسائل بھی وسیع سے وسیع تر ہوگئے، ادھر فتاویٰ کے تمام شائع شدہ مجموعوں میں سے کسی ایک مجموعے میں بھی اکثر وبیشتر مسائل موجود نہیں۔

اس باب میں حضرت فقیہ الامت سب سے ممتاز ہیں کہ "مایتعلق بالمدارس" کا باب قائم فرما کر

سب سے زیادہ فتاویٰ دیئے، اس لئے اگر اہلِ مدارس اپنے تمام معاملات کی فقہی رہنمائی کے لئے کوئی کتاب سامنے رکھنا چاہیں تو فتاویٰ محمودیہ کے مجموعے میں "مایتعلق بالمدارس" میں سے مسائل کو منتخب کر کے اپنے سامنے ایک رہنما کتاب کے طور پر رکھ سکتے ہیں، جس میں مدارس میں پیش آنے والے چھوٹے بڑے، عمومی و نادرالوقوع مسائل کا شرعی حکم موجود ہے۔

ان مسائل میں حضرت مفتی صاحب کی فقہی بصیرت، مدارس کے ذوق ومزاج کا عرفانِ کامل، مدارس کے نہج کو محفوظ رکھنے کے سلسلے میں عمیق بصیرت، اصل مقصود سے ہٹ جانے کی خفیف سے خفیف روش پر گہری نظر، حدودِ شریعت میں رہ کر مدارس کو ہر نئی سہولت سے فائدہ اٹھانے کی اجازت، مسلکِ حق پر استقامت کی مکمل رہنمائی، اربابِ انتظام، اصحابِ تدریس، طلباء، محصّلین اور معاونین میں سے ہر ہر طبقہ کی صحیح اور کامل رہبری، نئی تہذیب کے دھارے پر بہنے اور تجدد کی ہر نئی لہر کو قبول کرنے کے نقصان دہ نتائج ومضر اثرات کی نشاندہی، اساتذہ کے فریضے کی صراحت، اخلاص، جدوجہد، استقامت اور تعمیر وتطہیر، اصلاح وتزکیہ کی تذکیر، محض کسبِ مال کو مطمحِ نظر نہ بنا کر خدمت دین کے تصور کو زندہ رکھنے کی ہدایت وغیرہ کے متعلق حضرت کے فتاویٰ، ملفوظات اور ارشادات جواہرِ خالصہ ہیں۔

جمہوریت اور راہِ اعتدال

پچھلے سو سالہ (کم وبیش) عرصہ میں پورے عالَم کی طرح برصغیر میں بھی سیاسی تحریکات کا شیوع عام ہوا، دنیا میں مختلف نظام ہائے سیاست طرح طرح کی شکست وریخت سے دوچار ہوئے اور مسلمانوں کو بھی اس دَلدَل سے گزرنا پڑا، بلکہ ان کے مضر اثرات سب سے زیادہ مسلمانوں پر ہی پڑے، اس بناء پر علمائے اسلام بھی ان سیاسی مسائل سے آنکھیں بند نہ کر سکے۔ اس سلسلے میں علمائے دیوبند کے عمومی تصور کی طرح حضرت فقیہ الامت کا تصور بھی یہی رہا کہ سیاست نہ تو مطلوبِ اسلام ومقصودِ مومن ہے اور نہ ہی شجرۂ ممنوعہ، اس کی وہ تفصیل (جو اس کی وجوہات، دلائل اور نتائج کی حامل ہو) کی تو ان صفحات میں وسعت نہیں۔ تاہم حضرت فقیہ الامت کے چند وہ فتاویٰ جو سیاسیات کے متعلق ہیں پیش کرنے سے علمائے دیوبند کے مزاج کے اجمالی تعارف کے لئے کافی ہو سکتے ہیں۔

Made searchable using ScribeTools.com

یہ دور جمہوریت کا دور کہلاتا ہے اس لئے کہ جمہوری طرزِ حکومت کے قیام، اس کی افادیت اور اس کو بہتر نظام قرار دیئے جانے کے متعلق لٹریچر سے لے کر تشکیلِ حکومت تک جمہوریت کے عملاً زندہ ہونے کا اور عالم کے اکثر حصہ پر اس کے نافذ ہونے کا دور ہے اور اس سلسلے میں کتابوں کا انبار موجود ہے جو جمہوریت کے حق میں بھی ہیں اور اس پر تنقید بھی۔ اسلامی اصولوں کی روشنی میں یہ نظام حکومت مکمل طور پر قابلِ قبول ہے یا قابل رد، اس سلسلے میں علمائے امت مفصل و مدلل تحقیقات فرما چکے ہیں۔ حضرت فقیہ الامت نے نہایت جامع اور مختصر جملوں میں اس کی پوری حقیقت اور اس کا حکم یوں بیان فرمایا کہ:

''حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ نے جمہوریت کی تردید فرمائی ہے، (اس لئے کہ) وہاں قوانین کا مدار دلائل پر نہیں بلکہ اکثریت پر ہے یعنی کثرتِ رائے پر فیصلہ ہوتا ہے۔ پس اگر کثرتِ رائے قرآن وحدیث کے خلاف ہو تو اسی پر فیصلہ ہوگا اور قرآن کریم نے اکثریت کی اطاعت کو موجبِ ضلالت قرار دیا ہے:

﴿وإن تطع أكثر من في الأرض يضلوك عن سبيل الله﴾ اہلِ علم، اہلِ دیانت واہل فہم کم ہی ہوتے ہیں''۔ (فتاویٰ: ۱۳/۴۲۶)(۱)۔

ایک موقع پر مختصر فتویٰ لکھا کہ:

''جمہوریت.....اسلامی طرز حکومت نہیں ہے''۔

حضرت کبھی شرعی وعقلی دلائل سے جمہوریت کے نقائص کا بیان نہایت مفصل اور دلنشیں انداز میں فرمایا کرتے تھے اور کبھی اس بحث میں اضاعتِ وقت کے خدشہ سے اجتناب بھی فرماتے تھے۔ اب اگر اسلامی طرز حکومت کا قیام ناممکن یا دشوار ہے تو وہاں رہنے والے مسلمانوں کو کیا کرنا ہوگا؟ کیا مسلمانوں کو اس جمہوری سیاست میں شرکت سے کلی اجتناب کا حکم دیا جائے؟ اگر ایسا ہو تو اس سے مسلمانوں کو طرح طرح کے دنیوی نقصانات اور کچھ معاملات میں دینی نقصان بھی یقینی ہے، خصوصاً ان ممالک میں جہاں غیر مسلم اکثریت میں ہوں اور مسلمان سیاست سے کنارہ کشی اختیار کریں تو وہاں کے قانون ساز ادارے اور انتظامی ادارے جو مسلم کش اقدامات کرنے لگیں گے ان کو رد کرنے کی کوئی تدبیر نہ ہو سکے گی اور جمہوری حکومت جو الیکشنوں کے ذریعہ وجود

---

(۱) (راجع محمودیہ، کتاب السیاسة، فصل: جمہوریت اور سیاسی تنظیموں کا بیان، عنوان: جمہوریت)

پذیر ہوتی ہے، سے دور رہنے کے نتیجے میں کسی بھی حکمران جماعت سے کوئی مطالبہ نہیں کیا جاسکے گا اور اگر اس سیاست میں مسلمانوں کی شرکت لازم کردی جائے تو اس کو غیر اسلامی طرزِ حکومت قرار دینے کے بعد اس میں شرکت کا لازمی حکم دینا کیسے درست ہوگا؟

اس صورت حال میں کیا کیا جائے، ایک شخص جو سیاسی میدان میں قدم رکھنا چاہتا ہے اور حضرت فقیہ الامت سے استفسار کرتا ہے تو جواب میں فرمایا کہ:

''اگر حصہ لینے میں آپ کو احکامِ اسلام پر عمل کرنے میں رکاوٹ پیدا نہ ہو اور آپ حصہ لے کر اہلِ اسلام کی خدمت کرسکیں اور ان کو ظلم سے بچا کر حقوق دلاسکیں تو حصہ لے سکتے ہیں''۔ فتاویٰ: ۱۳/ ۴۲۵ (۱)۔

حدود و قیود اور مقصد کی تصریح اور نیت کی درستگی غرض مسئلہ کے ہر پہلو پر نظر رکھ کر ایک ہی جملہ میں آپ نے واضح اور قطعی حکم بیان فرمادیا گو کہ دلیل اور علت بیان نہیں فرمائی۔ تاہم علماء کی ایک مجلس میں زبانی گفتگو کرتے ہوئے فرمایا کہ: ''جمہوری ملکوں میں سیاست میں شرکت صرف دفعِ مضرت کے لئے ہوسکتی ہے اور دفع مضرت کے لئے شریعت نے بہت سے امور کو جائز رکھا ہے، جمہوریت میں الیکشن جزوِ اعظم ہے اور الیکشنوں میں عوام کی رائے بذریعہ ووٹ طلب کی جاتی ہے۔ گو کہ مرد و زن، خورد و کلاں، عام ناواقف اور اَن پڑھ شخص اور انتہائی ذی علم وصاحب فہم شخص کی رائے مساوی ہوتی ہے اور یہ اس کے دیگر مصائب ونقائص میں سے ایسا نقص ہے جس کا آج تک جمہوریت نواز کوئی فلاسفر یا مصنف جواب نہیں دے سکا، تاہم ووٹ کی حیثیت شرعاً گواہی کی حیثیت ہے جیسا کہ حضرت مفتی محمد شفیع رحمۃ اللہ علیہ مفتی اعظم پاکستان نے فتویٰ لکھا ہے''۔ (ملاحظہ ہو جواہر الفقہ) (۲)۔

اس شرعی شہادت پر عمل کرنے کا حکم ظاہر ہے کہ مسلم ممالک میں (کہ جہاں ہر جماعت کے امیدوار مسلمان ہوں گے) ہی لاگو ہوگا، رہا غیر مسلم ممالک میں تو وہاں اس کی حیثیت شہادتِ شرعیہ کی عموماً نادر ہوتی ہے اس لئے کہ امیدوار جب مسلمان ہی نہ ہو تو اس کے لئے ووٹ کو شہادت قرار نہیں دیا جاسکتا تو کیا غیر مسلم ممالک میں بسنے والے مسلمانوں کو ووٹ نہ دینے کا حکم دیا جائے؟ ظاہر ہے کہ اس سے وہی ضرر لاحق ہوگا کہ وہاں کے

---

(۱) (راجع کتاب السیاسة والهجرة، عنوان: سیاست میں حصہ لینا)

(۲) (جواهر الفقه: ۲/ ۲۹۷، ووٹ اور ووٹر، باب: انتخابات میں ووٹ اور ووٹر الخ، مکتبہ دار العلوم کراچی)

Made Se[illegible]ools.com Made searchable using ScribeTools.com

مسلمان قانون بنانے اور نافذ کرنے والے اداروں سے محفوظ رہنے کی کوئی صورت یا تو پیدا ہی نہ ہو سکے گی یا بے سود رہے گی۔ اس صورت حال میں حضرت کا فتویٰ ملاحظہ ہو: سوال کیا گیا کہ کیا ووٹ دینا درست ہے؟ فرمایا کہ:

''اگر نفع ہو یعنی دین کی، قوم کی، ملک کی صحیح خدمت مظنون ہو تو درست ہے''۔ (فتاویٰ، ص:۳۴۱)(۱)۔

اور جب مختلف جماعتیں ووٹ طلب کریں تو ایسی صورت میں ایک مخلص بے لوث اور بے غرض مسلمان کو کیا کرنا چاہیے اور پارٹی کے جانچنے اور اس کے حق میں رائے دینے کا معیار کیا ہو، اسی طرح کے سوال کے جواب میں فتویٰ لکھا کہ:

''اپنے یا اہلِ علم و دیانت کے تجربہ سے جو جماعت اسلام کے زیادہ قریب یا پابند ہو اور حقوق دلانے میں زیادہ کوشاں اور قربانی دینے والی ثابت ہو اس میں شرکت کر سکتے ہیں''۔ فتاویٰ محمودیہ (۲)۔

خود حضرت کس پارٹی کو پسند فرماتے تھے؟ تقریباً اسی قسم کا سوال پوچھا گیا تو فرمایا کہ:

''جماعتوں کے قواعد وضوابط میں ترمیم ہوتی رہتی ہے، مجھے زیادہ واقفیت بھی نہیں ہے'' (۳)۔

جمہوری ملکوں میں چونکہ انتخاب میں شرکت کرنے کا حق ہر اس پارٹی کو حاصل ہوتا ہے جو پارٹی تسلیم شدہ ہو اور اس کے لئے مذہب، اخلاق اور دیانت کی کوئی شرط نہیں اس لئے منکرینِ خدا، مذہب و اخلاق سے بیزار اور انسانوں کو معاشی حیوان بنا دینے والے بھی اگر انتخاب میں شرکت کرنا چاہیں تو جمہوری ملکوں میں کوئی رکاوٹ نہیں ہوتی تو کیا کمیونسٹ پارٹی میں شرکت کر کے اس کی طرف سے انتخاب لڑنا یا اس کو ووٹ دینا درست ہے؟ اس سلسلے میں حضرت نے فرمایا:

''کمیونزم کی بنیاد ہی اس پر ہے کہ انسان کو مذہب سے لڑایا جائے، کمیونزم کا ممبر

---

(۱) (راجع كتاب السياسة والهجرة، فصل : انتخابات کی شرعی حیثیت، عنوان: ''ووٹ کا حکم'')

(۲) (راجع كتاب السياسة، فصل : جمہوریت اور سیاسی تنظیموں کا بیان، عنوان: ''کس سیاسی جماعت میں حصہ لیا جائے؟'')

(۳) (راجع المصدر السابق آنفاً)

اس شخص کے علاوہ کوئی نہیں بن سکتا جو صدقِ دل سے صاف صاف اعلان نہ کرے کہ وہ دہریہ ہے یعنی منکرِ خدا ہے، اینجلز لکھتا ہے: ''ہمارا بنیادی مقصد یہ ہے کہ مذہبی فریب خوردگی کو دور کیا جائے''۔ مارکس نے مذہب کے انفرادی معاملے پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ: ''ہمیں قدم آگے بڑھا کر انسانیت کو مذہب کے اقتدار سے آزاد کرنا ہے، مذہب عوام کے حق میں افیون کا درجہ رکھتا ہے''۔ کمیونزم ایک تحریک نہیں بلکہ ایک جدید مذہب ہے جس کے بانی مارکس ولینن وغیرہ یہودی تھے، یہ صرف معاشی تحریک بھی نہیں بلکہ ایک جدید مذہب ہے جو تمام ادیان ومذاہبِ سابقہ اور الٰہی تعلیمات اور اخلاق واقدار ودین حق یعنی ذات خداوندی کے خلاف ہے اور کامریڈوں کی درندگی کی راہ میں ہر رکاوٹ کو دور کرنا اس دینِ جدید یا دین یہود کا مسلک ومقصد ہے''۔

آگے تحریر فرمایا:

''یہ کمیونزم کا اجمالی خاکہ ہے کہ جس سے بخوبی واضح ہوگیا کہ اعتقاد کے اعتبار سے وہ صراحۃً اسلام کے خلاف ہے، سیاسی حیثیت سے اس میں شرکت وقتی طور پر اگر مفید بھی نظر آئے تو بھی اس کا دینی حیثیت سے ضرر واضح ہے''۔ (فتاویٰ: ۱/۱۴)(۱)۔

حضرت فقیہ الامت نے اشتراکیت کے متعلق جو قطعی اور واضح حکم لکھا اس کے بعد یقیناً یہ سوال پیدا ہوگا کہ جو لوگ اس تحریک اشتراکیت میں شریک ہوئے، کیا وہ اسلام سے خارج ہیں؟ چنانچہ حضرت سے یہ پوچھا گیا لیکن تکفیر (کسی کو کافر قرار دینا) انتہائی اہم اور پرخطر معاملہ ہے اور علمائے دیوبند کی اس سلسلے میں احتیاط تو شعار و امتیاز ہے، اس مزاجِ احتیاط کو ملحوظ رکھتے ہوئے آپ نے فتویٰ لکھا کہ:

''کسی مسلم فرد یا مسلم جماعت کو کافر یا مرتد قرار دینا بڑی ذمہ داری کی بات ہے، جب تک نصوصِ قطعیہ سے اس کا کفر ثابت نہ ہو اس پر اقدام نہیں کیا جاسکتا، بلا قطعی دلائل کے اگر ایسا کیا جائے تو اندیشہ قوی ہے کہ یہ کفر اقدام کرنے والے پر عود کر آئے، جو علماء حدودِ شرع سے واقف ہیں اور کفر واسلام کی سرحد کو پہچانتے ہیں وہ کبھی ایسا اقدام نہیں

---

(۱) (راجع كتاب الإيمان، باب الفرق، مايتعلق بالشيوعية والاشتراكية، عنوان: ''كميونزم'')

Made searchable using ScribeTools.com

کیا کرتے''۔فتاوی محمودیہ(۱)۔

اسی حزم واحتیاط کا مزید مظاہرہ آپ نے اس وقت فرمایا جب ایسے مسلمانوں کے متعلق سوال کیا گیا کہ جو کمیونزم کے بنیادی نظریات سے ناواقف ہوکر محض سیاسی بہتر خدمات کی توقع پر کمیونسٹ پارٹی کو ووٹ دیں، کیا وہ اسلام سے خارج ہوکر کمیونسٹ قرار پائیں گے؟ آپ نے فتوی لکھا کہ:

''اس ملک (ہندوستان) میں ووٹ اسلام اور کفر کی بنیاد پر نہیں دیئے جاتے، نہ ہی اس بنیاد پر الیکشن لڑائے جاتے ہیں، جس شخص کے متعلق یہ توقع ہو کہ وہ صحیح خدمت کرے گا، نفع پہنچائے گا، حقوق دلوائے گا، ظلم کو روکے گا اس کو ووٹ دیا جائے، جو لوگ خود مسلمان اور دین و مذہب کے پابند ہیں وہ اگر نافع سمجھ کر کسی پارٹی کو ووٹ دیں یا کسی فرد کو ووٹ دیں تو یہ نہیں کہا جائے گا کہ اس پارٹی کے نظریات وعقائد سے بھی متفق ہیں''۔فتاوی: ۵/۱۶۷(۲)۔

اختلافی مسائل اور راہِ اعتدال

اختلافی مسائل چاہے وہ عقائد سے متعلق ہوں یا معاشرت، معاملات، اخلاق، سیاسیات یا مختلف فرقوں کے عقائد ونظریات اور یا پھر یہ اختلافات قدیم ہوں یا نئے ہوں ان تمام مسائل میں حضرت فقیہ الامت کا طرز محققانہ، حفظِ مراتب میں محتاط اور بوقت ضرورت سخت ہوا کرتا تھا۔اس سلسلے میں بھی آپ انتہائی بسط وتفصیل کی روش اپناتے اور کبھی اجمال اختیار کر کے صرف بیان حکم تک محدود رہتے۔

ان اختلافی مسائل میں استدلال کی قوت، بیان میں حفظِ درجات، اپنے موقف پر شدت وصلابت اور مخالف نظریہ کے دلائل پر شدید گرفت اور نقلی وعقلی دلائل سے اس کی تردید، یہ سب کچھ ہوا کرتا۔

اختلافی مسائل میں تکفیر کا سلسلہ جو برصغیر میں ایک طبقہ کا نشان اور علامت بن گیا تھا اور اس کے لئے ذاتیات پر انتہائی رکیک اور اخلاق سوز حملے بھی کئے اور دوسری طرف تقلید کو شرک اور ہر نئے عمل کو بے دھڑک بدعت وگمراہی اور اسلاف کا ذوق وتعامل اپنانے کو اتباعِ آباء، یہودیت، نصرانیت اور مشرکین کا طرز اپنانے

---

(۱) (راجع كتاب الإيمان، باب الفرق، مايتعلق بالشيوعية، والاشتراكية، عنوان: اسلامی سوشلزم)

(۲) (راجع كتاب السياسة والهجرة، فصل: انتخابات کی شرعی حیثیت بعنوان ''ووٹ کس کو دیا جائے؟'')

کا حکم لگایا گیا جیسا کہ دوسرے طبقہ کا شعار ہے، اس سلسلے میں حضرت فقیہ الامت بحیثیت مفتی اُس روش پر قائم رہے جو علمائے دیوبند کا امتیاز ہے یعنی صراحۃً کبھی کسی کی تکفیر کا حکم لکھنے کی اگر نوبت آئی تو عموماً حضرت کا جواب اس طرح ہوا کرتا۔

''ایسے عقائد اپنانے سے ایمان سلامت نہیں رہتا''۔

یا یہ لکھا کرتے:

''یہ خیالات خلافِ شریعت ہیں ان سے اجتناب کرنا چاہیے۔ وغیرہ''۔

اس سلسلے میں عموماً فرمایا کرتے کہ:

''سب سے زیادہ احتیاط کی ضرورت تکفیر میں کرنے کی..... ہے''۔

ان اختلافی مسائل میں اگر مسئلہ کسی جماعت کے متعلق ہوتا اور وہ مسئلہ اس جماعت نے بطور عقیدہ وشعار کے اپنایا ہوتا تو پھر حضرت کا رویہ نہایت سخت اور قطعی ہوتا۔ ایسے مسائل میں دوسرے فریق پر مفصل ومدلل جرح، اس کے دلائل کی دلنشین تغلیط، دوسرے فریق کے دلائل نقل کرنے اور پھر ان کے سقم کو بیان کرکے اس کے نتیجے میں پھیلنے والی گمراہی کی واضح نشاندہی فرمایا کرتے، چنانچہ مختلف فرقوں کے متعلق آپ کے فتاویٰ میں یہ انداز واضح ہے لیکن اس شدت وقطعیت کے ساتھ کسی کی ذات پر یا کسی کی نیت پر حملہ نہ کرتے یا اخلاق وکردار کو موضوعِ بحث نہ بتانے، نہ طعن وتشنیع والزام تراشی کرتے، نہ غلط بات منسوب کرتے، نہ کسی کے نظریہ کے غلط معنیٰ نکال کر توجیہ القول بمالا یرضی بہ القائل کا ارتکاب کرتے، بلکہ اگر دوسرے فریق کی طرف سے کوئی درست بات سامنے آتی تو اس کی نہایت فراخ دلی اور حقیقت پسندی سے تحسین فرمایا کرتے، چنانچہ ایک مشہور شخصیت جن کے خیالات ونظریات سے حضرت کو نہایت اختلاف ہے، کے متعلق ایک موقع پر فرماتے ہیں کہ:

''اس موقع پر.....صاحب نے ایک بات ایسی لکھی ہے جو آب زر سے لکھنے کے قابل ہے۔ مجھے.....صاحب سے بنیادی اختلاف ہے اس اختلاف کے باوجود یہ بات بعید ہے کہ اگر ان کے قلم سے کوئی بات صحیح نکل جائے تو میں اسے غلط کہنے لگوں، ایسا

Made searchable using ScribeTools.com

نہیں ہوسکتا، حق تعالیٰ کا ارشاد ہے:

﴿ولا یجر منکم شنآن قوم علیٰ أن لا تعدلوا﴾ (۱)۔

فروعی اختلافی مسائل اور راہِ اعتدال

ان اختلافی مسائل میں دوسری قسم ان مسائل کی ہے جن میں کسی جزوی اور فروعی مسئلہ میں کسی سے آپ کا اختلاف ہوجائے اور یہ اختلاف بر بنائے دلائل ہو اور وہ کسی تحریف یا تلبیس کے فروغ کا سبب نہ بنے، محض موقف اور اس کے مستدلات کا اختلاف ہو، ایسے موقعوں پر آپ حفظِ مراتب کے نہایت اعلیٰ مقام پر رہتے۔ چنانچہ فقہ کے فروعی مسائل میں بہت سے مفتیانِ وقت سے آپ کا اختلاف ہوتا رہا لیکن آپ عموماً صرف اپنا موقف، اس کے دلائل اور بزرگانِ سلف میں سے کسی کی رائے نقل کرنے پر اکتفا فرمایا کرتے اور اگر کبھی دوسرے کی رائے نقل کرنے کی نوبت آتی تو نہایت احترام سے وہ رائے اور اس کے دلائل بھی نقل فرماتے، ایسے موقعوں پر کبھی صرف یہ کہہ کر بات ختم کردیتے کہ ''اس مسئلہ میں فلاں کی رائے یہ ہے''۔

دعوت وتبلیغ اور راہِ اعتدال

دین کی اشاعت اور اس کی حفاظت اور امت میں دین کو زندہ رکھنے اور احکامِ دین کے اِحیاء کے سلسلے میں دعوت وتبلیغ کا کیا مقام ہے، یہ اہل نظر سے مخفی نہیں۔ امت کی داعیانہ صفت ہی درحقیقت اس کی بقاء کی ضامن ہے، اسلامی تاریخ کے ہر عہد اور اسلامی دنیا کے ہر مقام پر جب جب بھی یہ داعیانہ کردار کمزور ہوا اس کے طرح طرح کے سنگین نتائج سامنے آئے، اسی بناء پر امت سے خلافت وحکومت جاتی رہی، اسی وجہ سے امت اپنی معاشرت ومعاملات میں دوسری اقوام کی نقالی کرنے اور اپنے دین کو چھوڑنے کی روش پر چل پڑی، اس کے نتیجے میں امت میں اعمال وعبادات اور اخلاق وآداب غرض پورے اسلام اور پھر ایمانیات تک میں شدید ترین ضعف پیدا ہوا۔

غرض کہ امت کی ہر خرابی کی جڑ دین کی کمزوری اور اس کا سبب دعوت سے غفلت ہے جب کہ دعوت وتبلیغ کا یہ فریضہ قرآن مجید، ارشاداتِ نبویہ، سیرت طیبہ، تاریخ اسلام اور عقل وتجربہ سے واضح اور اس کی اہمیت،

---

(۱) (المائدة: ۸)

Made Searchable by ScribeTools.com

فرضیت اور امت کے لئے اس کے لازم ہونے کی صراحت قطعی اور غیر محتاجِ دلیل ہے، بلکہ ختم نبوت کے نتیجے میں امت کو کارِ نبوت کے فریضہ کی ادائیگی اسی دعوت کے نتیجے میں عطا ہوئی ہے اور یہ فریضہ کسی بھی حال میں امت سے ساقط نہیں ہوسکتا۔

برصغیر میں سینکڑوں سال تک مسلمان حکمرانی کرتے رہے لیکن امت کی غالب اکثریت اس فریضہ دعوت کی ادائیگی سے غافل رہی، اس لئے علمائے امت کی محنت کے نتیجے میں دین گو محفوظ رہا لیکن امت کے عام افراد کی زندگی سے لے کر حکومتِ وقت تک جو خرابیاں پیدا ہوئیں وہ بھی ناقابلِ انکار ہیں، بلاشبہ اگر امت کا غالب طبقہ اس فریضہ کی ادائیگی میں منہمک رہا ہوتا تو امید کی جاسکتی ہے کہ آج برصغیر کا نقشہ ہی کچھ اَور ہوتا۔

مسلمانوں سے اقتدار چھن جانے کے بعد جب دین کو مٹانے کے نہایت سنگین حالات پیدا کئے گئے اور پوری امت کا عوامی طبقہ دین سے بیگانہ ہوتا گیا تو اللہ جل شانہ نے خصوصی فضل فرمایا کہ حضرت مولانا محمد الیاس صاحب کاندھلوی رحمہ اللہ تعالیٰ اس فریضہ کی ادائیگی کے لئے اٹھ کھڑے ہوئے اور آج عالم کے کونے کونے میں دعوت وتبلیغ کی یہ محنت جاری ہے اور اس کے ثمرات کا ظہور اس طرح ہو رہا ہے کہ عالمِ اسلام کی مسلم حکومتوں کی کسی بھی محنت کے نتیجے میں ایسا ثمرہ سامنے نہیں آرہا ہے اور اس کے اعتراف سے بجز عناد وکج فہمی کے اَور کوئی چیز مانع نہیں ہوسکتی۔

دعوت وتبلیغ کا یہ نہج بے شمار لوگوں کے لئے اجنبی اور قابل اعتراض ہے حالانکہ شرعاً اس کے کسی بھی جز پر کوئی واقعی اعتراض کیا ہی نہیں جاسکتا، تاہم کچھ لوگ اس کے چار ماہ، چالیس دن، تین دن، گشت اور دوسرے امور پر یہ سطحی اعتراض کرتے ہیں کہ یہ تعیین غیر ثابت شدہ ہے۔ اسی طرح کچھ لوگ یہ اعتراض کرتے ہیں کہ یہ دین کے تمام احکام کی دعوت کو اپنا مقصد نہیں بناتے بلکہ صرف چند احکام تک ہی محدود رہتے ہیں۔ کچھ لوگ یہ اعتراض کرتے ہیں کہ یہ وقت کے سیاسی مسائل سے اغماض کرتے ہیں وغیرہ۔

درحقیقت یہ تمام اعتراضات انتہائی سطح پر، غلط فہمی یا حقیقتِ دعوت نہ سمجھنے کا نتیجہ ہے اس لئے علمی طور پر دعوت وتبلیغ کی فرضیت ثابت کرنا، اس کے اصول ومنہاج کو مدلل کرنا، اس پر کئے جانے والے اعتراضات کا دفاع کرنا علمائے امت کا فریضہ ہے۔

برصغیر کے مفتیانِ کرام میں سے حضرت فقیہ الامت کی ذات اس حیثیت سے ممتاز ہے کہ آپ نے

Made searchable using ScribeTools.com

ازخود حضرت مولانا محمد الیاس صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی معیت میں وقت گزارا، دعوت وتبلیغ کے کام میں عملاً شرکت کی، اس کے پورے نظام کو ازخود ملاحظہ فرمایا، اس کے فوائد وثمرات کا مشاہدہ فرمایا اور پھر بعد کی پوری زندگی میں اس کے ساتھ مکمل انتساب رکھا۔ اس لئے اگر علمی طور پر دعوت وتبلیغ کو سمجھنا کسی طالبِ صادق کا مطلوب ہو تو فتاویٰ محمودیہ میں شائع شدہ وہ فتاویٰ جو دعوت وتبلیغ سے متعلق ہیں بلاشبہ چشم کشا ثابت ہوں گے (۱)۔

حضرت مفتی صاحب کو اس کام سے کس درجہ لگاؤ اور شیفتگی تھی، اس کا کچھ اندازہ اس سے کیجئے کہ حضرت مولانا اشرف علی تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کے خلفاء میں سے مشہور خلیفہ حضرت مولانا عبدالباری ندوی پروفیسر جامعہ عثمانیہ حیدرآباد نے لکھنؤ میں حضرت مفتی صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے ازراہِ بے تکلفی فرمایا کہ مجھے اس پر تعجب ہے کہ تبلیغ والوں نے دارالعلوم دیوبند کے مفتی اعظم کو بھی اپنا ہمنوا بنالیا۔ اس پر حضرت نے فرمایا:

''واقعہ یہ نہیں ہے بلکہ حقیقت یہ ہے کہ میں تبلیغی پہلے ہوں مفتی بعد میں اور دارالعلوم کو مفتی کی ضرورت تھی تو تبلیغ والوں سے مفتی مانگا، انہوں نے یہ ضرورت پوری فرمائی'' اوکما قال۔ (ماہنامہ النور، تذکرۂ فقیہ الامت، حصہ دوم، ص: ۲۴۸)

اسی تعلق کی بناء پر حضرت تبلیغی اجتماعات میں نہایت بشاشت سے شرکت فرماتے، بیانات فرمایا کرتے اور دعوت وتبلیغ سے وابستہ افراد سے تو کبھی دعاؤں کی درخواست تک کرتے، کبھی کوئی جماعت ملاقات کے لئے آتی تو آپ انتہائی شفقت واپنائیت کا مظاہرہ فرماتے۔

دعوت وتبلیغ کے اکابرین خصوصاً حضرت مولانا محمد الیاس رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت مولانا محمد یوسف صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے تو نہایت ہی گہرے اور قلبی روابط تھے، چنانچہ ایک موقع پر جب حضرت مفتی صاحب اور مولانا محمد یوسف صاحب کی ملاقات ایک ریلوے اسٹیشن پر ہوئی تو مولانا محمد یوسف نے فرمایا:

''مفتی صاحب! مصافحہ تو بعد میں کیجئو، پہلے مجھے فلاں فلاں مسئلہ کا جواب بتادو۔ حضرت نے جوابات ارشاد فرمائے۔ بعد میں مولانا محمد یوسف نے فرمایا کہ: ''ہم کو دعوت میں لگایا اور خود بیٹھ گئے''۔

---

(۱) (راجع محمودیہ، کتاب العلم، باب التبلیغ)

حضرت نے فرمایا کہ:

''ایک دو کو کسی کونے میں بیٹھ کر کتابوں کی ورق گردانی کرنے دیں تا کہ آپ کے اس طرح کے سوالات کے جوابات تلاش کرتے رہا کریں''۔ (ماہنامہ النور، تذکرہ فقیہ الامت، حصہ دوم، ص: ۲۴۸)

اسی تعلق کا نتیجہ تھا کہ جب بھی آپ دہلی تشریف لے جاتے تو مرکز تبلیغ ضرور تشریف لے جاتے اور اکابرینِ مرکز بھی آپ کے لئے چشم براہ ہوا کرتے۔ علمی طور پر دعوت وتبلیغ کے متعلق آپ نے اتنے فتاویٰ تحریر فرمائے کہ دوسرے کسی مفتی نے برصغیر کی پوری تاریخ میں اتنے نہیں لکھے، ان فتاویٰ میں تبلیغ کی ضرورت، اس کی مشروعیت وفرضیت اس کے فوائد وثمرات اور اس پر کئے جانے والے ہر قسم کے اعتراضات کے مکمل اور تشفی بخش جوابات موجود ہیں۔

تبلیغ میں کم از کم تین چلے، ایک چلہ اور سہ روزہ کا مطالبہ ہوتا ہے، اس کے ثبوت کا مطالبہ ہوا تو آپ نے اولاً یہ فرمایا کہ اس طرح کی چیزوں کے لئے نص ہونا لازم نہیں ہے، چنانچہ ایک عالم نے جو کسی مدرسہ میں استاذ تھے یہی سوال کیا تو آپ نے فرمایا کہ:

''مدرسہ میں نصاب کی کتابیں پڑھانا، پھر کچھ کتابیں ایک سال میں کچھ دوسری کتابیں دوسرے سال، اسی طرح رجسٹروں میں بچوں کی حاضری لکھنا، تعلیم کے لئے گھنٹے مقرر کرنا، تعلیم کے آغاز واختتام کے لئے یومیہ اور پھر سالانہ وقت مقرر کرنا، امتحانات لینا، نتائج درج کرنا، ترقی دینا وغیرہ کسی نص سے ثابت نہیں، پھر اگر یہ چیز غیر شرعی نہیں تو تبلیغ کے چار ماہ اور چالیس دن کیوں غیر مشروع ہیں؟

آگے پھر خود ہی فرماتے ہیں:

''دراصل اس طرح کے امور کے لئے انسانوں کے اپنے تجربہ سے کسی نظام کا نفع بخش ہونا اس کے جائز اور مشروع ہونے کے لئے کافی ہے''۔

یہ کہہ کر پھر تبلیغ کے وسیع ترین منافع اور اثرات کو نہایت دلنشین انداز میں بیان فرمایا کرتے تھے۔

انسان کی فطرت میں یہ بات داخل ہے کہ وہ جب کسی شخص یا کسی کام سے نفع محسوس کرتا ہے تو اس کی

Made searchable using ScribeTools.com

قدر ومنزلت کو دل کی گہرائیوں میں بسالیتا ہے، کبھی کبھی یہ قدر اپنی حدود سے بڑھ کر دوسرے اشخاص اور دوسرے کاموں کی تحقیر کا سبب بھی بنتی ہے، چنانچہ ایک ایسا شخص جو دین سے دور ہو اور دعوت وتبلیغ میں لگ کر دیندار بنے، ظاہر ہے اس کی نظر میں اس کام کی عظمت اور عقیدت کتنی ہوگی لیکن اگر یہ عقیدت دوسرے کسی شعبہ کی توہین کا باعث بنے تو یہ غلط ہے۔

چنانچہ دعوت سے وابستہ کچھ حضرات نے یہ سمجھا کہ مولانا محمد الیاسؒ صاحب کو الہام ہوا کرتا تھا اور یہ سارا کام بطور الہام کے آپ کو عطا کیا گیا۔ حضرت فقیہ الامت کے سامنے یہ سوال آیا تو آپ نے اس کی تردید فرمائی اور فرمایا کہ:

''اگر حضرت مولانا محمد الیاس صاحبؒ کی موجودگی میں یہ بات کہی جاتی تو وہ ضرور اس کی تردید فرمادیتے، یہ غلو عقیدت کا نتیجہ ہے ایسا عقیدہ رکھنا درست نہیں ہے''۔

اسی طرح آپ صاف فرمایا کرتے تھے:

''دعوت وتبلیغ میں لگ کر وعظ، تذکیر، تزکیہ وارشاد کو، خانقاہی نظام کو اور مدارس کے کام کو جو قدر کی نگاہ سے نہ دیکھے یا تحقیر کرے وہ غلطی میں مبتلا ہے''۔

اس بات کو طرح طرح سے بیان فرماتے، چنانچہ اس نوع کے فتاویٰ بھی شائع شدہ موجود ہیں جس میں تبلیغ والوں کو دوسرے دینی کاموں کی قدر کرنے کی تلقین کی گئی ہے(۱)۔

☆.....☆.....☆

(۱) (راجع، کتاب العلم، باب التبلیغ، عنوان: ''ایک تبلیغی کی تقریر کہ مولانا الیاس صاحب الہامی نبی تھے'')

فتاویٰ محمودیہ کی خصوصیات

اعتدال کے علاوہ چند دیگر خصوصیات بھی حضرت مفتی صاحب کے فتاویٰ میں پائی جاتی ہیں، اجمالی طور پر جن کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے:

❶ عام طور پر جوابات مختصر مگر خیر الکلام ماقلّ ودلّ کے مطابق ہوتے ہیں تاہم ضرورت کی وجہ سے حضرت مفتی صاحب تفصیلی فتاویٰ بھی تحریر فرماتے، حتی کہ بعض فتاویٰ تو رسائل کی شکل اختیار کر گئے۔

❷ سلیس اور عام فہم اردو میں جواب تحریر فرماتے ہیں تاکہ مستفتی جواب کی حقیقت سے واقف ہو جائے اور سائل کی الجھن اور پریشانی باقی نہ رہے۔

❸ مقصدِ سائل (نکتۃ الغور) کا جواب دینے کا بھرپور اہتمام کیا جاتا ہے۔

❹ مقصد سائل کا لحاظ کرتے ہوئے تربیتی پہلو کو بھی سامنے رکھتے ہیں، مثلاً: اگر سائل کا مقصد کچھ اور تھا لیکن اس کے لئے مفید کوئی دوسری بات تھی تو اس کی بھی نشاندہی کر دیتے ہیں۔

❺ تکفیر کے بارے میں احتیاط کا پہلو نمایاں طور پر نظر آتا ہے، حتی کہ صراحۃً کسی کی تکفیر کی نوبت آ بھی جائے تو عموماً حضرت مفتی صاحب کے جواب کے الفاظ ہوتے ہیں: ''ایسے عقائد اپنانے سے ایمان سلامت نہیں رہتا''۔

❻ "أنزلوا الناس منازلهم" (۱) کے پیش نظر ہر سائل کو اس کی حیثیت کے مطابق جواب دیا جاتا ہے مثلاً:

(الف) سائل عام آدمی ہو اور احکامِ شرعیہ کے بارے میں سوال کرے تو آسان عبارت میں اسے حکم

---

(۱) "عن عائشة رضی الله تعالیٰ عنها أن النبی صلی الله علیه وسلم قال: "أنزلوا الناس منازلهم". رواه أبوداؤد". (مشکوٰة المصابیح، کتاب الآداب، باب الشفقة والرحمة علی الخلق، الفصل الثانی، ص: ۴۶۴، قدیمی)

(وسنن أبی داؤد، کتاب الأدب، باب فی تنزیل الناس منازلهم: ۲/۳۱۷، امدادیه ملتان)

Made Searchable using ScribeTools.com

سے مطلع فرمادیتے ہیں۔

(ب) اگر کوئی احکام شرعیہ سے ہٹ کر سوال کرے تو اس کا جواب حتماً نہیں دیتے ہیں (۱)۔

(ج) اگر سائل کا مقصد فتنہ پردازی ہو تو جواب سے معذرت فرمادیتے ہیں۔

(د) بسا اوقات خود سائل کو پابند فرماتے ہیں کہ اپنی لکھی ہوئی بات جس کی تحقیق چاہتا ہے، مثلاً: کوئی حدیث یا تاریخی واقعہ کا حوالہ دے تب جواب دیا جائے گا۔

(ھ) معاند سائل کو حتی الامکان سمجھانے کی کوشش فرماتے ہیں، اگر پھر بھی نہ سمجھے تو جواب سے معذرت کی جاتی ہے۔

(و) کبھی سائل کو دیکھتے ہوئے ﴿لا یخافون فی اللہ لومة لائم﴾ (۲) کا مظاہرہ کرتے ہوئے سائل کی خوب خبر لیتے ہیں۔

(س) اہلِ علم کے سوالات کے ٹھوس و مدلل جوابات دیئے جاتے ہیں۔

(ز) اہلِ علم میں سے وہ حضرات جو اپنی ہی تحقیق کو حرفِ آخر سمجھیں اور کسی کی بات نہ مانیں، ان کو جواب دیتے وقت اولاً تو جواب کو خوب مدلل ذکر فرماتے ہیں اور آخر میں اس کی تصریح بھی فرماتے ہیں کہ یہ تحقیق آپ جیسوں کو مطمئن نہ کر سکے گی، اس کا کوئی علاج نہیں۔

(ر) جس چیز کے بارے میں علم نہ ہو تو "لا أدری" کہنے میں جھجھک محسوس نہیں فرماتے۔

❼ مبہم سوالات کا جواب دینے سے کبھی حضرت مفتی صاحب معذرت فرماتے ہیں اور کبھی جواب لکھ کر یہ تحریر فرماتے ہیں: ''مبہم سوالات کر کے جوابات کو کسی شخص پر منطبق کرنا بسا اوقات غلط اور موجبِ فتنہ بھی ہوتا ہے جس کی ذمہ داری سائل پر ہوتی ہے''۔

❽ کبھی مستفتی بلاضرورت سوال میں مختلف باتیں تحریر کرتا ہے جن کی وجہ سے سوال طویل ہو جاتا ہے، عام طور پر حضرت مفتی صاحب ایسے سوالات کا مختصر الفاظ میں خلاصہ نکالنے کے بعد یہ لکھ کر کہ: ''اگر واقعی آپ کے سوال کا حاصل یہ ہے''..... جواب تحریر فرماتے ہیں۔

---

(۱) اس کا اندازہ فتاویٰ محمودیہ، کتاب العلم، باب الفلکیات، سے بخوبی لگایا جاسکتا ہے۔

(۲) (المائدة: ۵۴)

فتاویٰ محمودیہ پر کام کرنے کی نوعیت

کتبِ فتاویٰ میں ''فتاویٰ محمودیہ'' کی اہمیت اہلِ علم وارباب فتاویٰ پر مخفی نہیں، قدیم مسائل کے ساتھ اس میں جدید مسائل بھی موجود ہیں، لیکن غیر مرتب ہونے کی وجہ سے اس بحرِ بیکراں سے کما حقہ استفادہ آسان نہیں تھا، اس لئے ملک کے مشہور ومعروف اور عظیم ادارے جامعہ فاروقیہ کراچی کی لجنۃ المشرفین (جو درجہ تخصص فی الفقہ الاسلامی کے طلبہ کو مقالہ کی تفویض کے ساتھ اس کی نگرانی کا کام بھی سرانجام دیتی ہے) نے کافی غور وخوض اور مشاورت کے بعد یہ طے کیا کہ فتاویٰ محمودیہ پر تحقیقی کام کیا جائے، اس کی تبویب وتخریج کی جائے اور پھر طبع کرایا جائے تاکہ خواص وعوام سب کے لئے یکساں طور پر مفید ہو۔

فتاویٰ محمودیہ سے پہلے دارالافتاء جامعہ فاروقیہ کراچی کی زیرنگرانی کفایت المفتی پر اسی طرح کا تحقیقی کام ہوا، اور اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے حضرات علماء کرام کے ہاں مقبول ہوا، اہلِ علم کے لئے عموماً اور ارباب فتاویٰ کے لئے خصوصاً اس سے استفادہ بہت آسان ہوا، اسی بناء پر اس کی طرف بنظر تحسین دیکھا گیا اور اسے ہاتھوں ہاتھ لیا گیا، اس لئے بھی فتاویٰ محمودیہ کے متعلق لجنہ کے لئے حتمی فیصلہ کرنا آسان ہوا۔

لجنہ کی رہنمائی واشراف میں فتاویٰ محمودیہ پر جو تحقیقی کام ہوا اس کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے:

تبویب وترتیب

فتاویٰ محمودیہ قدیم میں تبویب بایں معنی نہیں تھی کہ تقریباً ہر جلد یا اکثر وبیشتر جلدوں میں فقہ وفتاویٰ کے تمام یا اکثر ابواب موجود تھے، مسئلہ تلاش کرنے میں کافی دشواری پیش آتی تھی، ایک ہی مسئلہ کے لئے، مثلاً کسی کو نکاح یا طلاق کا مسئلہ ڈھونڈنا ہوتا تو اسے تمام یا اکثر جلدوں کی ورق گردانی کرنی پڑتی تھی، پھر کہیں جا کر شاید اسے مسئلہ ملتا اور تبویب نہ ہونے کی وجہ غالباً یہ تھی کہ حضرت مفتی صاحب قدس سرہٗ کے فتاویٰ کا مجموعہ مختلف

Made searchable using ScribeTools.com

جلدوں کی شکل میں جیسے جیسے تیار ہوتا گیا، افادۂ عامہ کے پیشِ نظر اسے چھاپنے کا اہتمام کیا گیا۔

ضرورت اس بات کی تھی کہ ہر باب کے تمام مسائل کو یکجا کیا جائے تا کہ ان سے استفادہ سہل اور آسان ہو، اسی ضرورت کے پیشِ نظر متعلقہ باب کے تمام مسائل وابحاث کو یکجا کیا گیا، مثلاً: کتاب الطہارۃ کے مسائل پہلی جلد سے لے کر آخری جلد تک جہاں جہاں موجود تھے، ان سب کو کتاب الطہارۃ میں متعلقہ باب کے تحت اکٹھا کیا گیا۔

فقہی مسائل کے ابواب تو متعین اور معلوم ہیں، متعلقہ مسائل کو انہی ابواب کے تحت فقہی ترتیب کے مطابق جمع کیا گیا، البتہ بدعات اور رسمیں کہ بعض ولادت اور ختنہ سے تعلق رکھتی ہیں، بعض نکاح سے، بعض منگنی سے، بعض نماز جنازہ، میت اور تجہیز وتکفین سے۔ کوشش یہی کی گئی ہے کہ تمام مسائل کو باب البدعات والرسوم کے ذیل میں جمع کیا جائے لیکن بعض رسمیں جو نکاح سے متعلق ہیں اور کتاب النکاح میں ان کا ہونا ضروری ہے تو انہیں کتاب النکاح یا دیگر متعلقہ ابواب میں رکھا گیا۔ اسی طرح وہ مسائل جو کسی بحث سے متعلق تو تھے، لیکن ان کا تعلق کسی باب سے واضح طور پر نمایاں نہیں تھا، ان کو اس باب کے آخر میں ''متفرقات'' کے عنوان کے تحت ذکر کیا گیا۔ اسی طرح بعض سوالات اس قسم کے تھے کہ تمہید یا صورتِ مسئلہ بیان کرنے کے بعد مختلف سوالات پوچھے گئے: بعض عقائد سے متعلق، بعض نکاح سے متعلق، بعض جنازہ سے متعلق، لیکن مفتی صاحب نے ان سب کا ایک ساتھ جواب لکھ دیا، الگ الگ نہیں، یا اس طرح جواب لکھ دیا کہ ایک کو الگ کرنے سے دوسرا جواب ناقص رہ جاتا، ایسے مسائل کو ایک باب میں رکھا گیا الگ الگ نہیں کیا گیا۔ جواب حاصل کرنے کے بعد کبھی مستفتی فتویٰ پر اعتراض کر کے یا جواب میں اختصار ہونے کی وجہ سے دوبارہ سوال لکھ کر بھیج دیتے ہیں، ایسے سوالات کو ایک ساتھ رکھا گیا ہے تا کہ بآسانی معلوم ہو کہ اشکال اوپر والے مسئلہ کے متعلق ہے۔

فتاویٰ محمودیہ ہزاروں مسائل پر مشتمل ہے، ہر باب میں ایک جیسے مسائل کافی ہیں، (مطالعہ کے دوران بخوبی اس کا اندازہ ہو جائے گا) تبویب میں ان میں سے کسی مسئلے کو حذف نہیں کیا گیا، البتہ وہ مسائل جو واقعتاً مکرر تھے اس طور پر کہ دونوں استفتاء ایک، مستفتی، جواب اور جواب لکھنے کی تاریخ بھی ایک، صرف عنوان کا فرق تھا، ان کو حذف کر دیا گیا، اس لئے کہ مکرر مسائل کو ذکر کرنے کا بظاہر کوئی فائدہ نہیں اور ایسے مسائل کی تعداد بہت ہی کم ہے۔

تخریج

فتاویٰ محمودیہ میں موجود مسائل مختلف قسم کے ہیں: ایک قسم ان مسائل کی ہے جن میں نہ کسی کتاب کی (بطور حوالہ) عبارت ہے، نہ حوالہ، بلکہ صرف سوال کا سلیس اردو میں جواب دیا گیا ہے۔ دوسری قسم ان مسائل کی ہے جن میں بطور حوالہ صرف کتاب کا تذکرہ ہے، مثلاً فتویٰ کے آخر میں ہے: کذا فی صحیح البخاری، کذا فی سنن أبی داؤد، کذا فی الدر المختار، کذا فی ردالمحتار وغیرہ۔ تیسرے وہ مسائل ہیں جن میں عربی کتب (احادیث وفقہ) کی عبارتیں نقل کی گئی ہیں۔

ان سب مسائل کی تخریج کی گئی، پہلی قسم کے مسائل میں امہاتِ کتب (تفسیر، حدیث وفقہ) سے صریح اور قریب ترین جزئیہ تلاش کر کے اس کا حوالہ لکھا گیا۔ اسی طرح دوسری قسم کے مسائل میں جواب میں مذکورہ کتاب کی عبارت نقل کر کے حوالہ لکھا گیا، اسی طرح اگر مفتی صاحبؒ نے اگر کوئی عبارت حدیث وفقہ وغیرہ کی نقل تو کی لیکن پوری نہ کی، صرف اپنے مدّعیٰ تک محدود ایک جملہ نقل کیا تو اس قسم کی عبارتوں کو اصل کتاب سے مکمل اور واضح طور پر نقل کرنے کا اہتمام کیا گیا۔ تیسری قسم کے مسائل میں مذکورہ کتاب کی عبارت کو اس کے متداول نسخوں میں تلاش کے بعد نقل کر کے حوالہ لکھا گیا۔ اصل کی طرف مراجعت کے دوران فتویٰ میں تحریر کردہ عبارت کا اصل سے موازنہ کیا گیا تو کاتب کی غلط کتابت کی وجہ سے کافی غلطیاں نظر آئیں، ان کی تصحیح کی گئی۔

جوابات میں بعض ایسی کتابوں اور رسالوں کا حوالہ بھی ہے جو پاکستان میں ناپید ہیں، تلاشِ بسیار کے بعد بھی وہ کتابیں کہیں دستیاب نہیں ہوئیں، ایسی کتابوں کا متبادل حوالہ لکھا گیا۔

تخریج کا طریقہ

تخریج میں کم از کم تین کتابوں کا حوالہ لکھنے کا بھرپور اہتمام کیا گیا، چاہے جواب پہلے سے باحوالہ تھا یا بے حوالہ، تین کتابوں میں سے اس کتاب کی عبارت نقل کی گئی جس کی مناسبت جواب کے ساتھ زیادہ تھی اور حوالہ لکھنے میں وہ طریقہ اختیار کیا گیا جو متداول ہے کہ پہلے کتاب کا نام، پھر باب، فصل، مطلب (اگر کہیں تھا)، پھر جلد، صفحہ اور طبع لکھنے کا اہتمام کیا گیا تاکہ استفادہ کرنے والوں کے لئے اصل ماخذ تک رسائی بآسانی ممکن ہو۔

Made searchable using ScribeTools.com

عنوانات کی تسہیل اور توضیح

فتاویٰ محمودیہ میں عنوانات پہلے سے موجود تھے، بعض عنوانات بہت طویل اور بعض عنوانات بہت مختصر، اسی طرح بعض عنوانات مبہم بھی تھے، مثلاً زلۃ القاری کے مسائل میں اکثر کے عنوانات یوں تھے: ''زلۃ القاری سے متعلق مسئلہ''، میراث سے متعلق مسائل کے عنوانات میں بھی ابہام زیادہ تھا، اکثر کے عنوانات ''میراث سے متعلق مسئلہ'' تھے۔ اسی لئے طویل عنوانات کو حسبِ ضرورت مختصر کیا گیا اور مختصر عنوانات میں مناسب اضافہ کیا گیا، اسی طرح مبہم عنوانات کے سوال و جواب کو بغور دیکھ کر وضاحت کی گئی اور نئے عنوانات قائم کئے گئے تاکہ استفادہ میں حتی الامکان آسانی ہو۔

ہندی الفاظ کا ترجمہ

کہیں سوال یا جواب میں ہندی زبان یا اردو کا کوئی مشکل لفظ تھا تو اردو لغت کی معروف ومتداول کتابوں (مثلاً نور اللغات، فیروز اللغات وغیرہ) سے حاشیہ میں اس لفظ کا ترجمہ لکھا گیا اور ساتھ ساتھ حوالہ بھی نقل کیا گیا۔

ہندی ہندسوں کی وضاحت

معاملات یا میراث کے متعلق مسائل میں اکثر اعداد ہندی رسم الخط میں لکھے گئے تھے، عام طور پر ان کا سمجھنا ہر ایک کے لئے ممکن نہیں تھا، اس لئے ان کو اردو ہندسوں میں لکھا گیا تاکہ سوال و جواب اور مسئلہ بآسانی مکمل طور پر سمجھ میں آئے۔

غیر مفتی بہ اقوال کی نشاندہی

ملک و حالات کی تبدیلی کی وجہ سے احکام میں تبدیلی ہوتی رہتی ہے، اس لئے کہ بہت سے مسائل کا دارومدار عرف پر ہے اور قواعدِ فقہ میں ایک مشہور قاعدہ ہے: "العرف قاض"، اسی بناء پر وہ مسائل جن کا حکم پاکستان میں الگ اور ہندوستان میں الگ ہے، یا حضرت مفتی صاحب نے اپنی تحقیق کر کے جمہور کے خلاف کوئی فتویٰ صادر فرمایا ہے حاشیہ میں بعد از تحقیق ان سب کی نشاندہی کی گئی ہے۔

Made Searchable by ScribeTools.com

علاماتِ ترقیم لگانے کا خاص اہتمام

علاماتِ ترقیم کی اہمیت ہر زبان میں واضح اور مسلّم ہے، علاماتِ ترقیم کے ذریعہ تحریر آسانی سے سمجھ میں آجاتی ہے، تحریر میں جب تک علاماتِ ترقیم نہ ہوں اس وقت تک اسے ناقص تحریر سمجھا جاتا ہے اور ناقابل اشاعت تصور کیا جاتا ہے، اس لئے عربی واردو عبارات میں علامات ترقیم لگانے کا خاص اہتمام کیا گیا۔

اسی طرح عربی تحریروں اور عبارتوں میں ہمزہ قطعی میں مضموم اور مفتوح ہونے کی صورت میں الف کے اوپر اور مکسور ہونے کی حالت میں الف کے نیچے ہمزہ لکھا جاتا ہے، فتاویٰ محمودیہ میں علاماتِ ترقیم کے ساتھ ہمزہ لکھنے کا بھی خاص خیال رکھا گیا۔

اظہار تشکر

جلدوں کی کثرت اور مسائل کی بہتات سے ہر شخص بخوبی اندازہ کرسکتا ہے کہ یہ کام بہت طویل ہونے کے ساتھ ساتھ نہایت محنت طلب اور تھکا دینے والا کام تھا، تبویب، ترتیب، تخریج، تصحیح، کمپوزنگ، پروف ریڈنگ، طباعت ان میں سے ہر ایک مستقل کام تھا، محض اور محض اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے پایۂ تکمیل تک پہنچا، دارالافتاء جامعہ فاروقیہ کے اساتذہ اور ۱۴۲۴ھ کے تخصص سال دوم کے طلبہ نے بڑی محنت کی اور تعاون کیا، انہوں نے رات دن ایک کرکے عرق ریزی اور جانفشانی سے کام کیا، تخریج کے لئے اکثر وبیشتر جامعہ فاروقیہ کے علاوہ دیگر کتب خانوں سے بھی مراجعت کی ہر ہر مسئلہ اور ہر ہر جزئیہ کی تخریج کرکے تقریباً پانچ ماہ کے مختصر عرصہ میں اس کی تکمیل کی۔

اسی طرح تصحیح اور پروف ریڈنگ یہ بھی ایک مشکل مرحلہ تھا، اللہ تعالیٰ جزائے خیر دے مولانا مفتی **فضل مولیٰ** صاحب اور ۱۴۲۵ھ کے تخصص سال دوم کے طلبہ کو کہ انہوں نے بڑی محنت کرکے اس مشکل مرحلہ کو انجام تک پہنچایا اور دورانِ تصحیح مزید حوالہ جات لکھنے کا اہتمام بھی کیا اور جو کمی کسی بھی مرحلے میں رہ گئی تھی اس کو بھی پورا کرنے کی کوشش کی۔

بہرحال بنظر غائر اگر دیکھا جائے تو یہ طویل اور محنت طلب کام فضلِ خداوندی کے بعد حضرت الشیخ، محدث العصر الاستاذ الکبیر، استاذ العلماء، مربی ومرشدِ کامل حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب دامت برکاتہم العالیہ کی خصوصی دعاؤں اور خصوصی سرپرستی، حضرت مولانا محمد یوسف افشانی صاحب دامت برکاتہم العالیہ کے

Made searchable using ScribeTools.com

تعاونِ خاص اور کامل نگرانی ، حضرت مولانا منظور احمد مینگل صاحب دامت برکاتہم ،مولانا مفتی عبدالباری صاحب، مولانا مفتی سمیع اللہ صاحب، مولانا مفتی عظمت اللہ صاحب، مولانا مفتی فضل مولیٰ صاحب کے خصوصی اشراف ،نگرانی اور رہنمائی میں مکمل ہوا۔

ناسپاسی ہوگی اگر اپنے بے حد مخلص بھائی جناب شاہد بشیر صاحب کا یہاں تذکرہ نہ کروں جنہوں نے اس عظیم کام میں بھرپور حصہ لیا۔ اللہ تعالیٰ جناب شاہد بشیر صاحب اور ان کے مرحوم والدین کے لئے صدقۂ جاریہ بنائے۔آمین!

اللہ تعالیٰ ان سب حضرات کو جزائے خیر عطا فرمائے اور فتاویٰ محمودیہ کو اللہ تعالیٰ اپنی بارگاہِ ایزدی میں شرفِ قبولیت سے سرفراز فرمائے اور حضرت فقیہ الامت رحمۃ اللہ علیہ کے رفعِ درجات کا ذریعہ بنائے ،مرتبِ اول حضرت مولانا مفتی محمد فاروق صاحب ودیگر مستفیدین اور ہم سب کے لئے ذخیرۂ آخرت بنائے ۔ آمین!

فللّٰه الحمد أولاً وآخراً ، وظاهراً وباطناً، والحمدللّٰه الذى بنعمته تتم الصالحات.وصلى اللّٰه وبارك وسلم على سيدنا محمد المصطفىٰ ، وعلىٰ آله وأصحابه وأتباعهم ومن تبعهم إلى يوم الدين.

(حضرت مولانا) عبیداللہ خالد (دامت برکاتہم العالیہ)

مدیر الفاروق واستاد حدیث جامعہ فاروقیہ کراچی

کتاب الإیمان والعقائد

ما یتعلق بالإیمان

(ایمان کا بیان)

اسلام کیا ہے؟

سوال[۱]: اسلام کیا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

حضرت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اللہ پاک نے رسول بنا کر بھیجا اور آپ کی اطاعت کو لازم قرار دے کر نجات کو اس میں منحصر کر دیا (۱) یہ تو ہر انسان کو حق ہے کہ اللہ پاک کا واجب الاطاعت ہونا اور اللہ پاک کی طرف سے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا واجب الاطاعت ہونا پہلے خوب تحقیق کر لے، لیکن جب اس کا قلب توحید ورسالت کو قبول کر لے تو پھر اللہ اور اس کے رسول کا کوئی حکم ثابت ہو جانے کے بعد اس کی علت معلوم ہونے پر تعمیل ارشاد کو معلق رکھنے کا حق نہیں رہتا، جیسے ایک شخص فوج میں بھرتی ہو جائے اور ایک افسر کے ماتحت اس کو کر دیا جائے تو ہر نقل وحرکت کے متعلق حکم کی تعمیل کرنا اس کا فرض ہے، ہر ہر جزئی کی وجہ دریافت کرنے پر حکم کی تعمیل کو موقوف رکھنے کا حق نہیں، فوج میں بھرتی ہونے سے پہلے جس جس طرح اپنا اطمینان کرنا چاہے، کر سکتا ہے۔ اس تمہید کے بعد جواب عرض ہے:

حضرت نبی اکرم رسول مقبول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے دریافت کیا گیا تھا کہ اسلام کیا ہے؟ تو ارشاد

---

(۱) قال الله تعالىٰ: ﴿قل إن كنتم تحبون الله فاتبعوني يحببكم الله، ويغفر لكم ذنوبكم﴾. (آل عمران: ۳۱)
وقال تعالىٰ: ﴿من يطع الرسول فقد أطاع الله﴾. [النساء: ۸۰]

قال عليه السلام: "من أطاعني فقد أطاع الله، ومن عصاني فقد عصى الله". (مشكوة المصابيح، كتاب الإمارة والقضاء: ۲/۲۲۸، قديمي)

Made searchable using ScribeTools.com

فرمایا کہ: ''توحید ورسالت کی شہادت دینا، نماز قائم کرنا، زکوٰۃ ادا کرنا، رمضان شریف کے روزے رکھنا، بیت اللہ کا حج کرنا جب کہ استطاعت ہو''۔ یہ چیزیں اسلام کے ارکان ہیں (۱)۔لغت میں اسلام کے معنی ہیں: گردن نہادن بر طاعت: یعنی خدا پاک کے ہر حکم کی اطاعت کرنا (۲)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۵/ ۲۱۱/ ۸۹ھ۔

الجواب صحیح بندہ نظام الدین عفی عنہ، ۵/ ۲۱۱/ ۸۹ھ۔

ایمان کی بنیاد

سوال [۲]: کیا مکمل مسلمان بننے کے لئے صرف کلمہ طیبہ کا زبان سے پڑھ لینا کافی ہے، یا پھر ساتوں کلموں کا پڑھنا ہوگا، جو بھی صورت ہو اس پر جسمانی اعضاء مثلاً: ہاتھ، پاؤں، دل ودماغ، آنکھ، کان سے عمل کرنا ہوگا، یا نہیں؟ نیز ساتوں کلمے میں یہی ساتوں: کلمہ طیبہ، کلمہ شہادت، کلمہ تمجید، کلمہ توحید، کلمہ ردکفر، ایمان مجمل، ایمان مفصل ہیں یا کوئی اور دوسرا ہوگا؟

الجواب حامداً مصلیاً:

حدیث شریف میں ہے کہ اسلام کی بنیاد پانچ چیزوں پر ہے (۳)، ان میں سے ایک توحید و

---

(۱) "قال: یا محمد! أخبرني عن الإسلام، فقال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "أن تشهد أن لا إله إلا الله، وأن محمداً رسول الله، وتقيم الصلاة، وتؤتي الزكوة، وتصوم رمضان، وتحج البيت إن استطعت إليه سبيلاً". (الصحيح لمسلم، كتاب الإيمان: ۱/ ۲۷، قديمي)

(۲) "(والإسلام هو التسليم) :أي باطناً (والانقياد لأوامر الله تعالى): أي ظاهراً." (شرح الفقه الأكبر للملا علي القاري، ص: ۸۹، قديمي)

"(الإسلام): وهو لغةً: الانقياد مطلقًا، وشرعاً: الانقياد الظاهر بشرط انقياد الباطن المعبّر عنه بالإيمان." (مرقاة المفاتيح، كتاب الإيمان: ۱/ ۱۱۲، رشيديه)

"وبيان لأصل الإسلام وهو الاستسلام والانقياد." (الكامل شرح المسلم للنووي، كتاب الإيمان: ۱/ ۲۵، قديمي)

(۳) "عن ابن عمر رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم :"بنى الإسلام على خمس: شهادة أن لا إله إلا الله، وأن محمداً عبده و رسوله، و إقام الصلاة، و إيتاء الزكاة، والحج، وصوم رمضان". متفق عليه ". (مشكوة المصابيح، كتاب الإيمان: ۱/ ۱۲، قديمى) =

رسالت کی شہادت صرف زبان سے پڑھ لینا کافی نہیں، جب تک دل میں تصدیق نہ ہو، دوسری چیز نماز کا قائم کرنا ہے، تیسری چیز زکوۃ دینا ہے، چوتھی چیز رمضان کے روزے رکھنا ہے، پانچویں چیز حج کرنا ہے(۱)۔

ان پانچوں میں جس قدر استحکام ومضبوطی ہوگی، اسی قدر بنیاد اسلام کامل ہوگی، اس کے علاوہ بہت سی چیزیں تکمیل ایمان کے لئے بیان کی گئی ہیں، مثلاً: "المسلم من سلم المسلمون من لسانه و یده" الحدیث (۲) کامل مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے مسلمان سلامت رہیں، یعنی کسی کو اذیت نہ ہو۔

نظام اسلام انسان کے لئے تمام اعضاء: کان، آنکھ، دل وغیرہ کے لئے احکام رکھتا ہے، اس لئے ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿إن السمع والبصر والفؤاد كل أولئك كان عنه مسئولاً﴾ (۳) الاية (القرآن)

اگر کسی میں کوتاہی ہو تو اس کی تکمیل کے لئے آمادہ کیا جائے، اس کا رشتہ اسلام سے منقطع نہ کردیا جائے، ساتوں کلمے یا اس کے علاوہ آیات وروایات میں اس قسم کی جو چیزیں موجود ہیں، وہ یقین کی پختگی کے لئے بطور اقرار کے ہیں، تاکہ وقتاً فوقتاً اس کا تکرار ہوتا رہے اور ان کے مقتضیٰ پر عمل سے غفلت نہ ہو۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند ۸/۱۰/۸۹ھ۔

ایمان میں کمی وزیادتی

سوال[۳]: زید کہتا ہے کہ ایمان اور تصدیق ویقین کا ایک ہی مطلب ہے، بکر کہتا ہے کہ ایمان وتصدیق ویقین میں فرق ہے، ایمان جزوعمل ہے، گھٹتا بڑھتا ہے، نبی علیہ الصلاۃ والسلام کے مقدار ایمان اور آج معمولی مسلمان تارک صوم وصلوٰۃ وحج وزکوۃ وغیرہ کے ایمان میں مساوات نہیں، ارکان اسلام کی پابندی

= (والصحيح لمسلم ، كتاب الإيمان، باب بيان أركان الإسلام و دعائمه العظام : ۱/۳۲ ، قديمى)

(وصحيح البخارى ، كتاب الإيمان ، باب قول النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : بنى الإسلام على خمس: ۱/۶ ، قديمى)

(۱)(سيأتى تخريجه تحت عنوان : ''ایمان میں کمی وزیادتی'')

(۲) (مشكوة المصابيح، كتاب الإيمان: ۱/۱۲ ، قديمى)

(و صحيح البخارى ، كتاب الإيمان ، باب: المسلم من سلم المسلمون من لسانه و يده : ۱/۶ قديمى)

(۳) (بنى اسرائيل : ۳۶)

Made Searchable using ScribeTools.com

سے ایمان بڑھتا ہے، نہ کرنے سے گھٹتا ہے، کم از کم قرآن مجید کی ایک درجن آیتوں سے زیادتی ایمان ثابت ہے، حدیث میں کچھ اوپر ستر ایمان کی شاخیں آئی ہیں، متعدد مقام پر ہے کہ ایمان کم وبیش ہوتا ہے، بڑی شاخ: ''لا إلـه إلا الله '' ہے، چھوٹی شاخ ''راستے سے نقصان دہ چیزوں کو دور کرنا ہے''، اگر ایمان کم نہ ہو تو کوئی ایمان دار دوزخ میں ہرگز نہ جائے گا، اس لئے کہ ایمان دار کے لئے تو بہشت ہے، وہ کیا چیز ہے جو آدمی دوزخ میں جائے گا؟ کیا ایمان دار دوزخ میں جل سکتا ہے؟

زید کہتا ہے کہ ایمان نہیں گھٹتا بڑھتا، نور گھٹتا بڑھتا ہے، بکر کہتا ہے کہ اپنے اس قول کی دلیل کسی غیر معصوم کے کلام ورائے وقیاس سے نہیں، بلکہ قرآن شریف، یا نبی معصوم کے کلام سے پیش کرو، اس لئے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا فرمان ہے کہ ایسی صاف اور روشن شریعت چھوڑ چلا ہوں، جس میں کوئی الجھن، یا مشکل نہیں.....اور اپنے استدلال میں سورۂ مائدہ کی آیت اور یہ قول پیش کرتا ہے کہ جس کے دل میں ذرہ برابر ایمان ہوگا، وہ دوزخ سے نکل جائے گا، ثابت ہوا کہ ایمان عملوں سے گھٹتا بڑھتا ہے اور ایمان عمل کا جز ہے۔ زید کہتا ہے کہ اگر ایمان عمل کا جز ہے تو تارک صوم وصلوٰۃ، حج وزکوٰۃ وغیرہ مسلمان ہی نہیں، حالانکہ وہ سب باتوں پر یقین رکھتا ہے، گو بوجہ غفلت وسستی عمل نہیں کرتا۔

بکر کہتا ہے کہ ایسے شخص کے واسطے خداوند کریم خود فیصلہ کرے گا، ہم تو اس کا ظاہر دیکھ کر فتوی دیں گے۔ مہربانی فرما کر قرآن مجید، سنت نبی معصوم سے فیصلہ ارسال فرمائیں۔ حق تعالیٰ اجر عظیم عطا فرمائیں۔

الجواب حامداً و مصلیاً :

مقلد کے ذمہ ضروری ہے کہ امام نے جو کچھ قرآن وحدیث کا مطلب سمجھا ہے اور اس سے مسائل کا استنباط کیا ہے، اس کو مانے اور ان مسائل پر عمل کرے اور اس کے خلاف قیاس آرائی کرنا اور اٹکل کے تیر چلانا منصب مقلد کے خلاف ہے، خصوصاً جب کہ جمیع علوم شرعیہ میں پوری مہارت نہ رکھتا ہو تو اس کے لئے ہر گز جائز نہیں کہ اپنے امام کے بیان کردہ مسائل میں تردد اور رائے زنی کرے، اسی طرح دلائل دریافت کرنے کا بھی اس کو حق نہیں، بلکہ صرف مسائل معلوم کر کے ان پر عمل کرنا ضروری ہے، نیز مجیب کے ذمے صرف نقل مسائل ضروری ہے، دلائل بیان کرنے کا مکلّف نہیں، اس کے ذمہ دار امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ ہیں کہ انھوں نے یہ مسائل کہاں سے استنباط کئے ہیں اور ہر شخص اس بات کی اہلیت بھی نہیں رکھتا کہ قرآن

وحدیث کا جملہ طرق بیان اور طرز استنباط واستدلال سمجھ سکے۔اس تمہید کے بعد جوابات سنئے:

ایمان کی تعریف میں تقریباً ایک درجن اقوال ہیں، امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک ایمان نام ہے تصدیق قلبی کا اور اقرار باللسان بھی ایمان کے لئے ضروری ہے، کیونکہ قلبی تصدیق کا علم خدا کے سوا اور کسی کو نہیں ہوتا، لہذا اجرائے احکام دنیویہ کے لئے اقرار بھی ضروری ہے(۱) اور اعمال ایمان کا جز نہیں، بلکہ حقیقت ایمان سے اعمال خارج ہیں (۲)۔اور ایمان میں مومَن بہ کے اعتبار سے کمی زیادتی نہیں، بلکہ نفس ایمان میں انسان، جن، ملائکہ سب مساوی ہیں (۳) کیونکہ جس نے توحید ورسالت اور خدا کے جمیع

---

(۱)"(والإيمان هو الإقرار والتصديق) وذهب جمهور المحققين إلى أن الإيمان هو التصديق بالقلب، وإنما الإقرار شرط لإجراء الأحكام في الدنيا؛ لما أن التصديق أمر باطني لا بد له من علامة."(شرح الفقه الأكبر للملا علي القاري،ص: ۸۵، ۸۶، قديمي)

"وذهب جمهور المحققين إلى أنه هو التصديق بالقلب، وإنما الإقرار شرط لإجراء الأحكام في الدنيا؛ لما أن تصديق القلب أمر باطن لا بد له من علامة." (شرح العقائد النسفية للتفتازاني،ص: ۱۲۲، قديمي)

"والإقرار شرط لإجراء أحكام الإسلام في الدنيا."(شرح العقيدة الطحاوية لابن أبي العز،ص: ۳۳۷، قديمي)

(۲)"قال الإمام الأعظم رحمه الله في كتابه "الوصية": ثم العمل غير الإيمان، والإيمان غير العمل بدليل أن كثيراً من الأوقات يرتفع العمل من المؤمن، ولا يجوز أن يقال يرتفع عنه الإيمان". (شرح الفقه الأكبر للملا علي القاري،ص: ۸۹، قديمي)

"إن الأعمال غير داخلة في الإيمان لما مر من أن حقيقة الإيمان هو التصديق." (شرح العقائد النسفية للتفتازاني،ص: ۱۲۴، قديمي)

"إن الأعمال غير داخلة في مسمى الإيمان."(شرح العقيدة الطحاوية لابن أبي العز،ص: ۳۳۳، قديمي)

"وأما كون عطف العمل على الإيمان يقتضي المغايرة، فلا يكون العمل داخلاً في مسمى الإيمان." (شرح العقيدة الطحاوية لابن أبي العز،ص: ۳۴۴، قديمي)

(۳)"(وإيمان أهل السماء): أي من الملائكة وأهل الجنة (والأرض) أي من الأنبياء والأولياء وسائر المؤمنين من الأبرار والفجار (لا يزيد ولا ينقص): أي من جهة المؤمَن به نفسه."(شرح الفقه الأكبر للملا علي القاري،ص: ۸۷، قديمي)

Made searchable using ScribeTools.com

احکام کی دل سے تصدیق کی اور زبان سے اقرار کیا وہ مومن ہے، اس تصدیق اور اقرار میں سب مومن برابر ہیں، کوئی فرق نہیں اور جس نے انکار کیا وہ کافر ہے، اس انکار میں سب مساوی ہیں۔

صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے ایمان میں اس واسطے فرق ہوتا رہتا تھا کہ جس قدر آیات کلام اللہ نازل ہوئیں ان پر ایمان لائے، اس کے بعد اور آیات نازل ہوئیں ان پر ایمان لائے، پہلے ایمان میں کمی تھی، بعد کو زیادتی ہوگئی۔ قرآن کریم میں زیادتی اور کمی جو ایمان کے متعلق مذکور ہے، اس کا یہی مطلب ہے(۱) اور تمام کلام اللہ نازل ہونے کے بعد کمی زیادتی کا احتمال نہیں رہا، البتہ اعمال میں کمی زیادتی ضرور ہوتی ہے اور اس سے ایمان کے ثمرات میں کمی زیادتی ہوتی ہے۔

شریعت بالکل روشن اور واضح ہے، مگر میں پوچھتا ہوں کہ آفتاب اس قدر روشن اور واضح ہے، آپ نے کبھی اس کی طرف دیکھ کر اس کی ماہیت کا ادراک بالبصر کیا ہے؟ ایسے مسائل میں گفتگو کرنا ہر شخص کو مناسب نہیں، پہلے اعلیٰ درجے کا کمال علوم میں حاصل کرے، اس کے بعد مضائقہ نہیں:

"والإيمان هو التصديق بما جاء به من عند الله تعالى، والإقرار به، فالأعمال فهما تتزايد، والإيمان لا يزيد ولا ينقص إلخ"، (عقائد نسفي: ص: ۸۹) (۲)۔

"الإيمان إقرار باللسان وتصديق بالجنان، والشرائع لامن الإيمان. قالت الشافعية: العمل من الإيمان، وعن هذا قالت بزيادة الإيمان ونقصانه، واحتجت بقوله تعالى: ﴿فأما الذين آمنوا فزادتهم إيماناً﴾، إلا أنا نقول: معنى الإيمان ههنا هو التصديق إيماناً: أي تصديقًا، إذا الإيمان لجميع القرآن واجب، والقرآن كان ينزل على النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم آيةً فآيةً، وسورةً فسورةً، وكلما نزلت آية وجب التصديق بها، فمن لم يصدق بآية من القرآن، فقد كفر كما لو لم يصدق لجميع القرآن، فهذا تأويل الآية

---

(۱) "وأما نحو قوله تعالى: ﴿وإذا تليت عليهم آياته زادتهم إيماناً﴾ فمعناه إيقاناً، أو مؤول بأن المراد زيادة الإيمان بزيادة نزول المؤمَن به: أي القرآن." (شرح الفقه الأكبر للملا علي القاري، ص: ۸۸، قديمي)

(۲) (شرح العقائد النسفية للتفتازاني، ص: ۱۱۹، ۱۲۴، قديمي)

علی ما بیّناہ". (شرح فقه أكبر للإمام أبي المنصور الماتريدي،ص: ۱۰)(۱)۔

"إيمان الملائكة وإيمان الإنس والجن لا يزيد ولا ينقص في الدنيا والآخرة من جهة المؤمَن به إلخ". (شرح فقه أكبر، ص: ۳٤، للشيخ أبي المنتهى (۲) (وشرح فقه أكبر، ص: ۱٦٦، لعلي القاري) (۳)(وجوهرة منيفة، ص:٤) (٤) (ومسامرة، ص: ۱۵۳) (۵) وغير ذلك من كتب الكلام، من شاء التفصيل فليرجع إليها۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود حسن گنگوہی عفا اللہ عنہ معین المفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۹/محرم/۵۳ھ۔

صحیح: عبد اللطیف عفا اللہ عنہ مدرسہ مظاہر علوم، ۳۰/۱/۵۳ھ۔

کلمہ طیبہ اور کلمہ شہادت کا ثبوت

سوال [۴]:۱.....ایک شخص خود کو حنفی مذہب بتلاتا ہے، مگر یہ شخص کہتا ہے کہ حدیث شریف میں کلمۂ شہادت آیا ہے، جس کی عبارت یہ ہے :"أن تشهد أن لا إله إلا الله و أن محمداً رسول الله"۔

اور یہ کہتا ہے کہ کلمہ طیبہ قرآن وحدیث میں صرف اتنا آیا ہے: "لا إلـــه إلا الله "، کہتا ہے کہ کلمہ طیب کے "محمد رسول الله "نہیں آیا، کہتا ہے کہ اگر آیا ہے تو مجھے بتاؤ کس جگہ آیا ہے اور کس کی روایت

---

(۱) (شرح الفقه الأكبر لأبي المنصور الماتريدي، مسألة الخلاف في أن العمل من الإيمان أو خارج عنه، ص:۱٦، مطبعة مجلس دائرة المعارف النظامية)

(۲) (شرح الفقه الأكبر للشيخ أبي المنتهى، الإيمان لا يزيد ولا ينقص، ص: ۳۰، مطبعة مجلس دائرة المعارف النظامية)

(۳)(شرح الفقه الأكبر للملا علي القاري، تحت قوله: إيمان أهل السماء والأرض لا يزيد ولا ينقص، ص: ۸۷، قديمي)

(۴) (الجوهرة المنيفة، فصل: المؤمنون مستوون في درجة الإيمان، ص: ۵۵، مطبعة مجلس دائرة المعارف النظامية)

(۵) (المسامرة بشرح المسايرة،ص: ۳۷۱، المكتبة المحمودية التجارية الكبرى)

Made searchable using ScribeTools.com

سے آیا ہے اور کس حدیث میں آیا ہے؟ اور یہ شخص کلمہ طیب میں ''لا إلـه إلا الله'' کے ساتھ ''محمد رسول الله'' ملا کر پڑھنے والے کو بدعتی بتلاتا ہے۔

علماء دین از راہ کرم وشفقت فدیان کو پوری طرح سے یہ تحریر کریں، کہ کلمہ طیب کے ساتھ میں ''محمد رسول الله'' آیا ہے یا نہیں، اگر آیا ہے تو حدیث کتب وراوی معہ صفحہ کے نام سے آگاہ کریں اور نہیں آیا ہے تو فرمادیجئے کہ کلمہ طیب کے ساتھ، ''محمد رسول الله'' کیوں ملایا گیا ہے اور اگر کلمہ شہادت ''أن تشهد أن لا إلـه إلا الله و أن محمداً رسول الله'' کے معنی اور ''لا إلـه إلا الله محمد رسول الله'' کے معنی ایک ہی ہیں تو فرمایا دیجئے کہ ''أن تشهد''، و''أن'' کا لفظ جو حدیث میں آیا ہے وہ کیوں اڑائے گئے؟ کیوں کہ اس شخص نے سخت فتنہ برپا کردیا ہے، اور بستی کے لوگ زمین دار اَن پڑھ بہت چکر میں پڑے ہیں، اب احقر کا خیال ہے کہ علماء دین کی طرف سے جو جواب بموجب شریعت کے عنایت ہوگا، اس شخص کو اور بستی والوں کو پڑھ کر سنادیا جائے اور فتنہ کا خاتمہ ہوجاوے اور یہ شخص یہ کہتا ہے کہ میں کلمہ شہادت پڑھنے سے منع نہیں کرتا، صرف کلمہ طیب میں ''محمد رسول الله'' ملا کر پڑھنے کو منع کرتا ہوں۔

۲.....نیز اس شخص کے پیچھے نماز پڑھنا جائز ہے یا نہیں جس نے کلمہ طیب میں ''محمد رسول الله'' ملانا بند کردیا ہے؟

الجواب حامداً مصلیاً :

۱.....قریب ہی اس سوال کا جواب یہاں سے جاچکا ہے، اب یہ دوبارہ آیا ہے، پہلے صرف مسئلہ دریافت کیا تھا، اب دلیل بھی طلب کی ہے قرآن شریف میں کلمہ طیب کے دونوں جزء علیحدہ علیحدہ مذکور ہیں ''لا إله إلا الله'' سورہ والصافات، پارہ: ''و مالی'' میں مذکور ہے(۱) اور ''محمد رسول الله'' سورہ انا فتحنا پارہ: حم میں ہے(۲)۔ حدیث شریف میں کلمہ طیبہ اور کلمہ شہادت دونوں موجود ہیں، کلمہ طیبہ کا پہلا جز اور کلمہ

---

(۱) قال الله تعالیٰ: ﴿إنهم كانوا إذا قيل لهم لا إله إلا الله يستكبرون﴾ .(الصافات: ۳۵)

اسی طرح سورہ محمد میں بھی ''لا إله إلا الله'' موجود ہے، چنانچہ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿فاعلم أنه لا إله إلا الله و استغفر لذنبک و للمؤمنين و المؤمنات﴾ (سوره محمد ،الآية: ۱۹)

(۲) (الفتح : ۲۹)

Made Searchable by ScribeTools.com

شہادت دونوں موجود ہیں (۱) کلمہ طیبہ کا پہلا جز اور کلمہ شہادت پورا اذان میں پانچوں وقت پڑھا جاتا ہے، حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے لفظ: "أن تشهد "أن" کے ساتھ بھی تعلیم دی ہے اور بغیر اس کے بھی، کسی اور شخص نے تصرف کر کے نہیں اڑایا، التحیات میں توحید ورسالت کی شہادت ہے (۲)۔

حدیث کی کتابوں میں مختلف صیغوں اور طریقوں سے توحید ورسالت کے اقرار کو بیان کیا گیا ہے، ایک حدیث نقل کرتا ہوں جس کے راوی حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما ہیں: "مکتوب علی العرش: لا إله إلا الله محمد رسول الله، لا أعذب من قالها"۔ اسمعيل بن الغافر الفارسی فی الأربعين عن ابن عباس رضی الله تعالیٰ عنهما"۔ (کنز العمال: ۱/ ۱۵) (۳)۔

چار صفحات میں اس موقع پر کلمہ طیبہ اور کلمہ شہادت کے طریقے اور صیغے لکھے ہیں، جس کا دل چاہے مطالعہ کرے۔

۲..... غالباً یہ شخص ناواقفیت سے ایسا کہتا ہے، اس کو نرمی سے سمجھا دیا جائے اور مسئلہ بتا دیا جائے،

---

(۱) "عن أنس رضی الله تعالیٰ عنه عن النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قال: "یخرج من النار من قال: لاإله إلا الله و فی قلبه وزن شعیرة من خیر، و یخرج من النار من قال: لا إله إلا الله وفی قلبه و زن برة من خیر و یخرج من النار من قال: لا إله إلا الله وفی قلبه وزن ذرة من خیر". (صحیح البخاری، کتاب الإیمان باب زیادة الإیمان و نقصانه: ۱/ ۱۱، قدیمی)

"بنی الإسلام علی خمس: شهادة أن لا إله إلا الله وأن محمداً رسول الله الخ". (صحیح البخاری، کتاب الإیمان، باب قول النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "بني الإسلام علی خمس": ۱/ ۶، قدیمی)

"قال رسول الله ﷺ: "أمرت أن أقاتل الناس حتی یشهدوا أن لا إله إلا الله وأن محمداً رسول الله .....الخ". (صحیح البخاری، کتاب الإیمان، باب: (فإن تابوا و أقاموا الصلاة واتوا الزکاة فخلوا سبیلهم): ۱/ ۸، قدیمی)

(۲) "التحیات لله والصلوات والطیبات، السلام علیک أیها النبی و رحمة الله و برکاته، السلام علینا و علی عباد الله الصالحین ..... أشهد أن لا إله إلا الله و أشهد أن محمداً عبده و رسوله الخ". (مشکوة المصابیح، کتاب الصلاة، باب التشهد: ۱/ ۸۵، قدیمی)

(۳) (کنز العمال: ۱/ ۵۷، مکتبه التراث الإسلامی حلب)

Made searchable using ScribeTools.com

یا کسی عالم کے ذریعہ سے زبانی سمجھادیا جائے ، فتنہ پیدا کرنا سخت گناہ ہے، قرآن شریف میں آیا ہے: ﴿والفتنة أشد من القتل﴾ (۱) اس سے بچنا لازم ہے اور اس شخص کو توبہ لازم ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مظاہر علوم سہارنپور، ۶/ ذیقعدہ/ ۵۷ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ۔ صحیح: عبداللطیف، ۶/ ذیقعدہ/ ۵۷ھ۔

جملہ خبریہ کی تعریف اور کلمہ توحید

سوال[۵]: جملہ اسمیہ خبریہ وفعلیہ وہ ہوتا ہے کہ جس کے قائل کو صادق وکاذب کہہ سکیں تو: ''لا إلـه إلا الله محمد رسول الله" (صلى الله تعالىٰ عليه وسلم) میں بھی یہ گمان ہوسکتا ہے اور غیر مسلم کہہ سکتا ہے کہ "لا إله إلا الله" تا آخر کو بھی صادق وکاذب کہہ سکتے ہیں۔ ۲۱ شعبان ۵۶ھ۔

الجواب حامداً مصلیاً:

جہاں یہ تعریف کی جاتی ہے وہاں یہ قید بھی شراح بیان کرتے ہیں کہ وہ خصوصیت طرفین اور دلائل خارجیہ سے خالی ہو، اگر دلائل سے ایک جانب متعین ہوجائے جیسے: ''السماء فوقنا و الأرض تحتنا" یہ جملے خبریہ ہیں کیوں کہ دلائل کے ساتھ ایک جانب صدق متعین ہوگئی، دوسری جانب کا احتمال نہیں رہا۔

جملہ خبریہ کی تعریف درحقیقت انشاء سے ممتاز کرنے کے لئے ہے کہ اس میں (نہ) صدق کا احتمال ہے اور نہ کذب کا، کیونکہ وہاں حکایت نہیں ہوتی اور یہاں حکایت ہوتی ہے اور حکایت میں دونوں احتمال ہوتے ہیں، محکی عنہ کے ساتھ مطابق ہو یا غیر مطابق، اول صادق ہے، ثانی کاذب، جس طرح دلائل سے کذب متعین ہوتا ہے اسی طرح صدق بھی دلائل سے متعین ہوتا ہے اور کذب کا احتمال نہیں رہتا، لیکن اس سے جملہ خبریہ ہونے سے نہیں نکلتا، کیونکہ خبر کا مدار حکایت پر ہے اور اس میں دو احتمال ہیں اور کسی ایک احتمال کے تعیین سے حکایت باطل نہیں ہوتی، بس خبر برقرار رہے گی (۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

---

(۱) (البقرة: ۱۹۱)

(۲)" والمركب التام إما أن يحتمل الصدق والكذب، فهو الخبر والقضية، أو لا يحتمل فهو الإنشاء ، فإن قيل: الخبر إما أن يكون مطابقاً للواقع أولا، فإن كان مطابقاً للواقع لم يحتمل الكذب، وإن لم يكن مطابقاً لم يحتمل =

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۷/ ۸/ ۵۶ھ۔
الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ۔ صحیح: عبداللطیف ناظم مدرسہ مظاہر علوم، ۴/ رمضان/ ۵۶ھ۔

توحید کی تشریح

سوال [۶]: توحید ایک ہے یا دو ہے؟ ایک ہے تو کیوں اور دو ہے تو کس لئے؟ اور احمد رضا خان نے جو توحید بتلائی ہے تو کس طرح بتلایا؟ مفصل جوابات سے مطلع فرمائیں

الجواب حامداً مصلیاً:

توحید کے معنیٰ ہیں: خدائے پاک کو ذات وصفات اور افعال کے اعتبار سے یکتا ماننا، اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ سمجھنا (۱)۔ اور احمد رضا خان صاحب نے توحید کس لئے بتائی اور کہاں بتائی، اس کی تفصیل

= الصدق، فلا خبر داخل فی الحد؟ فقد یجاب عنه: بأن المراد بالواو الواصلة أو الفاصلة بمعنی أن الخبر هو الذی یحتمل الصدق أو الکذب، فکل خبر صادق یحتمل الصدق و کل خبر کاذب یحتمل الکذب، فجمیع الأخبار داخلة فی الحد، وهذاالجواب غیرمرضي، لأن الاحتمال لا معنی له حینئذ، بل یجب أن یقال: الخبر ما صدق أو کذب، والحق فی الجواب أن المراد احتمال الصدق والکذب بمجرد النظر إلی مفهوم الخبر، ولا شک أن قولنا: السماء فوقنا إذا جرّدنا النظر إلی مفهوم اللفظ ولم نعتبر الخارج احتمل عند العقل الکذب، وقولنا: اجتماع النقیضین موجود یحتمل الصدق بمجرد النظرإلی مفهومه، فمحصل التقسیم أن المرکب التام إن احتمل الصدق والکذب بحسب مفهومه فهو الخبر و إلا فهو الإنشاء". (القطبی، ص: ۷۳، ۷۴، رشیدیه)

"فصل المرکب التام ضربان: یقال لأحدهما: الخبر والقضیة، و هو ما قصد به الحکایة و یحتمل الصدق والکذب، و یقال لقائله: إنه صادق فیه أو کاذب نحو: السماء فوقنا والعالم حادث، فإن قیل: قولنا: لا إله الا الله قضیة و خبر، مع أنه لا یحتمل الکذب؟ قلت: مجرد اللفظ یحتمله وإن کان بالنظر إلی خصوصیة الحاشیتین غیرمحتمل للکذب". (مرقاة المفاتیح، ص: ۱۳، ۱۴، قدیمی)

(۱) "و قال أبوقاسم التمیمی في "کتاب الحجة": التوحید مصدر وحّد یوحّد، و معنی وحدتُ الله اعتقدته منفرداً بذاته و صفاته، لا نظیر له و لا شبیه، وقیل: معنی وحّدته علمته واحداً، و قیل: سلبت عنه الکیفیة والکمیة، فهو واحد فی ذاته لا انقسام له، و في صفاته لا شبیه له في إلهیته، و ملکه، و تدبره، لا شریک له، و لارَبّ سواه، و لا خالق غیره". (فتح الباری، کتاب التوحید: ۱۳/ ۳۴۴، ۳۴۵، دار المعرفة) =

Made searchable using ScribeTools.com

سامنے ہو، تو اس کے متعلق تحریر کیا جائے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ۔

مسلمان ہونے کے لئے کلمہ شہادت کی ضرورت

سوال [۷]: (الف) کلمہ پڑھنا تو مسلمان ہونے کے لئے ضروری ہے تو پھر صرف شہادتین ہی کافی ہے، یا شش کلمہ؟ شش کلمہ پڑھنا کیسا ہے؟

(ب) اس وقت مسلمان نسلی ہیں، کتنے ہی ایسے مسلمان ہیں جنہوں نے کبھی کلمہ نہیں پڑھا ہے، بقیہ ارکان میں قصور نہیں کرتے ہیں، تو کیا عدم کلمہ خوانی کی وجہ سے ان کے بقیہ اعمال پر کوئی اثر پڑے گا؟ اور کچھ ایسے ہیں کہ مسلمان تو ہیں، لیکن نہ تو انہوں نے کلمہ پڑھا، نہ تو رکن خمسہ میں سے کسی کی ادائیگی کرتے ہیں، تو کیا ان کے مسلمان ہونے میں کوئی نقص ہے؟

الجواب حامداً مصلیاً:

(الف) نفس ایمان تو کلمۂ شہادت کی تصدیق واقرار سے حاصل وثابت ہو ہی جائے

= "ثم الإمام الأعظم أوضح معنى التوحيد بظهور المرام حيث قال: (والله تعالىٰ واحد): أي في ذاته (لا من طريق العدد): أي حتى لا يتوهم أن يكون بعده أحد (و لكن من طريق أنه لا شريک له): أي في نعته السرمدي لا في ذاته، و لا في صفاته، و لا نظير له، و لا شبيه له. كما سيأتي في كلامه النبيه تنبيه على هذا التنزيه، و كأنه استفاد هذا المعنى من سورة الإخلاص على صورة الاختصاص: ﴿قل هو الله أحد﴾: أي متوحد في ذاته، منفرد بصفاته ﴿الله الصمد﴾: أي المستغنى عن كل أحد والمحتاج إليه كلُّ أحد ﴿لم يلد و لم يولد﴾: أى ليس بمحل الحوادث و لا بحادث ﴿و لم يكن له كفواً أحد﴾: أى ليس له أحد مماثلاً و مجانساً و مشابهاً". (شرح الفقه الأكبر للملا علي القاري، ص: ۱۴۴، قديمى)

"هو إثبات حقيقة ذات الرب تعالىٰ و صفاته و أفعاله وأسمائه، ليس كمثله شيء في ذلک كله، كما أخبربه عن نفسه، و كما أخبر رسوله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم". (شرح العقيدة الطحاوية لابن أبي العز، أنواع التوحيد الذي دعت إليه الرسل، ص: ۸۹، قديمى)

گا (۱)، البتہ اس کے درجات بہت ہیں، ایک درجہ شش کلمات سے حاصل ہوتا ہے، ان کو نہ پڑھنا، نہ سیکھنا بڑی محرومی ہے (۲)۔

(ب) شہادتین کی تصدیق حاصل ہونے کے بعد ارکان کی ادائیگی جب صحیح طور پر ہو تو اس کو غلط یا ناقص نہیں کہا جائے گا، البتہ ایمان کی پختگی وتجدید کے لئے کلمہ پڑھتے رہنا لازم ہے (۳) اور یہ افضل الذکر ہے۔ کما ورد فی الحدیث (۴)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۱۱/ ۶/ ۹۳ھ۔

مسلمان ہونے والے کو فوراً مسلمان کرنا چاہئے

سوال [۸]: چند احباب امام مسجد کی خدمت میں حاضر ہوئے اور کہا کہ ایک نوجوان مسلمان ہونا چاہتا ہے، آپ کلمہ پڑھا دیں، یعنی مسلمان بنائیں امام صاحب نے جواباً کہا کہ اس وقت ضروری کام میں لگا ہوا ہوں، فلاں صاحب اثر ورسوخ حاجی صاحب بھی تشریف فرما ہیں، اس لئے آپ حضرات کسی اور امام کے پاس جائیں، اس بات پر ایک صاحب کا کہنا ہے کہ اگر یہ شخص ایمان لانے سے قبل راستے میں مرجاتا تو

---

(۱) "(والإيمان هو الإقرار والتصديق) و ذهب جمهور المحققين إلى أن الإيمان هو التصديق بالقلب، وإنما الإقرار شرط لإجراء الأحكام في الدنيا، لما أن تصديق القلب أمر باطني لا بد له من علامة". (شرح الفقه الأكبر للملا علي القاري، ص: ۸۵، ۸۶، قديمي)

(۲) چنانچہ ان کلمات کے بارے میں مفتی عزیز الرحمٰن صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ لکھتے ہیں: "ان تمام کلمات کو پڑھنا اور سیکھنا ضروری نہیں، البتہ ان کا پڑھنا اور سیکھنا ثواب سے خالی نہیں، اس سے کیا کم کہ ان کا پڑھنا ذکر میں داخل ہے اور ذکر کا ثواب اور فضیلت قرآن وحدیث میں منصوص ہے، نیز بعض کلمات کی فضیلت وتعلیم خود احادیث میں وارد ہے"۔ (فتاوی دارالعلوم دیوبند یعنی عزیز الفتاوی، ص: ۹۶، دارالاشاعت)

(۳) و في رواية كنز العمال: "جددوا إيمانكم، أكثروا من قول لا إله إلا الله". (كنز العمال: ۱/ ۴۱۶، مكتبه إحياء التراث الإسلامي)

(۴) و في رواية جابر بن عبد الله رضي الله تعالىٰ عنه يقول: "سمعت رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يقول: "أفضل الذكر لا إله إلا الله وأفضل الدعا الحمد لله". (جامع الترمذي، أبواب الدعوات، باب ما جاء أن دعوة المسلم مستجابة، ۲/ ۱۷۶، سعيد)

Made Se[illegible]ools.com Made searchable using ScribeTools.com

امام صاحب ذمہ دار ہوتے۔ امام صاحب سے بہت بڑا گناہ صادر ہوا کہ ایک غیر مسلم کو ایمان سے مشرف نہ کیا، ایسی زبردست غلطی نہ کرنا چاہئے تھی، امام صاحب کو توبہ کرنا چاہئے، کیا ان صاحب کا کہنا درست ہے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

ایک شخص کفر چھوڑ کر اسلام قبول کرنا چاہتا ہے، واقعی اس کو فوراً مسلمان کرنا چاہئے اور کفر سے توبہ کرادی جائے، اس میں تاخیر کرنا، یا کسی اور کے پاس بھیجنا نہایت غلط طریقہ ہے، فقہاء نے ایسے شخص پر بہت سخت حکم لگایا ہے (۱)، مگر جس طرح اس جرم کے مرتکب امام صاحب ہیں، اسی طرح وہ لوگ بھی مرتکب ہیں، جو اس شخص کو امام صاحب کے پاس لائے اور انھوں نے خود مسلمان نہیں کیا، چونکہ امام صاحب کے پاس لانے تک درمیان میں وہ شخص مرجاتا تو ذمہ دار کون ہوتا؟ ظاہر ہے کہ وہی لوگ ہوتے جنھوں نے خود مسلمان نہیں کیا، بلکہ امام صاحب کے پاس لا رہے تھے، اس لئے تنہا امام صاحب کو مجرم قرار دینا غلط ہے۔ پس امام صاحب بھی توبہ کریں اور وہ لوگ بھی توبہ کریں جو امام صاحب کے پاس لا رہے تھے اور انھوں نے خود مسلمان نہیں کیا تھا۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

املاہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند ۱۴/ ۸/ ۱۳۹۹ھ۔

غیر مسلم کس طرح مسلمان ہوتا ہے؟

سوال [۹]: عرض ہے کہ آج سے ڈیڑھ سال قبل مجھے عجیب سا جلوہ ونور دیکھائی دیا، یعنی میں ایک ہندو مذہب سے تعلق رکھتا ہوں، لیکن میرے جتنے بھی دوست ہیں وہ سب مسلم ہیں، میرے ان لوگوں

---

(۱) "نصرانی أتی مسلماً فقال: اعرض علیّ الإسلام حتی أسلم عندک، فقال: إذهب إلی فلان العالم حتی یعرض علیک الإسلام فتسلم عنده، اختلفوا فیه، قال أبو جعفر رحمه الله تعالیٰ: لایصیر کافراً کذافی فتاوی قاضیخان." (الفتاوی العالمکیریة، کتاب السیر، الباب التاسع فی أحکام المرتدین: ۲/ ۲۵۸، رشیدیه)

"وفی الخلاصة: کافرقال لمسلم: أعرض علیّ الإسلام، فقال: اذهب إلی فلان العالم، کفر؛ لأنه رضی ببقائه فی الکفر إلی حین ملازمة العالم ولقائه، أولجهله بتحقیق الإیمان لمجرد إقراره بکلمتی الشهادة، فإن الإیمان الإجمالی صحیح إجماعاً." (شرح الفقه الأکبر للملاعلی القاری، ص: ۱۷۷، قدیمی)

کے ساتھ رہنے اوران لوگوں کووقت پرنماز ادا کرتے ہوئے دیکھ کردل میں بھی ایک خواہش پیدا ہوئی کہ کاش اگر میں بھی مسلمان ہوتا تو آج اللہ تعالیٰ کی اس طرح عبادت کرتا۔ پس مولوی صاحب! اس ہی رات میں مجھے خواب میں ایک نورسا نظر آیا، خدا کا اور مجھے ایسا محسوس ہوا کہ میں بھی مسلم ہوں، اذان کا وقت ہورہا ہے، میں بھی اَوروں کی طرح وضوکر کے نماز کے لئے کھڑا ہوں اور سجدہ کررہا ہوں اللہ تعالیٰ کے حضور میں۔ پس اس کے بعد ہی میری آنکھ کھل گئی، پھر بس مولوی صاحب! اسی دن سے (یعنی وہ جمعہ کا دن تھا میں نے پائی وغیرہ تھا پور درگاہ یوسفین نام تو آپ نے سنے ہوں گے) گیا اور وہاں دوسرے مسلم بھائیوں کے ساتھ کھڑے ہوکر نماز ادا کی۔

پس جب سے ہی میں نماز کا سلسلہ جاری رکھے ہوئے ہوں اور خدا کے فضل سے میری نماز جمعہ بہت کم ناغہ ہوتی ہے، وہ ناغہ مجبوری کے تحت ہوتی ہے اور وہ مجبوری یہ ہے جس کی بناء پر میں نماز سے محروم رہتا ہوں، میں اسی درگاہ یوسفین میں نماز پڑھ رہا تھا، اتنے میں میرے کالج کے دوست بھی وہاں نماز پڑھنے آئے اور بعد نماز میرا مذاق اڑانا شروع کیا، بعض نے تو مبارکباد دی اور کہا کہ اگر اتنا ہی نماز کا شوق ہے تو اشتہار کیوں نہیں چھپاتے، خیر میں مسلمان ہوگیا ہوں، لیکن مولوی صاحب! میں ایسا نہیں کرسکتا، کیونکہ میرے بھائی وبہن ہیں، جو شادی کے قریب ہیں، میرے ایسا کرنے سے ان سب کی بدنامی ہوگی اور ان لوگوں کی شادی نہیں ہوگی اور دوسری مجبوری یہ ہے کہ میں ابھی پڑھ رہا ہوں، اگر میں نے دوستوں کے کہنے سے ایسا عمل کیا، یعنی مسلمان ہوگیا تو میں بے گھر ہوجاؤں گا اور میری تعلیم ادھوری ہی رہ جائے گی، آج کل کا کیا حال ہے، بس ایک بار ایسے ہی میرے گھر والوں کو معلوم ہوگیا کہ میں نماز پڑھتا ہوں تو وہ لوگ مجھے بہت ڈانٹے اور اب بہت سختی کرتے ہیں، لیکن مولوی صاحب! میرا پختہ ارادہ ہے کہ میں خدا کے راستہ سے نہیں ہٹوں گا، میں نے گھر بھی چھوڑنے کی ٹھان لی ہے، لیکن یہ میرا آخری سال ہے، تعلیم کے اعتبار سے اس لئے گزار رہا ہوں۔

بس اب آپ سے گزارش ہے کہ آپ مجھے فتویٰ عطا فرمائیں کہ میں آپ کی سرپرستی میں مسلمان ہوگیا ہوں، بلکہ میں آپ پر کسی قسم کی آنچ نہیں آنے دوں گا بس آپ مجھ پر بھروسہ کر کے فتویٰ دیجئے جو کہ مجھ کو گھر چھوڑنے کے بعد بہت کام آئے گا۔

Made searchable using ScribeTools.com

اس فتویٰ مانگنے کی چندوجوہات یہ ہیں: میں اکثر جب کبھی نماز پڑھنے مسجد میں جاتا ہوں تو میرے دوست ملتے اور کہتے ہیں کہ اگر تم مسلمان ہوگئے ہوتو کسی بڑے عالم کے پاس سے فتویٰ کیوں نہیں لیتے، جو تمہیں بہت کام آئے گا؟ بعض لوگ جب میں نماز کو گیا، یہاں تک کہتے کہ نہ جانے کہاں سے گندے گندے لوگ آ کر ہماری مسجد کو ناپاک کردیتے ہیں، جاؤ جاؤ یہاں سے۔ اس لئے میں آپ سے فتویٰ مانگتا ہوں، قسم کھا کر کہتا ہوں کہ میں اسلام قبول کرتا ہوں، مجھے اسلام میں شامل کرلیجئے۔

الجواب حامداً مصلیاً :

آدمی مسلمان کسی کے کرنے سے نہیں ہوا کرتا، بلکہ جب وہ اپنے خیالات (عقائد) اللہ و رسول کے حکم کے مطابق وموافق کرے اور غلط خیالات وعقائد کو دل سے نکالدے تو وہ مسلمان ہوجاتا ہے، پھر آہستہ آہستہ دین سیکھتا رہے۔ ''دین اسلام'' کوئی ایسی برادری نہیں کہ جب برادری والے چاہیں اس کو داخل کرلیں، جب چاہیں خارج کردیں، اگر آپ نے خدا کو ایک مان لیا، ہر قسم کے شرک سے توبہ کرلی اور اس کے بھیجے ہوئے رسولوں کو مان لیا اور اس کی اتاری ہوئی کتابوں کو مان لیا اور مرنے کے بعد زندہ ہونے کو تسلیم کرلیا اور تقدیر پر یقین کرلیا تو آپ یقیناً مسلمان ہیں (۱)، کسی اشتہار کی ضرورت نہیں، نہ آپ کے ذمہ لازم ہے کہ کسی کو یقین دلانے کے لئے اشتہار شائع کریں، اللہ پاک کے لئے آپ نے اسلام قبول کیا ہے، تو اس کو خود ہی معلوم ہے اور یہی ذریعۂ نجات ہے۔ جو لوگ کسی مسلمان کو خواہ وہ قدیم ہو، یا جدید، نماز کے لئے مسجد میں آنے سے روکتے ہیں اور اس پر نازیبا فقرے کستے ہیں، وہ بہت غلط کام کرتے ہیں (۲) اس کا انجام خراب ہے، ان کو باز آنا چاہئے۔

جب آپ نے اللہ کی خاطر اپنے آپ کو ہمیشہ ہمیشہ کے لئے دوزخ کے عذاب سے بچانے کے لئے دین اسلام قبول کیا ہے، تو اس کے نتیجہ میں قوم میں رسوائی، یا گھر چھوٹنا، یا خاندان کے آدمیوں کی

---

(۱) و فی حدیث جبرئیل :" قال: فأخبرنی عن الإیمان؟ قال: "أن تؤمن باللہ ،و ملائکته، و کتبه، و رسله، والیوم الأخر، و تؤمن بالقدر خیره و شره ..... الخ". (مشکوة المصابیح، کتاب الإیمان : ۱/ ۱۱، قدیمی) (والصحیح لمسلم، کتاب الإیمان : ۱/ ۲۷، قدیمی)

(۲) قال اللہ تعالیٰ :﴿و من أظلم ممن منع مساجد اللہ أن یذکرفیها اسمه، و سعیٰ فی خرابها، أولئک ما کان لهم أن یدخلوها إلا خائفین لهم فی الدنیا خزی، و لهم فی الآخرة عذاب عظیم﴾. (البقرة: ۱۱۴)

آپ کی وجہ سے شادی میں رکاوٹ پیدا ہونا وغیرہ وغیرہ معمولی چیزیں ہیں، ہرگز قابل توجہ نہیں تعلیم ادھوری رہ جانے کی فکر بھی کوئی اہمیت نہیں رکھتی۔ اگر آپ نے اپنے خاندان والوں کو اپنے مسلمان ہونے کی اطلاع نہ کی اور آپ کا انتقال ہوگیا تو وہ آپ کو اس دنیا ہی میں نذر آتش کردیں گے، انتقال کی تاریخ کسی کو معلوم نہیں، کب ہوگا، تعلیم پوری ہونے پر ہوگا، یا بھائی بہن کی شادی ہونے پر ہوگا، یا اس سے پہلے بھی ہوجائے گا۔

خدائے پاک آپ کی پوری حفاظت کرے اور آپ کو صراطِ مستقیم پر چلائے اور حق پر قائم رکھے اور ہر قسم کے شر وفتنہ سے بچائے۔ آمین! فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند۔

نومسلم کب تک نومسلم رہے گا؟

سوال[۱۰]: ایک نومسلم کتنے سال تک نومسلم کہلایا جائے گا؟

الجواب حامداً مصلیاً:

نومسلم کا مطلب یہ ہے کہ وہ خود اسلام لایا ہے، مسلمان کی نسل سے پیدا نہیں ہوا، اس معنی کے اعتبار سے وہ ساری عمر نومسلم ہی رہے گا اور یہ کوئی عیب نہیں۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۱۷/۳/۹۱ھ۔

صفت احدیت

سوال[۱۱]: اللّٰہ واحد فی ذاتہ، وصفاتہ، و أفعالہ، وسائر حقوق ربو بیتہ؟

الجوب حامداً مصلیاً:

ھذا ھو الحق(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۱۴/۱۱/۸۸ھ۔

---

(۱) "(و لا شیء مثلہ) اتفق أھل السنۃ علی أن اللہ لیس کمثلہ شیء، لا في ذاتہ، و لافي صفاتہ، و لا فی =

Made searchable using ScribeTools.com

قدرت

سوال[۱۲]:القدرة على الخير والشر فوق الأسباب بمجرد تعلق الإرادة به كلها هوالله واحد، و القائل بذلك لغيره تعالىٰ نبياً كان أووليا أو ملكاً مقرباً، مشرك بالله فى صفة القدرةأم لا؟

الجواب حامداً و مصلياً:

هذه الصفة مختصة بالله تعالى، لاشريك له فيها أحد(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۱۴/۱۱/۸۸ھ۔

ضروریات دین کی تفصیل

سوال[۱۳]: ضروریات دین کتنی چیزوں کو کہتے ہیں؟

= أفعاله". (شرح العقيدة الطحاوية لابن أبي العز، معنى قوله: و لا شيء مثله، ص: ۹۸، قديمى)

"واعلموا أن خالق العالم واحد لا شريک له، فرد لا ثانى له. و معنى الوحدانية فى صفات الله تعالىٰ أنه يستحيل عليه التجزئة والتبعيض و هماً أو تقديراً، وأنه منفرد فى صفاته و ذاته عن مشابهة الخلق، وأنه منفرد بانتساب الحوادث إليه من حيث إحداثها واختراعها". (الكوكب الأزهر شرح الفقه الأكبر، ص: ۱۱، المكتبة التجارية مكة)

"والوحدانية صفة سلبية تقال على ثلاثة أنواع: الأول: الوحدة فى الذات، والمراد بها انتفاء الكثرة عن ذاته تعالىٰ بمعنى عدم قبولها الانقسام. والثاني: الوحدة فى الصفات، والمراد بها انتفاء النظير له تعالىٰ في كل صفة من صفاته، فيمتنع أن يكون له تعالىٰ علوم و قدرات متكثرة بحسب المعلومات والمقدورات، بل علمه تعالىٰ واحد و معلوماته كثيرة، و قدرته واحدة و مقدوراته كثيرة، و على هذا جميع صفاته. والثالث: الوحدة في الأفعال، والمراد بها إنفراده تعالىٰ بإختراع جميع الكائنات عموماً، وامتناع إسناد التأثير لغيره تعالىٰ في شيء من الممكنات أصلاً". (شرح العقيدة الطحاوية للميدانى، ص: ۴۷، ۴۸، دارالفكر)

(۱) "اعلم أنه ليس فى العالم أحد يثبت لله شريكاً يساويه فى الوجود والقدرة والعلم والحكمة، و هذا مما لم يوجد إلى الآن". (التفسير الكبير، [البقرة: ۲۲]: ۲/۱۱۲، دارالكتب العلمية طهران)

"قال المصنف أبو حنيفة رضى الله تعالىٰ عنه: "(نقر بأن تقدير الخير و الشر كله من الله تعالىٰ، لأنه لو زعم أن تقدير الخير والشر من غيره، لصار كافراًبالله تعالىٰ و بطل توحيده". (الجوهرة المنيفة فى شرح =

Made Searchable by ScribeTools.com

الجواب حامداً و مصلیاً:

ضروریاتِ دین ان چیزوں کو کہتے ہیں جن کا حضرت رسول مقبول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دین سے ہونا قطعی اور یقینی ہو اور حد تواتر و شہرت عام تک پہونچ چکا ہو، حتی کہ عوام بھی جانتے ہوں کہ یہ چیزیں نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دین سے ہیں جیسے توحید، رسالت، ختم نبوت، حیات بعد الموت، سزا و جزاء اعمال، نماز، زکوٰۃ کی فرضیت، شراب اور سود کی حرمت، کذا فی إکفار الملحدین (۱)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۳/ ۱۱/ ۸۹ھ۔

ایمان بالرسول اجمالاً کافی ہے یا اوصاف کے ساتھ؟

سوال [۱۴]: ایمان بالرسول ضروریاتِ دین میں شامل ہے، یا نہیں؟ اور صرف اتنا ایمان لانا کافی ہے کہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں یا ان اوصاف کے ساتھ جن کے کہ حضور اکرم صلی

= وصية الإمام الأعظم أبي حنيفة ،ص: ۵۸، مطبعة مجلس دائرة المعارف النظامية)

"فعن ابن عباس رضی الله تعالیٰ عنهما أنه قال: القدر نظام التوحيد ، فمن وحّد الله و كذب بالقدر، نقض تكذيبه توحيده". (شرح العقيدة الطحاوية لابن أبي العز،ص: ۲۷۳، قديمی)

(۱) "والمراد "بالضروريات" على ما اشتهر في الكتب: ما علم كونه من دين محمد صلى الله تعالىٰ عليه وسلم بالضرورة ، بأن تواتر عنه و استفاض، و علمته العامة، كالوحدانية والنبوة، و ختمها بخاتم الأنبياء، و انقطاعها بعده، و هذا مما شهد الله به في كتابه ، و شهدت به الكتب السابقة، و شهد به نبينا صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ، و شهد به الأموات أيضاً ، كزيد بن خارجة الذي تكلم بعد الموت، ..... و كالبعث والجزاء، و وجوب الصلاة والزكاة ، و حرمة الخمر ونحوها". (إكفار الملحدين،ص : ۲، ۳، لأنور شاه صاحب الكشميری رحمه الله تعالیٰ من "مجموعة رسائل الكشميری" الجلد الثالث إدارة القرآن)

"(وركنها إجراء كلمة الكفر على اللسان بعد الإيمان) وهو تصديق محمد صلى الله تعالیٰ عليه وسلم في جميع ماجاء به عن الله تعالیٰ مما علم مجيئه ضرورةً". قال في رد المحتار: "وإذعانه لما علم بالضرورة أنه من دين محمد صلى الله تعالیٰ عليه وسلم، بحيث تعلمه العامة من غير افتقار إلى نظر و استدلال كالوحدانية، والنبوة، والبعث، والجزاء، ووجوب الصلوة، والزكاة، وحرمة الخمر، و نحوها". (رد المحتار :۴/ ۲۲۱، باب المرتد ، سعيد)

Made searchable using ScribeTools.com

اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مستحق ہیں، ایمان رکھنا ضروریات میں سے ہے؟

الجواب حامداً مصلیاً :

ایمان بالرسول ایسا ضروریات دین میں سے ہے کہ بغیر اس کے آدمی مومن کہلانے کا مستحق نہیں، ساتھ ہی خصوصیاتِ قطعیہ مثلاً: خاتم النبیین وغیرہ کا ماننا بھی ضروری ہے(۱)۔فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند۔

قرآن پر ایمان کا مطلب

سوال[۱۵] : جب قرآن شریف پر میرا ایمان ہے تو پھر پورے قرآن مجید کو مکمل یا جزوی طور سے انکار کرنے سے، یا قرآن شریف کے جزوی حصے کو مکمل طور سے، یا جزوی طور سے انکار کرنے پر کیا فتویٰ ہوگا؟ خواہ وہ انکار زبان سے ہو، یا دیگر اعضاء سے؟

الجواب حامداً مصلیاً :

قرآن پاک کی مکمل طور پر تصدیق لازم ہے، اگر پورے قرآن یا اس کے کسی جزء (آیت) کے متعلق یہ عقیدہ ہو کہ یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے نازل شدہ نہیں ہے تو ایمان باقی نہیں رہے گا(۲) اور اگر عملی

---

(۱) "فالتحقيق أن الإيمان هو تصديق النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم بالقلب في جميع ما علم بالضرورة مجيئه به من عند الله إجمالاً، وأنه كاف في الخروج عن عهدة الإيمان، و لا تنحط درجته عن الإيمان التفصيلي، كذا في شرح العقائد، إلا أن الأولى أن يقال: إجمالاً إن لوحظ إجمالاً ، و تفصيلاً إن لوحظ تفصيلاً". (شرح الفقه الأكبر للملا علي القاري ،ص: ۸۲، قديمي)

(وكذا في شرح العقائد النسفية للتفتازاني ،ص: ۱۲۰ ، قديمي)

"و أما الإيمان بسيدنا عليه الصلاة والسلام، فيجب بأنه رسولنا في الحال و خاتم الأنبياء والرسل ، فإذا آمن بأنه رسول، و لم يؤمن بأنه خاتم الرسل لا ينسخ دينه إلى يوم القيامة، لا يكون مؤمناً". (الفتاوى البزازية، كتاب ألفاظ تكون إسلاماً أو كفراً أو خطأً، النوع الثالث في الأنبياء: ۳۲۷/۵، رشيديه)

(۲) قال الله تعالىٰ: ﴿ يآ أيها الذين امنوا امنوا بالله ورسوله، والكتاب الذي نزّل على رسوله، والكتاب =

کوتاہی ہوگی تو اس سے کفر کا حکم نہیں ہوگا (۱)، نفس ایمان اس سے مضمحل اور کمزور تو ہوجاتا ہے، مگر تصدیق قلبی جب تک باقی ہے، ختم نہیں ہوتا (۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

فطرت پر ہونے کی تشریح

سوال[۱۱۶]: فطرت دین کے کیا معنی ہیں؟

= الذي أنزل من قبل، و من يكفر بالله و ملائكته و كتبه و رسله و اليوم الآخر، فقد ضل ضلالاً بعيداً﴾ (النساء: ۱۳۶)

و في الحديث: "قال: فأخبرني عن الإيمان؟ قال: "أن تؤمن بالله و ملائكته و كتبه و رسله واليوم الآخر و تؤمن بالقدر خيره و شره ..... الخ". (مشكوة المصابيح، كتاب الإيمان: ۱/۱۱، قديمي)

"إذا أنكر الرجل آيةً من القرآن أو تسخر بآية من القرآن، و في الخزانة: أو عاب كفر". (الفتاوى العالمكيرية، كتاب السير، الباب التاسع في أحكام المرتدين، مطلب: موجبات الكفر أنواع، و منها ما يتعلق بالقرآن: ۲/۲۶۶، رشيديه)

(وكذا في شرح الفقه الأكبر لملا على القاري، فصل في القرآءة والصلوة، ص: ۱۶۷، قديمي)

(۱) "و أما العمل بالأركان، فهو من كمال الإيمان و جمال الإحسان عند أهل السنة والجماعة". (شرح الفقه الأكبر للملا على القاري، ص: ۷۴، قديمي)

"لا على من ذهب إلى أنها ركن من الإيمان الكامل بحيث لا يخرج تاركها عن حقيقة الإيمان". (شرح العقائد النسفية للتفتازاني، ص: ۱۲۵، قديمي)

"و العمل مغاير له لا يشمله اسم الإيمان عند إفراده بالذكر، وإن أطلق عليهما كان مجازاً". (شرح العقيدة الطحاوية لابن أبي العز، ص: ۳۳، قديمي)

(۲) "حتى أن من حصل له حقيقة التصديق، فسواء أتى بالطاعات أو ارتكب المعاصي، فتصديقه باق على حاله، لا تغير فيه أصلاً". (شرح العقائد النسفية للتفتازاني، ص: ۱۲۵، قديمي) .....=

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداً و مصلیاً :

انسان میں پیدائشی صلاحیت واہلیت کہ وہ بغیر کسی ماحول کے اثر کے دین اسلام کی چیزوں کو قبول کرلے(۱)۔فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند ۳/۱۱/۸۹ھ۔

امت دعوت واجابت

سوال[۱۷۱]: ہندو، پارسی، یہودی اور نصاری وغیرہ بھی کیا حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے امتی کہلانے کے مستحق ہیں؟ اگر مشرک بھی حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے امتی ہیں تو مسلم اور غیر مسلم میں فرق ہے؟

= (و كذا في شرح الفقه الأكبر للملا علي القاري،ص : ۱۳۴، قديمی)

(۱) "قال : والمراد تمكن الناس من الهدى في أصل الجبلة، والتهيؤ لقبول الدين، فلو ترك المرء عليها لاستمر على لزومها،و لم يفارقها إلى غيرها؛ لأن حسن هذا الدين ثابت في النفوس ، و إنما يعدل عنه لآفة من الآفات البشرية كالتقليد، انتهى". (فتح الباری، كتاب الجنائز ، باب ما قيل في أولاد المشركين : ۳/۳۱۸، قديمی)

"والأصح أن معناه أن كل مولود متهيأ للإسلام". (شرح النووی على الصحيح للمسلم، كتاب القدر ، باب معنى كل مولود يولد على الفطرة الخ: ۲/۳۳۷، قديمی)

قوله : "ما من مولود إلا يولد على الفطرة"؛ أي على مبادىء الإسلام من التوحيدو غيره التي جعل الله الناس عليها. قال الطيبي : كلمة "(من)" الاستغراقية في سياق النفي تفيد العموم، والتقدير : ما مولود يوجد على أمر من الأمور إلا على هذاالأمر. والفطرة تدل على نوع منها، وهو الابتداء والاختراع، كالجلسة والقعدة، والمعنى بها هنا تمكن الناس من الهدى في أصل الجبلة ، والتهيؤ لقبول الدين. فلوترک عليها لاستمر على لزومها و لم يفارقها إلى غيرها، لأن هذا الدين حسنه موجود في النفوس ، وإنما يعدل عنه لآفة من الآفات البشرية والتقليد". (تكملة فتح الملهم ، كتاب القدر ، باب معنى كل مولود يولد على الفطرة : ۵/۴۹۷، ۴۹۸،مكتبه دار العلوم كراچی)

اگر آپ مشرکین کو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا امتی شمار کرتے ہیں تو اس دعاء کا ان سے تعلق نہیں ہوجاتا "اللھم اغفر لأمة محمد صلی اللہ علیہ وسلم" جس کے معنی ہیں کہ "اے اللہ! امت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی مغفرت فرمادے"۔ امین، پھر اس کے خلاف اللہ رب العزت فرماتے ہیں کہ مشرک ابدی جہنمی ہیں اور ان کی مغفرت نہیں ہوگی کہ کیا ہم اللہ رب العزت کی مرضی کے خلاف ان کی مغفرت کی دعا کررہے ہیں؟ اس کا جواب مدلل طریقے پر دیں۔ فقط۔

الجواب حامداً و مصلیاً :

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی امت ہونے کے دو معنی ہیں (۱): ایک یہ کہ جن کی طرف آپ کو نبی بنا کر بھیجا گیا اور آپ نے دعوت دی، اس اعتبار سے ہر ملک کے رہنے والے اور ہر مذہب پر چلنے والے آپ کے امتی ہیں، کیونکہ آپ کی نبوت عام ہے، کسی قوم اور کسی ملک کے ساتھ خاص نہیں، جیسے کہ پہلے انبیاء علیہم السلام کی نبوت کا حال تھا ﴿قل یا أیھا الناس إنی رسول اللہ إلیکم جمیعاً﴾ (۲) ﴿وما أرسلناك إلا کافةً للناس﴾ (۳) یہ امت دعوت ہے۔

اور امت کے دوسرے معنی سے ہیں: وہ لوگ جنھوں نے آپ کی دعوت کو قبول کیا ہے اور آپ پر ایمان

---

(۱) "الأمة جمع لھم جامع من دین أو زمان أو مکان أو غیر ذلک، فإنه مجمل یطلق تارةً ویراد بھا کل من کان مبعوثاً إلیھم نبي، آمنوا به أو لم یؤمنوا، ویسمون أمة الدعوة. وأخری یراد بھم المؤمنون به المذعنون له، وھم أمة الإجابة." (فیض القدیر لمناوی شرح الجامع الصغیر: ۳/۱۴۷۰، رقم الحدیث: ۱۶۲۰، مکتبه نزار مصطفی الباز مکة)

(وکذا في شرح الطیبي، کتاب الإیمان: ۲/۴۴۹، نزار مصطفی الباز)

"فإن أمته صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم علی ثلاثة أقسام، أحدھا أخص من الآخر: أمة الاتباع، ثم أمة الإجابة، ثم أمة الدعوة، فالأولی أھل العمل الصالح، والثانیة مطلق المسلمین، والثالثة من عداھم ممن بعث إلیھم." (فتح الباري، کتاب الرقاق، باب: یدخل الجنة سبعون ألفاً بغیر حساب: ۱۱/۴۱۱، دار المعرفة)

(۲) (الأعراف: ۱۵۸)

(۳) (السبا: ۲۸)

Made searchable using ScribeTools.com

لائے اور کسی دوسرے دین پر قائم نہیں رہے، یہ امت اجابت ہے، اس کے لئے مغفرت کا وعدہ ہے اور اسی کے لئے سب فضائل ہیں (۱) جو لوگ ایمان نہیں لائے، ان کے لئے فضائل ومغفرت کا وعدہ نہیں، نہ ان کے لئے دعائے مغفرت کی جاتی ہے (۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، یکم/محرم الحرام/۸۹ھ۔

وسوسہ شیطانی سے ایمان ضائع نہیں ہوتا

سوال[۱۸]: ایک شخص پابند شرع ہے، ایک روز ایک کتاب کا مطالعہ کرتے ہوئے اس کے دل میں شیطانی وسوسہ آیا کہ میں مسلمان نہیں ہوں اور یہ کہ میں مرتد ہوگیا ہوں، لیکن نہ اس سے کوئی انکار اور نہ ہی کوئی گناہ پایا گیا جو دال علی الکفر ہو، اور اس کو بے حد پریشانی ہوئی اور ڈر کی وجہ سے بہت پریشان ہوا کہ میں قیامت کے روز اللہ پاک اور اس کے رسول کو کیا منہ دکھلاؤں گا؟ اس کے بعد اس نے کلمہ طیبہ اور لاحول اور استغفار کا ورد کرنا شروع کردیا اور اپنے دل میں اس وسوسہ کو دور کرنے کے لئے اس نے یہ کہا کہ ''اے شیطان! اب تک ہم مسلمان تھے، یا نہیں؟ لیکن اب ہم مسلمان ہوگئے ہیں، چاہے تُو کتنے ہی وسوسہ ڈال''۔ اور وہ یہ سمجھ گیا کہ یہ شیطانی وسوسہ ہے، اب دریافت طلب امر یہ ہے کہ اس میں کوئی خطرناک بات تو نہیں ہے جو کہ ایمان کے منافی ہو؟

الجواب حامداً ومصلیاً :

اس شیطانی وسوسہ سے اس کا ایمان زائل نہیں ہوا، الحمد للہ ایمان موجود ہے (۳)، کلمہ طیبہ اور لاحول

---

(۱) "هؤلاء أمتک، وهؤلاء سبعون ألفاً قدامهم، لا حساب عليهم ولا عذاب." (صحيح البخاري، كتاب الرقاق، باب يدخل الجنة سبعون ألفاً بغير حساب: ۲/ ۹۶۹، قديمي)

" (أمتي هذه): أي الموجودون الآن كما عليه ابن رسلان، وهم قرنه، ويحتمل إرادة أمة الإجابة (أمة مرحومة): أي جماعة مخصوصة بمزيد الرحمة وإتمام النعمة، موسومة بذلک في الكتب المتقدمة، (ليس عليها عذاب في الآخرة)". (فيض القدير شرح الجامع الصغير: ۳/ ۱۴۷۱، رقم الحديث: ۱۲۲۱، مكتبه نزار مصطفى الباز مكة)

(۲) قال الله تعالىٰ: ﴿ ما كان للنبي والذين آمنوا أن يستغفروا للمشركين ولو كانوا أولي قربى من بعد ما تبين لهم أنهم أصحب الجحيم﴾ [التوبة: ۱۱۳]

(۳) "عن أبي هريرة رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم: " إن الله تجاوز =

کثرت سے پڑھا کرے اور ہر روز اپنے مومن ہونے پر خدائے پاک کا شکر ادا کیا کرے۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۲۷/ ۵/ ۸۹ھ۔

دینیات میں وسوسہ اور اس کا علاج

سوال[۱۹]: قریب تین ماہ ہوئے ہیں، میرے دل ودماغ میں ایک شبہ پڑ گیا ہے، مجھے ہر وقت یہ خیالات پریشان کرتے رہتے ہیں کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نبی تھے یا نہیں تھے، قرآن پاک آسمانی کتاب ہے یا نہیں، اسلام سچا مذہب ہے یا نہیں؟ ان خیالات کی وجہ سے مجھے بڑی بے چینی رہتی ہے اور کسی کام میں دل نہیں لگتا، میں اس سوال کو سلجھانے کی ہر چند کوشش کرتا رہتا ہوں، مگر میرے دل ودماغ سے یہ خیال جاتا ہی نہیں ہے، اگر قرآن پاک پڑھوں تو یہ خیال آتا ہے کہ یہ سب یوں ہی تو نہیں ہے اور اگر حدیث شریف پڑھوں تو بھی یہی خیال آتا ہے، اب بتائیں کہ میں کیا کروں؟

الجواب حامداً ومصلیاً :

آپ رات کو عشاء کے بعد تازہ غسل کر کے دو رکعت نفل نماز توبہ کی نیت سے پڑھیں، پھر درود شریف ۵۰۰ دفعہ، پھر استغفر اللہ ربی من کل ذنب واتوب الیہ" ۵۰۰/ دفعہ پڑھ کر خدائے پاک کے سامنے دعا کریں: یا اللہ میرے ہر گناہ کو معاف کر اور اپنی ذات پر اور اپنے رسول پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر اور اپنے

= عن أمتی ما وسوست به صدرها ما لم تعمل به أو تتکلم". متفق علیه". (مشکوة المصابیح، کتاب الإیمان، باب فی الوسوسة، ۱/ ۱۸، قدیمی)

" قال صاحب الروضة فی شرح صحیح البخاری : المذهب الصحیح المختار الذي علیه الجمهور أن أفعال القلوب إذا استقرّت یؤاخذ بها، فقوله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : "إن الله تجاوزعن أمتی ماوسوست به صدورها" محمول علی ما إذا لم تستقر، و ذلک معفوٌ بلا شک؛ لأنه لا یمکن الإنفکاک عنه بخلاف الاستقرار". (مرقاة المفاتیح، کتاب الإیمان، باب فی الوسوسة: ۱/ ۲۳۸، رشیدیه)

(و کذا فی فتح الباری، کتاب الإیمان، باب قول النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم :" أنا أعلمکم بالله و أن المعرفة فعل القلب"..... الخ: ۱/ ۹۷، قدیمی)

(و مجمع الأنهر، باب المرتد: ۱/ ۶۸۸، دار إحیاء التراث العربی)

Made searchable using ScribeTools.com

قرآن پاک پر یقین نصیب فرما، جیسا کہ یقین کا حق ہے، اور میرے گناہوں کی نحوست سے اس دولت کو ضائع نہ فرما، یہ عمل سات روز تک کریں اور چلتے پھرتے درود شریف کثرت سے پڑھا کریں، کسی صاحب نسبت متبع سنت بزرگ سے اپنا اصلاحی تعلق قائم کرلیں۔ خدائے پاک آپ کی مدد فرمائے، سورہ ''حم سجدہ'' روزانہ ایک مرتبہ پڑھ کر دعا مانگنا بھی دفعہ وسوسہ وشبہ کے لئے اکسیر ہے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ دارالعلوم دیوبند، ۳/ ۷/ ۹۲ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ دارالعلوم دیوبند، ۴/ ۷/ ۹۲ھ۔

مجبوراً خنزیر کا گوشت کھانے سے ایمان نہیں جاتا

سوال [۲۰]: کوئی مسلمان ایسی جگہ پھنس جائے کہ کافر اسے شراب، یا سور کا گوشت زبردستی کھلا دیں اور وہ جان بچانے کے لئے کھائے تو وہ ایمان سے خارج ہوا یا نہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

ایسی مجبوری کی وجہ سے وہ اسلام سے خارج نہیں ہوا(۱)، انتہائی ندامت کے ساتھ خدا سے دعا کرے کہ وہ آئندہ محفوظ رکھے۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۹/ ۷/ ۹۳ھ۔

---

(۱) "السلطان إذا أخذ رجلاً وقال: لأقتلنک أو لتشربن هذا الخمر، أو لتأكلن هذه الميتة، أو لتأكلن لحم هذا الخنزير، كان في سعة من تناوله، بل يفترض عليه التناول إذا كان في غالب رأيه أنه لو لم يتناول يُقتل، فإن لم يتناول حتى قتل، كان آثماً في ظاهر الرواية عن أصحابنا." (الفتاوى العالمكيرية، الباب الثاني من كتاب الإكراه: ۵/ ۳۸، رشيديه)

"وعلى أكل لحم خنزير، وميتة، ودم، وشرب خمر يحبس أو ضرب أو قيد لم يحل، وحل بقتل وقطع) يعني لو أكره على هذه الأشياء بما لا يخاف على نفسه أو عضوه: كالضرب لا يسعه أن يقدم عليه، وبما يخاف، يسعه ذلک؛ لأن حرمة هذه الأشياء مقيدة بحالة الاختيار، وفي حالة الضرورة مبقاة على أصل الحل لقوله تعالى: ﴿إلا ما اضطررتم إليه﴾ [الأنعام: ۱۲۰] فاستثنى حالة الاضطرار؛ لأنه فيها مباح." (البحر الرائق، كتاب الإكراه: ۸/ ۱۳۲، رشيديه)

(وكذا في روح المعاني، [المائدة: ۳]، ۶/ ۲۵، ۲۶، دار إحياء التراث العربي)

زمانہ کو برا کہنے کی ممانعت اور مفتی قدرت اللہ صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ کی تقریر

سوال[۲۱]: حضرت مولانا مفتی قدرت اللہ صاحب مرحوم مدرسہ شاہی مرادآباد خلیفہ حضرت مولانا رشید احمد گنگوہیؒ نے اپنی ایک کتاب میں جس کا سرورق غائب ہے، مگر تصوف میں ہے لکھا ہے کہ زمانہ، ہوا، تقدیر، بیماری کو برا نہ کہو'' مگر وجہ بیان نہیں ہے، مگر حضرت مولانا احمد سعید صاحب نے ناگپور کی تقریر (جو کہ کتاب کی شکل میں ہے) کفار مکہ کے توکل کا بیان فرماتے ہیں حجر اسود والا تنازعہ بیان کیا ہے کہ: ''وہ شخص ہمارا حکم ہوگا جو علی الصباح مسجد حرام میں داخل سب سے اول ہو، لہذا محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم داخل مسجد حرام ہوئے اور حکم بنائے گئے (۱) یہ تھا کفار مکہ کا توکل، اور آج کل کا ہمارا زمانہ ہے کہ باوجود مسلمان ہونے کے توکل مفقود ہے''۔ اس عبارت سے زمانہ کی برائی معلوم ہوئی۔

اسی کتاب میں دوسری جگہ لکھا ہے کہ ''ایک زمانہ وہ تھا کہ کفار مسلمانوں کو دیکھ کر اسلام کی طرف رغبت کرتے تھے، ایک آج کل کا زمانہ ہے کہ ہم کو دیکھ کر خود مسلمان ہی نفرت کرتے ہیں''۔ اس عبارت سے بھی زمانے کی برائی معلوم ہوئی۔

اس کتاب میں تیسری جگہ لکھا ہے کہ ''دین حق کا چراغ بجھا نہیں کرتا، لیکن بادمخالف کے جھونکے بجھانے کی کوشش کرتے ہیں''۔ اس عبارت سے ہوا کی برائی معلوم ہوئی۔ اور تقویۃ الایمان میں بہت سی جگہ زمانہ کا لفظ اس طرح استعمال فرمایا کہ: ''ہر زمانے کے لوگ نئی نئی الگ الگ راہیں نکالتے ہیں''۔ ان جگہوں سے بھی زمانے کی برائی معلوم ہوئی ہے، اگر ان چیزوں کو برا کہنا برا ہے تو ان اکابرین نے ان لفظوں کو اس طرح پر کیوں

---

(۱) "قال ابن اسحق: ثم إن القبائل من قريش جمعت الحجارة لبناء ها، كل قبيلة تجمع على حدة، ثم بنوها حتى تبلغ البنيان موضع الركن، فاختصموا فيه كل قبيلة تريد أن ترفعه إلى موضعه دون الأخرى حتى تجاوزوا و تحالفوا و أعدوا للقتال ..... فزعم بعض أهل الرواية أن أبا أمية بن المغيرة بن عبد الله بن عمر بن مخزوم و كان عامئذ أسنّ قريش كلها، قال: يا معشر قريش! اجعلوا بينكم فيما تختلفون فيه أول من يدخل من باب هذا المسجد يقضى بينكم فيه ففعلوا، فكان أول داخل عليهم رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فلما رأوه قالوا: هذا الأمين رضينا هذا محمد الخ". (سيرة بن هشام: ۱/۱۹۶، ۱۹۷، حديث بنيان الكعبة و حكم رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم بين قريش فى وضع الحجر، اختلاف قريش فيمن يضع الحجر و لعقه الدم، مصطفى البابى الحلبى بمصر)

Made searchable using ScribeTools.com

استعمال فرمایا ہے؟ محمد فہیم الدین، مدرسہ تعلیم القرآن لاوڑ بازار، پاوڈی ضلع پوڑی گڑھوال (یوپی)

الجواب حامداً و مصلیاً :

زمانہ کو برا کہنے سے منع کیا گیا ہے، یہ حدیث قدسی میں موجود ہے (۱) اس کا مطلب یہ ہے کہ خالق خیر اور خالق شر زمانہ کو قرار دیکر برا کہا جائے، حالانکہ خالق ذات وحدہ لاشریک لہ ہے، زمانہ تو خیر وشر کا ظرف ہے خالق نہیں، اس لئے زمانہ کو (برا) کہنا خالق جل جلالہ کو برا کہنا ہے (۲)، البتہ اس طرح کہا جائے کہ فلاں زمانہ میں خیر تھی، یعنی اس وقت جو حضرات موجود تھے، ان میں خیر غالب تھی، پھر بعد والے زمانے میں خیر کم ہوگئی ہے۔ یہ مضمون حدیث شریف سے ثابت ہے: " خیر القرون قرنی، ثم الذین یلونهم، ثم الذین یلونهم،

---

(۱) "عن أبی هریرة رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله علیه وسلم : "قال الله عزوجل : "(یؤذینی ابن آدم یسب الدهر و أنا الدهر، بیدي الأمر أقلب اللیل والنهار)". (صحیح البخاری، کتاب التفسیر، سورة الجاثیة: ۲/۷۱۵، قدیمی)

(والصحیح لمسلم، کتاب الألفاظ من الأدب وغیرها، باب النهي عن سب الدهر: ۲/۲۳۷، قدیمی)

(۲) "(یسب الدهر) ..... یعني ظناً منه أن الدهر یعطی و یمنع، و یضر و ینفع (وأنا الدهر) ..... أي خالق الدهر أو مصرف الدهر أو مقلبه أو مدبر الأمور التی نسبوها إلیه، فمن سبّه بکونه فاعلها عاد سبه إلیّ؛ لأني أنا الفاعل لها، و إنما الدهر زمان جُعل ظرفاً لمواقع الأمور، و أتی بأداة الدهر مبالغةً فی الرد علی من یسبه". (مرقاة المفاتیح، کتاب الإیمان: ۱/۱۸۱، رشیدیه)

"قال العلماء : و هو مجاز و سببه أن العرب کان شأنها أن تسب الدهر عند النوازل والحوادث والمصائب النازلة بها من موت أو هرم أو تلف مال أو غیر ذلک فیقولون: یا خیبة الدهر، و نحو هذا من ألفاظ سب الدهر، فقال النبي صلی الله علیه وسلم: (لا تسبوا الدهر): أي لا تسبوا فاعل النوازل، فإنکم إذا سببتم فاعلها وقع السب علی الله تعالیٰ؛ لأنه هو فاعلها و منزلها، و أما الدهر الذي هو الزمان فلا فعل له بل هو مخلوق من جملة خلق الله تعالیٰ، و معنی "فإن الله هو الدهر": أي فاعل النوازل والحوادث و خالق الکائنات، والله أعلم". (الکامل شرح المسلم للنووی، کتاب الألفاظ من الأدب وغیرها، باب النهي عن سب الدهر، : ۲/۲۳۷، قدیمی)

(وکذا فی فتح الباري، کتاب التفسیر، سورة الجاثیة: ۸/۷۳۸، ۷۳۹، قدیمی)

Made Searchable by ScribeTools.com

ثم یفشوا الکذب (الحدیث)(۱)۔

حضرت مولانا احمد سعید صاحب کی تقریر سے جو اور آپ نے نقل کئے ہیں، ان میں بھی زمانہ کو برا نہیں کہا گیا، نہ زمانہ کو خالق خیر وشر قرار دیا گیا، بلکہ زمانہ کی طرف تسلیم کرتے ہوئے اس کے آدمیوں کا تغیر اور زمانہ سابق سے فرق ظاہر کیا گیا ہے۔ بادمخالف کا نور حق کو بجھانے کی کوشش کرنا خود قرآن کریم میں موجود ہے ﴿یریدون أن یطفئوا نور اللّٰہ بأفواههم﴾ الایۃ (۲)۔ ہوا کی وجہ سے اگر کسی کا نقصان ہوجائے، مثلاً درخت گر جائے تو ہوا کو لعنت نہ کی جائے کیونکہ ہوا تو مامور ہے، از خود وہ کچھ نہیں کرسکتی (۳)۔ سائل نے جو تضاد پیش کیا ہے، وہ عموماً ذاتی مطالعہ سے پیدا ہوتا ہے، اگر ماخذ سامنے ہوں اور باقاعدہ ان کو سمجھ کر مستند اساتذہ سے پڑھا ہو تو ہر ایک کا محمل سمجھ میں آجائے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۲۶/۶/۹۴ھ۔

---

(۱) لم أجده بهذا اللفظ، و قد وجدته بالألفاظ الآتية: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: "خير أمتى قرنى، ثم الذين يلونهم، ثم الذين يلونهم". قال عمران: "لا أدرى أذكر بعد قرنه مرتين أو ثلاثاً". "ثم إن بعدكم قوماً يشهدون و لا يستشهدون، و يخونون و لا يؤتمنون، و ينذرون، و لا يوفون، و يظهر فيهم السمن".

إن النبى صلى الله عليه وسلم قال: "خير الناس قرنى، ثم الذين يلونهم، ثم الذين يلونهم، ثم يجيء قوم تسبق شهادة أحدهم يمينه، و يمينه شهادته". (صحيح البخارى، كتاب المناقب، باب فضائل أصحاب النبى صلى الله عليه وسلم: ۱/۵۱۵، قديمى)

و قال عليه السلام: "احفظونى فى أصحابى، ثم الذين يلونهم، ثم الذين يلونهم، ثم يفشو الكذب، حتى يشهد الرجل، و ما يستشهد، يحلف، و ما يستحلف". (كنز العمال، رقم: ۳۲۴۵۵، ۱۱/۲۴۰، دار الكتب العلمية)

(۲) (التوبه: ۳۲)

(۳) "عن ابن عباس رضى الله تعالىٰ عنه أن رجلاً لعن الريح عند النبى صلى الله تعالىٰ عليه وآله وسلم، فقال: "لاتلعنوا الريح، فإنها مأمورة، وأنه من لعن شيئًا ليس له بأهل، رجعت اللعنة عليه". رواه الترمذى، وقال هذا حديث غريب". (مشكوة المصابيح، باب فى الرياح: ۱/۱۳۲، ۱۳۳، قديمى كتب خانه)

Made searchable using ScribeTools.com

زمانہ کو برا کہنا

سوال[۲۲] : لوگوں کی زبان زد ہے کہ زمانہ ایسا آ گیا، ویسا آ گیا۔ اور اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ ''زمانہ میں ہوں''(۱) گو کہنے والے زمانہ سے مراد وقت لیتے ہیں۔ اس معاملہ میں فرمایئے کہ کیا لفظ استعمال کریں اور ان کی نیت میں خرابی نہیں ہے، مذکورہ سوال میں وعید ہوگی یا نہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

زمانہ کو خود مؤثر بالذات اعتقاد کرنا غلط ہے، اگر وقت کو ظرف تصور کرتے ہوئے مثلاً اس طرح کہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے مبارک زمانہ میں خیر غالب تھی، رفتہ رفتہ بعد میں خیر کم ہوتی گئی اور شر بڑھتا گیا تو صحیح ہے(۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۹/۱۱/۹۵ھ۔

احکام اسلام کو اپنانا اعلیٰ درجہ کے مسلمانوں کا کام ہے

سوال[۲۳] : کچھ مسلمانوں کا یہ کہنا کہ نماز نہ پڑھنا، زکوۃ نہ دینا، روزہ نہ رکھنا، جھوٹ بولنا، سینما دیکھنا، رشوت لینے سے معمولی مسلمان کو کوئی فرق نہیں پڑتا، یہ سب عمل تو اول درجہ کے مسلمانوں کے کرنے کے ہیں، ہمارے کرنے کی کوئی ضرورت نہیں، کیونکہ ہم تو معمولی مسلمان ہیں، اللہ تعالیٰ تو غفور رحیم ہے۔ ہمیں تو پورا یقین ہے کہ ہمیں ضرور بخش دے گا اور ہم ضرور جنت میں جائیں گے، کیا یہ صحیح ہے؟ اور ایسا کہنے والوں کے لئے کیا حکم ہے؟

---

(۱) "عن أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله عليه وسلم :"قال الله: (يؤذيني ابن آدم يسب الدهر و أنا الدهر بيدي الأمر أقلب الليل والنهار)". (صحيح البخاری، كتاب التفسير، باب: (و ما يهلكنا إلا الدهر): ۲/۷۱۵، قديمی)

(۲) "كان أهل الجاهلية يقولون : إنما يهلكنا الليل والنهار، هو الذی يميتنا و يحيينا ..... فيسبون الدهر ..... (وأنا الدهر) معناه أنا صاحب الدهر و مدبر الأمور التی ينسبونها إلى الدهر ..... وإنما الدهر زمان جعل ظرفاً لمواقع الأمور". (فتح الباری، كتاب التفسير : ۸/۷۳۸، قديمی)

(وكذا فی تفسير ابن كثير : ۴/۱۵۱، سهيل اكيڈمی لاهور)

(وكذا فی تفسير روح المعانی [سورة الجاثية، رقم الآية : ۲۵]، ۲۵/۱۵۳)

الجواب حامداًومصلیاً:

حق تعالیٰ غفور رحیم بھی ہے(۱)اور قہار ومنتقم بھی ہے(۲)جنت بھی اسی نے بنائی ہے، دوزخ بھی اسی نے بنائی، احکام بھی اسی نے نازل کئے، اطاعت کرنے والوں کے لئے جنت تجویز کی، اللہ تعالیٰ کی کسی صفت کو ماننا اور کسی صفت کو نہ ماننا ایمان کی بات نہیں ہے، جن چیزوں کو منع فرمادیا ہے، ان سے باز رہنا لازم ہے، جس طرح یہ خیال کرتے ہیں کہ احکام تو اول درجہ کے مسلمانوں کے کرنے کے ہیں اور ہم تو معمولی مسلمان ہیں تو ان کو یہ بھی سوچنا چاہئے کہ کہیں ایسا تو نہیں کہ جنت بھی اول درجہ کے مسلمانوں کے لئے ہو اور جو لوگ عمل نہ کریں ان کے لئے دوزخ ہو، اس لئے ایسی بات اور ایسے عقیدہ اور ایسے عمل سے پورا پرہیز لازم ہے، ورنہ آہستہ آہستہ ایمان واسلام سب ہی چیزیں ختم ہوجاتی ہیں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

املاہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱/ ۷/ ۱۴۰۶ھ۔

کراماً کاتبین کی تعداد

سوال[۲۴]: ماقولکم رحمکم اللّٰہ تعالیٰ فی أن کراماً کاتبین هل هو واحد لکل إنسان یکتب أعمالهم أم لکل إنسان واحد أو اثنان، هل تعداد هم معین؟ بینوا بالدلائل و توجروا۔

الجواب حامداً ومصلیاً :

"(قوله: و هل تتغیر الحفظة؟ قولان:) فقیل: نعم لحدیث الصحیحین: "(یتعاقبون فیکم ملائکة باللیل و ملائکة بالنهار، ویجتمعون فی صلوة الصبح و صلاة العصر ،فیصعد الذین باتوا فیکم، فیسألهم اللّٰہ وهو أعلم بهم: کیف ترکتم عبادی؟ فیقولون: أتیناهم و هم یصلون و ترکناهم و هم یصلون)" فنقل عیاض وغیره عن الجمهور أنهم الحفظة: أي الکرام الکاتبون، و استظهر القرطبی انهم غیرهم۔

وقیل: لا یتغیران مادام حیًا، لحدیث أنس رضی اللّٰہ تعالیٰ عنه أن رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم قال:"(إن اللّٰہ تبارك و تعالیٰ وکّل بعبده المؤمن ملکین یکتبان عمله، فإذا مات قالا: ربنا قد مات فلان فتاذن لنا فنصعد إلی السماء ؟ فیقول اللّٰہ عزوجل :" سمائی مملوئة من ملائکتی یسبحونی"،

---

(۱) قال اللّٰہ تعالیٰ: ﴿ألاإن اللّٰہ هو الغفور الرحیم﴾. (الشوری: ۵، پ:۲۵)

(۲) قال اللّٰہ تعالیٰ: ﴿واللّٰہ عزیز ذوانتقام﴾. (آل عمران: ۴، پ:۳)

Made searchable using ScribeTools.com

فیقولان : فأین نکون ؟ فیقول اللّٰہ تعالیٰ :" قوما علی قبر عبدی فکبرانی و هللانی و اذکرانی و اکتبا ذلك لعبدی إلی یوم القیامة"۔ و تمامه فی الحلیة اهـ"۔ رد المحتار ۱/ ۵۵۰(۱) ۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۳/۱۰/ ۵۹ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ مفتی مدرسہ ہذا، الجواب صحیح: عبد اللطیف مدرسہ ہذا۔

تجدید ایمان کا طریقہ

سوال[۲۵]: احقر کے عریضہ (منسلک ہذا کے سوال نمبر۳،۵) کے جواب میں حضرت والا نے تحریر فرمایا کہ کسی قول، یا فعل کی وجہ سے اگر آدمی اسلام سے خارج ہوجائے تو ایسے شخص کو تجدید ایمان کے ساتھ

---

(۱) (رد المحتار، کتاب الصلوة، مطلب هل تتغیر الحفظة : ۱/ ۵۲۸، سعید)

"عن أبی هریرة رضی اللّٰہ تعالیٰ عنه أن رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم قال:" یتعاقبون فیکم ملائکة باللیل و ملائکة بالنهار، و یجتمعون فی صلوٰة الفجر، و صلاة العصر، ثم یعرج الذین باتوا فیکم، فیسألهم ربهم و هو أعلم: بهم کیف ترکتم عبادی؟ فیقولون: ترکنا هم و هم یصلو ن، أتیناهم و هم یصلون". (صحیح البخاری، کتاب مواقیت الصلاة، باب فضل صلاة العصر : ۱/ ۷۹، قدیمی)

(الصحیح لمسلم، کتاب المساجد و مواضع الصلاة، باب فضل صلاتي الصبح والعصر والمحافظة علیهما: ۱/ ۲۲۷، قدیمی)

(ومسند أحمد، رقم الحدیث: ۹۹۳۶، ۲/ ۴۸۶ ،دار إحیاء التراث العربی)

(و کنز العمال، رقم :۱۸۹۴۷، ۷/ ۲۹۴، مکتبه التراث الإسلامی حلب)

"عن أنس رضی اللّٰہ تعالیٰ عنه أن رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم قال:"إن اللّٰہ تبارک وتعالیٰ و کّل بعبده المؤمن ملکین یکتبان عمله، فإذا مات قالا: ربنا قد مات فلان، فتأذن لنا فنصعد إلی السماء ؟ فیقول اللّٰہ عز و جل : (سمائی مملوئة من ملائکتی یسبحونی). فیقولان : فأین نکون ؟ فیقول اللّٰہ تعالیٰ :" (قوما علی قبر عبدی فکبرانی و هللانی و اذکرانی و اکتبا ذلک لعبدی إلی یوم القیامة)".

(کنز العمال، رقم : ۴۲۹۶۷، ۱۵/ ۷۴۸. مکتبه التراث الإسلامی)

(وکذا فی نصب الرایه، رقم الحدیث: ۱۸۴۱، ۱/ ۴۳۴، مؤسسة الریان)

(والدرایة، رقم الحدیث : ۱۹۲، ۱/ ۱۶۰، دار نشر الکتب الإسلامیة لاهور)

موجباتِ کفر سے برأت بھی ضروری ہے اس کی تشریح مطلوب ہے:

۱.....تجدید ایمان کا کیا مطلب ہے اور کیا طریقہ ہے؟

۲.....موجباتِ کفر سے کیا مراد ہے اور وہ کیا کیا ہیں؟

۳.....اگر زکوۃ ادا کر چکا ہے تو کیا دوبارہ ادا کرنا ہوگا جب کہ استطاعت ہو؟

الجواب حامداً ومصلیاً :

۱.....کلمۂ شہادت زبان سے ادا کرے اور دل سے اس کی تصدیق کرے، جس چیز سے انکار کی بناء پر ایمان سے خارج ہو گیا تھا اس کا اقرار کرے، اگر اسلام سے خارج ہو کر مثلاً عیسائیت کو اختیار کر لیا تھا تو اس سے بیزاری اور برأۃ کرے (۱)۔

۲.....وہ بہت ہیں، خدائے پاک کی ذات وصفات کا انکار، اس کی شان میں گستاخی، کسی رسول کا انکار اور اس کی شان میں گستاخی، خدائی کتاب کا انکار اس کی شان میں گستاخی، عقیدۂ آخرت اور ملائکہ کا انکار وغیرہ وغیرہ (۲) کتاب مالا بدمنہ میں بھی ایسی بہت سی چیزیں لکھی ہیں (۳)۔

---

(۱) "ثم اعلم أنه يؤخذ من مسألة العيسوى أن من كان كفره بإنكار أمر ضرورى كحرمة الخمر مثلاً أنه لا بد من تبرئه مما كان يعتقده، لأنه كان يقر بالشهادتين معه، فلا بد من تبرئه منه كماصرح به الشافعية، و هو ظاهر". (ردالمحتار، مبحث فى اشتراط التبرئ مع الإتيان بالشهادتين: ۲۲۸/۴، سعيد)

"وفى الفتاوى العالمكيرية: "وإسلامه أن يأتى بكلمة الشهادة و يتبرأ عن الأديان كلها سوى الإسلام". (كتاب السير، الباب التاسع فى أحكام المرتدين: ۲۵۳/۲، رشيديه)

(و كذا فى البحرالرائق، كتاب السير، باب أحكام المرتدين: ۲۱۶/۵، رشيديه)

قال الله تعالىٰ: ﴿ يآ أيها الذين آمنوا امنوا بالله ورسوله والكتاب الذى نزّل على رسوله، والكتاب الذى أنزل من قبل، و من يكفر بالله و ملائكته و كتبه و رسله و اليوم الأخر، فقد ضل ضلالاً بعيداً﴾ (النساء: ۱۳۶)

(۲) قال الله تعالىٰ: ﴿إن الذين يكفرون بالله و رسله و يريدون أن يفرّقوا بين الله و رسله، و يقولون نؤمن ببعض و نكفر ببعض و يريدون أن يتخذوا بين ذلك سبيلاً أولئك هم الكفرون حقاً﴾ (النساء: ۱۵۰، ۱۵۱) =

Made Searchable using ScribeTools.com

۳.....تجدید ایمان کے بعد سالہائے گذشتہ کی زکوۃ دوبارہ دینا لازم نہیں (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ دارالعلوم دیوبند، ۲۲/ ۵/ ۸۷ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ دارالعلوم دیوبند، ۲۳/ ۵/ ۸۷ھ۔

تجدید ایمان کا طریقہ

سوال[۲۶]: میں ۳۶ سالہ غیر شادی شدہ مسلم ہوں، بار بار یہ خیال آتا ہے کہ تجدید ایمان کرلیا جائے تو بہتر ہے، کیونکہ ایمان بہت ہی بڑی دولت ہے، پہلے مجھے دین سے اتنا لگاؤ نہیں تھا اور ہمارے گھر میں پہلے

= "إذا أنكر الرجل آيةً من القرآن، أو تسخر بآية من القرآن، و في الخزانة: أو عاب، كفر". (الفتاوى العالمكيرية، الباب التاسع في أحكام المرتدين مطلب موجبات الكفر ..... و منها ما يتعلق بالقرآن، ۲/ ۲۶۶، رشيديه)

(وكذا في شرح الفقه الأكبر لملا على القاري، فصل في القرآءة والصلوة، ص: ۱۶۷، قديمي)

"من أنكر القيامة، أو الجنة، أوالنار، أو الميزان، أوالصراط، أوالصحائف المكتوبة فيها أعمال العباد، يكفر، و لوأنكر البعث فكذالك". (الفتاوى العالمكيرية، كتاب السير، الباب التاسع في أحكام المرتدين، موجبات الكفر أنواع، منها ما يتعلق بيوم القيامة: ۲/ ۲۷۴، رشيديه)

(۳)(مالابد منه، ترجمه باب كلمات الكفر، از فتاویٰ برهانی، ص: ۱۲۳، مكتبه شركت علميه)

(۱)"(قوله: وإسلام) فلا زكاة على كافر لعدم خطابه بالفروع سواء كان أصلياً أو مرتداً، فلو أسلم المرتد لا يخاطب بشيء من العبادات أيام ردته، ثم كما شرط للوجوب شرط لبقاء الزكاة عندنا، حتى لوارتد بعد وجوبها سقط كما في الموت". (رد المحتار، كتاب الزكاة: ۲/ ۲۵۹، سعيد)

"ثم الإسلام كما هو شرط الوجوب شرط لبقاء الزكاة عندنا، حتى لو ارتد بعد وجوبها سقطت كما في الموت، فلو بقي على ارتداده سنين، فبعد إسلامه لا يجب عليه شيء لتلك السنين كذا في معراج الدراية". (الفتاوى العالمكيرية، كتاب الزكاة: ۱/ ۱۷۱، رشيديه)

(و كذا في البحرالرائق، كتاب الزكاة: ۲/ ۳۵۴، رشيديه)

سے بدعتی رسمیں چل رہی ہیں، شافعی مسلک کے مطابق تجدید ایمان کا طریقہ کیا ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

حدیث پاک میں تجدید ایمان کی تاکید آئی ہے، ہر شخص کو اس پر عمل کرنا چاہئے "لا إلـــه إلا الله" کثرت سے پڑھنا چاہئے، اس سے ایمان تازہ ہوتا ہے(۱) "آمنت بالله وملائكته وكتبه ورسله واليوم الآخر والقدر خيره وشره من الله تعالى والبعث بعد الموت" کا قلب میں استحضار اور زبان سے اقرار بھی تجدید ایمان کے لئے مفید ہے۔ پانچ وقت مسجد میں جا کر خدائے پاک کی عظمت کے تصور کے ساتھ نماز کا ادا کرنا بھی مقوی ایمان ہے۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۹/۱/۹۴ھ۔

نجات کس ایمان پر ہے؟

سوال[۲۷] : دنیاوی زندگی میں کتنے درجہ کا ایمان فرض عین یا واجب ہے؟ یا آخرت میں عمومی طور پر اللہ تعالی کتنے درجہ ایمان کا مطالبہ فرمائیں گے؟ اس کی شرعی حدود کیا ہیں؟ ایمان کا قیام علی الفرائض کے درجہ تک کا نہ ہونا یقینی ہو، اور صاحب حیثیت بھی نہ ہوں تو کیا کروں؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

وہ بخشنے پر آئے تو ذرہ برابر ایمان پر بھی بخش دے، بلکہ ایسے ایمان پر بھی بخش دے جس کا کوئی اثر کسی پر ظاہر نہ ہو(۲)، گرفت کرنے پر آئے تو بڑے پختہ ایمان والوں کی گرفت کر لے(۳) کوشش اس کی لازم ہے

---

(۱) "قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم :" جدّدوا إيمانكم". قيل: يا رسول الله! وكيف نجدد إيماننا؟ قال:"أكثروا من قول لا إله إلا الله."(مسند أحمد: ۲/۳۵۹، رقم الحديث: ۸۴۹۳)

قوله عليه الصلاة والسلام: "جددوا إيمانكم، أكثروا من قول لا إله إلا الله."(كنز العمال: ۱/۴۱۶، مكتبة التراث الإسلامي)

(۲) "عن أنس رضي الله عنه عن النبي صلى الله عليه وسلم قال: "يخرج من النار من قال: لا إله إلا الله، وفي قلبه وزن شعير من خير، ويخرج من النار من قال: لا إله إلا الله، وفي قلبه وزن برة من خير، ويخرج من النار من قال: لا إله إلا الله، وفي قلبه وزن ذرة من خير."(صحيح البخاري، كتاب الإيمان، باب زيادة الإيمان ونقصانه: ۱/۱۱، قديمي)

(۳) قال الله تعالىٰ: ﴿إن تعذبهم فإنهم عبادك، وإن تغفر لهم فإنك أنت العزيز الحكيم﴾.(المائدة:۱۱۸)=

Made searchable using ScribeTools.com

کہ ایمان زیادہ سے زیادہ قوی ہو جائے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۲۵/۳/۹۵ھ۔

کیا محض ایمان پر جنت کی بشارت ہے؟

سوال[۲۸]: آیت: ﴿إن الذین آمنوا وعملوا الصلحت کانت لهم﴾(۱) میں ایک عالم نے اکثر مفسرین کا یہ مذہب بتلایا ہے کہ محض ایمان دار بغیر اعمال صالحہ نماز، روزہ وغیرہ کے بھی اس بشارت کے مستحق ہیں، کیونکہ شی نہیں عطف کی جاتی ہے اپنے نفس پر، یہ کیونکر ہے؟

لجواب حامداً و مصلیاً:

اگر کوئی شخص ایمان لاتے ہی مرجاوے اور اعمال صالحہ کی اس کو نوبت نہ آئی ہو تو وہ بھی قانونِ خداوندی میں مذہب حق کی بناء پر اس بشارت میں داخل ہے(۲) اور جس کو ایمان لانے کے بعد وقت ملا، لیکن اس نے اعمال صالحہ نہیں کئے، بلکہ معاصی میں مبتلا رہا، اس کے لئے قانوناً دخول اوّلی نہیں، البتہ سزا کے بعد مستحق جنت ہوگا(۳) ان عالم کے استدلال کا حاصل (یہ) ہوا کہ ایمان اور اعمال صالحہ جدا جدا ہیں، لہذا دونوں کے مجموعہ پر

= "واللہ تعالی متفضل علی عبادہ، عادل، قد یعطي من الثواب أضعاف ما یستوجبه العبد تفضلاً منه، وقد یعاقب علی الذنب عدلاً منه، وقد یعفو فضلاً منه". (الفقه الأکبر، ص: ۹۳، ۹۴، قدیمی)

(۱) (الکهف: ۱۰۷)

(۲) "عن أبي إسحاق قال: سمعت البراء رضي الله عنه یقول: أتی النبي صلی الله تعالیٰ علیه وسلم رجل مقنع بالحدید، فقال: یا رسول الله! أقاتل أو أسلم؟ قال: "أسلم ثم قاتل" فأسلم ثم قاتل فقُتِل، فقال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "عمل قلیلاً وأجر کثیراً." (صحیح البخاری، کتاب الجهاد، باب عمل صالح قبل القتال: ۱/۳۹۴، قدیمی)

"عن أبي هریرة رضي الله عنه أنه کان یقول: "أخبِروني عن رجل دخل الجنة لم یصل صلاةً"؟ ثم یقول: "هو عمرو بن ثابت". (فتح الباری، کتاب الجهاد والسیر، باب عمل صالح قبل القتال: ۶/۳۱، قدیمی)

(۳) "وأهل الکبائر من المؤمنین لا یخلدون في النار وإن ماتوا من غیر توبة، لقوله تعالی: ﴿فمن یعمل مثقال ذرة خیراً یره﴾ ونفس الإیمان عمل خیر لا یمکن أن یری جزاء ه قبل دخول النار، ثم یدخل النار؛ لأنه باطل بالإجماع، فتعین الخروج من النار." (شرح العقائد النسفیة للتفتازاني، ص: ۱۱۷، قدیمی) =

بشارت ہوگی، نہ صرف ایمان پرتو پھر محض ایمان دار ہونے پر استحقاق بشارت کے لئے یہ دلیل پیش کرنا غلط ہوگا۔ واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

صحیح: عبد اللطیف، عبد الرحمٰن، ۱۸/۱/۵۲ھ۔

اخیر وقت کا اسلام

سوال[۲۹]: مسلمان کے علاوہ جتنے انسان ہیں، ان کے مرنے کے وقت فرشتے اس کے سامنے توحید وایمان کی باتیں سناتے ہیں، اگر وہ مان لے تو ایمان دار ہوکر مرتا ہے اور اگر نہیں مانتا ہے تو کافر، یہ بات حدیث سے ثابت ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیا

میں نے یہ بات حدیث کی کسی کتاب میں نہیں دیکھی، بلکہ اس کے خلاف دوسری چیز ثابت ہے، وہ یہ کہ مرتے وقت کا جب کہ برزخ کے احوال منکشف ہونے لگیں تو ایمان مقبول نہیں۔ (۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۲۸/۵/۸۷ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ دارالعلوم دیوبند، ۳۰/۵/۸۷ھ۔

= "ولا نقول: إن المؤمن لا تضره الذنوب وإنه لا يدخل النار، ولا إنه يخلد فيها، وإن كان فاسقاً بعد أن يخرج من الدنيا مؤمناً". (شرح الفقه الأكبر للملا علي القاري، ص:: ۷۶، ۷۷، قديمی)

"مع الاتفاق على أن مرتكب الكبيرة لا يخرج من الإيمان، بل هو في مشيئة الله، إن شاء عذبه، وإن شاء عفا عنه."(شرح العقيدة الطحاوية لابن أبي العز، ص: ۳۳۳، قديمی)

(۱) قال الله تعالىٰ: ﴿فلما رأو بأسنا قالوا: امنا بالله وحده، و كفرنا بما كنا به مشركين، فلم يک ينفعهم إيمانهم لما رأو بأسنا﴾. (غافر: ۸۴.۸۵)

"عن ابن عمر رضی الله تعالىٰ عنهما عن النبی صلی الله تعالىٰ عليه وسلم قال: "إن الله يقبل توبة العبد ما لم يغرغر". (مسند أحمد، رقم الحديث: ۶۱۲۵، ۲/۲۰۱، دار إحياء التراث العربی)

(تفسير ابن كثير، (سورة غافر، آية: ۸۴،۸۵): ۴/۸۱، دار القلم)

و قال العلامة الألوسی رحمه الله تعالىٰ: "(فلم يک ينفعهم إيمانهم لما رأوا بأسنا)": أي عند =

Made searchable using ScribeTools.com

خاتمہ بالخیر

سوال[۳۰] : مرنے کے پہلے کسی نے گناہوں سے توبہ کرلی اور کلمہ پڑھ لیا، اس کے بعد سے کوئی گناہ کا کام نہیں ہوا، بعد اس کے مرگیا تو خاتمہ بالخیر ہوا یا نہیں؟ وہی کلمہ وغیرہ پڑھنا اخیر کا پڑھنا سمجھا جائے گا یا پھر کلمہ پڑھنا ہوگا؟

الجواب حامداً ومصلیاً :

یہ بھی انشاء اللہ خاتمہ بالخیر ہے، اگر اس کلمہ کے بعد کوئی بات کرلی ہو تو پھر کلمہ پڑھ لے۔ غرض دنیا سے رخصت ہوتے وقت آخری بات کلمہ ہو تو بڑی فضیلت وسعادت کی چیز ہے(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند۔

الجواب صحیح: بندہ محمد نظام الدین، دارالعلوم دیوبند۔

= رؤية عذابنا، لأن الحكمة الإلٰهية قضت أن لايقبل مثل ذلک الإيمان". (روح المعانی، (غافر: ۸۴، ۸۵): ۹۲/۲۴، دار إحيا التراث العربی)

(و كذا فی رد المحتار، باب المرتد، مطلب: أجمعوا على كفر فرعون اهـ: ۲۳۱/۴، سعيد)

(۱) "عن معاذ بن جبل رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالیٰ عليه وسلم: "من كان آخر كلامه لا إله إلا الله دخل الجنة". رواه ابو داؤد". (مشكوة المصابيح، كتاب الجنائز، باب ما يقال عند من حضره الموت: ۱۴۱/۱، قديمی)

(وسنن أبی داؤد، كتاب الجنائز، باب فی التلقين: ۸۸/۲، مكتبه إمداديه ملتان)

Made Searchable by ScribeTools.com

ما یتعلق بالقدر

(تقدیر کا بیان)

مسئلہ تقدیر

سوال[۳۱]: بعض لوگوں نے یوں سوال کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جو تقدیریں مقرر کی ہے، اس کے مطابق (انسان) دنیا میں آنے کے بعد عمل کرے گا، یعنی چاہے نیک ہو یا بد، اسی کے حکم کے ماتحت ہوگا، کیونکہ خداوند قدوس نے قرآن شریف میں فرمادیا کہ میرے حکم کے بغیر پتہ بھی ہل نہیں سکتا، لہذا انسان دنیا میں آنے کے بعد جو گناہ کررہا ہے، اس کو آخرت میں کیوں سزا دے گا؟ کسی عالم کا دماغ کتنا ہی عقلمند کیوں نہ ہو، وہ اللہ کی لکھی ہوئی تقدیر سے کم، بیش نہیں کرسکتا ہے۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

مسئلہ تقدیر میں بحث کرنے کی اجازت نہیں (۱) صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم ایک دفعہ کسی گفتگو میں

---

(۱)" والقدر سرّ من أسرار الله تعالىٰ، لم يطلع عليه ملكاً مقرباً و لا نبياً مرسلاً، و لا يجوز الخوض فيه، والبحث عنه بطريق العقل". (مرقاة المفاتيح، كتاب الإيمان، باب الإيمان بالقدر: ۱/۲۵۶، رشيديه)

"عن عائشة رضى الله تعالىٰ عنها قالت: سمعت رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يقول: "من تكلم فى شىء من القدر سئل عنه يوم القيامة، و من لم يتكلم لم يسأل عنه". رواه ابن ماجة". (مشكوة المصابيح، كتاب الإيمان، باب الإيمان بالقدر، ۱/۲۳، قديمى)

"و أصل القدر سرّ الله فى خلقه لم يُطلع على ذلك ملك مقرب و لا نبي مرسل، والتعمق والنظر فى ذلك ذريعة الخذلان وسُلّم الحرمان، و درجة الطغيان، فالحذر كل الحذر من ذلك، نظراً و فكراً و وسوسةً، فإن الله تعالىٰ طوى علم القدر عن أنا مه، و نها هم عن مرامه كما قال فى كتابه: ﴿لا يُسئل عمايفعل و هم يُسئلون﴾. (الأنبياء:۲۳) فمن سأل: لم فعل؟ فقدرد حكم كتاب الله، و من رد حكم كتاب الله تعالىٰ كان من الكافرين ..... و قال على رضى الله تعالىٰ عنه:" القدر سر الله، فلا تكشفه". (العقيدة الطحاوية، ص: ۱۸۰، قديمى)

Made searchable using ScribeTools.com

مشغول تھے، حضرت رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف لائے، فرمایا کہ: ''کیا گفتگو کر رہے تھے؟'' عرض کیا کہ تقدیر کے مسئلہ میں بات تھی، چہرہ مبارک غصہ سے سرخ ہو گیا اور فرمایا کہ: ''کیا اس کے لئے تم پیدا کئے گئے ہو یا میں اس کے لئے بھیجا گیا ہوں؟ ہلاک ہو گئے وہ لوگ، جنہوں نے اس میں گفتگو کی'' (۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۱/ ۱۱/ ۹۰ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ دارالعلوم دیوبند۔

تقدیر مبرم اور معلق

سوال [۳۲]: تقدیر کا فیصلہ اٹل ہے، قلم لکھ چکے، صحیفے سوکھ چکے، قلم اٹھ گیا، اب معترض اعتراض کرتا ہے کہ جب فیصلہ ہو چکا تو پھر بندہ پر سزا و جزا کیوں؟ مثلاً کسی نے خودکشی کی تو اس پر سزا کیوں؟ اور تقدیر کی کتنی قسمیں ہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

تقدیر کا فیصلہ اٹل ہے، سزاء جزا کو بھی تقدیر ہی کا فیصلہ مان لیا جائے تو کیا اشکال ہے؟ تقدیر حقیقۃً ایک ہی قسم کی ہے جو کہ اٹل ہے، جس کو عربی میں مبرم کہتے ہیں۔ اور دوسری جو قسم بعض عبارات میں ملتی ہے، وہ بندوں کے اعتبار سے ہے، جس کو معلق کہتے ہیں، نہ کہ علم الٰہی کے اعتبار سے (۲)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۲۴/ ۲/ ۹۵ھ۔

---

(۱) "عن أبي هريرة رضي الله تعالىٰ عنه قال: خرج علينا رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، و نحن نتنازع في القدر، فغضب حتى احمرّ وجهه، حتى كأنما فقيء في وجنتيه حب الرمان، فقال: "أبهذا أمرتم؟ أم بهذا أرسلت إليكم؟ إنما هلك من كان قبلكم حين تنازعوا في هذا الأمر. عزمت عليكم، عزمت عليكم أن لا تنازعوا فيه". رواه الترمذي". (مشكوة المصابيح، باب الإيمان بالقدر: ۱/ ۲۲، قديمي)

(جامع الترمذي، أبواب القدر: ۲/ ۳۴، سعيد كراچی)

(۲) "إذ المعلق والمبرم كل منهما مثبت في اللوح غير قابل للمحو، نعم المعلق مبرم بالنسبة إلى علمه تعالىٰ، فتعبيره بالمحو إنما هو من الترديد الواقع في اللوح إلى تحقيق الأمر المبرم المبهم الذي معلوم=

تقدیر پر ایمان لانے کا مطلب

سوال[۳۳]: تقدیر پر ایمان لانے کا صحیح مفہوم کیا ہے؟ آیا یہ کہ جملہ امور پیدائش سے پہلے ہی لکھے جا چکے ہیں جیسا کہ احادیث سے ثابت ہے؟ اگر ایسا ہے تو مشکوٰۃ شریف کی حدیث ص: ۹۵ کا کیا مطلب ہے، جس میں حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ: ''میری امت کے دو فرقے ایسے ہیں کہ ان کا اسلام میں کوئی حصہ نہیں ہے، ایک ان میں سے مرجئہ ہے جو کہتا ہے کہ سب کچھ خدا کی تقدیر سے ہے اور بندہ مثل پتھر کے ہے، اور دوسرا قدریہ ہے جو تقدیر کا منکر ہے''(۱)۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

تقدیر پر ایمان لانے کا مفہوم یہی ہے کہ خدائے پاک نے اس عالم کو پیدا فرمانے سے پہلے ہی تجویز فرمادیا

= في أم الكتاب، أو محو أحد الشقين الذى ليس في علمه تعالىٰ فتأمل''.(مرقاة المفاتيح، كتاب الإيمان، باب الإيمان بالقدر: ۱/۲۵۷، رشيديه)

''وأن الذى سبق فى علم الله لا يتغير و لا يتبدل، وأن الذى يجوز عليه التغيير والتبديل ما يبدو للناس من عمل العامل، ولا يبعد أن يتعلق ذلک بما في علم الحفظة والموكلين بالآدمى، فيقع فيه المحو والإثبات كالزيادة فى العمر والنقص، و أما ما في علم الله، فلا محو فيه و لا إثبات، والعلم عند الله''.(فتح البارى: كتاب القدر: ۱۱/۵۹۷، قديمى)

''و أنت تعلم أن المحو والإثبات إذا كانا بالنسبة إلى ما فى أيدى الملائكة و نحوه، فلا فرق بين السعادة والشقاوة والرزق والأجل و بين غيرها فى أن كلاً يقبل المحو والإثبات، و إن كانا بالنسبة إلى ما في العلم، فلا فرق أيضاً بين تلک الأمور و بين غيرها في أن كلاً لا يقبل ذلک، لأنه العلم إنما تعلق بها على ما هى عليه فى نفس الأمر، و إلا لكان جهلاً ،و ما فى نفس الأمر مما لا يتصور فيه التغير والتبدل''. (روح المعانى. [الرعد: ۳۹] ۱۳/۲۴۵، دار الفكر)

(۱) ''عن ابن عباس رضى الله تعالىٰ عنهما قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: ''صنفان من أمتى ليس لهما فى الإسلام نصيب: المرجئة والقدرية'' رواه الترمذى، و قال: هذا حديث غريب حسن صحيح''.(مشكوة المصابيح، باب الإيمان بالقدر: ۱/۲۲، قديمى كتب خانه)

(وجامع الترمذى، أبواب القدر، باب ما جاء فى القدرية: ۲/۳۷، ايچ ايم سعيد)

Made searchable using ScribeTools.com

تھا کہ فلاں شخص فلاں کام کرے گا اور فلاں چیز اس طرح ہوگی (۱)، لیکن اس کے باوجود حق تعالیٰ نے انسان کو مکلّف بنایا، اس کے لئے قانون نازل فرمایا، اگر انسان دیدہ ودانستہ اس قانون پر عمل نہ کرے اور تقدیر کا سہارا لے کر اپنے کو مجبور محض پتھر کی طرح تصور کرے، درآنحالیکہ دنیا کے کاموں میں رات دن جدوجہد کرتا ہے اور خدا کی دی ہوئی ساری قوتوں کو صرف کرتا ہے وہ تقدیر پر صابر رہ کر عملی جدوجہد سے کنارہ کشی کرتا ہے تو ایسا شخص یقیناً گمراہ ہے، سعی و عمل کا صریح حکم موجود ہے، پتھر کو سعی وعمل کا حکم نہیں دیا جاتا، نہ وہ پتھر کی طرح ہے (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

---

(۱) "والمراد أن الله تعالىٰ علم مقادير الأشياء وأزمانها قبل إيجادها، ثم أوجد ما سبق فى علمه أنه يوجد، فكل محدث صادر عن علمه و قدرته و إرادته،هذا هوالمعلوم من الدين بالبراهين القطعية، وعليه كان السلف من الصحابة وخيار التابعين". (فتح البارى، كتاب الإيمان، باب سؤال جبريل النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : ۱/۱۵۸، قديمى)

"واعلم أن مذهب أهل الحق إثبات القدر، ومعناه أن الله تبارک و تعالىٰ قدّر الأشياء فى القدم، و علم سبحانه أنها ستقع فى أوقات معلومة عنده سبحانه و تعالىٰ و على صفات مخصوصة، فهى تقع على حسب ماقدّرها سبحانه و تعالىٰ". (شرح المسلم للنووى، كتاب الإيمان : ۱/۲۷، قديمى)

(و كذا فى شرح السنة، كتاب الإيمان، باب الإيمان بالقدر : ۱/۱۴۰، ۱۴۱، دار الكتب العلمية)

(۲) "وعلى العبد أن يؤمن بالقدر و ليس له أن يحتج به على الله، فالإيمان به هدى، والاحتجاج به على الله ضلال و غيّ". (مجموعة الفتاوى لابن تيمية، كتاب القدر :۸/۱۴۴، مكتبة العبيكان رياض)

"وإذا عرفت ذلک فللعباد أفعال اختيارية يثابون عليها إن كانت طاعةً، و يعاقبون عليها إن كانت معصيةً، لاكما زعمت الجبرية أن لا فعل للعبد أصلاً، لا كسباً ولاخلقاً". (شرح الفقه الأكبر للملا علي القارى، ص :۱۰۲، دار النفائس، بيروت)

(وكذا فى شرح العقائد النسفية للتفتازانى :ص: ۸۲، قديمى)

قال رحمه الله :"فالعبد له كسب وكسبه مخلوق يخلقه اللهحالة ما يكسب". (شرح السنة، كتاب الإيمان، باب الإيمان بالقدر : ۱/ ۱۴۱، دار الكتب العلمية)

"و توسط أهل السنة فمنهم من قال: أصل الفعل خلقه الله و للعبد قدرة غير مؤثرة فى المقدور، وأثبت بعضهم أن لها تأثيراً، لكنه يسمى كسباً". (فتح البارى، كتاب القدر :۱۴/۵۹۹، دار الكتب العلمية)

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین ۹۲/۶/۱۹ھ۔

مشیت ایزدی تقدیر ہے

سوال[۳۴]: ﴿ وما تشاؤن إلا أن يشاء الله﴾ (۱) کا کیا مطلب ہے؟ اور پھر یہ بھی ارشاد ہے: ﴿فمن شاء فليؤمن، ومن شاء فليكفر، إنا أعتدنا للظالمين ناراً﴾ (۲) الایۃ، پھر جزاء وسزا کیوں مرتب ہوتی ہے؟ جب کہ سب کچھ مشیت ایزدی ہی سے ہوتا ہے۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

یہ مسئلہ تقدیر ہے، اس پر ایمان لانا فرض ہے (۳) بحث وتفتیش کی اجازت نہیں کہ: دامن تر مکن

---

(۱) (الدهر : ۲۹)

(۲) (الكهف : ۲۹)

(۳) وفي حديث جبريل : "قال : فأخبرني عن الإيمان، قال: "أن تؤمن بالله و ملائكته و كتبه و رسله واليوم الآخر و تؤمن بالقدر خيره وشره". (مشكوة المصابيح، كتاب الإيمان: ۱/ ۱۱ قديمی)

(والصحيح لمسلم، كتاب الإيمان: ۱/ ۲۷، قديمی كتب خانه)

"عن علی رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالیٰ عليه وسلم : "لا يؤمن عبد حتى يؤمن بأربع : يشهد ان لاإله إلا الله، وأني رسول الله بعثني بالحق، و يؤمن بالموت، والبعث بعد الموت، و يؤمن بالقدر". رواه الترمذی وابن ماجه". (مشكوة المصابيح كتاب الإيمان، باب الإيمان بالقدر : ۱/ ۲۲، قديمی)

(وسنن الترمذی، أبواب القدر، باب ما جاء أن الإيمان بالقدر خيره و شره: ۲/ ۳۶، سعيد)

"قال الشيخ رحمه الله تعالیٰ : الإيمان بالقدر فرض لازم، و هوأن يعتقد أن الله تعالیٰ خالق أعمال العباد، خيرها و شرها، كتبها عليهم في اللوح المحفوظ قبل أن خلقهم، قال الله سبحانه و تعالیٰ: ﴿ والله خلقكم و ما تعملون ﴾ و قال الله عزوجل : ﴿ قل الله خالق كل شيء﴾ و قال عزوجل : ﴿إنا كل شيء خلقناه بقدر﴾. (شرح السنة، كتاب الإيمان، باب الإيمان بالقدر : ۱/ ۱۴۰، ۱۴۱، دارالكتب العلمية)

"أن يؤمن بالقدر، يعنى بأن جميع ما يجرى في العالم بقضاء الله و قدره". (تحفة الأحوذی، كتاب القدر، باب ما جاء أن الإيمان بالقدر خيره و شره: ۶/ ۳۵۷، داراحياء التراث العربی)

Made Searchable using ScribeTools.com

ہشیار باش (۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ۔

کیا تقدیر پر ایمان لانے سے جبر لازم نہیں آتا؟

سوال[۳۵]:"لا یرد القضاء إلاالدعاء" (۲) اس حدیث شریف کا مطلب وتشریح تفصیل سے بیان فرمائیں، احقر اپنے ناقص خیال میں اس کا مطلب یہ سمجھا ہے کہ تقدیر کو دعا کے سوا کوئی چیز رد نہیں کرسکتی تو کیا تقدیر میں جو لکھا ہوا ہے اس کے خلاف ہوسکتا ہے، ایک صاحب کہہ رہے تھے کہ میری تقدیر میں اگر یوں لکھا ہوا ہو کہ میں فلاں شخص کو قتل کروں گا تو میں قتل پر مجبور ہوں، کیونکہ میری تقدیر میں یوں ہی لکھا ہوا ہے تو اس صورت میں میں گناہ گار کیوں؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

اہل تحقیق کے نزدیک اس کا مطلب یہ ہے کہ قضاء بدلتی نہیں، اگر بدلتی تو دعاء سے بدل جاتی، یعنی قضاء

---

(۱) "عن أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه قال : خرج علينا رسول الله صلى الله تعالیٰ عليه وسلمو نحن نتنازع فی القدر، فغضب حتى احمر وجهه، حتى كأنما فقیء في وجنتيه حَبّ الرمان، فقال :" أبهذا أمرتم أم بهذا أرسلت إليكم ؟ إنما هلك من كان قبلكم حين تنازعوا في هذا الأمر، عزمت عليكم، عزمت عليكم ألا تتنازعوا فيه". (مشكوة المصابيح، كتاب الإيمان، باب الإيمان بالقدر : ۲۲/۱،قديمی)

قال الله تعالیٰ:﴿و إذا رأيت الذين يخوضون في آياتنا، فأعرض عنهم حتى يخوضوا في حديث غيره﴾. (الانعام : ٦٨)

"والقدر سرّ من أسرار الله لم يطلع عليه ملكاً مقرباً و لا نبياً مرسلاً، لا يجوز الخوض فيه، والبحث عنه بطريق العقل".(شرح السنة، كتاب الإيمان، باب الإيمان بالقدر : ۱۴۱/۱ ، دارالكتب العلمية)

(۲) (مشكوة المصابيح، كتاب الدعوات: ۱۹۴/۱ ، قديمی)

(وجامع الترمذی، أبواب القدر، باب ما جاء لا يرد القدر إلا الدعاء : ۳۵/۲، سعيد)

کی پختگی کو بتانا ہے، نیز دعاء کی اہمیت کو ذہن نشین کرانا ہے، شروح حدیث اور مشکوۃ کی شرح مرقات وغیرہ میں تفصیل مذکور ہے(۱)۔

---

(۱) "قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم :" (لا يرد القضاء إلا الدعاء) القضاء : هو الأمر المقدر، و تأويل الحديث أنه أراد بالقضاء ما يخافه العبد من نزول المكروه به و يتوقاه، فإذا وفق للدعاء دفعه الله عنه، فنسميته قضاءً مجاز على حسب ما يعتقده المتوقى عنه، يوضحه قوله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فى الرقى: "هو من قدر الله"، و قد أمر بالتداوى والدعاء مع أن المقدور كائن لخفائه على الناس و جوداً و عدماً ..... وقيل : معناه أنه إذا بر لا يضيع عمره فكأنه زاد، وقيل : قدر أعمال البر سبباً لطول العمر، كما قدر الدعاء سبباً لرد البلاء، فالدعاء للوالدين و بقية الأرحام يزيد فى العمر، إما بمعنى أنه يبارك له فى عمره فييسّر له فى الزمن القليل من الأعمال الصالحة ما لا يتيسر لغيره من العمل الكثير، فالزيادة مجازية، لأنه يستحيل فى الآجال الزيادة الحقيقية". (مرقاة المفاتيح كتاب الدعوات: ۱۴/۵، رشيديه)

"فيقال : الدعاء المأمور به لايجب كوناً، بل إذا أمر الله العباد بالدعاء، فمنهم من يطيعه فيستجاب له دعاؤه و ينال طلبته، و يدل ذلک على أن المعلوم المقدور هو الدعاء والإجابة، و منهم من يعصيه فلايدعو فلا يحصل ما علق بالدعاء، فيدل ذلک على أنه ليس فى المعلوم المقدور الدعاء ولا الإجابة، فالدعاء الكائن هو الذى تقدم العلم بأنه كائن، والدعاء الذى لا يكون هو الذى تقدم العلم بأنه لا يكون". (مجموعة الفتاوى لابن تميميةؒ، كتاب القدر: ۱۱۹/۸، مكتبه العُبَيكان رياض)

قال الله تعالىٰ:﴿يمحو الله ما يشآء و يثبت و عنده أم الكتاب﴾ يعنى مما كان فى اللوح، فما كان مكتوباً قابلاً للمحو يسمى بالقضاء المعلق، يمحوه الله تعالىٰ بإيجاد ما علق محوه به، سواء كان ذلک التعليق مكتوباً فى اللوح أو مضمراً فى علم الله تعالىٰ، و ما ليس قابلاً للمحو يسمى بالقضاء المبرم، و ذلک القضاء لايرد". (التفسير المظهرى : ۲۴۵/۵، حافظ كتب خانه كوئٹه)

"فالجواب أن الجميع مفروغ منه لكن الدعاء بالنجاة من عذاب النار، و من عذاب القبر، و نحوهما عبادة، و قد أمر الشرع بالعبادات، فقيل: أفلا نتكل على كتابنا و ما سبق لنا من القدر؟ فقال: "اعملوا فكل ميسر لما خلق له". وأما الدعاء بطول الأجل فليس عبادة وكما لا يحسن ترک الصلاة والصوم و الذكر اتكالاً على القدر، فكذا الدعاء بالنجاة من النار و نحوه". (شرح مسلم للنووى، كتاب القدر، باب بيان أن الآجال والأرزاق وغيرها لا تزيد و لا تنقص عما سبق به القدر : ۳۳۸/۲،قديمى)

Made searchable using ScribeTools.com

تقدیر میں جو کچھ لکھا ہوتا ہے وہ ہو کر رہتا ہے، مگر کسی کو نہیں معلوم کہ کیا لکھا ہوا ہے، اس لئے خواہش طبعی کے موافق گناہوں پر قصداً اقدام کرنا اور یہ کہنا کہ تقدیر میں لکھا ہوا ہے، اس لئے میں ضرور کروں گا اور میں مجبور ہوں، یہ طریقہ غلط، ناجائز اور گمراہی ہے، یہ اہل سنت والجماعت کا مسلک نہیں، بلکہ جبریہ کا مذہب ہے(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۲۰/ ۶/ ۹۲ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ دارالعلوم دیوبند، ۲۰/ ۶/ ۹۲ھ۔

تقدیر کے مسئلہ پر اشکال

سوال [۳۶]: قابل غور بات یہ ہے کہ تقدیر کا مسئلہ جو پروردگار نے روز اول میں لکھ دیا ہے وہ ضرور پورا ہوگا، چاہے کچھ بھی ہو تو پھر انسان کی اس میں کیا خطا ہے کہ کسی آدمی کی زندگی عبادت میں گزری، آخری وقت خاتمہ خراب ہوا تو اس کے لئے دوزخ اتنی زندگی بھر کی عبادت غارت ہوگئی، زندگی میں کبھی نہ کبھی رمضان کا مہینہ ضرور آیا ہوگا اور اس میں چوبیس گھنٹہ میں کوئی نہ کوئی دعاء ضرور بندے کی قبول ہوتی ہے، کبھی کبھی وقتاً فوقتاً علماء نے دعاء ضرور مانگی تو پھر اللہ نے کیوں پورا نہیں کیا؟ تو معلوم ہوا کہ معاذ اللہ، اللہ تعالیٰ بندہ کے دشمن ہیں، ایک زندگی بھر کی فاسق وفاجر عورت ایک کتے کے پانی پلا دینے سے جنت میں گئی، زندگی بھر کی کسی خطاء سے سزا کی مستحق نہیں ہوئی، ایک صاحب نے بتایا کہ انسان کو صرف ارادہ کرنے کا گناہ ملے گا، عمل کا گناہ نہیں، اس کا عذاب ہوگا۔ تو میں کہتا ہوں کہ ارادہ بھی خداوند قدوس کے ہاتھ میں ہے، غلط ارادہ نہ کریں اور نہ روکیں تو پھر

---

(۱) "و إذا عرفت ذلک فللعباد أفعال اختیاریة یثابون علیها إن کانت طاعةً، و یعاقبون علیها إن کانت معصیةً، لا کمازعمت الجبریة أن لا فعل للعبد أصلاً، لاکسباً و لا خلقاً". (شرح الفقه الأکبر للملا علی القاری، ص: ۴۲، قدیمی)

"و للعباد أفعال اختیاریة یثابون بها إن کانت طاعةً و یعاقبون علیها إن کانت معصیةً، لا کمازعمت الجبریة أنه لا فعل للعبد أصلا". (شرح العقائد النسفیة للتفتازانی، ص: ۸۲، قدیمی)

"فالعباد منساقون إلی أن یفعلوا ما یصدر عنهم باختیارهم لا بالإکراه والجبر و لیسوا مجبورین فی اختیارهم الأزلي". (روح المعانی، [البقرة: ۷]، ۱/ ۱۳۳، دار إحیاء التراث العربی)

عذاب کا مستحق نہ رکھیں۔

عقائد اسلام قاسمی میں پڑھا ہے، انسان نہ محدود ہے نہ بالکل آزاد ہے، کہ چاہے جو کرے تو میں کہتا ہوں کہ محدود نہیں رکھا تو جہاں غلط ارادہ کرے، وہ محدود کردے، جب اچھا ارادہ کرے تو چھوڑ دے، عذاب کا مستحق نہ رکھے تو شاید آپ کہیں کہ دوزخ بنانے کی ضرورت ہی نہیں تو میں کہوں گا بالکل ضرورت نہیں۔

الجواب حامداً مصلیاً :

یہ مسئلہ آپ کی سمجھ سے اونچا ہے، جیسے کوئی میزان پڑھنے والا کہے کہ مجھے مسئلہ الکحل کیا ہے، سمجھ میں نہیں آتا۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند۔

کیا تقدیر میں تبدیلی ممکن ہے؟

سوال[۳۷] : تقدیر کسے کہتے ہیں؟ کیا تقدیر میں تبدیلی ممکن ہے؟

الف..... اثبات کی شکل میں ان احادیث وآیات سے تعارض ہوتا ہے، جن میں تقدیر کا نہ بدلنا وارد ہے جیسے ایک حدیث کا مفہوم ہے کہ کچھ صحابہ نے اپنی جنسی چیزوں کو ختم کرانے کے ارادے کئے، اس پر حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ: ''جو چیز مقدر ہوچکی ہے، وہ ہر حالت میں ملے گی''(۱) اسی طرح قرآن کا اعلان ﴿ ما یُبدّل القول لدیّ ﴾(۲)۔

ب:..... نفی کی شکل میں ان احادیث سے تعارض ہوتا ہے، جن میں وارد ہے کہ تقدیر بدل سکتی ہے،

---

(۱) ''عن أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه قال: قلت: يا رسول الله! إنی رجل شاب و أنا أخاف علی نفسی العنت، و لا أجد ما أتزوج به النسآء، فسكت عنی، ثم قلت: مثل ذلک فسكت عنی، ثم قلت مثل ذلک فسكت عنی،ثم قلت مثل ذلک، فقال النبی صلی الله تعالیٰ عليه وسلم :''يا أبا هريرة! جفّ القلم بما أنت لاق ، فاختصر علی ذلک أو ذر''. (صحيح البخاری، كتاب النكاح، باب ما يكره من التبتل والخصاء: ۲/ ۷۵۹، ۷۶۰، قديمی)

(ومشكوة المصابيح، كتاب الإيمان، باب الإيمان بالقدر : ۱/ ۲۰، قديمی)

(۲) (سورة ق : ۲۹)

Made searchable using ScribeTools.com

جیسے: ''لا یرد القضاء إلا بالدعا ''(۱) وغیرہ۔

ج:.....کیا اولیاء اللہ اس کے مجاز ہیں کہ تقدیر میں کسی قسم کی تبدیلی کردیں، مثلاً موت کے وقت کو بدل دیں یا تقدیم وتاخیر کردیں یا مرنے کے بعد زندہ کردیں حالانکہ قرآن اعلان کرتا ہے: ﴿ لا یستأخرون ساعة و لا یستقدمون﴾(۲)۔

الجواب حامداً ومصلیاً :

علم الٰہی میں ہر شیء کے لئے ایک نقشہ ہے کہ اس کا اس طرح ظہور ہوگا، اس کو تقدیر کہتے ہیں، اس نقشہ میں تبدیلی نہیں ہوتی، مگر کوئی چیز مطلق ہوتی ہے، جس کا اظہار پہلے سے کارکنان قضاء وقدر پر بھی بسا اوقات نہیں ہوتا اور قلوب قدسیہ پر بھی انکشاف نہیں ہوتا اور وہ عدم ظہور تعلیق کی وجہ سے اس کو مبدل سمجھ جاتے ہیں (۳)۔

تعلیق کبھی دعا کی ہوتی ہے کبھی کسی اور چیز کی، امید ہے اس گذارش سے (الف، ب، ج) کا جواب

---

(۱) (جامع الترمذی، أبواب القدر، باب ما جاء لا یرد القدر إلا الدعاء : ۲/۳۵، سعید)

(مشکوة المصابیح، کتاب الدعوات : ۱/۱۹۴، قدیمی)

(۲) (الأعراف : ۳۴)

(۳) "واعلم أن مذهب أهل الحق إثبات القدر، ومعناه: أن الله تبارک و تعالیٰ قدر الأشیاء فی القدم وعلم سبحانه أنها ستقع فی أوقات معلومة عنده سبحانه و تعالیٰ وعلی صفات مخصوصة،فهی تقع علی حسب ما قدرها سبحانه و تعالیٰ". (شرح مسلم للنووی، کتاب الإیمان : ۱/۲۷، قدیمی)

"قال فی شرح السنة : الإیمان بالقدر فرض لازم، و هو أن یعتقد أن الله تعالیٰ خالق أعمال العباد خیرها و شرها، وکتبها فی اللوح المحفوظ قبل أن خلقهم، و الکل بقضائه و قدره و إرادته ومشیئته غیر أنه یرضی الإیمان والطاعة، و وعد علیهما الثواب، و لا یرضی الکفر والمعصیة و أوعد علیهما العقاب، والقدر سر من أسرار الله تعالیٰ لم یطلع علیه ملکاً مقرباً و لا نبیاً مرسلاً". (مرقاة المفاتیح، کتاب الإیمان، باب الإیمان بالقدر : ۱/۲۵۶، رشیدیه)

"و قال أبوالمظفر بن السمعانی : سبیل معرفة هذا الباب التوقیف من الکتاب والسنة دون محض القیاس والعقل، فمن عدل عن التوقیف فیه ضلّ و تاه فی بحار الحیرة، و لم یبلغ شفاء العین، و لا ما یطمئن به القلب؛ لأن القدر سر من أسرار الله تعالیٰ اختص العلیم الخبیر به، و ضرب دونه الأستار، و حجبه عن عقول الخلق و معارفهم لما علمه من الحکمة، فلم یعلمه نبي مرسل و لا ملک مقرب". (فتح الباری، کتاب القدر : ۱۱/۵۸۴، دار الکتب العلمیة)

Made Searchable by ScribeTools.com

واضح ہوجائے گا۔

مسئلہ تقدیر کی دلیل شروح حدیث: فتح الباری (۱) عمدۃ القاری (۲) مرقاۃ (۳) وغیرہ میں مذکور ہیں، زیادہ تفصیل مطلوب ہوتو مفاتیح الغیب (۴) اورروح المعانی (۵) میں دیکھیں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۱۱/ ۷/ ۹۳ھ۔

---

(۱) "قوله: (باب: ﴿قل لن يصيبنا إلا ما كتب الله لنا﴾ قضى) فسر "كتب" بقضى و هو أحد معانيها، و به جزم الطبري في تفسيرها، و قال الراغب: و يعبر بالكتابة عن القضاء الممضى كقوله: (لولا كتاب من الله سبق): أي فيما قدره، ومنه (كتب ربكم على نفسه الرحمة) و قوله: ﴿قل لن يصيبنا إلا ما كتب الله لنا﴾ يعني ما قدره وقضاه ..... قال ابن بطال: و قد قيل: إن هذه الآية و ردت فيماأصاب العباد من أفعال اللهالتي اختص بها دون خلقه، و لم يقدرهم على كسبها دون ما أصابوه مكتسبين له مختارين، قلت: والصواب: التعميم وأن ما يصيبهم باكتسابهم واختيارهم، هو مقدور لله تعالىٰ و عن إرادته وقع، والله اعلم". (فتح الباری، کتاب القدر، باب: (قل لن يصيبنا إلا ما كتب الله لنا): ۱۱/ ۶۲۹، دار الكتب العلمية)

(۲) ﴿وكان أمر الله قدرا مقدوراً﴾: أي حكماً مقطوعاً بوقوعه، وقال المهلب: غرضه في الباب أن يبين أن جميع مخلوقات الله عزوجل بأمره بكلمة: "كن" من حيوان أو غيره و حركات العباد و اختلاف إرادتهم وأعمالهم من المعاصي أو الطاعات، كل مقدر بالأزمان والأوقات، لازيادة في شيء منها، و لا نقصان عنها و لا تأخير لشيء منها عن وقته و لا يقدم قبل وقته". (عمدة القاری: کتاب القدر، باب (وكان أمر الله قدرا مقدورا): ۲۳/ ۲۳۱، دار الكتب العلمية)

(۳) "قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "كتب الله مقادير الخلائق قبل أن يخلق السموات والأرض"، معنى "كتب الله" أجرى الله القلم على اللوح المحفوظ بإيجاد ما بينهما من التعلق، و أثبت فيه مقادير الخلق ماكان و ما هو كائن إلى الأبد على وفق ما تعلقت به إرادته أزلاً كإثبات الكاتب ما في ذهنه بقلمه على لوحه، و قيل: أمر الله القلم أن يثبت في اللوح ما سيوجد من الخلائق ذاتاً و صفةً و فعلاً وخيراً و شراً على ماتعلقت به إرادته". (مرقاة المفاتيح، كتاب الإيمان، باب الإيمان بالقدر: ۱/ ۲۵۷، رشيديه)

(۴) ﴿وكان أمر الله مفعولا﴾: أى مقضياً ما قضاء كائن ..... ﴿وكان أمر الله قدراً مقدوراً﴾: أى كل شيء بقضاء و قدر ..... فإن الخير كله بقضاء و ما في العلام من الضرر بقدر، فالله تعالىٰ خلق المكلف بحيث يشتهي و يغضب، ليكون اجتهاده في تغليب العقل والدين عليهما مثاباً عليه بأبلغ وجه فاقضى =

Made searchable using ScribeTools.com

انسان سے برے کام کیا اللہ تعالیٰ کراتا ہے؟

سوال[۳۸]: انسان جو اچھے برے کام انجام دیتا ہے، کیا وہ خود کرتا ہے یا اللہ کراتا ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

اللہ تعالیٰ برے کام کرنے کے لئے کسی کو حکم نہیں کرتا، بلکہ وہ تو برے کام سے منع کرتا ہے(۱) انسان نفس وشیطان کے بہکانے سے خود برے کام کرتا ہے اور سزا کا مستحق ہوتا ہے(۲)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

ہر ایک کا ارادہ خدا کے ارادہ کے تابع ہے

سوال[۳۹]: بموجب آیت کریمہ:﴿ و ما تشاؤ ن إلا أن يشاء الله ﴾(۳) ہر کام کے لئے پہلے مشیت الٰہی ہوتی ہے، اس کے بعد بندہ کا ارادہ ہوتا ہے اور ارادہ کی عملی صورت کا نام اہتمام ہے، چنانچہ اہتمام کا انکار ارادہ کا انکار ہے اور ارادہ کا انکار مشیت الٰہی کا انکار ہے یعنی اہتمام کو ضلالت بتانا، یہ اہتمام کی اصل مشیت الٰہی کو ضلالت بتانا ہے جو اصولاً غلط ہے، لہذا اہتمام کے متعلق اگر کوئی حدیث صریح ہو تو نقل فرمائیے، ورنہ یہ تحریر فرمائیے کہ اس کے متعلق کوئی حدیث صریح نہیں ہے۔

= ذلک فی البعض إلی أن زنی و قتل فالله لم يخلقهما فيه مقصوداً منه القتل و الزنا و إن كان ذلک بقدر الله الخ". (التفسير الكبير الموسوم بمفاتيح الغيب :۲۵/۲۱۲، ۲۱۳، سورة الأحزاب ، رقم الآية :۳۷، ۳۸، دار الكتب العلمية بيروت)

(۵) ﴿وكان أمر الله قدراً مقدوراً﴾ ..... وهو الإرادة الأزلية المتعلقة بالأشيا على ماهى عليه ،وجوّز كونه بالمعنى المشهور له، و هو إيجاد الأشياء على قدر مخصوص وكمية معيته من وجوه المصلحة وغيرها". (روح المعانی ، سورة الأحزاب : ۱۲/۴۰، دار الفكر)

(۱) قال الله تعالیٰ: ﴿وينهى عن الفحشاء والمنكر والبغي﴾. (النحل : ۹۰)

(۲) قال تعالیٰ: ﴿ إن النفس لأمارة بالسوء ﴾ (يوسف : ۵۳)

و قال تعالیٰ: ﴿الشيطان يعدكم الفقر و يأمركم بالفحشآء﴾. (البقرة: ۲۶۸)

(۳) (الدهر : ۲۹)

نوٹ: جواب بقدر سوال لکھا جاوے، زائد باتیں نہ لکھی جاویں کہ پھر سوال کرنا پڑے، چار حدیثوں کے لئے جگہ چھوڑی جاتی ہے۔

الجواب حامداً ومصلیاً :

یہ اشکال بعینہ اسی تقریر کے ساتھ معاصی میں بھی جاری ہے تو جس طرح طاعات وقربات مستحبہ غیر واجبہ کے اہتمام کا انکار ارادہ کا انکار ہے اور ارادہ کا انکار مشیت الٰہی کا انکار ہے، اسی طرح معاصی کے اہتمام کا انکار ارادہ کا انکار ہے اور ارادہ کا انکار مشیت الٰہی کا انکار ہے(۱)۔ فما قولکم رحمکم اللہ ۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۳/شعبان ۶۶ھ۔

تنبیہ : طرز سوال مناظرانہ ہے مستفتیانہ نہیں، اس کے متعلق پہلے بھی عرض کیا تھا۔فی الجواب کفایة لمن أراد الهداية وأماالمجادل فلا يقنع إلا بالمجادلة۔

سعید احمد غفرلہ مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور ۵ شعبان ۶۶ھ۔

---

(۱) قال اللہ تعالیٰ: ﴿و ما تشاؤ ن إلا أن يشاء الله﴾ (الدهر : ۲۹)

قال اللہ تعالیٰ: ﴿و ما تشاؤ ن إلا أن يشاء الله رب العالمين﴾ (التكوير : ۲۹)

"و عن بعض بنات النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم أن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم كان يعلّمها فيقول: "قولی حين تصبحين سبحان اللہ و بحمده و لا قوة إلا باللہ، ما شآء اللہ كان، و ما لم يشأ لم يكن، أعلَمُ أن اللہ علی كل شیء قدير وأن اللہ قد أحاط بكل شیء علماً". ..... الخ". (مشكوة المصابيح، كتاب الدعوات، باب ما يقول عند الصباح والمساء والمنام: ۱/ ۲۱، قديمی)

"و من قال : إنه يكون فی الوجود شیء بدون مشيئة اللہ فقد أخطأ، و من قال : ما شاء اللہ كان و مالم يشأ لم يكن، فقد أصاب، و كل ما تقدم فقد كان بمشيئة اللہ قطعاً، فاللہ خلق السموات بمشيئته قطعاً، و أرسل محمداً بمشيئته قطعاً، والإنسان الموجود خلقه بمشيئته قطعاً، وإن شاء اللہ أن يغير المخلوق من حال إلی حال، فهو قادر علی ذلک، فماخلقه فقد كان بمشيئته قطعاً، وإن شاء اللہ أن يغيّره غيّره بمشيئته قطعاً، واللہ اعلم". (مجموعة الفتاوىٰ لابن تيميه، كتاب القدر: ۸/ ۳۹، مكتبه العبيكان، الرياض)

Made searchable using ScribeTools.com

انسان مختار ہے یا مجبور؟

سوال[۴۰]: زید معتقد ہے کہ دنیا میں جب میری پیدائش نہیں تھی، قبل پیدائش نہ میں فرشتہ تھا، نہ جنات، نہ کوئی جانور، نہ پتھر، غرض یہ کہ کچھ بھی نہیں تھا گویا میرا وجود ہی نہیں تھا، جبکہ لاشیٔ محض ہوتو نہ مسلمان ہونے سے مطلب، نہ کافر ہونے سے مطلب، نہ دوزخ سے کوئی غرض، نہ جنت سے۔ اب جبکہ اللہ عزوجل نے دنیا میں میرا وجود بخشا اور میں آدمی بن گیا تو مجھ کو مسلمان رہنا فرض ہے اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا اتباع، قرآن وحدیث کو ماننا، جنت اور دوزخ پر ایمان لانا وغیرہ سب ضروری ہوگا۔

زید کا دل تصدیق کرتا ہے کہ اللہ تعالیٰ ظالم نہیں ہے، پھر جبکہ جنت کی باتیں اور دوزخ کی ہزار ہا دردناک سزائیں زید کے کانوں میں پڑتی ہیں تو زید کو بیماری پیدا ہو جاتی ہے، کہ میں دنیا میں نہیں آتا، وہیں ٹھیک تھا۔ اللہ تعالیٰ نے میری روح پیدا کر کے یہ سب ظلم کیا، (نعوذ باللہ) کہ مجھ کو دنیا میں پیدا کیا، ورنہ مجھ کو دوزخ جنت سے کیا مطلب تھا، زید کو بہت سمجھایا جاتا ہے، اب یہ بھی کہنا شروع کر دیا ہے کہ اللہ تعالیٰ انسان کو پیدا کرنے سے پہلے ہی لکھتا ہے کہ فلاں دوزخی اور فلاں جنتی، اللہ کو سب علم پہلے سے ہے کہ فلاں آگے چل کر گمراہ ہوگا، فلاں مسلمان ہو جائے گا۔ تو اب انسان کو کوئی اختیار اور کسب ہی نہیں، مجبور محض ہوا، سب کچھ تو اللہ تعالیٰ پہلے ہی لکھ دیتا ہے۔ اب دنیا میں انسان وہی کر رہا ہے، جو لکھا ہوا ہے تو کسی کو اللہ تعالیٰ جنت دے اور کسی کو دوزخ دے، یہ ظلم نہیں تو کیا ہے، جبکہ اللہ تعالیٰ کسی شئی کا محتاج نہیں ہے اور اس کی عبادت کے لئے فرشتے ہی کافی ہیں، اب انسان کو پیدا کیا، بناء بریں جب اللہ تعالیٰ دوزخی کو جنت میں داخل کرے گا تو گناہ معاف فرمادے تو احسان کیسا، بلکہ ظلم سے باز آنا ہے (نعوذ باللہ) مذکورہ بالا تحریر کا کیا جواب ہوگا؟ جبکہ زید کو دنیا میں آنے کی کوئی ضرورت ہی نہیں تھی، یہ تو اللہ تعالیٰ کی خلقت ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

زید از خود بے علم ہے، اس کو خبر نہیں کہ دنیا میں آنے سے کیا فائدہ، اس کا مقصد حیات تو وہ جانتا ہے جس نے اس کو پیدا کیا ہے اور اس نے اس مقصد کو بتا بھی دیا ہے (۱) اگر زید اپنے اختیار سے پیدا ہوتا تو وہ خود مقصد تجویز کرتا، جب ایسا نہیں ہے تو اس کو خود تجویز کرنے کا حق ہی نہیں ہے، جو حکم زید کو دیا گیا ہے، اس پر

---

(۱) قال اللہ تعالیٰ: ﴿و ما خلقت الجن والانس إلا لیعبدون﴾ (الذاریات: ۵۶)

پابندی سے عمل کرتا رہے، اس کی تقدیر میں کیا لکھا ہے اس کا وہ ذمہ دار نہیں ہے، نہ اس کو بتلایا گیا ہے کہ تقدیر میں یہی ہے، اس سے زائد اس مسئلہ میں بحث نہ کرے، ورنہ زائد فتنہ میں مبتلا ہو کر ایمان کے ضائع ہونے کا اندیشہ ہے(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ دارالعلوم دیوبند۔

ایضاً

سوال[۴۱]: آدمی مجبور محض ہے یا کہ نہیں؟ واضح دلیل پیش کریں زید کی بیماری کا علاج ضروری ہے۔

الجواب حامداً ومصلیاً :

انسان کو اختیار وارادہ دیا گیا ہے(۲) چنانچہ اپنے اختیار وارادے سے کھاتا ہے، پیتا ہے، سنتا ہے، چلتا

= و قال الله تعالىٰ: ﴿ و ما خلقت الجن والإنس إلا ليعبدون﴾ : أي إنما خلقتهم لآمرهم بعبادتي لا لاحتياجي إليهم". (تفسير ابن كثير، (الذاريات: ۵۶)، ۳۰۴/۴، مكتبه دار الفيحاء)

قال الله تعالىٰ: ﴿ و ما أمروا إلا ليعبد الله مخلصين له الدين ﴾ (البينة : ۵)

قال الله تعالىٰ: ﴿ قل إني أمرت أن أعبد الله مخلصاً له الدين ﴾ (الزمر: ۱۱)

(۱)"(و من لم يتكلم فيه لم يسأل عنه)؛ لأن الخلق مكلفون بالإيمان بالقدر بمقتضى الأدلة النقلية، غير مأمورين بتحقيقه بموجب الأدلة العقلية، فالشخص إذا آمن بالقدر و لم يبحث عنه، لا يرد عليه سؤال الاعتراض بعدم التفحص فإنه غيرمأمور به". (مرقاة المفاتيح، كتاب الإيمان، باب الإيمان بالقدر : ۳۱۶/۱، ۳۱۷، رشيديه)

"و أصل القدرّ سرّ الله في خلقه، لم يطلع على ذلك ملك مقرب و لا نبي مرسل، والتعمق والنظر في ذلك ذريعة الخذلان، و سلّم الحرمان، ودرجة الطغيان، فالحذر كل الحذر من ذلك نظراً و فكراً و وسوسةً، فإن الله تعالىٰ طوى علم القدر عن أنامه، و نهاهم عن مرامه، كما قال في كتابه : (لايُسئَل عما يفعل و هم يُسئَلون) فمن سأل: لم فعل ؟ فقد رد حكم كتاب الله، و من رد حكم كتاب الله تعالىٰ كان من الكافرين ". (شرح العقيدة الطحاوية، ص: ۱۸۰ ،قديمى)

(۲)"و إذا عرفت ذلك فللعباد أفعال اختيارية يثابون عليها إن كانت طاعةً، و يعاقبون عليها إن كانت معصيةً، لا كما زعمت الجبرية أن لا فعل للعبد أصلاً كسباًو لا خلقاً". (شرح الفقه الأكبر للملا على القاري ،ص: ۴۲، قديمى) =

Made Se Made searchable using ScribeTools.com pols.com

پھرتا ہے، یہ سب ظاہر ہے اور ہر ایک کا مشاہدہ ہے، کسی دلیل کی حاجت نہیں ہے۔ زید کو ضرورت ہے کہ کسی بزرگ صاحب نسبت کی خدمت میں جا کر رہے اور ان سے اصلاحی تعلق قائم کر کے ان کی ہدایات پر عمل کرے ان شاء اللہ تعالیٰ نفع ہوگا۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ دارالعلوم دیوبند۔

خودکشی کرنے والے کی موت خود اس کے قبضہ میں نہیں

سوال[۴۲]: موت کے متعلق ایک شخص کا قول ہے کہ میرے بس میں ہے کہ اگر میں ابھی خودکشی کرلوں تو مجھے کون روک سکتا ہے، اس کے خیالات کو کس طرح باطل کیا جاسکتا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

ہر ایک کی موت کا اللہ تعالیٰ کی طرف سے وقت مقرر ہے اور اس کا سبب بھی مقرر ہے، بعض دفعہ آدمی ڈوبتا ہے، زہر کھالیتا ہے، مختلف اسباب کو اختیار کرتا ہے، مگر وقت نہیں آتا تو نہیں مرتا، جب وقت آجاتا ہے تب مرجاتا ہے، کوئی پہرہ، کوئی حفاظت موت سے روکنے کے لئے کارگر نہیں ﴿فإذا جآء أجلهم لا يستأخرون ساعةً و لا يستقدمون﴾(۱) ۔وقال الله تعالى ﴿ أينما تكونوا يدرككم الموت و لو كنتم فى

= "والحاصل أن العبد ليس خالقاً لأفعاله، وإنما هو كاسب لها باختياره" (تكملة فتح الملهم، كتاب القدر، ۴۶۸/۵، مكتبه دارالعلوم كراتشى)

"ان أفعال العباد الاختيارية واقعة بقدرة الله سبحانه و تعالىٰ و حدها، ليس لقدرتهم تأثير فيها، بل الله سبحانه أجرى عادته بأن يوجد فى العبد قدرةً و اختياراً، فإذا لم يكن هناك مانع أوجد فيه فعله المقدور مقارناً لهما، فيكون فعل العبد مخلوقاً لله إيداعاً و إحداثاً و مكسوباً للعبد، والمراد بكسبه إياه مقارنته لقدرته و إرادته من غير أن يكون هناك منه تأثير أو مدخل فى وجوده سوى كونه محلاً له، و هذا مذهب الشيخ أبى الحسن الأشعرى". (شرح المواقف، المرصد السادس فى أفعاله تعالىٰ و فيه مقاصد: ۱۶۳/۸، دارالكتب العلمية)

"فالعباد منساقون إلى أن يفعلوا مايصدر عنهم باختيارهم، لا بالإكراه والجبر، وليسوا مجبورين فى اختيارهم الأزلي". (روح المعانى، [البقرة: ۷]: ۱۳۳/۱، دار إحياء التراث العربى)

(۱) (الأعراف: ۳۴) (النحل: ۶۱) ("يونس: ۴۹)

بروج مشیّدة﴾ (۱)۔فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۲۸/۴/۹۲ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۲۸/۴/۹۲ھ۔

وقت سے پہلے موت نہیں آتی

سوال [۴۳]: وقت سے پہلے موت آتی ہے کہ نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

خدائے پاک نے جس کے لئے موت کا جو وقت مقرر فرمادیا ہے، اس سے پہلے موت نہیں آتی، ہر ایک اپنے وقت پر ہی مرتا ہے "لکل عنده أجل مسمّی" الحدیث (۲)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۲۹/۵/۹۲ھ۔

---

(۱) (النساء: ۷۸)

﴿أینما تکونوا یدرککم الموت و لو کنتم فی بروج مشیدة﴾: أی أنتم صائرون إلی الموت لا محالة ولاینجو منه أحد منکم، کما قال تعالیٰ: ﴿کل من علیها فان﴾ الایة، وقال تعالیٰ: ﴿کل نفس ذائقة الموت﴾ و قال تعالیٰ: ﴿و ما جعلنا لبشر من قبلک الخلد﴾ والمقصود أن کل أحد صائر إلی الموت لا محالة، و لا ینجیه من ذلک شیء، سواء جاهد أو لم یجاهد، فإن له أجلاً محتُوماً، و مقاماً مقسُوماً". (تفسیر ابن کثیر، النساء:۷۸: ۱/۲۹۹، مکتبه دار الفیحاء و مکتبه دار السلام)

(۲) "حدثنی أسامة بن زید ..... فأرسل یقرىء السلام و یقول: "إن لله ما أخذ، و له ما أعطی، وکل عنده بأجل مسمّی". الحدیث(صحیح البخاری، کتاب الجنائز، باب قول النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: یعذب المیت ببعض بکاء أهله علیه: ۱/۱۷۱، قدیمی)

(والصحیح لمسلم، کتاب الجنائز: ۱/۳۰۱، قدیمی)

قال الله تعالیٰ: ﴿و لن یؤخر الله نفساً إذا جآء أجلها﴾ (المنافق: ۱۱)

قال الله تعالیٰ: ﴿و لکل أمة أجل فإذا جآء أجلهم لا یستأخرون ساعةً و لا یستقدمون﴾ (الأعراف: ۳۴)

Made searchable using ScribeTools.com

خلقت انسانی کی غایت

سوال[۴۴]: انسان کو اللہ تعالیٰ نے کس واسطے پیدا کیا ہے؟ پیدا کرنے میں جو غرض رکھی ہے کیا اس غرض کا محتاج تھا؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

انسان اس دنیا میں اس لئے پیدا کیا گیا کہ وہ یہاں آ کر محنت کرے اور آخرت کی زندگی کو سدھارے، آخرت کی زندگی یہاں کی زندگی سے سدھر جاتی ہے(۱) اس طرح کہ اللہ پاک نے جن چیزوں کا حکم دیا، ان پر عمل کرے اور جن چیزوں سے منع کیا ان سے باز رہے۔ واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ دارالعلوم دیوبند۔

غریب کی غریب سے شادی تقدیری ہے یا کوشش سے؟

سوال[۴۵]: ۱.....انسان کا جو عقد ہوتا ہے وہ منجانب اللہ ہوتا ہے یا انسان کی تجویز سے؟ یہاں اختلاف ہو گیا ہے۔

۲..... مالدار کی قسمت میں مالدار ہی بننا ہے اور غریب کی قسمت میں غریب ہی بننا ہے، مالدار اپنی بیٹی غریب کو نہیں دیتا ہے یہ سب منجانب اللہ ہے، یا انسان کی سعی ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً :

۱..... ہر انسان کے دنیا میں آنے سے پہلے اللہ پاک کی طرف سے اس کی ہر چیز مقرر ہو چکی ہے، انسان اس کے خلاف ہزار کوشش کرے، یا چاہے کبھی بھی کامیاب نہیں ہو سکتا، یہ ایمان ہے، یہی ہر مسلم کا عقیدہ

---

(۱) "الدنیا مزرعة الآخرة". (کشف الخفاء و مزیل الألباس، رقم الحدیث: ۱۳۲۰، ۱/۴۱۲، دارإحیاء التراث العربی)

(واتحاف السادة المتقین للزبیدی، ۸/۵۳۹، بیروت)

"و تمام ذلک أن الدنیا مزرعة الآخرة، وفیها التجارة التی یظهر ربحها فی الآخرة، فمن استعمل فراغه وصحته فی طاعة الله فهو المغبوط، و من استعملها فی معصیة الله فهو المغبون". (فتح الباری، کتاب الرقاق : ۱۱/۲۳۰، دارالمعرفة)

ہونا چاہئے، قرآن پاک اور حدیث شریف کی تعلیم بھی یہی ہے(۱)۔

۲.....جس کی جیسی قسمت تجویز کردی گئی ہے، وہی چیز سامنے آتی ہے(۲) یہ ضروری نہیں کہ ہر مالدار کو رشتہ دار مالدار ہی ملے، نہ یہ ضروری ہے کہ ہر غریب کو رشتہ دار غریب ہی ملے، بسا اوقات اس کے برخلاف بھی ہوتا ہے۔ مالدار کی مالداری بھی اکثر ختم ہوکر غربت آجاتی ہے اور غریب کی غربت ختم ہوکر بھی اکثر مالداری آجاتی ہے، نہ مالداری کو دوام ہے، نہ غربت کو۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۶/۱/۸۹ھ۔

معصوم بچے کس قصور کی وجہ سے بیمار ہوتے ہیں؟

سوال[۴۶]: دنیا میں بچے بیمار ہوتے ہیں اور تکلیف میں رہتے ہیں، حالانکہ وہ معصوم ہیں، انہوں نے کیا قصور کیا؟

(۱، ۲) قال الله تعالیٰ: ﴿قل لن يصيبنا إلا ما كتب الله لنا﴾. (التوبة : ۵۱)

وقال الله تعالیٰ: ﴿إنا كل شيء خلقناه بقدر﴾. (القمر : ۴۹)

وقال الله تعالیٰ: ﴿و ما تشآء ون إلا أن يشآء الله﴾. (الدهر : ۳۰)

"عن عبد الله بن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما قال : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : "كتب الله مقادير الخلائق قبل أن يخلق السموات والأرض بخمسين ألف سنة". رواه مسلم". (مشكوة المصابيح، كتاب الإيمان، باب الإيمان بالقدر : ۱/۱۹، قديمی)

"و عن ابن مسعود رضی الله تعالیٰ عنه قال : حدثنا رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم و هو الصادق المصدوق: "إن خلق أحدكم يجمع فی بطن أمه أربعين يوماً نطفةً، ثم يكون علقةً مثل ذلك، ثم يكون مضغةً مثل ذلك، ثم يبعث الله إليه ملكاً بأربع كلمات: فيكتب عمله و أجله و رزقه و شقی أوسعيد". الحديث (مشكوة المصابيح، كتاب الإيمان، باب الإيمان بالقدر: ۱/۲۰، قديمی)

"عن عبادة بن الصامت رضی الله تعالیٰ عنه قال : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : "إن أول ما خلق الله القلم، فقال له : "اكتب"، قال: ما أكتب ؟ قال: "اكتب القدر". فكتب ما كان و ما هو كائن إلى الأبد". (رواه الترمذی وقال: هذا حديث غريب اسناداً). (مشكوة المصابيح، كتاب الإيمان، باب الإيمان بالقدر : ۱/۲۱، قديمی)

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداً و مصلیاً:

یہ کیسے معلوم ہوا کہ یہ کسی قصور کی سزا ہے، درحقیقت یہ بنیاد ہی غلط ہے کہ یہاں جس کو بھی بیماری یا کوئی تکلیف پہونچتی ہے وہ کسی قصور کی سزا ہوتی ہے بلکہ اس میں دوسری مصالح بھی ہوتی ہیں (۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند۔

الجواب صحیح بندہ نظام الدین غفرلہ دارالعلوم دیوبند۔

معصوم بچوں کے بیمار ہونے کا سبب

سوال[۴۷]: نابالغ بچے اور شیر خوار بچے معصوم یعنی بے گناہ ہوتے ہیں، ان سے قبر میں سوال نہیں ہوتا تو ان کی زندگی میں انہیں ایسی ایسی تکلیفوں میں کیوں مبتلا کیا جاتا ہے جو ہم سے دیکھی نہیں جاتی؟ زیادہ تر چیچک کی بیماری میں مبتلا ہوتے ہیں۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

ان کے درجات کو بلند کرنا نیز ان کے والدین اور عزیزوں کو جو کچھ پریشانی اور تکلیف ہوتی ہے اس سے ان کے گناہوں کو دور کرنا اور خدائے پاک کی طرف توجہ دلانا، یہ دو فائدے تو بالکل صاف نظر آتے ہیں اور بھی فائدے ہوں گے جو اللہ کے علم میں ہوں گے، اگر چیچک میں زیادہ مبتلا ہوتے ہیں تو اس میں والدین وغیرہ کے گناہوں کا کفارہ ہوتا ہے کیونکہ یہ بیماری زیادہ گھناؤنی ہے (۲)۔

---

(۱) اس لئے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بھی بیمار ہوئے ہیں حالانکہ وہ نبی معصوم ہیں بلکہ یہ اللہ تعالیٰ کی مرضی ہے کہ جسے چاہیں بیمار کریں اور جسے چاہیں صحت دیں۔ حدیث میں آیا ہے کہ اللہ تعالیٰ جس شخص کو بھلائی پہنچانے کا ارادہ کرتا ہے تو اسے کسی مصیبت میں مبتلا کر دیتا ہے:

"عن أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله عليه وسلم: "من يرد الله به خيراً يصيب منه". (مشكوة المصابيح، ص: ۱۳۴، كتاب الجنائز، باب عيادة المريض و ثواب المرض، سعيد)

(۲) چونکہ بچوں کے بیمار ہونے سے والدین کو بہت تکلیف ہوتی ہے اس لئے اس سے ان کے درجات بلند ہوتے ہیں:

"عن أبی موسی رضی الله تعالیٰ عنه أن رسول الله صلی الله عليه وسلم قال: "لا يصيب عبداً =

Made Searchable by ScribeTools.com

اصل میں یہ خیال ہی غلط ہے کہ یہاں جو بیماری ہوتی ہے وہ بیمار کے گناہوں کی وجہ سے ہوتی ہے، اس لئے کہ حضرات انبیاء کرام علیہم السلام کو بھی بیماریاں پیش آئی ہیں، حالانکہ وہ بھی معصوم ہیں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۲۵/۱۰/۹۰ھ۔

اولاد الزنا کا کیا قصور ہے؟

سوال[۴۸]: کسی مرد وعورت کے ناجائز تعلقات سے جو اولاد پیدا ہوتی ہے وہ برادری میں حرامی کہی جاتی ہے اور برادری سے خارج کردی جاتی ہے، میری سمجھ میں نہیں آتا کہ قصور والدین کا ہے، لڑکے پر دھبہ کیوں قیامت تک آخر کار لگا رہتا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

ایسی اولاد کا قصور نہیں، جو کچھ سزا ہے وہ ناجائز حرکت کرنے والوں کے لئے ہے(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ دارالعلوم دیوبند، ۸/۸/۸۸ھ۔

☆.....☆.....☆.....☆.....☆

= نكبة فما فوقها أو دونها إلا بذنب، وما يعفوا الله تعالىٰ عنه أكثر و قرأ: ﴿و ما أصابكم من مصيبة فبما كسبت أيديكم و يعفو عن كثير﴾. رواه الترمذى". (مشكوة المصابيح ص: ۱۳۶، باب عيادة المريض، قديمى)

"عن أبى سعيد عن النبى صلى الله عليه وسلم قال: "ما يصيب المسلم من نصب، و لا وصب، ولا هم، و لا حزن، و لا أذى، و لا غم حتى الشوكة يشاكها، إلا كفّر الله بها من خطاياه". (مشكوة المصابيح ص: ۱۳۴، باب عيادة المريض، قديمى)

(۱) قال الله تعالىٰ: ﴿ولا تزر وازرة وزر اخرى﴾. (الزمر، پ: ۲۳، آية: ۷) وقال الله تعالىٰ: ﴿من عمل صالحاً فلنفسه ومن أساء فعليها﴾. (حم السجدة، پ: ۲۴، آية: ۴۶)

"قال الآلوسى رحمه الله قوله تعالىٰ: "(ومن أساء فعليها) ضره لا على الغير". (روح المعانى: ۱۳۱/۲۴، بيروت)

Made searchable using ScribeTools.com

مایتعلق بالسعادة والنحوسة
(نیک شگونی اور بدشگونی کا بیان)

بدشگونی

سوال[۴۹]: گھر والوں کو تاریخ، یا دن کا شک ہو تو اس کو بدشگونی سمجھتے ہوئے ان کے ساتھ چلا جائے، یا صحیح طریقہ پر، تاکہ خدانخواستہ کچھ ہو گیا ہے تو ان کا شک قوی ہو جائے گا اور یہ ایمان کے خلاف ہو گا، کیوں کہ ایک حدیث کا مفہوم ہے کہ ''بدشگونی اور بیماری کا لگنا کوئی چیز نہیں'' تو دوسری حدیث کا مفہوم ہے کہ ''جذامی سے ایسا دور رہو جیسا کہ شیر سے''(۱)۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

کسی دن، یا تاریخ کو منحوس سمجھیں تو اصلاح لازم ہے(۲)، جذامی سے احتیاط کا حکم اس لئے بھی ہے کہ اس کے ظاہری اسباب کی وجہ سے اگر کسی کو جذام ہو گیا تو وہ جذام کو متعدی نہ سمجھنے لگے، جس سے بچنا مقصود ہے(۳)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۱۷/۳/۹۱ھ۔

---

(۱) وعن أبی هريرة رضی الله عنه قال: قال رسول الله ﷺ :" لا عدی و لا طيرة و لا هامة و لا صفر، و فرّ من المجذوم كما تفر من الأسد". رواه البخاری". (مشكوة المصابيح ،ص: ۳۹۱، باب الفال والطيرة، الفصل الأول، قديمی)

(والصحيح لمسلم ، كتاب الطب والمرض والرقیٰ ، باب لا عدوی و لاطيرة و لا هامة اهـ: ۲/۲۳۰، قديمی)

(وصحيح البخاری ، كتاب الطب ،باب لا عدوی : ۸۵۹۲، قديمی)

(۲) "وعن سعد بن مالک رضی الله تعالیٰ عنه أن رسول الله ﷺ قال: "لا هامة و لا عدوی و لا طيرة، و إن تكن الطيرة فی شیء، ففی الدار والفرس والمرأة ".رواه أبوداؤد". (مشكوة المصابيح،ص: ۳۹۲، باب الفال والطيرة ، الفصل الثانی ، قديمی)

(۳)"و إنما نهی عن إيراد الممرَّض علی المصح، وأمر بالفرار من المجزوم، لأن الصحيح إن مرض =

متعین ایام میں نکاح ورخصتی منحوس نہیں

سوال[۵۱]: آج کل عوام الناس لڑکی کے نکاح اور رخصتی جو کرتے ہیں، تین یا پانچ یا سات سال میں کرتے ہیں یا تو پہلے سال کریں گے، جفت سال میں نہیں کرتے اس کو منحوس خیال کرتے ہیں، یہ شرک ہے یا کارِ شرک ہے؟ اور اگر عقیدہ نہ بھی ہو پھر بھی یہ شکل مشابہ شرک ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

یہ خیال بدشگونی وبدفالی ہے، یہ اسلامی عقیدہ نہیں، اس سے توبہ لازم ہے: "لاعدوی ولاطیرۃ" الحدیث (۱) جن لوگوں کا یہ عقیدہ نہیں ان کو ایسی جگہ تشبہ سے بچنا چاہئے تاکہ نہ دوسروں کا عقیدہ فاسد ہو، نہ عقیدۂ فاسد والوں کو استدلال کا موقع ملے: "من تشبه بقوم فهو منهم". الحدیث (۲)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، ۱۶/۶/۸۶ھ۔

= منه صلى الله عليه وسلم لأمته، فمن كان له دار يكره سكناها، أو امرأة يكره صحبتها، أو فرس لا تعجبه بأن يفارق بالانتقال عن الدار وتطليق المرأة و بيع الفرس، فلا يكون هذا من باب الطيرة المنهي عنها، و هذا كما روي أنه صلى الله عليه وسلم قال: (ذروها ذميمة) قال الطيبي رحمه الله: و من ثمة جعلها صلى الله عليه وسلم من باب الطيرة على سبيل الفرض فى قوله: (إن تكن الطيرة فى شيء ففى المرأة والفرس والدار) قال الخطابى: "هذه الأشياء الثلاثة ليس لها بأنفسها و طباعها فعل و تأثير، و إنما ذلك كله بمشيئة الله و قضائه، و خصت بالذكر، لأنها أعم الأشياء التى يعتنيها الناس، و لما كان الإنسان لا يخلو عن العارض فيها أضيف إليها اليُمن، والشؤم إضافة مكان و محل. ويمكن أن يقال: إن هذه الأشياء غالباً تكون أسباباً لسوء الخلق، و هو شؤم، فلذا نسب إليها، و قد روى أحمد و غيره، عن عائشة رضى الله تعالىٰ عنها بلفظ: "الشؤم سوء الخلق". (مرقاة المفاتيح، كتاب النكاح: ۶/۲۶۹، الحبيبية)

(۱) (مشكوة المصابيح، كتاب الطب والرقى، باب الفال والطيرة، ص: ۳۹۱، قديمى)

(والصحيح لمسلم، كتاب الطب والمرض والرقى، باب لا عدوى و لا طيرة و لا هامة الخ: ۲/۲۳۰، قديمى)

(والصحيح للبخارى، كتاب الطب، باب لا عدوي: ۲/۸۵۹، قديمى)

(۲) (مشكوة المصابيح، كتاب اللباس: ۳۷۵، قديمى) (وسنن أبى داؤد، كتاب اللباس: باب فى لبس الشهرة: ۲/۲۰۳، قديمى) (ومسند الإمام أحمد بن حنبل: ۲/۵۰، رقم الحديث: ۵۰۹۴، دار إحياء التراث العربى)

Made searchable using ScribeTools.com

متعین ایام میں نکاح ورخصتی منحوس نہیں

سوال[۵۱]: آج کل عوام الناس لڑکی کے نکاح اور رخصتی جو کرتے ہیں، تین یا پانچ یا سات سال میں کرتے ہیں یا تو پہلے سال کریں گے، جفت سال میں نہیں کرتے اس کو منحوس خیال کرتے ہیں، یہ شرک ہے یا کارِ شرک ہے؟ اور اگر عقیدہ نہ بھی ہو پھر بھی یہ شکل مشابہ شرک ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

یہ خیال بدشگونی و بدفالی ہے، یہ اسلامی عقیدہ نہیں، اس سے توبہ لازم ہے: "لاعدوی ولاطیرة" الحدیث(۱) جن لوگوں کا یہ عقیدہ نہیں ان کو ایسی جگہ تشبہ سے بچنا چاہئے تا کہ نہ دوسروں کا عقیدہ فاسد ہو، نہ عقیدۂ فاسد والوں کو استدلال کا موقع ملے: "من تشبه بقوم فهو منهم". الحدیث(۲)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، ۱۶/۶/۸۶ھ۔

= منه صلى الله عليه وسلم لأمته، فمن كان له دار يكره سكناها، أوامرأة يكره صحبتها، أو فرس لا تعجبه بأن يفارق بالانتقال عن الدار وتطليق المرأة و بيع الفرس، فلا يكون هذا من باب الطيرة المنهي عنها، و هذا كما روي أنه صلى الله عليه وسلم قال: (ذروها ذميمة) قال الطيبي رحمه الله: و من ثمة جعلها صلى الله عليه وسلم من باب الطيرة على سبيل الفرض فى قوله: (إن تكن الطيرة فى شيء ففى المرأة والفرس والدار) قال الخطابى: "هذه الأشياء الثلاثة ليس لها بأنفسها و طباعها فعل و تأثير، و إنما ذلك كله بمشيئة الله و قضائه، و خصت بالذكر، لأنها أعم الأشياء التى يعتنيها الناس، و لماكان الإنسان لا يخلو عن العارض فيها أضيف إليها اليُمن، والشؤم إضافة مكان و محل. ويمكن أن يقال: إن هذه الأشياء غالباً تكون أسباباً لسوء الخلق، و هو شؤم، فلذا نسب إليها، و قد روى أحمد و غيره، عن عائشة رضى الله تعالىٰ عنها بلفظ: "الشؤم سوء الخلق". (مرقاة المفاتيح، كتاب النكاح: ۲۶۹/۶، الحبيبية)

(۱) (مشكوة المصابيح، كتاب الطب والرقى، باب الفال والطيرة، ص: ۳۹۱، قديمى)

(والصحيح لمسلم، كتاب الطب والمرض والرقى، باب لا عدوى و لا طيرة و لا هامة الخ: ۲۳۰/۲، قديمى)

(والصحيح للبخارى، كتاب الطب، باب لا عدوي: ۸۵۹/۲، قديمى)

(۲) (مشكوة المصابيح، كتاب اللباس: ۳۷۵، قديمى) (وسنن أبى داؤد، كتاب اللباس: باب فى لبس الشهرة: ۲۰۳/۲، قديمى) (ومسند الإمام أحمد بن حنبل: ۵۰/۲، رقم الحديث: ۵۰۹۴، دارإحياء التراث العربى)

دن اور کسی تاریخ میں نحوست نہیں

سوال[۵۳]: ۱.....اس بارے میں شرعی حکم سے مطلع فرمادیں کہ دن تاریخ کو منحوس سمجھنا اچھا ہے یا برا؟ اور کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جمعرات اور سنیچر کے دن زیادہ سفر فرماتے تھے؟

۲.....ایک مولوی صاحب نے اعلان کیا ہے کہ ۱۸/ تاریخ کو شادی نہیں کرنی چاہئے کیونکہ ۱۸/ تاریخ میں شادی کرنے سے لڑکے اور لڑکی کی زندگی خراب ہوجاتی ہے، کیا شریعت میں اس کی کوئی اصل ہے؟

۳.....تیری کے چاند میں اور بارہ وفات میں شادی کی مقرر کردہ تاریخ میں شادی کرسکتے ہیں یا نہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

۱.....حضرت مجدد الف ثانیؒ نے لکھا ہے کہ اس امت میں کسی دن (تاریخ وغیرہ) میں نحوست نہیں، البتہ بعض دن اور بعض تاریخ میں خیر و برکت زیادہ ہے، جمعرات اور سنیچر کے سفر میں خیر و برکت ہے۔

۲..... یہ چیز شرعاً بے اصل ہے(۱)۔

۳.....کرسکتے ہیں، شرعاً اس کی ممانعت نہیں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۷/۲/۹۰ھ۔

الجواب صحیح: بندہ محمد نظام الدین دارالعلوم دیوبند، ۸/۲/۹۰ھ۔

دو بھائیوں کی شادی دو بہنوں سے کرنے کو منحوس سمجھنا

سوال[۵۳]: زید کی بڑی لڑکی عمر کے بڑے لڑکے سے منسوب ہے، جانبین کے تعلقات بحمداللہ بہت خوشگوار ہیں، عمر کی خواہش ہے کہ اس کے چھوٹے لڑکے کا رشتہ بھی زید کی چھوٹی لڑکی سے ہوجائے مگر زید کو

---

(۱) "سئل نفع الله بعلومه: السؤال عن النحس و السعد، و عن الأيام والليالي التي تصلح لنحو السفر، والإنتقال، ما يكون جوابه؟ فأجاب رضي الله تعالىٰ عنه: من يسأل عن النحس و ما بعده، لا يجاب إلا بالإعراض عنه، وتسفيه ما فعله، و يبيّن له قبحه، و أن ذلك من سنة اليهود، لا من هدى المسلمين المتوكلين على خالقهم وبارئهم الذين لا يحسبون و على ربهم يتوكلون، و ما ينقل من الأيام المنطوقة ونحوها عن عليّ كرّم الله تعالىٰ وجهه باطلٌ، كذب، لا أصل له، فليحذر من ذلك، والله تعالىٰ اعلم".

(الفتاوى الحديثية، مطلب في الجواب عن الأيام والليالي اهـ، ص: ۴۱، ۴۲، قديمي)

Made Searchable by ScribeTools.com
Made searchable using ScribeTools.com

یہ عذر ہے کہ چونکہ اس کی تین پشتوں سے ایسا ہوتا آیا ہے، جب کبھی اس کے کنبہ کی دو بہنیں ایک ہی گھر میں دو سگے بھائیوں سے منسوب ہوئی ہیں تو راس نہیں آیا ہے یعنی ایک بھائی یا ایک بہن فوت ہوگئی، اس لئے معذور ہے، از روئے شرع زید کا ایسا عقیدہ رکھنا اور خوف زدہ ہونا جائز ہے یا باطل؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

دو بہنوں کی شادی ایک گھر میں دو بھائیوں سے ہونے کی بنا پر یہ تصور کرنا یا عقیدہ رکھنا کہ ایک بہن ضرور مرجائے گی یا ایک بھائی مرجائے گا، گھر آباد نہیں ہوسکے گا، شرعاً بے بنیاد اور غلط ہے، اس کی اصلاح ضروری ہے(۱)، موت کا ایک وقت مقرر ہے خواہ ایک گھر میں شادی ہو یا علیحدہ علیحدہ گھروں میں، (یا) بالکل شادی نہ ہو، موت اپنے وقت پر آئے گی نہ مؤخر ہوگی، نہ مقدم(۲)۔ کیا چھوٹے بچوں کو موت نہیں آتی؟ لڑکی کے حق میں حالات کے اعتبار سے شادی وہاں نہ کرنا مناسب ہو تو دوسری بات ہے، لیکن مذکورہ خوف غلط ہے۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۱۱/۴/ ۹۶ھ۔

کیا رات کو قرض دینا منحوس ہے؟

سوال[۵۴]: رات میں قرض نہ دینا منحوس سمجھتے ہوئے شرعاً کیسا ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

رات میں قرض کو منحوس سمجھنا جہال کا عقیدہ ہے۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور ۲۶/ جمادی الثانی ۵۶ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبداللطیف۔

---

(۱) "كان رسول الله صلى الله عليه وسلم : يتفاء ل و لا يتطيّر". (مشكوة المصابيح، باب الفال والطيرة، الفصل الثانى ،ص: ۳۹۲، قديمى)

"و عن أبى هريرة رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم : "لا عدوى و لا طيرة، و أحب الفال الصالح". (الصحيح لمسلم : كتاب الطب والمرض والرقى، باب الطيرة ،ص: ۲/ ۲۳۱، قديمى)

(۲) قال الله تعالىٰ : ﴿ إذا جآء أجلهم فلا يستأخرون ساعةً و لا يستقدمون﴾ .(يونس : ۴۹)

منگل اور بدھ کو حجامت بنوانا

سوال[۵۵]: ایک مولوی صاحب فرماتے ہیں کہ حجامت یا ناخن منگل، بدھ کے دن نہ بنوایا جائے، آقائے نامدار صلی اللہ علیہ وسلم نے ان دنوں (منگل، بدھ) میں حجامت بنوانے سے روکا ہے، انہوں نے سیرت حلبیہ جزنمبر:۱۷، کا حوالہ دیا ہے۔ اس بارے میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے صحیح کیا فرمایا ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

ان مولوی صاحب سے سیرتِ حلبیہ جزنمبر:۱۷ کی عبارت نقل کرا کے بھیجیں۔

تنبیہ: حجامت عربی میں پچھنے لگوانے کو کہتے ہیں (۱)، بال اور ناخن بنوانے کو نہیں کہتے، حضرت مجدد الف ثانی نے لکھا ہے کہ اس امت میں کوئی دن منحوس نہیں، نحوست اٹھالی گئی (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۳/۴/۹۶ھ۔

چند بے اصل بدفالیاں

سوال[۵۶]: بہت سے مسلمان لوگ کہتے ہیں کہ ہمارے خاندان میں، مکان میں دروازہ نہیں لگایا جاتا ہے، دروازہ لگانے سے جان و مال کا خطرہ ہوجاتا ہے، بعض کہتے ہیں کہ چوکی نہیں بنتی ہے، کوئی کہتا ہے کہ اچار نہیں رکھا جاتا ہے، اگر رکھا جاتا ہے تو ہم کو نقصان ہوجاتا ہے، اس کے علاوہ لوگ یہ بھی رواج رکھتے ہیں کہ بعد مغرب کسی کو چونا مانگنے پر بھی نہیں دیتے ہیں۔ شرعاً اس کا کیا حکم ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

یہ جملہ امور شرعاً بے اصل اور لغو ہیں، ایسا عقیدہ درست نہیں، اس کو ترک کرنا لازم ہے (۳)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۰/شوال/۶۷ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۲/شوال/۶۷ھ۔

---

(۱) ''الحجامۃ: پچھنے لگانے کا پیشہ''۔ (المنجد، ص:۱۹۰، دارالاشاعت کراچی)

(۲) ''بہت سے لوگ منگل کے دن کو منحوس سمجھتے ہیں سو یہ بھی بالکل غلط ہے کسی بھی دن کو منحوس سمجھنا جائز نہیں''۔ (اغلاط العوام، ص:۳۶، زمزم پبلشرز)

(۳) ''عن ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنهما قال: قال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم: '' الشؤم فی المرأة والدار والفرس'' ..... و هذا کما روی أنه صلی اللہ علیه وسلم قال: ''ذروها ذمیمة''، قال الطیبیؒ: ومن =

Made searchable using ScribeTools.com

چاند جب عقرب میں ہوتو کام شروع کیا جائے یا نہیں؟

سوال[۵۷]: میں نے بزرگوں سے سنا ہے کہ قمر درعقرب کو یا ۱۳/ ۱۹/ ۱۸/ تاریخ کو یا نمازِ جمعہ سے پہلے کوئی بھی نیا کام یا کاروبار شروع نہ کرنا چاہیے، مذہبی طور پر ایسی ممانعت ہے یا نہیں؟

الجواب حامداومصلیاً:

شرعاً بے اصل ہے(۱) فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند۔ ۲۵/۱۲/ ۸۸ھ۔

قطب تارہ کی طرف پیر پھیلانا

سوال[۵۸]: یوں کہتے ہیں کہ شمال کی جانب ایک نور چمکتا تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ میرا نور تھا، لہذا عوام الناس قطب ستارے کی طرف پاؤں پھیلانے کو بہت برا تصور کرتے ہیں اور اس کا احترام قبلہ سے بھی زیادہ کرتے ہیں۔ تشریح فرمائیں کیا حقیقت ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

یہ قول اور یہ عمل اور یہ عقیدہ مستند نہیں (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفی عنہ۔

تیسری رات کا چاند نہ دیکھنا اور اس کی کہانی سننا

سوال[۵۹]: عورتیں اکثر اوقات تیسری تاریخ کا چاند نہ دیکھنا کہہ کر تیسری تاریخ کے چاند کی کہانی سنتی ہیں، شرعاً کیا حکم ہے؟

= ثمة جعلها صلى الله عليه وسلم من باب الطيرة على سبيل الفرض فى قوله: "إن تكن الطيرة فى شيء ففى المرأة والفرس والدار". (مرقاة المفاتيح، كتاب النكاح: ۶/ ۲۶۹، الحبيبية)

(۱) (قد تقدم تخريجه تحت عنوان: "دن اور کسی تاریخ میں نحوست نہیں")

(۲) "مشہور ہے کہ سوتے میں قطب شمالی کی طرف پاؤں نہ کرے سو اس کی کوئی اصل نہیں"۔ (اغلاط العوام، ص: ۱۶، زمزم پبلشرز)

الجواب حامداً و مصلیاً :

تیسری تاریخ کے چاند دیکھنے کو اچھا نہ کہنا اور اس کی جگہ چاند کی کہانی سننا کوئی شرعی چیز نہیں ہے بلکہ بد شگونی ہے، اس سے شریعت نے منع فرمایا ہے(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۲۹/ ۸/ ۸۸ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۹/ ۸/ ۸۸ھ۔

گرہن کے وقت کھانا

سوال[۶۰]: عوام میں مشہور ہے کہ چاند، یا سورج گرہن میں جب تک گرہن رہے، اس وقت تک کچھ کھانا نہیں چاہئے، یہ کہاں تک صحیح ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

عوام میں غلط مشہور ہے(۲)۔ فقط۔

روزانہ ایک پیسہ رات کو امانت رکھ کر صبح کو واپس لینا

سوال[۶۱]: زید ایک محلّہ میں رہتا تھا، بکر نے اسی محلّہ میں دوکان پر چون کی کر رکھی تھی، زید اکثر بکر کی دوکان سے ضروریات کی اشیاء خریدتا ہے، ایک روز زید نے بکر کی دوکان سے کچھ سودا ایک پیسہ کا خریدا، سودا لے کر یہ کہہ دیا کہ پیسہ صبح دیدونگا، جب نماز فجر پڑھ چکا، اس وقت بکر کو وہ پیسہ حسب وعدہ دیدیا، پھر شام کو بکر نے کہا، بھائی زید! ایک پیسہ میرا امانت رکھو، زید جب صبح نماز پڑھ چکو، مجھ کو دیدینا زید نے ایسا ہی کیا، پھر بکر روز ایسا کرنے لگا، شام کو ایک پیسہ دیدیتا اور صبح کو لے لیتا۔ زید کے دل میں خیال ہوا کہ شاید بکر کچھ شگون کرتا ہو، زید نے بکر سے دریافت کیا، لیکن اس نے دل کا مدعا ظاہر نہ کیا، اس لئے یہ مسئلہ تحقیق طلب ہے کہ اس طرح کرنے سے شرعاً گناہ گار تو نہ ہوگا، اگر گناہ زید پر لازم آیا تو وہ ایسا کرنا چھوڑ دے گا؟ محمد داؤد اہلحدیث سہارنپور۔

---

(۱) (قد تقدم تخریجه تحت عنوان : ''دن اور کسی تاریخ میں نحوست نہیں'')

(۲) ''مشہور ہے کہ چاند اور سورج کے گہنے کے وقت کھانا پینا منع ہے، سو اس کی بھی کوئی اصل نہیں، البتہ وہ وقت توجہ الی اللہ کا ہے اس وجہ سے کھانے پینے کا شغل ترک کر دینا اور بات ہے، رہا یہ کہ دنیا کے تمام کاروبار بلکہ گناہ تک تو کرتا رہے اور صرف کھانا پینا چھوڑ دے، یہ شریعت کو بدل ڈالنا اور بدعت ہے''۔ (اغلاط العوام، ص:۱۹۱، زمزم پبلشرز)

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداً و مصلیاً :

اگر قرائن قویہ سے معلوم ہوجائے کہ بکر کوئی شگون کرتا ہے تو زید کو ہرگز اس کا کہنا نہیں ماننا چاہئے، بلکہ انکار کردینا چاہئے کیوں کہ اس میں اعانت علی المعصیۃ ہے: ﴿تعاونوا علی البر والتقوی و لا تعاونوا علی الإثم والعدوان﴾ "(۱) اگر کسی طرح بکر کی نیت کا علم نہ ہو، تب بھی چوں کہ احتمال شگون ضرور ہے، بلکہ غالب ہے، لہذا احتراز کرنا چاہئے۔ لقوله علیه الصلاة والسلام: "دع ما یریبك إلی ما لا یریبك "(۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۸/ ذیقعدہ/۵۲ھ۔

صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۹/ ذیقعدہ/۵۲ھ۔

جھاؤ کا استعمال کرنا

سوال [۶۲]: عوام میں مشہور ہے کہ درخت جھاؤ کو مسلمان اپنے استعمال میں لانا بہت برا سمجھتے ہیں، اور کہتے ہیں کہ حضرت ابراہیم خلیل اللہ کو جب آگ میں ڈالا گیا تو اس درخت سے آگ شروع ہوئی اور اسی درخت نے آگ پکڑی تھی، آیا یہ کسی کتاب سے ثابت ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جھاؤ کے متعلق ایسا خیال اور عقیدہ بے اصل ہے، حضرت تھانوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے اغلاط العوام، ص:۵ (۳) میں اس کی تردید فرمائی ہے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ محمود غفرلہ۔

وبا کی بستی سے نکلنا

سوال [۶۳]: ا.....ایک گاؤں میں طاعون کا سلسلہ جاری ہوجاوے، اس گاؤں میں سے نکلنا مشروع یا نامشروع؟ کیونکہ آدھے آدمی نکل گئے آدھے بستی میں ہیں۔

---

(۱) (المائدة : ۲)

(۲) (مشکوة المصابیح، کتاب البیوع، باب الکسب و طلب الحلال، ص: ۲۴۲/۱، قدیمی)

(۳) (اغلاط العوام، ص: ۱۱، ادارة المعارف کراچی)

Made Searchable by ScribeTools.com

۲.....اگر کوئی شخص بیماری کی وجہ سے چلا گیا کھیت میں، اس کے لئے کیا حکم ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

۱.....ایسی بستی سے اس خیال سے باہر نکلنا کہ اگر یہاں رہیں گے تو طاعون میں مبتلا ہوں گے، اگر دوسری جگہ چلے جائیں گے تو بچ جائیں گے، ناجائز اور گناہ ہے، فقہ اور حدیث میں اس کی ممانعت آتی ہے(۱) کذا فی الاشباہ (۲)۔

۲.....اس کا جواب نمبر:۱ میں آ گیا۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۹/۲/۶۳ھ۔

مجذوم اور ابرص کے ساتھ اختلاط

سوال[۶۴]: زید مرض جذام میں مبتلاء ہے عرصہ آٹھ دس سال سے، اور عمر برص کے مرض میں ۲۵/ سال سے، زید کی ظاہری حالت چہرہ پر ورم اور بدن میں کچھ زخم ہو جاتے ہیں اور عمر کا جسم سفید ہو گیا ہے، کچھ سیاہی کے داغ ہیں، لہٰذا تعلقات کھانے پینے میں زید و عمر کے ساتھ کیا حکم ہے؟ فضل محمد، نیاز محمد، جلال آباد شاہجہان پور۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

"عن جابر رضی اللہ تعالیٰ عنه أن رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم أخذ بید مجذوم، فوضعها معه

---

(۱) "قال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم: "الطاعون رجز أرسِل علی بنی اسرائیل أو علی من کان قبلکم، فإذا سمعتم به بأرض فلا تقدموا علیه، و إذا وقع بأرض و أنتم بها فلا تخرجوا فراراً منه". (الصحیح لمسلم، باب الطاعون و الطیرة و الکهانة و نحوها: ۲/۲۲۸، قدیمی)

"و إذا خرج من بلدة بها الطاعون، فإن علم أن کل شيء بقدر اللہ تعالیٰ، فلا بأس بأن یخرج و یدخل، و إن کان عنده أنه لو خرج نجا ولو دخل ابتلی به، کره له ذلک". (الدر المختار، مسائل شتی، قبیل کتاب الفرائض: ۶/۷۵۷، سعید کراچی)

(۲) "المسألة الثالثة یستنبط من أحد الأوجه فی النهی عن الدخول إلی بلد الطاعون، وهو منع التعرض إلی البلاء إلی اٰخره" (شرح الأشباه و النظائر الفن الثالث: الجمع و الفرق: ۳/۲۴۴، إدارة القرآن)

Made searchable using ScribeTools.com

فی القصعة، و قال:"كل ثقةً باللّٰه و توكلاً عليه"۔(۱) رواه ابن ماجة(۲).

" عن عمرو بن الشريد عن أبيه قال: كان في وفد ثقيف رجل مجذوم، فأرسل إليه النبي صلى اللّٰه عليه وسلم:" إنا قد بايعناك فارجع "۔(۳) رواه مسلم "(٤).

"عن أبی هريرة رضی اللّٰه تعالیٰ عنه قال: قال رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم:" لا عدوى ولا طيرة و لا هامة و لا صفر، و فرّ من المجذوم كما تفر من الأسد"۔ رواه البخاری"(٥) (مشكوة :ص: ۳۹۱، ۳۹۲)(٦)۔

روایات قولیہ فعلیہ سے دونوں باتیں ثابت ہیں: اختلاط بھی اور احتیاط بھی، لہذا اگر عقیدہ خراب ہونے کا اندیشہ ہو کہ فلاں شخص کیساتھ کھانے پینے سے مجھے ضرور بیماری لگ جائے گی تو احتیاط کرنا لازم ہے، اور اگر اللہ پر پورا بھروسہ ہو کہ بیماری وغیرہ جو کچھ ہے سب اللہ کے حکم سے ہے، بغیر اس کے حکم کے کچھ بھی نہیں ہوسکتا تو تعلقات رکھنے میں بھی مضائقہ نہیں۔ یہ عقیدہ رکھنا کہ بیماری ضرور لگ ہی جاتی ہے اگرچہ خدا کا حکم نہ ہو، بہت برا اور ناجائز ہے، البتہ بیماری جس طرح کہ دوسرے اسباب سے ہوتی ہے اور کبھی باوجود اسباب کے نہیں ہوتی، اسی طرح ساتھ کھانے پینے سے کبھی ہوجاتی ہے، کبھی نہیں ہوتی، یہ عقیدہ صحیح اور درست ہے(۷)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۴/۱۱/۵۲ھ۔

صحیح: عبداللطیف۔

---

(۱)(ترجمہ) حضرت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجذوم کا ہاتھ پکڑ کر اپنے ساتھ پیالہ میں رکھ دیا اور فرمایا: ''اللہ پر بھروسہ کر کے کھاؤ''

(۲) (ابن ماجة ، كتاب الطب ، باب الجذام ،ص: ۲۶۱، مير محمد كتب خانه)

(۳)(ترجمہ) وفد ثقیف میں ایک مجذوم شخص تھا، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو کہلا بھیجا: ''ہم نے تجھ کو بیعت کرلیا، واپس ہوجا''۔

(۴) (الصحيح لمسلم، كتاب الطب، باب اجتناب المجذوم ونحوه: ۲/۲۳۳، قديمی)

(۵)(ترجمہ) حضرت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''نہ بیماری لگتی ہے نہ بدشگونی، نہ الو منحوس ہے نہ ماہ صفر، اور مجذوم سے شیر سے بھاگنے کی مثل بھاگ''۔

(٦) (روى الأحاديث الثلاثة فی مشكوة المصابيح، باب الفال و الطيرة : ۳۹۱. ۳۹۲، قديمی)

(أخرجه البخاری فی الطب، باب الجذام: ۲/۸۵۰، قديمی)

(۷) "إن المراد بنفي العدوى أن شيئاً لا يعدى بطبعه، نفياً لما كانت الجاهلية تعتقده أن الأمراض تعدى بطبعها من غير إضافة إلى الله، فأبطل النبی صلى الله عليه وسلم اعتقادهم ذلک، وأكل مع المجذوم =

چیچک والے کے لئے چند مخصوص چیزیں

سوال[۶۵]: مرض چیچک میں مریض کے گلے میں چھاؤ کی وجہ سے سونا باندھنا اور گھر والوں کو اس زمانہ میں کپڑے نہ بدلنے دینا یا کپڑے بدل کر مریض کے گھر میں نہ جانا، یا باہر سے آئے ہوئے کو فوراً مریض کے پاس نہ جانے دینا اور گوشت نہ پکانا وغیرہ، یہ سب امور شرعی نقطۂ نظر سے کیسے ہیں؟ نیز جملہ مذکورہ باتوں میں سے باوجود جاننے کے اگر کوئی کسی ایک کا بھی عامل ہو، اس پر کیا حکم ہے؟ سائل: بندہ بقلم خود۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

اگر تجربہ کار طبیب بتلائے کہ ایسے مریض کو گوشت کی بو، یا دھلے ہوئے کپڑے (مادے وغیرہ) کی بو مضر ہے تو اس سے بنا بر پرہیز علاجاً احتیاط کرنے میں مضائقہ نہیں (۱)۔ اور اس عقیدہ کے ماتحت ان چیزوں سے بچنا کہ چیچک ماتا جی ہے اور ان چیزوں سے ناراض ہوتی ہے جیسا کہ اسی عقیدہ سے ہندو اس کی بہت خاطر

= لیبین لهم أن الله هو الذی یمرض و یشفی، و نهاهم عن الدنو منه لیبین لهم أن هذا من الأسباب التی أجری الله العادة بأنها تفضی إلی مسبباتها، ففی نهیه إثبات الأسباب، و فی فعله إشارة إلی أنها لا تستقل، بل الله هو الذی إن شاء سلبها قواها، فلا تؤثر شیئًا، وإن شاء أبقاها فأثرت". (فتح الباری، کتاب الطب، باب الجذام: ۱۰/۱۶۰، دار الفکر)

(کذا فی تکملة فتح الملهم: کتاب الطب، باب: "(لا عدوی و لا طیرة و لا هامة)" الخ: ۴/۳۷۰، ۳۷۱، دار العلوم)

(وکذا فی شرح مسلم للنووی، باب: لا عدوی و لا طیرة و لا هامة الخ: ۲/۲۳۰، قدیمی)

(۱) "ونقل الحافظ عن ابن قتیبة أنه قال: "إن الأمر بالفرار من المجذوم لیس من باب العدوی في شیء، بل هو لأمر طبیعی، و هو انتقال الداء من جسد لجسد بواسطة الملامسة والمخالطة وشمّ الرائحة، و لذالک یقع في کثیر من الأمراض فی العادة انتقال الداء من المریض إلی الصحیح بکثرة المخالطة ..... و لهذا یأمر الأطباء بترک مخالطة المجذوم لاعلی طریق العدوی، بل علی طریق التأثر بالرائحة، لأنها تسقم من واظب اشتمامها". (تکمله فتح الملهم، کتاب الطب، باب: لا عدوی ولا طیرة و لا هامة ..... الخ: ۴/۳۷۱، دار العلوم)

(وکذا فی فتح الباری، کتاب الطب، باب المجذوم: ۱۰/۱۶۱، دار الفکر)

Made searchable using ScribeTools.com

مدارات کرتے ہیں اور پوجتے ہیں، ناجائز اور منع ہے، یہ اہل اسلام کا عقیدہ نہیں (۱)، خلاف شرع امور سے اجتناب لازم ہے۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۲/ ۵/ ۵۸ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف، ۱۳/ جمادی الاولی/ ۵۸ھ۔

تعمیر مکان کے لئے وقت مقرر نہیں

سوال[۶۶]: مکان تعمیر کرنے کے لئے کوئی وقت شرع سے مقرر ہے یا نہیں؟

الجواب حامدا ومصلیاً:

کوئی وقت مقرر نہیں جب ضرورت ہو بقدر ضرورت بنانے کی اجازت ہے۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ دار العلوم دیوبند ۲/ ۵/ ۸۹ھ۔

☆.....☆.....☆.....☆.....☆

---

(۱) "عن أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال النبی صلی الله تعالیٰ وسلم: "لاعدوی و لاصفر و لا هامة" فقال أعرابی: يا رسول الله! فما بال الإبل تكون فی الرمل لكأنها الظبآء فيخالطها البعير الأجرب فيجربها؟ فقال رسول الله صلی الله تعالیٰ وسلم: "فمن أعدی الأول". (صحيح البخاری، كتاب الطب، باب الهامة: ۲/ ۸۵۹، قديمی)

باب العقائد

ما یتعلق باللہ تعالیٰ و صفاته

(اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات کا بیان)

عقیدہ کی تعریف

سوال[۶۷]: عقیدہ کی کیا تعریف ہے؟ اور مسلمان کو کیا عقیدہ رکھنا چاہیئے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

عقیدہ بنیادی یقین ہے، جس پر نجات مرتب ہوتی ہے اور اس کے ترک سے نجات سے محرومی ہوتی ہے(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

أصاب من أجاب هذا الجواب: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

اللہ تعالیٰ کہاں ہیں؟

سوال[۶۸]: باری تعالیٰ کہاں ہیں؟ دلائل عقلیہ ونقلیہ سے مدللاً ومفصلاً مع حوالہ کتب تحریر فرمایئے۔

---

(۱) قال الله تعالیٰ: ﴿الذین یؤمنون بالغیب ویقیمون الصلوة و مما رزقنٰهم ینفقون و الذین یؤمنون بما أنزل الیک و ما أنزل من قبلک و بالآخرة هم یوقنون﴾. (سورة البقرة: ۳،۴)

و قال تعالیٰ: ﴿کل آمن بالله و ملائکته و کتبه و رسله﴾. (سورة البقرة: ۲۸۵)

و قال تعالیٰ: ﴿و من یکفر بالله و ملائکته و کتبه و رسله والیوم الآخر فقد ضل ضلالاً بعیداً﴾. (النساء: ۱۳۶)

نوٹ: عقیدہ کی تعریف یہ ہے:

"العقیدة ما یقصد فیه الاعتقاد دون العمل". (التعریفات الفقهیة مع قواعد الفقه، ص: ۳۸۳، الصدف پبلشرز)

"العقیدة هی القضیة التی تصدق بها، و قد تطلق علی نفس التصدیق". (شرح العقائد، ص: ۱۰، امدادیه)

Made Searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداً و مصلیاً :

اہلسنت والجماعت کا عقیدہ ہے کہ اللہ تعالی ہر جگہ موجود ہے، ہر صغیر وکبیر کا عالم ہے، کوئی ذرہ اس سے مخفی نہیں، نصوص صریحہ اور دلائلِ قطعیہ سے اس کا ثبوت ہے:

قال تعالی: ﴿لایعزب عنه مثقال ذرة فی السمٰوات ولا فی الأرض، ولا أصغر من ذلک ولا أکبر إلا فی کتاب مبین﴾ (۱)۔

مگر اللہ تعالی کے لئے دوسری اشیاء کی طرح کوئی مخصوص مکان محیط نہیں، کیونکہ وہ مکانی نہیں، بلکہ واجب اور قدیم ہے اور مکان وزمان وغیرہ حادث اور اس کی پیدا کی ہوئی ہیں، پھر کوئی مکان وغیرہ کیسے محیط ہو سکتا ہے؟

"ولا محدود، ولا معدود، ولا متبعض، ولا متجز، ولا شریك منها، ولا منتهاه، ولا یوصف بالماهیّة، ولا بالکیفیة، ولا یتمکن فی مکان، ولا یجری علیه زمان"۔(شرح العقائد، ص:۳۲۔(۲)

اور بعض نصوص میں جو خاص مکان کی طرف اشارہ ہے تو وہاں یہ مراد نہیں کہ وہ مکان اللہ تعالی کو محیط ہے، بلکہ اللہ تعالی کی صفت علم، یا کسی دوسری صفت کا خاص غلبہ اس جگہ مراد ہے (۳)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

---

(۱) (سورة سبا : ۳)

قال الله تعالیٰ: ﴿إن الله لا یخفی علیه شیء فی الأرض ولا فی السمآء﴾. (آل عمران : ۵)

قال الله تعالیٰ: ﴿ومایخفی علی الله من شیء فی الأرض و لا فی السمآء﴾. (إبراهیم : ۳۸)

(۲) (شرح العقائد النسفیة للتفتازانی ،ص: ۴۰، قدیمی)

"ومحمل الکلام و زبدة المرام أن الواجب لا یشبه الممکن، و لا الممکن یشبه الواجب، فلیس بمحدود و لا معدود و لا متصور و لا متبعض و لا متحیز و لا متر کب و لا متناه، ولا یوصف بالمائیة والماهیة، و لا بالکیفیة من اللون والطعم والرائحة والحرارة والبرودة والیبوسة و غیر ذلک مما هو من صفات الأجسام، ولا متمکن فی مکان لا علو و لا سفل و لا غیرهما، و لایجری علیه الزمان کما یتوهمه المشبّهة والمجسّمة والحلولیة". (شرح الفقه الأکبر للملا علی القاري،ص: ۳۶، قدیمی)

(۳) قال الله تعالیٰ: ﴿ وأن الله قد أحاط بکل شيء علما﴾. (الطلاق : ۱۲) =

خدا کے لئے جہت کا ماننا

سوال[۶۹]: کیا خدا کے لئے بھی زمان ومکان، یا کوئی دیگر قید، یا طرف ثابت ہے؟ جو ایسا ظاہر کرے، اس کی بابت کیا حکم ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

خداوند قدوس زمان ومکان اور سمت سے منزّہ ہے، جو شخص خدائے پاک کو ان چیزوں کے ساتھ مقید مانتا ہے، وہ ضلالت میں مبتلا ہے، شرح بخاری شریف میں تفصیل مذکور ہے(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۵/ ۷/ ۸۷ھ۔

نورنامہ کا ایک شعر (خدا کے لئے جسم ماننا)

سوال[۷۰]: نورنامہ، جمعرات کو پڑھا کرتے ہیں، اس میں لکھا ہے کہ

مگر اس کی اپنی سی صورت بنا رکھا اس میں وہ جو کہ قندیل تھا

سوال یہ ہے کہ کیا اللہ تعالیٰ جسم بھی رکھتا ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

بجائے اس کے قرآن پاک کی تلاوت کریں، درود شریف اور استغفار پڑھا کریں، اگر سب کو سنانا مقصود ہو تو حکایت صحابہ، فضائل نماز، فضائل صدقات اور حیاۃ المسلمین پڑھا کریں۔ اللہ تبارک تعالیٰ جسم سے

= "وإنما المراد : إحاطة عظمة و سعة و علم و قدرة". (شرح العقيدة الطحاوية لابن أبي العز ، ص: ۲۸۱، قديمى)

(وكذا فى روح المعانى،(النساء: ۱۲۶): ۵/ ۲۲۹، دار الفكر)

(۱) قال العلامة العينى:"وجه ذلك أن جهة العلو لما كانت أشرف أضِيف إليها، والمقصود علو الذات والصفات و ليس ذلك باعتبار أنه محله أوجهته، تعالىٰ الله عن ذلك علواً كبيراً". (عمدة القارى شرح صحيح البخارى، كتاب التوحيد، باب:" و كان عرشه على الماء "، "و هو رب العرش العظيم" :۲۵/ ۱۱۵، الناشر محمد أمين دمج)

Made searchable using ScribeTools.com

پاک ہے(۱)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

کیا خدا ہر شی میں ہے؟

سوال[۱۷۱]: ایک مسلمان کا اگر یہ عقیدہ ہو کہ خدا ہر شی ء میں ہے، حتی کہ بت بھی خدا کے غیر نہیں ہیں، کیا وہ دائرہ اسلام سے خارج ہو گیا؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

ہر شی ء کو خدا کی مخلوق اعتقاد کرنا چاہئے، یہ عقیدہ کہ ہر شی ء خدا ہے حتی کہ بت بھی خدا کے غیر نہیں یہ اسلامی عقیدہ نہیں، ایسا عقیدہ رکھنے والا دائرہ اسلام سے خارج ہے(۲)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۲/محرم/ ۶۸ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، ۱۲/محرم ۶۸ھ۔

---

(۱) "قال ابن بطال: تضمنت ترجمة الباب أن الله ليس بجسم، لأن الجسم مركب من أشياء مؤلفة، وذلک يرد على الجهمية في زعمهم أنه جسم". (فتح الباری، كتاب التوحيد: ۱۳/۳۴۵، دار المعرفة)

وقال أبوحنيفة رحمه الله تعالىٰ: "و هو شيء لا كالأشياء، و معنى الشيء إثباته بلا جسم و لا جوهر ولا عرض". (الفقه الاكبر، ص: ۳۵، ۳۶، قديمی)

"(و لا جسم)، لأنه متركب و متحيز، و ذلک أمارة الحدوث". (شرح العقائد النسفية للتفتازانی، ص: ۳۸، ۳۹، قديمی)

(۲) "این کلام خلاف شرع است، اگر گوینده این کلام حلول حق تعالیٰ را در اشیاء یا اتحاد اشیاء بآن ذات مقدس اعتقاد می نماید، پس کفر است". (فتاوی عزیزی، ص: ۴۱، کتب خانه رحیمیه دیوبند)

"و بيان ذلک أن الاتحاد بعد ما قام من البراهين المقررة في كتب الحكمة، والكلام على امتناع اتحاد الاثنين هو يستلزم كون الواجب هو الممكن و عكسه، و ذلک محال بالضرورة، و أما الحلول فلوجوه: الأول أن الحالّ في الشيء يفتقر إليه في الجملة سواء كان حلول جسم فی مكان، أو عرض في جوهر، أو صورة في مادة كما هو رأی الحكماء، أو صفة في موصوف، والإفتقار إلى الغير ينافی الوجوب، و من ذلک حلول الامتزاج كالماء في الورد، فإنه من خواص الأجسام، و هی مفتقرة إلى الغير. =

اللہ تعالی کا ہر شئے میں حلول کرنے کا عقیدہ

سوال[۷۲]: میرا عقیدہ ہے کہ اللہ تعالی عرش کے اوپر، علم اس کا ہر جگہ ہے، حاضر وناظر ہے: "سمیع بصیر، علی کل شیء قدیر، واللہ غالب علی أمرہ"۔

جولوگ اس مسئلہ کے منکر ہیں، دلیل پیش کریں، ورنہ تو وہ جھوٹے برخلاف اسلام کے لوگوں کو چلاتے ہیں اور برے عقیدے میں ڈالتے ہیں، پھر کیوں لوگوں کو خراب وبرباد کرتے ہیں، علم شریعت کا سیکھنا فرض ہے، جولوگ اس مسئلہ کو غلط کرتے ہیں اور شکایت کرتے ہیں، محض وہ لوگ جاہل ہیں۔

دیکھو، ذرا غور کرو، جاہل لوگ کہتے ہیں کہ اللہ تعالی ہر انسان میں ہے، یعنی مسلمان، ہندو، چوڑھا، چمار سب کے بیچ میں۔ توبہ استغفار، یا اللہ ان لوگوں کو ہدایت عطا فرما" وربّ العرش فوق العرش لکن بلا وصف التمکن والاتصال" اللہ تعالی بذاتہ اپنے عرش مجید پر ہے اور وہ ایسے مکان میں ہے جس کا علم اسی کو ہے، جولوگ کہتے ہیں کہ اللہ تعالی ہر چیز میں ہے، ہندو ہو، یا مسلم، یا چوپایوں کے، حتی کہ تمام اشیاء پاک و پلید میں ہے، یہ عقیدہ بالکل غلط ہے اور جھوٹا ہے، (العیاذ باللہ) اور یہ کفر قبیح ہے (کتاب الابانۃ)(۱)۔ ۳۸۰ھ یہ مذہب پیدا ہوا ہے۔ کتاب العرش والعلو (کتاب حمویہ) قاضی ابن الحسن نے ایک شخص مذہب جہمیہ کو جہیم میں قید کیا، پس اس نے توبہ کی، رہا کرنے کے لئے لایا گیا تو ہشام نے امتحان لیا تو ناقص نکلا، پھر قید کر دیا گیا، کیونکہ توبہ نہیں کی ہے (نعوذ باللہ من ذلک) "تو بوا إلی اللہ توبۃً نصوصاً" جو شخص کہتا ہے کہ خداوند کریم لامکان ہے، امام ابوحنیفہؒ جواب دیتے ہیں کہ" یکفر بہ" کفر کیا اس نے۔

= الثاني: أن الحلول في الغير إن لم يكن صفة كمال، و جب نفيه عن الواجب، وإلا لزم كون الواجب مستكملاً بالغير وهو باطل..... الخ". (الفتاوى الحديثية، مطلب ما معنى توحيد الصوفية المُوهِم للحلول والاتحاد الموجب لكثير من الفقهاء الاعتراض الخ ، ص: ۴۳۸، قديمى)

(و كذا فى شرح المقاصد : ۳/ ۳۹، دارالكتب العلمية بيروت)

(۱)"وزعمت المعتزلة والحرورية والجهمية أن الله عزوجل فى كل مكان، فلزمهم أنه فى بطن مريم، وفى الحشوش والأخلية، و هذا خلاف الدين، تعالى الله عن قولهم علواً كبيراً". (الإبانة فى أصول الديانة ، ص: ۱۲۱ ، المملكة العربية السعودية مركز شنوان الدعوة)

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداً و مصلیاً :

خداوند کریم کے متعلق یہ عقیدہ رکھنا کہ وہ ہر شئے میں حلول کئے ہوئے ہے، کفر ہے(۱) اسی طرح یہ عقیدہ رکھنا کہ وہ عرش پر، یا کسی اَور مکان میں ہے جس طرح کہ بادشاہ لندن میں ہے یہ بھی کفر ہے، ان دونوں عقیدوں سے توبہ اور اجتناب واجب ہے، خداوند تعالیٰ کسی مکان میں محدود نہیں، وہ مکان سے منزہ و بالاتر ہے:

"و (یکفر) بإثبات المکان للّٰہ تعالی، فإن قال: اللّٰہ فی السماء، فإن قصدبه حکایة ماجاء فی ظاهر الأخبار، لایکفر، و إذاأراد به المکان کفر، وإن لم تکن له نیة، یکفر عند أکثر هم، و علیه الفتوی اهـ" مجمع: ۲/۶۹۸(۲)، "یکفر بإثبات المکان للّٰہ تعالی، فلو قال: از خدا هیچ مکان خالی نیست یکفر"۔ عالمگیری: ۱/۸۸۱(۳)۔

"ولا یتمکن فی مکان اهـ"۔ شرح عقائد، ص: ۳٤(٤)۔

البتہ عرش پر اس کا خاص تسلط اور استیلاء ہے، اس کی کیفیت کو وہی خوب جانتا ہے اور اپنے علم کے

---

(۱) "و لیس حالاً و لا محلاً". (شرح الفقه الأکبر للملا علی القاري، ص: ۳۶، قدیمی)

"و أما قوله: (عنده) فقال ابن بطال: "عند" فی اللغة لمکان، واللّٰہ منزه عن الحلول فی المواضع، لأن الحلول عرض یفنی، و هو حادث، والحادث لا یلیق باللّٰہ". (فتح الباری، کتاب التوحید، باب قول اللّٰہ تعالیٰ: ﴿و یحذرکم اللّٰہ نفسه﴾: ۱۳/۴۷۵، قدیمی)

"أن المعقول من حلول الشیء فی غیره کون هذا الحالّ تبعاً لذلک المحل فی أمر من الأمور، وواجب الوجود لذاته یمتنع أن یکون تبعاً لغیره،فوجب أن یمتنع علیه الحلول". (أصول الدین للرازی، ص: ۴۴، مکتبه الکلیات الأزهریة)

(۲)(مجمع الأنهر، کتاب السیر، باب المرتد: ۱/۶۹۰، دار إحیاء التراث العربی بیروت)

(وکذا فی الفتاوی العالمکیریة، کتاب السیر، الباب التاسع فی أحکام المرتدین: ۲/۲۵۹، رشیدیه)

(وکذا فی البحر الرائق، کتاب السیر، باب أحکام المرتدین: ۵/۲۰۲، ۲۰۳، رشیدیه)

(۳) (الفتاوی العالمکیریة، کتاب السیر، الباب التاسع فی أحکام المرتدین: ۲/۲۵۹، رشیدیه)

(وکذا فی مجمع الأنهر، کتاب السیر، باب المرتد: ۱/۶۹۱، دار إحیاء التراث العربی بیروت)

(۴)(شرح العقائد النسفیة للتفتازانی، ص: ۴۰، قدیمی)

"و لا متمکن فی مکان لا علو و لا سفل و لا غیرهما". (شرح الفقه الأکبر للقاري، ص: ۳۶، قدیمی)

Made Searchable by ScribeTools.com

اعتبار سے ہر شئی کو محیط ہے: ﴿ثم استوىٰ على العرش﴾: أي استواه، فقد يقدس الديان عن المكان والمعبود عن الحدود اهـ". مدارك، ص:۱۱۷ "۔ (۱) ﴿وان الله قد أحاط بكل شيء علماً﴾. (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ محمود حسن گنگوہی عفاء اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۲/ ذی الحجہ/ ۵۷ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف مدرسہ مظاہر العلوم، ۲۳/ ذی الحجہ/ ۵۷ھ۔

''اللہ تعالیٰ قادر ہے جو چاہے دکھلا دے''، عقیدہ پر اشکال اور اس کا جواب

سوال [۷۳]: اہل سنت والجماعت کا عقیدہ ہے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ اس بات پر قادر ہے کہ جب چاہے اور جہاں چاہے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو حاضر کردے، یا جو چاہے دکھلا دے، اس کے دلائل قرآن وحدیث میں کیا ہیں؟ ان دونوں سوالوں کا جواب قرآن وحدیث کی روشنی میں مرحمت فرمائیں۔

الجواب حامداً مصلیاً:

اس کا قادر مطلق ہونا ہی کافی ہے، مزید کسی دلیل کی حاجت نہیں (۳) دلیل طلب کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کا قادر مطلق ہونا تسلیم نہیں یا اس میں شبہ ہے۔ لیلۃ المعراج کا واقعہ کہ مسجد اقصیٰ میں انبیاء علیہم السلام کی امامت، سب آسمانوں پر تشریف لے جانا، وہاں انبیاء سے ان کے مقامات پر ملاقات، جنت ودوزخ کا معائنہ ہی بڑا واقعہ ہے (۴) جس سے مسئلہ خوب واضح ہوجاتا ہے۔

---

(۱) (تفسير المدارک، (يونس : ۳) : ۱/۵۲۸، قديمی)

(۲) (الطلاق: ۱۲)

(۳) قال الله تعالیٰ: ﴿ إن الله على كل شيء قدير﴾ (البقرة)

(۴) و فی رواية "ثم أتِیَ بالمعراج: و هو كالسلم ذو درج يرقى فيها، فصعد فيه إلى سماء الدنيا، ثم إلى بقية السموات السبع، فتلقاه من كل سماء مُقرّبوها، و سلم على الأنبياء الذين فی السموات بحسب منازلهم و درجاتهم، حتى مر بموسى الكليم فی السادسة، وإبراهيم الخليل فی السابعة، ثم جاوز منزلتهما صلى الله تعالیٰ عليه وسلم و عليهما و على سائر الأنبياء، حتى انتهى إلى مستوى يسمع فيه صريف الأقلام ..... و رأى سدرة المنتهىٰ ..... و رأى هناک جبرئيل على صورته: و له ستمائة جناح، و رأى رفرفاً أخضر قد سد الأفق، و رأى البيت المعمور وإبراهيم الخليل بانِيَ الكعبة الأرضية =

Made searchable using ScribeTools.com

نیز جب واقعہ معراج بیان فرمایا تو مشرکین نے بیت المقدس (مسجد اقصیٰ) کے ستون وغیرہ کی تعداد دریافت کی، اس وقت وہ مسجد سامنے کردی گئی، آپ اس کو دیکھ دیکھ کر جوابات عنایت فرماتے تھے(۱)۔ نیز نجاشی کے انتقال پر جنازہ سامنے کردیا گیا، حجابات اٹھادیئے گئے، اس پر نماز جنازہ ادا فرمائی (۲)۔

نیز غزوۂ موتہ کا میدان سامنے کردیا گیا اور آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے تھے کہ فلاں شخص نے جھنڈا لیا، وہ شہید ہوگیا، پھر فلاں نے لیا وہ شہید ہوگیا، پھر فلاں نے لیا وہ شہید ہوگیا، پھر فلاں نے لیا تب فتح ہوئی، اور آپ کی مبارک آنکھوں سے آنسو جاری تھے۔ یہ بھی فرمایا کہ فلاں شخص کو دو بازو عطا ہوئے اور وہ ملائکہ کے ساتھ اڑتا ہوا جارہا ہے (۳)، غرض بے شمار واقعات بطور شواہد موجود ہیں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۹۲/۱۰/۲۹ھ۔

= مسندا ظهره إليه ..... ورأى الجنة والنار ..... ثم هبط إلى بيت المقدس، و هبط معه الأنبياء، فصلى بهم لما حانت الصلاة، و يحتمل أنها الصبح من يومئذٍ الخ". (تفسير ابن كثير : ۲۲/۱، مكتبه دار القلم)

(۱) "قال أبوسلمة : سمعت جابر بن عبد الله رضي الله تعالىٰ عنه قال: سمعت النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يقول : "لما كذبتني قريش قمت في الحجر، فجلى الله لي بيت المقدس، فطفقت أخبرهم عن آياته و أنا أنظر إليه". (صحيح البخاري، كتاب التفسير، باب (أسرى بعده ليلاً من المسجد الحرام) : ۶۸۴/۲، قديمى)

(۲) "عن ابن عباس قال: كشف النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم عن سرير النجاشي حتى رآه و صلى عليه"، و لابن حبان من حديث عمران بن حصين: "فقام، وصفّوا خلفه، و هم لا يظنون إلا أن جنازته بين يديه". أخرجه من طريق الأوزاعى عن يحيىٰ بن أبى كثير عن أبى قلابة عن أبى المهلب عنه، و لأبى عوانة من طريق أبان وغيره عن يحيىٰ: "فصلينا خلفه، و نحن لا نرى إلا أن الجنازة قدامنا". (فتح البارى، كتاب الجنائز، باب الصفوف على الجنازة : ۳۴۳/۳، قديمى)

(۳) "عن عبد الله بن أبى بن أبى بكر قال : لما التقى الناس بمؤتة جلس رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، و كشف مابينه و بين الشام، فهو ينظر إلى معركتهم، فقال صلى الله تعالىٰ عليه وسلم :"أخذ الراية زيد بن حارثة، فمضى حتى استشهد" و صلى عليه و دعا له و قال:"استغفروا له دخل الجنة، و هو يسعى،ثم أخذ الراية جعفر بن أبى طالب فمضى حتى استشهد". و صلى عليه رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و دعا له، و قال:" استغفروا له، دخل الجنة فهو يطير فيها بجناحين حيث شاء". (المرقاة، كتاب الجنائز، باب المشى بالجنازة والصلوة عليها، الفصل الأول: ۱۴۰/۴، رشيديه)

اللہ تعالیٰ حفاظت کرنا چاہیں تو دشمنوں کے بیچ میں حفاظت کریں، نہ چاہیں نہ کریں

سوال[۷۴]: اولیاء سے مانگنے سے متعلق آپ نے صحیح تحریر فرمایا کہ خدا سے مانگنا چاہئے، کوئی مسلمان اولیاء سے اگر یہ التجا کرے کہ اے حضرت فلان! ہم اللہ کے گناہگار بندے ہیں، ہماری رسائی ویسی نہیں ہے جیسا کہ آپ کی ہے چونکہ آپ اللہ کے ولی اور برگزیدہ بندے ہیں، دعا فرمایئے کہ ہمارا فلاں فلاں کام ہوجائے۔ حیدرآباد میں ایک درگاہ حضرت یوسف شریف رحمۃ اللہ علیہ کی ہے، مولانا مفتی صاحب! یہ میرا ذاتی تجربہ ہے کہ جب میں بغرض حاضری احاطۂ درگاہ میں قدم رکھتا ہوں تو میرے دل ودماغ کو ایک قسم کا سکون ملتا ہے، قلبی سکون حاصل کرنے کے لئے میں حاضر دربار ہوتا ہوں، اس سے میں نے یہ تجربہ کیا ہے کہ وہ ولی اللہ ہیں اور اللہ کے خاص بندے ہیں اور ان کے دربار میں اللہ تعالیٰ کی رحمت کا نزول ہوتا ہے، جب کوئی انسان بلا مذہب وملت احاطہ رحمت میں قدم رکھتا ہے تو ایک مسلمان کا ایمان یہ ہے کہ اس کے بلیات، بیماری ضرور دور ہوجاتے ہیں اور اس کو قلبی ودماغی سکون ملتا ہے اور یہ کہ صرف خدا تعالیٰ کا کرم ہوتا ہے نہ کہ بزرگ محترم کی دَین، کوئی مسلمان اگر ایسے برگزیدہ بزرگان دین اور اولیاء اللہ سے نگاہ کرم کی بھیک مانگے تو کیا یہ مناسب نہیں؟

اگر پیر میں زخم آجائے تو ایک ڈاکٹر جو کافر ہوتا ہے اس کو بلواتے ہیں اور مرہم لگاتے ہیں تو کیا اپنی مصیبت میں اگر ہم مدد کے لئے (غیر اللہ کا تصور کرکے) اگر ہم حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یا حضرت غوث پاک کا نام لیں اور ان کا ذکر کرکے حق تعالیٰ سے دعاء کریں تو کیا یہ مناسب نہیں؟ جب کہ اللہ تعالیٰ قرآن حکیم میں حکم دیتا ہے کہ اے مومنو! تم ایک دوسرے کے مددگار بن جاؤ۔ جب اللہ تعالیٰ ایک دوسرے کو مددگار بن جانے کا حکم دے رہا ہے تو پھر ہم اپنی مدد کے لئے اگر بزرگان دین کو پکاریں تو جائز نہیں اور ایک ڈاکٹر جو کافر ہے اس سے مصیبت میں مدد مانگتے ہیں، چونکہ مردہ مرتا نہیں زندہ رہتا ہے، خدائے پاک کی رحمت کا نزول اس بزرگ کے دربار میں ہوتا ہے اور ہم بلا مذہب وملت اس سے فیضیاب ہوتے ہیں، تو آیا یہ مناسب ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

اس میں شک نہیں کہ اللہ تعالیٰ کے مقبول و برگزیدہ بندوں پر بیشمار رحمت کی بارش ہوتی ہے، ان کی قبر کے قریب پہونچ کر بے مثال سکون نصیب ہوتا ہے اور ان کی قبر کے پاس اور ان کے وسیلہ سے دعاء خدائے پاک سے مانگی جائے تو جلد قبول ہوتی ہے، نیز ان کی برکت سے اللہ پاک مصائب کو دور فرماتے ہیں، یہ دوسرے

Made searchable using ScribeTools.com

حضرات کا بھی تجربہ ہے، لیکن براہ راست ان صاحب قبر بزرگ کو خطاب کر کے ان سے مانگنا اہلِ سنت والجماعت کے مسلک کے خلاف ہے(۱)، جو بات جس قدر ثابت ہے اس کو تسلیم کیا جائے، جو ثابت نہ ہو اس سے پرہیز کیا جائے۔

جب تک آدمی اس دنیا میں زندہ ہے اس کے احکام اَور ہیں، جب اس کی وفات ہوگئی اس کے احکام بھی دوسرے ہوگئے، برزخ کے احکام کو دنیا کے احکام پر قیاس کرنا صحیح نہیں، بزرگان دین کو بھی وفات ہونے پر غسل وکفن دیکر نماز جنازہ پڑھ کر قبر میں دفن کیا جاتا ہے شریعت کا حکم ہے، صحابہ کرام، اولیاء اللہ سب کے لئے یہی حکم ہے(۲)، شہید کو غسل نہیں دیا جاتا، وفات کے بعد مال بھی ترکہ میں تقسیم ہوجاتا ہے، بیوی بھی عدت گزار کر نکاحِ ثانی کی مختار ہوتی ہے، وفات سے قبل زندہ پر یہ حکم جاری نہیں ہوتا(۳) کسی زندہ ڈاکٹر کو آپ دفن کرنے کا حق نہیں رکھتے، دنیوی معاملے کافر کے ساتھ بھی کئے جاتے ہیں، حضرت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بھی یہودی سے قرض لیا اور اپنی زرہ اس کے پاس رہن رکھی ہے(۴) اسی طرح اگر آپ کسی کافر ڈاکٹر سے

---

(۱) قال العلامة الآلوسي : "و أما إذا كان المطلوب منه ميتاً أو غائباً فلا يستريب عالم أنه غير جائز، و أنه من البدع التي لم يفعلها أحدٌ من السلف اهـ". (روح المعاني : ۱۲۵/۶، (سورة المائدة:۳۵)، دار إحياء التراث العربي)

و قال أيضاً: "لم يشك في أن الاستغاثة بأصحاب القبور ..... أمر يجب اجتنابه، و لا يليق بأرباب العقول ارتكابه". (روح المعاني :۱۲۹/۶، (سورة المائدة: ۳۵)، دار إحياء التراث العربي)

(۲) "و أما بيان من يصلى عليه: فكل مسلم مات بعد الولادة يصلى عليه، صغيراً كان أو كبيراً، ذكراً كان أو أنثىٰ، حراً كان أو عبداً ..... لقول النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : "صلوا على كل بَرٍ و فاجرٍ" (بدائع الصنائع، كتاب الصلوة ، فصل في بيان من يصلى عليه: ۳۳۶/۲، دارالكتب العلمية بيروت)

(۳) "فأما في حق أحكام الدنيا فالشهيد ميت، يقسم ماله و تنكح امرأته بعد انقضاء العدة". (بدائع الصنائع، كتاب الصلوة ،فصل في حكم الشهيد في الدنيا: ۳۷۰/۲، دارالكتب العلمية بيروت)

(وكذا في التفسير المظهري: ۱۵۲/۱، سورة البقرة:۵۴، حافظ كتب خانه)

(۴) "عن عائشة (رضي الله عنها) أن النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم اشترى طعاماً من رجل يهودي إلى أجل و رهنه درعاً من حديد". (صحيح البخاري، كتاب البيوع، باب شرى النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم بالنسيئة: ۲۷۷/۱، قديمي)

زخم کی دوالیں، شرعاً اجازت ہے، لیکن کسی بزرگ سے آپ ہی ان کی قبر کے پاس جا کر زخم پر مرہم نہیں لگواتے، آپ ضرور بزرگانِ دین کے مزار مبارک پر جایئے اور موافقِ سنت ہر غلط کام سے بچ کر زیارت بھی کیجئے، ثواب بھی پہونچایئے، دعاء بھی اللہ تعالیٰ سے کیجئے (۱) اور اس طرح دعا بھی کر سکتے ہیں کہ یا اللہ! اپنے مقبول بندوں کے طفیل مجھ گنہگار کی دعا قبول کر، مصیبت کو دور فرما (۲)، مگر براہ راست ان بزرگ سے نہ مانگئے، یہی طریقہ سنت کے موافق ہے، اس میں ان بزرگ کے ساتھ عقیدت بھی صحیح طریقہ پر ہے، ان کا احترام بھی ہے، اتباع سنت بھی ہے، اس سے زائد طویل بحث میں نہ جایئے۔

حق تعالیٰ جل شانہ کا معاملہ اپنے بندوں کے ساتھ بہت عجیب وغریب ہے، دشمن سے حفاظت کرنا چاہیں تو مکان کا محاصرہ ہونے کے باوجود پوری احتیاط کے ساتھ دشمن سے بچا کر مکہ معظمہ سے بچالائیں اور غارِ ثور میں بھی حفاظت فرمالیں، دشمن موجود ہے مگر دیکھ نہیں سکتا (۳)۔ دوسرا معاملہ فرمانا چاہیں تو غزوۂ احد میں سارا

---

(۱) "عن ابن عباس رضی اللہ عنہما قال: مر النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بقبور المدینة، فأقبل علیهم بوجهه فقال: "السلام علیکم یا أهل القبور، یغفر اللہ لنا و لکم، أنتم سلفنا ونحن بالأثر".

قال القاری تحته: "و إذا زاره یقرأ فاتحة الکتاب و قل هو اللہ أحد ثلاث مرات، ثم یدعوا له، ولایمسحه، و لا یقبله، فإن ذلک من عادة النصاری". (المرقاة شرح المشکوة: ۳۵۳/۴، کتاب الجنائز، باب زیارة القبور، الفصل الثانی، رقم الحدیث: ۱۷۶۵، رشیدیه)

(وکذا فی البحر الرائق: ۳۴۲/۲، ۳۴۳، کتاب الجنائز، رشیدیه)

(۲) "عن أمیة بن خالد بن عبد اللہ بن أسید رضی اللہ عنه عن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم: أنه کان یستفتح بصعالیک المهاجرین".

قال القاری: "(بصعالیک المهاجرین) أی بفُقَرائهم و ببرکة دعائهم و فی النهایة: أی یستنصر بهم ..... و قال ابن الملک: بأن یقول: أللهم انصرنا علی الأعداء بحق عبادک الفقراء المهاجرین" (المرقاة شرح المشکوة: ۱۰۰/۹، کتاب الرقاق، باب فضل الفقراء، الفصل الثانی، رقم الحدیث: ۵۲۴۷، رشیدیه)

(۳) "عن ابن عباس رضی اللہ عنهما فی قوله تعالیٰ: ﴿إذ یمکر بک الذین کفروا لیثبتوک﴾ قال: تشاورت قریش لیلة مکة، فقال بعضهم: إذا أصبح فأثبتوه بالوثاق، یریدون النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم و قال بعضهم: بل اقتلوه، و قال بعضهم: بل أخرجوه، فاطلع اللہ عزوجل نبیّه علی ذلک، فبات=

Made Se... pols.com
Made searchable using ScribeTools.com

لشکر اور ہتھیار موجود رہتے ہوئے بھی دندان مبارک شہید ہوجائے، سر مبارک بھی زخمی ہوجائے (۱) حضرت زکریا علیہ السلام کو قوم نے پکڑنا چاہا مگر حفاظت کی گئی، قوم پکڑ نہیں سکی، ایک درخت میں امن دیدیا گیا، دوسرا معاملہ کرنا چاہا تو درخت کے اندر آرہ سے ذبح کرادیا گیا (۲)۔ غرض کچھ نہیں کہا جاسکتا کہ اس کے کام میں

= علیٌّ علی فراش النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم تلک اللیلة، و خرج النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم حتی لحق بالغار، و بات المشرکون یحرسون علیاً یحسبونه النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم، فلما أصبحوا ثاروا إلیه، فلما رأوا علیاً ردّ اللہ مکرهم فقالوا: أین صاحبک هذا؟ فقال: لا أدری، فاقتصوا أثره، فلما بلغوا الجبل خلط علیهم، فصعدوا فی الجبل فمروا بالغار فرأوا علی بابه نسج العنکبوت، فقالوا: لو دخل ههنا لم یکن نسج العنکبوت علی بابه فمکث فیه ثلاث لیالٍ". (مسند الإمام أحمد بن حنبل: ۱/۵۷۲، ۵۷۳، رقم الحدیث: ۳۲۴۱، دار إحیاء التراث العربی)

(وکذا فی فتح الباری: ۷/۳۰۰، کتاب مناقب الأنصار، باب هجرة النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم وأصحابه إلی المدینة رقم الحدیث: ۳۹۰۵، قدیمی)

(وکذا فی عمدة القاری: ۱۷/۶۰، کتاب مناقب الأنصار، باب هجرة النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم ..... رقم الحدیث: ۳۹۰۵، دارالکتب العلمیة بیروت)

(وکذا فی روح المعانی: ۹/۱۹۷، ۱۹۸، (سورة الأنفال، الآیة: ۳۰)، دار احیاء التراث العربی)

(وکذا فی تفسیر ابن کثیر: ۲/۴۰۱، دار الفیحاء بیروت)

(۱) "عن ابن عباس رضی اللہ عنهما قال: "اشتد غضب اللہ علی من قتله النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم فی سبیل اللہ، اشتد غضب اللہ علی قومٍ دمّوا وجه نبی اللہ". (صلی اللہ علیه وسلم). (صحیح البخاری: ۲/۵۸۳، کتاب المغازی، باب ما أصاب النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم من الجراح یوم أحد، قدیمی کتب خانه)

قال الحافظ: "و مجموع ما ذکر فی الأخبار أنه شج وجهه، وکسرت رباعیته، و جرحت وجنته و شفته السفلی من باطنها" (فتح الباری: ۷/۴۷۳، کتاب المغازی، باب ما أصاب النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم من الجراح یوم أحد، قدیمی)

(کذا فی تفسیر ابن کثیر: ۱/۵۵۲، ۵۵۳، سورة آل عمران: ۱۵۳، دار الفیحاء)

(۲) "وکذلک زکریا علیه السلام، لأنه لما قتل ابنه انطلق هارباً، فأرسل الملک فی طلبه غضباً لما =

کیا کیا راز ہیں۔

صاحب قبر بزرگ سے دعا کی درخواست کرنا کہ آپ ہمارے لئے اللہ تعالیٰ سے دعا کردیجئے ثابت نہیں (۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند ۲۸/۶/۹۵ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ دارالعلوم دیوبند ۲۸/ /۹۵ھ۔

کیا اللہ تعالیٰ اونگھنے پر قادر ہے؟

سوال[۷۵]: کیا اللہ تعالیٰ بھی نیند یا اونگھنے پر قادر ہے؟ اور جو خدائے واحد کی ذات وصفات میں کسی بھی فعل قبیح کی قدرت ہونا مانے، اس کے لئے شرعی حکم کیا ہوگا؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

خدائے پاک کی شان اس سے بالاتر ہے: ﴿لا تأخذه سنة و لا نوم﴾۔الاية (۲) کسی بھی فعل قبیح کے ساتھ ذاتِ خداوندی کو متصف ماننا اس کو عیب لگانا ہے جس کی اسلام میں ہرگز گنجائش نہیں، جو شخص ایسا کرتا ہے وہ ایمان سے خارج ہے (۳)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۱/۱۲/۹۵ھ۔

= حصل لإمرأته من قتل إبنه، فوجد في جوف شجرة، ففلقوا الشجرة معه فلقتين طولاً بمنشارٍ". (روح المعاني: ۱/۲۷۷، سورة البقرة: ۶۱، دار احياء التراث العربي)

(۱) (راجع، ص: ۱۳۱، رقم الحاشية: ۱)

(۲) (البقرة: ۲۵۵)

(۳) "إذا وصف الله بما لا يليق به ..... يكفر". (الفتاوى التتارخانية: ۵/۴۶۱، فيما يقال في ذات الله سبحانه، إدارة القرآن)

"فيكفر إذا وصف الله تعالىٰ بما لا يليق به". (البحر الرائق: ۵/۲۰۲، باب أحكام المرتدين، رشيديه)

(وكذا في الفتاوى العالمكيرية: ۲/۲۵۸، كتاب السير، باب أحكام المرتدين، و منها ما يتعلق بذات الله تعالىٰ، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

خالق مخلوق بننے پر قادر ہے یا نہیں؟

سوال[۷۶]: خالق کسی بھی مخلوق کو جو چاہے بنادے، وہ خود بھی کوئی مخلوق بننے پر قادر ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

تمام مخلوق خدائے قادر و مطلق کی پیدا کی ہوئی ہے(۱) خالق کے متعلق یہ سوال کہ وہ خود بھی کوئی مخلوق بننے پر قادر ہے یا نہیں، بے محل سوال ہے، کیونکہ ہر مخلوق حادث وممکن ہے(۲) اور خدائے پاک واجب وقدیم ہے(۳)۔ جس چیز کے تسلیم کرنے سے ذات وصفاتِ خداوندی میں فرق آجائے وہ محال ہے جیسے خالق کو مخلوق تسلیم کرنا، قدیم کو حادث تسلیم کرنا، واجب کو ممکن تسلیم کرنا، پس اس کا مخلوق بن جانا ممتنع بالذات اور محال ہے(۴)، کوئی مُحال چیز باری تعالیٰ کے لئے ثابت نہیں، وہ ہر محال سے منزہ و برتر ہے، ایسی چیزوں کو اس کی طرف منسوب کرنا سخت گستاخی ہے۔ فقط. واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند ۲۱/۱۲/۹۵ھ۔

امکان کذب

سوال[۷۷]: یا موافق قول مولانا رشید احمد گنگوہیؒ صاحب فتاوی رشیدیہ "خدا جھوٹ بولنے پر قادر

---

(۱) وقال اللہ تعالیٰ: ﴿وخلق کل شیء فقدّرہ تقدیراً﴾. (الفرقان: ۲)

وقال اللہ تعالیٰ: ﴿و ھو الذی خلق لکم ما فی الأرض جمیعاً﴾. (البقرۃ: ۲۹)

(۲) "والعالم: أی ما سوی اللہ تعالیٰ من الموجودات مما یعلم بہ الصانع یقال: عالَم الأجسام، وعالم الأعراض، وعالم النباتات، و عالم الحیوان إلی غیر ذلک ..... بجمیع أجزائہ من السموات و ما فیھا والأرض وما علیھا محدث: أی مخرج من العدم إلی الوجود". (شرح العقائد، ص: ۱۹، دھلی)

(۳) "والمُحدِث للعالم ھو اللہ تعالیٰ: أی الذات الواجب الوجود الواحد القدیم". (شرح العقائد، ص: ۲۵، دھلی)

(۴) "و لا یحتاج إلی شیء أصلاً إذ لو کان جائز الوجود لکان من جملۃ العالم، فلم یصلح محدِثاً للعالم و مبدءاً لہ مع أن العالم اسم لجمیع ما یصلح عَلَماً علی وجود المبدأ لہ، و قریب من ھذا ما یقال: إن مبدأ الممکنات بأسرھا لا بد أن یکون واجباً؛ إذ لو کان ممکناً؛ لکان من جملۃ الممکنات فلم یکن مبدءاً لھا". (شرح العقائد، ص: ۲۶، دھلی)

ہے'' آیا درست ہے؟ اگر درست ہے تو کیا خدا جھوٹ بولتا ہے، جو خدا جھوٹ بولنے کی طاقت رکھتا ہو تو کیا وہ جھوٹ نہیں بولتا؟ اگر بول سکتا ہے تو اگر خدا کہے کہ تم عبادت کرو، تمہارے لئے جنت ہے، اگر نہ کروگے تو دوزخ تو کیا اس قول کو دونوں طرف سے ایک طرف محمول نہیں کر سکتے؟ اگر دونوں طرف یعنی صدق و کذب میں سے کسی پہلو کو لیا جاوے تو کیا ایک طرف کذب نہیں آ سکتا؟ اگر آ سکتا ہے تو نعوذ باللہ خدا پر کذب کی نسبت صادق آتی ہے؟ ۲۱/ شعبان ۵۶ھ

الجواب حامداً و مصلیاً :

قدرت مستلزم صدور نہیں، کذب ممکن بالذات ممتنع بالغیر ہے، کذب چوں کہ قبیح ہے، اس لئے اس کا صدور باری تعالیٰ سے نہ کبھی ہوا اور نہ کبھی ہوگا، جو شخص صدورِ کذب کا قائل ہے وہ کافر ہے، جیسا کہ فتاوی رشیدیہ میں ہے(۱)۔

لیکن صدور نہ ہونے سے قدرت کا سلب لازم نہیں آتا، اگر قدرت نہ مانی جائے تو عجز لازم آتا ہے جو کہ ﴿إن اللہ علی کل شی قدیر﴾(۲) کے خلاف ہے، قرآن شریف میں تعریف کے موقع پر فرمایا ہے: ﴿ومن أصدق من اللہ قیلاً﴾(۳) اس سے معلوم ہوتا ہے کہ صدق کی ضد پر قدرت ضرور ہے اور وہ (ضد) کذب ہے، کیونکہ اگر قدرت نہ ہو تو وہ صدق پر مجبور ہوگا، لہذا ایسی شی بھی کچھ تعریف کے قابل ہوتی ہے کہ جس پر مجبور ہو اور اس کے خلاف پر قدرت نہ ہو، فعل قبیح تو قبیح ہوتا ہے اور فعل قبیح پر قدرت قبیح نہیں ہوتی، اور یہ مسئلہ شرح مقاصد(۴) شرح مواقف(۵) تفسیر کبیر(۶) شامی(۷) وغیرہ سب میں موجود ہے۔

---

(۱) (فتاوی رشیدیہ، کتاب العقائد، ''اللہ تعالیٰ کی طرف جھوٹ کی نسبت'' ص:۳۸۹، سعید کراچی)

(۲) (البقرة : ۲۰)

(۳) (النسآء : ۱۲۲)

(۴) "والجواب، لا نسلم قبح الشيء بالنسبة إليه، كيف و هو تصرف في ملكه، و لو سلم، فالقدرة عليه لا تنافي امتناع صدوره عنه نظراً الى وجود الصارف، وعدم الداعي وإن كان ممكناً في نفسه". (شرح المقاصد، الفصل الثالث في الصفات الوجودية، المبحث الثاني إثبات القدرة لله تعالىٰ: ۷۵/۳، دار الكتب العلمية بيروت)

(۵) "الفرقة (الرابعة : النظام و متبعوه قالوا: لا يقدر على) الفعل (القبيح، لأنه مع العلم بقبحه، سفه =

Made searchable using ScribeTools.com

.....

= ودونه جهل، و كلاهما نقص) يجب تنزيهه تعالىٰ عنه (والجواب أنه لا قبيح بالنسبة إليه، فإن الكل ملكه) فله أن يتصرف فيه على أيّ وجه أراد (وإن سلم) قبح الفعل بالقياس إليه (فغايته عدم الفعل لوجود الصارف) عنه، وهو القبح، (وذلک لاينفی القدرة) عليه". (شرح المواقف، المرصد الرابع، المقصد الثاني في قدرته تعالىٰ: ۸/۷۲، دارالكتب العلمية بيروت)

(۶) "احتج أصحابنا بهذه الآية على أن مقدور العبد مقدور لله تعالىٰ خلافاً لأبي علي وأبي هاشم، و جه الاستدلال أن مقدور العبد شيء و كل شيء مقدور لله تعالىٰ بهذه الآية، فيلزم أن يكون مقدور العبد مقدوراً لله تعالىٰ". (التفسيرالكبير،(البقرة : ۲۰)،۲/۳۱۹، دارإحياء التراث العربی)

"فإن العقلاء أجمعوا علىٰ أنه تعالىٰ منزه عن الكذب، و لأنه إذاجوز الكذب على الله في الوعيد لأجل ما قال : إن الخلف في الوعيد كرم، فلِمَ لا يجوز الخلف أيضاً في وعيد الكفار؟ وأيضاً فإذا جازالخلف في الوعيد لغرض الكرم فلم لا يجوز الخلف في القصص والأخبار لغرض المصلحة؟ و معلوم أن فتح هذاالباب يفضي إلى الطعن في القرآن و كل الشريعة، فثبت أن كل واحد من هذين الوجهين ليس بشيء". (التفسير الكبير،(النسآء : ۹۳)، ۱۰/۲۳۹، دار الكتب االعلمية طهران)

(۷) "هل يجوز الخلف فی الوعيد ؟ فظاهر ما فی المواقف والمقاصد أن الأشاعرة قائلون بجوازه، لأنه لا يُعدّ نقصاً بل جوداً و كرماً، و صرح التفتازانی وغيره بأن المحققين على عدم جوازه، و صرح النسفي بأنه الصحيح لاستحالته عليه تعالىٰ، لقوله : (وقد قدمت إليكم بالوعيد ما يبدل القول لديّ) و قوله تعالىٰ: ﴿ و لن يخلف الله وعده﴾ : أي وعيده، و إنما يمدح به العباد خاصةً، ..... والأشبه ترجح جواز الخلف فی الوعيد فی حق المسلمين خاصةً دون الكفار توفيقاً بين أدلة المانعين المتقدمة وأدلة المثبتين التی من نصها قوله تعالىٰ: ﴿ إن الله لايغفر أن يشرک به و يغفر مادون ذلک﴾ و قوله عن إبراهيم : ﴿رب اغفر لي و لوالدي وللمؤمنين يوم يقوم الحساب﴾، و أمر به نبينا صلى الله تعالىٰ عليه وسلم بقوله تعالى : ﴿ واستغفروا لذنبک وللمؤمنين والمؤمنات﴾ و فعله عليه السلام كما في صحيح ابن حبان ،أنه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قال: "أللهم اغفر لعائشة ماتقدم من ذنبها و ما تأخر، ما أسرت و أعلنت"،ثم قال :"إنها لدعائی لأمتي في كل صلاة)". (ردالمحتار، باب صفة الصلاة، مطلب فی الدعاء المحرم، و فی خلف الوعيد، و حكم الدعاء بالمغفرة للكافر ولجميع المؤمنين: ۱/۵۲۲، ۵۲۳، سعيد)

Made Searchable by ScribeTools.com

جہد المقل (۱) المہند وغیرہ میں اس کو خوب بسط سے بیان کیا گیا ہے (۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۷/ ۸/ ۵۶ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ۔ صحیح: عبد اللطیف ناظم مدرسہ مظاہر علوم، ۴ رمضان ۵۶ھ۔

مسئلہ امکان کذب اور الفتح المبین میں تلبیس

سوال [۷۸]: مارچ ۷۵ میں مقام کوسیار میں علماء دیوبند وعلماء بریلوی میں مناظرہ ہوا، مخالفین کی طرف سے محمد حسن سنبھلی اور اپنی طرف سے مقامی علماء تھے، ہمارے علماء بوجوہ چند جواب نہ دے سکے، اہم اعتراض ان کا امکان کذب تھا، حضرت گنگوہیؒ نے فتاوی رشیدیہ میں لکھا ہے کہ ''وقوع کذب معنیٰ ہو گیا'' (۳)، حضرت شیخ الہند نے الجہد المقل میں امکان کذب کو ثابت کیا ہے (۴)، براہین قاطعہ میں خلفِ وعد کو خلف وعید کی فرع لکھ کر امکان کذب کا اعتراف کیا ہے (۵) دلائل سے قطع نظر مولانا عبد العلی صاحب آسی مدراسی نے ایک کتاب (فتح المبین مع تنبیہ الوہابین) بجواب ظفر المبین لکھی تھی، مولانا آسی کی کتاب ۱۸۹۲ء میں بار دیگر طبع ہوئی، اس کتاب کا ایک ضخیم ضمیمہ ہے، جس میں عقائد غیر مقلدین وہابیہ نجدیہ کو شمار کر کے اس کو رد کیا ہے، غیر مقلد وہابیہ نجدیہ کا عقیدہ ہے کہ ''خدا جھوٹ بول سکتا ہے'' ان عقائد کے رد میں علماء دیوبند میں سے حضرت گنگوہیؒ، حضرت شیخ الہندؒ، حضرت تھانویؒ حضرت مولانا محمد یعقوب صاحبؒ، حضرت مولانا غلام رسول صاحبؒ، حضرت مولانا عزیز الرحمٰن صاحب کے دستخط ہیں، مہریں بھی ثبت ہیں، ان کے علاوہ علماء دہلی، لکھنؤ، کان پور، لدھیانہ، رامپور وغیرہ کے دستخط ہیں اور مہریں بھی ہیں۔ اس کے باوجود اکابرین دیوبند امکان کذب کے قائل ہیں، جیسا کہ فتاوی رشیدیہ، الجہد المقل، براہین قاطعہ وغیرہ سے معلوم ہوتا ہے۔ تو مولانا آسی مدراسی

---

(۱) (جهد المقل فی تنزیه المعزّ والمذل، مکتبه مدنیه لاهور)

(۲) (المهند علی المفند، ص: ۷۹، السوال الرابع والعشرون، مجیدیه ملتان)

(۳) معنیٰ کے بجائے لفظ صورت کذب کا ذکر ہے۔ (فتاوی رشیدیه، ص: ۹۶، کتاب العقائد، نقل خط حضرت سیدنا حاجی امداد الله صاحبؒ ..... در مسئله امکان کذب الخ، سعید)

(۴) (الجهد المقل فی تنزیه المعز والمذل، مکتبه مدنیه اردو بازار لاهور)

(۵) (براهین قاطعه بجواب انوار ساطعه، ص: ۶، دار الاشاعت کراچی)

Made searchable using ScribeTools.com

کی کتاب ''ضمیمہ فتح المبین مع تنبیہ الوہابین'' میں ان حضرات کی تصدیقات اور دستخط ومواہر کیوں ثبت ہیں؟ اس کتاب میں غیر مقلدین وہابیہ کے عقیدے میں "یا شیخ عبد القادر شیئا للّٰہ" کو شرک کہنا اور اس کے عدم جواز کے قول کو ان ہی حضرات نے رد کر کے دستخط ومواہر ثبت کی ہیں، پھر راہ سنت اور فتاوی دار العلوم دیوبند میں ان چیزوں کو ناجائز کیوں لکھا گیا؟

مذکورہ بالا مناظرہ کے بعد تقریباً تیس میل تک عوام علمائے دیوبند کے عقائد سے متنفر ہو چکے ہیں، اس لئے آپ سے عرض ہے کہ علمائے دیوبند کے اقوال میں جو تعارض، بلکہ خود اپنے اپنے قول کا رد ثابت ہو رہا ہے، اس کو نہایت سیر حاصل طور پر حل فرما کر ہمارے عوام کو بچائیں۔ فقط عبد الحلیم قاسمی بھوجا گاؤں پوسٹ کدالدا ضلع مغربی دیناجپور۔

الجواب حامداً و مصلیاً :

''الفتح المبین'' کو مبتدعین نے طبع کرایا اور ایک ضمیمہ کا اضافہ کیا جو کہ مصنف الفتح المبین کا نہیں اور علماء کرام کے جو دستخط ''الفتح المبین'' کے آخر میں تھے ان کو ضمیمہ کے ختم پر منتقل کر دیئے، تاکہ دیکھنے والے یہ سمجھیں کہ یہ علمائے کرام اس ضمیمہ کے موافق اور مؤید ہیں، ظاہر ہے کہ یہ کس قدر بڑی تلبیس اور فریب کاری ہے، جب مصنف ''الفتح المبین'' کو اس کی اطلاع ہوئی تو مصنف مرحوم ومغفور نے اطلاعِ عوام کے لئے اشتہار شائع کیا اور فریب کاری کو ظاہر کر کے اس سے اپنی پوری برأت کی، چنانچہ وہ لکھتے ہیں:

''اہل مطبع نے تمام دنیا کے رطب و یابس بدعات لکھ کر ان مہروں کو آخر میں لکھ دیا اور اکثر بدعات ورسومات مروجہ کی اباحت ومشروعیت اس میں درج کی ہے، میں بہ ہزار جان اس قسم کے عقائد واعمال سے بیزار ہوں اور عرض کرتا ہوں کہ کوئی صاحب مواہیر کو آخر ضمیمہ میں دیکھ کر یہ خیال نہ فرمائیں کہ مؤلف کتاب اور علمائے دیوبند مصدقین ومصوبین کتاب موصوف "الفتح المبین" کل مندرجہ ضمیمہ کے قائل ہیں۔ حاشا ثم حاشا، اہل مواہیر و بندہ نحیف ایسی بدعات ورسومات نامشروع اور ان پر مہر کرنے سے بری ہیں، کیونکہ اس ضمیمہ میں بہت سے مسائل بلا دلیل درج ہیں، اور نہ قرآن شریف وحدیث شریف اور اقوالِ ائمہ مجتہدین سے ان کا ثبوت ہے، فقط رسوم اور بے اصل امور ہیں، ان کو داخل عبادات اور حسناتِ شرعیہ کرنا بڑی جہالت ہے۔ یہ صرف اہل مطبع کی چالاکی ہے کہ عوام کو دھوکہ دیکر بدعات ورسومات کو اس تدبیر سے رواج دیں۔ (لیحق الحق و یبطل

الباطل و لو کرہ المجرمون)(۱)۔

مجھ بندہ نحیف کو بوساطت جناب تقدس مآب مولانا مولوی محمد قاسم صاحبؒ محدث نانوتوی وحضرت مولانا محمد احمد علی صاحب محدث سہارنپوری امطر اللہ علیہم شآبیب رضوانہ خاندان حضرت مولانا شاہ ولی اللہ صاحبؒ سے علاقہ استناد ہے۔ حضرت مولانا شاہ ولی اللہ صاحبؒ، حضرت مولانا شاہ عبد العزیز صاحبؒ، حضرت مولانا شاہ اسحاق صاحبؒ، حضرت مولانا احمد علی صاحبؒ، حضرت مولانا محمد اسحاق صاحب رضی اللہ عنہم وارضاہم، ان بزرگوں کے جو عقائد واعمال کہ ان کی تصانیف اور فتووں سے بخوبی واضح ہیں، وہی عقائد واعمال اس بندہ نحیف کے تصور فرمائیں۔

بالجملہ سب حضرات متنبہ رہیں اور مضامین مندرجہ ضمیمہ سے مجھ نحیف اور جملہ علمائے حقانی کو بری رکھیں اور خود ان عقائد واعمال سے حذر کریں، ورنہ بجائے نفع آخرت نقصان اٹھائیں گے، اور جن حضرات کے پاس کتاب ہذا موجود ہو، وہ اشتہار ہذا اس کے آخر میں منضم کرلیں اور جہاں کہیں کتاب کی خبر پائیں، اشتہار کے پہونچانے میں کوشش بلیغ کریں اور جو صاحب پھر اس کتاب مذکور کے طبع کا قصد فرمائیں، مضامین زوائد مرقومہ ضمیمہ مذکور جو میرے نہیں ہیں، خارج کر کے طبع کرادیں یا مع اشتہار ہذا کے طبع کرادیں، تاکہ عند اللہ ماجور وعند الناس مشکور رہوں اور کوئی دھوکہ نہ کھاوے۔ و ما علینا الا البلاغ المبین"۔

کتب خانہ دار العلوم دیوبند میں اشتہار اسی کتاب کے ساتھ موجود ہے، امید ہے کہ اہل علم حضرات اور اہل فہم عوام کی الجھنیں بڑی حد تک دور ہو جائیں گی اور اب وہ الفتح المبین کے ضمیمہ کے مضامین کو نہ الفتح المبین کے مصنف کی طرف منسوب کریں گے، نہ ان اکابر علماء حق کی طرف منسوب کریں گے، جن کے دستخط کتاب ''الفتح المبین'' کے ختم ہونے کے بجائے ضمیمہ کا اضافہ کر کے ختم پر کردیئے گئے، خدائے پاک ایسے دجل وفریب کرنے والوں کا انتظام فرمائے، دیانتداری وخوفِ آخرت ان کو عطا فرمائے۔

اب رہ گیا امکان کذب کا مسئلہ تو یہ درحقیقت سیدھی سادی صاف بات کو بگاڑا گیا ہے، جس سے مقصود عوام مسلمانوں کو دھوکا دیکر علمائے حق سے بدظن ومتنفر کرنا ہے۔ اصل مسئلہ توسیع قدرت کا ہے، جس کا عنوان بگاڑ کر لوگوں کے سامنے وحشت ونفرت پھیلائی جاتی ہے۔ (فتاوی رشیدیہ، قرآن محل ص: ۹۰) میں ہے (۲):

---

(۱) (سورہ الأنفال: ۸)

(۲) (فتاوی رشیدیہ، ص: ۹۳، ۹۴، کتاب العقائد، اللہ تعالیٰ کی طرف جھوٹ کی نسبت، سعید)

Made searchable using ScribeTools.com

''ذات پاک حق تعالی جل جلالہ کی پاک و منزہ ہے، اس سے کہ متصف بصفتِ کذب کیا جاوے- معاذ اللہ تعالیٰ- اس کے کلام میں ہرگز شائبہ کذب کا نہیں ہے۔ قال اللہ تعالیٰ: ﴿و من أصدق من اللّٰہ قیلاً﴾ (۳) جو شخص حق تعالیٰ کی نسبت یہ عقیدہ رکھے یا زبان سے کہے کہ وہ کذب بولتا ہے وہ قطعاً کافر ہے، ملعون ہے اور مخالف قرآن اور حدیث کا اور اجماع امت کا ہے، وہ ہرگز مومن نہیں۔ ﴿تعالی اللّٰہ عما یقول الظالمون علواً کبیراً﴾۔

البتہ یہ عقیدہ اہل ایمان سب کا ہے کہ خدائے تعالیٰ نے مثلِ فرعون و ہامان و ابی لہب کو قرآن میں جہنمی ہونے کا ارشاد فرمایا ہے، وہ حکم قطعی ہے، اس کے خلاف ہرگز ہرگز نہ کرے گا، مگر وہ قادر ہے اس بات پر کہ ان کو جنت دیدیوے، عاجز نہیں ہوگیا، قادر ہے، اگرچہ ایسا اپنے اختیار سے نہ کریگا۔ قال اللّٰہ تعالیٰ: ﴿و لو شئنا لآتینا کل نفس - تا- من الجنة والناس أجمعین﴾ (۲) اس آیت سے واضح ہے کہ اگر خدا تعالیٰ چاہتا تو سب کو مؤمن کر دیتا، مگر جو فرما چکا ہے اس کے خلاف نہ کرے گا اور یہ سب اختیار سے ہے، اضطرار سے نہیں، وہ فاعل مختار ہے، ﴿فعال لما یرید﴾ ہے (۳) یہ عقیدہ تمام علماء امت کا ہے، چنانچہ تفسیر بیضاوی شریف میں تحت قولہ تعالیٰ: ﴿إن تغفر لهم﴾ الخ (۴) لکھا ہے کہ عدم غفران شرک مقتضی وعید کا ہے ورنہ کوئی امتناع ذاتی نہیں، اور یہ ہے عبارت اس کی: "وعدم غفران الشرك مقتضى الوعيد فلا امتناع فيه لذاته"۔ (۵) واللہ اعلم بالصواب''۔

کتبہ الأحقر رشید أحمد گنگوهی عفی عنه

ص: ۲۰۴ پر اس مسئلہ کو لکھ کر آخر میں تحریر فرمایا ہے: ''اس کو اعداء نے دوسری طرح بیان کیا ہوگا''۔ (براہین قاطعہ (۶) اور جہد المقل میں بھی یہی ہے۔

اہل علم حضرات کے لئے اتنا کافی ہے، عوام کو ان کے ذہن کی صلاحیت کے اعتبار سے خود سمجھا دیں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند ۱/۴/۹۵ھ۔

---

(۱) (النسآء: ۱۲۲) (۲) (السجدة: ۱۳) (۳) (البروج: ۱۶)

(۴) (المائدة: ۱۱۸) (۵) (تفسیر البیضاوی: ۱/۲۹۱، دارلکتب العلمیة بیروت)

(۶) (براهینِ قاطعه لخلیل احمد السهارنفوری)

محال کے ساتھ ممکن ماننا

سوال[۷۹]: محال کے ساتھ ممکن ماننا گویا پھولوں کی خوشبو میں گھاس لپٹ کے وجود کو ماننا ہوا۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

ممکنات پر قادر ہونا صفتِ کمال ہے، عاجز ہونا نقص ہے، جس سے اللہ تعالیٰ پاک ہے، محالات سے پاک ہونا صفتِ کمال ہے، محالات سے متصف ہونا نقص ہے جس سے اللہ تعالیٰ پاک ہے(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۱/۱۲/۹۵ھ۔

کیا اللہ تعالیٰ عالم الغیب ہے؟

سوال[۸۰]: زید کہتا ہے کہ معراج شریف میں حضرت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نو بار تشریف لے گئے اور ہر بار پانچ وقت کی نماز معاف ہوئی، اگر اللہ تعالیٰ عالم الغیب تھا تو یہ پہلی ہی بار سب معاف کر دیتا، اس معنی کر کے اگر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عالم الغیب نہیں ہیں تو اللہ تعالیٰ عالم الغیب نہیں ہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

معراج کا واقعہ ایک ہی دفعہ پیش آیا ہے(۲) اور اس میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کے مشورہ سے بار بار

---

(۱) "لأن بداهة العقل جازمة بأن محدث العالم على هذا النمط البديع والنظام المحكم مع ما يشتمل عليه من الأفعال المتقنة والنقوش المستحسنة لا يكون بدون هذه الصفات على أن أضدادها نقائص يجب تنزيه الله تعالىٰ عنها". (شرح العقائد النسفية، ص: ۲۶، ۲۷، سعيد)

"بخلاف مثل العلم و القدرة، فإنها صفات كمال تدل المحدثات على ثبوتها، و أضدادها صفات نقصان". (شرح العقائد، ص: ۳۰، سعيد)

"لأن الجهل بالبعض والعجز عن البعض نقص و افتقار". (شرح العقائد، ص: ۳۱، سعيد)

(۲) " فالذى عليه أئمة النقل :أن الإسراء كان مرةً واحدةً بمكة بعد البعثة قبل الهجرة بسنة، قال شمس الدين ابن القيم : ياعجباً لهؤلاء الذين زعموا أنه كان مراراً، كيف ساغ لهم أن يظنوا أنه فى كل مرة يفرض عليهم الصلوات خمسين، ثم يتردد بين ربه و بين موسى حتى تصير خمساً". (شرح العقيدة الطحاوية لابن أبى العز، ص: ۲۲۴، قديمى) =

Made Searchable using ScribeTools.com

جا کر درخواست کرتے اور ہر درخواست پر معاف کرنے کی نوبت آئی ہے(۱)۔

اللہ تعالیٰ کا عالم الغیب ہونا نص قطعی سے ثابت ہے(۲)،اس کا انکار نص قطعی کا انکار ہے جو کہ موجب کفر ہے(۳)۔

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے عالم الغیب ہونے کی خود نفی فرمائی ہے اور اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے کہ اپنے علم غیب کی نفی کردیں:﴿قل لاأقول لکم عندی خزائن اللّٰہ و لا أعلم الغیب﴾ (۴)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

= "ان المعراج مرتان: مرة بالنوم و أخری باليقظة". (مرقاة المفاتيح، باب فی المعراج ۱۰/۱۵۲، رشيديه)

(وكذا فی تفسير ابن كثير، (الإسراء : ۱): ۳/۲۲، دار القلم بيروت)

(۱) و فی حديث المعراج : "ثم فرضت عليّ الصلاة، خمسين صلاةً كل يوم، فرجعت فمررت على موسى، فقال : بماأمرت ؟ قلت : أمرت بخمسين صلاةً كل يوم . قال : إن أمّتک لا تستطيع خمسين صلاةً كل يوم، وإنی واللہ قد جرّبت الناس قبلک، و عالجت بنی اسرائيل أشد المعالجة، فارجع إلى ربک فسله التخفيف لأمتک..... فرجعت إلى موسىٰ، فقال : بما أمرت ؟ قلت : أمرت بخمس صلوات كل يوم قال: ..... فارجع إلى ربک فسله التخفيف لأمتک، قال: سألت ربي حتى استحييت ولكني أرضى وأسلم ..... الخ". (مشكوة المصابيح، باب فی المعراج: ۲/۵۲۸، قديمی)

(۲) قال اللہ تعالیٰ:﴿و عنده مفاتح الغيب لا يعلمها إلا هو، و يعلم ما فی البرّوالبحر﴾. (الأنعام : ۵۹)

وقال اللہ تعالیٰ: ﴿قل لايعلم فی السموات والأرض الغيب إلا اللہ﴾. (النمل : ۶۵)

"و بالجملة فالعلم بالغيب أمر تفرد به سبحانه، و لا سبيل للعباد إليه إلا بإعلام منه و إلهام بطريق المعجزة أوالكرامة أوالإرشاد إلى الإستدلال بالأمارات فيما يمكن فيه ذلک". (شرح الفقه الأكبر للملا علي القاري ، ص: ۱۵۱، قديمی)

(۳) "فهو كافر لمخالفته القواطع المعلومة من الدين بالضرورة" (رد المحتار: ۳/۴۶، كتاب النكاح، مطلب مهم فی وط ء السرارى، سعيد)

(۴) (الأنعام : ۵۰)

کیا ہر وقت دیدار خداوندی ممکن ہے؟

سوال[۸۱]: زید کہتا ہے کہ مجھے ہر وقت ایسا دیدار رہتا ہے کہ بغیر اس کے میرا چلنا اور سکون مشکل ہے اور یہ شعر پڑھتے رہتے ہیں ؎ درد تو پھر ہی دیکھیں گے میں نے تجھ کو دیکھ لیا

اور نماز وغیرہ پڑھتے ہیں اور لوگ ان کے مرید بھی ہیں، اس قسم کی باتوں سے عوام کے عقیدے خراب ہونے کا ڈر ہے، ایسے شخص کے متعلق کیا حکم ہے؟ فقط۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

یہ تو ممکن ہے کہ کسی شخص کو ایسا استحضار حاصل ہو جائے کہ غفلت نہ ہو، لیکن یہ دیکھنا ان آنکھوں سے دیکھنا نہیں ہے، بلکہ دل میں یہ ایک تصور ہے(۱) قرآن میں ہے: ﴿لاتدرکه الأبصار﴾ (۲) ''یہ آنکھیں اس ذات پاک کا ادراک نہیں کرسکتیں''، مگر جن کو یہ تصور حاصل ہو جاتا ہے وہ دعوی کرتے اور کہتے نہیں پھرا کرتے، اس سے عوام کے عقیدے خراب ہونے کا اندیشہ ہے۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ دارالعلوم دیوبند، ۲۱/ ۷/ ۸۷ھ۔

الجواب صحیح: بندہ محمد نظام الدین عفی عنہ دارالعلوم دیوبند، ۲۱/ ۷/ ۸۷ھ۔

---

(۱) ''وأقره الشيخ علاء الدين القونوي فی شرحه وقال : إن صحّ عن أحد دعوى نحوه، فيمكن تأويله بأن غلبة الأحوال تجعل الغائب كالشاهد، حتى إذا كثر اشتغال السرّ بشيء واستحضاره له، يصير كأنه حضر بين يديه انتهى. و يؤيده حديث : ''(الإحسان أن تعبد الله كأنک تراه)'' و كذا حديث عبد الله بن عمر رضی الله تعالیٰ عنه : ''(حال الطواف كنا نترائ الله) وقال صاحب عوارف المعارف فی كتابه ''أعلام الهدى وعقيدة أرباب التقى'' : أن رؤية العيان متعذرة فی هذه الدار، لأنها دار الفناء، والآخرة هی دار البقاء''. (شرح الفقه الأكبر للملا علی القاری، ص : ۱۲۳، قديمی)

''و حال الشهود و ليس له الرؤية و لكنه كالرؤية كما قال صلی الله تعالیٰ عليه وسلم :''اعبد الله كأنک تراه''. و هذه هی حالة المشاهدة التی أشار إليها القوم بتوالی التجلی علی قلبه، فصار كالعيان فی حاله''. (الفتاوی الحديثية، مطلب ما معنی توحيد الصوفية الموهم للحلول والاتحاد الموجب لكثير من الفقهاء الاعتراض، ص:۴۳۷، قديمی)

(۲) (الأنعام : ۱۰۳)

Made searchable using ScribeTools.com

اللہ میاں کہنا

سوال[۸۲]: اللہ میاں کہنا کیسا ہے یعنی جائز ہے کہ ناجائز؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

''اللہ میاں'' کہنا درست ہے اردو میں یہ لفظ اس موقعہ پر تعظیم کے لئے بولا جاتا ہے(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۲۴/ ۵/ ۹۰ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۴/ ۵/ ۹۰ھ۔

کیا گاڈ خدا کا نام ہے؟

سوال[۸۳]: ایک شخص نے دوران گفتگو اللہ تعالیٰ کے لئے لفظ گاڈ (انگلش) کہہ کر کوئی بات سمجھانی چاہی جس پر ایک صاحب نے اعتراض کرتے ہوئے فرمایا: گاڈ، فاڈ، راڈ، ساڈ، میں کیا جانوں (حالانکہ وہ انگلش بھی جانتے ہیں) آپ اردو میں سمجھایئے، جب اللہ تعالیٰ کے ۹۹/ نام ہیں انہیں ناموں میں سے کسی نام سے سمجھایئے، عربی یا اردو میں کہئے یہ مسئلہ ہم لوگوں کے درمیان بہت ہی پیچیدہ بن گیا ہے، کیا اس شخص کا لفظ گاڈ کو اٹھلانا، بگاڑنا اور بری طرح سے ادا کرنا درست ہے یا اس لفظ کا احترام کرنا چاہئے؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

اپنے محاورات اور بول چال میں اللہ تعالیٰ کا ایسا نام لینا اولیٰ اور مناسب ہے جو قرآن شریف اور حدیث شریف سے ثابت ہو، تاہم ہر زبان میں اللہ تعالیٰ کے نام ہیں، ان کا بھی ادب واحترام لازم ہے، یہ بات

---

(۱) "من الأسماء التوقيفية عَلَم، و منها ألقاب و أوصاف و ترجمة اللفظ بمنزلته، فالأسماء العجمية ترجمة تلك الألقاب والأوصاف، و لذا انعقد الإجماع على إطلاقها، نعم لا يجوز ترجمة العَلَم، فالله عَلَم والباقيٰ ألقاب و أوصاف بخلاف المرادف العربي للأسمآء العربية، لأنها لا ضرورة إلى إطلاقها فلا يؤذن فيها، أما العجم فيحتاجون إلى الترجمة للسهولة في الفهم". (امداد الفتاوی: ۴/ ۵۱۳، مسائل شتی، دارالعلوم کراچی)

(وكذا في اليواقيت والجواهر لعبد الوهاب الشعراني، ص: ۷۸، مصر)

جانتے ہوئے کہ فلاں لفظ اللہ تعالیٰ کا نام ہے اس کی بے ادبی کرنے کا حق نہیں، اس سے پورا پرہیز لازم ہے(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۹۴/۲/۹ھ۔

اسماءِ الٰہی دوسری زبانوں میں

سوال[۸۴]: ''شحنۂ شریعت'' رسالہ میں ہے کہ اللہ کو صرف انہیں ناموں سے یاد کرنا لازم ہے جو قرآن میں بتلائے گئے ہیں: جیسے رحمٰن، ستار، غفار وغیرہ اور اللہ پاک کو ایسے اسماء سے موسوم نہ کرنا چاہئے، جو اس میں نہیں بتلائے گئے معنی خواہ اس کے اچھے ہوں خواہ خراب جیسے: ''گاڈ، ایزد، یزدان، رام، ایشور، پرمیشور، پروردگار'' وغیرہ۔ اگر فارس کا رہنے والا فارسی زبان میں ''خدا'' کہتا ہے جو اس کی مادری زبان ہے، اسی طرح ہندوستان کا رہنے والا جس کی مادری زبان ہندی ہے، ہندی زبان میں ''رام'' کہتا ہے، پھر خدا اور رام میں کیا فرق ہے، اگر خدا کہنا جائز ہے تو رام کہنا کیوں ناجائز ہے؟ اگر ایک فارس کا رہنے والا کافر اپنی فارسی زبان میں اللہ کو ''خدا، ایزد، یزدان'' کہتا ہے اور عیسائی اپنی زبان میں ''گاڈ''، یزیدی اپنی زبان میں ''شیطان'' کہتا ہے، حبشی اپنی زبان میں ممبو کہتا ہے، آریہ اپنی زبان میں پرچودیات کہتا ہے پرکھودراجمبو، بمبو، بھگوان کہتا ہے، ان کا یہ کہنا اسلام کے قبول کرنے کے بعد بھی کیونکر درست ہوسکتا ہے؟ اور اگر اسلام کے بعد بھی اس نام سے اللہ کو

---

(۱) قال اللہ تعالیٰ: ﴿و للہ الأسماء الحسنیٰ فادعوہ بھا﴾ ..... عن أبی ھریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: '' إن للہ تعالیٰ تسعۃ و تسعین إسماً، مائۃ إلا واحدۃ، من أحصاھا دخل الجنۃ''. (التفسیر المظھری: ۴۳۶/۳، تفسیر سورۃ الأعراف، حافظ کتب خانہ)

'' ومنھا أن للہ مائۃ اسم غیر اسم، من دعا بھا استجاب اللہ لہ''. (حاشیۃ الصاوی علی تفسیر الجلالین: ۳۱۱/۲، قدیمی)

''ھی معظمۃ فی کل لغۃ مرجعھا إلی ذات واحدۃ، فإن اسم اللہ لا یعرف العرب غیرہ، و ھو بلسان فارسی ''خدا'' أی بلسانہ الحبشۃ ''واق'' و بلسان الفرنجی ''کریطرد روا''. بحث علی ذلک فی سائر الألسن، تجد ذلک الاسم الإلھی معظماً فی کل لسان من حیث لا یدل علیہ''. (الیواقیت والجواھر، ص: ۷۸)

(وکذا فی امداد الفتاویٰ: ۵۱۳/۴، مسائل شتیٰ، دارالعلوم کراچی)

Made searchable using ScribeTools.com

پکارتے ہیں تو اسلام اور کفر مسلمان اور کافر میں امتیاز نہیں کیا جا سکتا۔

محض اس امتیاز کے واسطے اللہ نے اسمائے حسنیٰ سے واقف کر دیا اور کوئی حجت باقی نہ رہی، تفصیلی جواب دیجئے، شاید ان کی سمجھ میں آ جائے اور اصلاح ہو جائے۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

اگر مراد یہ ہے کہ جواز کا دار مدار صرف ان ناموں پر ہے جو کہ قرآن کریم میں وارد ہوئے ہیں تو بڑی دِقت پیش آ جائے گی، اس لئے کہ شاید قرآن شریف میں تمام اسماء حسنیٰ بھی موجود نہ ہوں، نیز کتب سابقہ: توراۃ، انجیل، زبور، صحف ابراہیم وموسیٰ کیا سب عربی ہی میں ہیں اور ان میں جو اللہ تبارک وتعالیٰ کے اسماء مبارکہ مذکور ہیں، ان کے متعلق صاحب شحنہ کیا کہیں گے؟

بوستان، سکندر نامہ، مثنوی مولانا روم جن میں بیشتر مواقع میں دعائیں ہیں اور فارسی کے بہت سے اسماء سے خطاب کیا گیا ہے، کیا ان سب کا پڑھنا ناجائز ہے حالانکہ ان کتب کی تعلیم صدیوں سے بلکہ زمانہ مجتہدین سے مدارس میں ہوتی چلی آ رہی ہے اور تصوف، حدیث، فقہ، تفسیر کا بہت بڑا ذخیرہ فارسی اور اردو وغیرہ میں موجود ہے اور مصنفین نے اس کا اہتمام نہیں کیا کہ اسماء حسنیٰ مذکور فی القرآن ہی سے تعبیر کریں، شیخ محی الدین ابن عربی نے ایک ہزار نام اللہ پاک کے تحریر کئے ہیں (۱) (کذا فی الطحطاوی، ص: ۵) (۲)۔

کتب عقائد، شرح مواقف، شرح مقاصد، شرح عقائد، مسامرہ، شرح فقہ اکبر میں بھی اسماء حسنیٰ کے

---

(۱) قال اللہ تعالیٰ: ﴿و للہ الأسماء الحسنیٰ فادعوہ بھا﴾ قال الحافظ أبو بکر بن العربی عن بعضھم: إن للہ تعالیٰ ألف اسم، قال ابن العربی: و ھذا قلیل فیھا". (رد المحتار، کتاب الحظر والإباحۃ، فصل فی البیع: ۶/۳۹۶، سعید)

"قال أبو البقاء و لو قلت: لاسم اللہ أو باسم ربی أتیت الألف و نحوہ مما أضیف إلی غیر الجلالۃ من أسماء الباری نحو باسم الخالق. و ذکر الفقیہ الإمام أبو بکر العربی أحد أئمۃ المالکیۃ فی کتابہ "عارضۃ الأحوذی فی شرح الترمذی" أن بعضھم جمع من الکتاب والسنۃ، من أسماء اللہ ألف اسم فاللہ علم". (تفسیر ابن کثیر: ۲/۳۵۸، دار السلام)

(وکذا فی تفسیر روح المعانی: ۹/۱۲۲، دار إحیاء التراث العربی)

(۲) (حاشیۃ الطحطاوی علی الدر المختار، المقدمۃ: ۱/۳، دار المعرفۃ)

Made Searchable by ScribeTools.com

علاوہ دوسرے اسماء بھی ذکر کئے ہیں، اگر صاحب شحنہ یہ کہتے کہ نماز میں دوسرے ناموں یا دوسری زبان کے ناموں سے احتراز کرنا چاہئے تب بھی ان کا کہنا ایک حد تک صحیح ہوتا، اگر چہ یہ بھی اجماعی چیز نہیں کیونکہ بعض ائمہ کے نزدیک فارسی میں تکبیر تحریمہ کہنا اور فارسی میں قرأت کرنا درست ہے(۱) اور بعض کے نزدیک اذکار صلوٰۃ کو مطلقاً ہر زبان میں پڑھنا درست ہے(کذا فی ردالمحتار:۱/ ۲۲۵)(۲)۔

تفصیل دیکھنی ہو تو آکام النفائس دیکھئے، شیخ عبدالوہاب شعرانی نے الیواقیت والجواہر کے ص:۷۸ پر لکھا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے جمیع اسماء جس زبان میں ہیں سب کے سب قابل تعظیم واحترام ہیں: "فإن قلت: فهل يعم تعظيم الأسماء جميع الألفاظ الدائرة على ألسنة الخلق على اختلاف طبقاتهم وألسنتهم؟ فالجواب: نعم، هي معظمة في كل لغة مرجعها إلى ذات واحدة، فإن اسم الله لا يعرف العرب غيره، و هو بلسان فارسي "خدا" أي بلسانه الحبشة "واق" و بلسان الفرنجي "كريطرد روا"، بحث على ذلك في سائر الألسن تجد ذلك الأسماء الإلهي معظماً في كل لسان من حيث

---

(۱) "و أما صحة الشروع بالفارسية و كذا جميع أذكار الصلاة فهي على الخلاف، فعنده تصح الصلوة بها مطلقاً ..... والظاهر أن الصحة ولاتنفي الكراهة". (رد المحتار، كتاب الصلوة، مطلب في الدعاء بغير العربية: ۱/ ۵۲۱، سعيد)

"قوله: (كما لو قرأ بها عاجزاً): أي لو قرأ بالفارسية حالة العجز عن العربية، فإنه يصح، و هذا بالاتفاق". (البحر الرائق، كتاب الصلوة، باب صفة الصلوة: ۱/ ۵۳۶، رشيديه)

(وكذا في النهر الفائق، كتاب الصلوة، باب صفة الصلاة: ۱/ ۲۰۶، رشيديه)

(۲) "(كما صح لو شرع بغير عربية) ..... و على هذا بخلاف الخطبة و جميع أذكار الصلاة، و أما ما ذكره بقوله: (أو آمن أولبّى أو سلم أو سمى عند ذبح) أو شهد عند حاكم أو رد سلاماً، و لم أر لو شمت عاطساً (أو قرأ بها عاجزاً) فجائز إجماعاً". (الدر المختار، كتاب الصلوة، باب صفة الصلوة: ۱/ ۴۸۴، سعيد)

(وكذا في التاتارخانية، كتاب الصلوة، افتتاح الصلاة بالتهليل: ۱/ ۴۴۰، إدارة القرآن)

(وكذا في النهر الفائق، كتاب الصلوة، باب صفة الصلاة: ۱/ ۲۰۵، ۲۰۶، رشيديه)

"(قوله: و جعل العيني الشروع كالقرأة) في أنها لا تجوز بغير العربية إلا عند العجز (قوله: ولا سند يقويه) بل الوجه الجواز، لأن المقصود التعظيم، و هو يحصل بأيّ لغة كانت". (حاشية الطحطاوي على الدر المختار، كتاب الصلوة، فصل الشروع في الصلوة: ۱/ ۲۱۷، دار المعرفة)

Made searchable using ScribeTools.com

لا یدل علیه"۔

امام بخاریؒ نے ایسی احادیث پاک بھی ذکر کی ہیں جن میں دوسرے اسماء استعمال کئے گئے ہیں، اگر مراد یہ ہے کہ دوسرے نام اگر چہ دیگر اقوام کے نزدیک خدا ہی کے نام ہیں، لیکن چونکہ وہ دیگر اقوام کے شعار بن چکے ہیں اور مسلم کو غیر مسلم کے شعار سے اجتناب چاہئے تو یہ مراد بھی خلاف شرع نہیں بلکہ شرعاً مطلوب ہیں (۱) مگر اس صورت میں ان ہی ناموں کو منع کیا جاسکتا ہے جو غیر اقوام کا شعار ہیں اور جو شعار نہیں ان کو منع نہیں کیا جاسکتا، جیسے خدا، ایزد، یزدان کہ یہ نام کسی مخصوص غیر مسلم کے شعار نہیں بلکہ بکثرت اہل اسلام کی تصانیف میں موجود ہیں (۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

اسماء الٰہی میں الحاد کا مطلب

سوال[۸۵]: اسماء الٰہی میں الحاد کرنے کی تعریف کیا ہے؟ کیا ملحد دائرہ اسلام سے خارج ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

ملحد کہتے ہیں سیدھے راستہ سے ہٹنے والے کو، جو شخص شریعت اور اسلام کا سیدھا راستہ چھوڑ کر کسی دوسری طرف چلے، اگر وہ بالکل حدود اسلام سے باہر نکل جائے تو دائرۂ اسلام سے خارج ہو جائے گا، بت پرست کہتے تھے کہ لات (بت) لفظ اللہ سے بنا، ہے اور عزیٰ (بت) لفظ: عزیز سے بنا ہے، اور منات (بت) لفظ:

---

(۱) "(الإعطاء باسم النيروز والمهرجان لا يجوز): أي الهدايا باسم هذين اليومين حرام (وإن قصد تعظيمه) كما يعظمه (يكفر)". (الدر المختار).

"والأولىٰ للمسلمين أن لا يوافقهم على مثل هذه الأحوال لإظهار الفرح والسرور اهـ". (رد المحتار، كتاب الخنثى، مسائل شتى: ۶/۷۵۴، ۷۵۵، سعيد)

(وكذا في الفتاوى العالمكيرية، كتاب الخنثى، مسائل شتىٰ: ۶/۴۴۶، رشيديه)

(۲) (فيروز اللغات اردو جامع، مرتبه الحاج مولوى فيروز الدينؒ، ص: ۵۸۵، ۱۴۵، ۱۴۶۷، فيروز سنز لميٹيڈ)

(وكذا في نور اللغات، مولوى نور الحسن نيّر مرحوم: ۲/۱۲۴۴، ۱/۴۲۵، ۴/۱۷۲۳، سنگ ميل پبلى كيشنز لاهور)

منان سے (۱)۔قرآن کریم نے کہا کہ یہ اسماء الٰہی میں الحاد ہے، کیونکہ یہ اللہ کے ناموں کا بگاڑنا ہے۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

☆.....☆.....☆.....☆.....☆

---

(۱) "والملحد: و هو من مال عن الشرع القويم إلى جهة من جهات الكفر، من ألحد فى الدين حار و عدل ..... فالملحد أوسع فرق الكفر حداً: أى هو أعم من الكل". (رد المحتار: ۴/۲۴۱، باب المرتد، مطلب: فى الفرق بين الزنديق والمنافق، سعيد)

﴿و ذروا الذين يلحدون فى أسمائه﴾. الآية، حيث اشتقوا منها أسمآءً لآلهتهم كاللات من الله، والعزى من العزيز، و مناة من المنان". (تفسير الجلالين مع حاشية الصاوى: ۲/۳۱۱، بيروت)

"والإلحاد يكون بثلاثة أوجه: أحدها بالتغيير فيها كما فعله المشركون، و ذلك أنهم عدلوا بها عما هى عليه، فسمّوا بها أوثانهم، فاشتقوا اللات من الله، والعزى من العزيز، و مناة من المنان". (الجامع لأحكام القرآن للقرطبى: ۷/۲۰۸، بيروت)

Made searchable using ScribeTools.com

ما یتعلق بالإشراک باللہ تعالیٰ و صفاته

(اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات میں شرک کا بیان)

شرک کی تفصیل

سوال[۸۶]: شرک کے معنی کیا ہیں؟ کیا خدا کے بیٹا، پوتا، یا ایک خدا کے بجائے دو خدا ماننا ہے؟ یا اس کے علاوہ اور کچھ باتیں شرک کی ہیں؟ یا پھر کون کون باتیں شرک کی ہیں؟ بالتفصیل تحریر فرماویں۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

خدائے پاک اپنی ذات وصفات میں یکتا ہے، اس کے مثل اور کوئی ذات ماننا یہ شرک ہے، اس کی صفات کے مثل کسی میں صفات ماننا، یہ شرک ہے۔ جو کام صرف اسی کے لئے کئے جائیں وہ کام کسی اور کے لئے کرنا شرک ہے۔ مرادیں صرف اسی سے مانگی جاتی ہیں، کسی اور سے مانگنا شرک ہے(۱) بہشتی زیور میں بہت سی

---

(۱) "(و لا شیء مثله) اتفق أهل السنة على أن الله ليس كمثله شيء لا في ذاته و لا في صفاته ولا في أفعاله". (شرح العقيدة الطحاوية لابن أبي العز، تفسير قوله تعالىٰ: ﴿ليس كمثله شيء﴾، (سورة الشورىٰ: ۱۱)، ص: ۹۸، قديمی)

"أحدهما أن يجعل لله نداً يدعوه كما يدعو الله، ويسأله الشفاعة كما يسأل الله، ويرجوه كما يرجو الله، و يحبه كما يحب الله، و يخشاه كما يخشى الله، وبالجملة فهو أن يجعل لله نداً يعبده كما يعبد الله، و هذا هو الشرک الأكبر و هو الذى قال الله فيه: ﴿واعبدوا الله ولا تشركوا به شيئاً﴾ (النسآء: ۳۶) وقال: ﴿و لقد بعثنا فى كل أمة رسولاً أن اعبدوا الله واجتنبوا الطاغوت﴾ (النحل: ۳۶) وقال تعالىٰ: ﴿ويعبدون من دون الله ما لا يضرهم و لا ينفعهم، و يقولون هولاء شفعاؤنا عند الله، قل أتنبّئون الله بما لا يعلم فى السمٰوات و لا فى الأرض، سبحانه و تعالىٰ عما يشركون﴾ (يونس: ۱۱۸) وقال تعالىٰ: ﴿الله الذى خلق السمٰوات والأرض و ما بينهما فى ستة أيام، ثم استوى على العرش، مالكم من دونه من ولي و لا شفيع، أفلا تتذكرون﴾ (السجدة: ۴) والآيات في النهى عن هذا الشرک و بيان بطلانه كثيرة جداً". (تيسير العزيز الحميد شرح كتاب التوحيد، ص: ۳۰، مكتبه دار الباز، مكة)

مثالیں اس کی موجود ہیں (۱) خدا کا بیٹا پوتا ماننا، یا ایک خدا کی بجائے دو یا زیادہ خدا ماننا، یہ بھی شرک ہے (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۲۸/ / ۸۹ھ۔

شرک فی وجود الوجوب

سوال[۸۷]: شرك فی وجوب الوجود اور شرك فی العبادة کس کو کہتے ہیں؟ اور شرک کی کل کتنی قسمیں ہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

جس طرح باری تعالیٰ واجب الوجود ہے، ازلی، ابدی، غیر فانی ہے، اسی طرح کسی اور چیز کو تسلیم کرنا شرک فی وجوب الوجود ہے اور خدائے وحدہ کے ساتھ کسی اور شئی کی بھی عبادت کرنا شرک فی العبادۃ ہے۔ شرک فی الأسماء، شرک فی الصفات، شرک فی الأفعال بھی شرک کی قسمیں ہیں (۳)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ دارالعلوم دیوبند، ۱/ ۸/ ۸۷ھ۔

الجواب صحیح: بندہ محمد نظام الدین عفی عنہ دارالعلوم دیوبند، ۱/ ۸/ ۸۷ھ۔

---

(۱) (بهشتی زیور، عقیدوں کا بیان: ۱/ ۴۵، دارالاشاعت)

(۲) ﴿قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ o اَللّٰهُ الصَّمَدُ o لَمْ يَلِدْ o وَ لَمْ يُوْلَدْ o وَ لَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ o﴾ (الإخلاص)

(۳) "و إنما قلنا : إنه حي قيوم، لأنه واجب الوجود لذاته، و كل ما سواه فإنه ممكن لذاته محدث حصل تكوينه و تخليقه و إيجاده على ما بيّنا كل ذلك فی تفسير قوله تعالىٰ: ﴿الله لا إله إلا هو الحی القيو ﴾، وإذا كان الكل محدثاً امتنع كون شیء منها ولداً و إلهاً كما قال : ﴿إن كل من فی السموات والأرض إلا ات الرحمن عبداً﴾". (التفسیرالکبیر: (آل عمران : ۱، ۲)، ۷/ ۱۵۶، داالکتب العلمیه طهران)

"إذا ثبت هذا فاعلم أن علماء نا رضی الله تعالىٰ عنهم قالوا: الشرك على ثلاث مراتب و كله محرم: وأصله اعتقاد شريك لله فی ألوهيته و هو الشرك الأعظم، و هو شرك الجاهلية، و هو المراد بقوله تعالىٰ : ﴿إن الله لا يغفر أن يشرك به و يغفر ما دون ذلك لمن يشاء﴾ (النسآء : ۴۸). ويليه فی الرتبة اعتقاد شريك لله تعالىٰ في الفعل، و هو قول من قال : إن موجودا ما غير الله تعالىٰ يستقل باحداث فعل و إيجاده، وإن لم يعتقد كونه إلهاً كالقدرية مجوس هذه الأمة، وقد تبرأ منهم ابن عمر كما فی حديث جبريل عليه السلام. ويلی هذه الرتبة الإشراك فی العبادة و هو الرياء، وهو أن يفعل شيئاً من =

Made Searchable using ScribeTools.com

کافر ومشرک میں فرق

سوال[۸۸]: کافر ومشرک میں کیا فرق ہے؟ کیا جس طرح گنہگار مؤمن کو اللہ پاک چاہے بخشے یا نہ بخشے، اسی طرح مشرکوں کو بھی چاہے بخشے چاہے نہ بخشے؟ اللہ پاک میں اتنی قدرت ضرور ہے کہ مشرکوں کافروں کو بھی بلاحساب کتاب جنت اعلی میں داخل کردے، ﴿إن اللّٰه علی کل شئ قدیر﴾(۱) لیکن اللہ پاک کافروں ومشرکوں کو نہیں بخشے گا، کیونکہ وہ قرآن مجید میں یوں فرماتا ہے: ﴿إن اللّٰه لا یغفر أن یشرك به ویغفر مادون ذٰلك لمن یشاء﴾(۲)۔

= العبادات التی أمر الله بفعلها له لغیره، و هذا هو الذی سیقت الآیات والأحادیث لبیان تحریمه، و هو مبطل للأعمال، وهو خفي لا یعرفه کل جاهل غبی". (الجامع لأحکام القرآن للقرطبی: (النسآء: ۳٦)، ۱۱۸/۵، دارالکتب العلمیة، بیروت)

"الشرك فی الربوبیة: و هو نوعان: أحدهما: شرك التعطیل، و هو أقبح أنواع الشرك، کشرك فرعون، إذ قال: (و مارب العالمین) و من هذا شرك الفلاسفة القائلین بقدم العالم و أبدیته، و إنه لم یکن معدوماً أصلاً، بل لم یزل و لا یزال، والحوادث بأسرها مستندة عندهم إلی أسباب و وسائط اقتضت إیجادها، یسمونها: العقول، والنفوس ..... ومن هذا شرك من عطّل أسماء الرب وأوصافه من غلاة الجهمیة والقرامطة.

النوع الثانی: شرك من جعل معه إلهاً آخر، و لم یعطّل أسمائه و صفاته و ربوبیته کشرك النصاری الذین جعلوه ثالث ثلاثة، و شرك المجوس القائلین بإسناد حوادث الخیر إلی النور و حوادث الشر إلی الظلمة ..... القسم الثاني: الشرك فی توحید الأسماء والصفات، و هو أسهل مما قبله، و هو نوعان: أحدهما: تشبیه الخالق بالمخلوق، کمن یقول: یدکیدي، وسمع کسمعی، و بصر کبصري، و استواء کاستوائي، و هو شرك المشبهة، الثاني: اشتقاق أسماء للآلهة الباطلة من أسماء الإله الحق، قال الله تعالیٰ: ﴿ولله الأسماء الحسنی، فادعوه بها، و ذروا الذین یلحدون في أسمائه، سیجزون ما کانوا یعملون﴾ (الأعراف: ۱۸۰) قال ابن عباس: یلحدون في أسمائه: یشرکون، وعنه: سموا اللات من الإله، و العزی من العزیز". (تیسیر العزیز الحمید، ص: ۲۷، ۲۸، المکتبة السلفیه)

(۱) (البقرة: ۲۰)

(۲) (النساء: ۴۸، ۱۱٦)

الجواب حامداًومصلیاً

ہرمشرک تو کافر ہے، لیکن ہرکافرمشرک نہیں (۱) کافرتو وہ بھی ہے جوضروریاتِ دین نصِ قطعی وغیرہ کاانکارکرے (۲) مگراسے مشرک نہیں کہتے، بلکہ مشرک اسے کہتے ہیں، جواللہ تعالی کے ساتھ کسی کوشریک کرے، خواہ ذات میں خواہ صفات وافعال وغیرہ میں (۳) اللہ تعالی نے دونوں کو نہ بخشنے کاوعدہ فرمایاہے: ﴿الذین کفروا وکذبوا بآیتناأولئك أصحاب النار﴾(٤)، ﴿إن اللہ لایغفر أن یشرك به﴾ الخ (۵)۔

لیکن باوجوداس کے قدرت سلب نہیں ہوئی، بلکہ مغفرت پرقدرت باقی ہے کمافی کتب العقائد (۶)۔

فقط واللہ سبحانہ تعالی اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مظاہرعلوم سہارنپور۔

---

(۱) أنظر المسئلة الآتية: ''مشرک اورکافرمیں فرق''

(۲) ''والکفر لغةً الستر وشرعاً : تکذیبه صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم،فی شئ مماجاء به من الدین ضرورةً''. (الدرالمختار مع ردالمحتار :۴/۲۲۳،باب المرتد من کتاب الجهاد، سعید)

''والکفر لغةً الستر،وشرعاً: تکذیبه محمداً صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم فی شي مما یثبت منه ادعاه ضرورةً''. (البحرالرائق: ۵/۲۰۲،باب احکام المرتدین،رشیدیه)

(۳) ''حقیقة الشرک أن یعتقد إنسان فی بعض المعظمین من الناس أن الآثار العجیبة الصادرة منه إنما صدرت لکونه متصفاً بصفة من صفات الکمال مما لم یعهد فی جنس الإنسان، بل یختص بالواجب جل مجده لایوجد فی غیره، إلا أن یخلع بخلعة الألوهیة علی غیره، أو یَفْنَی غیره فی ذاته، ویبقی بذاته أو نحوذالک مما یظنه هذا المعتقد من أنواع الخرافات کما ورد فی الحدیث :''إن المشرکین کانوا یلبّون بهذه الصیغة: لبیک لبیک، لاشریک لک إلا شریکاًهولک تملکه وما ملک''، فیتذلل عنده أقصی التذلل، ویعامل معه معاملة العباد مع اللہ تعالی''. (حجة اللہ البالغة: ۱/۶۱،۶۴، باب أقسام الشرک، إدارة المنیریة)

(۴) (سورة البقرة ۳۹) (۵)(سورة النساء ۱۴۸)

(۶) (إن اللہ علی کل شئ قدیر) (سورة البقرة: ۱۴۸)

''واللہ تعالی لایغفر أن یشرک به بإجماع المسلمین، لکنهم اختلفوا فی أنه یجوز عقلاً أم لا، فذهب بعضهم إلی أنه یجوز عقلاً.وإنما عدمه بدلیل السمع''. (شرح العقائد، ص:۸۵ دهلی)

Made searchable using ScribeTools.com

مشرک اور کافر میں فرق

سوال[۸۹]: مشرک اور کافر میں کیا فرق ہے اور مشرک اور کافر کی کیا تعریف ہے؟

الجواب حامداً مصلیاً :

ہر مشرک کافر ہے، لیکن ہر کافر مشرک نہیں، بلکہ بعض کافر غیر مشرک بھی ہوتا ہے، مشرک وہ شخص ہے جو توحید کا منکر ہو، یعنی خدا کو ایک نہیں مانتا، بلکہ اس کے ساتھ شریک مانتا ہے اور خدا کا بھی منکر نہیں۔ اور جو کافر مشرک کا مقابل ہے، وہ ہے جو خدا کو تو ایک مانتا ہے، لیکن خدا کے تعین میں غلطی کرتا ہے، مثلاً حضرت مسیح کو خدا اور معبود مانتا ہے تو یہ شخص کافر ہے مشرک نہیں، شیخ اکبر نے فتوحات مکیہ کے باب، ص: ۲۷۵ میں ایسا ہی بیان کیا ہے(۱) اور الیواقیت والجواہر کے، ص: ۳۳ میں بھی ہے(۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

---

(۱) "و فرق بينه و بين الكفار من أهل الكتب المنزّلة، فإن المشرک قادح في الحق و في الكون بشركه، فلم يكن له مستند يعصمه من القتل، لأنه قدح في التوحيد و في الرسل، والكفار من أهل الكتاب لم يقدحوا في التوحيد و لا في الكون: أعنى الرسل، لكن قدحوا في رسول معين لهوى، أو شبهة قائمة بنفوسهم أداهم ما قام بهم إلى جحود الحق ظلماً و علواً مع اليقين به". (الفتوحات المكية، الباب الخامس والسبعون ومائتان في معرفة منزل التبري من الأوثان من المقام الموسوي، و هو من منازل الأمر السبعة : ۴/ ۳۳۱، دارالكتب العلمية بيروت)

(۲) "فإن قيل : فهل كل كافر مشرک كمأن كل مشرک كافر، أم لا؟ فالجواب ما قاله في الباب الخامس والسبعين و مائتين: أن كل مشرک كافر و ليس كل كافر مشركاً، فأما كفر المشرک، فلعدوله عن أحدية الإله، و أما شركه، فلأنه نسب الألوهية إلى غيرالله مع الله، و جعل له نسبتين فأشرک، و أما وجه كونه لا يلزم أن يكون كل كافر مشركاً، فهوأن الكافر هوالذي يقول: إن الإله واحد غير أنه أخطأ في تعيين الإله ..... الخ". (اليواقيت والجواهر، المبحث الأول في بيان أن الله تعالىٰ واحد أحد منفرد في ملكه لا شريک له: ۱/ ۲۶، دارإحياء التراث العربى و مؤسسة التاريخ العربى بيروت)

صفات باری تعالیٰ میں کسی کو شریک کرنا

سوال[۹۰]: خالق اپنی صفت خاصہ کی وجہ سے قادرِ مطلق اور یکتا بھی، مخلوق میں ہونا محال ہے، ممکن اور متنفس کے ساتھ تشبیہ دینا توحید میں عیب لگانا ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

قادر مطلق جل شانہ کے اوصاف خاصہ میں کسی مخلوق کو شریک کرنا غلط ہے، شرک فی الصفات ہے، اس کی توحید میں عیب لگانا ہے۔ معاذ اللہ(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند ۲۱/۱۲/۹۵ھ۔

کیا اولیاء کو ذاتی قدرت ہے؟

سوال[۹۱]: ما قولکم دام فضلکم اندریں مسئلہ یکے از پیش امام مسجد در وعظ خود این می گوید که قدرتیکه مر خدا را هست اولیاء راهم باشد، باین الفاظ هم می گوید که بعضے از انبیاء و اولیاء مردگان را بالفاظ "قم بإذنی" و نگفت "قم بإذن اللّٰه" حیات بخشنده اند، پس بعضے از مقتدیان که در پس در نماز اقتداء کرده بودند اقتداء کردن در پس آن امام ترک کرده اند، دریں باب از روئے اعتقاد وفقه چه می گویند ترکِ اقتداء از روئے فقه و عقائد اولیٰ است یا ناجائز یا اقتداء در پس او جائز؟ دلیل و برهان فقه عقائد فرموده مستحق اجر شوند.

سائل: ابوالقاسم نمبر:۸، حق درگاہ اسٹریٹ، پرنگی پیٹی مدراس، انڈیا۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

فبعد! امام را نشاید که ایں چنین سخن بر زبان راند که موجبِ فتنه و فساد عقیده

---

(۱) "والشرک أن یثبت لغیر اللہ سبحانه وتعالی شیأً من الصفات المختصة کالتصرف فی العالم بالإرادة الذی یعبر عنه "بکن فیکون"، أو العلم الذاتی من غیر اکتساب بالحواس ودلیل العقل والمنام والإلهام ونحو ذالک، أوالإیجاد لشفاء المریض". (الفوزالکبیر: ص:۱۸، مکتبه خیر کثیر)

"فالشرک فی الربوبیة، فإن الرب سبحانه هوالمالک المدبرالمعطی المانع الضار النافع الخافض الرافع المعز المذل، فمن شهد أن المعطی أو المانع أوالضار أوالنافع أو المعز أوالمذل غیره فقدأشرک بربوبیته". (مجموعة الفتاوی لابن تیمیة: ۱/۷۲، بیروت)

Made searchable using ScribeTools.com

شود، قدرتیکه در مردم ظاهر می شود، ذاتی وخانه زاد نیست، بلکه پر توِ قدرت قادرِ مطلق است جل شانه، کسے نمی تواند که بغیر مددِ خدا ذرّه و برگ کاهے را از جائے بجنباند، و از بعض اولیاء که این جمله منقول است در حقیقتِ حکایت جمله است که" از سروش در گوش ایشان گفته شد نه که از نفس خود گفته بودند". چنانچه در گوش منصور آواز آمد "أنا الحق" او مست شده همان آواز را می گفت، شنیدگان فهمیدند که او دعویٰ می کند پس بگذشت برو آنچه گذشت. اگر مرادِ امام همین است، در پس اِو نماز جائز است(۱) مگر او رَا احتیاط لازم است، و اگر انبیاء اولیاء را قدرتے مستقل مثل قدرتِ حق تعالیٰ مسلّم می دارد، این شرک است(۲). فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲/ ۷/ ۹۳ھ۔

---

(۱) "والصلاة خلف كل بر و فاجر": أي صالح و طالح (من المؤمنين جائزة): أي لقوله صلى الله عليه وسلم : (صلوا خلف كل بر و فاجر)". (شرح الفقه الأكبر للملا علي القاري، ص: ۷۶، قديمی)

"و تجوز الصلاة خلف كل بر و فاجر لقوله عليه السلام :"صلوا خلف كل بر و فاجر" و لأن علماء الأمة كانوا يصلون خلف الفسقة و أهل الهواء والبدع من غير نكير". (شرح العقائد النسفية للتفتازانی، ص: ۱۶۰، قديمی)

(وكذا فی شرح العقيدة الطحاوية لابن ابی العز، ص: ۳۷۳، ۳۷۴، قديمی)

(۲) "و يليه فی الرتبة اعتقاد شريک لله تعالیٰ فی الفعل، و هو قول من قال : إن موجوداً ما غير الله تعالیٰ يستقل بإحداث فعل و إيجاده و إن لم يعتقد كونه إلهاً كالقدرية مجوس هذه الأمة، و قد تبرأ منهم ابن عمر كما فی حديث جبرئيل عليه السلام". (الجامع لأحكام القرآن للقرطبی، (النسآء: ۳۶) ۵/ ۱۱۸، دار الكتب العلمية)

"حقيقة الشرک أن يعتقد إنسان فی بعض المعظمين من الناس أن الآثار العجيبة الصادرة منه إنما صدرت منه لكونه متصفاً بصفة من صفات الكمال مما لم يعهد فی جنس الإنسان، بل يختص بالواجب جل مجده لا يوجد فی غيره إلا أن يخلع هو خلعة الألوهية على غيره، أو يفْنَی غيره فی ذاته و يبقی بذاته أو نحو ذلک مما يظنه هذا المعتقد من أنواع الخرافات، كما ورد فی الحديث:"إن المشركين كانوا يلبّون بهذه الصيغة: لبيک، لبيک لا شريک لک إلا شريكاً هو لک، تملكه و ما ملک". فيتذلل عنده أقصى التذلل، و يعامل معه معاملة العباد مع الله تعالیٰ". (حجة الله البالغة، باب أقسام الشرک : ۱/ ۱۸۳، ۱۸۴، قديمی)

Made Searchable by ScribeTools.com

کیا اولیاء پر موت طاری نہیں ہوتی؟

سوال[۹۲]: ما تقولون فی معنی الأولیاء لا یموتون هل هذه الجملة جزء من حدیث أم کیف؟ و یعتقد فرقة ضالة أن الأولیاء أحیاء لا یموتون، بل هم یغیبون من نظر الناس و یسمعون کلام الناس من مقام تکلموا من قریب أو بعید؟ المستفتی :فدوی محمد بدر الدجیٰ عفی عنه ضلع چاٹگام۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

هذا لم یوجد فی شیء من کتب الأحادیث الصحیحة والحسان فیما أعلم۔ وأما السماع من أیّ مقام، تکلموا من قریب أو بعید، فهو شان السمیع الخبیر، لا یشارکه أحد، ومن اعتقده فهو شرك فی الصفات، قال القاری فی شرح الفقه الأکبر: "إن رجال الغیب هم الجن، لأن الإنس لایکون دائماً محتجباً عن أبصار الإنس، و إنما یحتجب أحیاناً، فمن ظن أنهم من الإنس فمن غلطه و جهله وسبب الضلالة فیهم، و بالجملة فالعلم بالغیب أمر تفرّد به سبحانه و لا سبیل إلیه للعباد إلا بإعلام منه وإلهام بطریق المعجزة أو الکرامة أو إرشاد إلی الإستدلال بالأمارات فیما یمکن فیه ذلك۔

ثم اعلم أن الأنبیاء علیهم السلام لم یعلموا المغیبات من الأشیاء إلا ماأعلمهم الله تعالیٰ أحیاناً، وذکر الحنفیة تصریحاً بالتکفیر بإعتقاد أن النبی علیه الصلاة والسلام یعلم الغیب، لمعارضة قوله تعالیٰ: ﴿قل لا یعلم من فی السمٰوات والأرض الغیب إلا اللّٰه﴾ کذا فی المسایرة اهـ"(۱)۔ وقال فی الفتاویٰ البزازیة: "تزوج بلا شهود وقال: **خدا و رسول خدا و فرشتگان را گواه کردم**، یکفر؛ لأنه اعتقد أن الرسول والملك یعلمان الغیب اهـ"(۲)۔

"من قال: إن أرواح المشایخ حاضرة تعلم یکفر اهـ"(۳)۔فقط واللّٰه تعالیٰ اعلم و علمه أتم و أحکم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی بمدرسہ مظاہر علوم سہارنفور الہند۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفر له المبتلیٰ بامانة الإفتاء بالمدرسة العلیة المشتهرة بمظاهر علوم الواقعة ببلدة سهارنفور یوپی، ۷/جمادی الاولی /۶۷هـ.

---

(۱) (شرح الملا علی القاري علی الفقه الأکبر، ص: ۱۵۱، قدیمی)

(۲) (الفتاوی البزازیة : ۳۲۵/۶، الثانی فیما یتعلق باللہ تعالیٰ من کتاب السیر، رشیدیه)

(۳) (الفتاوی البزازیة : ۳۲۶/۶، الثانی فیما یتعلق باللہ تعالیٰ، رشیدیه)

و قال اللہ تعالیٰ: ﴿ قل لا أملك لنفسی نفعاً و لا ضراً إلا ما شاء اللہ ولو کنت أعلم الغیب لاستکثرت =

Made searchable using ScribeTools.com

کسی بزرگ کی دوہائی

سوال[۹۳] : دوہائی کے کیا معنیٰ اور غیر اللہ کی دوہائی دینا جیسے کہے کہ سلیمان علیہ السلام اور پیران پیر کی دوہائی سے بولتا ہوں کہ ایسا کام نہ کرو، یہ درست ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً مصلیاً :

دوہائی (۱) اس طرح ناجائز ہے، بلکہ شرک ہے کہ غیر اللہ کو اللہ تعالیٰ کی طرح متصرف مانتا ہے (۲)۔

فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفاء اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

الجواب صحیح سعید احمد غفرلہ، ۹/ جمادی الاولی/ ۶۷ھ۔

= من الخير﴾ (الأعراف :۱۸۸)

قال الله تعالىٰ: ﴿إن الله عنده علم الساعة وينزل الغيث و يعلم ما فى الأرحام﴾ (سورة لقمان: ۳۴)

"والتحقيق أن الغيب ما غاب عن الحواس والعلم الضرورى والعلم الاستدلالى، و قد نطق القرآن بنفى علمه عمن سواه تعالىٰ، فمن ادعى أنه يعلمه كفر، ومن صدق المدعى كفر". (النبراس ، ص: ۳۴۳، امداديه ملتان)

"رجل تزوج امرأةً بغير شهود فقال الرجل والمرأة: خدائے را، وپیغامبر را گواہ کردیم، قالوا: يكون كفراً، لأنه اعتقد أن رسول الله صلى الله عليه وسلم يعلم الغيب، وهو ما كان يعلم الغيب حين كان فى الأحياء فكيف بعد الموت". (فتاوى قاضى خان :۳/۵۷۶، باب ما يكون كفرا من المسلم و ما لا يكون، رشيديه)

(وكذافى الفتاوى العالمكيرية: ۲/۲۶۲، الباب التاسع فى أحكام المرتدين، رشيديه)

(۱) "کسی کا نام لے کر فریاد کرنا"۔ (فيروز اللغات :ص:۶۵۷، فيروز سنز)

(۲) "و منها أنه إن ظن أن الميت يتصرف فى الأمور دون الله تعالىٰ، و اعتقاده ذلك كفر". (رد المحتار كتاب الصوم، مطلب فى النذر الذى يقع للأموات من أكثر العوام من شمع أو زيت أو نحوه: ۲/۴۳۹، سعيد)

(وكذا فى البحر الرائق، كتاب الصوم، فصل فى النذر : ۲/۵۲۰، رشيديه)

(والنهر الفائق، كتاب الصوم، فصل فى النذر :۲/۴۲، امداديه)

شہید بابا پر دونے چڑھانا

سوال[۹۴]: مسجد میں یا مکان کے کسی طاق میں یہ کہہ کر کہ یہاں شہید بابا ہیں، اس پر ہندو مسلمان دونے (۱) چڑھاتے ہیں، از روئے شرع کیا حکم ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

مشرکانہ حرکت ہے (۲) توبہ لازم ہے (۳)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

کسی پیر کے نام بچہ کے سر پر چوٹی رکھنا

سوال[۹۵]: بزرگوں سے منت ماننا اور بزرگوں کے نام پر بچوں کے سر پر چوٹی رکھنا، پھر وقت مقررہ پر درگاہوں میں جا کر منڈوانا، از روئے شرع کیسا ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

یہ حرام اور شرک ہے (۴)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

---

(۱) ''مزار پر پھول یا شیرینی کا چڑھاوا چڑھانا'' (فیروز اللغات: ص: ۶۵۷، فیروز سنز)

(۲) "من قال: إن أرواح المشايخ حاضرة تعلم يكفر". (الفتاوى البزازية: ۶/ ۳۲۶، الفصل الثانی فیما یتعلق باللہ تعالیٰ، رشیدیه)

(وكذا في مجموعة الفتاوى: ۱/ ۴۶، كتاب العقائد، سعيد)

(۳) قال الله تعالیٰ: ﴿إنما التوبة على الله للذين يعملون السوء بجهالة﴾. (سورة النساء: ۱۷)

قال الله تعالیٰ: ﴿واستغفروا ربكم ثم توبوا إليه إن ربي رحيم ودود﴾. (سورة هود: ۹۰)

(۴) "واعلم أن النذر الذي يقع للأموات من أكثر العوام، و ما يؤخذ من الدراهم والشمع والزيت و نحوها إلى ضرائح الأولياء الكرام تقرباً إليهم، فهو بالإجماع باطل وحرام". (رد المحتار: ۲/ ۴۳۹، كتاب الصوم، مطلب في النذر، سعيد)

(وكذا في الفتاوى العالمكيرية: ۵/ ۳۵۱، الباب السادس في زيارة القبور، رشيديه)

"عن نافع عن ابن عمر رضي الله عنها قال: سمعت النبي صلى الله عليه وسلم ينهى عن القزع، قيل لنافع: ما القزع؟ قال: يحلق بعض رأس الصبي و يترك البعض".

"عن ابن عمر أن النبي صلى الله عليه وسلم رأى صبياً قد حلق بعض رأسه وترك بعضه، فنهاهم عن =

Made searchable using ScribeTools.com

کسی مردہ بزرگ کا کسی انسان میں حلول کرنا

سوال[۹۶]: پیر یا غوث بزرگ عورت میں آسکتے ہیں یا نہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

یہ صفت انسان کی نہیں، بلکہ شیطان کی ہے(۱)۔فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

گمراہ مرشد کے کہنے سے قبر کو سجدہ کرنے کا حکم

سوال [۹۷]: خلاصہ سوال یہ ہے کہ ہمارے گاؤں میں ایک مرشد صاحب رہتے ہیں، وہ کہتے ہیں کہ ''نماز، نماز کیا جو آدمی رات دن محنت ومزدوری کرتا ہے اور دل ہی دل میں اللہ کو یاد کرتا ہے، کیا یہ نماز نہیں ہے''؟ ایک مرتبہ انہوں نے مجھ سے قبر پر سجدہ کرایا، میں قسم کھاتا ہوں کہ میری آنکھوں سے آنسو جاری ہوگئے اور اندر ہی اندر اللہ سے ڈرتا ہوں، اپنی غلطی سے بے حد نادم ہوں، یہ شخص کوئی عالم وفاضل نہیں ہیں، بلکہ پہلے انہوں نے زندگی ایک فلمی ہیرو کی طرح گزاری اور اب پیر بن گئے ہیں۔حضرت والا! مجھے سچی توبہ کا راستہ

= ذلک". (مشکوة المصابیح، ص: ۳۸۰، باب الترجل، قدیمی)

(۱) "و ذکر أبوالحسن الأشعری في مقالات أهل السنة والجماعة أنهم يقولون: إن الجن تدخل في بدن المصروع كماقال الله تعالىٰ: ﴿الذين يأكلون الربوا لا يقومون إلا كما يقوم الذي يتخبطه الشيطان من المس﴾ الاية (سورة البقرة: ۲۷۵). قال عبد الله بن أحمد بن حنبل: قلت لأبي: إن قوماً يقولون: إن الجن لا تدخل في بدن الإنس. قال: يا بني! يكذبون، هوذا يتكلم على لسانه". (آكام المرجان في غرائب الأخبار وأحكام الجان، بيان دخول الجن في بدن المصروع، ص: ۱۰۷، مكتبه خير كثير)

"تصرف جن و شیاطین در بدن آدمی: یعنی در روح هوائی وتسمیه او که حامل قوی است، و آنرا بصرع الجن در عربی می نامند، و بآسیب وخبط در عرف تعبیر میکنند، نزدِ اهلسنت بلکه اکثر فرقِ اسلام مسلّم است، چنانچه در تفسیر نیشاپوری وغیره درتحت آیه: ﴿یتخبطه الشیطان من المس﴾ مذکور است: "وأكثر المسلمين على أن الشيطان قادر على الصرع والقتل والإيذاء بتقدير الله تعالىٰ". (فتاوی عزیزی، ص: ۱۱۲، کتب خانه رحیمیه دیوبند یوپی)

(وکذا فی مجموعة الفتاوی، کتاب العقائد (اردو): ۱/۹۳، سعید)

بتلا دیجئے، تاکہ گمراہی سے بچوں۔

الجواب حامداً و مصلیاً :

جن مرشد کے آپ نے حالات لکھے ہیں وہ ہدایت کے مرشد نہیں، بلکہ ضلالت کے مرشد ہیں یعنی ہدایت کے راستہ سے ہٹا کر گمراہ کرنے والے ہیں، ان کا کام جنت کے راستہ پر چلانا نہیں، بلکہ دوزخ کے راستہ پر چلانا ہے۔ آپ نے ان کے کہنے سے، قبر پر سجدہ وطواف وغیرہ کیا تو وہ بھی غلط طریقہ اختیار کیا، تعلیماتِ اسلام کے خلاف کیا، ان کی نیت کا حال ہم نہیں جانتے، صورۃً یہ ضرور شرک ہے، دوسرے دیکھنے والے بھی اس سے گمراہ ہوں گے، آپ نے بھی سخت غلطی کی، معصیت میں کسی کی اطاعت نہیں: ''لا طاعة لمخلوق فی معصیة الخالق'' الحدیث(۱)۔ آپ اپنی نیت کی وجہ سے شرک حقیقی سے اگرچہ بچ گئے، لیکن قبر کو سجدہ کرنا بھی صورۃً شرک ہوا(۲)، دیکھنے والوں نے بھی یہی سمجھا کہ آپ نے قبر کو سجدہ کیا ہے، مٹی پر مصلی بچھا کر خدا کو سجدہ نہیں کیا، نہ اس مقصد کے لئے ان گمراہ مرشد نے آپ کو سجدہ کرنے کے لئے کہا تھا۔

بہرحال سخت معصیت کا صدور ہوا، سچے دل سے توبہ کیجئے، استغفار پڑھئے اور صاف صاف کہہ دیجئے کہ میں نے قبر کو سجدہ نہیں کیا، نہ قبر کو سجدہ کرنا جائز سمجھتا ہوں، بلکہ قبر کو سجدہ کرنا معصیت اور شرک سمجھتا ہوں، گمراہ مرشد کے کہنے سے جو صورت پیش آئی اس سے توبہ کرتا ہوں (۳) توبہ کی تکمیل کے لئے، کچھ صدقہ بھی دے دیجئے، کچھ روزے بھی رکھ لیجئے، سچی توبہ سے اللہ تعالیٰ بڑے سے بڑے گناہ معاف فرما دیتے ہیں: لقولہ تعالیٰ: ﴿إنی لغفار لمن تاب﴾ الایة (٤) امید ہے کہ اس کو بھی معاف فرمائیں گے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند۔

---

(۱) (مشکوة المصابیح، کتاب الإمارة والقضاء، الفصل الثانی، ص: ۳۲۱، قدیمی)

(۲) "و ما یفعله من السجود بین یدی السلطان، فحرام، والفاعل والراضی به آثمان، لأنه أشبه بعبدة الأوثان، و ذکر الصدر الشهید أنه لا یکفر بهذا السجود، لأنه یرید به التحیة، وقال شمس الأئمة السرخسی: السجود لغیر الله علی وجه التعظیم کفر". (البحر الرائق، کتاب الکراهیة، قبیل فصل فی البیع: ۳۶۴/۸، رشیدیه)

(۳) قال الله تعالیٰ: ﴿إلا الذین تابوا وأصلحوا و بیّنوا، فأولئک أتوب علیهم، و أنا التواب الرحیم﴾ (البقرة: ۱۶۰)

قال علامة الآلوسی تحتها: "أی أظهروا ما بینه الله تعالیٰ للناس معاینة، و بهذین الأمرین تتم =

Made Se Made searchable using ScribeTools.com pols.com

قبروں کو سجدہ کرنا اور چومنا

سوال[۹۸]: ایک مولوی صاحب فارغ التحصیل مدرسہ ہذا حسب ذیل امور کا ارتکاب کرتے ہیں، کیا شریعت کی رو سے مذہب حنفی میں یہ باتیں کرنا اور تعلیم دینا جائز ہے یا کیا؟ یہ مولوی صاحب خاندانی پیر ہیں، اپنے بزرگوں کے مزارات پر جا کر در و دیوار کو چومتے ہیں، مزار کے دروازہ پر جا کر سر رکھتے ہیں، پھر اندر داخل ہوتے ہیں اور ان کو دیکھ کر مرید بھی بڑھ چڑھ کر ایسا کرتے ہیں، کیا ایسا کرنا جائز ہے یا حرام؟ آرڈر کرنے والا کیسا ہے؟ حوالہ جات کتب معتبرہ فقہ، حدیث، تفسیر سے جوابات ارقام فرما کر عنداللہ مشکور ہوں۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

مزار کے دروازہ پر جا کر سر رکھنا، سجدہ کی ہیئت بنانا اگر بقصدِ تعظیم ہو تو حرام ہے، اگر بقصد عبادت ہو تو شرک ہے، قبر کو بوسہ دینا یا مزار کے در و دیوار کو چومنا بھی حرام ہے:

"من سجد للسلطان بنية العبادة أولم يحضرها فقد كفر. و في الخلاصة: و من سجد لهم إن أراد به التعظيم: أي كتعظيم الله سبحانه، كفر، و إن أراد به التحية، اختار بعض العلماء أنه لا يكفر، أقول: هذا هو الأظهر. وفي الظهيرية: قال بعضهم: يكفر مطلقاً، و أما تقبيل الأرض فهو قريب من السجود، إلا أن وضع الجبين أو الخد على الأرض فحش و أقبح من تقبيل الأرض، أقول: وضع الجبين أقبح من وضع الخد اهـ". شرح فقه اكبر: ص: ۲۳۸ (۱).

=التوبة، و قيل: أظهروا ما أحدثوه من التوبة ليمحوا سمة الكفر عن أنفسهم و يقتدى بهم أضرابهم، فإن إظهار التوبة ممن يقتدى به شرط فيها على ما يشير بعض الآثار". (روح المعانی: ۲۸/۲، دار إحياء التراث العربی)

(۴) (طه: ۸۲)

(۱) (شرح الفقه الأكبر لملا على القاریؒ: أواخر فصل فی الكفر صريحاً و كنايةً، ص: ۱۹۳، قديمی)

(وكذا فی البحر الرائق، كتاب الكراهية، قبيل فصل فی البيع: ۳۶۴/۸، رشيديه)

(و روح المعانی تحت قوله تعالیٰ: (وإذ قلنا للملائكة اسجدوا لآدم) الاية: ۲۲۸/۱، دار إحياء التراث العربی بيروت)

"والسجدة حرام لغيره سبحانه اهـ". شرح فقه اكبر،ص: ۲۳۰ (۱) "والمستحب لزيارة القبور أن يقف مستدبر القبلة مستقبلاً وجه الميت، و أن يسلم، و لا يمسح القبر، ولا يقبّله، و لا يمسه، فإن ذلك من عادة النصارىٰ اهـ". طحطاوی، ص:۳٤۱ (۲).

"و من وقف بالقبر لا يلتصق به، و لا يمسه (إلى قوله): فينبه العالم غيره على ذلك، و يحذر هم من تلك البدع التى أحدث هناك من لا علم عنده ليطوف بالقبر الشريف كما يطوف بالكعبة الحرام و يتمسح به و يقبله الخ". مدخل: ۱/۲٦۲ (۳). فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، عبد اللطیف ،۱۹/محرم الحرام/۶۳ھ۔

پیر و مرشد کو سجدہ کرنا

سوال[۹۹]: کیا اللہ تعالیٰ کو ایک سجدہ اور دوسرا سجدہ پیر و مشائخ کو درست ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

ہر سجدہ صرف اللہ کے لئے ہے، پیر و مرشد کے لئے سجدہ کرنا حرام ہے اور نماز میں پیر و مرشد کے لئے سجدہ کرنا شرک ہے (۴)۔ حدیث پاک میں ارشاد ہے کہ "اگر اللہ کے علاوہ کسی اور کے لئے سجدہ جائز ہوتا تو

---

(۱) (شرح الفقه الأكبر أواخر فصل فى الكفر صريحاً و كنايةً، ص:۱۸۷)

(۲) (حاشية الطحطاوى على مراقى الفلاح ، كتاب الصلوة ، باب أحكام الجنائز ، فصل فى زيارة القبور، ص: ۶۲۱، قديمى)

(۳) (المدخل لابن الحاج، فصل فى زيارة القبور: ۱/۲۵۶، مصطفىٰ البابى الحلبى)

(۴) "و ما يفعله من السجود بين يدي السلطان ، فحرام، والفاعل والراضى به آثمان؛ لأنه أشبه بعبدة الأوثان ، و ذكر الصدر الشهيد أنه لا يكفر بهذا السجود ، لأنه يريد به التحية ، وقال شمس الأئمة السرخسىؒ : السجود لغير الله على وجه التعظيم كفر". (البحر الرائق ، كتاب الكراهية ، قبيل فصل فى البيع : ۸/۳۶۴، رشيديه)

(وكذا فى الفتاوى العالمكيرية ، كتاب الكراهية ، الباب الثامن والعشرون فى ملاقاة الملوك الخ : ۵/۳۶۸، ۳۶۹، رشيديه)

(وكذا فى شرح الفقه الأكبر ، أواخر فصل فى الكفر صريحاً و كناية، ص:۱۹۳، قديمى)

Made searchable using ScribeTools.com

عورت کو کہا جاتا کہ وہ اپنے شوہر کو سجدہ کرے'' (۱)، اس وجہ سے کسی کو بھی خدا کے سوا سجدہ نہ کیا جاوے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۲۴/۹/۹۰ھ۔

مصنوعی قبر کی پرستش

سوال[۱۰۰]: زید مصنوعی قبر بنا کر پرستش کرتا کراتا ہے، یہ کس درجہ کا جرم ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

وہ مستحق لعنت ہے (۲) اس کو توبہ لازم ہے، تجدیدِ ایمان اور تجدید نکاح بھی کرے (۳)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۱۶/۴/۹۴ھ۔

---

(۱) ''و عن أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : ''لو كنت آمر أحداً أن يسجد لأحد، لأمرت المرئة أن تسجد لزوجها'' رواه الترمذی''. (مشكوة المصابيح ، كتاب النكاح ، باب عشرة النساء و ما لكل واحد من الحقوق ، الفصل الثانی، ص: ۲۸۱ ، قديمی)

وذكر العلامة الجصاص بلفظ : ''أن النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قال: ''ما ينبغی لبشر أن يسجد لبشر ، ولو صلح لبشر أن يسجد لبشر، لأمرت المرأة أن تسجد لزوجها من عظم حقه عليها''. (أحكام القرآن ، باب السجود لغير الله تعالیٰ : ۱/۴۶، تحت قوله تعالیٰ :﴿ وإذ قلنا للملائكة اسجدوا لأدم ﴾'' الاية (البقرة : ۳۴) ، قديمی)

وقال العلامة الآلوسی تحت آية البقرة رقمها: ۳۴: ''إن السجود الشرعی عبادة، و عبادة غيره سبحانه و تعالی شرک محرم فی جميع الأديان و الأزمان ، و لا أراها حلّت فی عصر من الأعصار''. (روح المعانی : ۱/۲۲۸، دار إحياء التراث العربی)

(۲) (قد تقدم تخريجه تحت عنوان ''پیرومرشد کو سجدہ کرنا'')

''و من سجد للسلطان بنية العبادة أو لم تحضره ، فقد كفر. و فی الخلاصة : و من سجد لهم إن أراد به التعظيم كتعظيم الله سبحانه ، كفر''. (شرح الفقه الأكبر للقاریؒ، أواخر فصل فی الكفر صريحاً و كناية، ص: ۱۹۳ ، قديمی)

(۳) ''و ما كان فی كونه كفراً إختلاف ، فإن قائله يؤمر بتجديد النكاح و بالتوبة و الرجوع عن ذلک =

پیرانِ پیر کا کلمہ اور جلوس

سوال[۱۰۱]: دونوں عیدوں میں چاندی پنجہ حضرت محی الدین جیلانیؒ کے علموں پر چڑھانا اور دف سے تال میں "ھو اللہ لا اللہ، ھو اللہ لا اللہ محی الدین جیلانی" ایک چھوٹی نقاری سرنائی، الوانی، تلوار سیخ سلائی کے ساتھ جلوس نکالنا، جس میں نہ تکبیراتِ تشریق ہوں، نہ ذکر ہو تو ایسے جلوس میں شامل ہونا کیسا ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

یہ جلوس مشرکانہ ہے، اس میں شرکت حرام ہے، ایمان کا خطرہ ہے(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

کیا عبدالقادر جیلانی کا نام لینے سے بال گھٹ جاتے ہیں؟

سوال[۱۰۲]: مسلمان کہتے ہیں کہ عبدالقادر جیلانی کا نام لینے سے ڈیڑھ بال گھٹ جاتے ہیں، اگر لاکھ مرتبہ نام لیا جائے تو بال ترشوانے کی ضرورت نہیں پڑیگی۔

=بطريق الاحتياط". (التاتارخانية، كتاب أحكام المرتدين، فصل فى إجراء كلمة الكفر الخ: ۵/ ۴۶۱، إدارة القرآن)

(وكذا فى الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب السير، باب أحكام المرتدين، قبيل باب البغاة: ۲/ ۲۸۳، مكتبه رشيديه، كوئٹه)

(۱) قال الله تعالىٰ: ﴿و لا تعاونوا على الإثم والعدوان﴾ (سورة المائدة: ۲)

وقال الله تعالىٰ: ﴿فلا تقعد بعد الذكرىٰ مع القوم الظالمين﴾ (سورة الأنعام: ۶۸)

"و ذلك عموم فى النهى عن مجالسة سائر الظالمين من أهل الشرك وأهل الملة لوقوع الإسم عليهم جميعاً". (أحكام القرآن للجصاص: ۳/ ۲، تفسير سورة الأنعام: آيت: ۶۸)

"عن عبدالله بن مسعود رضى الله تعالىٰ عنه قال: سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: "من كثّر سواد قوم فهو منهم، و من رضى عمل قوم كان شريكاً لمن عمله". (المطالب العالية بزوائد المسانيد الثمانية: ۴۲۲)

"قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: "من تشبه بقوم فهو منهم". (مشكوة المصابيح، ص: ۳۷۵، كتاب اللباس، قديمى)

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداً و مصلیاً :

ہمارا یہ عقیدہ نہیں، اگر کسی نے ہماری طرف اس کو منسوب کیا ہے تو غلط منسوب کیا ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند۔

الجواب صحیح، بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

بڑے پیر صاحب کا ملک الموت سے ارواح کو چھین کر زندہ کر دینا

سوال[۱۰۳] : ایک عورت کا شوہر مر گیا وہ عورت رو رہی تھی، اتنے میں بڑے پیر صاحب نے دریافت کیا اس نے کہا کہ میرا شوہر مر گیا، اس کو تسلی دے کر وہ چوتھے آسمان پر گئے اور ملک الموت کو پکڑا اور ایک روح مانگی، اس فرشتے نے نہیں دیا تو ملک الموت سے وہ زنبیل بڑے پیر صاحب نے چھین لی اور تمام روحیں زمین پر چھوڑ دی تو سب کے سب زندہ ہو گئے۔ یہ کہاں تک صحیح ہے؟ فقط۔

الجواب حامداً و مصلیاً :

یہ واقعہ سراسر جھوٹ ہے، جس طرح دوسرے مذہب کے لوگ اپنے بزرگوں کی طرف جھوٹے قصے منسوب کرتے ہیں تو مسلمانوں نے بھی ایسی ہی صورت اختیار کر لی۔ إنا للہ وإنا إلیہ راجعون۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۹/۶/۸۷ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ۔

کیا بڑے پیر صاحب اور شمس تبریز نے مردوں کو زندہ کیا؟

سوال[۱۰۴] : کیا یہ بات صحیح ہے کہ بڑے پیر اور شمس تبریز رحمہ اللہ تعالیٰ نے مردے زندہ کئے ہیں؟ کیا بزرگوں سے ایسی کرامات ثابت ہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

میں نے کسی مستند کتاب میں یہ نہیں دیکھا کہ بڑے پیر صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ اور حضرت شمس تبریز رحمہ اللہ تعالیٰ نے مردوں کو زندہ کیا ہے، اللہ پاک نے حضرت عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کو یہ معجزہ عطا

Made Searchable by ScribeTools.com

فرمایا تھا(۱) اور بھی کسی کے ذریعہ کسی مردہ کو زندہ فرمایا تو اللہ تعالیٰ کی قدرت سے بعید نہیں (۲) لیکن کوئی شخص خود کسی مردہ کو زندہ نہیں کرسکتا۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۳/۴/۹۱ھ۔

بزرگ کی پھونک کا اثر ایک میل تک پہونچنا

سوال[۱۰۵]: یہاں پر تھیرالونا می ایک گاؤں ہے، یہاں پر بیلم بابونا می ایک شخص کو کسی کامل بزرگ نے کچھ آیات قرآنی عطا فرمائی ہیں اور دریافت کرنے پر وہ فرماتے ہیں کہ قرآن شریف کے ساتویں پارے کی وہ آیتیں ہیں جسے پڑھ کر وہ ہوا میں پھونک مارتے ہیں جس کا اثر ایک میل تک اپنے ہاتھوں میں لئے ہوئے پانی سے بھرے ہوئے برتنوں میں پہونچ جاتا ہے اور ان کی بتائی ہوئی ترکیب کے موافق اس پانی کا استعمال کرنے سے ہزاروں خلق خدا نے فائدہ اٹھایا ہے اور بیماریوں سے نجات حاصل کی ہے۔

اب سوال یہ ہے کہ ایک شخص داڑھی نہ رکھتا ہو مگر نمازی ہو یا بے نمازی ہو اور اسے کسی کامل بزرگ کی طرف سے کوئی آیات قرآنی یا اسماء حسنیٰ میں سے کوئی اسم عطا کیا گیا ہو اور وہ ان آیات یا اسماء حسنیٰ کو پڑھ کر پانی پر پھونک مار دیتا ہو تو ایسا پانی پینا جائز ہے یا نہیں؟ اور ایسے پانی سے فائدہ ہوسکتا ہے یا نہیں؟ اور پھونک کا اثر اتنی دور تک پہونچ سکتا ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

آیات قرآنی اور اسماء حسنیٰ کا اثر یقیناً حق ہے(۳) بسا اوقات پڑھنے والے کی زبان کی وجہ سے ان کا

---

(۱) قال اللہ تعالیٰ: ﴿وأحي الموتى بإذن الله﴾. (آل عمران: ۴۹)

وقال تعالیٰ: ﴿و إذ تخلق من الطين كهيئة الطير بإذني، فتنفخ فيهافتكون طيراً بإذني، وتبرىء الأكمه والأبرص بإذني، وإذ تخرج الموتى بإذني﴾. (المائدة: ۱۱۰)

(۲) (فيكون طيراً باذن الله) و أشار بذلك إلى أن إحياء ه من الله تعالىٰ، و لكن بسبب النفخ ..... بل لو شاء الله تعالىٰ الإحياء بنفخ أيّ شخص كان، لكان من غير تخلف ولا استعصاء". (روح المعانی، (آل عمران: ۴۹): ۱۶۸/۳، دار إحياء التراث العربی)

(۳) "عن أبی لَهيعة عن قيس بن الحجاج قال: قال شيطانی: دخلت فيک و أنا مثل الجزور و أنا فيک اليوم مثل العصفور، قال: قلت: و لم ذلک؟ قال تذيبنی بكتاب الله عزوجل ..... و عن أبی خالد =

Made searchable using ScribeTools.com

اثر ظاہر نہیں ہوتا، بسا اوقات ایسے شخص کے پڑھنے سے بھی اثر ظاہر ہوجاتا ہے جو بظاہر بزرگ معلوم نہیں ہوتا، پھونک کا اثر اللہ تعالیٰ کی مدد سے بہت دور تک پہونچ سکتا ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۹۳/۲/۲۷ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۳/۲/۲۷ھ۔

پیر بزرگ کی سواری کا آنا

سوال[۱۰۶]: بعض لوگ یہ بھی کہتے ہیں کہ بڑے پیر غازی میاں ہٹھیلے بابا کی سواری آگئی، اس کی کوئی اصل ہے کہ نہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

بزرگ حضرات انتقال کے بعد کسی پر سوار ہوکر اس کو نہیں ستاتے، سواری آنے کے متعلق لوگوں میں جو خیالات پھیلے ہوئے ہیں وہ شرعاً بے اصل ہیں، البتہ جنات اور شیاطین آسکتے ہیں اور جس کا نام چاہیں بتلادیں (۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۱۳/۷/۸۹ھ۔

= الوالبی قال: خرجت وافداً إلی عمر رحمه الله و معی أهلي، فنزلنا منزلاً و أهلي خلفي، فسمعت أصوات الغلمان و جلبتهم، فرفعت صوتي بالقرآن، فسمعت وجبة شیء طرح فسألتهم، فقالوا: أخَذَتنا الشیاطین فلعبت بنا، فلما رفعت صوتک بالقرآن ألقونا و ذهبوا". (آکام المرجان فی غرائب الأخبار و أحکام الجان، بیان تأثیر القرآن والذکر والرقی، ص: ۹۸، مکتبه خیر کثیر)

"عن أبی سعید الخدری رضی الله تعالیٰ عنه إن ناساً من أصحاب النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم أتوا علی حي من أحیاء العرب فلم یَقرُوهم، فبینما هم کذلک إذا لدغ سید أولئک، فقالوا: هل معکم دواء أو راق؟ فقالوا: نعم إنکم لم تقرونا و لا نفعل حتی تجعلوا لنا جعلاً، فجعلوا لهم قطیعاً من الشاء، فجعل یقرأ بأم القرآن و یجمع بزاقه و یتفل فبرأ الخ". (صحیح البخاری، کتاب الطب، باب الرقی بفاتحة الکتاب: ۲/۸۵۴، قدیمی)

(۱) "سوال: نبی یا صدیق یا شہید یا ولی یا صالح کا بعد موت یا قبل موت کسی کے سر پر آنا اور اس کی زبان پر بولنا اور اس کی مدد کرنا شرعاً ثابت ہے یا نہیں؟ ..... =

کیا بوعلی شاہ قلندرؒ کے مزار پر حضرت جبرئیل علیہ السلام آتے ہیں؟

سوال[۱۰۷]: حضرت بوعلی شاہ قلندرؒ جن کا مزار پانی پت میں ہے، ان کے مزار پر حضرت جبرئیل علیہ السلام آتے ہیں، کیا یہ درست ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

حضرت بوعلی شاہ قلندرؒ کے مزار پر حضرت جبرئیل علیہ السلام کا تشریف لانا کسی دلیلِ شرعی سے ثابت نہیں۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

صاحب مزار کے متعلق عقیدہ

سوال[۱۰۸]: کیا اولیاء کرام کے نام سے نیاز ونذر اور منتیں مرادیں مانگنا جائز ہے یا صریح شرک ہے اور ان کے مزارات پر پھول چڑھانا اور ریشمی زری کی چادریں چڑھانا درست ہے یا اسراف؟

الجواب حامداً ومصلیاً :

اولیائے کرام کے لئے نذر ماننا اور ان کے مزارات پر چڑھاوے چڑھانا حرام ہے، اگر یہ عقیدہ بھی ہو

= جواب: ثابت نہیں، ایسے امور کا قائل واہی، اس کا قول قابلِ سماعت نہیں، البتہ شیاطین، جن ایسے کام کیا کرتے ہیں، جیسا کہ سورہ بقرہ میں ہے: ﴿الذين يأكلون الربوا لا يقومون إلا كما يقوم الذي يتخبطه الشياطين من المس﴾ الاية

(مجموعة الفتاوى (اردو)، كتاب العقائد : ۱/ ۷۰، سعيد)

(وكذا في امداد المفتيين، ص: ۱۲۰، دارالاشاعت)

"قال عبد الله بن أحمد بن حنبل :قلت لأبي: إن قوماً يقولون: إن الجن لا تدخل في بدن الإنس، قال: يابنيّ! يكذبون ، هوذا يتكلم على لسانه". (آكام المرجان في غرائب الأخبارو أحكام الجان ، بيان دخول الجن في بدن المصروع، ص: ۱۰۷، مكتبه خير كثير)

"وكانت الشياطين تتراء ى لهم أحياناً، و قد يخاطبونهم من الصنم و يخبرونهم ببعض الأمور الغائبة أو يقضون لهم بعض الحوائج". (مجموعة الفتاوى لإبن تيمية رحمه الله ، فصل في تزيين الشيطان العبادات البدعية لأهلها: ۱۰/ ۲۳۸، مكتبة العبيكان)

Made searchable using ScribeTools.com

کہ وہ صاحب مزار ہماری مرادیں پوری کرتے ہیں اور دنیا کی سب چیزیں ان کے تصرفات سے ہوتی ہیں تو شرک ہے:

"واعلم أن النذر الذی یقع للأموات من أکثر العوام، و ما یؤخذ من الدراهم والشمع والزیت و نحوها إلی ضرائح الأولیاء الکرام تقرباً إلیهم، فهو باطل و حرام. قال فی البحر: لوجوه: منها أنه نذر لمخلوق و لا یجوز، ولأنه عبادة والعبادة لا تکون لمخلوق، و منها: أن المنذور له میت والمیت لا یملك. و منها: أنه إن ظن أن المیت یتصرف فی الأمور دون اللّٰه تعالیٰ، کفر اهـ". طحطاوی علی المراقی ،ص: ۳۳۸(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

ایک شیعہ پیر کے عقائد وخیالات

سوال[۱۰۹]: ایک پیر مسمی بہ قاتل معروف ومشہور ہے، تفتیش سے معلوم ہوا کہ وہ مذہب روافض سے تعلق رکھتا ہے، بناء علیہ وہ اہل سنت والجماعت کے عقائد، فقہ کو محو اور نسیان کے گھاٹ اتار دینا واجب اور فرض عین سمجھتا ہے، شب وروز اسی بیخ کنی میں غوطہ زن ہے اور بھولے بھالے مسلمانوں کو اپنے باطل مذہب کا شکار بناتا اور گمراہ کرتا ہے۔ اس کے بہت لوگ مرید ہیں منجملہ ان کے چند یہاں قصبہ بھوساور، ریاست بھرتپور کے اندر بھی موجود ہیں جن کے ذریعہ اس مبطل کے عقائد باطلہ اور خبیثہ کا ظہور ہوتا ہے۔

مثلاً پہلا عقیدہ تو یہ ہے کہ وہ کسی کو سلام نہیں کرتے، دوسرا یہ ہے کہ کسی کے پیچھے نماز پڑھنا اچھا نہیں سمجھتے خواہ امام کتنا ہی بڑا متقی وپرہیزگار کیوں نہ ہو، کہتے ہیں کہ یہ معلوم نہیں کہ یہ امام حلالی ہے یا حرامی، زنا کاری کو مباح اور عین ثواب سمجھتے ہیں۔ سوم یہ کہتے ہیں ہماری شریعت اَور ہے اور علماء کی اَور، دیگر ہمارے پیر کا مرتبہ خدا تعالیٰ سے بھی بڑھ کر ہے، ہمارے پیر کے سامنے اللہ تعالیٰ ہے ہی کیا چیز، بلکہ خدا تعالیٰ بڑا ہی لُچا ہے۔ چہارم حقیقی دین درویشوں ہی کے

---

(۱) (حاشیة الطحطاوی علی المراقی، کتاب الصوم، باب مایلزم الوفاء به، ص: ۶۹۳، قدیمی)

(و کذا فی رد المحتار، کتاب الصوم، باب ما یفسد الصوم و ما لا یفسده، مطلب في النذر الذی یقع للأموات من أکثر العوام من شمع أو زیت أو نحوه: ۲/ ۴۳۹، سعید)

(والبحر الرائق، کتاب الصوم، فصل فی النذر: ۲/ ۵۲۰، رشیدیه)

پاس ہے، علماء کے پاس کچھ نہیں کیونکہ وہ مثل حمار وحشی کے ہیں، خدا تعالیٰ سے درویش ہی لوگ ڈرتے ہیں، علماء نہیں ڈرتے ہیں اور قرآن وحدیث کو درویش ہی لوگ سمجھتے ہیں علماء کچھ نہیں سمجھتے ہیں، لہٰذا ضرورت اس امر کی ہے کہ:

۱.....کیا واقعی پیش امام کی اس قدر تحقیق وتفتیش کرنا ضروری ہے کہ یہ حلالی ہے یا حرامی؟

۲.....کیا درویشوں اور علماء کی شرع علیحدہ علیحدہ ہیں؟

۳.....اور کیا پیر کا مرتبہ نعوذ باللہ منہ خدا تعالیٰ سے بڑھ کر ہے اور کیا خدا تعالیٰ لُچا ہے؟

۴.....اور کیا خدا تعالیٰ سے درویش ہی لوگ ڈرتے ہیں، علماء لوگ نہیں ڈرتے ہیں، باوجود کہ پیر کا مرتبہ خدا تعالیٰ سے اعلیٰ واعظم ہونے کے؟ نیز کیا فرمان خداوندی نعوذ باللہ من ذلک لغو اور باطل ہے: ﴿إنما یخشی اللہ من عبادہ العلماء﴾ (۱)۔

الحاصل جن لوگوں کے عقائد مذکورہ بالا کے مطابق ہوں تو کیا ان کو مسلمان کہا جا سکتا ہے؟ نیز ان لوگوں کے ساتھ کیا معاملہ کرنا چاہئے اور سلام وکلام، تعلقاتِ دنیویہ مثلاً: اکل وشرب، بیع وشراء اور نکاح وغیرہ کرنا کیسا ہے اور جو عورتیں کہ ان کے نکاح کے اندر ہیں ان کا علیحدہ کرنا ضروری ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

بلاوجہ کسی کے متعلق یہ تحقیق وتفتیش کرنا یہ حرامی ہے یا حلالی ہے یہ جائز نہیں اور کسی پر بلا دلیل شرعی حرامی ہونے کی بدگمانی کرنا یا الزام لگانا حرام ہے (۲)، اگر اسلامی حکومت ہو اور دوسرے شرائط بھی پائے جائیں تو

---

(۱) (الفاطر: ۲۸)

(۲) قال اللہ تعالیٰ: ﴿یاأیها الذین اٰمنوا اجتنبو کثیراً من الظن إن بعض الظن إثم، و لا تجسسوا و لا یغتب بعضکم بعضاً، أیحب أحدکم أن یأکل لحم أخیه میتاً فکرهتموه﴾ (الحجرات: ۱۲)

"عن أبی هریرة رضی اللہ تعالیٰ عنه أن رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم قال: "إیاکم والظن، فإن الظن أکذب الحدیث، و لا تحسّسوا، و لا تجسّسوا، و لا تنافسوا، و لا تباغضوا، ولاتدابروا، و کونوا عباد اللہ إخواناً". (الصحیح لمسلم، کتاب البر والصلة والأدب، باب تحریم الظن والتجسس والتنافس والتناجش ونحوها: ۲/۳۱۶، قدیمی)

(وصحیح البخاری، کتاب الأدب، باب قوله تعالیٰ: ﴿یاأیها الذین اٰمنوا اجتنبو کثیراً من الظن﴾ الایة: ۲/۸۹۶، قدیمی)

Made Se Made searchable using ScribeTools.com pols.com

الزام لگانے والے پر حدقذف جاری کی جائے گی: "و هو كحد القذف كميةً و ثبوتاً ، و يحد الحر و العبد قاذف المسلم الحر البالغ العفيف بصريح الزنا أو بقوله: زنأت فى الجبل أولست لأبيك الخ". درمختار علی الشامی: ۴/ ۱۶۷، ۱۶۸(۱)۔

۲..... یہ جاہلوں اور گمراہ کرنے والوں کا خیال اور من گھڑت عقیدہ ہے کہ علماء اور درویشوں کی شریعت علیحدہ علیحدہ ہے، شریعت کا حکم سب کے لئے برابر واجب العمل ہے (۲)۔

۳..... یہ اسلامی عقیدہ نہیں بلکہ کفریہ عقیدہ ہے، ایسا عقیدہ رکھنے والوں کو تجدیدِ ایمان اور تجدیدِ نکاح کرنا اور اس قسم کے خلاف شرع عقائد سے توبہ کرنا لازم ہے (۳)۔

۴..... چھوٹا، بڑے سے ڈرا کرتا ہے، اہل علم اپنی حقیقت کو پہچانتے ہیں اور اپنا چھوٹا ہونا اور خدائے برتر کا اکبر من کل شیء ہونا ان کو خوب معلوم ہے، اس لئے خداوند تعالیٰ سے ڈرتے ہیں اور جو شخص نعوذ باللہ اپنے آپ کو خدا تعالیٰ سے بڑا جانتا ہے وہ کہاں ڈرے گا، ایسا عقیدہ رکھنے والوں کو اولاً نرمی سے سمجھایا جائے کہ ان کا یہ عقیدہ اللہ پاک اور اس کے سچے رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حکم کے خلاف ہے اور بدترین معصیت ہے، اس عقیدہ سے توبہ کر کے تجدید اسلام وتجدید نکاح شرعاً ضروری ہے، اگر وہ مان لیں تب تو بہتر ہے ورنہ ان سے ترکِ تعلق کر دیا جائے تا کہ ان کا اثر دوسروں پر نہ پڑے اور خود تنگ آ کر توبہ کر لیں (۴)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۶ رجب ۵۹ھ۔

---

(۱) (الدر المختار، باب حد القذف: ۴/ ۴۴، ۴۷، سعيد)

(وكذا فى الهداية، كتاب الحدود: ۲/ ۵۲۹، مكتبه شركت علميه)

(وكذا كنز الدقائق، كتاب الحدود ، باب حد القذف ،ص: ۱۸۹ ،رشيديه)

(۲) "ولايصل العبد ما دام عاقلاً بالغاً إلى حيث يسقط عنه الأمر والنهى لعموم الخطابات الواردة فى التكاليف و إجماع المجتهدين على ذلك". (شرح العقائد النسفية للتفتازانى، ص: ۱۶۶ ، مبحث لا يبلغ ولىّ درجة الأنبياء ، قديمى)

"عن عائشة رضى الله عنها قالت: أتى رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم بسارق فقطعه فقالوا: ما كنا نراك تبلغ به هذا، قال: "لو كانت فاطمة لقطعتها". (المشكوة، ص: ۳۱۴، باب الشفاعة فى الحدود ، قديمى) =

پیر کو حاجت روا سمجھنا

سوال[۱۱۰]: ایک پیر صاحب کے انتقال کے بعد ان کے ایک مرید نے یہ الفاظ کہے ہیں: ''اے اللہ! ہم دین و دنیا کی حاجت کس سے طلب کریں، جس سے ہم روحانی اور جسمانی حاجتیں طلب کرتے تھے وہ دنیا سے کوچ کر گئے''۔ یہ الفاظ اس کی زبان پر لانا کہاں تک درست ہے؟ ایسے شخص کے بارے میں شریعت کا کیا حکم ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

اصالۃً حاجت روا خدائے وحدہ لا شریک لہ ہے(۱)، کسی اور کو حاجت روا سمجھنا تعلیمات اسلام

= (۳) ''فیکفر إذا وصف اللہ تعالیٰ بما لا یلیق بہ، أو سخر باسم من أسمائہ أو بأمر من أوامرہ''. (البحر الرائق: ۵/۲۰۲، باب أحکام المرتدین، رشیدیہ)

(۴) ''والهجر فوق ثلاث دائر مع القصد، فإن قصد هجر المسلم حرم، و إلا لا: أی بأن كان الهجر لموجب شرعی لا یحرم''. (الأشباہ والنظائر مع شرحہ للحموی: ۱/۹۷، القاعدۃ الثانیۃ، إدارۃ القرآن)

''قال الخطابی: رُخّص للمسلم أن یغضب علی أخیہ ثلاث لیال لقلتہ، ولا یجوز فوقها إلا إذا كان الهجران فی حق من حقوق اللہ تعالیٰ فیجوز فوق ذلک، و فی النهایة: فإن هجرة أهل الأهواء والبدع واجبة علی مرّ الأوقات مالم یظهر منه التوبة والرجوع إلی الحق''. (مرقاۃ المفاتیح: ۸/۷۵۸، ۷۵۹، باب ما ینهی عنه من التهاجر والتقاطع، رشیدیہ)

(۱) قال اللہ تعالیٰ: ﴿و إذا سألک عبادی عنی فإنی قریب، أجیب دعوۃ الداع إذا دعان، فلیستجیبوا لی ولیؤمنوا بی، لعلهم یرشدون﴾''. (البقرۃ: ۱۸۶)

و قال تعالیٰ: ﴿و من أضل ممن یدعو من دون اللہ من لا یستجیب له إلی یوم القیامة، و هم عن دعائهم غافلون﴾. (الاحقاف: ۵)

''إنکار لأن یکون أضل من المشرکین ..... أی وهو أضل من کل ضال حیث ترک دعاء المجیب القادر المستجمع لجمیع صفات الکمال ..... و دعا من لیس شانه الإستجابة له و إسعافه بمطلوبه (إلی یوم القیامة) ..... (وهم عن دعائهم) ..... أی والذین یدعون من لا یستجیبون لهم عن دعائهم إیاهم (غافلون) لا یسمعون و لا یدرون، أما إن کان المدعو جماداً، فظاهر، و أما إن کان من =

Made searchable using ScribeTools.com

کے خلاف ہے، اللہ پاک کے علاوہ پیر وغیرہ سے حاجت طلب کرنا جائز نہیں (۱)۔ اس مرید نے اپنے پیر کے بارے میں جو مذکورہ الفاظ کہے ہیں، ان سے ایہامِ شرک ہوتا ہے، لیکن کسی مسلمان کے قول پر شرک وکفر کا حکم لگانا شریعت میں بہت بڑی ذمہ داری کی بات ہے، جب تک اس کے کلام کا صحیح محمل ذرا بھی نکل سکتا ہے (گو تاویل سے ہی ہو) سخت حکم لگانے میں جلدی نہ کی جائے۔

" وقد ذكروا أن المسئلة المتعلقة بالكفر إذا كان لها تسع و تسعون إحتمالاً للكفر و احتمال واحد فی نفيه، فالأولى للمفتی والقاضی أن يعمل بالإحتمال الثانی ، لأن الخطاء فی إبقاء ألف كافر أهون من الخطاء فی إفناء مسلم واحد". شرح فقه اكبر، ص:۱۹۹ (۲)۔

یہاں اس کے کلام کا محمل یہ ہے کہ وہ خدا کو حاجت روا سمجھتے ہوئے اپنے پیر صاحب کو سفارشی سمجھتا تھا

= ذوی العقول، فإن كان من المقبولين المقربين عند الله تعالیٰ، فلإشتغاله عن ذلک بما هو فيه من الخير، أو كونه فی محل ليس من شان الذی فيه أن يسمع دعاء الداعی للعبد كعيسی عليه الصلوٰة السلام اليوم". (روح المعانی : ۲۶/۶، ۷ ، دار إحياء التراث العربی)

(۱) قال الله تعالیٰ: ﴿والذين تدعون من دون الله لايملكون من قطمير﴾ (الفاطر: ۱۳) وقال الله تعالیٰ: ﴿والذين تدعون من دون الله لا يستطيعون نصركم، ولا أنفسهم فيصرون﴾ (الأعراف: ۱۹۷) "إن الناس قد أكثروا من دعاء غير الله من الأولياء الأحياء منهم والأموات وغيرهم مثل: يا سيدی فلان! أغثنی ، وليس ذلک من التوسل المباح فی شئی اهـ". (روح المعانی(المائدة) : ۱۲۸/۶ ، دارإحياء التراث العربی، بيروت)

وقال الله تعالیٰ: ﴿والذين يدعون من دونه لا يستجيبون لهم بشئی﴾. (الرعه: ۱۴۰)

(۲) (شرح الفقه الأكبر للقاری، مطلب فی التوبة و شرائطهما :ص:۱۶۲ ، قديمی)

(وكذا فی الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب السير، الباب التاسع فی احكام المرتدين، قبيل الباب العاشر فی البغاة: ۲۸۳/۲ ، رشيديه)

(وكذا فی البحر الرائق، كتاب السير، باب احكام المرقدين: ۲۱۰/۵ ، رشيديه)

و فی "مالا بد منه "امام ناصرالدینؒ گفتہ کہ:.....وآنچہ دررِدّت بودن آن شک است، ازاں حکم بردتِ نباید کرد: کہ ثابت از شک زائل نہ شود، حال آنکہ:"الاسلام يعلو و لا يُعلی" ودرحکم بہ کافر گفتن اہل اسلام جلدی نہ باید کرد، حال آنکہ بہ صحتِ اسلام مکرہ علماء حکم کردہ اند"۔ (باب الفاظ الکفر :ص:۱۳۱، مکتبہ شرکۃ علمیہ ملتان)

یعنی پیر صاحب کی سفارش اور دعا سے (اللہ تعالیٰ کے حکم سے) حاجتیں پوری ہوا کرتی تھیں، اب پیر صاحب نہیں رہے تو کس کی سفارش سے پوری ہوں گی، کوئی سفارشی ہی نہیں رہا۔ اس لئے نہ اس پر شرک کا حکم لگایا جائے نہ اس کو اس قسم کا عقیدہ رکھنے اور بات کہنے کی اجازت دی جائے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۱۷/۴/۸۹ھ۔

پوجا کے لئے چندہ اور پوجا کی مٹھائی کھانا

سوال[۱۱۱۱]: میں آر۔ایم۔ایس میں کام کرتا ہوں، ہر جمعرات کو آفس میں ہندو لوگ ستیہ نارائن کی پوجا کرتے ہیں تو اس پوجا کے لئے ہم سب سروس والوں سے دس پیسے یا کبھی زیادہ، شیواجی (۱) وغیرہ کے نام پر بھی کبھی ایک یا دو روپے دینے پڑتے ہیں۔ چونکہ ہم مسلمان تھوڑے ہیں ہماری چل نہیں سکتی، سوچ یہ ہے کہ پیسے دینے سے مالی شرک ہوگا اور اگر نہ دیئے تو ڈبل دشمن بن جائیں گے، نیز پوجا کی مٹھائی کھو پرا کا کیا حکم ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

اگر پیسے دیئے بغیر چھٹکارہ نہیں تو جو لوگ مانگتے ہیں ان کو مالک بنانے کی نیت سے دیدیں (۲) پھر وہ اپنی طرف سے جہاں دل چاہے خرچ کریں، مٹھائی اور کھوپرا بھی اگر لینا ضروری ہو تو اس کو لے لیں، پھر کسی جانور کو دیدیں، پوجا کی مٹھائی وغیرہ نہ کھائیں (۳)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۲۷/۵/۹۴ھ۔

---

(۱) ''ہندوؤں کا بڑا دیوتا''۔ (فیروز اللغات: ۵۵۵)

(۲) اپنی طرف سے بطور حصہ کے دیدینا جائز اور حرام ہے۔ کما سیأتی تخریجه مفصلا تحت عنوان: ''اسکول میں پوجا کے لئے چندہ دینا اور پوجا کا کھانا کھانا''۔

(۳) یہ نذر لغیر اللہ کے قبیل سے ہے اور نذر لغیر اللہ حرام ہے اور حرام کا کھانا بھی حرام ہے: ''و أما النذر الذی ینذره أکثر العوام علی ما هو مشاهد کأن یکون لإنسان غائب أو مریض أوله حاجة ضروریة، فیأتی بعض الصلحآء فیجعل ستره علی رأسه، فیقول: یا سیدی فلان! إن ردّ غائبی أو عوفی مریضی أو قضت حاجتی، فلک من الذهب کذا، فهذا النذر باطل بالإجماع لوجوه: منها أنه نذر لمخلوق، والنذر للمخلوق لا یجوز؛ لأنه عبادة والعبادة لا تکون للمخلوق، و منها أن المنذور له میت، و المیت لا یملک، و منها أنه إن ظن أن المیت یتصرف فی الأمور دون الله تعالیٰ، واعتقاده ذلک کفر ..... فإذا علمت هذا، فما یؤخذ من =

Made searchable using ScribeTools.com

اسکول میں پوجا کے لئے چندہ دینا اور پوجا کا کھانا کھانا

سوال[۱۱۲]: ہم لوگ ایسی جگہ کے باشندے ہیں کہ جہاں ہندوؤں کی اکثریت ہے، جس کے قریب تین ہائی اسکول ہیں مگر اردو کی تعلیم کسی میں نہ تھی، ہمارے جیسے جو کامیاب ہوتے ہیں ان کی ملازمت میں کچھ دشواری ہوتی ہے اس لئے ہم لوگوں کو بہت کوشش کے بعد ایک ہائی اسکول اردو گرانٹ پرائیویٹ طریقہ سے امسال رکھا گیا ہے جس میں احقر کو اسکول کے مینجگ نے منتخب کیا ہے اور تنخواہ بھی اس وقت اس کمیٹی سے دی جاتی ہے، یہاں مسلمان بچوں کی تعداد بیس ہے اور ہندو بچوں کی تعداد تین سو تک ہے، یہاں تمام قوانین ہندوانی ہیں جس میں تمام پوجا بھی شامل ہے: مثلاً: گنیش پوجا، سرستی پوجا، لکھی پوجا وغیرہ کیا جاتا ہے۔

ہر ماسٹر مسلمان بچوں سے جبراً کہتا ہے کہ تم لوگ اس پوجا میں چندہ دو اور دینا ہوگا جب کہ تم اس اسکول میں تعلیم پاتے ہو، تو بچے مجبور ہوکر اپنے سرپرست سے کہہ کر چندہ لاتے ہیں۔ ان پوجاؤں میں کچھ کھانے کی چیزیں بھی ہوتی ہیں وہ کھایا کرتے ہیں۔ احقر نے جب امسال یہاں ملازمت کی تو ہیڈ ماسٹر سے کہا کہ ایسا چندہ ہمارے دھرم میں نہیں ہے، آپ کیوں بچوں سے یہ چندہ لیتے ہیں، تو وہ بولے ہم لوگ اسکول کے قانون سے تمام سے لیتے ہیں ان سے بھی لیں گے۔ اب جو کھانا وغیرہ ہوتا ہے اس بارے میں ان سے پوچھا تو بولے ہم لوگ یہ جو روپیہ لیتے ہیں پوجا کے نام سے، حقیقت میں یہ پوجا نہیں ہے، بلکہ ایک فشٹ کھانا مقصد ہے، اس میں پوجا سے کوئی نقص نہیں ہے اور ہم تو آپ کے بچوں کو پوجا کی ہوئی چیز نہیں دیتے ہیں، کھانے کی جو چیز پوجا نہیں ہوتی ہے اس کو دیتے ہیں تو اس کھانے میں آپ کا کیا حرج ہے؟ احقر نے کہا جب ایسا ہے تو آپ یہ فشٹ پوجا کے دوسرے دن کریں جب اس پوجا سے کوئی تعلق نہیں۔ وہ بولے اس میں اسکول کا نقصان ہے چھٹی زیادہ ہوجاتی ہے، پڑھائی نہیں ہوسکتی ہے اور ہم کو ضروری ہے کہ ہر پوجا میں اس دن اسکول کی چھٹی کریں تو اسی چھٹی میں یہ فشٹ کر لیتے ہیں، تاکہ اور چھٹی کی نوبت نہ آسکے۔

اس کے علاوہ تمام استاذوں سے ایک مدعونوٹس لی جاتی ہے جس پر تمام اساتذہ دستخط کرتے ہیں۔ اگر

= الدراهم والشمع والزيت وغيرها، و ينقل إلى ضرائح الأولياء تقرباً إليهم، فحرام بإجماع المسلمين".

(البحر الرائق، كتاب الصوم، فصل فى النذر: ۲/۵۲۰، ۵۲۱، رشيديه)

(وكذا فى حاشية الطحطاوى على مراقى الفلاح، كتاب الصوم، باب ما يلزم الوفاء به، ص: ۶۹۳، قديمى)

Made Searchable by ScribeTools.com

کوئی نہ آئے تو باز پرس ہوتی ہے، نیز لڑکوں سے بھی معمولی، خاص کر اگر احقر نہ آئے تو زیادہ تر دشمنی کا باعث ہوجاتا ہے جس کی وجہ سے ملازمت اور گرانٹ پر نقصان آسکتا ہے۔ آپ سے درخواست ہے کہ کیا بچے اس حال میں چندہ دیکر کھاسکتے ہیں؟ اور احقر حتی الامکان یہ کوشش کرتا ہے کہ اس پوجا میں نہ کھائے یا نہ شریک ہو، اگر بالکل مجبور ہوکر وہ کھانا کھالیا تو امامت کرسکتا ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

اگر اس چیز اور کھانے کا پوجا سے کوئی تعلق نہیں تو موجودہ حالت میں کھانے کے لئے چندہ دینے اور اس کھانے کی وجہ سے کفر وشرک کا حکم نہیں ہوگا (۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۱۳/ ۱۱/ ۹۲ھ۔

---

(۱) هذا حكم الواقعة المذكورة ، أما من أهدى شيئاً ذلك اليوم حسب اعتقادٍ ما : أى موافقةً لهم أو تحسيناً لفعلهم أو تعظيماً لمذهبهم و معتقدهم أو إعانتهم على كفرهم أو تشبهاً بهم،فقد عدّ الفقهاء ذلك كله من جملة الكفر:

قال الملا على القارىؒ " من أهدى بيضةً إلى المجوس يوم النوروز كفر: أى لأنه أعانه على كفره وإغوائه، أو تشبه بهم فى إهدائه ، ومفهومه أنه لو أهدى شيئاً فى يوم النوروز إلى المسلم لا يكفر .....و فى مجموع النوازل : اجتمع المجوس فقال مسلم : سيرة حَسَنة و ضعوها، كفر : أى لأنه استحسن وضع الكفر مع تضمن استقباحه سيرة الإسلام ، وفى الفتاوى الصغرى : من اشترى يوم النوروز شيئاً و لم يكن يشتريه قبل ذلك، أراد به تعظيم النوروز ، كفر: أى لأنه عظّم عيد الكفَرة".

(شرح الفقه الأكبر للقارى، فصل فى الكفر صريحاً و كناية، ص: ۱۸۶ ، قديمى)

(وكذا فى الفتاوىٰ البزازية ، كتاب ألفاظ تكون إسلاماً أو كفراً ، الفصل الثانى ، النوع السادس فى التشبيه : ۳۳۳/۶، رشيديه)

(وكذا فى خلاصة الفتاوى ، كتاب ألفاظ الكفر ، الفصل الثانى، الجنس السادس فى التشبيه : ۳۸۷/۴، رشيديه)

(وكذا فى الفتاوى العالمكيرية ، كتاب السير ، موجبات الكفر أنواع، منها ما يتعلق بتلقين الكفر والأمر بالارتداد الخ: ۲۷۶/۲، ۲۷۷، رشيديه)

(وكذا فى التاتارخانية ، كتاب أحكام المرتدين ،فصل فى الخروج إلى النشيدة : ۵۲۱/۵، إدارة القرآن) =

Made searchable using ScribeTools.com

دُرگا پوجا میں چندہ دینے والے کا حکم

سوال[۱۱۳]: اس مسلمان کے بارے میں کیا حکم ہے جو ہندوؤں کے دُرگا (ہندوؤں کی دیوی بھوانی) پوجا اور سرش پوجا میں چندہ دیتا ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

اگر پوجا کو اچھا سمجھ کر چندہ دیتا ہے تو سخت گنہگار ہے اس کو فوراً توبہ لازم ہے، اگر کسی مجبوری کی وجہ سے چندہ دیتا ہے تو اس کو چاہئے کہ جو شخص چندہ لینے کے لئے آیا اس کو دینے کی نیت سے دیدے براہ راست پوجا کے لئے نہ دے(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

املاہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۱۲/ ۱۱/ ۱۴۰۰ھ۔

مشرکانہ طریقہ پر کنویں کے افتتاح میں شرکت

سوال[۱۱۴]: ایک مسلم شخص نے کنواں کھدوانا شروع کیا، افتتاح تو دو مولوی صاحب اور ایک قاضی

= أما إذا لم يكن على قصد التعظيم والتحسين والتشبه وغير ذلك فلا بأس به و لايكون كفراً، لكن الترك و الإحتراز أولى، كما قال العلامة البزازيؒ في فتاواه قال : و إن أخذه لا على ذلك الوجه (أى الموافقة) لا بأس به ، والإحترازعنه أسلم ، المسلم إذا أهدى يوم النيروز إلى مسلم آخر شيئاً ولم يُرد به تعظيم ذلك اليوم، و لكن جرى على ما اعتاده بعض الناس، لا يكفر ، لكن لا ينبغى له أن يفعل ذلك". (البزازية ، كتاب الألفاظ الخ، الفصل الثانى، النوع السادس: ۶/۳۳۳)

(وكذا فى الشرح الفقه الأكبر، فصل فى الكفر صريحاً وكنايةً، ص: ۱۸۶)

(وكذا فى التاتارخانية ، كتاب أحكام المرتدين ،فصل فى الخروج إلى النشيدة : ۵/ ۵۲۱، إدارة القرآن)

(۱) قال الله تعالى: ﴿و تعاونوا على البر والتقوى ولا تعاونوا على الإثم والعدوان﴾. (سورة المائدة: ۲)

"ذمى سأل مسلماً عن طريق البيعة لا ينبغى للمسلم أن يدلّه على ذلك؛ لأنه إعانة على المعصية". (الفتاوى العالمكيرية: ۲/ ۲۵۰، كتاب السير، الباب الثامن فى الجزية ، رشيديه)

(وكذا فى الفتاوى العالمكيرية :۳/ ۵۹۱، الباب الثالث فى الوكالة بالبيع، رشيديه)

(وكذا فى الفتاوى العالمكيرية :۶/ ۳۵۹، كتاب الكراهية، الثالث فيما يتعلق بالمناهى، رشيديه)

امام صاحب کے ہاتھوں ہوا، لیکن اس طرح چونکہ کھودنے والے غیر مسلم تھے انہوں نے ایک پتھر کو بھیروں (۱) کے نامزد کر کے سیندور لگایا (۲) پتھر کی پوجا کی، گڑ اور چنے کا بھوگ (۳) لگایا، بھیروں کی جے بولی (۴)، تب پجاری نے زمین پر سات پھاوڑے (۵) مارے، اس کے بعد مولویوں نے سات سات پھاوڑے مار کر کھلا شرک کیا، اب ان لوگوں کے پیچھے نماز وغیرہ کا کیا ہوگا؟ نیز ان لوگوں نے اس کی اجرت گیارہ گیارہ روپے بھی لئے ہیں۔

الجواب حامداً و مصلیاً :

شرک کی قباحت و مذمت تو کوئی چھپی ہوئی چیز نہیں بلکہ سب کو ہی معلوم ہے (۶) مگر صورت مسئولہ میں جس نے شرک کیا ہے وہ تو ہے ہی مشرک (۷) مسلمانوں نے تو یہ کام نہیں کیا، لیکن جس مسلمان نے شرک کی اجازت دی یا اس کو پسند کیا یا ساتھ دیا، اس نے بھی گناہ کا کام کیا، اگر معلوم تھا کہ یہ شرک ہے تو زیادہ خطرناک ہے (۸) اگر یہ سمجھا کہ یہ کوئی خاص طریقہ ہے جو کنواں کھودنے کے وقت کیا جاتا ہے اور عدم واقفیت کی وجہ سے

---

(۱) ''بھیروں'' سیو جی کا اوتار''۔ (فیروز اللغات: ص: ۲۴۲)

''اوتار'' ہندوؤں کے عقیدے میں خدا کا کسی جنم (خلقت) میں داخل ہو کر مخلوق کی اصلاح کے لئے دنیا میں آنا''. (الفیروز، ص: ۱۳۵)

(۲) ''سرخ رنگ کا ایک سفوف (پسی ہوئی چیز، پوڈر) جسے ہندو عورتیں مانگ میں بھرتی ہیں''۔ (الفیروز، ص: ۸۳۰)

(۳) ''بھوگ'' کھانا، تبرک، دیوتاؤں کا چڑھاوا''۔ (الفیروز، ص: ۲۴)

(۴) ''جے'' عروج: تسلیم، شاباش، زندہ باد''۔ (الفیروز، ص: ۵۰۴)، یعنی ان دیوتاؤں کی شان میں جو تسلیمی اور داد کے کلمات کہے جاتے ہیں۔

(۵) ''پھاوڑا'' کدال، بیلچہ''۔ (الفیروز، ص: ۳۱۳)

(۶) قال الله تعالیٰ: ﴿ إنه من يشرک بالله، فقد حرّم الله عليه الجنة، و مأواه النار، و ما للظالمين من أنصار﴾. (المائدة : ۷۲)

(۷) یعنی کرنے والے ہندو ہی ہیں، جیسے کہ سوال میں مذکور ہے۔

(۸) یہ رضا بالکفر والشرک کے قبیل سے ہے اور رضا بالکفر پر فقہاء کرامؒ نے کفر کا حکم عائد کیا ہے: '' و ذكر شيخ الإسلام: إن الرضا بكفر غيره إنما يكون كفراً إذا كان يستجيزه و يستحسنه ''. (شرح الفقه الأكبر للقاری، فصل فی الكفر صريحاً و كناية، ص: ۱۸۰، قديمی)

(وكذا فی الفتاوىٰ البزازية ، كتاب ألفاظ تكون إسلاماً أو كفراً ، الفصل الثانی ، النوع الرابع فی الإيمان =

Made searchable using ScribeTools.com

اس کو یہ دیکھتے رہے تو پھر زیادہ تشدد کی ضرورت نہیں، تاہم توبہ واستغفار پھر بھی کریں، خاص کر امام وقاضی کا بڑا منصب ہے، جو جو اس میں شریک رہے سب ہی دو رکعت صلوۃ توبہ پڑھ کر توبہ کرلیں، امام صاحب خود بھی توبہ کریں اور مقتدیوں کو بھی توبہ کرادیں (۱) آئندہ ہرگز ایسے کام میں شریک نہ ہوں (۲) نہ امام نہ مقتدی، نیز امام صاحب، موذن صاحب، قاضی صاحب کے حق میں یا کسی بھی مسلم کے حق میں شرک وغیرہ کا لفظ استعمال نہ کریں، اب اس قصہ کو ہوا نہ دیں بلکہ ختم کردیں۔ حق تعالیٰ سب کو صراط مستقیم پر چلائے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۹۴/۳/۶ھ۔

کیا کسی خاص کنویں کے پانی میں شفاء ہے؟

سوال[۱۱۵]: ایک کنواں ہے جس میں چشمہ نکل آیا ہے اس کنویں کے پانی کے متعلق سنا ہے کہ کسی کو کسی تکلیف میں فائدہ ہوگیا اس وجہ سے عامۃ الناس بغرضِ شفاء اس کنویں کے پانی کو استعمال کرنے اور حاصل

= والإسلام: ۳۲۹/۲، رشیدیه)

(وكذا في الفتاوى العالمكيرية، كتاب السير، موجبات الكفر أنواع، منها ما يتعلق بالإيمان والإسلام: ۲۵۷/۲، رشيديه)

(وكذا في التاتارخانية، كتاب أحكام المرتدين، فصل في إجرآء كلمة الكفر الخ: ۴۶۰/۵، إدارة القرآن)

(۱) "ماكان في كونه كفراً اختلاف، فإن قائله يؤمر بتجديد النكاح، وبالتوبة والرجوع عن ذلك بطريق الاحتياط". (الفتاوى العالمكيرية، كتاب السير، موجبات الكفر أنواع، قبيل الباب العاشر في البغاة: ۲۸۳/۲، رشيديه)

(وكذا في الفتاوىٰ التاتار خانية: ۴۶۱/۵، كتاب أحكام المرتدين، فصل في إجراء كلمة الكفر، إدارة القرآن)

(۲) "إعلم أن من أراد أن يكون مسلماً عند جميع طوائف الإسلام، فعليه أن يتوب من جميع الآثام: صغيرها و كبيرها، سواء ما يتعلق بالأعمال الظاهرة أو الأخلاق الباطنة، ثم يجب عليه أن يحفظ نفسه في الأقوال و الأفعال والأحوال من الوقوع في الارتداد، نعوذ بالله من ذلك، فإنه مبطل للأعمال و سوء خاتمة المآل، و إن قدر الله عليه و صدر عنه ما يوجب الردة، فيتوب عنها ويجدّد الشهادة لترجع له السعادة". (شرح الفقه الأكبر للقاري، بحث التوبة، ص: ۱۶۱، قديمي)

کرنے کے لئے مستقل سفر کرتے ہیں، آیا یہ جائز ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

بعض جگہ پانی میں قدرتی طور پر ایسا مادہ ہوتا ہے جس سے جسمانی امراض سے شفاء ہو جاتی ہے یہ کوئی تعجب کی چیز نہیں ہے اگر بات یہیں تک محدود ہے تو کچھ مضائقہ نہیں، جیسے بعض ادویہ کا استعمال ہوتا ہے یا تبدیلی آب وہوا کے لئے بعض مقامات کا سفر کیا جاتا ہے، اطباء وڈاکٹر تجویز کرتے ہیں کہ فلاں جگہ کی آب وہوا گرم یا سرد یا تر ہونے کی وجہ سے مریض کے موافق ہے یا بعض امراض میں جاری پانی سے غسل تجویز کیا جاتا ہے، لیکن اگر عقائد فاسد ہونے کا مظنہ (اندیشہ) ہو کہ اس پانی کی پوجا شروع ہو جائے گی تو پھر اس فتنے کو روکنے کی ضرورت ہے، اس کی صورت یہ ہے کہ جس شخص کی ملک میں وہ کنواں ہے اس کو سمجھا کر حسنِ تدبیر سے آمادہ کیا جائے کہ وہ اس کو بند کرا دے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند۔

کسی خاص درخت سے شفاء حاصل کرنا

سوال[۱۱۶] : یہاں تحصیل جانسٹھ مظفرنگر کے ایک گاؤں میں پندرہ بیس یوم سے ایک ببول کے درخت کے نیچے مسلم وغیر مسلم، مرد، عورت، جوان، بوڑھے تقریباً ہر قسم کے لوگ اپنی حاجات مثلاً شفائے امراض وغیرہ کے لئے آتے ہیں، تمام دن اس درخت کے نیچے بھیڑ رہتی ہے، دور دراز سے لوگ کثرت سے آتے ہیں۔ بعض لوگ کہتے ہیں کہ یہاں کوئی پیر صاحب ہیں، کوئی کہتا ہے کہ یہاں کوئی جن ہے اور سنا ہے کہ اب وہاں مزار بھی بنانے کی اسکیم ہے، لوگوں کا یہ عقیدہ بن رہا ہے کہ اس درخت کے نیچے بیٹھنے سے شفاء ہوتی ہے، جانے والے بتاتے ہیں کہ ضرورت مند اس درخت کے نیچے مٹھی بند کر کے بیٹھتے ہیں اور نظر درخت کی طرف رہتی ہے، مٹھی خود بخود کھل جاتی ہے اور مرض وغیرہ سے شفاء مل جاتی ہے۔ ممکن ہے کہ اس کے علاوہ اور بھی کچھ باتیں ہوتی ہوں، جو لوگ وہاں جاتے ہیں ان کی نیت سے تو اللہ ہی واقف ہے، بظاہر تو استعانت من غیر اللہ ہے اور بظاہر شرک وبدعت معلوم ہوتی ہے اور یہ وہی شکل ہے جیسے قبور اولیاء اللہ پر لوگ جاتے اور اپنی حاجات مانگتے ہیں۔

اب سوال یہ ہے کہ کیا وہاں اپنی ضرورت کے لئے جانا شرک ہے؟ ایسے لوگوں کے لئے کیا وہی وعید ہے جو مشرکین کے لئے خلود فی النار کی آئی ہے؟ اگر جانے والے مسلمان ہوں تو ان کے نکاح باقی رہتے ہیں یا

Made Se Made searchable using ScribeTools.com pols.com

ٹوٹ جاتے ہیں؟ جیسے کفر کے بارے میں لکھا ہے کہ ایمان سے خارج ہوجانے سے نکاح ٹوٹ جاتا ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

ہوسکتا ہے کہ وہاں جناتی شیطانی کوئی اثر ہو جس سے لوگ متاثر ہوتے ہوں اور عقائد فاسد کرنے کی غرض سے یہ اثرات مرتب ہوتے ہوں کہ مٹھی خود بخود کھل جاتی ہے اور مرض سے شفاء مل جاتی ہے (۱)، مگر جب تک ان لوگوں کے عقائد کی تحقیق نہ ہو ان کے اس عمل کی وجہ سے خلود فی النار کا حکم نہیں ہوگا (۲) البتہ اس عمل سے شدت کے ساتھ روکنا ضروری ہے، اول شفقت سے تفہیم کی جائے پھر وعید سنائی جائے اور عقائدِ باطلہ اختیار کرنے کی صورت میں وعید شدید، خلود فی النار بتلائی جائے اور یہ کہ اس دنیا میں نکاح باقی رہنا بھی دشوار ہوگا۔ استفتاء اور فتویٰ مشتہر کرنا مناسب نہیں، بسا اوقات اس سے طبائع میں ضد اور عناد پیدا ہوکر زیادہ خرابی پیدا ہوتی ہے، بلکہ بہتر یہ ہے کہ کسی صاحبِ نسبت بزرگ عالم کا وعظ کرایا جائے جس میں وہ حکمت وموعظت سے

---

(۱) "والإنسان إذا فسدت نفسه أو مزاجه يشتهي ما يضره و يلتذّبه، بل يعشق ذلک عشقاً يفسد عقله ودينه و خلقه و بدنه و ماله، والشيطان هو نفسه خبيث، فإذا تقرّب صاحب العزائم والأقسام و كتب الروحانيات السحرية و أمثال ذلک إليهم بما يحبونه، فمن الكفر و الشرک صار ذلک كالرشوة والبرطيل لهم، فيقضون بعض أغراضه كمن يعطى غيره مالاً ليقتل له من يريد قتله أو يعينه على فاحشة أو ينال معه فاحشة". (آكام المرجان فى أحكام الجآن، الباب الثامن والأربعون فى بيان السبب الذى من أجله تنقاد الجن والشياطين، ص: ۹۹، ۱۰۰، مكتبه خير كثير)

"و كانت الشياطين تتراء ى لهم أحيانًا، و قد يخاطبونهم من الصنم و يخبرونهم ببعض الأمور الغائبة، أو يقضون لهم بعض الحوائج، فكانوا يبذلون لهم هذا النفع القليل بمااشتروه منهم من توحيدهم و إيمانهم الذى هلكوا بزواله كالسحر". (مجموعة الفتاوى لإبن تيميةؒ ، فصل فى تزيين الشيطان العبادات البدعية لأهلها: ۱۰/ ۲۳۸، مكتبة العبيكان)

(۲) "عن أبى ذر رضى الله تعالىٰ عنه أنه سمع النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يقول: "لا يرمى رجل رجلاً بالفسوق و لا يرميه بالكفر، إلا ارتدت عليه إن لم يكن صاحبه كذلک". (صحيح البخارى، كتاب الأدب ، باب ما ينهى عن السباب واللعن : ۲/ ۸۹۳، قديمى)

"و لايجوز أن يرمي مسلم بفسق و كفر من غير تحقيق". (شرح الفقه الأكبر، ص: ۷۲، قديمى)

لوگوں کو سمجھائیں۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۳/۲/۳۰ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

درخت کے پاس بیٹھنے سے شفاء

سوال[۱۱۷۱]: یہاں پر ایک مہوا(۱) کا درخت ہے، بہت سے مریض اس کے پاس جا کر درود شریف پڑھتے ہیں، اس پڑھنے والے پر ایک کیفیت طاری ہوتی ہے، جو مریض اچھا ہونے والا ہے درخت کی طرف سرکنے لگتا ہے اور جو مریض اچھا ہونے والا نہیں ہے وہ بیٹھا رہتا ہے۔ بہت سوں نے اس کا تجربہ کیا ہے تو اس درخت کے پاس جانا جائز ہے یا نہیں؟ اگر کوئی شخص عرصہ سے بیمار ہے تو اس درخت کے پاس جا سکتا ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

درود شریف کی ترغیب وفضیلت قرآن کریم (۲) اور حدیث شریف سے ثابت ہے (۳) زیادہ سے

---

(۱) ''ایک درخت کا نام ہے، جس کے پھلوں کو کھاتے، پھولوں کی شراب اور بیجوں کا تیل نکالتے ہیں''۔ (نوراللغات، ص:۱۴۱۸)

(۲) قال اللہ تعالیٰ: ﴿إن اللہ و ملائکتہ یصلون علی النبی، یاأیھاالذین آمنوا صلوا علیہ و سلموا تسلیماً﴾ (الأحزاب:۵۶)

(۳) ''عن أبی ھریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: ''من صلی علیَّ واحدۃً صلی اللہ علیہ عشراً''. رواہ مسلم''.

''عن أنس رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: ''من صلی علیّ صلاۃً واحدۃً صلی اللہ علیہ عشر صلوات، و حطت عنہ عشر خطیئات، و رفعت لہ عشر درجات''. (رواہ النسائی)

''وعن ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: ''أولی الناس بی یوم القیامۃ أکثرھم علیّ صلاۃً''. رواہ الترمذی''.

''عن عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: ''من صلی علی النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم واحدۃً صلی اللہ علیہ و ملائکتہ سبعین صلاۃً''. رواہ أحمد''.

''وعن رویفع رضی اللہ تعالیٰ عنہ أن رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قال: ''من صلی علی محمد و قال: أللھم أنزلہ المقعد المقرب عندک یوم القیامۃ، وجبت لہ شفاعتی'' رواہ أحمد''. (مشکوۃ المصابیح، باب الصلاۃ علی النبي صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و فضلھا: ۱/۸۶، ۸۷، قدیمی)

Made searchable using ScribeTools.com

زیادہ پڑھا جائے، مکان پر بھی مسجد میں بھی حتی کہ چلتے پھرتے بھی، مگر اس مخصوص درخت کے پاس جا کر بیٹھنا نہ دلائل شرعیہ سے ثابت ہے نہ یہ کوئی حکمت اور طب کا مسئلہ ہے، بلکہ وہاں جا کر بیٹھنے سے لوگ اعتقاد کریں گے کہ اس درخت کو بھی کوئی دخل ہے، یہ درخت واجب التعظیم وتکریم ہے، پھر اس پر چڑھاوے شروع ہو جائیں گے، اس کی پوجا ہونے لگے گی، اس سے عقائد فاسد ہو کر دین تباہ و برباد ہو جائے گا، اس لئے وہاں ہرگز نہ جائیں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۹/۴/۹۳ھ۔

کامیابی کے لئے ایک درخت کے نیچے خاص ہیئت اختیار کرنا

سوال[۱۱۸]: ایک درخت ہے اس کے نیچے جا کر بہت سے آدمی اوکڑو بیٹھ جاتے ہیں اور ہاتھ زمین پر ٹیک لیتے ہیں اور نظر پیر پر رکھتے ہیں، کہنے والا یہ کہتا ہے کہ اگر مقصد میں کامیابی ہے تو ہاتھ آگے کو سرک جاتے ہیں اور پھر اوندھا زمین پر گر جاتا ہے، اگر مقصد میں کامیابی نہیں ہوتی تو ویسے ہی بیٹھا رہتا ہے کچھ نہیں ہوتا۔ اس طرح کرنا شریعت کی رو سے جائز ہے یا ناجائز؟ اور یہ سجدے میں شمار ہوتا ہے یا نہیں اور جو شخص اس درخت کے نیچے جا کر ایسا کرے اس پر شرک لازم آئے گا یا نہیں؟ نیز انسان کی تقدیر خاص پوری عمر کا اللہ تعالیٰ ایک مرتبہ لکھتا ہے یا کہ ہر سال ایک ایک سال کا لکھا جاتا ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

ماں کے پیٹ میں جب بچہ میں روح ڈالی جاتی ہے اسی وقت اس کی ساری زندگی کا رزق اور عمل وہیں لکھ دیا جاتا ہے(۱)، اس کی تفصیل کا علم اللہ کو ہے اور کسی کو نہیں کہ کیا کیا لکھا ہے، کسی درخت کے نیچے جا کر اکڑو بیٹھ کر زمین پر ہاتھ ٹیکنا اور یہ سمجھنا کہ اگر مقصود میں کامیابی ہوگی تو ہاتھ آگے کو سرک کر زمین پر گر جائے گا ورنہ اسی طرح بیٹھا رہے گا، یہ کوئی ٹوٹکا اور شگون ہے، شرعی چیز نہیں۔ زمانۂ جاہلیت میں بھی لوگوں نے کامیابی اور

---

(۱) "عن أنس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنه عن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم :"وکّل اللہ بالرحم ملکاً فیقول : أي رب! نطفة، أی رب! علقة، أی رب! مضغة، فإذا أراد اللہ أن یقضي خلقها، قال: یارب! أذکر أم أنثی، أشقی أم سعید؟ فماالرزق ، فما الأجل؟ فیکتب کذلک فی بطن أمه". (صحیح البخاری، کتاب القدر: ۲/۹۷۶، قدیمی)

ناکامی کی کچھ علامتیں تجویز کررکھی تھیں جن کی کوئی واقعی بنیاد نہیں تھی، شریعت نے ایسی چیزوں کو استقسام قرار دیکر منع فرمایا ہے(۱)، تاہم اگر زمین پر سر گر گیا تب بھی اس کو شرک نہیں کہا جائے گا، مگر اس سے منع کیا جائے گا۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۹۳/۲/۱۶ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۶/۳/۱۶ھ۔

قبر کی مٹی سے شفاء

سوال[۱۱۹]: ایک مرتبہ ایک گاؤں میں جاڑے بخار کی بہت کثرت ہوئی، جو شخص قبر سے مٹی لے جاکر باندھ لیتا اسے آرام ہوجاتا، بس لوگ اس کثرت سے مٹی لے گئے کہ جب بھی قبر میں مٹی ڈالو تب ہی ختم، کئی مرتبہ مٹی ڈال چکا، پریشان ہوکر ایک مرتبہ میں نے مولانا کی قبر پر جاکر کہا کہ آپ کی تو کرامت ہوئی اور ہماری مصیبت، یاد رکھو! اگر اب کوئی اچھا ہو تو ہم مٹی نہ ڈالیں گے، لوگ جوتہ پہن کر تمہارے اوپر چلیں گے، بس اسی دن سے آرام نہ ہوا، پھر لوگوں نے مٹی لے جانا بند کردیا۔ کیا ایسا عقیدہ رکھنا درست ہے اور شریعت کا کیا حکم ہوگا؟

---

(۱) قال اللہ تعالیٰ: ﴿یأیها الذین آمنوا إنما الخمر والمیسر والأنصاب والأزلام رجس من عمل الشیطان فاجتنبوه لعلکم تفلحون﴾. (المائدة: ۹۰)

وقال اللہ تعالیٰ: ﴿وأن تستقسموا بالأزلام﴾ (المائدة: ۳)

"أی حرم علیکم أیها المؤمنون الاستقسام بالأزلام، واحدها "زلم" و قد تفتح الزای، فیقال: زلم، و قد کانت العرب في جاهلیتها یتعاطون ذلک، و هي عبارة عن قداح ثلاثة، علی أحدها مکتوب: افعل، وعلی الآخر: لا تفعل، والثالث: غفل لیس علیه شیء ..... و قال ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنهما: هي قداح، کانوا یستقسمون بها الأمور". (تفسیر ابن کثیر، (المائدة): ۱۸/۲، مکتبه دارالسلام الریاض)

"والحق عندی أن الاستقسام الذی کان یفعله أهل الجاهلیة حرام بلا شبهة کما هو نص الکتاب، و أن حرمته ناشئة من سوء الاعتقاد، و أنه لا یخلو عن تشاؤم، و لیس بتفاؤل محض". (روح المعانی، المائدة: ۵۹/۶، دار إحیاء التراث العربی)

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداً و مصلیاً :

اصل شفاء دینے والے اللہ تعالیٰ ہیں خواہ کسی حکیم، ڈاکٹر کی دوا کے ذریعہ سے ہو یا کسی عامل کے تعویذ اور پھونک سے دیں، خواہ کسی بزرگ کی کرامت (خاک قبر وغیرہ) سے دیں، خواہ بغیر کسی ظاہری سبب کے دیں، ایک ہی چیز سے جب وہ چاہیں شفاء دیدیں، جب چاہیں نہ دیں، یہ عقیدہ صحیح اور درست ہے(۱)۔شفاء کو کسی غیر کے قبضۂ قدرت میں تجویز کرنا درست نہیں، خواہ وہ غیر کوئی زندہ ولی وغیرہ ہو یا مردہ۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ دارالعلوم دیوبند، ۱۵/ ۹/ ۸۵ھ۔

الجواب صحیح، بندہ نظام الدین عفی عنہ، مفتی دارالعلوم دیوبند، ۱۵/ ۹/ ۸۵ھ۔

بدعات شرکیہ

سوال[۱۲۰] : قبر پرست مسلمان جن کو قبوریین کہا جاتا ہے ان کے افعال شرکیہ وبدعیہ جیسے مزارات اولیاء وانبیاء کو سجدہ کرنا یا ان کی قبور کے غسل کے پانی کو متبرک سمجھنا اور بطور آب زمزم کے اس کو لانا اور ان کو حاضر وناظر خیال کرنا اور ان کو مشکل کشا سمجھنا اور ان کے نام کے وظائف پڑھنا اور ان کو عالم الغیب جاننا اور ان کے مزارات پر نذریں چڑھانا اور ان کے نام کے وہاں پر بکرے ذبح کرنا اور ان کی طرف اپنے بچوں اولادوں کو منسوب کرنا کہ یہ بچہ ہم کو فلاں پیر نے دیا ہے وغیرہ وغیرہ، یہ امور شرکیہ کفریہ کرنے والے مسلمان ہیں یا نہیں اور ان میں اور کفار قریش مکہ میں کیا فرق ہے؟ وہ بھی اولیاء وانبیاء واوثان سے ایسی ہی عقیدت رکھتے تھے،

---

(۱) قال اللہ تعالیٰ: ﴿وإذا مرضت فهو يشفين﴾ (الشعراء : ۸۰)

"فقال أنس رضی اللہ تعالیٰ عنه : ألا أرقيک برقية رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم ؟ قال: بلی قال: "أللهم رب الناس، مذهب البأس، اشف أنت الشافي، و لا شافي إلا أنت شفاءً لا يغادر سقماً".

"عن عائشة رضی اللہ تعالیٰ عنها أن رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم كان يرقی يقول: "امسح البأس رب الناس، بيدک الشفآء، لا كاشف له إلا أنت" . (صحيح البخاری ، كتاب الطب ، باب رقية النبي صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم : ۸۵۵/۲، قديمی)

﴿وإذا مرضت فهو يشفين﴾: أي إذا وقعتُ في مرض، فإنه لا يقدر على شفائي أحد غيره بما يقدر من الأسباب الموصلة إليه". (تفسير ابن كثير ، (الشعراء): ۴۵۱/۳، دار الفيحاء و دار السلام)

Made Searchable by ScribeTools.com

بینوا توجروا۔ طالب تحقیق ابوالعتیق محمد پٹھان، ۱۸/ رجب/۶۴ھ۔

الجواب حامداً و مصلیاً :

مردم شماری کے اعتبار سے ان کا نام مسلمان ہے، لیکن شرعی نقطۂ نظر سے یہ لوگ دائرہ اسلام سے خارج ہیں (۱)۔ مشرکینِ عرب بھی ایسے ہی عقائد واعمال کی وجہ سے مشرک کہلاتے تھے، یہ لوگ صرف نام کے مسلمان ہیں۔ فقط واللہ وتعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور ۲۰/ ۱۱/ ۶۴ھ۔

اس میں تفصیل کی ضرورت ہے، وہ یہ کہ اگر انبیاء اولیاء کے لئے وہ قدرت اور اختیار بالذات مانتے ہوں اور حاضر وناظر بلا واسطہ سمجھتے ہوں تب تو وہی جواب ہے جو مفتی صاحب نے تحریر فرمایا ہے، ورنہ تغلیظاً تو ان پر حکم کفر کرنا جائز ہے، حقیقۃً تمام احکامِ کفر جاری نہ کئے جائیں گے۔

سعید احمد غفرلہ، مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۳/ ذیعقدہ، ۶۴ھ۔

صحیح: عبداللطیف، مظاہر علوم سہارنپور، ۲۵/ ذیعقدہ/۶۴ھ۔

---

(۱) أما قوله: ''قبور کے غسل کے پانی کو تبرک سمجھنا اور بطور آب زمزم اس کو لانا'' فباطل لا أصل له فی الدین، لأنه لم یذکره أحد من السلف ولم یعتقده، وأما التبرک به فمردود علی قفی قائله، وکیف یتبرک به وهو اعتقاد باطل وبدعة شنیعة مذمومة. واللہ تعالیٰ أعلم.

وأما قوله: ''اوران کو حاضر وناظر خیال کرنا'' فقد قال محمد بن شهاب البزاز: ''قال علمائنا: من قال: أرواح المشایخ حاضرة، یکفر''. (الفتاوی البزازیة، کتاب ألفاظ تکون إسلاماً أو کفراً، الفصل الثانی، النوع الثانی فی ما یتعلق باللہ تعالی: ۶/ ۳۲۶، رشیدیه)

(وکذا فی البحر الرائق: کتاب السیر، باب أحکام المرتدین: ۵/ ۲۰۹، رشیدیه)

(وکذا فی الدر المنتقی علی شرح الملتقی المعروف بسکب الأنهر علی هامش مجمع الأنهر، کتاب السیر والجهاد، باب المرتد، ثم ألفاظ الکفر أنواع: ۲/ ۵۰۵، غفاریة)

وأما قوله: ''ان کو مشکل کشا سمجھنا'' فباطل لقوله تعالیٰ: ﴿ولا تدع من دون اللہ مالا ینفعک ولا یضرک، فإن فعلت فإنک إذاً من الظالمین﴾. (یونس: ۱۰۶) ..... =

Made searchable using ScribeTools.com

.....

= قد بحث العلامة الألوسیؒ تحت هذه الآية طويلاً فقال: "(ولا تدع من دون الله) استقلالاً ولا اشتراكاً (ما لاينفعک)بنفسه إذا دعوته بدفع مكروه أو جلب محبوب (ولا يضرک) إذا تركته بسلب المحبوب دفعاً أو رفعاً، أو بإيقاع المكروه ..... (وإن يمسسک الله بضر) تقرير لما أورد فی حيز الصلة من سلب النفع من المعبودات الباطلة، وتصوير لإختصاصه به سبحانه، وإن يصبک بسوءٍ مّا (فلا كاشف له) عنک كائناً من كان وما كان (إلا هو) ..... (وإن يردک بخير) تحقيق لسلب الضرر الخ". (روح المعانی: ۱۱/ ۱۹۸، ۱۹۹، دار إحياء التراث العربی)

وأما قوله: "ان کوعالم الغیب جاننا" فهو إشراک بالله فی صفاته وهو تعالیٰ منزه عنه، ونفی الله تعالیٰ هذه الصفة عن جميع مخلوقاته، وأثبتها لنفسه بقوله: ﴿وعنده مفاتح الغيب لا يعلمها إلاهو﴾. (الأنعام: ۵۹)

"والمراد بالغيب المغيبات على سبيل الاستغراق، والمقصود على كل تقدير أنه سبحانه هو العالم بالمغيبات كما هی ابتداء (لايعلمها إلا هو) .....والكلام إما مسوق لبيان اختصاص المقدورات الغيبية به سبحانه من حيث العلم أثر بيان إختصاص كلها به تعالیٰ من حيث القدرة ..... وإمالإثبات العلم العام له سبحانه، وهو علمه بكل شئ بعد إثبات العلم الخاص، وهو علمه بالظالمين". (روح المعانی: ۷/ ۱۷۰، ۱۷۱، دار إحياء التراث العربی)

وأما قوله: "ان کے مزارات پر نذرانے چڑھانا اوران کے نام پر بکرے ذبح کرنا" فباطل وحرام كماسيأتی تخريجه.....=

قبر پر چراغ، منت، ذبح، سجدہ وغیرہ

سوال[۱۲۱]: مصنوعی قبر بنا کر اس کو کسی ولی کا مزار قرار دینا، اس میں چراغ جلانا اور منت چڑھانا اور بکرا گائے وغیرہ منت کر کے وہاں پر ذبح کرنا اور لوگوں کو کھلانا اور مزار کو سجدہ کرنا، شرعاً یہ افعال کیا حکم رکھتے ہیں اور فاعل فعل مذکورہ کو کیا حکم لگایا جا سکتا ہے اور اس قسم کا طعام حلال ہے یا حرام؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

مصنوعی قبر بنا کر کسی ولی کا مزار قرار دینا مخلوق کو دھوکہ دینا ہے لہٰذا قطعاً ناجائز ہے(۱) اور دیگر افعال مذکورہ بھی ممنوع اور ناجائز ہیں، اگر واقعی کسی بزرگ کی قبر ہو تب بھی افعالِ مذکورہ کا ارتکاب ناجائز ہوگا اور قبر کو

= تحت عنوان: ''قبور کا چڑھاوا''۔

وأما قوله: ''ان کی طرف اپنے بچوں اور اولاد کو منسوب کرنا'' فإعتقاد باطل لقول الله عز وجل: ﴿والله جعل لكن من أنفسكم أزواجاً وجعل لكم من أزواجكم بنين وحفدة، ورزقكم من الطيبات، أفبالباطل يؤمنون، وبنعمة الله هم يكفرون﴾ (النحل: ۷۲)

وقوله تعالىٰ: ﴿يهب لمن يشآء إناثاً، ويهب لمن يشآء الذكور، أو يزوجهم ذكراناً وإناثاً، ويجعل من يشآء عقيماً، إنه عليم قدير﴾ (الشوری: ۴۹، ۵۰)

فهذه صفة خاصة لله تعالىٰ لا مجال لغيره فيها قطعاً. فقط والله تعالىٰ أعلم.

(۱) قال ابن كثير رحمه الله تعالىٰ: ''فكذلك المنافق سمّى مخادعاً لله وللمؤمنين بإظهاره ما ظهر بلسانه تقيةً بما يخلص به من القتل والسبى والعذاب العاجل، وهو لغير ما أظهره مستبطن، وذلك من فعله وإن كان خداعاً للمؤمنين فى عاجل الدنيا، فهو لنفسه بذلك من فعله خادع، لأنه يظهر لها بفعله ذلك بها أنه يعطيها أمنيتها ويسقيها كأس سرورها، وهو موردها حياض عطبها، ومجرعها به كأس عذابها، ومذيقها من غضب الله وأليم عقابه مالا قبل لهابه، فذلك خديعته نفسه ظناً منه مع إساء ته إليها فى أمر معادها أنه إليها محسن كما قال تعالى: (وما يخدعون إلا أنفسهم وما يشعرون) إعلاماً منه عباده المؤمنين أن المنافقين بإسائتهم إلى أنفسهم فى إسخاطهم عليها ربهم بكفرهم وشكهم وتكذيبهم غير شاعرين ولادارّين ولكنهم على عمى أمرهم مقيمين''. (تفسير ابن كثير تحت قوله تعالىٰ: ﴿يخادعون الله اهـ﴾ البقرة: ۱/۷۷، مكتب دار السلام الرياض)

Made searchable using ScribeTools.com

سجدہ کرنا شرک ہے، اگر بنیت عبادت ہو(۱) اگر بہ نیت تعظیم ہوتو حرام ہے، مشابہ بالشرک ہے(۲)۔ اگر نذر خدا کے لئے کی جائے اور اس کا کھانا مزار کے فقراء کو کھلا دیا جائے تو وہ کھانا فقراء کے لئے جائز ہے اور اگر نذر صاحبِ مزار کے لئے کی جائے تو حرام ہے، اس کا کھانا درست نہیں:

''اعلم أن النذر الذی یقع للأموات من أکثر العوام، وما یؤخذ من الدراهم والشمع والزیت ونحوها إلیٰ ضرائح الأولیاء الکرام، تقرباً إلیهم فهو باطل وحرام اه. قال فی البحر: لوجوه: منها أنه نذر لمخلوق وهو لا یجوز؛ لأنه عبادة والعبادة لا تکون لمخلوق، ومنها أن المنذور له میت والمیت لا یملك الخ". ص:٤٣ طحطاوی (٣)۔ "السجود لغیر اللّٰه علی وجه التکرمة والتحیة منسوخ بما روت عائشةؓ وجابر بن عبد اللّٰهؓ وأنسؓ أن النبی صلی اللّٰه علیه ولسم قال: "ما ینبغی لبشر لو صلح لبشر أن یسجد لبشر، لأمرت المرأة أن تسجد لزوجها من عظم حقه"۔ أحکام القرآن :۱/۳۵(۴)۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

---

(۱) "عن أبی هریرة قال: قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: "لو کنت آمر أحداً أن یسجد لأحد، لأمرت المرأة أن تسجد لزوجها". رواه الترمذی". (مشکوة المصابیح، کتاب النکاح، باب عشرة النساء وما لکل واحدة من الحقوق، ص: ۲۸۱، قدیمی)

قال الملا علی القاری: "فإن السجدة لا تحل لغیر الله". (المرقاة شرح مشکوة المصابیح، کتاب النکاح، باب عشرة النساء الخ: ۶/۴۰۲، رشیدیه)

(۲) "و کذا ما یفعلونه من تقبیل الأرض بین یدی العلماء والعظماء فحرام، و الفاعل والراضی به آثمان؛ لأنه یشبه عبادة الوثن، و هل یکفر إن علی وجه العبادة والتعظیم؟ کفر، و إن علی وجه التحیة لا، و صار آثماً مرتکباً لکبیرة" (الدر المختار، کتاب الحظر والإباحة، باب الإستبراء وغیره :۶/۳۸۳، سعید)

(۳)(حاشیة الطحطاوی علی الدر المختار، کتاب الصوم، باب ما یفسد الصوم ومالا یفسد، قبیل باب الإعتکاف: ۱/۴۷۱، ۴۷۲، دار المعرفة بیروت)

(وحاشیة الطحطاوی علی مراقی الفلاح، کتاب الصوم، باب ما یلزم الوفاء به، ص:۶۹۳، قدیمی)

(۴)(أحکام القرآن للجصاص، باب السجود لغیر الله تعالیٰ، تحت قوله تعالیٰ: ﴿وإذ قلنا للملٰئکة اسجدوا﴾ الآیة (البقرة: ۳۴): ۱/۳۲، دار الکتاب العربی)

مزارات پرعورتوں کا جانا اور منت مانگنا

سوال[۱۲۲]: مزارات پرعورتوں کا جانا اور وہاں منتیں مانگنا اور وہاں سے واپس آ کر تبرک تقسیم کرنا کیسا ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

اولیاء اللہ کے مزارات پر جا کر مرادیں اور منتیں مانگنا حرام ہے، جیسا کہ البحر الرائق شرح کنز الدقائق میں تصریح موجود ہے(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم۔

قبور کا چڑھاوا

سوال[۱۲۳]: چڑھاوے کی اشیاء "وما أهل به لغير الله" کے تحت علماء حرام قطعی فرماتے ہیں، بدعتی لوگ اس آیت سے صرف اس ذبیحہ کو مراد لیتے ہیں جو غیر اللہ کے نام پر ذبح کیا گیا ہو اور بظاہر صحیح بھی یہی معلوم ہوتا ہے جیسا کہ مفسرین نے اس آیت میں صرف ذبح حیوانات ہی کو ذکر کیا ہے۔ مفصل مدلل جواب مرحمت ہو کر شفاء میسر ہو۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

مفسرین نے "وما أهل به لغير الله" کے ذیل میں چڑھاوے کو بھی ذکر کیا ہے، ملاحظہ ہو تفسیر فتح العزیز پارہ الم، ص: ۶۱۵، وتفسیر احمدی۔ اور فقہاء کے کلام میں مستقلاً چڑھاوے کی حرمت موجود ہے، درمختار(۲) طحطاوی(۳) فتاویٰ عالمگیری(۴) بحر رائق(۵) وغیرہ سب کتب میں اس کو بصراحت لکھا ہے:

"واعلم أن النذر الذی یقع للأموات من أکثر العوام، وما یؤخذ من الدراهم والشموع

---

(۱)(کتاب الصوم، فصل فی النذر: ۲/ ۵۲۰، ۵۲۱، رشیدیه)

(وسیأتی تخریجه تحت عنوان: "قبور کا چڑھاوا" أعنی الحواشی الآتیة)

(۲)(الدر المختار، کتاب الصوم، باب ما یفسد الصوم وما لایفسد، قبیل باب الاعتکاف: ۲/ ۴۳۹، سعید)

(۳) (حاشیه الطحطاوی علی الدر المختار، کتاب الصوم، باب مایفسد الصوم و ما لا یفسد، قبیل باب الإعتکاف: ۱/ ۴۷۱، ۴۷۲، دار المعرفة بیروت)

(۴) (الفتاوی العالمکیریة، کتاب الصوم، فصل فی المتفرقات، قبیل کتاب المناسک: ۱/ ۲۱۶، رشیدیه)

(۵) (البحر الرائق، کتاب الصوم، فصل فی النذر: ۲/ ۵۲۰، ۵۲۱، رشیدیه)

Made Searchable using ScribeTools.com

والـزيت ونحوها إلى ضرائح الأولياء الكرام تقرباً إليهم، فهو باطل وحرام اهـ. قال فى البحر: لوجوه: منهـا أنـه نـذر لمخلوق ولا يجوز؛ لأنه عبادة والعبادة لا تكون لمخلوق، ومنها أن المنذور له ميت والـميت لا يملك، ومنها أنه إن ظن أن الميت يتصرف فى الأمور دون الله تعالىٰ كفر، أللهم إلا أن يـقـول: يـا اللّٰه! إنـى نـذرت لك إن شـفيـت مريضى أو رددت غائبى أو قضيت حاجتى أن أطعِم الـفقراء الذين بباب السيدة نفيسة، أو الفقراء الذين بباب الإمام الشافعى ، أوالإمام الليث، أو أشترى حـصـراً لـمسجدهم أو زيتاً لوقودها، أو دراهم ممن يقوم بشعائرها إلى غير ذلك مما يكون فيه نفع لـلـفـقـراء، أو نـذر لـله عزوجل۔ وذكر الشيخ أنما هو بيان لمحل صرف النذر لمستحقيه القاطنين بـربـاطه أو مسجده، فيجوز بهذا الإعتبار، إذ مصرف النذر الفقراء وقد وُجد، ولا يجوز أن يصرف ذلك إلى غنى غير محتاج إليه ولا لشريف منصب؛ لأنه لا يحل له الأخذ مالم يكن محتاجاً فقيراً، ولا لـذى نسب لأجل نسبه ما لم يكن فقيراً، ولا لذى علم لأجل علمه مالم يكن فقيراً، أو لم يثبت فـى الشـرع جـواز الصرف للأغنياء للإجماع على حرمة النذر للمخلوق، ولا ينعقد، ولا تشتغل به الذمة، وأنه حرام بل سحت" اهـ. طحطاوى، ص:٤٠٣(١)۔

تا وقتیکہ چڑھاوا چڑھانے والا اپنے اعتقاد اور نیت سے توبہ اور رجوع کر کے بیع یا ہبہ یا صدقہ وغیرہ کے ذریعہ سے کسی کو نہ دے اس کا کھانا جائز نہیں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۶/۴/۵۶ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف، ۱۸/ ربیع الثانی/ ۵۶ھ۔

مزارات کا چڑھاوا

سـوال[۱۲۴]: جو ملکات بادشاہوں نے پیروں کے نام وقف کر دی تھیں تو ان کی آمدنی سے اگر لنگر خانہ جاری کیا جاوے تو وہ کھانا کیسا ہے اور جو پیروں پر چڑھایا جاوے اس کا کھانا کیسا ہے اور جو باشرع اس چڑھاوے میں سے لڑ جھگڑ کر مثل ترکہ جدی سمجھ کر حصہ لیتا رہے تو وہ شخص کیسا ہے؟

---

(۱) (حاشية الطحطاوى على مراقى الفلاح، باب ما يلزم الوفاء به، ص: ۶۹۳، ۶۹۴، قديمى)

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر واقف نے وقف کی آمدنی سے لنگر خانہ جاری کرنے کی اجازت دیدی تھی تو مستحق کو اس کا کھانا جائز ہے(۱)۔ اگر وہ چڑھاوا پیروں اور مزاروں کے نام کا ہے تو اس کا چڑھانا اور کھانا ناجائز ہے اور اگر وہاں کے فقراء کے لئے ہے تو فقراء کو کھانا درست ہے، اگر وہ باقاعدہ شرعی طور پر وقف ہے تو اس میں میراث جاری نہ ہوگی بلکہ واقف نے جو حصہ جس طرح متعین کردیا ہے اس کے موافق مستحقین میں تقسیم کیا جاوے گا، اگر وہ باقاعدہ وقف نہیں بلکہ کسی خاص شخص کی ملک ہے تو اس میں شرعی طور پر میراث جاری ہوگی:

''واعلم أن النذر الذی یقع للأموات من أکثر العوام، وما یؤخذ من الدراهم الشمع والزیت ونحوها إلیٰ ضرائح الأولیاء الکرام تقرباً إلیهم، فهوباطل وحرام''۔ طحطاوی، ص: ۴۰۳ (۲)۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم۔

مزاروں کا چکر

سوال[۱۲۵]: ۱.....خداوند کریم قرآن شریف میں فرماتے ہیں ''اتباع کرو محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی'' پھر مزاروں کا چکر، مرادوں کا مانگنا کیسے اسلام میں داخل ہوگیا ہے؟

۲.....نیاز وفاتحہ کی شرطیں کیا ہیں، کیا فاتحہ کی ہوئی مٹھائی یا مرغ مسلم مردے تک پہونچتا ہے؟

۳.....لوگ کہتے ہیں چونکہ اولیاء کرام اور صالحین دنیا میں بھی زندہ ہیں اور آخرت میں بھی، اس لئے وہ مدد کو آتے ہیں ان کا خیال مذکور کہاں تک صحیح ہے؟

۴.....کیا اسلام سے پہلے دوسرے مذاہب میں بھی اس طرح اولیاء کرام یا پیر پیدا ہوتے تھے، اگر نہیں تو خدا تک رسائی کیسے ہوتی تھی؟

---

(۱)''شرط الواقف کنص الشارع: أی فی المفهوم والدلالة ووجوب العمل به''. (الدر المختار، کتاب الوقف، مطلب فی قولهم: شرط الواقف کنص الشارع: ۴/۴۳۳، ۴۳۴، سعید)

(۲)(حاشیة الطحطاوی علی مراقی الفلاح، باب ما یلزم الوفاء به، ص: ۶۹۳، قدیمی)

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱.....مرادیں مانگنے کے لئے مزاروں کا چکر غلط اور خلاف شرع ہے(۱) البتہ ایصال ثواب کے لئے اور دنیا کی محبت کم کرنے کے لئے قبرستان جانے کی ترغیب آئی ہے(۲)۔

۲.....کوئی بھی نیک کام کرکے بغیر کسی ایسی پابندی کے جس کا شرعاً ثبوت نہ ہو، ثواب پہونچا دینا درست ہے، شرعی طریقہ پر صدقہ کرنے سے جو ثواب حاصل ہو وہ مردہ کو پہنچتا ہے(۳)۔

۳.....اس پر کوئی شرعی دلیل قائم نہیں۔

۴..... پہلے بھی پیدا ہوئے تھے(۴)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

املاہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ دار العلوم دیوبند، ۱۷/ ۵/ ۱۴۰۰ھ۔

قبروں کا طواف کرنا اور چومنا

سوال[۱۲۶]: بزرگوں کی قبروں کا طواف کرنا اور اس کو بوسہ دینا کیسا ہے؟

---

(۱)قال اللہ تعالیٰ: "﴿ذلک بأن اللہ ھو الحق، وأن ما یدعون من دونہ ھو الباطل، وأن اللہ ھو العلی الکبیر﴾ (الحج: ۶۲)

وقال تعالیٰ: ﴿والذین تدعون من دونہ، لا یستطیعون نصرکم، ولا أنفسھم ینصرون﴾"(الأعراف: ۱۹۷)

(۲)"وعن ابن مسعود أن رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قال: "کنت نھیتکم عن زیارۃ القبور، فزوروھا، فإنھا تزھد فی الدنیا، وتذکر الآخرۃ". رواہ ابن ماجہ". (مشکوۃ المصابیح، کتاب الجنائز، باب زیارۃ القبور، الفصل الثالث، ص: ۱۵۴ قدیمی)

(۳)"فللإنسان أن یجعل ثواب عملہ لغیرہ عند أھل السنۃ والجماعۃ صلاۃً کان أو صوماً أو حجاً أو صدقۃً أو قراءۃً للقرآن، أو الأذکار، أو غیر ذلک من أنواع البر، ویصل ذلک إلی المیت، وینفعہ، قالہ الزیلعی فی باب الحج عن الغیر". (مراقی الفلاح، کتاب الصلوۃ، فصل فی زیارۃ القبور، ص: ۶۲۲، ۶۲۲، ۶۲۲، قدیمی)

(۴) جیسے حضرت نوح علیہ الصلوۃ والسلام کی قوم میں پانچ حضرات: ود، سواع، یغوث، یعوق اور نسر تھے، کما فی تفسیر ابن جریر، وروح المعانی وغیرھما تحت قولہ تعالیٰ: ﴿ولا تذرنّ وداً ولا سواعاً ولا یغوث ویعوق ونسراً﴾ (النوح: ۲۳)

الجواب حامداً ومصلیاً:

بدعتِ ضلالت اور معصیت ہے۔ فتاوی عزیزی: ۲/۱۰۳(۱)، ومجموعہ فتاوی: ۳/ ۶۷ (۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

نذرانۂ مزارات کی تفصیل

سوال[۱۲۷]: شہر گوالپاڑہ میں مسلمانوں کے ایک قبرستان میں مدفون خراسانی پیر صاحب کے بارے میں آپ سے چند سوالات عرض کرنا چاہتا ہوں، برائے کرم ان سوالوں کے جوابات مع حوالہ کتبِ معتبرہ ارسال کرنے سے آپ کا بہت بہت مشکور ہوں گا۔ سوال عرض کرنے سے قبل مذکورہ قبرستان میں مدفون شاہ پیر صاحب کے مزار کے بارے میں ایک مختصر بیان آپ سے عرض کرنا چاہتا ہوں تا کہ اس کے بارے میں میرے سوالات کے جوابات شریعت اسلامی کے متعلق واضح طور پر تحریر کرنے میں آپ کو سہولت ہو جائے اور ہمیں بھی اس کے معنیٰ اور مطلب سمجھنے میں آسانی ہو جائے۔

مختصر بیان: آج سے تقریباً ایک سو سال قبل سید ابوالقاسم خراسانیؒ پیر صاحب شہر گوالپاڑہ میں تشریف لائے تھے اور دین اسلام کی خدمت انجام دیئے، ان کی معیت میں لوگوں نے معرفت وسلوک اور ہدایت پا کر کافی فائدہ اٹھایا، پیر صاحب گوالپاڑہ کے لوگوں کو بہت محبوب سمجھتے تھے، گوالپاڑہ کے لوگ بھی ان کی بہت تعظیم وتکریم کرتے تھے اور آج تک ان کی تعظیم گوالپاڑہ کے لوگوں کے دلوں میں موجود ہے۔

گذشتہ ۱۳۰۳ھ میں پیر صاحب کا انتقال ہو گیا اور ان کو مسلمانوں کے مذکورہ قبرستان کے ایک اونچی جگہ میں دفن کیا گیا، اس بارے میں قابل ذکر بات یہ ہے کہ مذکورہ مسلمانوں کا قبرستان مذکورہ پیر صاحب کے انتقال سے بہت پہلے سے تھا، علاوہ ازیں مذکورہ مسلمانوں کا قبرستان پیر صاحب کا اپنا قائم کردہ ہرگز نہیں تھا، سرکاری ریکارڈ کے مطابق وہ عام مسلمانوں کا قبرستان کر کے سرکار کے یہاں درج ہے۔

خراسانی پیر صاحب کے انتقال کے بعد گوالپاڑہ کے مسلمان زائرین مزار کے آنے جانے کے لئے

---

(۱) (فتاویٰ عزیزی، باب التصوف، طواف کا حکم، ص: ۱۵۸، سعید)

(۲) (مجموعة الفتاوی (اردو)، کتاب الحظر والإباحة، پانچ سوال متعلق عبادت وثبوت فاتحہ مروجہ وطوافِ قبر اھ: ۲/ ۲۲۴، سعید)

Made searchable using ScribeTools.com

پانچ سوفٹ لمبا ایک پکا راستہ بنادیا اور ہر سال عرس مبارک کیا جاتا ہے اور پیر صاحب کی خدمت عوام کی طرف سے کی جاتی ہے۔

فی الحال اس بارے میں قابلِ ذکر بات یہ ہے کہ آج سے تقریباً بیس یا بائیس برس پہلے پیر صاحب کے نواسے سید محی الدین صاحب تشریف لائے اور اپنی مرضی سے پیر صاحب کے مزار پر رکھے ہوئے بکس میں عوام کی منت وعطیہ ونذرانہ وغیرہ کا جو سالانہ جمع ہوتا ہے آج تک اپنی مرضی کے مطابق صرف کرتے آئے ہیں اور اس کا کوئی حساب وغیرہ نہیں ہے اور ایک بات یہ ہے کہ سید محی الدین صاحب کے گوالپاڑہ میں تشریف لانے سے پہلے پیسہ وغیرہ بکس میں تھا اور اس میں جمع شدہ پیسہ مزار اور قبرستان کے جنگل کی صفائی کے کام میں صرف ہوتا تھا اور یہ بھی سب کو معلوم تھا اور مسلمان عوام کا یہ خیال تھا کہ جب سید محی الدین صاحب پیر صاحب کے خاندان کے آدمی ہیں تو پیر صاحب کے مزار اور ساتھ ساتھ پورے قبرستان کی ترقی اور نفع کا کام اس بکس کے ذریعہ حاصل کردہ عوام کا پیسہ اچھی طرح صرف کریں گے، لیکن بعد میں افسوس کے ساتھ دیکھا گیا کہ سید محی الدین صاحب اس بکس کی آمدنی کے پیسہ سے مذکورہ مزار اور قبرستان کی ترقی میں کوئی خاص کام نہ کر کے خود اپنے نان ونفقہ میں صرف کرتے آئے ہیں۔

اس بارے میں عوام میں سے کسی نے سنجیدگی کے ساتھ سید محی الدین صاحب سے پوچھا، تو اس کے جواب میں انھوں نے کہا کہ ''یہ میرے دادا کی وراثت ہے اور عوام میرے دادا پیر صاحب کو عطیہ اور ہدیہ دیتے ہیں، لہٰذا میں وارث ہونے کی حیثیت سے اس روپیہ پیسہ کو صرف کرنے کا مجھے پورا حق حاصل ہے'' اور سید صاحب عوام کو اس کا حساب دینے کے لئے راضی نہیں ہوئے، اب مذکورہ پیر صاحب کے مزار میں رکھے ہوئے بکس میں جو منت، ہدیہ، عطیہ وغیرہ کا پیسہ دستیاب ہوتا ہے، اس بارے میں دریافت طلب امر یہ ہے کہ:

۱..... کسی ولی یا بزرگ یا پیر صاحب کے مزار پر کس کس وجہ سے منت کر سکتے ہیں؟ یا کس کس مقصد سے عطیہ یا ہدیہ دینا جائز ہے؟

۲..... کسی مسلمان عوام کے قبرستان میں مدفون کسی بزرگ یا پیر صاحب کے مزار کو مرکز ٹھہرا کر مذکورہ بزرگ کے کوئی وارث اپنے کو اس مذکورہ کام کا خادم بننے کا اظہار کر کے مذکورہ مزار میں لوگوں کے عطیہ، ہدیہ یا منت کے دئے ہوئے روپے پیسے اپنی مرضی کے مطابق اپنے نان ونفقہ میں صرف کر سکتے ہیں یا نہیں؟

Made Searchable by ScribeTools.com

۳.....ولی بزرگ یا پیر صاحب کے مزار سے حاصل کردہ لوگوں کے عطیہ، ہدیہ یا منت کے روپے پیسے کس کس موقع پر خرچ کر سکتے ہیں؟ اور اس کے جمع اور خرچ کا حساب عوام سے لے سکتے ہیں یا نہیں؟

۴.....قرآن پاک میں امانت کے بارے میں کیا بیان ہے اور کس انداز سے ہے؟ اس بیان کے مطابق عوام کے رفیق، جیسے مسلمانی عوام کے قبرستان وغیرہ میں، کسی درسگاہ، خانقاہ یا کسی پیر بزرگ کے؟

۵.....مذکورہ مزار کے منت کے بکس میں کوئی غیر مسلم آدمی اگر عطیہ یا ہدیہ دیدے تو اس روپیہ پیسہ کو مزار یا قبرستان کی ترقی میں خرچ کر سکتے ہیں یا نہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

۱.....خدا کے نام پر ثواب حاصل کرنے اور اس کو راضی کرنے کے لئے صدقہ دینا، خیرات کرنا (۱) اور اس کا مصرف ان فقراء کو قرار دینا جو مزار کی حفاظت وخدمت کیلئے رہتے ہیں شرعاً درست ہے (۲)، وہ محافظ وخادم اگر صاحب مزار کے اقرباء ہوں تو وہ بھی ایسی رقوم کے مستحق ہو سکتے ہیں بلکہ دوسروں پر مقدم ہیں، لیکن وہ خدمت وحفاظت بھی کرتے ہیں، اس کو ان بزرگ کی میراث تصور نہ کریں، میراث تو ان اشیاء میں جاری ہوتی ہے جو مرنے والے نے اپنی مملوکہ اشیاء بطور ترکہ چھوڑی ہوں (۳) اس لئے (نہ) اس کو میراث کہا جائے گا نہ اس میں ورثہ کے درجات ذوی الفروض، عصبات، ذوی الارحام کا لحاظ ہوگا۔

براہ راست صاحب مزار کے نام پر کچھ ہدیہ عطیہ دینا یا نذر ماننا جائز نہیں، نہ ایسی رقوم کو لینا درست ہے، نہ خدام مزار کے لئے، نہ ورثہ پیر صاحب کے لئے۔ نذر خدا کے نام پر ہو اور مصرف خدام مزار ہوں تو درست ہے جبکہ یہ خدام فقراء مستحقِ صدقہ ہوں، مالدار، ذی علم وباوجاہت ہوں تو نہیں لینا چاہئے:

"واعلم أن النذر الذی یقع للأموات من أکثر العوام، وما یؤخذ من الدراهم والشمع

---

(۱) قال اللہ تعالیٰ: ﴿وما أنفقتم من نفقة أو نذرتم من نذر، فإن الله یعلمه﴾ الآیة (البقرة: ۲۷۰)

(۲) "لو قال: علیّ أن أطعِم هذا المسکین هذا الطعام بعینه، فأطعم هذا الطعام مسکیناً آخر، أجزأه، والأفضل أن یطعمه ذلک المسکین". (الفتاویٰ التاتار خانیه: ۵/۴۳، إدارة القرآن)

(۳) "الموروث هو الترکة، ویسمی أیضاً میراثاً، وهو ما یترکه المورث من المال أو الحقوق التی یمکن إرثها عنه". (الفقه الإسلامی وأدلته: ۸/۲۴۹)

(وکذا فی البحر الرائق، کتاب الفرائض: ۸/۴۸۹، رشیدیه)

Made searchable using ScribeTools.com

والزيت ونحوها إلى ضرائح الأولياء الكرام تقرباً إليهم، فهو بالإجماع باطل و حرام مالم يقصدوا صرفها لفقراء الأنام اهـ". درمختار. (قوله:تقرباً إليهم) كأن يقول: يا سيدى فلان! إن ردّ غائبى أو عوفى مريضى أو قُضِيت حاجتى، فلك من الذهب أو الفضة أو من الطعام أو الشمع أ والزيت كذا، بحر".

"(قوله:باطل وحرام) لوجوه: منها: أنه نذر لمخلوق والنذر للمخلوق لا يجوز؛ لأنه عبادة والعبادة لا تكون لمخلوق، ومنها أن المنذور له ميت والميت لا يملك، ومنها: أنه إن ظن أن الميت يتصرف فى الأمور دون اللّٰه تعالىٰ واعتقاده ذلك كفر، أللهم إلا أن يقال: ياالله! إنى نذرت لك إن شفيتَ مريضى أو رددتَ غائبى أو قضيت حاجتى أن أطعم الفقراء الذين باب السيدة نفيسة، أو الإمام الشافعى، أو الإمام الليث، أو اشترى حصراً لمساجد هم أو زيتاً لوقودها أو دراهم لمن يقوم بشعائرها إلى غير ذلك ممايكون فيه نفع للفقراء والنذر للّٰه عز وجل. وذكر الشيخ: إنما هو محل لصرف النذر لمستحقيه القاطنين برباطه أو مسجده فيجوز بهذا الإعتبار، ولا يجوز أن يصرف ذلك لغنى ولا لشريف منصب أو ذى نسب أو عالم مالم يكن فقيراً، ولم يثبت فى الشرع جواز الصرف للأغنياء لإجماع على حرمة النذر للمخلوق، ولا ينعقد ولا تشتغل الذمة به، ولأنه حرام بل سحت، ولا يجوز لخادم الشيخ أخذه إلا أن يكون فقيراً أو له عيال فقراء عاجزون فيأخذونه على سبيل الصدقة المبتدأة، وأخذه أيضاً مكروه مالم يقصد الناذر التقرب إلى اللّٰه تعالىٰ وصرفه إلى الفقراء ويقطع النظر عن نذر الشيخ۔"بحر ملخصاً عن شرح العلامة قاسم". (رد المجتار، قبيل باب الاعتكاف :۲/۱۲۸، مصرى:۲/۴۳۹(۱)۔

۲.....دینے والا جبکہ جائز طریقہ پر دے اور لینے والا مستحق ہو جس کی تفصیل نمبر:۱ میں آ گئی تو اس کو جائز

---

(۱) (ردالمحتار، كتاب الصوم: ۲/۴۳۹، سعيد)

(وكذا فى البحر الرائق، كتاب الصوم، فصل فى النذر، قبيل باب الاعتكاف: ۲/۵۲۱، رشيديه)

(وحاشية الطحطاوى على مراقى الفلاح، كتاب الصوم، باب مايلزم الوفاء به،ص:۶۰۳، قديمى)

(وكذا فى الفتاوى العالمكيرية، كتاب الصوم، فى المتفرقات، قبيل كتاب المناسک : ۱/۲۱۶، رشيديه)

(وحاشية الطحطاوى على الدر المختار، كتاب الصوم، قبيل باب الإعتكاف)

مصرف میں صرف کرنا درست ہے جیسا کہ فقیر کا حال ہوتا ہے(۱)۔

۳..... دینے والے نے جبکہ بطور صدقہ ان کو دیا تو وہ مالک ہوگئے(۲)، کھانے کپڑے اور دیگر ضروریات میں خرچ کر سکتے ہیں، ان سے حساب لینے کا حق نہیں ہے، البتہ اگر مصرف کی تعیین کر کے دیں، مثلاً اس رقم سے فقراء کو کپڑا بنا کر دیدیں پھر اسی کام میں صرف کرنا لازم ہوگا اور حساب لینے کا بھی حق ہوگا۔

۴..... دوسرے کی چیز جو اپنے پاس ہو، اس کی حفاظت ہو اور اس کے صرف کرنے کی تعیین وتقیید ہو وہ امانت ہے جیسے متولی مسجد و مہتمم مدرسہ کے پاس مسجد و مدرسہ کی اشیاء ہوتی ہیں، اشیاء موقوفہ بھی متولی کے پاس امانت ہوتی ہے، متولی خواہ پیر صاحب کے رشتہ دار ہوں یا غیر ہوں۔

۵..... پیسہ دینے کی تفصیل نمبر:۱ میں آگئی، اس کا لحاظ ضروری ہے، غیر مسلم کی دی ہوئی رقم کا حکم بھی یہی ہے جبکہ وہ کار ثواب سمجھ کر دے۔

تنبیہ: مزار پختہ بنانا(۳)، اس پر قبہ بنانا(۴)، اس پر چادر چڑھانا(۵)، اس پر چراغ جلانا(۶)، اس پر

---

(۱) (راجع، صفحه: ۱۹۹، رقم الحاشية: ۱)

(۲) "إعلم أن أسباب الملک ثلاثة: ناقل کبیع وهبة". (الدر المختار) (قوله: ناقل): أی من ملک إلی ملک". (رد المحتار، کتاب الصید: ۶/۴۶۳، سعید)

(۳،۴)"عن جابر رضی الله عنه قال: نهی رسول الله صلی الله تعالی علیه وسلم أن یجصص القبر، وأن یبنی علیه، وأن یقعد علیه". (الصحیح لمسلم، کتاب الجنائز، فصل فی النهی عن تجصیص القبور الخ: ۱/۳۱۲، قدیمی)

وقال العلامة النوویؒ: "والبناء علیه" فإن کان فی ملک البانی فمکروه، وإن کان فی مقبرة مسبلة فحرام، نص علیه الشافعیؒ والأصحاب، قال الشافعیؒ فی الأم: ورأیت الأئمة بمکة یأمرون بهدم ما یبنی، ویؤید الهدم قوله: "ولا قبراً مشرفاً إلا سویته". (شرح مسلم: ۱/۳۱۲، قدیمی)

(۵) "وکره بعض الفقهاء وضع الستور والعمائم والثیاب علی قبور الصالحین والأولیاء، قال فی فتاوی الحجّ: وتکره الستور علی القبور". (ردالمحتار: ۶/۳۶۳، کتاب الکراهیة، قبل فصل فی النظر واللمس، سعید)

(۶) "وعن ابن عباس رضی الله عنهما قال: لعن رسول الله صلی الله علیه وسلم زائرات القبور والمتخذین علیها المساجد والسراج ".رواه أبوداؤد والترمذی والنسائی". (مشکوٰة المصابیح، ص: ۷۱، کتاب الصلوٰة، باب المساجد ومواضع الصلوٰة، قدیمی)

Made searchable using ScribeTools.com

چڑھاوا چڑھانا (۱)، اس کو چومنا (۲)، اس کا طواف کرنا (۳)، اس کو سجدہ کرنا (۴)، عرس کرنا (۵)، قوالی کرنا (۶)، یہ سب امور خلافِ شرع ہیں، بعض کی حرمت ومعصیت بہت شدید ہے، ایسی چیزوں سے پورا احتراز واجب اور لازم ہے۔

اگر وہ قبرستان مملوکہ ہے تو مالکان ہی اس کے انتظامات کے ذمہ دار ہیں، جس کو وہاں دفن کیا جائے گا اس کے ورثاء ذمہ دار نہیں ہوں گے، پورے قبرستان کے تو بہت سے حقوق ہیں، دینے والے نے جو چیز وہاں کے خدام کو دی ہیں تو ان خدام سے مدرسہ وغیرہ کے لینے کا حق نہیں، بہتر ہے کہ دینے والوں سے دریافت کرلیا جائے، وہ مدارس ومکاتب وغیرہ میں صرف کرنے کی اجازت دیں تو وہاں ان کی ہدایت کے مطابق صرف کیا جائے۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۹۲/۱۲/۲۸ھ۔

---

(۱) (تقدم تخریجه تحت عنوان: ''مزارات کا چڑھاوا''.)

(۲)''ولا یمسح القبر، ولا یقبّله، ولا یمسه، فإن ذلک من عادة النصاری کذا فی شرح الشرعة''. (حاشیة الطحطاوی علی المراقی، فصل فی زیارة القبور، ص: ۶۲۱، قدیمی)

(۳)(تقدم تخریجه تحت عنوان: ''قبروں کا طواف کرنا'')

(۴)(قد مضی تخریجه تحت عنوان: ''بدعات شرکیہ'')

(۵) ''ولا یجوز مایفعل الجهال بقبور الأولیاء والشهداء من السجود والطواف حولها، واتحاذ السراج والمساجد إلیها، ومن الاجتماع بعد الحول کالأعیاد، ویسمونه عرساً''. (التفسیر المظهری: ۵۲/۲، حافظ کتب خانه، کوئٹه)

(۶) قال ابن أمیر الحاج فی المدخل: ''فانظر رحمنا الله وإیاک إلی هذا المغنی، إذا غنی تجد له من الهیبة والوقار، وحسن الهیئة والسمت، ویقتدی به أهل الإشارات والعبارات ..... فإذا دبّ معه الطرب قلیلاً، حرک رأسه کما یفعله أهل الخمرة سواء بسواء ..... ثم إذا تمکن الطرب منه ذهب حیاء ه، ووقاره ..... فیقوم ویرقص، وینادی ویبکی ویتباکی، ..... وربما مزّق بعض ثیابه، وعبث بلحیته، وهذا منکر بیّن، لأن البنی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم نهی عن إضاعة المال، ولا شک أن تمزیق الثیاب من ذلک''. (فصل فی المولد: ۷/۲)

بن بیوی خدابرکت، پانچ پیرمزار پرنذرانے

سوال[۱۲۸]: مسلمانوں میں سے ایک جماعت نے بن بیوی خدابرکت اور پانچ پیروغیرہ کے نام سے درگاہ بنوا کر وہاں دودھ وغیرہ نذرانہ دیتے ہیں اوران سے اپنی حاجت مانگتے ہیں تواب دریافت کرنا یہ ہے کہ کوئی مسلمان اگر یہ سب فعل کرے تو شریعت کی رو سے اس کے لئے جائز ہے یانہیں؟ اگر جائز نہیں تو وہ مسلمان ہے یانہیں؟ اس شخص پر شریعت کا کیا حکم ہے؟ اوراس قسم کے لوگوں کے ساتھ ہم اہلِ سنت مسلمانوں کو کیا برتاؤ کرنا چاہئیے؟ کوئی مسلمان اگراسے بُرا جان کر درگاہ کوتوڑ ڈالے تواس کے لئے کوئی گناہ تو نہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

یہ طریقہ اسلامی تعلیمات کے خلاف ہے، شرعاً ہرگز اس کی اجازت نہیں (۱)، یہ مشرکین کا طریقہ ہے، جولوگ ایسا کرتے ہیں ان کونرمی سے فہمائش کی جائے کہ ایسا کرنے سے ایمان کا سلامت رہنا دشوار ہے، وہ اگر باز نہ آئیں توان سے قطع تعلق کرنے میں اہل السنۃ والجماعۃ حق بجانب ہوں گے (۲)۔

کوئی مسلمان اگرایسی جگہ کوتوڑ دے جہاں مشرکانہ کام کئے جاتے ہیں تووہ شرعاً مجرم نہیں (۳)، اس پر اگرفتنہ برپا ہو یا قانونی گرفت ہوتواس کا انتظام پہلے لازم ہے، نیز اگرواقعۃً وہاں کسی پیر بزرگ کا مزار (قبہ) ہوتو

---

(۱) (تقدم تخریجه تحت عنوان: ''نذرانہ مزار کی تفصیل'')

(۲) "قال الخطابی: رخص للمسلم أن یغضب علی أخیه ثلاث لیال لقلّته، ولایجوز فوقها، إلاإذاکان الهجران فی حق من حقوق اللهفیجوز فوق ذلک". (مرقاة المصابیح: ۸/۷۵۸، کتاب الآداب، باب ماینهی من التقاطع والتدابیر اهـ، رشیدیه)

"وفی النهایه: یرید به الهجر ضد الوصل یعنی فیما یکون بین المسلمین من عتب وموجدة أو تقصیر یقع فی حقوق العشرة والصحبة دون ماکان من ذلک فی جانب الدین، فإن هجرة أهل الأهواء والبدع واجبة علی مرّ الأوقات مالم یظهر منه التوبة والرجوع إلی الحق". (مرقاة المفاتیح، الفصل الأول، باب ماینهی من التقاطع والتدابراهـ، کتاب الآداب: ۸/۷۵۹، رشیدیه)

(۳) "وضمن بکسر معزف قیمته صالحاً لغیر اللهو، وقال: لایضمن، ولایصح بیعها، وعلیه قال فی الرد: هذا الاختلاف فی الضمان دون إباحة إتلاف المعازف". (رد المحتار، کتاب الغصب، فصل فی مسائل متفرقة: ۶/۲۱۲، سعید)

Made Se[redacted] Made searchable using ScribeTools.com pols.com

اس کی توہین نہ کی جائے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند۔

دریا کے نام پر ذبح اور تصدق

سوال[۱۲۹]: ایک قریہ کے لوگ برلبِ دریا بکرا ذبح کریں بایں غرض کہ دریا زمین کو نقصان نہ کرے اور اسی جگہ ختم قرآن شریف کرنا، مذبوح مذکور کا گوشت یہاں ہی پکانا اور کھانا پکا کر ختم کرنے والوں کو یہاں ہی کھانا کھلانا بایں غرض کہ حضرت خضر علیہ السلام فعل مذکورہ پر خوش ہوں اور آئندہ زمین میں نقصان نہ ہونے پاوے اور فعل کرنے والے مسلمان بھی رہیں۔ محمد شفیع ضلع راولپنڈی۔

الجواب حامداً و مصلیاً :

کوئی شیء بغیر حکم خداوندی کے نہ نفع پہونچا سکتی ہے نہ نقصان، دریا کا زمین کو نفع یا نقصان پہونچانا بھی حکم خداوندی کے ماتحت ہے(۱) پس دریا کے نام پر یا دریا کے لئے بکرا ذبح کرنا اور یہ اعتقاد رکھنا کہ دریا بکرا لے کر خوش ہو جائے گا اور ہمیں نقصان نہ پہونچائے گا، یا حضرت خضر علیہ السلام کے لئے بکرا ذبح کرنا کہ اگر ہم نے بکرا ذبح کر کے اس کا گوشت یہاں پکا کر قرآن شریف ختم کرنے والوں کو نہ کھلایا تو حضرت خضر علیہ السلام ناراض ہو جائیں گے اور آئندہ زمین کو نقصان پہنچائیں گے اور ایسا کرنے سے وہ خوش ہو جائیں گے اور زمین کو نقصان نہ پہنچائیں گے ناجائز ہے اور ایسا عقیدہ اسلامی عقیدہ نہیں، اس فعل سے بچنا چاہئے اور اس عقیدہ سے

---

(۱) "عن ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنهما قال: كنت خلف رسول الله صلى الله تعالیٰ عليه وسلم يوماً فقال: "يا غلام ..... و إذا سألت فاسأل الله، و إذا استعنت فاستعن بالله ، واعلم أن الأمة لو اجتمعت على أن ينفعوك بشئى لم ينفعوك إلا بشيء قد كتبه الله لك، و لو اجتمعوا على أن يضرّوك بشيء لم يضروك إلا بشيء قد كتبه الله عليك اهـ". (مشكوة المصابيح : ۴۵۳/۲، كتاب الرقاق ، باب التوكل والصبر، الفصل الثانى، قديمى)

قال القارى: "و خلاصة المعنى : أنك وحّدِ الله فى المطلب المهرب، فهو الضار النافع والمعطى المانع ..... إذ ما من حادثة من سعادة و شقاوة، و عسر و يسر، وخير و شر، و نفع و ضر، وأجل و رزق إلا و يتعلق بقدره و قضائه". (المرقاة شرح المشكوة: ۱۶۴/۹ ، كتاب الرقاق ، باب التوكل و الصبر ، رقم الحديث: ۵۳۰۲ ، رشيديه)

توبہ واجب ہے(۱) ہاں اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں دعا، اور التجا کرنا کہ وہ دریا کے نیز ہر قسم کے نقصان سے محفوظ رکھیں، ضرور نافع اور مستحسن ہے(۲) اس طرح نقصان سے بچنے کے لئے حسبِ مقدرت خدا کے نام پر خیرات کرنا بھی مفید اور موجب ثواب ہے(۳)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۷/۵/۵۶ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف، ۱۹/ جمادی الاولی/ ۵۶ھ

---

(۱) "ذبح کردن جانور بنام غیر خدا خواہ پیغمبر باشد خواہ ولی خواہ شہید خواہ غیر انسان، حرام است، و اگر بہ قصدِ تقرب بنام اینہا ذبح کردہ باشد، ذبیحۂ آن جانور ہم حرام و مردار میشود، و ذبح کنندہ مرتد میشود، توبہ ازیں فعلِ منع لازم است، در تفسیر نیشاپوری و دیگر تفاسیر مرقوم است: قال العلماء: لو أن مسلماً ذبح ذبیحةً و قصد بذبحه التقرب إلی غیر الله، صار مرتداً و ذبیحته ذبیحة مرتد". (فتاوی عزیزی: ۱/ ۵۰، مسئله ذبح جانور بنام غیر اللہ تعالیٰ، کتب خانه رحیمیه دیوبند)

(وکذا فی بدائع الصنائع: ۶/ ۲۴۵، کتاب الذبائح والصیود، دار الکتب العلمیة)

(۲) "چنانچہ خود آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ایسے اوقات میں مختلف دعائیں منقول ہیں: "عن ابن عباس رضی الله تعالیٰ عنهما أن نبی الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم کان یدعو عند الکرب: "لا إله إلا الله الحلیم الحکیم، لا إله إلا الله رب العرش العظیم، لا إله الا الله رب السموات والأرض و رب العرش الکریم". (جامع الترمذی: ۲/ ۱۸۱، کتاب الدعوات، باب ما یقول عند الکرب، سعید)

قال القاری تحته: "ثم هذا فی الذکر إشارة بأنه لا یقدر أحد علی إزالة الغم إلا الله. قال الطیبی: هذا ذکر یترتب علیه رفع الکرب اهـ". (المرقاة شرح المشکوة: ۵/ ۲۶۶، کتاب الدعوات، باب الدعوات فی الأوقات، الفصل الأول، رقم الحدیث: ۲۴۱۷، رشیدیه)

"وعن أنس رضی الله تعالیٰ عنه عن النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: أنه کان إذا کربه أمر قال: "یا حی یا قیوم! برحمتک أستغیث". (کتاب الأذکار للنووی، کتاب الأذکار والدعوات الخ، باب دعاء الکرب والدعاء عند الأمور المهمة، ص: ۱۶۴، رقم الحدیث: ۳۶۰، مکتبة دار البیان)

(۳) "قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "الصدقة تمنع میتة السوء". قال المناوی: "الحالة التی یکون علیها الإنسان من الموت" قال التوربشتی: "و أراد بها مالا تُحمد عاقبته و لا تؤمن عائلته من الحلال کالفقر المُدقع، والوصب الموجع، والألَم المقلق، والعلل المفضیة إلی کفران النعمة و نسیان =

Made searchable using ScribeTools.com

''بھوک'' کا جانور ذبح کرنا اور کھانا

سوال[۱۳۰]: چہ میفر مایند علماء کرام ومفتیان عظام درحکم جانور یکه بطریق بھو ک گذاشته ،یعنی اگر بکسے اثرِ جنات یامرضِ شدیدلاحق شود، اکثر مقصود جانور ازاں برنگ گوناگوں آمیخته بنام ارواحِ خبیث مطلقاً می گذارند، ومی پندارند که تاثیر ازاں بدو لاحق شده اَو راشفادهد. خوردن آن شرعاً جائز باشد یانه؟وملکِ آں شخص زائل شد یانه، اگر شود، تصرفِ اوچه حرج آید؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

این چنیں حیوان از ملک مالکِ خارج نه میشود، وبنامِ رواحِ خبیثه گذاشتنش روانیست، وهم چنیں بغیر تملیک گذاشتن نادرست تاوقتیکه مالک ازیں گذاشتن رجوع کرده بکسے، برائے خدانَدهد، یابد ست اورنفر وشد یابطریق دیگر مثل هبه مالک نگر داند،آنکس راخوردن ودرآن تصرف کردن روا نخواهد شد، ودلائلِ آن درفتاوی عزیزی بر،ص: ۲۲،وص: ۲۳،(۱)وغیره مرقوم است . فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی معین مفتی مدرسہ مظاہر العلوم سہان پور،۲۳/۱۲/۵۵ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف،۲۳/ ذی الحجہ/ ۵۵ء۔

= الذکر والأهوال الشاغلة عمّاله و علیه". (فیض القدیر شرح الجامع الصغیر للمناوی :۷/ ۳۸۰۲، رقم الحدیث: ۵۱۴۳ ، مکتبه نزار مصطفی الباز، الریاض)

(۱)(فتاوی عزیزی، ص: ۵۰۷، سعید)

"واعلم أن النذر الذی یقع للأموات من أکثر العوام، ومایؤخذ من الدراهم والشمع والزیت ونحوها إلی ضرائح الأولیاء الکرام تقرباً إلیهم، فهو بالإجماع باطل وحرام". (رد المحتار: ۲/ ۴۳۹، کتاب الصوم، قبیل باب الاعتکاف، سعید)

" ولقائل أن یقول: یستدل بالآیة علی نظیر ذلک، وهو ما یُلقی فی الأنهار والطریق وقرب الأشجار من طرح البیض والفراریج ونحوذلک، فلایجوز فعله، ولایزول ملک المالک". (تفسیر القاسمی: ۴/ ۴۰۴، (سورة المائده :۱۰۳)

"وفی الصید أنه لایملکه إذالم یبحه، وکذا فی الدابة إذا سیبها کما بسطه الشرنبلالی". (ردالمحتار، کتاب الصید: ۶/ ۴۷۷،سعید)..... =

بت کے نام پر چھوڑے ہوئے سانڈ کا حکم

سوال[۱۳۱]: ایک ہندو نے بتوں کے نام پر ایک سانڈ چھوڑا اور کئی سال گزرنے کے بعد مالک نے ایک برہمن کو بلا کر اس سانڈ کو اس کے حوالہ کر کے اس کو مالک بنا دیا، برہمن نے اس کو ایک مسلمان کے ہاتھ فروخت کر دیا، مسلمانوں نے اس کو شرعی طریق سے ذبح کیا۔ اب دریافت طلب امر یہ ہے کہ ذبح کرنے کے بعد اس کا گوشت کھانا جائز ہے یا نہیں؟ از طرف مولوی عبد الغفور رنگپوری معرفت عبد الرحمٰن کامل پوری۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

عامۂ مفسرین نے "ما أهل لغير الله" کی تفسیر "ذبح للأصنام فذكر عليه غير اسم الله" (مدارک) کی ہے(۱)، لہٰذا اس تفسیر کے موافق سانڈ جو کہ بتوں کے نام چھوڑ دیا گیا تھا اور اس کے بعد مالک نے وہ کسی کو دے دیا خواہ وہ ہبۃً ہو خواہ قیمتاً اور پھر شرعی طریق پر اس کو ذبح کرایا گیا تو وہ شرعاً حرام نہ ہوگا، کیونکہ وہ بت کے نام پر ذبح نہیں کیا گیا، لیکن بعض محققین نے "ما أهل به لغير الله" کو عام کہا ہے یعنی خواہ بتوں کے نام پر ذبح کیا جائے خواہ بتوں کے نام پر چھوڑ دیا جائے، دونوں صورتوں میں وہ جانور حرام ہوتا ہے۔ اول صورت میں اس کا حلال ہونا ممکن نہیں ہے، کیونکہ بت کے نام پر ذبح کر دیا گیا اور حرمت مقرر ہو چکی۔

ثانی صورت میں حلال ہونا ممکن ہے وہ اس طرح کہ مالک اپنے اس فعل یعنی بت کے نام پر چھوڑنے

= (وكذا في امداد الفتاوى: ۹۹/۴، مكتبه دار العلوم كراچی)

(وكذا في مجموعه الفتاوى: ۱۸۲/۲، كتاب الحظر والإباحة)

ترجمۂ سوال: اگر کسی جانور کو بھوک کے طریق پر چھوڑ دیا گیا ہو اس کا کیا حکم ہے جس کی صورت یہ ہے کہ اگر کسی پر جنات کا اثر ہو یا مرضِ شدید لاحق ہو تو کسی جانور کو مختلف رنگوں میں رنگ کر ارواح خبیثہ کے نام پر یا مطلقاً چھوڑ دیتے ہیں اور خیال کرتے ہیں کہ اس کی تاثیر سے بیمار کو شفا ہوگی۔ اس جانور کا شرعاً کھانا جائز ہے یا نہیں؟ اور اس شخص کی ملکیت اس جانور سے زائل ہو جاتی ہے؟

ترجمۂ جواب: اس طرح جانور مالک کی ملکیت سے خارج نہیں ہوتا اور ارواحِ خبیثہ کے نام پر چھوڑنا جائز نہیں، اس طرح کسی کو مالک بنائے بغیر چھوڑنا بھی درست نہیں، جب تک مالک ارواح خبیثہ کے نام پر چھوڑنے سے رجوع کر کے کسی کو خدا واسطے نہ دے یا اس کے ہاتھ فروخت نہ کرے یا کسی دوسرے طریقہ پر مثل ہبہ مالک نہ بنا دے اس کو کھانا اور اس میں تصرف کرنا جائز نہ ہوگا اور اس کے دلائل فتاوی عزیزی، ص: ۲۲، ص: ۲۳، وغیرہ میں مرقوم ہیں، فقط۔

(۱) (تفسير مدارك التنزيل: ۹۸/۱، سورة البقرة: ۱۷۳)

Made searchable using ScribeTools.com

سے رجوع کرلے اوراس کے بعد شرعی طریق پر ذبح کیا جائے، اس سے حرمت مرتفع ہوجائے گی، دوسری تفسیر احوط ہے(۱)۔ پس اگرصورت مسئولہ میں مالک نے اپنے فعلِ سابق، یعنی: بتوں کے نام پر چھوڑنے سے رجوع کرلیا تھا اوراس کے بعد دوسرے شخص کو دیا ہے تب تو جائز ہے اوراگر اپنے سابق فعل سے رجوع نہیں کیا تو ناجائز ہے:"لو ذبح شاةً على النصب من الأنصاب أو على قبر من القبور، وقصد به التقرب إلى صاحب القبر أو صاحب النصب، وذكر اسم الله عليها، لاتحل ١ھ". فتاوی عزیزی، ص: ٢٣(٢)۔

قال في البحر:"لايجوز لخادم الشيخ أخذه ولا أكله ولاالتصرف فيه بوجه من الوجوه، إلاأن يكون فقيراً أوله عيال فقراء عاجزون عن الكسب وهم مضطرون، فيأخذ نو نه على سبيل الصدقة المبتدأة، وأخذه أيضاًمكروه مالم يقصد الناذر التقرب إلى الله وصدقة إلى الفقراء، ويقع عن نذر الشيخ،١ھ". طحطاوی: ١/ ٤٧١ (٣)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہانپور، ٦/ ٥/ ٥٥ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبداللطیف مدرسہ مظاہر علوم سہانپور، ١٢/ جمادی الاولیٰ/ ٥٥ھ۔

---

(۱) "إذاجتمع الحلال والحرام، أو المبيح والمحرّم، غلب الحرام والمحرّم". (شرح الأشباه والنظائر، القاعده الثانية: ١/ ٣٠١)

(وكذا في تبيين الحقائق: ٧/ ١١٩، سعيد)

"بت کے نام پر چھوڑ ہوئے سانڈ کا حکم مثل سائبہ کے ہے اور سائبہ ملکِ غیر ہونے کی وجہ سے حرام ہوتا ہے، لیکن مذکورہ صورت میں جب مالک نے زندہ سانڈ کو برہمن کے ملک میں دیا اور پھر مسلمان نے برہمن سے خرید کر شرعی طریقہ سے ذبح کیا تو اس میں حرمت کی کوئی وجہ نہیں رہی، اور محققین نے بھی ایسے جانور کو حرام قرار نہیں دیا ہے، بلکہ اس جانور کو حرام قرار دیا ہے جو غیر اللہ کے نام نذر کی جائے پھر مالک یا اس کا وکیل اس کو شرعی طریقہ سے ذبح کردے تو اس صورت میں ناذر کا مقصد ذبح ہی ہوتا ہے، اسلئے یہ "وما أهل به لغير الله" میں داخل ہونے کی وجہ سے حرام ہے اور پہلی صورت میں ناذر کا مقصد ذبح نہیں ہوتا"۔(امداد الفتاوی: ٤/ ٩٩)

(واحسن الفتاوی: ١/ ٥٠) (ومجموعه الفتاوی: ٢/ ١٨٢، ٢٤٩، سعيد)

(خير الفتاوی: ١/ ٦٠٠) (امداد المفتيين، ص: ٩٣٢)

(۲) (فتاوی عزیزی، ص: ٤٨٤، سعيد)

(۳) (حاشية الطحطاوی على الدر المختار، كتاب الصوم: ١/ ٤٧١، دار المعرفة بيروت)

Made Searchable by ScribeTools.com

دیوی دیوتاؤں کے نام پر تقسیم ہونے والی اشیاء کا حکم

سوال[۱۳۲]: ۱.....دیوی دیوتاؤں کے نام پر تقسیم ہونے والی اشیاء، مثلاً: گڑ شکر وغیرہ حلال ہیں یا حرام؟

۲.....دیوی دیوتاؤں کے نام پر چھوڑے ہوئے یا دیوی دیوتاؤں کے لئے خریدے ہوئے جانور کو کسی مسلمان کے ہاتھ سے ذبح کرانے کے بعد اس کا گوشت کھا سکتے ہیں یا نہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

۱.....حرام ہے(۱)۔

۲.....ہرگز جائز نہیں، بلکہ میتہ کے حکم میں ہے، کذا فی الاکلیل (۲)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۲۹/۱۲/۸۸ھ۔

اہلِ ہنود کے مخصوص بکروں کا حکم

سوال[۱۳۳]: ہمارے علاقہ میں بعض ہنود کے پاس ایسے بکرے ملتے ہیں جو کان کٹے ہوئے ہیں اور اس کے کانوں میں بالی بھی ڈالی ہوئی ہوتی ہے، ایسے بکرے کا مسلمانوں کے لئے خریدنا اور اس کی

---

(۱)"واعلم أن النذر الذی یقع للأموات من أکثر العوام، وما یؤخذ من الدراهم والشموع والزیت ونحوها إلی ضرائح الأولیاء الکرام تقرباً إلیهم، فهوبالإجماع باطل وحرام اهـ". (الدر المختار، کتاب الصوم، باب ما یفسد الصوم وما لایفسد، قبیل باب الاعتکاف: ۲/۴۳۹، سعید)

(وکذا فی البحر الرائق، کتاب الصوم، فصل فی النذر: ۲/۵۲۱، رشیدیه)

(۲) غیر اللہ کے نام پر خریدنے سے ایسے تمام جانور حرام ہوجاتے ہیں، پھر جب تک اس فعلِ قبیح سے توبہ کرکے "بسم اللہ" پڑھ کر جانور ذبح نہ کیا جائے تو حرام ہی ہوگا:

قال الله تعالیٰ: ﴿و ما أهل به لغیرالله﴾: أی ذکر علیه غیر اسم الله، و هی ذبیحة المجوسی والوثنی والمعطل، فالوثنی یذبح للوثن، والمجوسی للنار، والمعطل لا یعتقد شیئاً فیذبح لنفسه اهـ". (أحکام القرآن للقرطبی: ۲/۱۵۰، (سورة البقرة: ۱۷۳)، دار الکتب)

"قال العلماء: لو أن مسلماً ذبح ذبیحةً وقصد بذبحها التقرب إلی غیر الله صار مرتداً، و ذبیحته ذبیحة مرتد". (غرائب القرآن علی هامش جامع البیان لابن جریر الطبری: ۲/۱۲۰، (سورة البقرة: ۱۷۳)، دار المعرفة بیروت)

Made searchable using ScribeTools.com

بیع کرنا، نیز اس کا گوشت کھانا کیسا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر وہ بکرے غیر اللہ کے نام پر چڑھائے گئے تو ان کو خریدنا اور گوشت کھانا جائز نہیں (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۱/۷/۹۶ھ۔

کالی بکری کو مخصوص طور پر ذبح کرنا

سوال[۱۳۴]: ایک شخص رمضان کی ۲۷/ تاریخ کو ایک سیاہ رنگ کی بکری ذبح کرتا ہے اور تمام گھر کے آدمی ہلدی میں ہاتھ رنگ کر اس پر لگاتے ہیں، پھر امام صاحب سے ذبح کراتے ہیں، اور اس کے سری و پائے چوراہے راستہ میں دفن کرتے ہیں اور گوشت کی پلاؤ پکوا کر کھلاتے ہیں اور وہ بکری کالی کے نام سے کرتے ہیں اور امام صاحب سے قل پڑھواتے ہیں، اگر امام یہ کام نہ کرے تو مسجد میں نہیں رہ سکتا۔ اس بکری کا کھانا کیسا ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

یہ فعل سخت گناہ، قریب شرک ہے (۲) اور اس بکری کا کھانا حرام ہے، وہ بالکل مردار ہے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، یکم/ رمضان المبارک/ ۶۶ھ۔

---

(۱) ”غیر اللہ کے نام پر چھوڑے ہوئے جانور کا حکم مثل سائبہ کے ہے اور سائبہ ملک غیر ہونے کیوجہ سے حرام ہے، اس لئے اگر مالک کی اجازت سے مذکورہ جانور کو خرید کر ذبح کیا جائے تو حلال ہے کیونکہ کہ جب ناذر مالک نہ رہا تو اس کا فسادنیت بھی قابل اعتبار نہیں رہا“۔ (امداد الفتاوی: ۹۹/۴) (وکذا فی مجموعة الفتاوی: ۲۴۹/۲) (واحسن الفتاوی: ۵۱/۱) (وامداد المفتیین، ص: ۹۳۹)

(۲) اس کو قریبِ شرک اس لئے فرمایا ہے کہ ایسے ذبائح اکثر لوگ غیر اللہ (کسی صاحبِ مزار وغیرہ) کی خوشنودی کے لئے اپنی مرادیں پوری ہونے کی غرض سے کرتے ہیں، اور یہ حرام ہے اور ایسے ذبیحوں کا کھانا قرآن پاک کی آیت کے تحت حرام ہے۔

قال اللہ تعالیٰ: ”﴿إنما حرّم علیکم المیتة والدم ولحم الخنزیر و ماأهل به لغیر الله﴾. الایة“ (البقرة: ۱۱۵)

قال العلامة الآلوسی رحمه الله تعالیٰ تحتها: ”أی ماوقع متلبساً به أی بذبحه الصوت لغیر الله تعالیٰ =

غیر اللہ کے نام پر چھوڑے ہوئے سانڈ سے گائے گابھن کرانا

سوال[۱۳۵]: غیر اللہ کے نام پر یعنی رام سیپ درگاہ وغیرہ کے نام ہندو لوگ بیل، بھینس چھوڑتے ہیں، اس کا کھانا مسلمانوں کے لئے درست ہے یا نہیں؟ اور اس سانڈ سے جو کہ غیر اللہ کے نام پر ہے مسلمانوں کو اپنی گائے اور بھینس وغیرہ کو گابھن کرانا درست ہے یا نہیں؟ اگر اس کا کھانا درست نہیں ہے تو اس سے گابھن کرانا اور بچہ پیدا کرنا کیسے درست ہے؟ ایک مجبوری یہ ہے کہ مسلمان کوئی سانڈ نہیں چھوڑتا، بتائیے کہ نسل کس طرح باقی رہ سکتی ہے؟ نیز مینڈک، کیکڑا، گیدڑ، بلی اور انسانوں کے بال، سانپ کا چمڑا، بیچنا یا خریدنا، اس کا پیسہ کھانا جائز ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

غیر اللہ کے نام پر چھوڑا ہوا جانور حرام ہے اس کا کھانا ہرگز جائز نہیں (۱)، ایسے جانور سے اگر گائے وغیرہ گابھن ہوکر بچہ دے تو وہ بچہ مردار نہیں (۲)۔ مردہ مینڈک، کیکڑا، گیدڑ، بلی اور انسانوں کے بالوں کی خرید وفروخت ناجائز ہے (۳)، اس کی قیمت کا پیسہ بھی جائز نہیں، سانپ کا چمڑہ دباغت دیکر بیع کرنا

= ..... و المراد – بغير الله – تعالىٰ الصنم وغيره كما هو الظاهر". (روح المعانی : ۴۲/۲، دار احياء التراث العربی)
وقال الحافظ ابن كثير رحمه الله تعالىٰ: "وكذلك حرّم عليهم ماأهل به لغير الله، و هو ما ذبح على غير اسمه تعالىٰ من الأنصاب والأنداد والأزلام ونحو ذلك الخ". (تفسير ابن كثير : ۲۷۹/۱، مكتبه دار السلام رياض)

(۱) (تقدم تخريجه تحت عنوان: ''اہلِ ہنود کے مخصوص بکروں کا حکم'')

(۲) "فلو كانت أمه حلالاً، لكان حكمه حكم أمه، لأن حكم الولد حكم الأم، إذ هو كبعضها، ألاترى أن حمارة أهلية لوولدت من حمار وحشي، لم يوكل ولدها،ولوولدت حمارة وحشية من حمارأهليّ أكل ولدها، فكان الولد تابعاً لأمه دون ابيه". (أحكام القران للجصاص : ۳/ ۲۷۱، ۲۷۲، سورة النحل، تحت قوله تعالىٰ: (والأنعام خلقها)، قديمی)

"إن ولد الحيوان يتبع أمه". (ردالمحتار: ۴/ ۲۸۴، كتا ب اللقيط، مطلب فيمن وجد خطباً، سعيد)

(۳) فی الدر المختار :"وبطل بيع قن ..... وشعر الإنسان لكرامة الآدمی ولو كافراً". قال الشامیؒ :"لايجوز الانتفاع به لحديث: "لعن الله الواصلة والمستوصلة". وإنما يرخص فيما يتخذ من الوبر، فيزيدفی قرون النساء وزوا بهن". هدايه.(فرع) لو أخذ شعر البنی صلى اللهعليه وسلم ممن عنده وأعطاه هداية عظمية لاعلى وجه البيع، فلابأس به، سائحانی عن الهندية". (الدر المختار: ۵۸/۵، كتاب البيو ع مطلب فی بطلا ن بيع، سعيد) ..... =

Made searchable using ScribeTools.com

جائز ہے(۴)،اس کا پیسہ بھی درست ہے۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہٗ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ دارالعلوم دیوبند۔

پیر کے نام کا بکرا ذبح کرنے سے حلال نہیں

سوال[۱۳۶]: پیر کے نام کا بکرا جبکہ وقتِ ذبح اللہ کا نام لیا جائے حرام ہے یا حلال یا مکروہ، جبکہ تفسیر میں حرام ہونے کا ثبوت نہیں۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

حرام ہے: صرح به فی تفسیر الإکلیل حاشیة مدارك التنزیل، وأکثر فیه من النقول، وأیضاً صرح به فی تفسیر عزیزی(۱)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۳۰/۱۱/۸۵ھ۔

الجواب صحیح: بندہ محمد نظام الدین عفی عنہ دارالعلوم دیوبند، ۳۰/۱۱/۸۵ھ۔

= وفی النهر:"ولم یجز أیضاً بیع شعر الإنسان ولا الانتفاع به، لأن الآدمی غیر مبتذل، فلا یجوز أن یکون شئی من أجزاءه مهاناً مبتذلاً وهذا الإطلاق یعم الکافر". (النهر الفائق: ۳/۴۲۸، باب البیع الفاسد،امدادیه ملتان)(وکذا فی البحر الرائق: ۶/۱۳۳، کتاب البیوع، باب البیع الفاسد، رشیدیه)
(وکذا فی تبیین الحقائق: ۴/۳۷۶، کتاب البیوع،باب البیع الفاسد ، بیروت)

(۴) قال الحصکفی رحمه الله:"یباع إلاجلد إنسان وخنزیر وحیة". قال الطحطاوی: "(قوله: وحیة) ینبغی تقییده بالحیة الصغیره التی لهادم، فإن جلدها لرقته لایحتمل الدبغ،ومالادم لها طاهرة لعدم حلول الحیاة فیها.والکبیر ینبغی طهارة جلد ها بالدبغ حیث احتمله،ویجوز بیعه للانتفاع به کمایدل علیه ظاهر کلامهم فی الطهارة عند ذکر الدبغ وحرره". (حاشیه الطحطاوی علی الدر المختار: ۳/۷۲،باب البیع الفاسد، بیروت)
(وکذا فی ردالمحتار علی الدر المختار: ۵/۷۳، باب البیع الفاسد، سعید)

"وأما مالایحتمل الدباغ مثل جلد الحیه الصغیرة، والفارة لایطهر بالدباغ کاللحم". (تبیین الحقائق، ۱/۹۱، کتاب الطهارة، سعید)

(۱) قال الشاه عبدالعزیز المحدّث الدهلوی فی فتاواه : " لو ذبح شاةً علی النصب من الأنصاب أو ..... =

حضرت سید سالار غازی مسعود کی نذر

سوال[۱۳۷]: غازی مسعود سالار غازی کی یادگار سالانہ تازہ کرنے کے لئے اپنے مکان میں نشان مٹی کے گولے کی طرح بناتے اور اس سے ڈرتے، نیز تبرک مانتے ہیں اور سالار غازی صاحب کے نام پر خصی و مرغ ذبح کرتے ہیں، خصی و مرغ کا خون نیز ہڈیاں سب اسی مٹی کے ڈھیر اور نشان میں دفن کر دیتے ہیں، یہ سب ان کی خوشنودی حاصل کرنے کی غرض سے کرتے ہیں، خصی نیز مرغ کا گوشت کھاتے نیز اقرباء میں تقسیم کرتے ہیں، اگر کوئی منع کرے تو اس کو برا تصور کرتے ہیں۔ ایسا کرنا کرانا اور اس میں مدد کرنا کیسا ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

یہ سب مشرکانہ رسمیں ہیں ان سے توبہ واجب ہے(۱)، نذر صرف اللہ پاک کے لئے جائز ہے اور کسی کے لئے جائز نہیں(۲) غیر اللہ پر ذبح کیا ہوا جانور مرغ خصی وغیرہ کھانا قطعاً حرام ہے: قال اللہ تعالی ﴿و ما أهل به لغير الله﴾ الاية(۳)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

= على قبر من القبور، وقصدبه التقرب إلى صاحب القبر أو صاحب النصب، وذكر اسم الله عليه، لا تحل اهـ". (فتاوىٰ عزيزى، ص: ۴۸۴، سعيد)

(۱) "ذبح كردنِ جانور بنام غير خدا خواه پيغمبر باشد خواه ولى خواه شهيد خواه غير انسان، حرام است، و اگر به قصدِ تقرب بنام اينها ذبح كرده باشد ذبيحهٔ آن جانور هم حرام و مردار ميشود، و ذبح كُننده مرتد ميشود، توبه ازيں فعلِ منع لازم است، درتفسير نيشاپورى و ديگر تفاسير مرقوم است: قال العلماء: لو أن مسلماً ذبح ذبيحةً، و قصد بذبحه التقرب إلى غير الله صار مرتداً، و ذبيحته ذبيحة مرتد". (فتاوى عزيزى: ۱/ ۵۰، مسئله ذبح جانور بنام غير الله تعالىٰ، كتب خانه رحيميه ديوبند)

(وكذا فى روح المعانى: ۶/ ۵۸، (سورة المائده: ۳)، دار إحياء التراث العربى)

(۲) "واعلم أن النذر الذى يقع للأموات من أكثر العوام، وما يؤخذ من الدراهم والشموع والزيت ونحوها إلى ضرائح الأولياء الكرام تقرباً إليهم، فهو بالإجماع باطل وحرام اهـ". (الدر المختار، كتاب الصوم، باب ما يفسد الصوم وما لايفسد، مطلب فى النذر الذى يقع للأموات الخ. قبيل باب الاعتكاف: ۲/ ۴۳۹، سعيد)

(۳) (البقرة: ۱۷۳) قال الله تعالىٰ: ﴿و ما أهل لغير الله به﴾: أى ماذبح فذكر عليه غير اسم الله فهو حرام، =

Made searchable using ScribeTools.com

اولیاء اللہ کیلئے نذر ماننا

سوال[۱۳۸]: کیا مشکل کے وقت مرحوم بزگان دین اولیاء کرام کو پکارنا، منتیں ماننا، پیروں کے نام سے نذر ونیاز کرنا اور یہ عقیدہ رکھنا کہ پیروں کو اللہ کے برابر نہیں مانتے، ہم ان کو اللہ کے بندے مانتے ہیں، اسی نے اس کو یہ قدرت وتصرف بخشا ہے، اس کی مرضی سے عالم میں تصرف کرتے ہیں، ان سے مدد مانگنا عین اللہ سے مدد مانگنی ہے، کیا ایسا عقیدہ درست ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

ایسا عقیدہ رکھنا تعلیمات اسلام کے خلاف اور غلط ہے، اس کو توبہ لازم ہے ورنہ اندیشہ ہے کہ ایمان بالکل ہی سلب نہ ہوجائے: "أما النذر الذی ینذره أکثر العوام علی ماهو مشاهد کأن یکون لإنسان غائب أومریض أوله حاجة ضروریة، فیأتی بعض الصلحاءِ، فیجعل ستره علی رأسهِ فیقول: یاسیدی فلان! إن ردّ غائبی أو عوفی مریضی أو قضیت حاجتی، فلك من الذهب ومن الفضة کذا أو من الطعام کذا، أو من الماء أو من الشمع کذا، أومن الزیت کذا، فهذا النذر باطل بالإجماع لوجوه: منها: أنه نذر لمخلوق والنذر للمخلوق لایجوز؛ لأنه عبادة والعبادة لاتکون للمخلوق، ومنها: أن المنذور له میت والمیت لایملك، ومنها: أنه إن ظن أن المیت یتصرف فی الأمور دون اللّٰہ تعالی، واعتقاده ذلك کفراهـ". بحر: ۲/۲۸۹(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہٗ دارالعلوم دیوبند، ۲۴/۹/۹۰ھ۔

= لأن الله تعالیٰ أوجب أن تذبح مخلوقاته علی إسمه العظیم، فمتی عدل بها عن ذلک و ذکر علیها اسم غیره من صنم أو طاغوت أو وثن أو غیر ذلک من سائر المخلوقات، فإنها حرام بالإجماع".

(تفسیر ابن کثیر: ۲/۱۲، ۱۳، (سورة المائدة: ۳)، دار الفیحاء بیروت)

(وکذا فی روح المعانی: ۸/۴۴، (سورة الأنعام: ۱۴۵)، دار إحیاء التراث العربی)

(وکذا فی فتاوی عزیزی: ۱/۵۰، مسئله: ذبح جانور بنام غیر الله تعالیٰ" کتب خانه رحیمیه دیوبند یوپی)

(۱) (البحر الرائق: ۲/۵۲۰، کتاب الصوم، فصل فی النذر، رشیدیه)

"اعلم أن النذر الذی یقع للأموات من أکثر العوام إلی ضرائح الأولیاء الکرام تقرباً إلیهم، فهو بالإجماع باطل وحرام مالم یقصد واصرفها لفقراء الأنام". (الدر المختار، ۲/۴۳۹، کتاب الصوم، سعید)

غیر اللہ کے نام کا جانور

سوال[۱۳۹]: جو بکرا وغیرہ بنام غیر اللہ چھوڑا گیا ہو، اس کو شرعی طریق سے ذبح کر کے کھانا جائز ہے یا نہیں؟ محمد اصغر، ہوشیار پوری

الجواب حامداً و مصلیاً:

اگر مالک اپنی نیت سے توبہ کر کے خود ذبح کر دے یا کسی کے ہاتھ فروخت کر دے یا ویسے ہی ہبہ کر دے تب تو درست ہے(۱)، اگر مالک نے توبہ نہیں کی بلکہ اس کو چھوڑے رکھا اور کسی نے اس کو ذبح کر دیا تو یہ جائز نہیں، اگرچہ بسم اللہ پڑھ کر ذبح کیا ہو(۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ۔

صحیح: عبد اللطیف، ۲۸/ ذی الحجہ/ ۵۳ھ۔

بھینٹ کا مرغا

سوال[۱۴۰]: کسی جانور مثلاً: مرغا وغیرہ کو جانوروں کے اوپر سے پھیر کر یا کسی انسان کے سر پر سے پھیر کر رکھا جائے تو اس کا کھانا کیسا ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

یہ مشرکانہ طریقہ ہے اور اس کو بھینٹ چڑھانا کہتے ہیں، یہ غیر اللہ کے لئے نذر ہوتی ہے جو کہ مردار کے حکم میں ہے، اس کا کھانا جائز نہیں (۳)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہٗ دار العلوم دیوبند، ۱۴/۲/ ۱۳۹۵ھ۔

---

(۱) (تقدم تخریجه تحت عنوان: ''بت کے نام پر چھوڑے ہوئے سانڈ کا حکم'')

(۲) ''اگر مالک کی اجازت کے بغیر ذبح کیا تو اس میں دو وجہ سے حرمت آ گئی ایک مالک کی فسادِ نیت کی وجہ سے کیونکہ جانور کو سائبہ کرنے سے مالک کا ملک زائل نہیں ہوتا اور دوسرے غصب و سرقہ کی وجہ سے''۔ (امدادی الفتاوی ۴/ ۹۹)

(۳) ''اعلم أن النذر الذی یقع للأموات من أکثر العوام إلی ضرائح الأولیاء الکرام تقرباً إلیهم، فهو بالإجماع باطل وحرام مالم یقصدوا صرفها لفقراء الأنام''. (الدر المختار: ۲/ ۴۳۹، کتاب الصوم، سعید) ..... =

Made searchable using ScribeTools.com

غیر اللہ کے نام پر ذبح مشرکانہ عمل ہے

سوال[۱۴۱]: ۱..... زید نے ایسے بت اور مورتی کی منت مانی جس کو ہندو لوگ پوجتے ہیں اور ان پر چڑھاوا چڑھاتے ہیں، پھر چند سال کے بعد وہ اپنے لڑکے کے سر پر سے چوٹی اتروانے کے لئے ایک یا دو بکرے اسی بت اور مورتی کے نام سے مانے، پھر وہاں ایک یا دو بکرے اسی بت کے نام ذبح کئے۔

۲..... بکرا اس بت یا مورتی کا مانا ہوا تھا اور جہاں پر بت اور مورتی ہے وہاں لے جا کر اپنے لڑکے کے سر پر چوٹی اتروا کر بغیر کسی کا نام لئے ذبح کیا اور ذبح کرتے وقت نہ اللہ کا نام لیا اور نہ کسی بت و مورتی کا نام لیا۔

۳..... زید نے بکرا اسی بت اور مورتی کے نام کا مانا ہوا تھا اور مورتی اور بت گاہ پر پہونچ کر ''بسم اللہ، اللہ اکبر'' کہہ کر ذبح کیا تو کیا ان تینوں صورتوں میں بت کے نام کی منت ماننے سے توبہ کرنا ضروری ہے؟

۴..... اگر کسی شخص نے منت مذکورہ بالا طریقے پر مانی اور وہ اپنے گھر پر منت پوری کرتا ہے تو کیا اس کو توبہ کرنے کی ضرورت ہوگی؟

۵..... اگر کسی نے غیر اللہ کے نام کی منت مانی اور بے خبری کی وجہ سے کھالیا تو کیا گنہگار ہوگا؟

۶..... اگر کسی نے یہ سمجھ کر کھالیا کہ بھائی ناراض ہو جائے گا تو کیا فتویٰ ہے؟

۷..... زید کو معلوم ہے کہ غیر اللہ کے نام کی نذر ماننا شرک ہے اور کھانا حرام ہے، پھر بھی وہ اپنی منت پوری کرتا ہے تو اس کے متعلق کیا حکم ہوگا؟ مولوی عبد المجید قاسمی بناس کانٹھا گجرات۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

اس طرح نذر ماننا مشرکانہ طریقہ ہے جو کہ سخت معصیت ہے اور ایسا بکرا حلال نہیں، تینوں صورتوں

= ''وكذا مايقع من المعتقدين للأموات من الذبح على قبورهم، فإنه مما أهل به لغير الله، ولا فرق بينه وبين الذبح للوثن''. (فتح القدير للشوكانی: ۱/۱۷۰، مصر)

''قال العلماء: لو أن مسلماً ذبح ذبيحةً وقصد بذبحها التقرب إلى غير الله صار مرتداً، و ذبيحته ذبيحة مرتد''. (تفسير النيشابوری بهامش الطبری: ۲/۱۲۰، دار المعرفة بيروت)

''لو أن مسلماً ذبح ذبيحةً وقصد بذبحها التقرب إلى غير الله، صار مرتداً، و ذبيحته ذبيحة مرتد''. (التفسير الكبير للإمام فخر الدين الرازی: ۵/۱۱، طهران)

میں حرام اور مردار ہے(۱) قرآن شریف وحدیث شریف کا جو فیصلہ ہے وہ بالکل حق ہے اس پر ایمان لانا ضروری ہے، کسی کو اس کے خلاف فیصلہ دینے کا حق نہیں (۲)، مہمان کو اگر علم ہو کہ یہ کھانا غیر اللہ کے نام کا اور بت کی نذر کا ہے تو اس کو بھی کھانا حرام ہے(۳)۔

جو شخص بت کی پوجا کرے وہ اسلام سے خارج ہے(۴) نہ اس کا ایمان باقی رہا، نہ اس کا نکاح باقی رہا، تجدیدِ ایمان وتجدیدِ نکاح لازم ہے(۵)، شوہر نے اگر ایسا کیا ہے تو جب تک وہ تجدید ایمان وتجدید نکاح نہ

---

(۱) قال اللہ تعالیٰ: ﴿إنما حرّم علیکم المیتة والدم و لحم الخنزیر و ما أهل به لغیر اللہ﴾. الآیة (البقرة: ۱۷۳)

"﴿و ما أهل به لغیر اللہ﴾ والمراد بغیر اللہ تعالیٰ الصنم و غیره کما هو الظاهر". (روح المعانی: ۲/۴۴، (البقرة: ۱۷۳)، دار إحیاء التراث العربی)

"ذبح لقدوم الأمیر یحرم؛ لأنه أهل به لغیر اللہ (ولو) وصلیة(ذکر اسم اللہ تعالیٰ)". (الدرالمختار: ۶/۳۰۹، کتاب الذبائح، سعید)

(۲) قال اللہ تعالیٰ: ﴿ما کان لمؤمن و لا مؤمنة إذا قضی اللہ و رسوله أمراً أن یکون لهم الخِیَرة من أمرهم﴾. الآیة (الاحزاب: ۳۶)

(۳) "و فی الأشباه: الحرمة تنتقل مع العلم". (الدر المختار: ۶/۳۸۵، فصل فی البیع، سعید)

"أهدی إلی رجل شیئاً أو أضافه، إن کان غالب ماله من الحلال فلا بأس إلا أن یعلم بأنه حرام". (الفتاوی العالمکیریة: ۵/۳۴۲، کتاب الکراهیة، الباب الثانی عشر فی الهدایا والضیافات، رشیدیه)

(۴) "لو سجد لصنم ..... یکفر". (رد المحتار: ۴/۲۲۲، باب المرتد، سعید)

"عبادة الصنم کفر، و لا اعتبار بما فی قلبه". (الأشباه والنظائر، ص: ۲۲۲، کتاب السیر، قبیل اللقیط واللقطة الخ، دار الفکر)

(۵) "ما یکون کفراً اتفاقاً یبطل العمل والنکاح ..... و ما فیه خلاف یؤمر بالاستغفار والتوبة و تجدید النکاح ..... (قوله: والتوبة): أی تجدید الإسلام". (رد المحتار علی الدر المختار: ۴/۲۴۶، ۲۴۷، باب المرتد، مطلب جملة من لا یقتل إذا ارتد، سعید)

(وکذا فی الفتاوی العالمکیریة: ۲/۲۸۳، کتاب السیر، الباب التاسع فی أحکام المرتدین، قبیل الباب العاشر فی البغاة، رشیدیه)

(وکذا فی التاتارخانیة: ۵/۴۵۸، کتاب أحکام المرتدین، فصل فی إجراء کلمة الکفر الخ، إدارة القرآن)

Made searchable using ScribeTools.com

کرلے بیوی اس کو پاس نہ آنے دے، جب یہ نذر ماننا ہی حرام ہے، شرک ہے تو اپنے گھر پر بھی اس کو پورا کرنا ناجائز ہے(۱) لہٰذا صورت نمبر:۴ کی صورت بھی پہلی ہی صورتوں میں داخل ہے۔

غیر اللہ کی منت ماننے کا مستقل گناہ ہے اور جس نے بے خبری میں ایسا کھانا کھالیا تو اس کو توبہ واستغفار لازم ہے، کھلانے والے کو بھی سرزنش کرے اور آئندہ کو پوری احتیاط کرے۔ بھائی کی ناراضگی کے اندیشہ سے بھی حرام ومردار کھانا جائز نہیں، اللہ اور رسول کو ناراض کرکے بھائی کو راضی کرنے کا انجام خطرناک ہے(۲)، غیر اللہ کی منت ماننے پر جو وعید ہے اس کا علم نہیں تھا جہالت میں منت مان لی ہے اور اب یہ علم ہوا کہ یہ حرام اور شرک ہے ہرگز وہ منت پوری نہ کرے بلکہ اس سے توبہ کرے، غیر اللہ کی منت ماننا بالکل حرام ہے خواہ وہ بت ہو یا کوئی بزرگ(۳)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۲۵/۶/۹۲ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۶/۶/۹۲ھ۔

النذر لغیر اللہ

سوال[۱۴۲]: العبادة مطلقاً مالیةً کانت أوبدنیةً من الحقوق الخالصة للّٰہ تعالی، فالإتیان بشئی من العبادات لغیرہ تعالی إشراك باللّٰہ تعالی، فالنذر لتعظیم المخلوق والإهلال

---

(۱) "واعلم أن النذر الذی یقع للأموات من أکثر العوام ..... تقرباً إلیهم فهو بالإجماع باطل وحرام". (الدر المختار) قوله: (باطل و حرام) لوجوه: منها أنه نذر لمخلوق ..... ومنها أنه إن ظن أن المیت یتصرف فی الأمور دون اللہ تعالیٰ، کفر". (الدر المختار، کتاب الصوم، مطلب: النذر الذی یقع للأموات: ۴۳۹/۲، سعید)

(۲) "عن النواس بن سمعان رضی اللہ تعالیٰ عنه قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم: "لا طاعة لمخلوق فی معصیة الخالق". رواہ فی شرح السنة". (مشکوة المصابیح، ص: ۳۲۱، کتاب الإمارة والقضاء، الفصل الثانی، قدیمی)

(و فیض القدیر: ۲۴۸۶/۱۲، رقم الحدیث: ۹۹۰۳، نزار مصطفی الباز)

(ومسند الإمام أحمد: ۵۹/۶، رقم الحدیث: ۲۰۱۳۰، دار إحیاء التراث العربی)

(۳) (راجع رقم الحاشیة: ۱)

Made Searchable by ScribeTools.com

بشئی لأجل تعظیم غیر اللّٰہ کفر وإشراك باللّٰہ تعالی، والمنذور حرام۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

العبادة مختصة باللّٰہ تعالیٰ، والنذر لغیر اللّٰہ حرام أو شرك، والمنذور لغیر اللّٰہ حرام ألبتة، لقوله تعالی: ﴿وماأهل به لغیر اللّٰہ﴾ (۱) والبسط فی البحر الرائق(۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہٗ، دارالعلوم دیوبند، ۱۴/۱۱/۸۸ھ۔

نذر لغیر اللہ کا حکم

سوال[۱۴۳]: کیا نذر ونیاز کا کھانا امیر، صاحبِ نصاب کھا سکتے ہیں؟ کیا حضور صلی اللہ علیہ وسلم یا خلفائے راشدین یا ائمہ مجتہدین یا بڑے پیر صاحب نظام الدین اولیاءؒ، یا باقی معتمد علیہم بزرگانِ دینؒ کا تیجہ، دسواں، چالیسواں ہوا ہے، ہوا ہے تو کس بزرگ نے کیا؟ مع نام کے تحریر فرمائیں اور موتٰی کو ایصال ثواب کی نیت سے پکایا ہوا کھانا غریبوں کا حق ہے یا مالداروں کا؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر نذر کسی میت کے لئے مانی گئی تو وہ حرام ہے اس کو کھانا کسی کو بھی جائز نہیں، اگر نذر خدا کے لئے ہے اور ثواب میت کے لئے تو فقراء کو اس کا کھانا شرعاً درست ہے، مالدار، عہدہ دار، علماء کو ایسا کھانا نہیں کھانا چاہئے:

---

(۱) (البقرة: ۱۷۳)

(۲)"أما النذر الذی ینذره أکثر العوام علی ماهو المشاهد کأن یکون لإنسان غائب أو مریض أوله حاجة ضروریة، فیأتی بعض الصلحاء، فیجعل ستره علی رأسه، فیقول: یاسیدی فلان! إن رد غائبی أو عوفی مریض أو قضیت حاجتی، فلک من الذهب ومن الفضة کذا، أو من الطعام کذا، أو من الماء، أو من الشمع کذا، أومن الزیت کذا، فهذا النذر باطل بالإجماع، لوجوه: منها: أنه نذر لمخلوق والنذر للمخلوق لایجوز، لأنه عبادة والعبادة لاتکون للمخلوق، ومنها: أن المنذور له میت والمیت لایملک، ومنها: أنه إن ظن أن المیت یتصرف فی الأمور دون اللّٰہ تعالی، واعتقاده ذلک کفر". (البحر الرائق: ۲/ ۵۲۰، کتاب الصوم، فصل فی النذر، رشیدیه)

Made searchable using ScribeTools.com

"أللهم إلا أن يقول: يا الله! إنى نذرت لك إن شفيتَ مريضى أو رددتَ غائبى أو قضيت حاجتى أن أطعِم الفقراء الذين بباب السيدة النفسة، أو الفقراء الذين بباب الإمام الشافعى أوالإمام الليث أو أشترى حصراً لمساجد هم أو زيتاً لوقودها، أو دراهم لمن يقوم بشعائرها إلى غير ذلك مما يكون فيه نفع للفقراء، و النذر لله عزوجل۔ وذكر الشيخ: إنما هو بيان لمحل صرف النذر لمستحقيه القاطنين برباطه أو مسجده، فيجوز بهذا الإعتبار، إذ مصرف النذر الفقراء وقد وُجد، ولا يجوز أن يصرف ذلك إلى غنى غير محتاج إليه ولا لشريف منصب ، لأنه لا يحل له الأخذ مالم يكن محتاجاً فقيراً، ولا لذى نسب لأجل نسبه ما لم يكن فقيراً، ولا لذى علم لأجل علمه مالم يكن فقيراً، و لم يثبت فى الشرع جواز الصرف للأغنياء للإجماع على حرمة النذر للمخلوق، ولا ينعقد، ولا تشتغل به الذمة، وأنه حرام بل سحت".

طحطاوی علی مراقی الفلاح: ۳۷۹/۲(۱)، تیجہ، دسواں، چالیسواں شرعاً ثابت نہیں، بدعت اور ممنوع ہے، شامی (۲) فتاوی بزاریہ (۳) وغیرہ میں صراحۃ ممانعت موجود ہے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہانپور، ۲۴/۱۰/۷۰ھ۔

نذر لغیر اللہ

سوال[۱۴۴]: بزرگوں کے مزاروں پر جو نذر و نیاز چڑھائی جاتی ہے، اسی طرح بزرگوں کو خوش کرنے کے لئے ان بزرگوں کے نام پر جو مرغ وغیرہ ذبح کرتے ہیں ان کا کھانا جائز ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جو عوام بزرگوں کے نام کی نذر و نیاز مانتے اور مزارات پر چڑھاتے ہیں، وہ سخت گنہ گار ہیں

---

(۱)(حاشية الطحطاوى على مراقى الفلاح، ص: ۶۹۳، كتاب الصوم، باب يلزم الوفاء، قديمى)

(۲) "ويكره اتخاذ الطعام فى اليوم الأول والثالث وبعد الأسبوع، ونقل الطعام إلى القبر فى المواسم، واتخاذ الدعوة لقرائة القرآن، وجمع الصلحاء والقراء للختم، أو لقراءة سورة الأنعام أو الإخلاص".

(رد المحتار: ۲/ ۲۴۰، مطلب فى كراهة االضيافة من أهل الميت، سعيد)

(۳) (الفتاوىٰ البزازيه، الخامس والعشرون فى الجنائز، وفيه الشهيد: ۴/ ۸۱، رشيديه)

اور وہ نذر حرام ہے، اس کا کھانا بالکل ناجائز ہے اور مرغ وغیرہ جو جانور بھی بزرگوں کے نام پر ذبح کرتے ہیں وہ بالکل مردار ہے، اگر نذر مانتے وقت بزرگوں کے نام کی نذر مانی، پھر اس کو "بسم اللہ ،اللہ اکبر" کہہ کر ذبح کیا جاوے وہ بھی حرام ہے(۱)۔

"اعلم أن النذر الذی یقع للأموات من أکثر العوام، وما یؤخذ من الدراهم والشمع والزیت ونحوها إلی ضرائح الأولیاء الکرام تقرباً إلیهم، فهو بالإجماع باطل وحرام اه. درمختار. (قوله: باطل و حرام): لوجوه: منها أنه نذر لمخلوق ولا یجوز؛ لأنه عبادة والعبادة لا تکون لمخلوق، ومنها: أن المنذور له میت والمیت لا یملك، ومنها: أنه إن ظن أن المیت یتصرف فی الأمور دون اللّٰه تعالیٰ، کفر الخ". طحطای: ۲/ ۴۷۱(۲)۔

---

(۱)"قال العلماء :لو أن مسلماًذبح ذبیحةً وقصد بذبحها التقرب إلی غیر الله، صار مرتداً، و ذبیحة ذبیحة مرتد". (التفسیر الکبیر للإمام فخر الدین الراز ی: ۵/ ۱۱ ،دارالکتب طهران)

"ذبح لقدوم الأمیر ونحوه کواحد من العظماء یحرم؛ لأنه أهل به لغیرالله، ولو ذکر اسم الله تعالی". (الدر المختار، کتاب الذبائح: ۶/ ۳۰۹،سعید)

"عن الحسن البصری سئل عن امرأ ة عملت عرساً للعبها فنحرت فیه جزوراً فقال:لاتوکل، لأنها ذبحت لصنم". (تفسیر ابن کثیر: ۱/ ۱۸۰ ،دارالقلم، بیروت)

"قال صاحب الروض :"إن المسلم إذاذبح للنبی صلی اللهعلیه وسلم کفر". قال الشوکانی :"وإذاکان الذبح لسید الرسل کفراً عنده ، فکیف بالذبح لسائر الأموات".(فتح البیان: ۱/ ۲۷۵ ،مصر)

"ومثله مایقع من المعتقدین للأموات من الذبح علی قبورهم، فإنه مما أهل به لغیر الله، ولافرق بینه وبین الذبح للوثن". (فتح القدیر: ۱/ ۱۷۰ ، للعلامه الشوکانی، مصر)

"لو أن مسلماً ذبح ذبیحةً وقصد بذبحها التقرب إلی غیر اللهصار مرتداً ،وذبیحته ذبیحة مرتد".(تفسیر النیسابوری علی هامش الطبری: ۲/ ۱۲۰ ، بیروت)

(وکذا فی موضح القرآن: ۱/ ۳۲،سعید)

(وکذا فی معار ف القرآن: ۱/ ۴۲۲، ۴۲۴، إدار ة المعارف)

(۲) (حاشیه الطحطاوی علی الدر المختار: ۱/ ۴۷۱، کتاب الصوم، باب ما یفسد الصوم وما لا یفسده، قبیل باب الإعتکاف، دارالمعرفة)

Made searchable using ScribeTools.com

"وماأحل به : یعنی دیگر آں جانور که آواز برآورده شد، وشهرت دا شد درحقِ آں جانور که بغیر الله یعنی برائے غیرخدااست، خواه آن غیربُت باشد یاروحے خبیث که بطریقِ بهوگ که بنامِ اوبد هنده، خواه جنے مسلط برخانه یاسرائے که بدون دادنِدجانور از ایذائے سکنه آنجادست بردار نشود، یاتوپ را روانه کردن ندهد، وخواه پیرے وپیغمبر رابایں وضع جانور مقرر کرده، همه حرام است،و درحدیث صحیح وارداست: "ملعون من ذبح لغیرالله" یعنی هرکه بذبحِ جانور تقرب بغیرِخدانماید ملعون است، خواه در وقتِ ذبح نامِ خدا بگیرد یانے، زیراکه چوں شهرت داد که این جانور برائے فلانے است ذکر نام خداوقت ذبح فائده نه کرد، آں جانور منسوب بآں غیر گشت، وخبثے گشت که زیاده از خبثِ مردار است ،زیراکه مردار بے ذکر نام خدا جان داده است ،وجانِ ایں جانور را از آں غیرِ خدا قرادادہ گشته اند، وآن عینِ شرک است، وهرگاه ایں خبث دروے سرایت کرد، دیگر بذکرِ نام حلال نمی شود ،مانندِ سگ وخوک که اگر بنامِ خدامذبوح شوند حلال نمی مگرد، کذافی الإکلیل، ج: ۲، من تفسیر فتح العزیز للشاه عبدالعزیز المحدث دهلوی)(۱).

---

(۱) "ملعونٌ من ذبح لغیر الله"(فتاو ی عزیز ی، ص: ۵۰۵، سعید)

"لعن اللهمن ذبح لغیر الله"(التفسیر المظهری: ۳/۲۰، حافظ کتب خانه)

"عن علی رضی الله تعالیٰ عنه حدثنی رسول اللهصلی اللهعلیه وسلم بأربع کلمات : "لعن اللهمن ذبح لغیر الله". (معارج القبول بشرح سلّم الوصل إلی علم الأصول فی التوحید: ۱/۴۱۲،سعودی)

ترجمہ: اکثرعوام کےطرف سےمردوں کی خاطر جونذر چڑھائی جاتی ہےاور بزرگوں کےمزارات پر جوموم بتی خوشبواورروپیہ چڑھایا جاتا ہے جس کا مقصدان بزرگوں کوخوش کرنااوران کا تقرب حاصل کرنا ہے یہ سب باتفاق ائمہ حرام ہے اور باطل ہیں (درمختار) طحطاوی میں ان کے حرام اور ناجائز ہونے کی کئی وجہ لکھی ہیں: ایک تو یہ کہ مخلوق کے لئے نذر ماننا ہے، حالانکہ نذر عبادت ہے جوخالق کے ساتھ مخصوص ہے۔دوسرے یہ کہ جس کے لئے نذر مانی ہے وہ مردہ ہےتو بھلاوہ کسی چیز کا کیسے مالک ہوسکتا ہےاور تیسرے یہ کہ اس میت کے ساتھ یہ اعتقاد بھی کیا جاتا ہے کہ وہ عالم میں تصرف کرتا ہےاور یہ عقیدہ رکھنا تو کفر ہے۔ .....=

غیر اللہ کی نذر کا کھانا کیا کیا جائے

سوال[۱۴۵]: غیر اللہ کی نذر و نیاز کا کھانا بلا علم تحفہ میں آجائے اور پھر واپس کرنے پر واپس نہ لیں تو اس کو غرباء کو دیا جا سکتا ہے کہ نہیں یا دفن کر دیا جائے یا جانور کو دیدیا جائے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

اگر غیر اللہ کے نام کی نذر ہے تو اس کو ایسی جگہ رکھ دیا جائے کہ اسے جانور کھالے(۱)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہٗ، دارالعلوم دیوبند، ۱۵/ ۶/ ۸۷ھ۔

الجواب صحیح: بندہ محمد نظام الدین عفی عنہ، ۱۶/ ۶/ ۸۷ھ

= الاکلیل: ۲/ ۶، میں ہے، دوسرے وہ جانور بھی حرام ہیں جن کے بارے میں اعلان اور شہرت دیدی گئی ہو کہ یہ غیر اللہ کے واسطے ہیں، خواہ وہ غیر اللہ بت ہو یا کوئی خبیث روح جیسا کہ بت وغیرہ کے نام پر بھوگ چڑھاتے ہیں اور خواہ وہ روح کسی ایسے جن کی ہو جو کسی مکان پر مسلط ہو اور وہ بغیر اس جانور کے بھینٹ چڑھائے وہ جن اس گھر کے رہنے والوں سے دست بردار نہ ہو یا وہ جن توپ کو نہ چلانے دے اور ایسے ہی کسی پیر پیغمبر کے واسطے کوئی زندہ جانور موسوم کر دیا جائے، یہ سب شکلیں حرام ہیں اور صحیح حدیث میں آیا ہے کہ ''جو شخص کسی جانور کو ذبح کر کے غیر اللہ کا تقرب کرنا چاہے وہ ملعون ہے'' خواہ ذبح کے وقت غیر اللہ کا نام لے یا نہ لے۔ اس واسطے ہے کہ جب اس بات کی شہرت دیدی گئی کہ یہ جانور فلاں (پیر، پیغمبر) کے واسطے تو بوقت ذبح خدا کا نام لینا مفید نہ ہوگا، کیونکہ وہ جانور غیر اللہ کی طرف منسوب ہو ہی چکا ہے اور اس نسبت کی وجہ سے اس میں ایسی برائی پیدا ہوگئی، جو مردار کی برائی سے کہیں زیادہ ہے کیونکہ مردار میں صرف یہی برائی ہے کہ اس کی موت بغیر اللہ کے نام لئے ہوئے واقع ہوئی ہے اور اس جانور کی جان اس غیر خدا کے لئے مقرر کر کے لی گئی ہے اور یہ عین شرک ہے اور جب یہ برائی اس میں سرایت پذیر ہوگئی تو اب نام خدا لینے سے یہ حلال نہیں ہو سکتا جیسے کہ کتا اور سور اگر خدا کا نام لے کر ذبح کیا جائے۔ تو حلال نہیں ہو جاتے ہیں۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

(۱) ''قیل: لتحمل الخمر إلیها، أما إذاقیدت إلی الخمر، فلابأس به کمافی الکلب والمیتة''. (الهدایة، کتاب الأشربة: ۴/ ۴۹۶، شرکة علمیة)

''قال بعض المشایخ: لوقاد الدابة إلی الخمر لابأس به''. (رد المحتار: ۶/ ۴۴۹، کتاب الأشربة، سعید)

''قال بعض المشایخ: لونقل الدابة إلی الخمر لابأس به، ولو نقل الخمر إلی الدابة یکره''. (الفتاوی العالمکیریة، کتاب الأشربة: ۵/ ۴۱۱، رشیدیه)

''قوله: کمافی الکلب: أی لایحمل المیتة إلی الکلب، لکن یؤتی الکلب إلیها''. (الکفایة مع فتح القدیر، کتاب الأشربة، فصل طبخ العصیر: ۹/ ۴۰، المکتبه النوریه الرضویة سکهر)

Made Se[Made searchable using ScribeTools.com]pols.com

ما یتعلق بالاستمداد بغیر اللہ تعالیٰ

(غیر اللہ سے مدد طلب کرنے کا بیان)

الاستغاثۃ

سوال[۱۴۶]: الاستغاثة إلى المخلوق، والإ ستغاثة فوق الأسباب، و دعائه دعاءً غيبياً حياً كان المدعو أو ميتاً إشراك باللّٰه تعالىٰ أم لا؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

"يكفر بقوله: أرواح المشايخ حاضرة تعلم". كذا فى مجمع الأنهر (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۴/۱۱/۸۸ھ۔

نداء الاموات

سوال[۱۴۷]: إذا دعا أحد: يا شيخ محى الدين رحمه اللّٰه تعالىٰ! يا أبا بكر! يا عثمان!، وغيرهم من الأولياء الكرام،بعض العلماء يقولون: هو شرك محض،والبعض يقولون ليس بشركٍ،وإذا كان شركاً فما الجواب لما ورد فى التحيات" أيها النبى" فإن الناس يقولون: إن الأولياء يسمعون بعد الموت، إذا سئل شيئاً يجيبون،و هكذا عقيدة الناس، و فى أكثر البلاد يقرأ الناس: محى الدين شيئًا للّٰه،وفيه يدعو العامة: يا محى الدين! فإنهم يقولون: إن محى الدين

---

(۱) (مجمع الأنهر،باب المرتد، النوع الأول : ۱/ ۶۹۱،دار إحياء التراث العربى)

(وكذا فى الفتاوىٰ البزازية: ۶/ ۳۲۶، كتاب ألفاظ تكون إسلاماً أو كفراً، الفصل الثانى، النوع الثانى فيما يتعلق باللّٰه تعالىٰ، رشيديه)

(وكذا فى البحر الرائق، كتاب السير، باب أحكام المرتدين: ۵/ ۲۰۹،رشيديه)

یحضر فی ذلك المجلس و یجیب دعائهم، و هذا مجرب لأكثر الناس،إن الناس لا یفهم أن محی الدین هو الله،و لكن یقولون: و له مرتبة لیس ذلك لعامة العلماء والناس، ما الجواب؟(۱).

الجواب حامداً و مصلیاً:

من اعتقد أن الأولیاء والصلحاء بعد مفارقة أرواحهم من الأبدان یتصرفون فی الكون،و لهم قدرة علی أن یغیثوا من استغاثهم،و یسمعون و یَصِلون للإعانة من أیّ مكانٍ ینادون،فهذا الإعتقاد لا أصل له فی الدین من الكتاب والسنة،وقد صرّح الفقهاء بخلافه حیث قالوا فی باب المرتد: "و یكفر بقوله: أرواح المشایخ حاضرة تعلم اهـ". مجمع :۱/۶۹۹(۲)

---

(۱)(**ترجمۂ سوال و جواب**): "جب کوئی شخص "یا شیخ محی الدین، یا ابوبکر، یا عثمان" یا ان کے علاوہ دوسرے اولیاء کرام کو پکارتا ہے، بعض علماء کہتے ہیں کہ یہ شرک محض ہے اور بعض کہتے ہیں کہ شرک نہیں اور اگر شرک ہو تو اس کا کیا جواب ہوگا، جو التحیات میں "أیها النبی" وارد ہوا ہے، پس بے شک لوگ کہتے ہیں کہ اولیاء موت کے بعد بھی سنتے ہیں اور جب ان سے کسی چیز کا سوال کیا جاتا ہے، اس کا جواب دیتے ہیں، لوگوں کا عقیدہ یہی ہے اور اکثر بلاد میں لوگ "محی الدین شیئاً للہ" کہتے ہیں اور عوام "یا محی الدین"۔ پس بلاشبہ وہ اس کے قائل ہیں کہ محی الدین اس مجلس میں موجود ہیں اور ان کی پکار کا جواب دیتے ہیں، یہ اکثر لوگوں کا مجرب ہے، لوگ یہ نہیں سمجھتے کہ محی الدین ہی اللہ ہے، البتہ اس کے قائل ہیں کہ ان کا ایسا مرتبہ ہے جو عامۂ علماء اور عام لوگوں کا نہیں ہے، اس کا کیا جواب ہے؟

الجواب: جو شخص اس کا معتقد ہے کہ اولیاء وصلحاء اپنی ارواح کے بدنوں کے جدا ہونے کے بعد بھی عالم میں تصرف کرتے ہیں اور ان کو اس کی قدرت ہے کہ اپنے سے مدد طلب کرنیوالوں کی مدد کریں اور جس جگہ سے بھی ان کو پکارا جائے، ان کی سنیں اور ان کی مدد کو پہونچیں، تو اس اعتقاد کی دین میں کتاب وسنت سے کوئی اصل نہیں، اور تحقیق فقہاء نے اس کے خلاف کی صراحت کی ہے اس طرح کہ مرتد کے باب میں بیان کیا ہے کہ ارواح مشائخ کو حاضر وناظر اعتقاد کرنے سے انسان کافر ہو جاتا ہے، مجمع الأنہر: ۱/ ۶۹۹، والبحر الرائق: ۵/۱۲۴۔ اور ردالمحتار میں کہا ہے کہ اگر کوئی یہ گمان کرے کہ مردہ امور میں تصرف کرتا ہے، نہ کہ اللہ تعالیٰ، تو وہ کافر ہو جائے گا۔ ۲/ ۱۲۸۔ اسی طرح طحطاوی علی مراقی الفلاح میں ہے۔

تشہد میں جو نداء وخطاب کا صیغہ وارد ہوا ہے، تو وہ نقل کے طور پر پڑھا جاتا ہے، اصل خطاب اور ہر تشہد پڑھنے والے کے پاس آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی روح کریمہ کے موجود ہونے کی بنا پر نہیں، جیسا کہ "یا جبال أوّبی" (سورۃ السباء: ۱۰) وغیرہ بہت سی آیات قرآن کریم میں پڑھی جاتی ہیں اور سوائے نقل کے ان سے کچھ اور مقصود نہیں"۔

(۲) (مجمع الأنهر، باب المرتد، ثم إن ألفاظ الكفر أنواع : الأول فیما یتعلق بالله تعالیٰ : ۱/ ۶۹۱، دار إحیاء التراث العربی)

Made searchable using ScribeTools.com

والبحر الرائق: ٥/١٢٤(١)۔ وقال فی رد المحتار: "إن ظن أن المیت متصرف فی الأمور دون اللّٰہ تعالیٰ، کفر". ٢/١٢٨ (٢)، و کذا فی الطحطاوی علی مراقی الفلاح، ص:٣٧٨ (٣) ۔

وأما ما ورد فی التشهد من صیغة النداء والخطاب،فهو یقرأ علی سبیل النقل،لا لأصل الخطاب و حضور الروح الکریمة عند کل متشهد کما یقرأ فی القرآن الکریم: ﴿یا جبال أوّبی﴾ (٤) و غیره من الآیات الکثیرة لیس المقصود منها سوی النقل ۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

انبیائے کرام کو پکارنا

سوال[۱۴۸]: بعض لوگ مصیبت اور حاجت کے وقت انبیاء علیہم السلام، یا اولیاء کرام کو دور سے بطور استمداد پکارتے ہیں اور اعتقاد رکھتے ہیں کہ وہ سنتے ہیں، اس صورت سے کہنا (ان کو پکارنا) جائز ہے یا نہیں؟ اور اس اعتقاد والے کا کیا حکم ہے؟

دور سے، "یارسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم" کہنا یا نماز میں "أیها النبی" پڑھنا اور یہ اعتقاد رکھنا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہماری پکار کو سن رہے ہیں اور خبردار ہوتے ہیں، ایسے اعتقاد والے پر کیا حکم ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

یہ عقیدہ بھی اسلام کے خلاف ہے، جب ایسا عقیدہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے متعلق رکھنا کفر ہے تو کسی اور نبی، یا ولی کے متعلق کیسے درست ہوگا؟ (۵) "یارسول اللہ" اس عقیدے سے کہنا کہ ہر جگہ سے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس آواز کو خود سنتے ہیں ناجائز ہے اور اس عقیدہ سے کہنا کہ ملائکہ آپ کو اس کی اطلاع کرتے

---

(۱) "وفی البزازیة: قال علماؤنا : من قال أرواح المشایخ حاضرة تعلم یکفر". (البحر الرائق، کتاب السیر،باب أحکام المرتدین : ٥/ ٢٠٩،رشیدیه)

(۲) (رد المحتار، کتاب الصوم، مطلب فی النذر الذی یقع للأموات من أکثر العوام من شمع أو زیت أونحوه : ٢/ ٤٣٩،سعید)

(۳) (الطحطاوی علی مراقي الفلاح، کتاب الصوم، باب ما یلزم الوفاء به ،ص: ٦٩٣،قدیمی)

(۴) (سورة السباء : ١٠)

(۵) "إن الناس قد أکثروا من دعاء غیر اللّٰہ تعالیٰ من الأولیاء الأحیاء منهم والأموات وغیرهم،مثل: یا سیدی فلان! أغثنی، و لیس ذلک من التوسل المباح في شيء، واللائق بحال المؤمن عدم التفوه =

ہیں درست ہے(۱)،لیکن عوام کے عقائد میں ضرور اس سے فساد آتا ہے لہٰذا اس سے بچنا چاہیے۔

"أیها النبی" نماز میں پڑھنا شرعاً ثابت ہے لہٰذا اس کو پڑھنا جائز ہے(۲) اور عقیدہ یہ رکھنا چاہئے کہ ملائکہ کے ذریعے سے درود وسلام آپ تک پہنچتا ہے(۳)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۶/۴/۵۵ھ۔

صحیح: سعید احمد غفرلہ۔

اولیاء اللہ سے مدد مانگنا

سوال[۱۴۹]: اولیاء اللہ سے مدد مانگنا جائز ہے، یا نہیں؟ فقط

الجواب حامداً ومصلیاً:

حضرات اولیاء اللہ کو اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں وسیلہ بنا کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگنا درست ہے، مثلاً: یا اللہ اپنے اولیاء کے طفیل یا فلاں بزرگ کے طفیل مجھے نیک بیٹا عطا فرما(۴)، خود براہ راست اولیاء اللہ سے یہ چیز نہ

= بذلک،وأن لا یحوم حول حماه،وقد عدّه أناس من العلماء شرکاً".(روح المعانی،[المائدة : ۳۵]، ۱۲۶/۶،دار إحیاء التراث العربی)

(۱) "قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : " إن لله ملائکةً سیاحین فی الأرض یبلغوني من أمتي السلام".(مشکوة المصابیح، کتاب الصلاة، باب الصلاة علی النبي صلی الله تعالیٰ علیه وسلم و فضلها: ۸۶/۱،قدیمی)

(۲) "قال عبد الله : کنا إذا صلینا خلف النبي صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قلنا: السلام علی جبرئیل و میکائیل، السلام علی فلان و فلان، فالتفت إلینا رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فقال : "إن الله هو السلام، فإذا صلّی أحدکم فلیقل: التحیات لله والصلوات والطیبات السلام علیک أیها النبي و رحمة الله و برکاته ..... الخ". (صحیح البخاری، باب التشهد فی الآخرة : ۱۱۵/۱،قدیمی)

(۳)(راجع الحاشیة المتقدمة رقمها : ۱)

(۴) "عندنا و عند مشایخنا رحمهم الله تعالیٰ یجوز التوسل فی الدعوات بالأنبیاء والصالحین من الأولیاء والشهداء والصدیقین فی حیاتهم و بعد وفاتهم بأن یقول في دعائه : أللهم إني أتوسل إلیک بفلان أن تجیب دعوتي و تقضي حاجتي إلی غیر ذلک". (المهند علی المفند، الجواب عن السوال الرابع،ص: ۳۲،مکتبة العلم)

Made searchable using ScribeTools.com

مانگی جائے کہ اے فلاں بزرگ آپ مجھے بیٹا دے دیجئے، اسی طرح کسی مصیبت یا بیماری وغیرہ میں مبتلا ہوتو بزرگ کو وسیلہ بنا کر اللہ تعالی سے مدد مانگے، براہ راست بزرگ سے نہیں، جیسے کہ بعض جگہ دستور ہے کہ بڑے پیر صاحب، یا کسی اَور بزرگ سے مدد مانگتے ہیں اور کہتے ہیں: "یا غوث المدد" شرعاً اس کی اجازت نہیں (۱) جو شخص متبع سنت اور نیک آدمی ہو ہمارے اطراف میں، اس کو وہابی کہتے ہیں، اگر چہ وہ کچھ بھی مراد لیں۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ دارالعلوم دیوبند، ۲۹/۶/۸۷ھ۔

الجواب صحیح: بندہ محمد نظام الدین عفی عنہ، مفتی دارالعلوم دیوبند، ۲۹/۶/۶۷ھ۔

پیران پیر سے مدد مانگنا

سوال[۱۵۰]: ایک عورت دردزہ کی تکلیف میں کسی ولی سے استغاثہ کا کلمہ مثلاً: ''یا محی الدین'' بے اختیار زبان سے کہتی رہے، تو اس کے متعلق کیا حکم ہے؟ نیز اس علاقہ میں استغاثہ کرنا عوام میں رائج ہے، مثلاً ''یا غوث الأعظم''، لیکن یقین کے ساتھ نہیں کہا جا سکتا کہ ان کہنے والوں کے پیش نظر واقعۃً ان اولیاء سے استغاثہ ہی مقصود ہے، اس صورت میں کیا حکم ہے؟ بلکہ صراحۃً جب پوچھا جائے تو وہ بھی استغاثہ کی نفی ہی کرتے ہیں، گویا محض عادتاً یہ کلمات زبان پر جاری ہوتے ہیں۔ محمد مصطفیٰ مدراسی۔

---

(۱) "دوم آنکہ بالاستقلال چیزے کہ خصوصیت بجناب الٰہی دارد مثل: دادنِ فرزند، یا بارش باراں، یا دفعِ امراض، یا طولِ عمر، و مانندِ آں چیزہائے آنکہ دعاء و سوال از جنابِ الٰہی در نیت منظور باشد از مخلوقے درخواست نمایند، این نوع حرام مطلق، بلکہ کفر است. واگر مسلمانان کسے از اولیائے مذہبِ خود خواہ زندہ باشد یا مردہ این نوع مدد خواہد از دائرہ مسلمانان خارج می شود". (فتاوی عزیزی، بیان در شبہاتِ بت پرستاں: ۱/۴۵، ۴۶، کتب خانہ رحمیہ دیوبند)

"إن الناس قد أكثروا من دعاء غير الله تعالىٰ من الأولياء الأحياء منهم والأموات و غيرهم، مثل: "يا سيدى فلان! أغثني"، و ليس ذلك من التوسل المباح في شيء، واللائق بحال المؤمن عدم التفوه بذلك، وأن لا يحوم حول حماه، و قد عدّه أناس من العلماء شركاً، و إن لا يكنه فهو قريب منه". (روح المعاني، [المائدة: ۳۵] ۶/۱۲۸، دارإحياء التراث العربي)

Made Searchable by ScribeTools.com

الجواب حامداًومصلیاً:

اگر حضرت محی الدین قدس اللہ سرہ کو حاضر وناظر، فریادرس اعتقاد نہ کرتے ہوئے بھی یہ صورت اختیار کی جاتی ہے، تب بھی یہ صورۃً شرک ہے، اس لئے اس سے توبہ واجتناب ضروری ہے، اگر اعتقاد بھی ہوتو پھر شرک ظاہر ہے، جیسا کہ مجمع الأنہر میں ہے(۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۲۴/ ۵/ ۹۴ھ۔

پیران پیر سے مدد مانگنے سے متعلق شعر کا حکم

سوال[۱۵۱]:

اللہ میرے بادشاہ ہیں محمد وزیر
توڑ دو میری مصیبتیں کھول دو میری زنجیر
مدد کر پیران پیر

آیا اس قسم کے کلمات شرک ہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

حضرت پیران پیر قدس اللہ سرّہٗ، یا اور کسی بزرگ مرحوم سے مدد مانگنا جائز نہیں(۲) اگر اعتقاد یہ ہو کہ وہ مدد کرتے ہیں اور میری آواز کو سنتے ہیں تو یہ شرک ہے(۳) اس لئے ہرگز اس طرح دعا نہ کی جائے، دعاء

---

(۱) "و یکفر بقوله: أرواح المشایخ حاضرة تعلم". (مجمع الأنهر، باب المرتد، النوع الأول: ۱/ ۶۹۱، دار إحیاء التراث العربی)

(وکذا فی البحر الرائق، کتاب السیر، باب أحکام المرتدین، ۵/ ۲۰۹، رشیدیه)

(۲) قال الله تعالیٰ: ﴿و لا تدع من دون الله ما لا ینفعک و لا یضرک، فإن فعلت فإنک إذاً من الظالمین، وإن یمسسک الله بضر فلا کاشف له إلا هو، وإن یردک بخیر فلا رآدّ لفضله﴾. (یونس: ۱۰۶، ۱۰۷)

قال الله تعالیٰ: ﴿و من أضل ممن یدعوا من دون الله من لا یستجیب له إلی یوم القیامة، وهم عن دعائهم غافلون﴾" (الاحقاف: ۵)

(۳) "و یکفر بقوله: أرواح المشایخ حاضرة تعلم". (مجمع الأنهر، باب المرتد، النوع =

Made searchable using ScribeTools.com

صرف اللہ تعالیٰ سے مانگنی چاہیئے (۱) کہ وہ واجب وخالق ہے، حاضر وناظر ہے، معین ومددگار ہے، سمیع وبصیر ہے، اَور کسی کی یہ شان نہیں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۹/ ۵/ ۹۴ھ۔

پیر وفقیر سے حاجتیں مانگنا

سوال[۱۵۲]: جوشخص یہ عقیدہ رکھے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بشر نہیں بلکہ نور ہیں، یعنی خدا کے نور سے جدا ہیں، یا ان کو خدا نے نوری ذات سے پیدا کیا ہے، اور تمام انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام عالم الغیب ما کان وما یکون اور ہر جگہ حاضر وناظر ہیں، اسی طرح تمام پیغمبر علیہم الصلاۃ والسلام، پیر فقیر خدائی طاقتوں کے مالک ہیں، اب ہمیں پیروں فقیروں سے حاجت مانگنی چاہیے، کیونکہ یہ ہمارے خدا کے وکیل ہیں، ہماری سفارش کر کے کام کروادیں گے، ایسے عقیدہ والا آدمی شریعتِ محمدی میں مسلمان ہے، یا کافر؟ اس کے ساتھ مسلمانوں جیسا برتاؤ کرنا چاہیے یعنی نماز جنازہ پڑھنا اور مسلمانوں کے قبرستان میں دفن کرنا چاہئے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

ایسے عقیدے رکھنا درست نہیں (۲)، ایسے شخص کو توبہ لازم ہے، اگر ایسے عقیدے والے آدمی کو ان عقیدوں کے اعتبار سے دلائل کی روشنی میں دیکھا جائے اور تاویل بعید کر کے اس کو نہ بچایا جائے، تو اس کو مومن و

= الأول: ۱/ ۲۹۱، دار إحياء التراث العربی)

(وكذا فی البحر الرائق، كتاب السير، باب أحكام المرتدين، ۵/ ۲۰۹، رشيديه)

(۱) قال الله تعالیٰ: ﴿وقال ربكم ادعوني استجب لكم﴾ (المومن: ۶۰)

وقال الله تعالیٰ: ﴿أجيب دعوة الداع إذا دعان فليستجيبوا لی و ليؤمنوا بي، لعلهم يرشدون﴾. (البقرة: ۱۸۶)

"وإذا سألت فاسئل الله و إذا استعنت فاستعن بالله". (المشكوة، باب التوكل والصبر: ۲/ ۴۵۳، قديمی)

(۲) قال الله تعالیٰ: ﴿قل إنما أنا بشر مثلكم﴾". (الكهف: ۱۱۰)

"ثم اعلم أن الأنبياء عليهم الصلاة والسلام لم يعلموا المغيبات من الأشياء إلا ما علّمهم الله تعالیٰ أحياناً، و ذكر الحنفية تصريحاً بالتكفير باعتقاده أن النبی صلی الله تعالیٰ عليه وسلم يعلم الغيب لمعارضة قوله تعالیٰ: ﴿قل لا يعلم من فی السموات والأرض الغيب إلا الله﴾ كذا فی المسايرة". (شرح الفقه الأكبر =

موحد نہیں کہا جائے گا بلکہ اس کے اوپر مشرک ہونے کا حکم لگایا جائے گا(۱)، مگر چونکہ شریعت کا حکم یہ بھی ہے کہ جہاں تک ہو سکے مسلمان پر کفر کا حکم نہ لگایا جائے اور اس کے کلام کی ایسی تاویل کر لی جائے کہ وہ مسلمان رہ سکے اور کفر سے بچ جائے خواہ وہ تاویل کتنی ہی بعید ہو، اس لئے ایسے آدمی پر کفر کا فتویٰ لگا کر اس کو اسلام سے خارج نہیں کیا جاتا(۲) اور مسلمانوں کی طرح تجہیز و تکفین اور نماز جنازہ کو منع نہیں کیا جاتا، پس اسی سے سمجھ لیجئے کہ ایسے عقیدے کتنے غلط اور خطرناک ہیں۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

طلب الحاجۃ من اہل القبور

سوال[۱۵۳]: قصد قبور العباد الصالحين لعرض الحاجات إليهم، وكانت الشفاعة منهم ليس أمراً مشروعاً، بل هو شرك بالله أو بدعة محرمة؟

الجواب حامداًومصلياً:

قصد القبور وزيارتها لتذكر الآخرة والموت مندوب كماورد فى الحديث (۳) وطلب الحاجة من الله تعالى متوسلاً و متشفعاً بأوليائه مباح (٤) و طلب الحاجة من أهل القبور

= لملا على القارى، ص: ۱۵۱، قديمى)

(۱) "ويكفر: بقوله: أرواح المشايخ حاضرة تعلم". (مجمع الأنهر، باب المرتد، ص: ۱/ ۶۹۱، دار إحياء التراث العربى)

(۲) وفى الدر المختار: "إذا كان فى المسئلة وجوه توجب الكفر وواحد يمنعه، فعلى المفتى الميل لما يمنعه". (باب المرتد من كتاب الجهاد: ۴/ ۲۳۰، سعيد)

"وقد ذكروا أن المسئلة المتعلقة بالكفر إذا كان لها تسع و تسعون احتمالاً للكفر، واحتمال واحد فى نفيه، فالأولى للمفتى والقاضى أن يعمل بالاحتمال النافى؛ لأن الخطأ فى إبقاء ألف كافر أهون من الخطأ فى إفناء مسلم واحد". (شرح الفقه الأكبر للقارى، أواخر بحث التوبة، ص: ۱۶۲، قديمى)

(۳) "عن أبى هريرة رضى الله تعالىٰ عنه قال النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: ..... "فزوروا القبور، فإنها تذكركم الموت". (الصحيح لمسلم، كتاب الجنائز: ۱/ ۳۱۴، قديمى)

(۴) "عندنا و عند مشايخنا رحمهم الله تعالىٰ يجوز التوسل فى الدعوات بالأنبياء والصالحين من الأولياء والشهداء والصديقين فى حياتهم و بعد وفاتهم بأن يقول في دعائه: اللهم إني أتوسل إليك بفلان أن تجيب دعوتي و تقضي حاجتي إلى غير ذلك". (المهند على المفند، الجواب عن السوال =

Made searchable using ScribeTools.com

بدعة؛ لأنه قريب من الشرك (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۴/۱۱/۸۸ھ۔

اولیاء سے استمداد

سوال[۱۵۴]: مزارات پر چادر چڑھانا اولیاء اللہ سے استمداد چاہنا کن صورتوں میں جائز ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

مزارات پر چادر چڑھانا منع ہے "ویکرہ الستور علی القبور" (۲) اولیاء اللہ کی ارواح سے استمداد کرنا یعنی یہ عقیدہ رکھنا کہ ہم جب مصیبت میں گرفتار ہو کر ان بزرگوں کو آواز دیتے اور ان سے مدد مانگتے ہیں تو وہ ہماری فریاد کو ہر جگہ سنتے اور ہماری مدد کے لئے آتے ہیں، یہ عقیدہ اسلامی عقیدہ نہیں بلکہ مشرکانہ عقیدہ ہے، اس سے اسلام سلامت رہنا دشوار ہے: "ویکفر بقوله: أرواح المشايخ حاضرة تعلم". (مجمع الأنهر: ۲/۶۹۹)(۳)۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم۔

استمداد

سوال[۱۵۵]: زید کہتا ہے کہ استمداد غیر اللہ حرام ہے خواہ حالِ حیات میں ہو یا بعد از موت، خواہ انبیاء علیہم السلام ہوں یا صلحاء واولیاء وغیرہ اور زید اپنے استدلال میں آیت کریمہ پیش کرتا ہے ﴿إياك نعبد و إياك نستعين﴾ (۴) اور حدیث بھی پیش کرتا ہے "إذا استعنت فاستعن باللّٰه" (۵)۔

= الرابع، ص: ۳۲، مكتبة العلم)

(۱) "لم يشك في أن الإستغاثة بأصحاب القبور ..... أمر يجب اجتنابه، و لا يليق بأرباب العقول إرتكابه". (روح المعاني، [المائدة: ۳۵]: ۶/۱۲۹، دار إحياء التراث العربي)

(۲) (رد المحتار، كتاب الحظر والإباحة، قبيل فصل في النظر واللمس: ۶/۳۶۳، سعيد)

(۳) (مجمع الأنهر، كتاب السير والجهاد، باب المرتد، ثم إن ألفاظ الكفر أنواع: ۲/۵۰۵، الغفارية)
(وكذا في البحر الرائق، كتاب السير، باب أحكام المرتدين: ۵/۲۰۹، رشيديه)

(۴) (الفاتحه: ۴)

(۵) (مشكوة المصابيح، باب التوكل والصبر: ۲/۴۵۳، قديمي)

اورعمر کہتا ہے تمہارا یہ قول استمداد غیر اللہ خواہ حال حیات میں ہو یا ممات میں ہو حرام ہے اور ہم دیکھتے ہیں کہ ہر کس و ناکس حالتِ حیات میں امداد طلب کرتا ہے، بقول تمہارے حرام ہے اور نیز انبیاء واولیاء وغیرہ کے توسل سے استمداد کرنا، تمہارا یہ کہنا صحیح نہیں کیونکہ حدیث کے خلاف ہے:"إذا أراد عوناً، فلينادِ عباد الله أعينوني يا عباد الله أعينوني"(۱)۔ محمد فائق پرتاب گڈھی طالب مدرسہ ہذا۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

آج کل عوام میں جو طریقہ استمداد باہل القبور کا جاری ہے وہ حرام بلکہ شرک ہے، کیونکہ عوام اعتقاد کرتے ہیں کہ اہل قبور ہماری آواز کو ہر جگہ سے سنتے ہیں، اور مستقل علم وقدرت رکھتے ہیں کہ ہر جگہ سے ہماری ہر طرح کی امداد کر سکتے ہیں، یہ عقیدہ شرک ہے(۲)۔

"ويكفر بقوله: أرواح المشايخ حاضرة تعلم اه" مجمع.(۳) "و ذكر الحنفية تصريحاً بالتكفير باعتقاده أن النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يعلم الغيب لمعارضة قوله تعالىٰ: ﴿قل لا يعلم من فى السموات والأرض الغيب إلا الله﴾ كذا فى المسايرة". شرح فقه اكبر(٤)۔

" أهل الهند لهم اليد الطولىٰ فى ذلك قاتلهم الله، فإنهم يطوفون بقبر الولى الذى

---

(۱) "عن عتبة بن غزوان عن نبي الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قال:"إذا ضلّ أحدكم شيئاً أو أراد عوناً و هو بأرض ليس بها أنيس، فليقل : يا عباد الله! أعينوني،فإن لله عباداً لا نراهم". و قد جرّب ذلك". رواه الطبرانى و رجاله وثقوا على ضعف في بعضهم إلا أن يزيد بن عليّ لم يدرك عتبة". (مجمع الزوائد، كتاب الأذكار،باب ما يقول إذا انفلتت دابته أو أراد غوثاً أو أضل شيئاً: ۱۰/۱۳۲،دار الفكر)

لیکن یہ حدیث ضعیف اور منقطع ہونے کی وجہ سے قابلِ استدلال نہیں کما اشار الیہ المصنفؒ۔

(۲) "و لا أرى أحداً ممن يقول ذلك إلا وهو يعتقد أن المدعو الحي الغائب أو الميت المغيب يعلم الغيب أو يسمع النداء، ويقدر بالذات أو بالغير على جلب الخير و دفع الأذى، وإلا لما ادعاه ولا فتح فاه".(روح المعانى (المائدة:۳۵): ۶/۱۲۸،دار إحياء التراث العربى)

(۳)(مجمع الأنهر،باب المرتد ، ص: ۱/۶۹۱،دار إحياء التراث العربى)

(۴) (شرح الفقه الأكبر للملا على القارى ،ص: ۱۵۱،قديمى)

(والمسايرة مع المسامرة، ص: ۲/۸۸،مصر)

Made Searchable using ScribeTools.com

یعتقدون فیه، و یظنون أنهم هو المتصرف فی الکون، وأن الإنسان إذا تمسك بهذا فلا حاجة له بالصلوة والصیام، وأکثر ما غلوا فی ذلك أتباع سیدنا عبد القادر الجیلانی رضی اللّٰه تعالیٰ عنه و نفعنا ببرکاته، فإنه معاذ اللّٰه أنّی یرضیٰ بتلك الکفریات التی یعتقدونها. "تبلیغ الحق". والبسط فی "الفتاوی العزیزی".

اورحدیث "إذا أراد عوناً" الخ کہاں ہے؟ حوالہ دیا جائے (۱)، البتہ اگر کوئی شخص اللہ تعالیٰ سے یہ دعاء کرے کہ اے خدا اپنے انبیاء اولیاء صلحاء کی برکت سے مجھے بھی صلاحیت دے یا میرا فلاں کام کردے تو اس طرح دعا کرنا درست ہے، نیز بزرگانِ دین کو ایصال ثواب کر کے بطریق مذکور دعاء کرنا موجب برکت ہے۔ احباء سے اپنے روز وشب کے کاروبار میں امداد لینا جائز ہے، کیونکہ انسان مدنی الطبع ہے، بلا ایک دوسرے کی اعانت کے اس کو زندگی بسر کرنا دشوار ہے، نیز اس میں کوئی امر غیر مشروع لازم نہیں آتا۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۳/۵/۵۵ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۳/ جمادی الاولیٰ/ ۵۵ھ۔

اہل قبور سے استمداد

سوال[۱۵۶]: اولیا اللہ (مرحوم) سے دعا مانگنا جائز ہے یا نہیں؟ اور دور سے مدد کے لئے پکارنا؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

مراد صرف اللہ تعالیٰ سے مانگی جائے (۲)، کسی مرحوم ولی کو مدد کے لئے پکارنا منع ہے، اگر یہ عقیدہ ہو کہ ہم جہاں سے پکاریں، ولی مرحوم ہماری پکار کو سنتے ہیں اور ہماری مدد کے لئے آتے ہیں، تو یہ عقیدہ قطعاً غلط اور

---

(۱) (راجع، ص: ۳۵۴، رقم الحاشیة: ۱)

(۲) قال اللّٰه تعالیٰ: ﴿إیاك نعبد و إیاك نستعین﴾. (الفاتحة: ۴)

"وإذا سألت فاسئل اللّٰه، وإذا استعنت فاستعن باللّٰه". (مشکوة المصابیح، باب التوکل والصبر: ۲/۴۵۳، قدیمی)

تعلیمات اسلام کے خلاف ہے(۱)،سخت خطرناک ہے:" إن ظن أن الميت يتصرف فی الأمور دون الله تعالیٰ، فاعتقاده ذلك كفرٌ اهـ". درمختار(۲)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

غیر اللہ سے مدد طلب کرنا

سوال[۱۵۷۱]:ایک شخص نامی بنگالی موضع ہذا میں آیا اور اس نے گاؤں کے لوگوں میں یہ کہنا شروع کیا کہ میرے جنات تابع ہیں اور اگر کسی شخص کو کوئی مشکلات ہوں،وہ مجھ سے دور کی جاسکتی ہیں،چنانچہ گاؤں ہذا میں ایک نہیں،بلکہ چالیس گھروں میں اس کا تسلط جمنے لگا اور وہ ایسے ایسے حربے استعمال میں لانے لگا،جس سے گاؤں میں ایک دولڑکیوں کی بھی شادی اس کے ذریعہ سے عمل میں آئی،اب بنگالی نے ختمات بھی پڑھنے شروع کئے،جس ختمات میں یہ جادوگر بنگالی یہ کلمات پڑھتا ہے،بلکہ کل مورخہ تقریباً ۷/۱۰/۴۶ کو اس بنگالی جادو گر نے معہ کچھ افراد ساتھ لے کر اندر ختم یہ پڑھا،جو حرف بحرف گزارش ہے: ﴿واتبعوا ما تتلوا الشياطين علی ملك سليمان و ما كفر سليمان و لكن الشياطين كفروا يعلمون الناس﴾ يا إبليس، أبو جهل، هامان، لعين شداد و نمرود لعين،**هر بلا سے نجات،گواهم من سليمان بادشاه بن داود عليهم السلام المدد**".

اس ختم میں صرف تین اشخاص تھے اور بعد میں دوسرا امام آیا اور اس نے اس معاملہ کو آشکار کیا،برائے کرم جواب جو بروئے شرع محمدی ہو مطلع فرمائیں۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

اس طرح ختم پڑھنا اور اس میں شریک ہونا جائز نہیں،اگر عقیدہ یہ ہو کہ جن کو پکارا گیا ہے،یہ مدد کے

---

(۱) "و لا أرى أحداً ممن يقول ذلك إلا وهو يعتقد أن المدعو الحي الغائب،أو الميت المغيب يعلم الغيب،أو يسمع النداء، و يقدر بالذات،أو بالغير على جلب الخير و دفع الأذى،و إلا لما ادعاه، ولا فتح فاه". (روح المعانی،(المائده : ۳۵)،۶/۱۲۸،دار إحياء التراث العربی)

(۲) (رد المحتار، كتاب الصوم، باب ما يفسد الصوم و ما لا يفسد، مطلب فی النذر الذی يقع للأموات من أكثر العوام من شمع أو زيت أو نحوه: ۲/۴۳۹،سعيد)

(وكذا فی البحر الرائق، كتاب الصوم، فصل فی النذر : ۲/۵۲۰،رشيديه)

(وكذا فی حاشيه الطحطاوی على مراقي الفلاح، كتاب الصوم، باب ما يلزم الوفاء به، ص: ۶۹۳،قديمی)

Made searchable using ScribeTools.com

لئے پہنچتے ہیں تو یہ شرک ہے(۱) اس سے ایمان سلامت نہیں رہے گا(۲)۔فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

صاحب قبر سے دعاء کی درخواست

سوال[۱۵۸]: قبرستان کا زائر صاحب قبر کو خطاب کر کے یوں کہہ سکتا ہے کہ ''اے صاحبِ قبر! آپ اللہ تعالی سے ہماری مغفرت کی دعا کیجئے'' ایک مولوی صاحب کہتے ہیں کہ یہ عمل حدیث شریف سے ثابت ہے۔

الجواب حامداًومصلیاً:

حضرت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے روضہ پر حاضر ہو کر اس طرح دعاء کی درخواست تو ثابت ہے(۳)، لیکن دوسری جگہ کسی قبر پر جا کر کسی صاحب قبر سے اس طرح خطاب کرنا ثابت نہیں، جس حدیث سے اس کے ثبوت میں استدلال کیا جاتا ہے، جب تک وہ سامنے نہ ہو اس کے متعلق کیا عرض کیا جا سکتا ہے۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۸/۱/۸۸ھ۔

---

(۱) "وفی البزازیة: قال علماؤنا : من قال أرواح المشایخ حاضرة تعلم، یکفر". (البحر الرائق، کتاب السیر، باب أحکام المرتدین : ۵/۲۰۹، رشیدیه)

(وکذا مجمع الأنهر، کتاب السیر، باب المرتد، النوع الأول : ۱/۶۹۱، دار إحیاء التراث العربی)

(۲) "و لا تجوز الإستعانة بالجن ، فقد ذم الله تعالی الکافرین علی ذلک فقال الله تعالیٰ: ﴿و أنه کان رجال من الإنس یعوذون برجال من الجن" فزادوهم رهقا'. (الجن :۶)

و قال الله تعالیٰ : ﴿و یوم یحشرهم جمیعاً یا معشر الجن قد استکثرتم من الإنس ، و قال أولیآء هم من الإنس : ربنا استمتع بعضنا ببعض﴾ الآیة. قوله تعالیٰ :﴿قال: النار مثواکم خلدین فیها﴾. (شرح الفقه الأکبر، ص: ۱۵۱، قدیمی)

(وکذا فی شرح العقیدة الطحاویة ، مطلب فی التنازع فی حقیقة السحر وأنواعه ، ص: ۴۲۱)

(۳) "و قد ذکر جماعة: منهم الشیخ أبو نصر بن الصباغ فی کتابه الشامل الحکایة المشهورة عن العتبی قال: کنت جالساً عند قبر النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم، فجاء أعرابی فقال: السلام علیک یا رسول الله،سمعت الله یقول :﴿و لو أنهم إذ ظلموا أنفسهم جاؤوک فاستغفروا الله واستغفر لهم الرسول لوجدوا الله تواباً رحیماً﴾" و قد جئتک مستغفراً لذنبي مستشفعاً بک إلی ربي، ثم أنشأ یقول: =

مُردوں سے قبول دعاء کی درخواست

سوال[۱۵۹]: بزرگان دین کے مزار پر جا کر اس طور سے دعاء کرنا کہ "آپ اللہ کے نیک بندے ہیں، آپ ہماری فلاں پریشانیوں کے سلسلے میں اللہ تعالیٰ سے دعاء فرمادیں کہ اللہ ہماری ضرورت کو پورا کردے" یہ طریقہ درست ہے یا نہیں؟

۲.....اس طرح دعاء کرنا کہ "اے اللہ ہماری فلاں ضرورت ان بزرگوں کے طفیل میں پوری کردے" درست ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

۱.....اس طرح دعا کرنا ثابت نہیں ہے، اس میں ان بزرگوں کو دعاء کرنے کے لئے خطاب کیا گیا ہے، میت کے ساتھ جو معاملہ شرعاً ثابت ہے اس کی اجازت ہے، اپنی طرف سے اس میں اضافہ نہ کیا جائے (۱)۔

= يا خير من دفنت بالقاع أعظمه

فطاب من طيبهن القاع والأكم

نفسي الفداء لقبر أنت ساكنه

فيه العفاف وفيه الجود والكرم

ثم انصرف الأعرابی، فغلبتني عيني فرأيت النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم في النوم فقال: "يا عتبي! ألحق الأعرابی، فبشره أن الله قد غفر له ".(تفسير ابن كثير،(النساء : ٦٤)، ١/ ٢٩١ ،مكتبه دار الفيحاء)

"روى أبو صادق عن علي قال: قدم علينا أعرابی بعد ما دفننا رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم بثلاثة أيام، فرمى بنفسه على قبر رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، و حثا على رأسه من ترابه، فقال : قلت: يا رسول الله! فسمعنا قولك،ووعيتَ عن الله فوعينا عنك،وكان فيما أنزل الله عليك ﴿و لو أنهم إذ ظلموا أنفسهم﴾ الاية . وقد ظلمت نفسي و جئتك تستغفرلي، فنودي من القبر أنه قد غفر لك".(الجامع لأحكام القرآن للقرطبی،[النساء : ٦٤]، ٥/ ١٧٢ ،دار الكتب العلميه بيروت)

(۱) "والتفصيل فی المسئلة أن التوسل بالمخلوق له تفاسير ثلاثة : **الأول**: دعائه واستغاثته كديدن المشركين وهو حرام إجماعاً ..... **الثانی**: طلب الدعاء منه ..... و لم يثبت فی الميت بدليل فيختص هذا المعنى بالحی، **والثالث**: دعاء الله ببركة هذا المخلوق المقبول، وهذا قد جوّزه الجمهور". (بوادر النوادر : ٢/ ٧٠٦، ٧٠٨ ،اداره اسلاميات لاهور)

"ومنهم من يقول للغائب أو الميت من عباد الله تعالىٰ الصالحين: يا فلان! ادع الله تعالىٰ ليرزقنی كذا وكذا، و يزعمون أن ذلك من باب ابتغاء الوسيلة، و يروون عن النبی صلى الله تعالىٰ عليه وسلم أنه =

Made searchable using ScribeTools.com

۲.....اس طرح درست ہے(۱)۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۳/۴/۱۹۸۶ء۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

جواب صحیح ہے: سید مہدی حسن غفرلہ۔

''یا شیخ عبدالقادر شیئاً للہ'' کہنا یا پڑھنا

سوال[۱۲۰]: ''یا شیخ عبدالقادر شیئاً للہ'' کا ترجمہ ومطلب کیا ہے؟ اسے لکھنا اور بطور وظیفہ پڑھنا کیسا ہے؟ یہ کلمہ کب اور کیوں جاری ہوا؟ اس کے محرکِ اول کون ہیں؟ فقط نعمت اللہ جنگ لائن، عابد روڈ حیدرآباد۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

اس میں حضرت سید عبدالقادر صاحب سے کچھ اللہ کے واسطے مانگا گیا، سوال خود ان ہی سے ہے، اور اللہ جل جلالہ عم نوالہ کو وسیلہ بنایا گیا ہے یہ طریقہ غلط ہے، برعکس ہوگیا، مانگنا چاہئے تھا خدائے پاک مالک الملک سے اور وسیلہ بنالیا جاتا اس کے مقبول بندے کو، مگر یہاں معاملہ الٹا ہوگیا، یہ معلوم نہیں اس کا موجد کون ہے، اس کا وظیفہ ناجائز ہے(۲)۔

= قال: ''إذا أعيتكم الأمور فعليكم بأهل القبور، أو فاستغيثوا بأهل القبور''. و كل ذلك بعيد عن الحق بمراحل''. (روح المعانی: ۱۲۵/۶، بیروت)

(۱) ''عن عثمان بن حُنَيف رضی اللہ تعالیٰ عنه أن رجلاً ضرير البصر أتى النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم قال: أدع اللہ لی أن يعافينی (إلى قوله) إنی أسئلك و أتوجه إليك بمحمد نبی الرحمة''. الحديث.

(سنن ابن ماجة، ص: ۱۰۰، كتاب الصلاة، باب صلاة الحاجة، مير محمد)

(و كذا فی مشكوة المصابيح: ص: ۱۳۲، باب الإستسقاء، الفصل الثالث)

(و كذا فی فتح البارى: ۳۹۹/۲، باب تحويل الرداء فی الاستسقاء)

(۲) ''اللہ تعالیٰ جس طرح اپنی ذات مقدسہ میں یکتا ہے اسی طرح اس کی صفات میں کسی کا شریک ہونا ناممکن ہے، غیر اللہ سے استغاثہ اور طلب رزق اللہ تعالیٰ کے ساتھ اس کو شریک کرنا ہے اور اللہ تعالیٰ کا اٹل فیصلہ ہے کہ اس کے ساتھ شریک پیدا کرنے والوں کی مغفرت نہیں ہوگی۔

قال اللہ تعالیٰ: ﴿إن اللہ لا يغفر أن يشرك به و يغفر ما دون ذلك لمن يشآء﴾ (النسآء: ۴۸)

قال العلامة الآلوسی تحتها: '' والشرك يكون بمعنى اعتقاد أن للہ تعالیٰ شأنه شريكاً، إما فی الألوهية أو فی الربوبية ..... (و من يشرك) ..... أی و من يشرك باللہ تعالیٰ الجامع لجميع صفات الكمال من =

Made Searchable by ScribeTools.com

''غوث'' صوفیاء میں ایک منصب اور عہدہ ہے، اپنے لغوی معنی میں نہیں، تاہم اس سے عقائد فاسد ہوتے ہیں یعنی لوگ ان کو فریادرس اور ہر ایک کی پکار سننے والا اور مدد کے لئے پہونچنے والا سمجھتے ہیں تو اس سے بچنا لازم ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۴/۳/۹۵ھ۔

''یا شیخ عبدالقادر جیلانی'' کا وظیفہ

سوال[۱۶۱]: وظیفہ ''یا شیخ عبدالقادر جیلانی شیئاً للہ'' پڑھنا از روئے عقائد اہل سنت والجماعت اور بالخصوص عقائد حنفیہ جائز ہے یا نہیں؟ ونیز حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی کو حاضر وناظر، عالم الغیب وحاجت روا، فریادرس، مشکل کشا، متصرف اور ہر شخص کی ہر مقام سے بروقت ندا اور پکار کا سننے والا سمجھ کر وظیفہ مذکورہ پڑھنا شرعاً کیسا ہے؟

اگر مسجد میں کوئی ایسا کتبہ لگا ہو اور کوئی شخص اس کتبہ کو مسجد کی پیشانی سے (اسے قرآن پاک اور سنت رسول اور عقائد اہل سنت والجماعت کے خلاف بلکہ مسجد کی غرض وغایت کے خلاف سمجھتے ہوئے) محو کردے تو شریعت محمدیہ کے نزدیک اس کا کیا حکم ہے؟ جواب از روئے قرآن پاک وحدیث نبوی وفقہ حنفیہ اور محققین علمائے سلف کے اقوال سے دیا جائے۔ المستفتی: محمد احسن۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

وظیفہ مذکورہ پڑھنا اور یہ عقیدہ رکھنا کہ حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ ہر جگہ حاضر وناظر، عالم الغیب وغیرہ وغیرہ ہیں شرعاً کسی طرح جائز نہیں، ایسا عقیدہ حرام بلکہ شرک ہے کیونکہ یہ صفات خداوند تعالیٰ کے ساتھ خاص ہیں: ﴿وعنده مفاتيح الغيب لا يعلمها إلا هو﴾ (۱) جو شخص کسی اَور میں ان صفات کا عقیدہ رکھتا ہو فقہاء نے اس کی تکفیر کی ہے: "ويكفر لقوله: أرواح المشائخ حاضرة تعلم الخ". مجمع الأنهر: ۱/۶۹۹(۲)۔

= الجمال والجلال، أي شرك كان ﴿فقد افترى إثماً عظيماً﴾. (روح المعاني: ۵/۵۱-۵۴، دار إحياء التراث العربي بيروت)

(۱) (الأنعام: ۵۹)

(۲) (كتاب السير، باب المرتد، ثم إن الفاظ الكفر أنواع، النوع الأول: ۱/۶۹۱، دار إحياء التراث العربي) =

Made searchable using ScribeTools.com

پس ایسے وظیفہ کا کتبہ مسجد میں آویزاں کرنا بھی جائز نہیں اور مسجد کی پیشانی پر کندہ کرنا بھی منع ہے اور اس کا محو کرنا باعث اجر ہے۔

''یا شیخ عبدالقادر جیلانی'' کی جگہ "یا أرحم الراحمین" پڑھنا چاہئے، جس کے قبضہ وقدرت میں شیخ عبدالقادرؒ بلکہ تمام عالم ہے، خلاف شرع عقیدہ رکھنے والوں کو کسی بہتر تدبیر شرعی اور تفہیم سے راہ راست پر لانا چاہئے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارن پور، ۱۲/ ۹/ ۵۶ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبداللطیف مدرسہ مظاہر علوم، ۱۳/ رمضان المبارک/ ۵۶ھ۔

''یا غوث'' کہنا

سوال[۱۶۲]: محفل میلاد شریف میں شریک ہوکر یا غوث کہہ کر چیخنا کیسا ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

یہ ناجائز ہے، ایک قسم کا شرک ہے(۱) ایسی محفل میں شرکت نہ کی جائے (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۵/ ۲/ ۸۹ھ۔

= (وكذا في البزازية على هامش الهندية، كتاب ألفاظ تكون إسلاماً او كفراً، الفصل الثاني، النوع الثاني فيما يتعلق بالله تعالى: ۶/ ۳۲۶، رشيديه)

(والبحر الرائق، كتاب السير، باب أحكام المرتدين: ۵/ ۱۰۹، رشيديه)

(۱) ایسے الفاظ (یا غوث وغیرہ) اکثر اس عقیدے سے کہے جاتے ہیں کہ یہ حضرات ان مجالس میں حاضر ہوتے ہیں اور علم غیب جانتے ہیں اور یہ شرک وکفر ہے:

قال في البحر الرائق: "قال علمائنا: من قال: أرواح المشايخ حاضرة تعلم، يكفر". (كتاب السير، باب أحكام المرتدين: ۵/ ۲۰۹، رشيديه)

(وكذا في الفتاوىٰ البزازية، كتاب ألفاظ تكون إسلاماً أو كفراً الخ: الفصل الثاني، النوع الثاني فيما يتعلق بالله تعالىٰ: ۶/ ۳۲۶، رشيديه)

(۲) قال الله تعالىٰ: ﴿وقد نَزّل عليكم في الكتاب أن إذا سمعتم آيات الله يكفر بها ويستهزأ بها، فلا تقعدوا معهم حتى يخوضوا في حديث غيره، إنكم إذاً مثلهم﴾ (النساء: ۱۴۰) ..... =

''یاغوث الاعظم المدد'' پکارنا

سوال[۱۶۳]: کیا اولیائے کرام کو اٹھتے بیٹھتے پکارنا جیسا کہ ''یاغوث الاعظم المدد'' یا بڑا پیر جائز ہے یا کھلا ہوا شرک ہے، یا ان کے مزارات پر جا کر دعائیں کرنا یا کرانا کہ یہی دعائیں کر سکتے ہیں، انہی کی خدا سنتا ہے، یہیں سے دعائیں قبول ہوتی ہیں اور مرادیں ملتی ہیں، بے اولادوں کو اولادیں ملتی ہیں، بے روزگاروں کو روزگار ملتا ہے؟ فرمایئے ایسے اعتقادات رکھنے والا باوجود کلمہ پڑھنے کے مسلم رہتا ہے یا مشرک ہو جاتا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

ان اعتقادات اور اعمال سے ایمان سلامت نہیں رہتا ہے، اس عقیدہ کو فقہاء نے کفر لکھا ہے: "ویکفر بقوله: أرواح المشائخ حاضرة تعلم اھ". مجمع الأنهر: ۱/۶۹۹(۱)۔

''یاعلی مشکل کشا'' کہنے کا حکم

سوال[۱۶۴]: میں نے عام طور سے لوگوں کو کہتے ہوئے یہ سنا ہے ''یاعلی مشکل کشا'' میرے خیال میں ''مشکل کشا'' مشکل کے حل کرنے والے کو کہتے ہیں اور مشکلات کا حل کرنے والا اللہ تعالیٰ ہے، اس کے علاوہ کوئی نہیں تو کیا حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو مشکل کشا کہنا جائز ہے؟ کسی شاعر نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی

= **قال رشید احمد الکنکوهی**: اس آیت سے عدمِ شرکتِ مجالسِ غیر مشروعہ ثابت ہوتی ہے اس طرح کہ استہزاء بالکتاب اللہ حرام ہے، علی ہذا بدعات خلافِ حکم شرع حرام ہیں، جیسا کہ ان کی شرکت کی حرمت ثابت ہوتی ہے''۔(فتاویٰ رشیدیہ، از تالیفات رشیدیه، کتاب البدعات، شرکتِ مجالس بدعت، ص: ۱۳۷، ۱۳۸، إدارة اسلامیات)

قال الشاطبی: " وعن أبی قلابة: لا تجالسوا أهل الأهواء ولا تجادلوهم، فإنی لا آمن أن یغمسوکم فی ضلالتهم ویلبسوا علیکم ما کنتم تعرفون، قال أیوب: وکان (ابو قلابة) واللہ من الفقهاء ذوی الألباب ..... وعن الحسن: لا تجالس صاحب بدعة، فإنه یمرض قلبک". (الاعتصام، باب فی ذم البدع وسوء منقلب أهلها، فصل: الوجه الثالث من النقل، ص: ۶۵، دار المعرفة)

(۱) (کتاب السیر، باب المرتد، ثم إن ألفاظ الکفر أنواع: ۱/۶۹۰، دار إحیاء التراث العربی بیروت)
(وکذا فی البزازیة علی هامش الهندیة، کتاب ألفاظ تکون إسلاماً أو کفراً، الفصل الثانی، النوع الثانی فیما یتعلق باللہ تعالی: ۶/۳۲۶، رشیدیه)
(والبحر الرائق، کتاب السیر، باب أحکام المرتدین: ۵ ۲۰۹، رشیدیه)

Made searchable using ScribeTools.com

شان میں ایک شعر اس طرح کہا ہے کیا وہ درست ہے؟ وہ یہ ہے:

دور ہوگی اس کی بلا میں نے عقیدت سے کہا
مشکل میں ہوں آ جاؤ یا مولا علی مشکل کشا

الجواب حامداً و مصلیاً:

مشکلات حل کرنے کے لئے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو آواز دینا اور یہ عقیدہ رکھنا کہ اس سے مشکلات حل ہوتی ہیں غلط اور مشابہ شرک ہے(۱) اس سے توبہ اور احتیاط لازم ہے، اس مقصد کے لئے جو شعر لکھا ہے وہ بھی غلط ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۹۲/۹/۱۲ھ۔

چند اشعار اور علی مشکل کشا

سوال[۱۶۵]: شب برات کی محفل میلاد میں ایک شخص نے یہ اشعار کہے جو نیچے درج ہیں، اس پر آپس میں بحث ومباحثہ ہوا کہ ایسے اشعار کہنا بالکل غلط ہے وغیرہ تو ایسے اشعار محفل میلاد اور اس کے علاوہ میں کہنے درست ہیں یا نہیں؟

خدا تک میں رسائی چاہتا ہوں — وسیلہ ہے مرا وہ شیخِ اعظم
شفیع الوریٰ تک پہونچ جاؤں گا میں — پکڑ لوں گا جب حشر میں تیرا دامان
علی سے ملی تجھ کو مشکل کشائی — نہ کیوں مشکلیں پھر ہماری ہوں آسان

---

(۱) "ایں وظیفه متضمن است ندائے اموات را از امکنهٔ بعید، و شرعاً ثابت نیست که اولیآء را قدرتے حاصل است که از امکنهٔ بعیده نِدا را بشنوند، ..... بلکه اعتقاد اینکه غیر حق سبحانه حاضر و ناظر و عالم خفی وجلی در هر وقت و هر آن است اعتقاد شرک است، درفتاوی بزازیة مینویسند: "تزوج بلا شهود و قال: خدای و رسول خداوفرشتگان را گواه کردم، یکفر، لأنه اعتقد أن الرسول والمَلَک یعلمان الغیب، و قال علمائنا: من قال: إن أرواح المشایخ حاضرة تعلم، یکفر". (مجموعة الفتاوی علی هامش خلاصة الفتاوی، کتاب الکراهیة: ۳۳۱/۴، امجد اکیڈمی لاهور)

(وکذا فی الفتاویٰ البزازیة، کتاب ألفاظ تکون إسلاماً أو کفراً، الفصل الثانی، النوع الثانی فیما یتعلق باللہ تعالیٰ: ۳۲۶/۶، رشیدیه)

الجواب حامداً و مصلیاً:

شیخ محقق کامل کی تربیت اور توسل سے طالب صادق کو اللہ پاک کے ساتھ نسبت حاصل ہو جاتی ہے، یہی خدا تک پہونچتا ہے، شفیع الوریٰ کی بارگاہ تک بھی اتباع شیخ کی بدولت پہونچا جا سکتا ہے، لہذا ان دونوں شعروں میں تو کوئی اشکال نہیں۔

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ بہت مشکل مقدمات اور معاملات کو آسانی سے حل فرمادیا کرتے تھے اس لئے ان کو "حلّال المعضلات" کہتے تھے(۱) جس کا فارسی میں ترجمہ "مشکل کشا" ہے، لیکن ان کی محبت وعقیدت میں غلو کرنے والوں نے یہ سمجھ لیا کہ ہر مشکل کو خواہ کسی زمانے میں پیش آئے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ حل کرتے ہیں اور نوبت یہاں تک پہونچ گئی کہ پریشانی اور مصیبت کے وقت "یا علی" پکارتے ہیں حتی کہ اللہ پاک سے بھی وہ لوگ بے نیاز ہو گئے اور جملہ امور میں کارساز حقیقی حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ہی قرار دے لیا، یہ عقیدہ اور طریقہ اسلام کے خلاف اور شرک ہے(۲) اس سے بچنا لازم ہے، یہ مروجہ محفلِ میلاد بھی ممنوع ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۱۵/۹/۸۵ھ۔

الجواب صحیح: بندہ محمد نظام الدین عفی عنہ مفتی دارالعلوم دیوبند، ۱۵/۹/۸۵ھ۔

---

(۱) "وقد اشتهر أبو الحسن علی رضی الله تعالیٰ عنه بالقضاء، حتی صار یضرب به المثل فی حل المعضلات وفک المغلقات، حتی قیل فی مشکلة یستعصی حلّها ویصعب کشف کنهها: " قضیة ولا أباحسن لها". یعنون أن علیاً أبا الحسن رضی الله عنه وهو حلال المشکلات اهـ". (تعلیقات أبی غدة علی الأحکام للإمام القرا فی المالکی، السوال الرابع، ص: ۴۷، مکتب المطبوعات الإسلامیة بحلب)

(۲) قال الله تعالیٰ: ﴿أمن یجیب المضطرّ إذا دعاه و یکشف السوء، و یجعلکم خفآء الأرض، أإله مع الله، قلیلاً ما تذکّرون﴾. (النمل: ۶۲)

قال العلامة الآلوسیؒ تحت قوله تعالیٰ: ﴿وابتغوا إلیه الوسیلة﴾ الآیة (المائدة: ۳۵): "و استدل بعض الناس بهذه الآیة علی مشروعیة الاستغاثة بالصالحین ..... و منهم من یقول للغاءب أو المیت من عباد الله تعالیٰ الصالحین: یا فلان! أدع الله تعالیٰ لیرزقنی کذا و کذا، و یزعمون أن ذلک من باب ابتغآء الوسیلة، و یروون عن النبی ﷺ أنه قال: "إذا أعیتکم الأمور، فعلیکم بأهل القبور أو فاستغیثوا بأهل القبور. و کل ذلک بعید عن الحق بمراحل، (إلی أن قال): والناس قد أفرطوا الیوم .....و أعظم =

Made Searchable using ScribeTools.com

''یارسول اللہ'' کہنا

سوال[۱۱۶۶]: یارسول اللہ کہنا کیسا ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

اگر یہ عقیدہ ہو کہ ہر جگہ حاضر ناظر ہیں تو شرک ہے، البتہ روضۂ اقدس پر حاضر ہوکر یا رسول اللہ کہنا درست ہے(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۷/صفر/ ۶۸ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۷/صفر/ ۶۸ھ۔

اشعار میں حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو خطاب

سوال[۱۱۶۷]: اگر کوئی شخص رباعی ذیل کو اس عقیدے سے پڑھے کہ جو فرشتے درود شریف دربارِ رسالت میں لے جاکر پیش کرنے کے لئے اللہ تعالیٰ کی طرف سے مقرر ہیں، میری طرف سے اس رباعی کو دربار رسالت میں پیش کریں گے، پڑھے تو کسی قسم کا شرک وگناہ تو نہیں جب کہ کسی کے سامنے بھی نہ پڑھتا ہو بلکہ علیحدہ پڑھتا ہو، تاکہ عوام کا عقیدہ خراب نہ ہو، یہ بھی سنا ہے کہ یہ رباعی حضرت مولانا شاہ عبدالعزیز صاحب رحمۃ اللہ

= من ذلک أنهم يطلبون من أصحاب القبور نحو إشفآء المريض و إغناء الفقير و رد الضالة، و تيسير كل عسير، و توحى إليهم شياطينهم خبر". إذا أعييتكم الأمر الخ" و هو حديث مفترى على رسول الله ﷺ بإجماع العارفين بحديثه، لم يَروِه أحد من العلمآء، و لا يوجد فى شىء من كتب الحديث المعتمدة ..... إلى قوله : لم يشک أن الإستغاثة بأصحاب القبور ..... أمر يجب اجتنابه، و لا يليق بأرباب العقول ارتكابه". (روح المعانى :۱۲۵/۶، ۱۲۷، ۱۲۹، دار إحياء التراث العربى)

(۱) قال ابن الهمامؒ : " روى أبو حنيفة رضى الله تعالىٰ عنه فى مسنده عن ابن عمر رضى الله تعالىٰ عنهما قال: من السنة أن تأتى قبر النبى صلى الله عليه وسلم من قبل القبلة، وتجعل ظهرک إلى القبلة، وتستقبل القبر بوجهک، ثم تقول : السلام عليک أيها النبى ورحمة الله وبركاته" ..... وعلى ماذكرنا يكون الواقف مستقبلاً وجهه عليه الصلوة والسلام وبصره، فيكون أولىٰ، ثم يقول فى موقفه: السلام عليک يارسول الله اهـ". (فتح القدير، كتاب الحج، مسائل منثورة، خاتمة تشتمل على ثلاثة مقاصد، المقصدالثالث فى زيارة قبر النبى صلى الله عليه وسلم : ۱۸۰/۳، ۱۸۱، مصطفىٰ البابى الحلبى، مصر)

علیہ دہلوی کی ہے، اس کی کیا اصل ہے؟ رباعی حسب ذیل ہے:

"یا رسول اللہ أنظر حالنا" تا آخر۔ بہ وا توجروا

سائل: عظیم اللہ مہتمم مدرسہ فیض القرآن محلہ چاہ چوڑہ پانی پت ضلع کرنال۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

ساتھ ساتھ یہ عقیدہ ہونا بھی ضروری ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خود بذاتہ (بلا حکمِ خداوندی) کسی کی کوئی مشکل حل نہیں کر سکتے، بلکہ وہ بھی ہر بات میں خدا تعالیٰ کے محتاج ہیں (۱) البتہ ان کی برکت اور طفیل سے اللہ پاک اپنے بندوں کے بہت سے کام درست اور موافق مقصود بنا دیتے ہیں اور حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شفاعت حق ہے (۲)۔ اس رباعی کا حال مجھے معلوم نہیں کہ کس کی ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی، ۲۴/۴/۶۱ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، ۲۵/ ربیع الثانی/ ۶۱ھ، صحیح: عبد اللطیف، ۲۷/ ربیع الثانی/ ۶۱ھ۔

---

(۱) قال اللہ تعالیٰ: ﴿یاأیها الناس أنتم الفقراء إلی اللہ و اللہ، هو الغنی الحمید﴾ (الفاطر: ۱۵)

و قال تعالیٰ: ﴿و ما أرسلنا من قبلک من رسول إلا نوحی إلیه أنه لا إله إلا أنا فاعبدون﴾ (الأنبیاء: ۲۵)

(۲) "قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم: "أنا سید ولد آدم یوم القیامة، وأول من ینشق عنه القبر، و أول شافع، و أول مشفع". (الصحیح لمسلم: ۲/۲۴۵، کتاب الفضائل، باب تفضیل نبینا صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم علی جمع الخلائق، قدیمی)

"قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم: "لکل نبی دعوة مستجابة، فتعجّل کل نبی دعوته، وإنی اکتبأت دعوتی شفاعة لأمتی، فهی نائلةٌ من مات منهم لا یشرک باللہ شیئاً". (سنن ابن ماجة: ۲/۳۲۹، أبواب الزهد، باب ذکر الشفاعة، میر محمد کتب خانه)

"و شفاعة الأنبیاء علیهم السلام حق، و شفاعة النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم للمؤمنین المذنبین ..... بالکتاب والسنة وإجماع الأمة، قال اللہ تعالیٰ ﴿من ذا الذی یشفع عنده إلا بإذنه﴾ و هو إثبات الشفاعة لمن أذن له بها". (شرح الفقه الأکبر للشیخ أبی منصور السمرقندی، ص: ۱۵۷، ۱۵۸، شفاعة الأنبیاء، الشئون الدینیة، قطر)

Made searchable using ScribeTools.com

ایک شعر میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو خطاب

سوال[۱۶۸]:

ذرا چہرے سے پردہ کو اٹھاؤ یارسول اللہ
مجھے دیدار ٹک اپنا دکھاؤ یارسول اللہ

یہ شعر پڑھ سکتے ہیں یا نہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

جو شعر لکھا ہے وہ اس طرح نہیں پڑھنا چاہئے اس سے بچنا بھی لازم ہے(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۲۹/ ۶/ ۸۷ھ۔

الجواب صحیح: بندہ محمد نظام الدین عفی عنہ مفتی دارالعلوم دیوبند، ۲۹/ ۶/ ۸۷ھ۔

بھگوان سے مدد مانگنا

سوال[۱۶۹]: ایک شخص ہیں جو صوم وصلوۃ کے پابند ہیں، ایک حلف نامہ میں انہوں نے تحریر کیا کہ ''بھگوان میری مدد کرے''، ایسے شخص کے لئے کیا حکم ہے؟

---

(۱) اس قسم کے الفاظ اور اشعار میں شبۂ شرک ہوتا ہے اور جس طرح شرک سے اجتناب لازم ہے اسی طرح شبہات شرک سے بھی ضروری ہے اور یہی تقوی کی اصل ہے، ورنہ ذرائع شرک مفضی الی الشرک ہوتے ہیں:

''عن عامر قال: سمعت النعمان بن بشير يقول: سمعت رسول الله ﷺ يقول: ''الحلال بيّن والحرام بيّن و بينهما مشتبهات لا يعلمها كثير من الناس، فمن اتقى المشبهات، استبرأ لدينه و عرضه، و من وقع فى الشبهات كراع يرعى حول الحمى، يوشك أن يواقعه، ألا! و إن لكل ملك حمى، ألا! وإن حمى الله فى الأرض محارمه''. الحديث. (صحيح البخارى، كتاب الإيمان، باب فضل من استبرأ لدينه: ۱/ ۱۳، قديمى)

قال الحافظ ابن حجرؒ: ''و نقل ابن المنير فى مناقب شيخه القباري عنه أنه كان يقول: المكروه عقبةٌ بين العبد والحرام، فمن استكثر من المكروه، تطرّق إلى الحرام ..... و قال: والمراد بالمحارم فعل المنهى المحرّم أو ترك الواجب، و لهذا وقع فى رواية أبى فَروة التعبير بالمعاصى بدل المحرم''. (فتح البارى، كتاب الإيمان، باب فضل من استبرأ لدينه و عرضه: ۱/ ۱۷۰، ۱۷۱، قديمى)

الجواب حامداً و مصلیاً:

ایسا کہنے سے توبہ واستغفار کرنا چاہئے، صرف خدا سے مدد مانگی جائے (۱) بھگوان کا وہ مفہوم نہیں ہے جو خدا کا مفہوم ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۴/۱/۸۸ھ۔

دیوان وطن کے شرکیہ اشعار

سوال[۱۷۰]: اشعار ذیل کے بارے میں کیا حکم ہے؟

کسی کو گر رب کی طلب ہے — وہ دیکھے آپ میں مرأتِ رب ہے
کریں گر ذکر شغل اور فکر تو کیا — خدا کو دیکھنے کا اور ڈھب ہے(۲)
خودی ہے آئینہ شانِ خدا کا — خودی ہے معنی اور اثبات رب ہے
گزر کر آپ سے اپنے کو دیکھو — نظر آجائے گا حق کیا عجب ہے
خلاصہ ہے یہی علمِ لدن کا — کہ سب میں رب ہے اور عین عرب ہے
نہیں ہے فرق کچھ احمد احد میں — احد ہے اسم اور احمد لقب ہے
محمد کو خدا کہنا روا ہے — نہیں کہتا ہے وہ جو بے ادب ہے
خدائی ان کا سایہ ہے سراپا — نہ تھا سایہ جو اُن کا یہ سبب ہے

---

(۱) قال اللہ تعالیٰ: ﴿و ما النصر إلا من عند اللہ إن اللہ عزیز حکیم﴾. (الأنفال: ۹)

"أی و ما النصر بالملائکة و غیرهم من الأسباب..... أو المعنی: لا تحسبوا النصر من الملائکة علیهم السلام، فإن الناصر هو اللہ تعالیٰ لکم، وللملائکة، و علیه فلا دخل للملائکة أصلاً". (روح المعانی: ۹/۱۷۴، دار إحیاء التراث العربی)

"عن ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنهما قال: "کنت خلف رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم یوماً فقال: "یا غلام! ..... وإذا سألت فاسأل اللہ، وإذا استعنت فاستعن باللہ، واعلم أن الأمة لو اجتمعت علی أن ینفعوک بشئی لم ینفعوک إلا بشئی قد کتبه اللہ لک، ولو اجتمعوا علی أن یضروک بشئی لم یضروک إلا بشئی قد کتبه اللہ علیک اهـ". (مشکوٰة المصابیح، باب التوکل والصبر: ۲/۴۵۳، قدیمی)

(۲) "ڈھب" ڈھنگ، طور، طریقہ، روش" (فیروز اللغات: ص: ۶۸۴)

Made searchable using ScribeTools.com

وہ خود ہی حاضر و ناظر جہاں میں اسے کہتے ہیں عالم غیب کا ہے
طلب دنیا کی ہے نہ آخرت کی خداوندا مجھے تیری طلب ہے
یہی ارشاد ہے حضرت وطن کا نظر کو حق نما ہر شیء میں رب ہے

(اشعار مندرجہ بالا مصنفہ کتب دیوان وطن مولوی سید افتخار شاہ صاحب)

الجواب حامداً و مصلیاً:

ان میں سے بعض اشعار شرکیہ مضامین پر مشتمل ہے جن کا کہنا، پڑھنا، سننا جائز نہیں اور اس کا اعتقاد رکھنا شرک ہے(۱) اعاذنا اللہ منہ۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۱۵/۹/۸۵ھ۔

الجواب صحیح: بندہ محمد نظام الدین عفی عنہ مفتی دارالعلوم دیوبند۔

---

(۱) قولہ: ''احمد احد'' لفظ ''احد'' اللہ تعالیٰ کی صفت خاصہ ہے، جس کا معنی ''الوہیت اور اپنی ذات وصفات میں یکتا'' ہونے کے ہیں اور اللہ تعالیٰ کی صفات کا اس کے غیر کے لئے ثابت کرنا شرک وکفر ہے:

''قال اللہ تعالیٰ: ﴿قل ھو اللہ أحد﴾ الإخلاص: ۱)

قال الإمام الأعظمؒ فی الفقه الأکبر: ''أصل التوحید و ما یصح الإعتقاد علیه یجب أن یقول: آمنت باللہ ..... و اللہ تعالیٰ واحد لا من طریق العدد و لکن من طریق أنه لا شریک له'' قل ھو اللہ أحد، اللہ الصمد'' الخ ..... و لا یشبهه شئی''. (ص: ۱۴، ۱۵، قدیمی)

قال الملا علی القاری تحته: ''وفی شرح القونوی: قال نعیم بن حماد: من شبه اللہ بشیء من خلقه، فقد کفر ..... و قال إسحاق بن راھویة: من وصف اللہ تعالیٰ، فشبّه صفاته بصفات أحد من خلق اللہ، فھو کافر باللہ العظیم''. (شرح الفقه الأکبر، ص: ۱۵، قدیمی)

و قوله: ''محمد کو خدا کہنا روا ہے'' تو خدا کا معنی ہے ''مالک، آقا، حاکم'' (فیروز اللغات: ص: ۵۸۵)، اور یہ بھی اللہ تعالیٰ کی صفت ہے، جس کا غیر اللہ کے لئے ثابت کرنا کفر ہے، کما تقدم فی قوله: ''احمد احد'' اور اسی طرح حاضر وناظر کا عقیدہ بھی ہے۔

و قوله: ''عالم غیب'' فقد قال اللہ تعالیٰ: ﴿قل لا یعلم من فی السموات والأرض الغیب إلا اللہ﴾. الأیة (النمل: ۶۵)

قال العلامة الآلوسی: ''من ادعی علم الغیب فی قضیة أو قضایا، لا یکفر ..... و من ادعی علمه فی سائر القضایا، یکفر''. (روح المعانی: ۲۰/۱۱، دار إحیاء التراث العربی)

وفی الفتاوی العالمکیریة: ''رجل تزوج إمرأة و لم تحضر الشھود، قال: خدای را ورسول را گواه =

Made Searchable by ScribeTools.com

حضرت مولانا محمد قاسم نانوتوی کے اشعار پر اعتراض

سوال[۱۷۱]: ۱..... سلیم کہتا ہے کہ غیر خدا سے مدد مانگنا ناجائز ہے، کلیم کہتا ہے کہ ہمارے پیشوا مولانا محمد قاسم نانوتویؒ نے اپنے قصائد قاسمی میں لکھا ہے ؎

مدد کر اے کرمِ احمدی کہ تیرے سوا
نہیں ہے قاسمِ بے کس کا کوئی حامی کار

اگر جائز نہ ہوتا تو کرمِ احمدی کے طالب کیوں ہوئے، سلیم کا قول درست ہے یا کلیم کا؟

۲..... جمیل نے کہا کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو شفیع نہیں کہنا چاہیئے، جلیل نے کہا اگر شفیع کہنا درست نہ ہوتا تو ہمارے پیشوا اپنی کتاب ''قصائد قاسمی'' میں اس طرح نہ لکھتے ؎

گناہ کیا ہے اگر کچھ گنہ کئے میں نے
تجھے شفیع کہے کون اگر نہ ہوں بدکار

ان دونوں میں سے کس کا قول معتبر ہوگا؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

حضرت رسول مقبول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنی قبر اطہر میں تشریف فرما ہیں، حی ہیں (۱) امت کی طرف سے صلوۃ وسلام بذریعہ ملائکہ خدمت اقدس میں پیش کیا جاتا ہے (۲) اور جو کچھ روضۂ اقدس کے پاس عرض کیا

= کردم..... کفر". (کتاب السیر، موجبات الکفر أنواع: و منها ما یتعلق بالأنبیآء علیهم السلام: ۲/۲۶۶، رشیدیه)

و فی البزازیة علی هامش الهندیة: "یکفر، لأنه اعتقد أن الرسول والملک یعلمان الغیب". (کتاب ألفاظ تکون إسلاماً أو کفراً، الفصل الثانی، النوع الثانی ما یتعلق باللہ تعالیٰ: ۶/۳۲۵، رشیدیه)

(۱) "عن أبی الدرداء رضی اللہ تعالیٰ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم: "أکثروا الصلوة علیّ یوم الجمعة، فإنه مشهود تشهده الملائکة، و إن أحداً لن یصلی علیّ إلا عرضت علیّ صلوته حتی یفرغ منها"، قال: قلت: و بعد الموت؟ قال: "و بعد الموت، إن اللہ حرّم علی الأرض أن تأکل أجساد الأنبیاء، فنبی اللہ حیّ یرزق". (ابن ماجه، کتاب الجنائز، قبیل، کتاب الصیام، ص: ۱۱۸، قدیمی)

(۲) "و عنه (أی عن ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنه) قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم: "إن للہ =

Made searchable using ScribeTools.com

جائے اس کو خود سنتے ہیں (۱) اس لئے دوسروں کو یعنی غیر نبی کو نبی پر قیاس کرنا صحیح نہیں استمداد کی تفصیل کے لئے ''سبیل السداد'' دیکھیں۔

۲.....حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یقیناً شفیع ہیں، شفاعت فرمائیں گے اہل سنت والجماعت کا اس پر اتفاق ہے، صحیح بخاری شریف (۲) اور کتب عقائد (۳) میں یہ مذکور ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۲۳/۵/۱۳۹۵ھ۔

= ملائکةً سیاحین فی الأرض، یبلغونی من أمتی السلام". رواه النسائی والدارمی". (مشکوة المصابیح، کتاب الصلوة، باب الصلوة علی النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم و فضلها، الفصل الثانی، ص:۸۶، قدیمی)

(۱) "و عن أبی هریرة رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : "من صلی علیّ عند قبری سمعته، و من صلی علیّ نائیاً أبلغته". رواه البیهقی فی شعب الإیمان". (مشکوة المصابیح، کتاب الصلوة، باب الصلوة علی النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم و فضلها، ص: ۸۷، قدیی)

و قال القاری تحته : "قال میرک نقلاً عن الشیخ : و رواه أبو الشیخ و ابن حبان فی کتاب "ثواب الأعمال" بسند جید". (مرقاة المصابیح، تحت رقم الحدیث :۹۳۴، ۲۲/۳، رشیدیه)

(۲) "عن أنس بن مالک رضی الله تعالیٰ عنه عن النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قال: "شفاعتی لأهل الکبائر من أمتی". (سنن أبی داؤد، کتاب لزوم السنة، باب فی الشفاعة : ۳۰۴/۲، مکتبه امدادیه ملتان)

(والمسند لأحمد بن حنبل، مسند أنس بن مالک رضی الله تعالیٰ عنه :۷۸/۴، رقم الحدیث: ۱۲۸۱۰، دار إحیاء التراث العربی بیروت)

"و عن أبی هریرة رضی الله تعالیٰ عنه قال: فی حدیث طویل :" إذهبوا إلی محمد صلی الله تعالیٰ علیه وسلم، فیأتون فیقولون : یا محمد! أنت رسول الله و خاتم الأنبیاء، و قد غفر الله لک ما تقدم من ذنبک و ما تأخر، إشفع لنا إلی ربک، ألا تری إلی ما نحن فیه. فأنطلِق، فآتی تحت العرش، فأقع ساجداً لربی، ثم یفتح الله علیّ من محامده و حسن الثنآء علیه شیئاً لم یفتحه علی أحد قبلی، ثم یقول: یا محمد! إرفع رأسک، سل تعطه واشفع تشفع، فأرفع رأسی، فأقول : أمتی یا رب!، أمتی یا رب !، امتی یا رب!، فیقال : یا محمد! أدخل من أمتک من لا حساب علیهم من الباب الأیمن من أبواب الجنة". الحدیث. (صحیح البخاری، کتاب التفسیر، تفسیر سوره بنی إسرائیل (الإسراء) باب قوله: (ذریة من حملنا مع نوح) الایة :۲۸۵/۲، قدیمی)

(۳) قال الإمام الأعظم أبو حنیفة رحمه الله تعالیٰ : "و شفاعة نبینا صلی الله تعالیٰ علیه وسلم للمؤمنین المذنبین، و لأهل الکبائر منهم المستوجبین لعقاب حق ثابت". (الفقه الأکبر ،ص:۹۴، قدیی)

(وکذا فی شرح العقائد النسفیة ، ص:۸۷، المطبع الیوسفی لکنؤو)

ما یتعلق بالأنبیاء علیهم السلام وأتباعهم

(انبیائے کرام اوران کے متبعین کا بیان)

نبوتِ تشریعی وغیرتشریعی

سوال[۱۷۲]:۱.....صاحب شریعت کس نبی کو کہتے ہیں،اس کی تعریف کیا ہے؟

۲.....غیرتشریعی نبی کس کو کہتے ہیں،اس کی تعریف کیا ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

۱.....جس کی شریعت مستقل ہو(۱)۔

۲.....جودوسرے نبی کے تابع ہو(۲)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ،دارالعلوم دیوبند،۷/ ۸/ ۹۳ھ۔

ختم نبوت ذاتی سے متعلق "الشهاب الثاقب" کی عبارت پر اشکال کا جواب

سوال[۱۷۳]: حضرت مولانا مدنی رحمہ اللہ تعالیٰ کی کتاب "الشهاب الثاقب" ص:۱۷۸ میں یہ عبارت ہے:

"پس بنظراس کے وصف اصلی اورکمال ذاتی کے ممکن ہوگا کہ کوئی نبی اس کے

---

(۱)"والرسول إنسان بعثه الله إلى الخلق لتبليغ الأحكام،وقد يشترط فيه الكتاب،بخلاف النبى فإنه أعم".(شرح العقائد، ص:۱۷۰، قديمى)

"والرسول من له شريعة وكتاب فيكون أخص من النبى".(شرح الفقه الأكبر لأبى المنتهى، ص: ۱۰۵،قطر)

(وكذا فى شرح الملاعلى القارى على الفقه الأكبر، ص: ۱۲۰،قديمى)

(وكذا فى النبراس شرح شرح العقائد ، ص: ۵۴۰، امداديه،ملتان)

(۲) (راجع رقم: ۱)

Made searchable using ScribeTools.com

بعد آوے اگر چہ یہ ممکن کسی وجہ خارجی سے ممتنع ہو گیا ہو''۔

یہ وہی مطلب اس عبارت کا ہے جو ص:۱۴ میں مجدد بریلوی نے نقل کی ہے کہ:

''اگر فرض کیا جائے وجود کسی نبی کا بعد آپ کے تو آپ کی خاتمیت پر خلل نہ ہوگا

''الی آخرہ۔

الجواب حامداً و مصلیاً :

حضرت مولانا محمد قاسم صاحب نانوتوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب ''تحذیر الناس'' میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنھما کے ایک اثر کی تشریح کرتے ہوئے یہ تحریر فرمایا ہے کہ ''رسول پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خاتم النبیین ہونے کے ایک معنی تو وہی ہیں جو سب کے ذہنوں میں موجود ہیں، یعنی یہ کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تمام انبیاء علیہ الصلاۃ والسلام کے بعد تشریف لائے۔'' یہ مطلب بھی درست ہے اور اس پر ہمارا عقیدہ ہے جیسا کہ خود حضرت نانوتوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب ''جوابات محذورات عشر'' میں جگہ جگہ تحریر فرمایا ہے کہ ''ختم نبوت اپنا دین وایمان ہے لیکن اس کے علاوہ ایک اور معنی بھی ہے اور وہ یہ ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنی ذات اور مرتبہ کے لحاظ سے بھی خاتم النبیین ہیں اور آپ کی ذات تمام انبیاء کے لئے خاتم ہے اور مطلب اس وقت میں بھی صادق ہے جب کہ آپ جملہ انبیاء کے آخر میں تشریف لائے اور آپ کے بعد کوئی نبی نہیں آ سکتا، نبوت کا دروازہ بند ہو چکا ہے، اب اگر کوئی شخص نبوت کا دعوی کرے تو وہ باطل ہے اور اگر بالفرض آپ سب سے پہلے حتی کہ حضرت آدم علیہ الصلاۃ والسلام سے بھی پہلے تشریف لاتے تب بھی آپ اپنے مرتبہ کے لحاظ سے خاتم النبیین ہی ہو کر تشریف لاتے، اور اگر چہ چند انبیاء کے بعد چند انبیاء سے پہلے تشریف لاتے جب بھی آپ مرتبہ کے اعتبار سے خاتم النبیین ہی ہوتے''۔ الحاصل آپ کا یہ عہدہ اور مقام ہر حال میں آپ کے لئے حاصل ہے''(۱)۔

یہی مطلب ''الشھاب الثاقب'' کی عبارت کا ہے، اب اگر کوئی اپنی باطن کی خرابی اور کج فہمی سے مطلب بگاڑ کر بیان کرے تو خود اس کا مطلب ہوگا، حضرت نانوتوی یا حضرت مدنی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہما کا وہ ہرگز مطلب نہیں، اس بگڑے ہوئے مطلب کو ان بزرگوں کی طرف منسوب کرنا افتراء اور بہتان ہے اور اس بگڑے

---

(۱) راجع للتفصیل: (تحذیر الناس، الشھاب الثاقب اور عبارات اکابر)

ہوئے مطلب پر جو شرعی حکم عائد ہوگا وہ خود اس بگاڑنے والے پر ہوگا نہ کہ ان بزرگوں پر۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ دارالعلوم دیوبند، ۱۸/۶/۸۸ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ دارالعلوم دیوبند، ۲۰/۶/۸۸ھ۔

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خاتم النبیین ہونے پر اشکال اور اس کا جواب

سوال[۱۷۴]: بلاشبہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر نبوت ختم ہوچکی، آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خاتم النبیین ہیں لہذا اب کوئی دوسرا نبی نہیں آئے گا، لیکن اشکال یہ پیدا ہوتا ہے کہ جب اللہ تبارک وتعالیٰ قادرِ مطلق ہے اور اس نے جس طرح پہلے انبیاء بھیجے اب بھی ان کے بھیجنے پر قادر ہے، پھر اب وہ نبی کیوں نہیں بھیجے گا؟ براہ کرم اس اشکال کو دور فرمادیں۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

جب وہ قادر مطلق ہے تو اس کو کون مجبور کرسکتا ہے کہ وہ ضرور نبی بھیجے، کسی کو مطالبہ کا حق نہیں، اس نے اپنے پاک نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو آخری نبی اور خاتم النبیین قرار دیدیا ہے(۱) اس لئے وہ قادرِ مطلق ہونے کے باوجود اب کسی نبی کو پیدا نہیں فرمائے گا(۲)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۹/۱۰/۹۲ھ۔

---

(۱) قال اللہ تعالیٰ: ﴿ما کان محمد أبا أحد من رجالکم و لکن رسول اللہ و خاتم النبیین﴾ (الأحزاب: ۴۰)

"و قد أخبر اللہ تبارک و تعالی في کتابه و رسوله صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم في السنة المتواترة عنه أنه لا نبي بعده". (تفسیر ابن کثیر، (الاحزاب: ۴۰): ۶۵۲/۳، مکتبه دار الفیحاء بیروت)

"و کونه صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم خاتم النبیین مما نطق به الکتاب و صدعت به السنة، وأجمعت علیه الأمة". (روح المعانی، (الأحزاب: ۴۰): ۵۹/۲۲، دار الفکر)

(۲) وقال تعالیٰ: ﴿واللہ یحکم لا معقب لحکمه﴾ (الرعد: ۴۱)

"لأن إخباره تعالیٰ بوقوع الشیء أو عدم وقوعه لا ینفی القدرة علیه، و لا یخرجه من الإمکان الذاتی لامتناع الانقلاب، و إنما ینفی عدم وقوعه أو وقوعه، فیصیر ممتنعاً بالغیر، واللازم للممکن أن لا یلزم من فرض وقوعه نظراً إلی ذاته مُحال، و أما بالنظر إلی امتناعه بالغیر فقد یستلزم الممتنع بالذات کاستلزام ..... =

Made Se[illegible]ools.com Made searchable using ScribeTools.com

کیا شیطان کا علم حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے علم سے زیادہ ہے؟

سوال[۱۷۵]: زید کہتا ہے کہ شیطان کا علم زیادہ ہے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے علم سے اور بکر کہتا ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا علم زیادہ ہے، ان دونوں میں سے کس کا قول صحیح ہے؟

الجواب حامداًو مصلیاً:

شیطان ملعون کی کیا حیثیت ہے کہ اس کے علم کو زیادہ کہا جائے جب کہ حضرت رسول مقبول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے علوم کی وہ شان ہے کہ سید الاولین الاخرین امام الانبیاء والمرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو خالق کائنات جل شانہ نے شانِ نبوت کے لائق اپنی ذات وصفات اور امور اخروی سے متعلق اتنے علوم عطا فرمائے کہ دیگر تمام انبیاء و ملائکہ اور تمام جن و بشر کے علوم کی حیثیت ان کے سامنے ایسی ہے جیسے بحر ناپیدا کنار کے سامنے ایک قطرہ کی ہوتی ہے اور یہ حق تعالیٰ کے عطا فرمانے سے ہے(۱)۔حق تعالیٰ کا علم ذاتی ہے اور اس کے علم کے سامنے تمام مخلوقات کے علوم ایک قطرہ کی حیثیت بھی نہیں رکھتے، کیونکہ حق تعالیٰ کا علم غیر متناہی ہے، اور سب کے علوم کثرت کے باوجود متناہی ہیں، حضرات اکابر دیوبند کا یہی مسلک ہے۔

= عدم المعلول الأول عدم الواجب". (روح المعانی، (البقرة : ٦): ١/١٣٠، دار إحیاء التراث العربی)

(١) قال الله تعالیٰ: ﴿و ما ینطق عن الهوی إن هو ألا وحی یوحی﴾ (سورة النجم : ٣)

و قال تعالیٰ: ﴿ذلک من أنباء الغیب نوحیه إلیک﴾ (آل عمران : ٤٤)

"عن أبی هریرة رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "لقد رأیتنی فی الحجر وقریش تسألنی عن مسرای، فسألتنی عن أشیاء من بیت المقدس لم أثبتها، فکربت کربةً ما کربت مثله قط، قال: فرفعه الله لی أنظر إلیه ما یسألونی عن شیء أنبأتهم به ..... اهـ". (الصحیح لمسلم : ١/٩٦، قدیمی)

"وان سیدنا و شفیعنا محمد صلی الله تعالیٰ علیه وسلم أعلم الخلق وأفضلهم جمیعاً، فمن سوّی بین علمه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم وعلم الصبی والمجنون أو علم أحد من الخلائق أو تفوّه بأن إبلیس اللعین أعلم منه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم، فهو کافر ملعون لعنة الله علیه". (امداد الفتاویٰ : ٢/٣٢٧، کتاب العقائد والکلام، دار العلوم کراچی)

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اختیارات (از بہار شریعت)

سوال[۱۷۶۱]: بہار شریعت حصہ اول ص:۲۲ "حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے نائب مطلق ہیں، تمام جہاں حضور اکرم کے تحت تصرف کر دیا گیا، جو چاہیں کریں، جسے وہ چاہیں دیں، جس سے جو چاہیں واپس لیں، تمام جہاں میں ان کے حکم کا پھیرنے والا کوئی نہیں، تمام جہاں ان کا محکوم ہے اور وہ اپنے رب کے سوا کسی کے محکوم نہیں، تمام آدمیوں کے مالک ہیں، جو انہیں اپنا مالک نہ مانے حلاوت سنت سے محروم ہے، تمام ان کی ملک ہے، تمام جنت ان کی جاگیر ہے، ملکوت السموات والأرض حضور کے زیرِ فرمان، رزق وخیر اور ہر قسم کی عطائیں حضور ہی کے دربار سے تقسیم ہوتی ہیں، دنیا وآخرت حضور کے عطا کا ایک حصہ ہے، احکامِ تشریعیہ حضور کے قبضہ میں کر دیئے گئے کہ جس پر جو چاہیں حرام فرمائیں اور جس کے لئے جو چاہیں حلال کریں اور جو فرض چاہیں معاف کر دیں"۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

یہ عظیم الشان عقیدہ بلا نص کیسے تسلیم کیا جاوے، خاص کر جب کہ نصوص اس کے بالکل خلاف موجود ہوں۔ ملاحظہ ہو:

﴿قل لا أملك﴾ الخ الاية (۱) "عن أبی هريرة قال: لما نزلت: (أنذر عشيرتك) الخ، دعا النبی صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قريشاً" إلى آخر الحديث. مشكوة، ص:٤٦ (۲) ﴿ليس لك من الأمر شی﴾ الاية (۳) ﴿قل لا أقول لكم عندی﴾ الاية (۴)۔

---

(۱) قال الله تعالىٰ ﴿قل لا أملك لنفسی نفعاً و لا ضراً إلا ما شاء الله﴾ (الأعراف : ۱۸۸)

و قال تعالىٰ : "﴿قل لا أملك لنفسی ضراً و لا نفعاً إلا ما شاء الله﴾" (يونس : ۴۹)

(۲) "عن أبی هريرة قال لما نزلت: (أنذر عشيرتک) الخ، دعا النبی صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قريشاً، فاجتمعوا فعم و خص: فقال: "يا بنی كعب بن لؤی! أنقذوا أنفسكم من النار، يا بنی مرة بن كعب! أنقذوا أنفسكم من النار ..... يا فاطمة! أنقذی نفسک من النار، فإنی لا أملک لكم من الله شيئاً غير أن لكم رحماً سأبلها ببلالها". رواه مسلم". (مشكوة المصابيح، باب الإنذار والتحذير : ۲/ ۴۶۰، قديمی)

(۳) (آل عمران : ۱۲۸)

(۴) (الأنعام : ۵۰)

Made searchable using ScribeTools.com

عقائد مذکورہ کے ثبوت میں مصنف نے کچھ دلائل بھی پیش کئے ہیں یا نہیں؟ میں نے بہار شریعت کا کبھی مطالعہ نہیں کیا، کسی جگہ سے دستیاب نہیں ہوئی، بریلی سے منگائی تھی وہاں سے جواب نہیں آیا۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود حسن گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۱/ رجب/۶۳ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ۔ صحیح: عبد اللطیف۔

کیا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نائب مطلق مالک ومختار ہیں؟

سوال [۱۷۷]: ۱..... ''حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نائب مطلق ہیں، تمام جہاں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے تحت تصرف کردیا گیا جو چاہیں کریں، جس سے جو چاہیں لیں جسے جو چاہیں دیں، تمام جہاں میں ان کے حکم کا پھیرنے والا کوئی نہیں، تمام جہاں ان کا محکوم ہے اور وہ اپنے رب کے سوا کسی کے محکوم نہیں، تمام آدمیوں کے مالک ہیں، جو انہیں مالک نہ جانے حلاوت سنت سے محروم ہے، تمام زمین ان کی ملک ہے، تمام جنت ان کی جاگیر ہے، ملکوت السموات والارض حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زیر فرمان، جنات ونار کی کنجیاں دستِ اقدس میں دیدی گئیں، رزق وخیر اور ہر قسم کی عطائیں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دربار سے تقسیم ہوتی ہیں، دنیا وآخرت حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی عطا کا ایک حصہ ہے، احکامِ شرعیہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے قبضہ میں کردیئے گئے جس پر جو چاہیں حرام فرمادیں اور جس پر جو چاہیں حلال کردیں اور جو فرض چاہیں معاف فرمادیں''۔ (بہار شریعت، حصہ اول، ص:۲۲)

۲..... ''جتنے فضائل وکمالات خزانۂ قدرت میں ہیں سب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو عطا فرمائے گئے''۔ (ملفوظات خان صاحب، حصہ دوم، ص:۳۹)

۳..... ''حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو خداوند عرب کہہ کر ندا کرسکتے ہیں''۔ (ملفوظات خان صاحب، حصہ اول، ص:۱۸۸)

۴..... ''انبیاء علیہم السلام کو معجزات وادراک مغیبات ظاہری جوارح، سماع، بصر کی طرح باطنی بخشی ہیں، جب چاہیں خرق عادت فرمالیں، مغیبات کو معلوم فرمالیں، چاہیں نہ فرمائیں''۔ (الأمن والعلی، مصنفہ خان صاحب بریلوی، ص:۲۰۹)

مذکورہ بالا چاروں نمبروں کی تحریر جومع حوالہ کتب لکھی گئی ہے، معلوم کرنے پر بریلوی حضرات ان عبارات کی یہ تفصیل کرتے ہیں کہ اطاع اللّٰہ، اطاع الرسول کے تحت یہ نظریہ ہے کہ ہر حکم حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے واسطے سے امت کو ملا ہے، آپ کے کل فرمان باذن اللہ ہیں، آپ نے ذاتی کوئی حکم نافذ نہیں فرمایا، بلکہ خالصتاً ہر حکم ربی امت کو دیا، بایں ہمہ عشق محبت رسول میں یہ تحریر کیا ہے ورنہ ہر چیز کا رب ہی مالک ہے۔

دریافت طلب امر یہ ہے کہ مذکورہ بالا عبارات سے جو ظاہر ہے اور جو تفصیل ان کی نقل کی گئی، زید امام اسی گروپ کی تائید میں ہے اور نظریہ دیوبند سے مناسبت بھی نہیں رکھتا، ایسے امام کے پیچھے نماز جائز ہے یا نہیں؟ اگر نماز پڑھ لی تو اعادہ ضروری ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

نقل کردہ عبارات کے خلاف بھی خان صاحب بریلوی کی کتابوں میں موجود ہے ''الأمن والعلی'' میں غیر اللہ کو عالم الغیب کہنا منع لکھا ہے، ایک مقام پر یہ بھی لکھتے ہیں کہ ''جو شخص حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یا خدائے پاک کے سوا کسی کے لئے بھی علم غیب ذاتی کا ایک ذرہ بھی تسلیم کرے وہ ایمان سے خارج ہے'' اور یہ بھی لکھا ہے کہ ''علم محیط (یعنی علم کلی) صرف اللہ تعالیٰ کے لئے ہے، غیر خدا کے لئے علم غیب ماننا درست نہیں''۔

بہر حال آپ کے تحریر کردہ عقائد جو شخص اپنائے ہوئے ہو اس کو امام بنانا جائز نہیں (۱)، آپ صحیح العقیدہ شخص کے پیچھے نماز پڑھیں، اگر کچھ عملی غلطیاں ہوں تو اس کی وجہ سے آپ اعادہ کرتے ہوں تو آپ نفس جماعت کی فضیلت حاصل کرلیں گے۔ خان صاحب بریلوی کا تو اہم عقیدہ یہ ہے کہ علمائے حق جن کے نام بھی تحریر کئے ہیں وہ کافر ہیں، جو ان کو کافر نہ سمجھے وہ بھی کافر ہے جس کی وجہ سے اس شخص کا نکاح بھی باقی نہیں رہا، اولاد ولد الزنا ہے۔ ایسے عقائد والے کی امامت کی کیا گنجائش ہے۔ فقط واللہ اعلم۔

املاہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۷/ ۸/ ۱۳۹۹ھ۔

---

(۱) ''أما إذا أدى إليه (الكفر) فلا كلام فى عدم جواز الصلاة خلفه''. (شرح العقائد النسفية للتفتازانى، ص: ۱۶۱، قديمى)

''فإن كانت (أى البدعة) تكفره فالصلاة خلفه لاتجوز''. (البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الإمامة: ۱/ ۶۱۱، رشيديه)

(والحلبى الكبير، فصل فى الامامة، ص: ۵۱۴، سهيل اكيڈمى)

Made searchable using ScribeTools.com

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا نماز میں خیال آنا

سوال[۱۷۸۱]: جو شخص حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو انسان نہ سمجھے وہ کون ہے، کیا اگر حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا خیال نماز میں آجاوے تو وہ کتے اور خنزیر سے بھی بدتر ہے؟ ۲۱/ شعبان/ ۵۶ھ۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا تصور نماز میں اس طرح جمانا کہ بالکل آپ ہی کی طرف دھیان رہے، کسی دوسری چیز کا خیال دل میں نہ آئے، قطعاً منع ہے، بلکہ ایہام شرک ہے، کیونکہ اس صورت میں نماز اللہ تعالیٰ کی نہ رہے گی، کیونکہ سجدہ وغیرہ سب کچھ حضرت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لئے ہوگا اور اس کا موہمِ شرک ہونا ظاہر ہے۔

اور اگر خنزیر وغیرہ کا تصور آئے گا تو حقیر وذلیل ہوکر آئے گا اس کی کوئی تعظیم دل میں نہ ہوگی لہذا شرک کا شائبہ نہیں، بخلاف حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے تصور کے کہ وہاں تعظیم ملحوظ ہوتی ہے جس میں شرک کا قوی اندیشہ ہے(۱) اور جو شخص حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو انسان نہیں مانتا وہ نص قطعی: ﴿إنما أنا بشر

---

(۱) صراط مستقیم میں لکھا ہے:

''اہل مکاشفات یہ خیال نہ کریں کہ نماز میں شیخ کے تصور یا ارواح اور فرشتوں کی ملاقات کی طرف توجہ کرنا بھی اسی نماز کا حاصل کرنا ہے جو مومنوں کے لئے معراج ہے، نہیں ہرگز نہیں، نماز میں یہ توجہ بھی ایک شاخ ہے خواہ وہ خفی ہو یا اخفی، یہ بھی نہ سمجھئے کہ غریب مسائل کا سمجھ میں آجانا اور ارواح وفرشتوں کا کشف نماز میں برا ہے بلکہ اس کام کا ارادہ کرنا اور اپنی ہمت کو اس کی طرف متوجہ کردینا اور نیت میں اس مدعا کا ملا دینا مخلص لوگوں کے خلوص کے مخالف ہے اور خود بخود مسائل کا دل میں آجانا اور ارواح اور فرشتوں کا کشف ان فاخرہ علتوں میں سے ہے جو حضور حق میں مستغرق باخلاص لوگوں کو نہایت مہربانیوں کی وجہ سے عطا ہوا کرتے ہیں''۔ (صراط مستقیم (اردو)، ص: ۱۶۸، اسلامی اکیڈمی لاہور)

اور مولانا سرفراز خان صفدر صاحب دامت برکاتہم لکھتے ہیں:

''صراط مستقیم کی اس عبارت میں وساوس کے مختلف درجات بیان کئے گئے ہیں کہ بعض کا خطرہ کم اور بعض کا زیادہ ہے، مثلاً زنا کے خیال سے اپنی منکوحہ بیوی کے ساتھ جماع کا خیال بہتر ہے کیوں کہ ایک چیز فی نفسہ جائز ہے اور دوسری حرام ہے، لہٰذا حلال کا وسوسہ حرام کی بہ نسبت بہتر ہے اور اسی طرح گاؤ وخر یعنی دنیا کی چیزوں کے خیال میں مستغرق ومنہمک اور محو ہوجانا اس لحاظ سے کم خطرناک ہے کہ یہ چیزیں صحیح اور کامل مسلمان کے نزدیک حقیر اور ذلیل اور بے وقعت ہوتی ہیں اور ان میں اس کو کوئی ..... =

Made Searchable by ScribeTools.com

متلکم ﴿(۱) کا منکر ہے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۴۷/ ۸/ ۵۶ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ۔ صحیح عبد اللطیف ناظم مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۴/ رمضان ۵۶ھ۔

کیا نماز میں حضرت رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا خیال آنا نماز کو فاسد کر دیتا ہے؟

سوال[۱۷۹]: ہمارے یہاں دیوبندی مولویوں کو بدنام کر رکھا ہے ان کا کہنا ہے کہ دیوبندی کہتے ہیں کہ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم معمولی انسان تھے، ان کا خیال نماز کے اندر آجاوے تو نماز بالکل نہیں ہوتی، اس وجہ سے بدنام کر رکھا ہے، آپ اس کا ضروری فتویٰ بھیجیں۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

علماء دیوبند کا عقیدہ ہے کہ حضرت رسول مقبول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اللہ پاک کے سب سے زیادہ اور سب سے اونچے مقرب رسول ہیں، جو کمالات اللہ تعالیٰ نے آپ کو عطا فرمائے ہیں وہ مجموعی طور پر کسی نبی یا فرشتہ کو نہیں ملے، آپ سب پیغمبروں کے سید ہیں، سب آپ کے جھنڈے کے نیچے ہیں (۲) ذات اور صفات سے

= لذت وسرور حاصل نہیں ہوتا، بلکہ ان سے ایک گونہ اس کو نفرت ہوتی ہے تو لامحالہ وہ ان کو اپنے ذہن اور دل سے فوراً نکالنے کی سعی کرے گا اور اپنے دل کی گہرائیوں میں ان کو ہرگز جگہ نہ دے گا، بخلاف بزرگوں اور ان ہستیوں کے مذکور تصور اور خیال کے کہ چونکہ ان سے مسلمان کی بے حد محبت اور عقیدت ہوتی ہے، اس لئے عین نماز میں صرف ہمت کے درجہ کا خیال اور تصور مضر ہے اور علی الخصوص جناب رسالت مآب حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف صرفِ ہمت کر کے دل میں نماز کی حالت میں خیال لانا اور بہ ہمہ وجوہ آپ کی طرف متوجہ ہو جانا مضر تر ہے، کیونکہ آپ کی بے پناہ عقیدت اور لازوال محبت کے پیش نظر اور بے حد تعظیم وتکریم کے لحاظ سے اس خیال میں منہمک ہو کر آدمی توجہ الی اللہ سے محروم ہو جائے گا جو نماز میں مطلوب تھی، اس لئے یہ زیادہ خطرناک ہے کیونکہ دنیا کی دوسری چیزیں تو بے وقعت، حقیر اور ذلیل ہیں اور آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وبارک وسلم تو ارب کھرب بار تعظیم وتکریم کے مستحق ہیں جو ساری مخلوقات میں جامع کمالات ہیں"۔

جہاں کے سارے کمال ایک تجھ میں ہیں ترے کمال کسی میں نہیں مگر دو چار

(عبارات اکابر، ص:۱۰۲، مکتبہ صفدریہ)

(۱) (سورۃ الکھف: ۱۱۰)

(۲) "وھو صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فی جمیع أمورہ علی الطاعۃ والبر والإستقامۃ التي لم ینلھا بشر =

Made searchable using ScribeTools.com

متعلق شان نبوت کے موافق جس قدر علوم آپ کو عطا ہوئے کسی کو بھی نہیں ملے (۱) نہ کوئی آپ کے درجہ کو پہنچا، نہ پہنچ سکتا ہے (۲) جو شخص اس کے خلاف علماء دیوبند کی طرف کوئی بات منسوب کرتا ہے وہ غلط کہتا ہے اور بہتان باندھتا ہے، نماز کو سمجھ سمجھ کر پڑھنے کا حکم ہے، جب نماز میں قرآن پاک کی وہ آیات پڑھے گا جن میں نام مبارک موجود ہے جیسے: ﴿محمد رسول اللّٰه﴾ الایة تو معنی پر دھیان کرنے کیلئے تصور مبارک ضرور آئے گا اور جب تشہد پڑھے گا تب بھی تصور آئے گا (۳) پھر کہنا کہ خیال آنے سے نماز نہیں ہوتی اور اس کو علماء دیوبند کی طرف منسوب کرنا بہتان ہے جس سے علماء دیوبند بری ہیں۔ واللّٰه علیٰ ما نقول وکیل۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹/۳/۹۰ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۱۰/۳/۹۰ھ۔

= سواه لا من الأولين و لا من الآخرين، و هو صلى الله تعالىٰ عليه وسلم أكمل البشر على الإطلاق و سيدهم في الدنيا والآخرة". (تفسير ابن كثير، (الفتح : ۲): ۲۳۵/۴، دار الفيحاء)

"عن أبي سعيد الخدري رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم :"أنا سيد ولد آدم يوم القيامة و لا فخر، بيدي لواء الحمد و لا فخر، و ما من نبي يومئذ آدم فمن سواه تحت لوائي، وأنا أول من تنشق عنه الأرض ولا فخر". (جامع الترمذى، أبواب المناقب : ۲۰۲/۲، سعيد)

(۱) "قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم:"إن أتقاكم و أعلمكم بالله أنا". (صحيح البخارى، كتاب الإيمان، باب قول النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: 'أنا أعلمكم بالله". : ۷/۱، قديمى)

"(أنا أعلمكم بالله) ظاهر فى أن العلم بالله درجات، وأن بعض الناس فيه أفضل من بعض، و أن النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم منه فى أعلى الدرجات". (فتح البارى ، كتاب الإيمان، باب قول النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "أنا أعلمكم بالله". : ۹۶/۱ ، قديمى)

(۲) "و لا يبلغ ولي درجة الأنبياء؛ لأن الأنبياء معصومون مأمونون عن خوف الخاتمة، مكرمون بالوحي ومشاهدة المَلَک، مأمورون بتبليغ الأحكام وإرشاد الأنام بعد الإتصاف بكمالات الأولياء، فما نقل عن بعض الكرامية من جواز كون الولي أفضل من النبي كفرٌ و ضلال". (شرح العقائد النسفية للتفتازانى، ص: ۱۶۵، ۱۶۶، قديمى)

(وكذا فى شرح الفقه الأكبر للملا على القارى ، ص: ۱۲۱، قديمى)

(۳) (سیأتی تخریجه تحت عنوان: "تشہد میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا تصور")

تشہد میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا تصور

سوال[۱۸۰]: التحیات میں ''السلام علیك أیھاالنبی'' سے صوفیاء حضرات استدلال کرتے ہیں کہ نماز پڑھتے ہوئے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا تصور ضروری ہے، کیا یہ صحیح ہے؟ ان الفاظ کی وجہ اور شانِ نزول کیا ہے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

نماز کے معنی پر دھیان رکھ کر اور سمجھ کر پڑھنا چاہئے اس لئے تصور بھی آئے گا(۱)۔

معراج میں تین چیزیں: ''التحیات، الصلوات، الطیبات'' بارگاہِ خداوندی میں پیش کئے تو وہاں سے جواب میں تین چیزیں: '' السلام، رحمة، برکات '' عطا ہوئیں(۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ۔

الجواب صحیح: بندہ محمد نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

---

(۱) ''وقبل : الخشوع فی الصلاة، ھو جمع الھمة لھا، والإعراض عما سواہ، والتدبر فیما یجری علی لسانه من القراءة والذکر ..... الخ''.(التفسیر المظھری، (المؤمنون : ۲): ۳۶۲/۶،حافظ کتب خانه)

(وکذا فی تفسیر الخازن، (المؤمنون : ۲): ۲۶۷/۳،دار الکتب العلمیه)

''والمراد بخشوعھن سکون الجوارح عن العبث،والقلب عن أن یشتغل بغیر ما ھو فیه من صلاتـه بأن یکون متأملاً لمعانی قرأته وأذکاره ..... الخ''.(مرقاة المفاتیح، کتاب الصلاة : ۲۷۳/۲،رشیدیه)

''قال الغزالی فی الإحیاء : و قبل قولک: ''السلام علیک'' أحضر شخصه الکریم في قلبک، و لیصدق في أنه یبلغه، و یرد علیک ما ھو أو فی منه''.(مرقاة الفاتیح، کتاب الصلاة : ۶۳۱/۲،رشیدیه کوئٹه)

(۲)'' التحیات لله والصلوات والطیبات) ..... و ھی الصادرة منه لیلة الإسراء، فلما قال ذلک النبي صلی الله تعالیٰ علیه وسلم بإلھام من الله تعالیٰ، ردّ الله علیه و حیّاہ بقوله: ''السلام علیک أیھا النبي و رحمة الله و برکاته''.

(مراقی الفلاح شرح نور الإیضاح، کتاب الصلاة،ص : ۲۸۴،قدیمی)

Made searchable using ScribeTools.com

کیا حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے پہاڑ سے گرنے کا ارادہ فرمایا؟

سوال[۱۸۱]: زید نے ایک جلسۂ عام میں دوران تقریر فرمایا کہ ''جب چند روز تک وحی کا آنا رک گیا تھا تو حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نہایت غمگین ہوکر بلند پہاڑوں کی چوٹیوں پر چڑھ جاتے تھے تاکہ اپنے آپ کو گرا کر خودکشی کرلیں'' اور زید نے اپنے قول کے اثبات کے لئے ''بخاری شریف'' کی وہ حدیث جو ''باب التعبیر'' درباره ''فترة الوحی'' وارد ہے، پیش کی (۱) تو کیا شریعت کی رو سے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف خودکشی جیسا برا فعل منسوب کرنا قابلِ قبول ہوسکتا ہے، کیا زید اپنے قول میں صادق ہوسکتا ہے یا نہیں؟ کیا اس سے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شانِ مبارک میں توہین اور گستاخی ہوتی ہے یا نہیں؟ اگر گستاخی اور توہین قرار پاسکتی ہے تو پھر زید کے لئے شریعتِ مطہرہ کیا حکم نافذ کرتی ہے؟ کہ جو سرورِ دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف خودکشی جیسا برا فعل منسوب کررہا ہے حالانکہ آپ کی زندگی کا ایک ایک واقعہ اس کی تردید کررہا ہے کہ آپ کی قلب مبارک میں کبھی کوئی شک یا وہم پیدا ہوا ہو یا خودکشی جیسے قبیح فعل کا خیال دل میں گزرا ہو، چونکہ سخت مصائب کے وقت بھی آپ نے ایسے عزم واستقلال کا ثبوت دیا ہے کہ جس کی نظیر نہیں ملتی۔ بحوالۂ کتب معتبرہ جواب باصواب سے ممنون ومشکور فرمائیں۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

زید کا بیان صحیح ہے، یہ واقعہ صحیح بخاری شریف میں مذکور ہے (۲)، نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اخلاق وصفات کے اعتبار سے اعلیٰ درجہ پر فائز تھے، جو قرب اور فضل وکمال آپ کو حاصل ہے اور کسی بشر یا ملک کو حاصل

---

(۱) " و فتر الوحي فترةً، حتى حزن النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فيما بلغنا حزناً عدا منه مراراً، كي يتردى من رؤس شواهق الجبال، فكلما أوفى بذروة جبل لكي يلقي نفسه منه، تبدّى له جبرئيل، فقال: يا محمد! إنک رسول الله حقاً، فيسكن لذلک جأشه و تقر نفسه فيرجع، فإذا طالت عليه فترة الوحى غدا لمثل ذلک، فإذا أوفى بذَروَة الجبل، تبدّى له جبرئيل فقال له مثل ذلک". (صحيح البخارى، كتاب التعبير، باب أول ما بدىء به رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم من الوحي الرؤيا الصالحة: ۲/۱۰۳۴، قديمى)

(۲) (صحيح البخارى المصدر السابق)

نہیں، بایں ہمہ آپ بشر تھے، طبیعت بشریہ آپ میں موجود تھی وہ آپ سے جدا نہیں ہوئی تھی، لیکن دیگر افراد بشر میں اس بات میں ممتاز تھے کہ آپ پر وحی نازل ہوتی تھی اور اس کے مطابق احکامِ خداوندی پر عمل فرماتے اور دوسروں کو ہدایت کرتے تھے اور آپ معصوم تھے، آپ سے معصیت کا صدور نہیں ہوا، اگر کبھی کوئی بات خلاف اولیٰ صادر ہوئی تو اس پر مطلع کر کے معاف کر دیا گیا: ﴿إنما أنا بشر مثلكم يوحى إليّ﴾ الایۃ (۱) ﴿وما ينطق عن الهوىٰ إن هو إلا وحي يوحىٰ﴾ الایۃ (۲) ﴿عفا الله عنك لم أذنت لهم﴾ الایۃ (۳)۔

واقعہ مسئولہ میں خودکشی کا صدور نہیں ہوا اور نہ زید نے آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف خودکشی کی نسبت کی اور ارادۂ مذکورہ کا سبب یہ نہیں تھا کہ آپ کو اپنی نبوت یا رسالت میں کوئی وہم ہوا ہو، بلکہ سبب فتح الباری ۱۲/ ۳۱۸ میں مذکور ہے:

"وأما إرادته إلقاء نفسه من رؤوس الجبال بعد ما نبئ، فلضعف قوته عن تحمل ما حمله عن اعباء النبوة، وخوفاً مما يحصل له من القيام بها من مباينة الخلق جميعاً كما يطلب الرجل الراحة من غم يناله في العاجل بما يكون فيه زواله عنه، ولو أفضى إلى إهلاك نفسه عاجلاً حتى إذا تفكر فيما فيه صبره على ذلك من العقبىٰ المحمودة، صبر واستقرت نفسه الخ" (٤)۔

جس طرح کے بچے کے انتقال پر رونا اور غمگین ہونا عزم واستقلال کے خلاف نہیں اسی طرح یہ ارادہ اپنی نبوت پر یقین کے خلاف نہیں۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ۔

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ابا جان اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو امی جان کہنا

سوال [۱۸۲]: ایک خطیب صاحب اپنی تقریر میں یا اپنی گفتگو کے اندر جب بھی حضور صلی اللہ تعالیٰ

---

(۱) (الکهف: ۱۱۰) (۲) (النجم: ۳، ۴)

(۳) (التوبة: ۴۳)

(۴) (فتح الباری، کتاب التعبیر، باب أول ما بدیء به رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم الرؤیا الصالحة: ۱۲/ ۴۴۷، قدیمی)

Made Se Made searchable using ScribeTools.com pols.com

علیہ وسلم وحضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا تذکرہ کرتے ہیں تو ازراہ غلبۂ محبت حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا نام ''ابا جان محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم'' اور ''اماں حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا'' کہتے ہیں، تمام امت مسلمہ کے روحانی باپ وماں ہیں، اس لئے ہم ان کو ماں باپ کے لفظوں سے صراحۃً تعبیر بھی کر سکتے ہیں۔

پوچھنا یہ ہے کہ ایسا کرنا بدعت میں شامل ہوگا یا نہیں؟ عام لوگ اگر اس عمل پر اصرار کریں تو کیا حکم ہے؟ بظاہر دو ایک کے ایسا کرنے سے کوئی خرابی نظر نہیں آتی، ہاں کلام اس صورت میں ہے جب عام لوگ اصرار کریں، ہر ایک کا تفصیلی حکم کیا ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

خالی ابا جان اور امی جان نہیں کہنا چاہئے (۱)، حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو ام المومنین کہنا سلف سے منقول ہے: ﴿وأزواجه أمهاتهم﴾ (۲)، امی جان اور ابا جان ہر دو کی شان اقدس سے بہت کم درجہ کا لفظ ہے، ابا جان کہنے میں بظاہر نص قرآنی: ﴿ما كان محمد أبا أحد من رجالكم﴾ الایۃ (۳) سے بھی تعارض ہے (۴)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۴/ ۵/ ۹۰ھ۔

---

(۱) اس کی ممانعت اس وقت ہے جب عمومی معنی مراد ہو اور اس میں فضیلت کا کوئی پہلو ملحوظ نہ ہو۔

(۲) قال اللہ تعالیٰ ﴿النبی أولی بالمؤمنین من أنفسهم وأزواجه أمهاتهم﴾ (الأحزاب : ٦)

''ویسمّی کل من کان سبباً فی إیجاد شیء أو إصلاحه أو ظهوره أباً، ولذالک سمي النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم أبا المؤمنین، قال اللہ تعالیٰ : ﴿النبی أولی بالمؤمنین من أنفسهم وأزواجه أمهاتهم﴾ و فی بعض القرآءت (وهو أب لهم)''. (روح المعانی، (الأحزاب : ۴۰): ۲۲/ ۴۶، دارالفکر)

(۳) (الأحزاب : ۴۰)

(۴) آیت کریمہ میں نسبی باپ ہونے کی نفی وارد ہوئی ہے، اگر تعظیماً اور تکریماً ابا جان کہا جائے تو بظاہر اس میں کوئی حرج نہیں، بلکہ حضور پرنور کی شفقتوں کو دیکھ کر ''ابا جان'' بولنا مستحسن ہے، چنانچہ علامہ آلوسی رحمہ اللہ تعالیٰ لکھتے ہیں:

''(ولکن رسول اللہ) استدراک من نفی کونه علیه السلام أبا أحد من رجالهم علی وجه یقتضی حرمة المصاهرة و نحوها إلی إثبات کونه صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم أباً لکل واحد من الأمة فیما یرجع إلی وجوب التوقیر والتعظیم له صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم، و وجوب الشفقة والنصیحة لهم علیه =

کیا نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا درجہ بڑے بھائی کے برابر ہے؟

سوال[۱۸۳]: حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا مرتبہ بڑے بھائی کے برابر ہے، وہ کس طرح سے ممکن ہے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

حدیث پاک میں ارشاد ہے: ''أنا سید ولد آدم ولا فخر''.(۱) حضرت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا مرتبہ اللہ پاک کے نزدیک اتنا بلند ہے کہ نہ کوئی فرشتہ اس کو پاسکتا ہے، نہ کوئی پیغمبر(۲)، پھر بڑے بھائی کے برابر کیسے ہوسکتا ہے؟ البتہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس بلند مرتبہ کے باوجود حضرت عمر کو بھائی

= صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم، فإن کل رسول أب لأمته فیما یرجع إلی ذلک،وحاصله أنه استدراک من نفی الأبوة الحقیقیة الشرعیة التی یترتب علیها حرمة المصاهرة ونحوها إلی إثبات الأبوة المجازیة اللُّغویة التی هی من شان الرسول صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم، و تقتضی التوقیر من جانبهم والشفقة من جانبه صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم ''.(روح المعانی، (الأحزاب : ۴۰): ۴۶/۲۲،دار الفکر)

(۱)(فیض القدیر شرح الجامع الصغیر : ۵/ ۲۲۹۱،نزار مصطفی الباز)

(۲) ''والمعتقد المعتمد أن أفضل الخلق نبینا حبیب الحق،و قد ادعی بعضهم الإجماع علی ذلک،فقد قال ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنهما : إن اللہ فضّل محمداً علی أهل السماء وعلی الأنبیاء''.(شرح الفقه الأکبر للملا علی القاري ، ص: ۱۱۴،قدیمی)

''و أفضل الأنبیاء محمد صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم لقوله تعالیٰ :﴿ کنتم خیر أمة أخرجت﴾. الایة''.(شرح العقائد النسفیه للتفتازانی،ص : ۱۰۲،المطبع الیوسفی)

''وأفضل الأنبیاء محمد صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم لقوله تعالیٰ : ﴿کنتم خیر أمة﴾ الایة ..... و عندنا فی الاستدلال وجهان : أحدهما الإجماع، فهو قول لم یعرف له مخالف من أهل السنة بل من أهل القبلة کلهم، ثانیهما الأحادیث المتظاهرة کقوله صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم: ''إن اللہ فضّلني علی الأنبیاء، و فضّل أمتي علی الأمم''. رواه الترمذي . وقوله : ''أنا سید الناس یوم القیامة'' رواه مسلم. و قوله : ''أنا أکرم الأولین والآخرین علی اللہ و لا فخر''. رواه الترمذي والدارمی .وقوله : ''إذا کان یوم القیامة کنت إمام النبیین و خطیبهم و صاحب شفاعتهم غیر فخر''. رواه الترمذی، و أمثالها کثیرة''

(النبراس ، ص: ۲۸۶،حقانیه ملتان)

Made searchable using ScribeTools.com

فرمایا ہے(۱) اور امت کو بھی بھائی فرمایا ہے جیسا کہ احادیث میں موجود ہے(۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۹/۱۱/۸۸ھ۔

نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو صرف بھائی کا درجہ دینا

سوال[۱۸۴]: کیا یہ صحیح ہے کہ اگر محنت کریں تو اولیاء اور انبیاء کے درجہ کو پہنچ سکتے ہیں، بعض صاحبان نے تو پیغمبران صاحبان علیہم الصلاۃ والسلام کی نسبت لکھا ہے کہ وہ ہمارے بھائی ہیں، اس سے زائد اور کوئی فضیلت نہیں۔ خصوصاً سرکارِ مدینہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شان میں بھی یہی الفاظ استعمال کرتے ہیں، کیا ایسا کہنا صحیح ہے؟ اگر صحیح ہے تو مولانا فرماتے ہیں:

ہمسری با انبیاء پرداختند
اولیاء را خویشتن پنداشتند

جب انبیاء صاحبان علیہم الصلاۃ والسلام کی شان بعید از قیاس ہے تو ان کا مقابلہ کرنے والا گمراہ ہے یا کافر؟ وہ دائرہ اسلام سے خارج ہے یا نہیں؟ بعض حدیثوں سے معلوم ہوتا ہے حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پرتو عکس سے دوزخ جنت، حور وغلمان، آسمان وزمین اور کل کائنات پیدا کئے گئے ہیں، کوئی نماز یا اوراد بغیر درود شریف کے مقبول نہیں، پھر ان کا مقابلہ کرنا یا مثل ان کے اپنے کو سمجھنا درست ہے؟

---

(۱) "عن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنه أنه استأذن النبي صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم فی العمرة فقال: "أي أخي! أشركنا في دعائك و لا تنسنا". (جامع الترمذی، أحادیث شتی من أبواب الدعوات : ۱۹۶/۲، سعید)

(۲) "و ددت أنا قد رأينا إخواننا" قالوا: أو لسنا إخوانک یا رسول اللہ؟ قال: "أنتم أصحابي، وإخواننا الذین لم یأتوا بعد". (الصحیح لمسلم، کتاب الطهارة، باب استحباب إطالة الغرة : ۱۲۷/۱، قدیمی)

"وددت أنی قد رأیت إخواننا". قالوا: یا رسول اللہ ألسنا إخوانک یا رسول اللہ ؟ قال: "أنتم أصحابی، وإخواننا الذین لم یأتوا بعد، وأنا فرطهم علی الحوض". (سنن النسائی، کتاب الطهارة، باب حلیة الوضوء : ۳۵/۱، قدیمی)

(وابن ماجه، أبواب الزهد، باب ذکر الحوض ، ص: ۳۱۹، قدیمی)

الجواب حامداًومصلیاً:

کوئی امتی کسی نبی کے درجہ کونہیں پہنچ سکتا (۱)،ولایت کے اونچے مقامات پر پہنچنا بعید نہیں مگر جو حضرات پہنچتے ہیں وہ دعویٰ نہیں کرتے اور تکبر نہیں کرتے،حضرت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے متعلق یہ عقیدہ رکھنا کہ وہ صرف بھائی کے درجہ میں ہیں،اس سے زیادہ ان کی کوئی فضیلت نہیں یہ غلط ہے،انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کی شان میں توہین اور گستاخی کرنا کفر ہے (۲)،بلاتحقیق کسی کی طرف کوئی غلط عقیدہ منسوب کرنا درست نہیں،تہمت ہے۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ۔

---

(۱) "و لا یبلغ ولیّ درجة الأنبیاء؛ لأن الأنبیاء معصومون مأمونون عن خوف الخاتمة، مکرمون بالوحي ومشاهدة المَلَک، مأمورون بتبلیغ الأحکام و إرشاد الأنام بعد الاتصاف بکمالات الأولیاء، فما نقل عن بعض الکرامیة من جواز کون الولي أفضل من النبي کفر و ضلال". (شرح العقائد النسفیة للتفتازانی، ص: ۱۶۵، ۱۶۶، قدیمی)

"و منها : أن الولي لایبلغ درجة النبي، لأن الأنبیاء علیهم الصلاة والسلام معصومون، مأمونون عن خوف الخاتمة، مکرمون بالوحي حتی فی المنام و بمشاهدته الملائکة الکرام، مأمورون بتبلیغ الأحکام و إرشاد الأنام بعد الاتصاف بکمالات الأولیاء العظام، فما نقل عن بعض الکرامیة من جواز کون الولی أفضل من النبي کفر و ضلالة و إلحاد و جهالة". (شرح الفقه الأکبر للملا علي القاري ، ص: ۱۲۱، قدیمی)

"و لا نفضل أحداً من الأولیاء علی أحد من الأنبیاء علیهم الصلاة والسلام و نقول : نبي واحد أفضل من جمیع الأولیاء". (العقیدة الطحاویة ، ص: ۱۴، قدیمی)

(۲) "والمنتقص له کافر". (مجموعة رسائل ابن عابدین،تنبیه الولاة والحکام علی أحکام شاتم خیر الأنام الخ : ۱/۳۱۶، سهیل اکیڈمی)

"و لو عاب نبیاً یکفر". (خلاصة الفتاوی، کتاب ألفاظ الکفر : ۴/۳۸۵، امجد اکیڈمی)

"و لو عاب نبیاً کفر". (الفتاویٰ البزازیة، کتاب ألفاظ تکون إسلاماً أو کفراً الثالث فی الأنبیاء: ۶/۳۲۷، رشیدیه)

Made searchable using ScribeTools.com

تمام امت مسلمہ کو حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے برابر سمجھنا

سوال[۱۸۵]: ایک شخص جو کہ اپنے کو اور تمام امت مسلمہ کو حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے برابر سمجھتا ہے اور کہتا ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام کے برابر تو سبھی لوگ ہو سکتے ہیں اور پیشاب کرنے کے بعد صرف پانی سے طہارت کر لیتا ہے تو ایسے شخص کو امام بنانا کیسا ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

اگر وہ نفس مخلوق خدا اور بشر ہونے میں برابر سمجھتا ہے تو یہ عقیدہ درست ہے اور قرآن پاک (۱) حدیث پاک سے ثابت ہے (۲)، اگر وہ درجۂ قرب وفضیلت میں برابر سمجھتا ہے تو اس کو توبہ لازم ہے، پیغمبر کے برابر کوئی امتی نہیں ہوسکتا (۳) اور حضرت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے برابر تو کوئی پیغمبر بھی نہیں ہوسکتا، چہ جائیکہ کوئی امتی برابری کا دعوی کرے (استغفر اللہ)۔ اگر کوئی شخص ایسا عقیدہ رکھتا ہے تو وہ ہرگز ہرگز امامت کے

---

(۱) قال الله تعالىٰ: ﴿هل كنت إلا بشراً رسولا﴾ (الإسراء : ۹۳)

وقال الله تعالىٰ : ﴿قل إنما أنا بشر مثلكم﴾ (الكهف : ۱۱۰)

وقال الله تعالىٰ ﴿أكان للناس عجبًا أن أوحينا إلى رجل منهم﴾ (يونس : ۲)

(۲) قال رسول الله صلى الله عليهوسلم:"إنما أنا بشر مثلكم، أنسى كما تنسون". (صحيح البخارى، كتاب الصلاة، باب التوجه نحو القبلة حيث كان : ۱/۵۸، قديمى)

(۳) "و لا يبلغ ولى درجة الأنبياء؛ لأن الأنبياء معصومون، مأمونون عن خوف الخاتمة،مكرمون بالوحي ومشاهدة الملك،مأمورون بتبليغ الأحكام و إرشاد الأنام بعد الاتصاف بكمالات الأولياء،فما نقل عن بعض الكرامية من جواز كون الولي أفضل من النبى كفرو ضلال". (شرح العقائد النسفية للتفتازانى ، ص: ۱۶۵،۱۶۶ . قديمى)

"ومنها : أن الولي لا يبلغ درجة النبى؛ لأن الأنبياء عليهم السلام معصومون، مأمونون عن خوف الخاتمة، مكرمون بالوحي حتى فى المنام و بمشاهدة الملائكة الكرام،مأمورون بتبليغ الأحكام و إرشاد الأنام بعد الاتصاف بكمالات الأولياء العظام، و ما نقل عن بعض الكرامية من جواز كون الولى أفضل من النبى كفر و ضلالة وإلحاد و جهالة". (شرح الفقه الأكبر للملا على القارى ، ص: ۱۲۱،قديمى) ..... =

Made Searchable by ScribeTools.com

لائق نہیں (۱)۔

جوشخص پیشاب کے بعد ڈھیلے وغیرہ سے استنجاء نہیں کرتا بلکہ فوراً پانی سے دھولیتا ہے تو ظن غالب یہ ہے کہ اس کا کپڑا ناپاک رہتا ہے، آج کل ڈاکٹروں اور طبیبوں کا تجربہ یہ ہے کہ پیشاب کے بعد عامۃً قطرہ ضرور آتا ہے اس لئے ایسے شخص کو امام نہ بنایا جائے (۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

روضۂ اقدس سے دستِ مبارک کا نکلنا

سوال[۱۸۶]: سرورکائنات احمد مجتبیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا دست مبارک قبر مبارک سے کسی کے مصافحہ کے واسطے نکلنا صحیح ہے؟ اور از روئے شرع درست ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

سرورکائنات حضرت رسول مقبول محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا دست مبارک مزار اقدس سے نکلنا بعض

= "و لا نفضل أحداً من الأولیاء علی أحد من الأنبیاء علیهم السلام، و نقول: نبی واحد أفضل من جمیع الأولیاء". (العقیدة الطحاویة، ص: ۱۴، قدیمی)

(۱) "أما إذا أدی إلیه (الکفر) فلا کلام فی عدم جواز الصلاة خلفه". (شرح العقائد النسفیة للتفتازانی، ص: ۱۶۱، قدیمی).

"و شروط صحة الإمامة للرجال الأصحاء ستة أشیاء: الإسلام و هو شرط عام، فلاتصح إمامة منکر البعث ..... الخ". (نور الإیضاح مع شرحه مراقی الفلاح، کتاب الصلاة، باب الإمامة، ص: ۲۸۷، قدیمی کراچی)

(وکذا فی رد المحتار، باب الإمامة: ۱/۵۵۰، سعید)

(۲) اصل مقصد قطرے سے فراغت اور طہارت حاصل کرنا ہے خواہ ڈھیلے سے ہو یا پانی سے اور یہ کہنا کہ ایسا شخص ڈھیلا اور پانی دونوں چیزیں استعمال کرے اس کا مقصود بھی یہی ہے کہ قطرے سے فراغت حاصل ہوجائے تاکہ اس کے کپڑے پاک رہیں، اور اگر ایک یا دونوں چیزیں استعمال کرنے کے بعد بھی قطرے سے فراغت حاصل نہیں ہوتی تو ظاہر ہے کہ ایسے شخص کے کپڑے ناپاک ہیں، اس لئے وہ امامت نہیں کرسکتا اگرچہ بوجہ معذوری اس کی اپنی نماز دوسرے امام کی اقتداء میں درست ہوتی ہے اور اگر ان میں سے صرف ایک سے یقینی طور پر صحیح طرح سے فراغت حاصل ہو تو ایک بھی کافی ہے۔

Made searchable using ScribeTools.com

اولیاء کے لئے شرعاً ممکن ہے محال نہیں، علامہ جلال الدین سیوطی رحمہ اللہ تعالیٰ نے "الحاوی للفتاوی" میں ایسا واقعہ بھی نقل کیا ہے(۱)۔قبر اطہر میں حیات بھی احادیث سے ثابت ہے(۲)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

قبر اطہر سے دست مبارک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا کسی کے لئے نکلنا

سوال[۱۸۷]: کیا نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا دست مبارک کسی کے مصافحہ کے واسطے مزار اقدس سے نکل سکتا ہے؟ شریعت نے اس کو جائز قرار دیا ہے؟ روایت بے سند کی اشاعت باعثِ فتنہ ہوسکتی ہے کہ نہیں؟

---

(۱) "وقال الشیخ تاج الدین بن عطاء اللہ فی لطائف المنن: قال رجل للشیخ أبی العباس المرسی: یا سیدی! صافحنی بکفک هذه، فإنک لقیت رجالاً و بلاداً، فقال: واللہ ما صافحت بکفي هذه إلا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم .. ".وفی بعض المجامیع: حج سیدی أحمد الرفاعی، فلمّا وقف تجاه الحجرة الشریفة أنشد:

فی حالة البُعد روحي کنت أرسلها
تقبل الأرض عنی و هي نائبتي
و هذه دولة الأشباح قد حضرت
فامدد یمینک کي تحظی بها شفتي

فخرجت الید الشریفة من القبر الشریف فقبلها".

(الحاوی للفتاوی، کتاب البعث، تنویر الحلک فی إمکان رؤیة النبی والملک: ۳۱۲/۲، ۳۱۴، دار الفکر)

(۲) "الأنبیاء أحیاء فی قبورهم یصلون". (ع) عن أنس (ح)". (فیض القدیر شرح الجامع الصغیر، رقم الحدیث: ۳۰۸۹، ۲۵۵۶/۵، نزار مصطفی الباز)

"(وکذا أخرجه أبو یعلی فی مسنده والبیهقی فی کتاب حیاة الأنبیاء"فأقول: حیاة النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم فی قبره هو و سائر الأنبیاء معلومة عندنا علماً قطعیاً لما قام عندنا من الأدلة فی ذلک و تواترت به الأخبار". (الحاوی للفتاوی، أنباء الأذکیاء بحیاة الأنبیاء: ۱۷۸/۲، دار الفکر)

الجواب حامداً و مصلیاً :

حضرت نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنی قبر اطہر میں زندہ ہیں (۱) حدیث پاک میں متعدد سندوں سے یہ چیز مروی ہے اور اس پر مستقل رسائل بھی علماء نے تصنیف کئے ہیں، جس طرح خرقِ عادت کے طور پر حیات ظاہری میں کچھ امور صادر ہوئے ہیں اور ان کا صدور مسلّم عقیدہ ہے اسی طرح باذنہ تعالیٰ اگر کسی کے لئے قبرِ اطہر سے دست مبارک مصافحہ کے لئے نکل آئے تو یہ نہ عقلاً ممتنع ہے نہ شرعاً (۲)۔ علامہ تقی الدین سبکی علامہ سیوطی، علامہ زرقانی اور شیخ عبدالحق رحمہم اللہ نے اس قسم کے متعدد واقعات اپنی کتابوں میں نقل کئے ہیں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند۔

---

(۱) كما فى الحديث: "عن أوس بن أوس قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "إن من أفضل أيامكم يوم الجمعة ..... إلى قوله ..... فقال: إن الله عزوجل حرّم على الأرض أجساد الأنبياء" (سنن أبى داؤد، باب تفريع أبواب الجمعة : ۱/۱۵۰، سعيد)

"قال النووى : قال العلماء: الحكمة فى أن الأنبياء صلوات الله عليهم أجمعين لا يورثون ..... قلت: أو لأنهم أحياء فى قبورهم، فالأموال باق على ملكهم ..... و مال السبكى الى الأول، لأن الأنبياء أحياء فى قبورهم، و قضيته أنهم يعطون بعض أحكام الدنيا..... قال ابن عابدين فى رسائله : إن المنع ههنا لانتفاء الشرط و هو عدم وجود الوارث بصفة الوارثية كما اقتضا ه الحديث، و أما عدم موت المورث بناءً على أن الأنبياء أحياء فى قبورهم كما ورد فى الحديث ..... و أجاد شيخ مشايخنا الكنكوهى قدس سره فى الكوكب الدرى فى باب ما جاء فى تركة النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم تقريراً أنيقاً ينبغى أن يكتب بماء الذهب فقال: و لأن النبيين صلوات الله عليهم أجمعين لما كانوا أحياءً فلا معنى لتوريث الأحياء منهم". (أوجز المسالك شرح المؤطأ للإمام مالك رحمه الله تعالىٰ،ماجاء فى تركة النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم :۶/۴۸۲)

(و كذافى عمدة القارى ، كتاب المناقب ، باب بعد باب قول النبى: "لو كنت متخذاً خليلاً":۱۶/۱۸۵)

(۲) "و فى بعض المجاميع حج سيدى أحمد الرفاعى، فلما وقف تجاه الحجرة الشريفة أنشد ..... فخرجت اليد الشريفة من القبر الشريف فقبّلها". (الحاوى للفتاوى : ۲/۳۱۴، كتاب البعث، تنوير الحلك فى إمكان رؤية النبى والملك، دار الفكر، بيروت)..... =

Made searchable using ScribeTools.com

شق صدر اور معراج

سوال[۱۸۸]: جو شخص حضرت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے شقِ صدر کو باطل کہتا ہے اور آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی معراج جسمانی کو خواب وخیال سمجھتا ہے اس کا کیا حکم ہے؟

روح الامین نمبر ۴۲ مرزا پور اسٹریٹ کلکتہ۔

الجواب حامداً و مصلیاً ومسلّماً:

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا شق صدر، روایات صحیحہ سے ثابت ہے، تفسیر فتح العزیز تفسیر الم نشرح: ۲/ ۲۷۵ میں ہے کہ چار مرتبہ شق صدر ہوا ہے، ابن حبان، حاکم، ابونعیم، ابن عساکر، عبداللہ بن احمد وغیرہم کی روایات صحیحہ کو استدلال میں پیش کیا ہے(۱) لہذا اس کا انکار ناواقفیت یا عناد پر مبنی ہے۔

= "عن أبی الخیر الأقطع قال: دخلت المدینة و أنا بفاقة، فأقمت خمسة أیام ما ذقت ذواقاً، فتقدمت إلی القبر الشریف و سلمت علی النبی و علی أبی بکر و عمر و قلت: أنا ضیفک اللیلة یا رسول الله! و تنحیت و نمت خلف المنبر، فرأیت النبی فی المنام و أبو بکر عن یمینه و عمر عن شماله وعلی، بین یدیه، فحرّکنی علیّ و قال:قم قد جاء رسول الله، فقمت إلیه وقبلت بین عینیه، فدفع إلیّ رغیفاً، فأکلت نصفه و انتبهت، فإذا فی یدی نصف رغیف". رواه أبو عبد الرحمن السلمی".(القول البدیع فی الصلوة علی الحبیب الشفیع،ص:۳۲۵، الباب الرابع فی تبلیغه علیه السلام سلام من یسلّم علیه ،مؤسسة الریان،بیروت)

(۱) "روزے همراه پسران دایهٔ خود درکودکان بازی کرده، در چرانیدنِ گوسفندان مشغول بودند، و بسران دایه برائے گرفتنِ نان و آذوقه پیشِ مادر خود رفته، و آنجناب تنها همراه گوسفندان در آن صحرا بودند که ناگاه دو جانور کلان بصورتِ کر گس (که آنرا در زبان هندی گِد گویند) نمودار شدند، یکے مردیگرے را پرسید که این همان شخص ست؟ آن دیگر گفت که آری، پس هر دو متوجهِ آنحضرت صلی الله تعالیٰ علیه وسلم شدند، و آنحضرت بسببِ ترس از ان جانوران رو بگریز نهادند، تا آنکه آن هر دو جانور هر دو بازوئے آنحضرت صلی الله تعالیٰ علیه وسلم را گرفته بر پشت بر زمین انداختند، وبمنقارهائے خود شکم مبارکِ آنحضرت صلی الله تعالیٰ علیه وسلم چاک =

=کردند، و از سینه أنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم دل مبارک ر ابر آورده، نیز چاک کردند، وازان خون بسته سیاه بر آورده بر تافتند، و گفتند که این خونِ بسته مردار نصیبِ شیطان ست، در دل هر آدمی این را از دل او بر آوردیم، والا هر گز وسوسهٔ شیطان را قبول نخواهد کرد.

بعد ازان یکے مر دیگرے را گفت که آبِ برف بیار، بآن آب شکمِ ایشان را بشستند، بعد ازان آبِ ژاله طلبیدند، وبآن آب دل را شستند، بعد ازان گفت که سکینه بیار، آنچیری بود بر مثالِ ذر در و آنرا بزلِ ایشان افشاند ند، بعد ازان یکے مر دیگرے را گفت که این را بدوز و آنرا دوخته بمهرِ نبوت مهر کردند، و سینهٔ مبارک آن حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم را دوخته برابر کردند، چنانچه انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنه که خادم ملازمِ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم بود میگفت که من اثر سوزن را در سینهٔ مبارک آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم میدیدم الخ.

دوم آنکه ابن حبان و حاکم وابو نعیم وابن عساکر و ضیائی مقدسی و عبد اللہ بن احمد در زوائدِ مسند بسندِ صحیح روایت کرده اند که آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم چون ده ساله شدند، در صحرائے بودند که دو کس بصورتِ دو مرد ظاهر شدند، آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم میفرمودند که من مانندِ چهره هائے آن دو شخص هیچگاه چهرهٔ نورانی ندیده ام، و بوئے خوش که از انها می آمد در هیچ عطرے نشمیده ام، و مانندِ جامه هائے آن دو شخص در نفاست و صفا و درخشندگی هیچ جامه بنظر من نیامده، آن هر دو شخص جبرئیل و میکائیل علیهما السلام بودند، هر دو بازوئے مرا بوجهی گرفتند که اصلاً مرا معلوم نشد،و باسانی تمام بر فقره فقا مَرا غلطانیدند که هیچ عضوِ من بے جا نشد،و درد نه کرد،و بازآنها شکمِ مَر اچاک کردند، و اصلاً خون نه بر آمد، و درد نه شد، و یکے از آنها آب در طشتِ زرین می آورد، و دیگر تمام درد نه مرامی شست، بازیکے مر دیگرے را گفت که دلِ این را چاک کن، و غل و حسد را ازوے دور کن، خونِ بسته بر آورد ند، وبر تافتند. باز گفت مِهرُ بانگی و شفقت در دلِ این بیند، از چیزے بصورتِ تل سیمین آورده در دلِ من انداختند، و دوائے خشکی بر مثالِ زر در بالائے آن پاشیدند، باز انگشت آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم لاگرفته، گفتند که بر دو سلامت باش. آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم فرمودند که من =

Made Se[illegible]ools.com
Made searchable using ScribeTools.com

معراجِ جسمانی مسجد اقصیٰ تک بحالتِ یقظہ نص قطعی سے ثابت ہے، اس کا انکار کفر ہے اور سماء دنیا تک خبر مشہور سے ثابت ہے، اس کا منکر مضل اور مبتدع ہے اور سماء دنیا سے آگے جنت وعرش وغیرہ تک خبر واحد سے ثابت ہے، اس کا منکر فاسق ہے۔

فی العقائد النسفية: "والمعراج لرسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فى اليقظة بشخصه إلى السماء ثم إلى ما شاء الله تعالىٰ من العلى حق". قال التفتازانى تحت (قوله: حق) "أى ثابت بالخبر المشهور حتى أن منكره يكون مبتدعاً (إلى أن قال) فقوله: فى اليقظة إشارة إلى الرد على من زعم أن المعراج كان فى المنام(إلى أن قال) و قوله: بشخصه إشارة إلى الرد على من زعم أنه كان للروح فقط(إلى أن قال) و قوله: إلى السماء إشارة إلى الرد على من زعم أن المعراج فى اليقظة لم يكن إلا إلى بيت المقدس على ما نطق به الكتاب و قوله : (ثم إلى ما شاء الله) إشارة إلى اختلاف أقوال السلف، فقيل: إلى الجنة، وقيل: إلى العرش، و قيل: فوق

= اذاں وقت در دلِ خود شفقت و رحمت بر هر صغير و كبير می يابم، واين بار آنحضرت صلى الله تعالىٰ عليه وسلم چون سنِ بلوغ قريب رسيده بود از لوازمِ جوانی ميل بشهوت و سورتِ غضب ست، برائے عصمت از گناهائے كه تعلق باين دو صفت دارند، و بيشتر غلبهٔ آنها در جوانی و ما بعد جوانی ست شقِ صدر مكرر واقع شد. سوم آنكه چون هنگامِ بعثت قريب ست، و زمانِ نزولِ وحی بر دل مباركِ آنحضرت صلى الله تعالىٰ عليه وسلم نزديک آمد، بارِ ديگر دلِ ايشان را برائے تنقيه و تقويت چاک كردند ..... چهارم: شب معراج، واين با ر شقِ صدر برائے آن بود كه دل مباركِ آنحضرت صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قوتِ سيرِ عالَمِ ملكوت بهم سازند، و طاقت ديدنِ تجليات بديهه و انوارِ مثله ليه پيدا كند". (تفسير عزيزی، (سوره الم نشرح : ۲۳۰- ۲۳۲) ، ارگ بازار قندهار)

(وكذا فى دلائل النبوة للبيهقى، باب ذكر رضاع النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و مرضعته و حاضنته: ۱/ ۱۳۱ ، و باب ماجاء فى شق صدر النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم الخ : ۵/۲، دار الكتب العلميه بيروت)

العرش إلى طرف العالَم. فالإسراء و هو من المسجد الحرام إلى بيت المقدس قطعيٌ ثبت بالكتاب،والمعراج من الأرض إلى السماء مشهور، و من السماء إلى الجنة أو إلى العرش أو غير ذلك احاد". شرح عقائد نسفی، ص:۱۰٤ (۱)۔

"قال أهل السنة بأجمعهم: إن المعراج إلى المسجد الأقصىٰ قطعی ثابت بالكتاب، وإلى سماء الدنيا ثابت بالخبر المشهور، و إلى ما فوقه من السموات ثابت بالآحاد، فمنكر الأول كافر ألبتة، و منكر الثانی مبتدع مضل، و منكر الثالث فاسق". تفسير احمديه، ص:۵۰۳ (۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۵۳/۱/۲۴ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مفتی مدرسہ، صحیح: عبد اللطیف، مفتی مدرسہ۔

معراج میں رؤیت

سوال[۱۸۹]: حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دنیا میں اللہ پاک کا دیدار ہو گیا ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو جب معراج ہوئی تو اس وقت بعض علماء قائل ہیں کہ اللہ تعالیٰ کو دیکھا ہے، پھر بعض کہتے ہیں کہ دل کی آنکھ سے دیکھا ہے، بعض کہتے ہیں کہ ظاہری آنکھوں سے اور بعض کہتے ہیں کہ ﴿ما كذب الفؤاد ما رأى﴾ میں حضرت جبرئیل علیہ الصلاۃ والسلام کو دیکھنے کا ذکر ہے۔ چنانچہ تفسیر مدارک میں ہے:"(ما كذب الفؤاد) فؤاد محمد (ما رأى) مارأه ببصره من صورة جبريل عليه الصلاة والسلام: أى ماقال فؤاده لما راه ببصره: لم أعرفك، و لو قال ذلك، لكان كاذباً؛ لأنه

---

(۱)(شرح العقائد النسفيه للتفتازانی ، ص:۱۴۴، ۱۴۵ قديمی)

(كذا فی شرح العقيدة الطحاوية لابن أبی العز ، ص:۲۲۳، قديمی)

(۲) (التفسيرات الأحمديه، (الإسراء : ۱)، ص: ۵۰۳،حقانيه پشاور)

Made searchable using ScribeTools.com

عرفه یعنی أنه راٰہ بعینه، وعرفه بقلبه، ولم یشك فی أن ما راٰہ حق، وقیل: المرئی هو اللّٰه سبحانه رآه بعین رأسه، وقیل: بقلبه اهـ". مدارك: ۱٤۸/٤ (۱)۔

"ثم الصحیح أنه علیه السلام رای ربه بفؤاده لا بعینه اهـ"۔ شرح عقائد نسفی، ص: ۱۰۵ (۲)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ۔

---

(۱) (تفسیر المدارک (النجم : ۱۱) ۲/۲۱۳، قدیمی)

"(بالتخفیف والتشدید): أی فهما قرأتان سبعیتان، فالمعنی علی التشدید أن ما رآه محمد بعینه صدقه قلبه ولم ینکره، والتخفیف قیل کذالک، وقیل: هو علی إسقاط الخافض، والمعنی ما کذب الفؤاد فیما رآه. قوله:(من صورة جبریل) بیان لمارای، وهذا أحد قولین، وقیل : هو اللّٰه عزوجل وعلیه فقد رأی ربه مرتین: مرةً فی مبادی البعثة و مرةً لیلةالإسراء، واختلف فی تلک الرؤیة فقیل : رآه بعینه حقیقةً: وهو قول جمهور الصحابة والتابعین، منهم : ابن عباس وأنس بن مالک والحسن وغیرهم".

(حاشیة الصاوی علی تفسیر الجلالین،(النجم : ۱۱): ۲/۱۳، دارالباز)

"(ما کذب الفؤاد ما رأی): أی لم یکذب قلب محمد صلی اللّٰه تعالیٰ علیه وسلم لیلةالمعراج، وذلک أن اللّٰه تعالیٰ جعل بصره فی فؤاده حتی رأی ربه تعالیٰ و جعل اللّٰه تلک رؤیةً، وقیل: کانت رؤیةً حقیقةً بالبصر، و الأول مروی عن ابن عباس، وفی صحیح مسلم أنه رآه بقلبه، و هو قول أبی ذر و جماعة من الصحابة، والثانی قول أنس و جماعة".

"وروی عن ابن عباس أیضاً أنه قال: أتعجبون أن تکون الخلة لإبراهیم،والکلام لموسی،والرؤیة لمحمد صلی اللّٰه تعالیٰ علیه وسلم، و روی عن ابن عباس أیضاً أنه قال : "أما نحن بنی هاشم فنقول : إن محمداً رأی ربه مرتین" ..... وقال ابن مسعود : رأی جبریل علی صورته مرتین، وقرأ هشام عن ابن عامر وأهل الشام (ما کذّب) بالتشدید: أی ما کذب قلب محمد ما رأی بعینه تلک اللیلة بل صدقه". (الجامع لأحکام القرآن للقرطبی، (النجم : ۱۱): ۲۷/۶۱، ۶۲، دار الکتب العلمیه بیروت)

(۲) (شرح العقائد النسفیة للتفتازانی ، ص: ۱۴۵، قدیمی)

"وأن الصحیح أنه رآه بقلبه و لم یره بعین رأسه". (شرح العقیدة الطحاویة لابن أبی العز، ص: ۲۲۶، قدیمی)=

معراج میں اہلِ جنت ودوزخ کو دیکھنا جب کہ ابھی قیامت قائم نہیں ہوئی

سوال[۱۹۰]: دخولِ جنت ودوزخ میدان حشر میں حساب وکتاب کے بعد ہوگا لیکن حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے شبِ معراج میں میدانِ حشر سے پہلے جنتی کو جنت میں اور دوزخی کو دوزخ میں کس طرح دیکھا؟

الجواب حامداًو مصلیاً:

جوصورتِ حال اس وقت پیش آئے گی اس کا نقشہ اور خاکہ دکھلایا گیا(۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۳/۱۲/۹۵ھ۔

مقام محمود

سوال[۱۹۱]: مقام محمود کے بارے میں مختصر تشریح فرمادیں کیا وہ جنت میں ہے یا میدان حشر میں؟ اس میں حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ کیا خصوصیت ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

میدان حشر میں پیشی کے لئے شفاعت کی اجازت خاص طور پر دی جائے گی، وہ مقام محمود ہے(۲)۔

= "قال ابن عباس رأی محمد صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم ربه مرةً أخری بقلبه، روی مسلم عن أبی العالیة عنه قال: (ما کذب الفؤاد ما رأی) (ولقد رآه نزلةً أخری) قال: "رآه بفؤاده مرتین". (الجامع لأحکام القرآن للقرطبی، (النجم: ۱۳): ۲۷/۲۲، دار الکتب العلمیه بیروت)

(۱) "فمضیت هنیهةً فإذا أنا بأخونة علیها لحم مشرح لیس یقربها أحد، و إذا أنا بأخونة أخری علیها لحم قد أروح وأنتن، عندها أناس یأکلون منها، قلت: یا جبریل! من هؤلاء؟ قال: هؤلاء من أمتک یأتون الحرام ویترکون الحلال، قال: ثم مضیت هنیهةً فإذا أنا بأقوام مشافرهم کمشافر الإبل قال: فتفتح أفواههم فیلقمون من ذلک الجمر، ثم یخرج من أن أسافلهم فسمعتهم یضجون إلی اللہ تعالیٰ، فقلت: من هؤلاء یا جبریل؟ قال: هؤلاء من أمتک ﴿الذین یأکلون أموال الیتامیٰ ظلماً إنما یأکلون فی بطونهم نارًا و سیصلون سعیراً﴾ (تفسیر ابن کثیر: ۳/۱۹، (سورة الإسراء)

(۲) "قال ابن جریر: قال أکثر أهل التأویل: ذلک هو المقام الذی یقومه محمد صلی اللہ تعالیٰ علیه =

Made searchable using ScribeTools.com

فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۵/ ۱۱/ ۸۸ھ۔

الجواب صحیح: بندہ محمد نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۶/ ۱۱/ ۸۸ھ۔

مسئلہ شفاعت

سوال[۱۹۲]: مولانا صاحب بی اے منشی فاضل فرماتے ہیں کہ شفاعت کوئی نہیں کرائے گا، کیا قرآن مجید میں ارشاد باری تعالیٰ یہ نہیں ہے: ﴿عسى أن يبعثك ربك مقاماً محموداً﴾ (۱) اس سے رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا شفاعت فرمانا ثابت نہیں ہوتا؟ بخاری شریف پارہ اٹھارہ کتاب التفسیر میں حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ”فرمایا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے: قیامت کے دن ایماندار لوگ جمع ہوکر حضرت آدم علیہ السلام سے سفارش کرنے کی آرزو کریں گے، حضرت آدم علیہ الصلاۃ والسلام انکار کریں گے، بعد اس کے یکے بعد دیگرے پیغمبروں سے عرض کریں گے سب انکار کریں گے، تب رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ

= وسلم يوم القيامة للشفاعة للناس ليريحهم ربهم من عظيم ما هم فيه من شدة ذلك اليوم". (تفسير ابن كثير، (الإسراء: ۷۹): ۳/ ۵۰، دار القلم)

"وروى الترمذى عن أبى هريرة رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فى قوله: ﴿عسى أن يبعثك ربك مقاماً محموداً﴾ سئل عنها قال: (هى الشفاعة) قال: هذا حديث حسن صحيح".

"الرابعة: إذا ثبت أن المقام المحمود هو أمر الشفاعة الذى يتدافعه الأنبياء عليهم السلام حتى ينتهى الأمر إلى نبينا محمد صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، فيشفع هذه الشفاعة لأهل الموقف ليعجل حسابهم ويراحوا من هول موقفهم، و هى الخاصة به صلى الله تعالىٰ عليه وسلم". (الجامع لأحكام القرآن للقرطبى، (الإسراء: ۷۹): ۱۰/ ۲۰۱، دار الكتب العلميه، بيروت)

"و من الناس من فسره بمقام الشفاعة فى موقف الحشر حيث يعترف الجميع بالعجز، أعم من أن تكون عامةً كالشفاعة لفصل القضاء أو خاصةً كالشفاعة لبعض عصاة أمته صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فى العفو عنهم". (روح المعانى، (الإسراء: ۷۹): ۱۵/ ۲۰۴، دار الفكر)

(۱) (الإسراء: ۷۹)

Made Searchable by ScribeTools.com

علیہ وسلم کی خدمت بابرکت میں جا کر عرض کریں گے، آپ قبول فرما کر شفاعت کرادیں گے"(۱)۔

کیا قرآن مجید اور حدیث رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر ایمان لانا مسلمانوں پر فرض نہیں ہے؟ کیا قرآن مجید اور حدیث شریف رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے شفاعت کرانا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ثابت نہیں ہے؟ کیا شفاعت سے انکار قرآن مجید سے اور حدیث شریف سے انکار نہیں ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا شفاعت فرمانا اہل حق کا مذہب ہے اور احادیث مشہورہ سے صراحۃً ثابت ہے:"والشفاعة ثابتة للرسل والأخيار فی حق أهل الكبائر بالمستفيض من الأخبار (إلى أن قال) لنا قوله تعالى: ﴿واستغفر لذنبك و للمؤمنين و المؤمنات﴾ و قوله تعالىٰ: ﴿فما تنفعهم شفاعة الشافعين﴾ إلى أن قال: و قوله عليه الصلاة والسلام: "شفاعتي لأهل الكبائر من أمتی" و هو مشهور بل الأحاديث فی باب الشفاعة متواترة المعنى اهـ".شرح عقائد نسفی، ص:۸۸ (۲)۔

---

(۱) "عن أنس رضی الله تعالىٰ عنه عن النبی صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قال: "يجتمع المؤمنون يوم القيامة فيقولون: لو استشفعنا إلى ربنا، فيأتون ادم فيقولون : أنت أبو الناس، خلقك الله بيده، وأسجدَ لك ملائكته، و علمك أسماء كل شئ، فاشفع لنا عند ربك حتى يريحنا من مكاننا هذا، فيقول : لست هناكم، و يذكر ذنبه فيستحي، إيتوا نوحاً..... فيأتوني فأنطلق حتى استاذن على ربي فيؤذن، فإذا رأيت ربي، وقعت ساجداً فيدعنی ما شآء، ثم يقال: ارفع رأسك، وسل تعطه، وقل تسمع، واشفع تشفع ..... الخ". (صحيح البخاری ، كتاب التفسير، باب وعلم ادم الأسمآء كلها: ۲/ ۶۴۲، قديمی)

(۲) (شرح العقائد النسفيه للتفتازانی ، ص: ۱۱۵، ۱۱۶ ،قديمی كراچی)

"(و شفاعة الأنبياء عليهم الصلاة والسلام حق): أی عموماً فی المقصود (و شفاعة نبينا صلى الله عليه و سلم): أی خصوصاً فی المقام المحمود واللواء الممدود والحوض المورود (للمؤمنين المذنبين): أی من أهل الصغائر المستحقين للعقاب (ولأهل الكبائر منهم): أی من المؤمنين (المستوجبين للعقاب حق ثابت) فقد ورد: (شفاعتی لأهل الكبائر من أمتی) رواه أحمد و أبو داؤد والترمذی وابن حبان والحاكم عن أنس، والترمذی وابن ماجه وابن حبان والحاكم عن جابر، والطبرانی عن ابن عباس، والخطيب عن ابن عمر و عن كعب بن عجرة رضی الله تعالىٰ عنه، فهو حديث مشهور فی المبنى، بل الأحاديث فی باب الشفاعة متواترة المعنى". (شرح الفقه الأكبر للملا علی القاری ، ص: ۹۴، قديمی) =

Made searchable using ScribeTools.com

نیز بہت سی آیات سے بھی استدلال کرتے ہیں اور آیت: ﴿عسى أن يبعثك ربك مقاماً محموداً﴾ کے متعلق بھی جمہور قائل ہیں کہ مقام محمود، مقام شفاعت ہے۔ تفسیر مدارک التنزیل میں اس آیت کے ذیل میں لکھا ہے:

"نُصب على الظرف: أى عسى أن يبعثك يوم القيامة فيقيمك مقاماً محموداً، أوضمِن "يبعثك" معنى "يقيمك" و هو مقام الشفاعة عند الجمهور، و يدل عليه الأخبار الخ" (۱) شفاعت کا انکار درحقیقت نصوص قطعیہ اور احادیث صریحہ کا انکار ہے، معتزلہ شفاعت کے منکر ہیں، اہل السنۃ والجماعۃ نے کتب عقائد وتفسیر میں ان کی تردید کی ہے اور ان کے قول کو باطل قرار دیا ہے (۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

جواب صحیح ہے: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف، ۱۶/محرم/۵۶ھ۔

شفاعت وافضلیت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

سوال [۱۹۳]: ۱.....عمر وبکر مثلاً جن کے عقائد مذکور درج کئے جاتے ہیں اور بکر کی حد سے زیادہ تعدی معلوم ہوتی ہے، بکر کے عقیدہ کا خیال کرتے ہوئے اس کے ساتھ برتاؤ دینی اور دنیاوی جائز ہے یا نہیں اور جماعت میں شامل ہو جائے تو نکال دینے کا حکم ہے یا نہیں اور جماعت میں بھی کچھ نقصان لازم آتا ہے یا نہیں؟ اور ایسے آدمی کو باقی دوسرے امام کے ہوتے ہوئے امام بننا درست ہے یا نہیں؟ اور اس کے ایمان میں خلل آتا ہے یا نہیں اور ایسا ایمان ہونے میں نکاح وغیرہ میں بھی کچھ نقص ہے یا نہیں؟ حد کا حکم ہے یا نہیں؟ سو یہ کہ عمر اور بکر آپس میں جھگڑا کرتے ہیں عمر کہتا ہے کہ شفاعتِ رسول کریم برحق ہے اور بکر کہتا ہے کہ برحق نہیں ہے۔

۲.....عمر کہتا ہے کہ مقام المحمود شفاعت کا مقام ہے اور بخاری شریف میں بھی موجود ہے اور بکر کہتا ہے کہ شفاعت خاص کر رسول کریم کے واسطے معین نہیں ہے۔

۳.....اور عمر کہتا ہے کہ یا رسول اللہ کہنا جائز ہے اور بکر یہ کہتا ہے کہ ہرگز جائز نہیں۔

۴.....عمر کہتا ہے رسول کریم سب پیغمبروں سے افضل ہیں اور بکر کہتا ہے کہ سب برابر ہیں، سب

= (وكذا فى شرح العقيدة الطحاويه لابن أبى العز، ص: ۲۳۳، قديمى)

(۱) (تفسير المدارک، (الإسراء: ۷۹): ۱/۷۲۵، قديمى)

(۲) (راجع، ص: ۴۰۰، الحاشيه رقمها: ۲)

پیغمبروں سے افضل نہیں؟ صفحہ کتاب لکھ کر جواب تحریر فرماویں۔ حوالے جتنے زیادہ ہوں بہتر ہے اور ایسے آدمی کے پیچھے نماز پڑھ کر اعادہ واجب ہے یا نہیں اور اس کے جنازہ کا کیا کیا جاوے؟ ان مسائل کی بابت زیادہ تنازع ہورہا ہے اس لئے جواب پوری تکمیل سے تحریر فرماویں، تاکہ فریقین کو تسلی ہوجائے۔ فقط

الجواب حامداً و مصلیاً :

۱.....شفاعت کے متعلق عمر کا قول حق ہے، بکر کا قول غلط ہے: ”والشفاعة ثابتة للرسل والأخیار فی حق أهل الکبائر بالمستفیض من الأخبار خلافاً للمعتزلة اهـ“. شرح عقائد نسفی، ص: ۸۷ (۱)۔

۲.....اس میں بھی عمر کا قول حق ہے: ”قال أکثر أهل التاویل: ذلك (أی المقام المحمود) هو المقام الذی یقومه محمد صلی اللّٰه تعالیٰ علیه وسلم یوم القیامة للشفاعة للناس لیریحهم ربهم من عظیم ما هم فیه من شدة ذلك الیوم“۔ تفسیر ابن کثیر: ۳/۵۵ (۲)۔

”وشفاعة الأنبیاء علیهم الصلاة والسلام: أی عموماً فی المقصود، و شفاعة نبینا صلی اللّٰه تعالیٰ علیه وسلم خصوصاً فی المقام المحمود واللواء الممدود والحوض المورود للمؤمنین المذنبین: أی من أهل الصغائر المستحقین للعقاب و لأهل الکبائر منهم حق، فقد ورد: ”شفاعتی لاهل الکبائر من أمتی“۔ رواه أحمد و أبو داؤد والترمذی وابن حبان والحاکم عن أنس رضی اللّٰه تعالیٰ عنه، والترمذی وابن ماجه و ابن حبان والحاکم عن جابر رضی اللّٰه تعالیٰ عنه، والطبرانی عن ابن عباس رضی اللّٰه

---

(۱) (شرح العقائد النسفیة للتفتازانی، ص: ۱۱۵، قدیمی)

”شفاعته فی أهل الکبائر من أمته ممن دخل النار، فیخرجون منها، وقد تواترت بهذا النوع الأحادیث، وقد خفی علم ذلك علی الخوارج والمعتزلة، فخالفوا فی ذلك جهلاً منهم بصحة الأحادیث و عناداً ممن علم ذلك، واستمر علی بدعته، و هذه الشفاعة تشارکه فیها الملائکة والنبیون والمؤمنون أیضاً“.

(شرح العقیدة الطحاویه لإبن أبی العز، ص: ۲۳۳، قدیمی)

(وکذا فی شرح الفقه الأکبر للملا علی القاری، ص: ۹۴، قدیمی)

(۲) (تفسیر ابن کثیر، (سورة الإسراء: ۷۹): ۳/۵۰، دار القلم)

Made searchable using ScribeTools.com

تعالیٰ عنهما، والخطیب عن ابن عمر و کعب بن عجره رضی اللّٰه تعالیٰ عنهم، فهو حدیث مشهور فی المبنی بل الأحادیث فی باب الشفاعة متواترة المعنی اهـ". شرح فقه اکبر، ص:۱۱٤(۱)۔

"قال ابن عباس رضی اللّٰه تعالیٰ عنهما: هذا المقام المحمود مقام الشفاعة، وفی حدیث طویل: "وإنی لأقوم المقام المحمود، قال: ذاك إذا جیء بکم حفاةً عراةً": أی قوله: "فأقوم عن یمینه مقاماً لا یقومه أحد، فیغبطنی فیه الأولون والآخرون". وفی حدیث آخر: "ثم یقوم نبیکم صلی اللّٰه تعالیٰ علیه وسلم رابعاً فیشفع لا یشفع أحد بعده أکثر مما شفع". و هو المقام المحمود الذی قال اللّٰه عزوجل:﴿عسی أن یبعثك ربك مقاماً محموداً﴾ وإلی غیر ذلك من الأحادیث الکثیرة اهـ". فتح الباری شرح البخاری، کتاب التفسیر وکتاب الرقاق میں زیادہ تفصیل ہے(۲)۔

۳....."یا رسول اللہ" اس خیال اور عقیدہ سے کہنا کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، اللہ پاک کی طرح حاضر وناظر ہیں اور ہر جگہ سے اس آواز کو خود سنتے ہیں ناجائز بلکہ شرک ہے۔ اور اس عقیدہ سے کہنا کہ ملائکہ کے ذریعہ سے اللہ تعالیٰ میری اس آواز کو آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تک پہونچا دیتے ہیں جائز ہے، عوام چونکہ اس عقیدہ کو نہ جانتے ہیں نہ سمجھتے ہیں، بلکہ وہ پہلا ہی عقیدہ رکھتے ہیں، اس لئے ان کو منع کیا جاتا ہے، کسی صحیح عقیدہ والے کو بھی عوام کے سامنے اس طرح پکارنے سے احتراز کرنا چاہئے۔

۴.....اس مسئلہ میں بھی عمر کا عقیدہ صحیح اور اہل حق کے موافق ہے:" أفضل الأنبیاء محمد صلی اللّٰه تعالیٰ علیه وسلم "۔شرح عقائد نسفی، ص:۱۰۲(۳)۔

---

(۱)(شرح الفقه الأکبر للملا علی القاری، ص: ۹۴، قدیمی)

(۲) (فتح الباری، کتاب التفسیر باب (عسی أن یبعثک ربک مقاما محموداً): ۵۰۹/۸، (وکتاب الرقاق، باب صفة الجنة والنار: ۵۲۰/۱۱، قدیمی)

(۳)(شرح العقائد النسفیة للتفتازانی، ص: ۱۴۱، قدیمی)

"ان أفضل المخلوقات فی الدنیا والآخرة هو سیدنا محمد صلی اللّٰه تعالیٰ علیه وسلم الذی جمع کل خلال الخیر ونعوت الکمال، و بعثته صلی اللّٰه تعالیٰ علیه وسلم عامة لجمیع المکلفین، و أفضلیته صلی اللّٰه تعالیٰ علیه وسلم علی جمیع المخلوقات مما أجمع علیه المسلمون لقوله صلی اللّٰه تعالیٰ علیه وسلم:"أنا أکرم الأولین والآخرین علی اللّٰه ولا فخر)". (الکوکب الأزهر شرح الفقه الأکبر، ص: ۱۲۲) =

جس شخص کے ایسے غلط اور خراب عقائد ہوں وہ ضال ومضل ہے، اس کو امام بنانا جائز نہیں، تاہم اگر اسکے پیچھے کوئی نماز پڑھی ہے تو فریضہ ساقط ہوگیا اور نماز جنازہ بھی ایسے شخص پر پڑھی جائے گی: ''و یصلی علی کل فاجر اھ'' شرح عقائد نسفی، ص: ۱۱۵(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۳/۳/۵۸ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف، ۴/ ربیع الأول/ ۵۸ھ۔

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے والدین کا ایمان لانا

سوال[۱۹۴]: حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے والدین کے ایماندار ہونے کی روایت کتب سیر میں یا احادیث میں آئی ہے یا نہیں؟ اگر آئی ہے تو کیسی ہے اور ان کے ایماندار ہونے پر اعتقاد ویقین رکھنا کیسا ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے والدین کے ایماندار ہونے میں اکابر کے مختلف اقوال ہیں، بعض فرماتے ہیں کہ "ماتا علی الکفر"(۲)۔

= "وأنه أفضل الأنبياء وأمته خير الأمم". (شرح المقاصد، المقصد السادس فی السمعيات، فصل فی النبوة: ۳/۳۰۵، دار الكتب العلميه)

(شرح العقائد النسفية للتفتازانی، ص: ۱۶۱، قديمی)

(۱)(والصلاة خلف كل بر و فاجر): أی صالح و طالح (من المؤمنين جائزة: أی لقوله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم وعلى آله و سلم: "صلوا خلف كل بر و فاجر". (شرح الفقه الأكبر للملا على القاری، ص: ۷۶، قديمی)

(كذا فی شرح العقيد الطحاوية لابن أبی العز، ص: ۳۷۳، قديمی)

(۲) "قال القاری: ثم الجمهور على أن والديه صلى الله تعالىٰ عليه وآله وسلم ماتا كافرين. وهذا الحديث أصح ما روی فی حقهما". (بذل المجهود، كتاب الجنائز، باب فی زيارة القبور: ۵/۲۱۴، امداديه ملتان)

(وكذا فی مرقاة المفاتيح، كتاب الجنائز: ۴/۲۵۱، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

ایک روایت میں ہے:"استاذنت ربی أن أستغفر لأمی، فلم یأذن لی" (۱)۔مسلم کی ایک اور روایت میں ہے:"ان رجلاً قال: یا رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وآله وسلم! أین أبی؟ قال: "فی النار" فلماقفا دعاه فقال: "إن أبی وأباك في النار". مسلم،شامی:۲/۶۳۳(۲)۔

آیت:﴿ولا تسئل عن أصحاب الجحیم﴾ بصیغہ نہی حضور اکرم کے سوال:"لیت شعری ما فعل أبوای" کے جواب میں نازل ہوئی۔

تفسیر مظہری،ص:۶۷ میں لکھا ہے کہ یہ قوی نہیں (۳) بعض روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے والدین کو زندہ کیا گیا اور وہ آپ پر ایمان لائے (۴)۔"بیہقی دلائل النبوۃ" میں حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اور ابن نعیم نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت بیان کی ہے:"و قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وآله وسلم:"و ما افترق الناس فرقتین إلا جعلنی اللّٰہ فی

---

(۱) (الصحیح لمسلم، کتاب الجنائز، فصل فی الذهاب إلی زیارة القبور : ۱/۳۱۴،قدیمی)

(۲) (الصحیح لمسلم، کتاب الایمان، باب بیان أن من مات علی الکفر فهو فی النار الخ : ۱/۱۱۴، قدیمی)

(ورد المحتار،باب نکاح الکافر، مطلب فی الکلام علی أبوي النبي صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وآله وسلم وأهل الفترة : ۳/۱۸۴، ۱۸۵،سعید)

(۳) "و ما ذکر البغوي أنه قال عطاء عن ابن عباس: أن النبي صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وآله وسلم قال ذات یوم : (لیت شعری ما فعل أبواي) فنزلت هذه الآیة . و قال عبد الرزاق: أخبرنی الثوري عن موسی بن عبیدة، عن محمد بن کعب القرظي عنه . وأخرج ابن جریر من طریق ابن جریج: أخبرني داؤد بن عاصم عنه، فذکرا نحوه، فلیس بمرضيّ عنده و لیس بقوي".(التفسیر المظهری، (البقرة : ۱۱۹): ۱/۱۲۰،حافظ کتب خانه کوئٹه)

(۴) " وأورد السهیلی فی الروض الأنف بسند قال:"إن فیه مجهولین عن عائشة رضی اللّٰہ تعالیٰ عنها أن رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وآله وسلم سأل ربه أن یحیی أبویه، فأحیاهما له، فآمنا به، ثم أماتهما . و قال السهیلی بعد إیراده : اللّٰہ قادر علی کل شیء، و لیس تعجز رحمته و قدرته عن شیء، و نبیه صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وآله وسلم أهل أن یختص بما شاء من فضله و ینعم علیه بما شاء من کرامته" .(الحاوی للفتاویٰ، مسالک الحنفاء فی والدی المصطفی: ۲/۲۷۸،دار الفکر بیروت)

خیرهما، فأخرجت من بین أبوین فلم یصبنی شیء من عهد الجاهلیة، و خرجت من نکاح و لم أخرج من سفاح من لون آدم علیه الصلاة والسلام حتی انتهیت إلی أبی و أمی، فأنا خیرکم نفساً و خیرکم أباً "(۱)۔تفسیر مظہری:۱/ ۶۷۔

جلال الدین سیوطی رحمہ اللہ تعالیٰ.....،ملاعلی القاری،قاضی عیاض،قاضی ثناء اللہ وغیرہم نے مستقل تصانیف اس بارے میں کی ہیں اور روایات جمع کی ہیں۔

حق مذہب یہ ہے کہ اس مسئلہ میں نیز اس قسم کے دوسرے مسائل میں کنج وکاؤ کرنا مفید نہیں، بلکہ کسی حد تک مضر ہے لہذا توقف وسکوت بہتر ہے(۲) البتہ عمل سے شب وروز پیش آنے والے مسائل صوم وصلوۃ وغیرہ کی تحقیق مفید بلکہ ضروری ہے۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۸/۱/ ۵۸ھ۔

ہذا صحیح: عبداللطیف، بندہ: عبدالرحمٰن عفی عنہ مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۸/۱/ ۵۸ھ۔

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے والد کی نجات

سوال[۱۹۵]: کتاب ''شریعت کہ جہالت'' میں مسلم شریف کی ایک حدیث نقل کی ہے کہ ایک شخص نے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ میرا باپ کہاں ہے؟ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے

---

(۱) (دلائل النبوة، باب ذکر شرف أصل رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم و نسبه: ۱/ ۱۷۴، دار الکتب العلمیة)

(۲) "قال السهیلی فی الروض الأنف بعد إیراده حدیث مسلم : و لیس لنا نحن أن نقول ذلک فی أبویه صلی الله تعالیٰ علیه و آله وسلم لقوله: "(لا تؤذوا الأحیاء بسب الأموات)" وقال تعالیٰ :﴿إن الذین یؤذون الله و رسوله﴾. الایة. وسئل القاضي أبوبکر بن العربی أحد أئمة المالکیة عن رجل قال: إن أبا النبي صلی الله تعالیٰ علیه و آله وسلم في النار، فأجاب بأن من قال ذلک ، فهو ملعون لقوله تعالیٰ :﴿إن الذین یؤذون الله و رسوله لعنهم الله في الدنیا والآخرة﴾ قال: و لا أذی أعظم من أن یقال عن أبیه أنه في النار،و من العلماء من ذهب إلی قول خامس ، وهو الوقف، قال الشیخ تاج الدین الفاکهانی فی کتابه"الفجر المنیر": الله أعلم بحال أبویه".(الحاوی للفتاوی، مسالک الحنفاء فی والدي المصطفی : ۲/ ۲۷۹،دار الفکر)

Made searchable using ScribeTools.com

فرمایا کہ دوزخ میں، راوی کا بیان ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا جواب سن کر وہ شخص واپس ہوا تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کو واپس بلا کر فرمایا کہ میرا باپ اور تیرا باپ دونوں دوزخ میں ہیں (۱) کچھ لوگ اس حدیث پر اعتراض کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے باپ کس طرح دوزخ میں ہونگے؟ آیا یہ حدیث صحیح ہے یا ضعیف؟ امید ہے کہ اس مسئلہ پر تفصیل سے روشنی ڈالیں گے۔

الجواب حامداًو مصلیاً:

یہ حدیث معتبر ہے، علامہ جلال الدین سیوطیؒ نے اس مسئلہ پر متعدد رسائل تصنیف کئے ہیں اور بتایا ہے کہ اس گفتگو کے بعد حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے والد ماجد کے نجات پانے کی اطلاع آپ کو کی گئی ہے، بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ کے والد ماجد کو زندہ کیا گیا اور وہ آپ پر ایمان لائے (۲)۔ سیوطیؒ کے خلاف بھی بعض علماء کے رسائل ہیں، احتیاط اور سلامتی کا راستہ ہمارے اور آپ کے لئے یہ ہے کہ اس مسئلہ میں خاموشی اختیار کریں، آپ خود غور کریں کہ آپ کے والد کے متعلق بحث کی جائے کہ دوزخ میں ہیں یا نجات پا گئے تو آپ کو کس قدر یہ بحث گراں گزرے گی۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

---

(۱) "عن أنس رضی الله تعالیٰ عنه أن رجلاً قال لرسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : أین أبي ؟ قال: "فی النار". قال فلما قفی، دعاه فقال: "إن أبي و أباک فی النار". (الصحیح لمسلم، کتاب الإیمان، باب بیان أن من مات علی الکفر فهو فی النار : ۱/۱۱۴، قدیمی)

(۲) " المسلک الثالث: أن الله أحیا له أبویه حتی آمنابه، و هذا المسلک مال إلیه طائفة کثیرة من حفاظ المحدثین وغیرهم ..... وأورد السهیلی فی الروض الأنف بسند قال:"إن فیه مجهولین عن عائشة رضی الله تعالیٰ عنها أن رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه و آله وسلم سأل ربه أن یحیی أبویه، فأحیاهما له، فاٰمنا به ثم أماتهما . وقال السهیلی بعد إیراده : الله قادر علی کل شیء، ولیس تعجز رحمته و قدرته عن شیء، و نبیه صلی الله تعالیٰ علیه و آله وسلم أهل أن یختص بما شاء من فضله و ینعم علیه بما شاء من کرامته" .(الحاوی للفتاویٰ، مسالک الحنفاء فی والدی المصطفی: ۲/۲۷۷، ۲۷۸، دار الفکر بیروت)

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے والدین کا بعد وفات زندہ ہونا اور کلمہ پڑھنا

سوال[۱۹۶]: ایک شخص کہتا ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے قبرستان جا کر اپنے والدین کو زندہ کیا اور ان کو مسلمان کیا، یہ کونسی حدیث کا مضمون ہے؟ اگر یہ بات غلط ہے تو کہنے والا حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم پر بہتان رکھتا ہے یا نہیں؟ اور پھر آپ کا ہی کلمہ پڑھتا ہے یہ کیسا مسلمان ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

حضرت رسول مقبول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے والدین کا اللہ کے حکم سے زندہ ہونا اور کلمہ پڑھ کر انتقال کر جانا صحاح میں تو موجود نہیں، البتہ سیوطی رحمہ اللہ تعالیٰ نے ایسی بھی روایت نقل کی ہے(۱) اس لئے اس پر تشدد نہ کیا جائے بلکہ خاموشی اختیار کی جائے(۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲/۲/۹۰ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲/۲/۹۰ھ۔

---

(۱) "وأورد السهيلي في الروض الأنف بسند قال: "إن فيه مجهولين عن عائشة رضي الله تعالىٰ عنها" أن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وآله وسلم سأل ربه أن يحيي أبويه، فأحياهما له، فآمنا به ثم أماتهما. و قال السهيلي بعد إيراده: الله قادر على كل شيء، و ليس تعجز رحمته و قدرته عن شيء، و نبيه صلى الله تعالىٰ عليه وآله وسلم أهل أن يختص بما شاء من فضله و ينعم عليه بما شاء من كرامته". (الحاوي للفتاوىٰ، مسالك الحنفاء في والدي المصطفى: ۲/۲۷۸، دار الفكر بيروت)

(۲) "قال السهيلي في الروض بعد إيراده حديث مسلم: "وليس لنا نحن أن نقول ذلك في أبويه صلى الله تعالىٰ عليه وآله وسلم لقوله: "لا تؤذوا الأحياء بسبب الأموات" وقال تعالىٰ: ﴿إن الذين يؤذون الله و رسوله﴾ الآية. وسئل القاضي أبوبكر بن العربي أحد أئمة المالكية عن رجل قال: إن أبا النبي صلى الله تعالىٰ عليه وآله وسلم في النار، فأجاب بأن من قال ذلك فهو ملعون، لقوله تعالىٰ: ﴿إن الذين يؤذون الله و رسوله لعنهم الله في الدنيا والآخرة﴾، قال: و لا أذى أعظم من أن يقال عن أبيه أنه في النار، و من العلماء من ذهب إلى قول خامس، وهو الوقف، قال الشيخ تاج الدين الفاكهاني في كتابه "الفجر المنير": الله أعلم بحال أبويه". (الحاوي للفتاوى، مسالك الحنفاء في والدي المصطفى: ۲/۲۷۹، دار الفكر)

Made searchable using ScribeTools.com

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے والدین محترمین کا ایمان

سوال[۱۹۷]: حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے والدین کی روح پاک کو ایصال ثواب، صدقہ وختم قرآن کا ثواب پہونچانا چاہئے یا نہیں؟ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے والدین نے کس دین پر انتقال فرمایا؟ کیا حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے والدین قبر میں دوبارہ زندہ ہوئے اور حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم پر ایمان لائے، جیسا کہ مولانا عبدالحق صاحب نے ''راحۃ القلوب'' میں لکھا ہے۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

جلال الدین سیوطی رحمہ اللہ تعالیٰ نے ۶/ رسائل مستقل حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے والدین کے متعلق تحریر کئے ہیں جن میں ایمان کو ثابت کیا ہے اور ملا علی قاری رحمہ اللہ تعالیٰ نے تردید کی ہے، اس مسئلہ پر گفتگو مناسب نہیں، خلافِ ادب ہے(۱) جن اکابر نے گفتگو کی ہے وہ روایاتِ حدیث کی تحقیق کے سلسلہ میں کی ہے، اب کیا ضرورت باقی رہی۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۴/ ۶/ ۶۱ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبداللطیف، ۲۵/ جمادی الثانیہ/ ۱۳۶۱ھ۔

عصمت انبیاء علیہم السلام

سوال[۱۹۸]: ایک عالم یہ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے بالارادہ نبی سے کسی نہ کسی وقت اپنی حفاظت

---

(۱) "و روی بأسانید ضعیفة أن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وآله وسلم دعا ربه فأحیاه و آمنة أمّ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وآله وسلم، فآمَنا به. و اختار الإمام الرازی أنهما ماتا علی ملة إبراهیم علیه الصلاة والسلام، والجمع أن الإحیاء کرامة لهما لیضاعف ثوابهما، و قد ألف الحافظ المحقق جلال الدین السیوطی رسائل ستاً فی إثبات إیمانهما و إیمان جمیع اباء النبي صلی اللہ تعالیٰ علیه وآله وسلم إلی آدم، و تبعه محققوا المتأخرین، وعارضه علي بن سلطان القاري برسالته في إثبات کفرهما، فرأی استاذه ابن حجر مکی في منامه أن القاري سقط من سقف فانکسرت رجلاه، فقیل: هذا جزاء إهانة والدي رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وآله وسلم، فوقع کما رأی، و من أراد کشف مشکلات هذه المسئلة فلینظر في رسائل السیوطی". (النبراس، ص: ۳۱۶، امدادیه ملتان)

Made Searchable by ScribeTools.com

اٹھا کر لغزشیں ہو جانے دی ہیں، تا کہ لوگ انبیاء کو خدا نہ سمجھیں اور جان لیں کہ یہ بھی بشر ہیں، کیا یہ فرمانا اصولاً صحیح ہے؟ اب تک انبیاء کے متعلق علماء سے یہی سنا ہے کہ وہ معصوم ہوتے ہیں، کیا اس طرح ان کی عصمت پر دھبہ نہیں آتا؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

انبیاء علیہم السلام کو بشر ہی سمجھا جائے (۱) خدا نہ سمجھا جائے، اس مقصد کیلئے ان سے لغزشوں کا صادر کرانا اور اپنی حفاظت کا اٹھا لینا یہ ایک ایسی بات ہے کہ ان عالم صاحب سے پہلے شاید کسی نے نہ کہی ہو، نہ لکھی ہو، نہ کسی کے خیال میں آئی ہو، نہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت میں یہ وجہ بیان کی گئی۔

خدا اور بشر میں فرق کرنے کیلئے عوارض بشریت اتنے ہیں کہ ان کو دیکھ کر کسی کے ذہن میں بھی یہ بات نہیں آسکتی کہ اس کیلئے لغزشوں کا صدور ضروری ہے، کھانا پینا (۲)، اونٹ پر سوار ہونا (۳)، بکری کا دودھ دوہنا، عمامہ باندھنا، سر پر تیل لگانا، عمرہ سے حلال ہوتے وقت سر منڈانا، تلوار لے کر میدان جہاد میں جانا، پتھر لگنے سے

---

(۱) قال اللہ تعالی : ﴿قل إنما أنا بشر مثلكم يو حى إلىّ أنما إلهكم إله و احد﴾ (الآية : ۱۱۰، الكهف)

"عن رافع بن خديج رضى الله تعالىٰ عنه قال: قد م نبى الله صلى الله عليه وسلم وهم يأ برون النخل، فقال: "ما تصنعون؟" قالوا: كنا نصنعه قال: "لعلكم لو لم تفعلوا كان خيراً"، فتر كو ه فنقصت قال: فذكروا ذلك له فقال: "إنماأنابشر، إذا أمر تكم بشىء من رأيى فإنما أنا بشر". رواه مسلم. (مشكوة المصابيح، باب الا عتصام بالكتاب والسنة، الفصل الأول، ص:۲۷، قديمى)

(۲) "فأما المطعم والمشرب، فلم يكن من عادته صلى الله عليه وسلم حبس النفس على نو ع واحد من الأغذية لا يتعداه إلى ما سواه، فإن ذالك يضر بالطبيعة ..... جداً، بل كان يأ كل ما جر ت عادة أهل بلده بأكله من اللحم والفاكهة والخبز و التمر وغيرها مما ذكر نا ه فى هديه فى المأ كول، فعليك بمراجعة هناك". (زاد المعاد، فصل فى هديه صلى الله عليه وسلم فى الماكو ل والشرب، ص: ۸۲۱، دارالفكر بيروت)

(۳) "ومن الإبل القصواء قيل: وهى التى هاجر عليها، والعضباء، والجد عاء، ولم يكن بهما عصب ولا جد ع، وإنما سميتا بذلك". (زادالمعاد، فصل فى دوابه صلى الله عليه وسلم، ص: ۵۲، دارالفكر، بيروت)

Made searchable using ScribeTools.com

مجروح ہونا، دندان مبارک شہید ہونا، بخار آنا، غسل فرمانا، نکاح کرنا، وفات پانا وغیرہ وغیرہ، یہ سب بہت کافی وافی ہیں فرق کیلئے، اس فرق کے واسطے لغزش کو تجویز کرنا بے نظیر لغزش ہے جس کی ذمہ داری خود لکھنے والے پر ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۲۵/۱۰/۹۵ھ۔

معصوم کون لوگ ہیں؟

سوال[۱۹۹]: ۱..... معصوم کی تعریف میں کون کون آتے ہیں، ان سے بُرے فعل کا ہونا ممکن ہے یا محال؟

۲..... بے گناہ کس کس کو سمجھا جائے، ان سے برے کام کا ہونا ممکن ہے یا غیر ممکن؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

۱..... انبیاء علیہم السلام، ملائکہ اور معصوم بچے سب معصوم میں داخل ہیں، ان سے بُرے فعل کا صدور جو موجب عذاب ہو ممتنع بالغیر ہے(۱)۔

۲..... بے گناہ معصوم کو سمجھا جائے اس کی تشریح نمبر:۱ میں آ گئی (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۱/۱۲/۹۵ھ۔

---

(۱) "والأنبياء عليهم السلام كلهم منزهون عن الصغائر والكبائر والكفر والقبائح يعنى قبل النبوة و بعدها". (شرح الفقه الأكبر للإمام السمرقندى، ص: ۱۳۲، ۱۳۳، قطر)

"والأنبياء عليهم السلام كلهم منزهون: أى معصومون عن الصغائر والكبائر". (شرح الفقه الأكبر للملا على القاري ، ص: ۵۶، قديمى)

"(وملائكته) بأنهم عباد مكرمون لا يسبقونه بالقول و هم بأمره يعملون، وأنهم معصومون و لا يعصون الله". (شرح الفقه الأكبر للملا على القاري ، ص: ۱۲، قديمى)

"عن الحسن البصرى عن على رضى الله تعالىٰ عنه أن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قال: "رفع القلم عن ثلاثة : عن النائم حتى يستيقظ، وعن الصبى حتى يشبّ، وعن المعتوه حتى يعقل". (جامع الترمذى : ۱/۲۶۳، أبواب الحدود، باب ما جاء فيمن لا يجب عليه الحد، سعيد)

(والصحيح للبخارى : ۲/۷۹۴، باب الطلاق فى الاغلاق والكره، قديمى)

(۲) (راجع الحاشية السابقة: ۱)

کوئی غیر نبی بھی معصوم ہے؟

سوال[۲۰۰]: معصوم کا لفظ سوائے انبیاء علیہم السلام کی ذاتِ پاک کے اَور کسی کے لئے بولنا وکہنا جائز ہے یا نہیں؟ یا معصوم کا لفظ انبیاء علیہم السلام کے ساتھ مخصوص ہے؟ عام طور پر لوگ چھوٹے بچوں کو معصوم کہتے ہیں، کتنی عمر تک کے بچے معصوم کہلانے کے مستحق ہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

بچوں کو بھی معصوم کہنا درست ہے، جب تک وہ بالغ نہ ہوں (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

صحیح: عبداللطیف، الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

کیا انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام کو نبوت حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے واسطے سے ملی؟

سوال[۲۰۱]: انبیاء کرام علیہم علیہ الصلاۃ والسلام کی نبوت بالذات ہے یا بالعرض؟ اللہ تعالیٰ نے انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کو نبوت حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے واسطے سے عطا فرمائی ہے یا بغیر واسطے کے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

حدیث "إنما أنا قاسم واللہ یعطی" (۲) نیز دیگر نصوص سے بعض عرفاء نے استدلال کرتے ہوئے

---

(۱) جب تک وہ بالغ نہ ہو تو اس کے گناہوں پر مواخذہ نہیں ہوگا۔

"عن علی رضی اللہ تعالیٰ عنه، قال: سمعت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم یقول: "رفع القلم عن ثلاثة: عن الصغیر حتی یبلغ، و عن النائم حتی یستیقظ، وعن المصاب حتی یکشف عنه".

(مسند الإمام احمد بن حنبل: ۱/۱۸۷، رقم الحدیث: ۹۴۳، بیروت)

"عن الحسن البصری عن علی رضی اللہ تعالیٰ عنه أن رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم قال: "رفع القلم عن ثلاثة: عن النائم حتی یستیقظ، و عن الصبی حتی یشب، و عن المعتوة حتی یعقل".

(جامع الترمذی: ۱/۲۶۳، أبواب الحدود، باب ما جاء فیمن لا یجب علیه الحد، سعید)

(والصحیح للبخاری: ۲/۷۹۴، باب الطلاق فی الاغلاق والکرہ، قدیمی)

(۲) (صحیح البخاری: کتاب العلم، باب من یرد اللہ به خیراً یفقهه فی الدین: ۱/۱۶، قدیمی) =

Made searchable using ScribeTools.com

اس بات کی تصریح کی ہے کہ جملہ معارف ونعماء الٰہیہ نبوت وغیرہ حضرت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کواللہ پاک نے ابتداءً عطا فرمائی ہیں، پھر آپ کے ذریعہ حسب ہدایت دوسروں کو تقسیم کی گئی ہیں (۱) اصل مہبط ومخزن ذات اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ہے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

کیا ساتوں زمینوں میں انبیاء ہیں؟

سوال[۲۰۲]: رسالت مآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ: ''مجھ جیسا زمین کے سات طبقوں میں موجود ہے''۔ روایت کیسی ہے، اگر صحیح ہے تو کیا مطلب ہے؟

= (والصحيح لمسلم ، كتاب الزكاة، باب النهى عن المسألة : ۱/۳۳۳،قديمى)

(۱) قال الله تعالىٰ: ﴿ وإذ أخذ الله ميثاق النبيين لمااتيتكم من كتاب و حكمة، ثم جاء كم رسول مصدق لمامعكم لتؤمنن به و لتنصرنه، قال أأقررتم و أخذتم على ذلكم إصرى، قالوا أقررنا، قال فاشهدوا وأنا معكم من الشاهدين﴾ (آل عمران : ۸۱)

''عن العرباض بن ساريه''عن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه و آله وسلم أنه قال:'' إنى عند الله مكتوب خاتم النبيين، وإن آدم لمنجدل في طينة''.(مشكوة المصابيح، باب فضائل سيد المرسلين صلوات الله و سلامه عليه : ۲/۵۱۳، الفصل الثانى، قديمى)

''یعنی آپ (جناب حضور نبی کریم رؤف رحیم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم) موصوف بوصف نبوت بالذات ہیں اور سوا آپ کے اور نبی موصوف بوصف نبوت بالعرض، اَوروں کی نبوت آپ کا فیض ہے، پر آپ کی نبوت کسی اور کا فیض نہیں، آپ پر سلسلہ نبوت مختتم ہوجاتا ہے، غرض آپ جیسے نبی الامت ہیں ویسے ہی نبی الأ نبیاء بھی ہیں''۔ (تحذیر الناس: ص:۴)

''اس عبارت میں مولانا موصوف رحمہ اللہ تعالیٰ نے آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بالذات نبی کہا ہے اور دیگر حضرات انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام کو نبی بالعرض کہا ہے، اس مقام پر بالذات کا یہ معنی نہیں کہ معاذ اللہ آپ کی نبوت خانہ زاد ہے اور کسی کی محتاج نہیں، جیسا کہ اللہ تعالیٰ کی جملہ صفات ذاتی ہیں، کسی کی رہین منت نہیں ہیں، بلکہ حضرت مولانا موصوف رحمہ اللہ تعالیٰ کا یہ مطلب ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو کمالاتِ نبوت براہ راست بغیر کسی کے واسطہ کے مرحمت فرمائے ہیں اور دیگر حضرات انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام کو کمالات نبوت آپ کے واسطے اور طفیل سے عنایت فرمائے ہیں''۔

''تحذیر الناس'' کی اس عبارت میں اس کی تصریح ہے کہ اوروں کی نبوت آپ کا فیض ہے، پر آپ کی نبوت کسی اور کا فیض نہیں''۔ (عبارات اکابر، ص:۱۲۶، مکتبہ صفدریہ)

الجواب حامداً و مصلیاً :

یہ روایت صحاح ستہ میں نہیں ہے، البتہ درمنثور میں حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما پر موقوف ہے(۱)، اس پر حجۃ الاسلام مولانا قاسم نانوتوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے اپنے رسالہ ''تحذیر الناس'' میں اور مولانا عبدالحی لکھنوی نے ''مجموعہ فتاوی'' کے شروع میں تفصیل سے کلام کیا ہے، وہاں دیکھ لیا جائے (۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ دارالعلوم دیوبند، ۸/۱/۸۸ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ دارالعلوم دیوبند، ۸/۱/۸۸ھ۔

انبیاء علیہم السلام کے دین کا نام

سوال[۲۰۳]: حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے پہلے جتنے انبیاء علیہم السلام گذر گئے ان کے دینوں کا نام کیا تھا؟ یعنی جس طرح ہمارے دین کا نام اسلام ہے اسی طرح حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے پہلے جتنے نبی اور رسل گذر گئے ان کے دین کا نام کیا تھا؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

حضرت ابراہیم علی نبینا وعلیہ الصلاۃ والسلام کے دین کا نام بھی اسلام ہے ﴿هو سمّاكم المسلمين من قبل﴾ الاية (۳)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۱۰/۶/۹۶ھ۔

---

(۱) "و أخرج ابن جرير، و ابن أبي حاتم، والحاكم و صححه، والبيهقي في الشعب، وفي الأسماء والصفات عن أبي الضحى عن ابن عباس رضي الله تعالىٰ عنهما في قوله: (و من الأرض مثلهن) قال: سبع أرضين، في كل أرض نبي كنبيكم، و آدم كآدم، ونوح كنوح، و إبراهيم كإبراهيم، و عيسى كعيسى. قال البيهقي: إسناده صحيح، و لكنه شاذ، لا أعلم لأبي الضحى عليه متابعاً". (الدر المنثور، (الطلاق : ۱۲) : ۲۳۸/۶، مؤسسة الرسالة)

(۲) عبارت طویل ہونے کی بناء پر نقل نہیں کی گئی، لہٰذا دیکھئے: (مجموعة الفتاوىٰ (اردو)، كتاب العقائد، بموجب حدیث: "إن الله خلق سبع أرضين اهـ" حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے مماثل اور چھ پیغمبروں کے قائل کا حکم، سعید)

(۳) (الحج : ۷۸) ..... =

Made searchable using ScribeTools.com

انبیاء علیہم السلام کی ولادت کا طریقہ

سوال[۲۰۴]: السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

جناب مفتی صاحب! نیچے لکھے ہوئے مسئلہ کا جواب باً دلہ تحریر فرمائیں۔

کہ سب آدمی جس جگہ سے پیدا ہوتے ہیں حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس جگہ سے پیدا ہوئے یا کہ ناف مبارک سے؟ ہمارے اس دیار میں اس مسئلہ میں اختلاف ہو رہا ہے، چند عالم کہتے ہیں کہ جمیع انسان جس جگہ سے پیدا ہوتے ہیں، حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بھی اسی جگہ سے پیدا ہوئے ہیں اور بعضے کہتے ہیں کہ ناف مبارک سے۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

"عن همام ابن يحيىٰ عن إسحق بن عبد الله أن أم رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قالت: لما ولدته، خرج من فرجي نور أضاء له قصور الشام، فولدته نظيفاً ما به قذر"۔ رواه ابن سعد" خميس :۱/۲۰۳(۱)۔

اس روایت کو نقل کر کے شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ نے لکھا ہے: "این صریح است در آنکه ولادت از طریقِ معتاد بود که سائر زنا ن راباشد، و حدیث دیگر نیز که دروے آمده : "فأخذني المخاض" که بمعنی دردزه است، نیز ظاهر در آنست". مدراج النبوۃ:۲/۱۹۔اس سے معلوم ہوا کہ ولادت اس جگہ سے ہوئی جس جگہ سے سب کی ہوتی ہے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ۔

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ولادت کے متعلق نہایۃ الامل، ص:۵۹ میں دو قول اَور بھی لکھے ہیں: اول یہ کہ ناف سے کچھ نیچے ایک سوراخ پیدا ہوا جس سے ولادت ہوئی، پھر وہ فوراً بند ہو گیا، دوم یہ کہ بائیں پسلی کے

= وقال الله تعالىٰ: ﴿و وصى بها إبراهيم بنيه و يعقوب يٰبنيَّ إن الله اصطفى لكم الدين فلا تموتن إلا و أنتم مسلمون﴾. (البقرة: ۱۳۲) حضرت ابراہیم علیہ السلام کے علاوہ دیگر انبیاء کرام کے ادیان کا نام چونکہ قرآن و حدیث میں نہیں تھا، اس لئے حضرت مفتی صاحب نے جواب میں ان کے متعلق کچھ نہیں فرمایا۔

(۱) (تاريخ الخميس فى أحوال أنفس نفيس، ذكر بعض ما وقع حين الولادة: ۱/۲۰۳، مؤسسة شعبان)

نیچے (خاصرہ) سے ولادت ہوئی۔قول اول جمیع انبیاء میں مشترک ہے،قولِ ثانی آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ خاص ہے،مگر دلیل میں کوئی روایت پیش نہیں کی۔

بطریقِ ولادت معتاد کا سختی سے انکار کیا ہے،لیکن اس نوع کی بحث کرنا حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شانِ رفیع کے خلاف اور اِساءتِ ادب ہے،لہذا اس سے سکوت چاہئے۔فقط۔

محمود گنگوہی عفی عنہ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبداللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

نبیوں کی تعداد کتنی ہے؟

سوال[۲۰۵]: دنیا میں حضرت آدم علیہ الصلاۃ والسلام سے لے کر حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تک کتنے نبی مبعوث ہوئے ہیں؟ان کا شمار قرآن وحدیث میں ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

چند انبیاء کے نام قرآن وحدیث میں آئے ہیں،بعض روایات میں ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیاء کا عدد بتلایا گیا ہے،جیسا کہ ملا علی القاری وغیرہ نے تحریر فرمایا ہے،بغیر گنتی کی تعیین کے جس کو بھی اللہ پاک نے نبی بنا کر بھیجا ہے اس پر ایمان لانا ضروری ہے(۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

املاہ العبد محمود غفرلہ،دارالعلوم دیوبند،۱۴/ ۷/ ۱۳۹۹ھ۔

---

(۱) "و قد ورد فی مسند أحمد رحمه الله تعالیٰ (أنه علیه السلام سئل عن عدد الأنبیاء علیه الصلاة والسلام، فقال: "مائة ألف و أربعة و عشرون ألفاً، والرسل منهم ثلاث مائة و ثلاثة عشر، أولهم آدم علیه الصلاة والسلام، و آخرهم محمد صلی الله تعالیٰ علیه وسلم)" و هو لا ینافی قوله تعالیٰ: ﴿و لقد أرسلنا رسلاً من قبلک منهم من قصصنا علیک و منهم من لم نقصص علیک﴾ فإن ثبوت الإجمال لا ینافی تفصیل الأحوال، نعم الأولی أن لا یقتصر علی الأعداد، فإن الآحاد لا تفید الاعتماد فی الإعتقاد، بل یجب کماقال الله تعالیٰ: ﴿کل آمن بالله و ملائکته و کتبه و رسله﴾ أن یؤمن إیماناً إجمالیاً من غیر تعرض لتعدد الصفات وعدد االملائکة والکتب والأنبیاء وأرباب الرسالة من الأصفیاء". (شرح الفقه الأکبر للملا علی القاري، ص: ۵۷، قدیمی) .....=

Made searchable using ScribeTools.com

تعداد انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام

سوال[۲۰۶]: کل کتنے انبیاء اس دنیا میں آئے؟ صحیح تعداد معلوم نہ ہوسکی، اگر صحیح تعداد کی تصدیق کسی کتاب سے ثابت ہے تو اس کتاب کا نام وحوالہ تحریر فرمائیں۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

کسی آیت قرآنیہ میں تعداد مذکور نہیں، بعض روایات سے اندازہ ہوتا ہے کہ سوا لاکھ کے قریب آئے، قطعیت کے ساتھ عدد کو متعین نہیں کیا جاسکتا۔ شرح فقہ اکبر (۱) شرح مقاصد (۲) شرح عقائد (۳)

= "وقد روی بیان عددهم فی بعض الأحادیث علی ما روي أن النبی علیه الصلاة والسلام سئل عن عدد الأنبیاء فقال" مائة ألف و أربعة و عشرون ألفاً" و في روایة: "مائتاألف وأربع و عشرون ألفاً". والأولی أن لا یقتصر علی عدد في التسمیة، فقد قال الله تعالیٰ: ﴿منهم من قصصنا علیک و منهم من لم نقصص علیک﴾ و لا یؤمَن في ذکر العدد أن یدخل فیهم من لیس منهم إن ذکر عدد أکثر من عددهم، أو یخرج منهم من هو فیهم إن ذکر أقل من عددهم: یعنی أن خبر الواحد علی تقدیر اشتماله علی جمیع الشرائط المذکورة فی أصول الفقه لا یفید إلا الظن، و لا عبرة بالظن في باب الاعتقادیات خصوصاً إذا اشتمل علی اختلاف روایة، و کان القول بموجبه بما یفضی إلی مخالفة ظاهر الکتاب، وهو أن بعض الأنبیاء لم یذکر للنبی علیه الصلاة والسلام، و یحتمل مخالفة الواقع وهو عد النبي من غیر الأنبیاء بناءً علی أن إسم العدد اسم خاص في مدلوله لا یحتمل الزیادة والنقصان". (شرح العقائد النسفیة للتفتازانی، ص: ۱۰۱ المطبع الیوسفی)

(وکذا فی النبراس: ۲۸۱، امدایه ملتان)

(۱) "و قد ورد: أنه علیه السلام سئل عن عدد الأنبیاء علیهم السلام فقال: "مائة ألف و أربعة و عشرون ألفاً) و فی روایة: "مائتا ألف و أربعة و عشرون الفاً". إلا أن الأولی أن لا یقتصر علی عدد فیهم". (شرح الفقه الاکبر للملا علی القاری: ص: ۵۶. ۵۷، قدیمی)

(۲) "یعنی قد ذکر فی بعض الأحادیث بیان عدد الأنبیاء والرسل علی ما روی عن أبی ذر الغفاری رضی الله تعالیٰ عنه أنه قال: قلت لرسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: کم الأنبیاء؟ فقال: "مائة ألف و أربعة و عشرون ألفاً". فقلت: کم الرسل؟ فقال: "ثلاثمائة وثلاثة عشر جماً غفیراً"، لکن ذکر بعض =

مرقاۃ شرح مشکوۃ وغیرہ سے ایسا ہی معلوم ہوتا ہے(۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند،۱/۱۲/۸۹ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ دارالعلوم دیوبند،۲/۱۲/۸۹ھ۔

تعدّدِ آدم علیہ السلام

سوال[۲۰۷]: میں نے بچشم خود کئی تواریخ میں دیکھا ہے اب وہ تاریخ یاد نہیں، بہت غور وخوض کرتا ہوں مگر حافظہ کام نہیں کرتا، اس میں یہ حدیث لکھی تھی: "عن ابن عباس رضی اللّٰہ تعالیٰ عنهما قال: قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم: "إن اللّٰہ تعالیٰ خلق مائتی ألف ادم"۔ راوی سابق اور کتاب کا حوالہ یاد نہیں، یہاں تک لکھا تھا کہ آدم کی اولاد ۴۵/ اور ۵۰/ ہزار سال اس زمین پر حکمراں رہی، اس کے بعد بوجہ معصیت نیست ونابود ہوتی رہی، کیا یہ حدیث صحیح ہے یا میں بھولتا ہوں؟

= العلماء أن الأولى أن لا يقتصر عددهم؛ لأن خبر الواحد على تقدير اشتماله على جميع الشرائط لا يفيد إلا الظن،ولا يعتبر إلا فى العمليات دون الاعتقادات، و ههنا حصر عددهم يخالف ظاهر قوله تعالىٰ: ﴿منهم من قصصنا عليك و منهم من لم نقصص﴾. (غافر: ۷۸) (شرح المقاصد،المقصد السادس فى السمعيات، فصل فى النبوة: ۳/۳۱۷، دارالكتب العلميه)

(۳) "(و قد روى بيان عددهم فى بعض الأحاديث) على ما روى أن النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم سئل عن عدد الأنبياء فقال: "مائة ألف و أربعة و عشرون ألفاً" و فى رواية: "مائتا ألف وأربع وعشرون ألفاً" والأولى أن لا يقتصر على عدد فى التسمية،فقد قال الله تعالىٰ: ﴿منهم من قصصنا عليك و منهم من لم نقصص عليك﴾. (شرح العقائد النسفية للتفتازانى، ص: ۱۳۹،قديمى)

(۱) "قال: أبو ذر رضى الله تعالىٰ عنه قلت: يا رسول الله! كم وفاء عدة الأنبياء؟: أى كم كمال عددهم قال: "مائة ألف و أربعة و عشرون ألفا، والرسل من ذلك ثلاث مائة و خمسة عشر جماً غفيراً". العدد فى هذا الحديث وإن كان مجزوماً به،لكنه ليس بمقطوع، فيجب الإيمان بالأنبياء والرسل مجملاً من غير حصر فى عدد،لئلا يخرج أحد منهم و لا يدخل أحد من غيرهم فيهم". (مرقاة المفاتيح، كتاب الفتن، الفصل الثالث: ۹/۷۳۱، رشيديه)

(وكذا فى رد المحتار، آداب الصلاة، مطلب فى عدد الأنبياء والرسل عليهم السلام: ۱/۵۲۷،سعيد)

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداً و مصلیاً:

یہ حدیث کتب صحاح میں موجود نہیں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ۔

سیدنا آدم علیہ السلام کی سب اولاد سید کیوں نہیں؟

سوال[۲۰۸]: میری نظر سے ایک رسالہ میں مندرجہ ذیل سوال گزرا، اس میں جواب بھی ہے، مگر جواب سوال سے موافقت نہیں کر رہا ہے، سوال کا جواب عام مسلمانوں کے لئے سمجھنا نہایت ضروری ہے، لہذا میں جناب سے مخلصانہ گذارش کروں گا کہ سوال مندرجہ ذیل کا مکمل جواب بالکل سادہ اور سلیس زبان میں مدلل واضح اور صاف طور پر تحریر فرمائیں تاکہ عام مسلمان بخوبی سمجھ سکیں۔

سوال یہ ہے کہ اس بات کو دنیا بخوبی جانتی ہے کہ سب کے باپ یعنی ساری دنیا کے باپ حضرت سیدنا آدم علیہ السلام ہیں، دیکھنے کی بات یہ ہے کہ ہمارے والد ماجد یعنی سیدنا حضرت آدم علیہ السلام ہیں، ہمارے باپ سید ہیں تو اولاد بھی سید ہونا چاہئے، لیکن ہماری سمجھ میں نہیں آتا کہ باپ سید ہوں تو اولاد کوئی سید ہے، کوئی موچی ہے، کوئی قریشی ہے، کوئی راجپوت ہے، کوئی خان صاحب ہے وغیرہ۔ یہ کیوں، کوئی کچھ کوئی کچھ؟ اگر ہمارے باپ سیدنا آدم علیہ السلام ہیں تو ساری کی ساری اولاد بھی سید ہونی چاہئے مگر ایسا نہیں ہے یہ کیوں؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

لفظ ''سید'' کے دو معنیٰ ہیں: ایک معنیٰ ہیں آقا، سردار، واجب الاطاعت، اس اعتبار سے حضرت آدم علی نبینا وعلیہ الصلوۃ والسلام کو ''سیدنا'' کہا جاتا ہے اور ان کی اولاد میں سے جو بھی پیغمبر اور واجب الاطاعت ہوئے سب کو ہی سیدنا کہتے ہیں جیسے سیدنا نوح علیہ السلام، سیدنا ابراہیم علیہ السلام وغیرہ اور جو واجب الاطاعت نہیں ہوئے ان کو سیدنا نہیں کہا جاتا ہے۔ جن صفات وکمالات کی وجہ سے باپ واجب الاطاعت ہے اور سیدنا کہلانے کا مستحق ہے اس کی جس اولاد میں وہ صفات وکمالات ہوں وہ اولاد بھی واجب الاطاعت ہوگی اور سیدنا کہلانے کی مستحق ہوگی، اور جس اولاد میں وہ صفات وکمالات نہ ہوں وہ نہ تو واجب الاطاعت ہوگی اور نہ سیدنا کہلانے کی مستحق ہوگی (۱) (ہوسکتا ہے کہ جرائم کی وجہ سے وہ مستحق سزا ہو جائے)۔ بادشاہ کی تمام اولاد بادشاہ

(۱) "(السید): المالک، والملک، والمولی، ذو العبید والخدم، والمتولی للجماعة الکثیرة و کل من =

Made Searchable by ScribeTools.com

نہیں ہوا کرتی۔

دوسرے معنی سید کے ہیں حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی وہ اولاد جو حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے پیدا ہوئی، وہ اوران کی اولاد باعتبار نسب کے سید ہیں، وہ جو بھی پیشہ اختیار کرلیں گے اس کی وجہ سے ان کا نسب نہیں بدلے گا سید ہی رہیں گے(۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند۔

تخلیق بنی آدم پر اشکالات

سوال[۲۰۹]: کٹنگ اخبار منسلک ہے، مجھے اتنی قرآن پاک کی معلومات نہیں، اس لئے آپ کی

= افترضت طاعته". (المعجم الوسيط : ۱/ ۴۶۱،الطبعة الثانية خسرو مهران، ايران)

(۱) "السيد: ذوالسيادة، قد يخفف فيقال: سيد، والعامة تكسر العين فيه، وعند النصارى لقب المسيح، وعند المسلمين: من كان من السلالة النبوية السيدان : الحسن والحسين ابنا علي". (المنجد ، ص: ۳۶۱،المطبعة الكاتوليكية)

(وكذا في المنجد من العربية إلى الاردية :ص: ۵۰۰،دار الاشاعت)

"السيد: لقب تشريف يخاطب به الأشراف من نسل الرسول". (المعجم الوسيط : ۱/ ۴۶۱،الطبعة الثانية،خسرو مهران، ايران)

"فإن العلماء ذكروا أن من خصائصه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم أنه ينسب إليه أولاد بناته، فالخصوصية للطبقة العليا،فأولاد فاطمة الأربعة: الحسن والحسين و أم كلثوم و زينب ينسبون إليه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، و أولاد الحسين ينسبون إليهما، فينسبون إليه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، وأولاد زينب و أم كلثوم ينسبون إلى أبيهم لا إلى أمهم، فلا ينسبون إلى فاطمة و لا إلى أبيها صلى الله تعالىٰ عليه وسلم؛ لأنهم أولاد بنت بنته لا أولاد بنته، فيجرى فيهم الأمر على قاعدة الشرع الشريف في أن الولد يتبع أباه في النسب لا أمه،وإنما خرج أولاد فاطمة و حدها للخصوصية التي ورد بها. الحديث.....والمراد بالحديث ما أخرجه أبو نعيم وغيره: "كل ولد آدم فإن عصبتهم لأبيهم ما خلا ولد فاطمة، فإني انا أبوهم و عصبتهم". (رد المحتار، كتاب الفرائض، باب الوصية للأقارب وغيرهم: ۶/ ۶۸۵،سعيد)

Made searchable using ScribeTools.com

عنایت کی ضرورت ہے، پورے اسلام کے علماء کو چیلنج کیا ہے صرف ایک انسان نے اور ہر عالم اور مفتی اور مولانا مولوی جو بھی ہوں سب کو اس پرچہ کا جواب دینا بہت ضروری ہے۔

مذہب کو اگر موجودہ زمانہ کی روشنی میں پیش نہیں کیا گیا تو اس کے نتائج کیا ہوں گے؟ ایک صاحب نے کہا کہ ''مذہب کی بنیاد ہی خوف پر ہے، ساری چیزیں اس خوف کے گرد گھومتی رہتی ہیں، اللہ بھی اپنی توحید کا اقرار خوف ہی کے ذریعہ کراتا ہے یعنی اگر تم مجھے نہیں مانو گے تو دوزخ میں ڈال دوں گا، اللہ نے قیامت کا دن رکھا ہے، کہا جاتا ہے کہ اس دن سب اعمال تولے جائیں گے لیکن اس دن کا جو نقشہ کھینچا ہے وہ نہایت خوفناک ہے، اللہ کہتا ہے کہ میں تمہاری عبادتوں کا محتاج نہیں ہوں، اگر وہ انسانوں سے بے نیاز ہے تو پھر انسانوں کو بنایا کیوں؟ اللہ تعالی فرماتے ہیں جس کو چاہتا ہوں ہدایت دیتا ہوں اور جس کو چاہتا ہوں گمراہ کرتا ہوں، اگر اللہ کو ان کی ضرورت نہیں تو پھر لاکھوں رسولوں کو بھیجا کیوں؟ انھیں بار بار کیوں ڈرایا؟ فرشتوں کی طرح ان کو غلام بنالیتا تو اس قسم کے ڈروں کی کیا ضرورت تھی؟

سزا کے لیے دوزخ کیوں بنائی؟ اللہ میاں کہتے ہیں کہ میں بڑا رحیم وکریم ہوں پھر لاکھوں انسانوں کو دوزخ میں ڈالنا کیا رحیمی اور کریمی ہے'' (نعوذ باللہ) اور اس قسم کے سینکڑوں اعتراضات ہیں مثلاً انسان کو پیدا کیوں کیا؟ فرشتوں کو کیسے معلوم ہوا کہ انسان پیدا ہوگا، اللہ اس کو جنت میں رکھے گا، وہاں شیطان بہکائے گا، پھر اللہ سزا کے طور پر آدم وحوا علیہما الصلاۃ والسلام کو زمین پر پھینک دیگا، آدم علیہ الصلاۃ والسلام کی اولاد ہوگی، یہ قتل وخونریزی کرے گی، کیا یہ انصاف ہے کہ شیطان کے دام میں پھنسادے اور قیامت کے دن دوزخ میں ڈال دے! غرض ایسے ہی سوالات کئے گئے ہیں میں سنتا رہا اور آپ کو سنا رہا ہوں، کیا ان سوالات کا مولوی صاحب کے پاس جواب ہے جس کو نوجوان قبول کرسکیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

یہ سوالات آج ان نوجوانوں کے دماغ میں نئے پیدا نہیں ہوئے، بلکہ بہت پرانے ہیں اور ان پر صدیاں گزر چکی ہیں، تفسیر کبیر، بیضاوی (۱) وغیرہ میں موجود ہیں۔ علماء اسلام نے اردو میں بھی ان کو تفصیل سے

(۱) "ویدل علی ذلک وجوه: أحدها: أن قولهم (أتجعل فیها)، هذا اعتراض علی الله تعالیٰ، وذلک من أعظم الذنوب، وثانیها: أنهم طعنوا فی بنی آدم بالفساد والقتل، وذلک غیبة، والغیبة من کبائر الذنوب =

لکھ کر جوابات دیئے ہیں، تفسیر حقانی (۱)، تفسیر بیان القرآن وغیرہ میں مذکور ہیں (۲)۔ ''اکسیر فی اثبات التقدیر، شفاء المرتاب، اشرف الجواب، اسلام اور سائنس'' وغیرہ مستقل کتابیں بھی اس قسم کے شبہات واعتراضات کے لئے عرصہ ہوا شائع ہوچکی ہیں، اگر یہ نوجوان طبقہ نہ ان کتابوں کو دیکھے، نہ علماء محققین کے پاس جاکر جوابات حاصل کرے، نہ علومِ اسلامیہ کو پڑھے، نہ اہل اللہ کی صحبت میں بیٹھے، نہ اہلِ تحقیق کے وعظ سنے، نہ ان کے جلسوں میں جائے، بلکہ ان اعتراضات کو اپنی زندگی کا مشغلہ بنالے اور ان سے تفریح لیتا رہے، تو پھر وہ خود ہی ذمہ دار ہے، آپ نے چونکہ پہلے کبھی یہ سوالات نہیں سنے تھے اور آپ کو اللہ تعالیٰ نے اسلام کے ساتھ گہرا تعلق عطا فرمایا ہے، اس لئے آپ کو یہ سوالات اجنبی معلوم ہوئے اور قلب میں کلفت محسوس ہوئی۔ اللہ پاک آپ کے تعلق اسلام اور جذبہء خیر میں ترقی وپختگی عطا فرمائے۔ آمین۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۹/۱۰/۹۰ھ۔

= الخ..... وثانيها لو كان الفساد والقتل فعلاً لله تعالىٰ لكان يجب أن يكون الجواب أن يقول: إني مالك أفعل ماأشاء الخ". (التفسير الكبير، (البقرة : ۳۰): ۲/۱۶۶-۱۷۴، دارالكتب العلمية طهران)

"(قالوا أتجعل فيها من يفسد فيها ويسفك الدماء) تعجب في أن يستخلف لعمارة الأرض وإصلاحها من يفسد فيها ..... والمعنى أتستخلف عصاة ونحن معصومون أحقاء بذلك، والمقصود منه الاستفسار عما رجحهم مع ماهو متوقع منهم على الملائكة المعصومين في الإستحلاف لا العجب والتفاخر". (التفسير للبيضاوی،(البقرة: ۳۰): ۶۳، ۶۴، سعيد)

(۱) ''مگر اس کے ساتھ جب ان کو یہ بھی معلوم ہوا کہ اس کا خمیر اور مادہ ایسے اجسام مختلف الطبائع سے ہوگا کہ جن کو قوت شہویہ اور غضبیہ لازم ہے کہ جس سے خواہ مخواہ زنا وغیرہ فساد ظہور میں آتا ہے تو بڑا تعجب ہوا کہ جس میں دو بڑی قوتیں اور ایک قوت عقلیہ عمدہ ہو، اسکا تو پیدا کرنا بھی مقتضیٰ حکمت نہیں چہ جائیکہ اس کو خلیفہ بنادیا جائے پس اس لئے (نہ اعتراض ومباحثہ اور حسد کے طور پر بلکہ) نہایت عجز وانکسار سے یہ سوال کیا کہ یاالٰہی! جب اس کا یہ حال ہے تو پھر اس کو خلیفہ بنانا اس میں کیا حکمت ہے''؟ (تفسیر حقانی (البقرة: ۳۰): ۱/۱۵۴، میر محمد)

(۲) ''خلاصہ یہ ہے کہ جب کام کرنیوالوں کا ایک گروہ موجود ہے تو ایک نئی مخلوق کو جن میں کوئی کام کا ہوگا کوئی نہ ہوگا، اس خدمت کے لئے تجویز فرمانے کی کیا ضرورت ہے؟ یہ بطور اعتراض کے نہیں کہا نہ اپنا استحقاق جتلایا جو ان مقدس خدمت گزاروں پر شبہات پیدا ہوں''۔ (تفسیر بیان القرآن، (البقرة: ۳۰): ۱/۱۷، ۱۸، تاج پبلشرز دهلی)

Made searchable using ScribeTools.com

شیطان نے حضرت آدم علیہ الصلاۃ والسلام کو کس طرح بہکایا؟

سوال[۲۱۰]: حضرت آدم علیہ الصلاۃ والسلام کو بہکانے کے لئے شیطان جنت میں کیسے داخل ہوا، جبکہ شیطان کا داخلہ جنت میں ناممکن ہے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

اس میں ایک قول یہ ہے کہ شیطان کے لئے جنت سے نکل جانے کا فیصلہ تو ہو چکا تھا، مگر اس کا نفاذ نہیں ہوا تھا اس لئے اس کو موقع مل گیا۔ ایک قول یہ ہے کہ اس نے وسوسہ ڈالا، اس کے لئے وہاں موجود ہونا ضروری نہیں تھا، دور سے بھی وسوسہ ڈال سکتا ہے(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۲۶/۱۰/۱۳۹۹ھ۔

حضرت داؤد علیہ الصلاۃ والسلام سے متعلق ایک عقیدہ

سوال[۲۱۱]: ایک شخص حضرت داؤد علیہ الصلاۃ والسلام کے متعلق یہ عقیدہ رکھتا ہے کہ حضرت داؤد علیہ الصلاۃ والسلام کا امتحان دراصل اس بات میں تھا کہ ایک دن عبادت کے لئے انہوں نے اس طرح خاص کرلیا تھا کہ اس دن وہ مخلوق سے بے تعلق ہوجاتے تھے، ایک صوفی مرتاض کی ایسی گوشہ نشینی اور ترک علائق کو تو پسندیدہ کہا جاسکتا ہے لیکن ایک خلیفۂ وقت اور مسلمانوں کے سیاسی امیر کے لئے گوشہ نشینی اور وہ پورے ایک دن کے لئے کسی طرح موزوں نہیں کہی جاسکتی تو ایسے شخص کے بارے میں شریعت کا کیا حکم ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

جس شخص کا یہ عقیدہ ہے، اگر وہ زندہ ہے تو خود اس سے دریافت کیا جائے، اگر زندہ نہیں ہے تو اس نے جس کتاب میں اپنا یہ عقیدہ لکھا ہے، وہ کتاب یہاں بھیج دی جائے یا اس کتاب کا نام مطبع صفحہ لکھ دیں تاکہ اس کو دیکھ کر جواب لکھا جائے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۲/۴/۱۴۰۱ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۲/۴/۱۴۰۱ھ۔

---

(۱) "وأنه كيف توصل إلى إزلا لهما بعدماقيل له: (أخرج منها،فإنک رجيم) فقيل: إنه منع من الدخول =

کیا حضرت عیسی علیہ السلام وفات پا گئے ہیں؟

سوال[۲۱۲]: ۱.....کیا قرآن کریم سے حضرت عیسی علیہ السلام کا چوتھے آسمان پر مجسم اٹھایا جانا ثابت ہے اور پھر زمین پر اترنا؟ اگر یہ صحیح ہے تو پھر وہ آیت نقل فرمادیں۔

۲..... ہمارے یہاں مسلمانوں میں یہ جھگڑا چل رہا ہے کہ حضرت عیسی علیہ السلام وفات شدہ ہیں یا حیات، ازروئے قرآن درست کیا ہے؟

۳.....زید کہتا ہے کہ توفی باب تفعل سے ہے اور اللہ تعالیٰ فاعل ہے اور حضرت عیسی ذی روح ہیں اور مفعول ہیں، ایسی صورت میں توفی کے معنی سوائے قبض روح کے اور کچھ نہیں ہوتے، اس کے خلاف قرآن سے کوئی مثال دیجئے۔

۴.....زید کہتا ہے کہ قرآن مجید، احادیث، تفاسیر اور محاورۂ عرب کی رو سے لفظ ''رفع'' جب بھی اللہ تعالیٰ کی طرف یا کسی انسان کی نسبت بولا جائے گا، تو اس کے معنی ہمیشہ بلندئ درجات اور قرب روحانی کے ہوتے ہیں۔

گذارش ہے کہ کلام عرب سے کوئی ایسی مثال دیں کہ لفظ رفع کا فاعل اللہ تعالیٰ مذکور ہو اور کوئی ذی روح اس کا مفعول ہو اور رفع کے معنی جسم سمیت آسمان پر اٹھا لینے کے ہیں۔

المستفتی:.....ضلع سنگھ محلہ بڑا کنواں قصبہ بگھیرا، ضلع مظفر نگر۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

جواب سے پہلے اولاً بطور تمہید ایک بات ذہن نشین کرلیں، اس کے بعد جواب سمجھنے میں سہولت ہوگی۔

اصالۃً ہدایت کا سرچشمہ قرآن پاک ہے: ﴿هدىً للناس﴾ (۱) لیکن اس میں عموماً بنیادی اصول دینی امور کو بطور ضابطہ کلیہ مختصراً بیان کیا گیا ہے، تفصیلات وتشریحات کا بیان کرنا حضرت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سپرد ہے: ﴿لتبين للناس ما نزل إليهم﴾ (۲)۔

= على جهة التكرمة كما كان يدخل الملائكة، ولم يمنع أن يدخل للوسوسة ابتلاءً لآدم وحواء، وقيل: قام عند الباب فناداهما.". (تفسير البيضاوى، (البقرة: ۳۶)، ص: ۶۹، سعيد)

(۱) (البقرة: ۱۸۵)

(۲) ﴿وأنزلنا إليك الذكر لتبين للناس ما نزل إليهم﴾. (سورة النحل: ۴۴)

Made searchable using ScribeTools.com

مثال:۱ قرآن پاک میں ہے ﴿أقیموا الصلوة﴾ (۱) نماز قائم کرو، اس کی پوری تفصیل کہ کس نماز میں کتنی رکعات ہیں یا کس رکعت کے بعد قعدہ ہے یا کس رکعت میں صرف ''الحمد'' پڑھی جاتی ہے، کس میں آہستہ سے قرأت کی جاتی ہے اور کس میں آواز سے اور کس میں سورۃ ملائی جاتی ہے وغیرہ وغیرہ، حتی کہ کس نماز کے وقت کی ابتدا کب سے ہے، انتہا کہاں پر ہے، اس سب کا براہ راست قرآن کریم سے بغیر حدیث کی مدد کے سمجھنا دشوار ہے، اس کو حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بیان فرمایا ہے۔

مثال:۲ ﴿وآتوا الزکوة﴾ (۲) اور زکوۃ ادا کرو۔ اس کی تفصیل کہ چاندی کی کتنی مقدار میں زکوۃ لازم ہے، سونے کی کتنی مقدار میں، بکری، گائے، اونٹ وغیرہ کی کس حساب سے زمین کی پیداوار میں کس حساب سے، یہ سب احادیث سے معلوم ہوئی، قرآن کریم میں اس کا ذکر نہیں۔

مثال:۳ ﴿و للّٰه علی الناس حج البیت﴾ (۳) اور لوگوں کے ذمہ اللہ کے گھر کا حج کرنا لازم ہے۔ اس کی تفصیل کہ طواف کا کیا طریقہ ہے، کتنے چکر ہیں، عرفات، مزدلفہ، منیٰ، رمی جمار وغیرہ کے مسائل کو حضور پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بیان فرمایا ہے۔

قرآن پاک کو سمجھنے کے لئے حدیث شریف کی روشنی حاصل کرنا ضروری ہے، حدیث سے بے نیاز ہوکر قرآن شریف کو صحیح طور پر سمجھنا ناممکن ہے، امت کو حکم ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بیان فرمودہ تفصیلات کے تحت قرآن شریف سے ہدایت حاصل کریں، اسی سلسلہ میں حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اطاعت اللہ تبارک وتعالیٰ کی ہی اطاعت ہے: ﴿و من یطع الرسول فقد أطاع اللّٰه﴾ (۴) جس نے رسول

---

(۱) (سورة البقرة:۴۳)

(۲) (سورة البقرة: ۴۳)

(۳) (سورة آل عمران :۹۷)

(۴) (سورة النسآء :۸۰)

''قال العلامة علی القاری فی تشریح قوله علیه السلام : ''لا ألفین أحدکم متکأً علی أریکته، یأتیه الأمر من أمری مما أمرت به أو نهیت عنه، فیقول: لا أدری ما وجدنا فی کتاب اللّٰه اتبعناه'': والمعنی لا یجوز الإعراض عن حدیثه علیه السلام؛ لأن المعرض عنه معرض عن القرآن''. (مرقاة المفاتیح: ۱/۴۰۰، ۴۰۱، رشیدیه)

کی اطاعت کی اس نے اللہ ہی کی اطاعت کی۔اس لئے کہ یہ تفصیل وتشریح بھی وحی ہی کے ذریعہ ہے: ﴿و ما ینطق عن الھویٰ إن ھو إلا وحی یوحیٰ﴾ (۱)۔

قرآن پاک عربی میں نازل ہوا،صحابہ کرام عربی زبان اور محاورات کوخوب سمجھتے تھے،ان کی مادری زبان تھی مگر یہ نہیں فرمایا گیا کہ جس طرح تمہاری سمجھ میں قرآن سے آئے اس طرح نماز پڑھا کرو بلکہ ارشاد ہے "صلوا کما رأیتمونی أصلی" (بخاری شریف:۱۰۷۲)(۲) یعنی جس طرح تم مجھ کو(حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو) نماز پڑھتا دیکھو اسی طرح نماز پڑھو۔

الحاصل یہ سمجھنا غلط ہے کہ ہر چیز کی پوری تفصیل وتشریح قرآن پاک میں ہے، حدیث کی ضرورت نہیں،اور یہ مطالبہ قابل تسلیم نہیں کہ ہر چیز کو صرف قرآن سے ثابت کیا جائے اور حدیث کی طرف التفات نہ کیا جائے اور یہ بات کہ جو چیز پوری تفصیل کے ساتھ قرآن پاک میں مذکور نہ ہو اور احادیث سے ثابت ہو، وہ قابل تسلیم نہیں، صحیح نہیں بالکل غلط ہے، ورنہ صلوۃ، زکوۃ، حج اور اس طرح بے شمار دینی امور کا بھی انکار کرنا پڑے گا۔ اس بنیادی تمہید کے بعد آپ کے سوالات کا جواب عرض ہے۔

۱.....قرآن کریم میں رفع عیسی کا مختصراً تذکرہ ہے(۳) جیسے کہ ﴿آتوا الزکوۃ﴾ میں زکوۃ کا تذکرہ ہے، باقی تفصیلات احادیث کے سپرد ہیں،اسی طرح پر زمین پر اترنا بڑی تفصیل کے ساتھ احادیث میں مذکور ہے اور یہ احادیث درجۂ تواتر تک پہنچی ہوئی ہیں،جیسا کہ حافظ ابن حجر نے فتح الباری شرح صحیح البخاری میں اس کی تصریح فرمائی ہے(۴)۔ نیز حافظ ابن کثیر نے اپنی تفسیر میں تصریح کی ہے(۵) نیز حافظ ابن حجر نے تلخیص الحبیر

---

(۱)(النجم :۳،۴)

(۲) (صحیح البخاری، کتاب الآذان، باب الآذان للمسافر إذا کانوا اجماعۃً: ۱/۸۸، قدیمی)

(۳) قال اللہ تعالیٰ: ﴿و ماقتلوہ یقیناً بل رفعہ اللہ﴾(النساء :۱۵۷)

(۴)(فتح الباری :۶/۴۹۰،کتاب الأنبیاء، باب نزول عیسی، بیروت)

(۵) "فھذہ أحادیث متواترۃ عن رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم من روایۃ أبی ھریرۃ و ابن مسعود وعثمان بن أبی العاص و أبی أمامۃ والنواس بن سمعان و عبد اللہ بن عمرو بن العاص ومجمّع بن حارثۃ وأبی شریحۃ و حذیفۃ بن أسید رضی اللہ تعالیٰ عنھم، و فیھا دلالۃ علی صفۃ نزولہ و مکانہ أنہ بالشام بل بدمشق عند المنارۃ الشرقیۃ ..... الخ". (تفسیر ابن کثیر، (النساء): ۱/۵۰۰،دارالقلم)

Made searchable using ScribeTools.com

میں لکھا ہے:"أما رفع عیسی فاتفق أصحاب الأخبار والتفسیر علی أنه رفع ببدنه " (۱)۔حافظ ابن کثیر نے دس صفحات میں وہ احادیث جمع کی ہیں جس میں حضرت عیسی علیہ السلام کا زندہ مع جسم عنصری کے آسمان پر موجود ہونا، قرب قیامت میں ان کا اترنا مذکور ہے (۲)۔

دونوں چیزیں: حضرت عیسی علیہ السلام کا مع جسم عنصری کے زندہ اٹھایا جانا اور قرب قیامت کے زمین پر اترنا، اجماعی، اتفاقی، قطعی ہیں، ان میں اختلاف نہیں۔ گذشتہ صدی میں مرزا غلام احمد قادیانی نے اس اجماعی عقیدہ کی مخالفت کی ہے اور تیرہ سو سال کے اجماعی عقیدہ کو غلط کہا ہے جس کی تردید میں مستقل کتابیں تصنیف کر کے دلائل جمع کر دیئے گئے۔

۲.....ان کا اٹھایا جانا قرآن پاک میں ہے (۳) تشریح احادیث میں ہے (۴) جیسا کہ جواب نمبر:۱ میں گزرا، اس کے خلاف کا عقیدہ رکھنا غلط ہے۔

۳.....زید کا لفظ ''توفی'' کے متعلق یہ دعویٰ کہاں سے ماخوذ ہے؟ اس کے بالمقابل یہ بھی کہا جا سکتا ہے کہ قرآن پاک میں جہاں لفظ توفی باب تفعل سے آئے اور اللہ تعالیٰ فاعل ہے اور معیّن شخص (عیسیٰ) مفعول ہیں تو اس کے معنی جسم عنصری کے ساتھ زندہ آسمان پر اٹھا لینے کے ہوں گے، اس کے خلاف کوئی ثابت ہی نہیں کر سکتا تو کیا زید کے پاس اس کے خلاف کا ثبوت ہے۔

علاوہ ازیں جب کہ زندہ جسم عنصری کے ساتھ خاص طریقہ سے آسمان پر اٹھا لینے کا واقعہ بطور معجزہ وخرق

---

(۱) (التلخیص الحبیر، کتاب الطلاق، رقم: ۱۶۰۷، ۴/۱۲۵۶، مکتبه نزار مصطفی الباز)

(۲) دیکھئے: (تفسیر ابن کثیر (النساء) : ۱/۴۹۶، دارا لقلم)

(۳) قال الله تعالیٰ: ﴿ إذ قال الله یاعیسی إنی متوفیک و رافعک إلیّ ﴾ (آل عمران :۵۵)

وقال الله تعالیٰ: ﴿ و ماقتلوه یقیناً بل رفعه الله ﴾ (النسآء:۱۵۷)

(۴) "ان سعید ابن المسیب سمع أباهریرة رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "والذی نفسی بیده لیوشکن أن ینزل فیکم ابن مریم مقسطاً، فیکسر الصلیب، و یقتل الخنزیر، ویضع الجزیة". (صحیح البخاری: ۱/۲۹۶، کتاب البیوع، باب قتل الخنزیر، قدیمی)

(وسنن ابن ماجه، ص:۳۰۸، قدیمی)

(ومسند احمد بن حنبل : ۲/۴۰۶، رقم الحدیث : ۹۰۱۷، بیروت)

عادت صرف ایک دفعہ ایک شخص کے ساتھ پیش آیا ہے تو پھر اس کی نظیریں تلاش کرنا یا نظیروں کا مطالبہ کرنا بے محل ہے۔ (حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو جو معراج جسمانی ہوئی، اس کی شان جداگانہ ہے)۔

قرآن پاک میں ہے: ﴿أللّٰہ یتوفی الأنفس حین موتھا والتی لم تمت فی منامھا﴾ (۱) آیت پاک میں اللہ تعالیٰ فاعل ہے اور ذی روح مفعول ہے، کیا یہاں بھی "یتوفی" موت کے معنی میں ہے اور نوم کی حالت میں روح قبض ہو جاتی ہے، اور کیا سونے والے پر میت کے احکام: نماز جنازہ، تدفین، عدتِ زوجہ، تقسیم میراث وغیرہ سب جاری ہوں گے؟

یہاں تک لفظ "توفی" کے متعلق زید کے مخصوص نظریہ کا جواب تھا۔

اصل وضع محاوراتِ عرب استعمال کی روشنی میں اس کی حقیقت عرض ہے (و،ف،ی) وفی یفی وفا ثلاثی مجرد، أوفی یوفی إیفاءً باب افعال سے، توفی یتوفی توفیاً تفعل سے، استوفی یستوفی استیفاءً استفعال سے، وفی یوفی توفیةً تفعیل سے، سب طرح یہ لفظ مستعمل ہے، اس کے معنی ہیں پورا کرنا (۲) پورا لینا، پورا وصول کرنا، پورا دینا اسی سے ہے وفاءً (عہد) وفا وعدہ عرب بولتے ہیں۔ جیسے کیل واف (پورا پیمانہ) أوفیت الکیل والوزن، میں نے ناپ تول پورا کر دیا۔ یعنی کچھ کمی نہیں کی، قرآن پاک میں ہے: ﴿وافوا الکیل إذا کلتم﴾ (۳) یعنی جب تم کسی کے لئے تول کرو تو پورا پورا کیل کر کے دو۔ ﴿أوفوا بعھدی أوف بعھدکم﴾ (۴) تم میرا عہد پورا کرو میں تمہارا عہد پورا کروں گا۔ ﴿یوفون بالنذر﴾ (۵) نذر پوری کرتے ہیں ﴿وفیت کل نفس ماکسبت﴾ (۶) ہر ایک نے جو کچھ (دنیا میں) کیا یا عمل کیا اس کو پورا دے دیا جائے گا۔

---

(۱) (سورۃ الزمر: ۴۲)

(۲) "ان التوفی أخذ الشیء وافیاً، ولما علم أن من الناس من یخطر بباله أن الذی رفعه الله هو روحه لا جسده". (التفسیر الکبیر: ۶۸/۸، تفسیر سورۃ آل عمران، دار الکتب العلمیة بیروت)

(۳) (سورۃ الإسراء: ۳۵)

(۴) (سورۃ البقرۃ: ۴۰)

(۵) (سورۃ الدھر: ۷)

(۶) (سورۃ آل عمران: ۲۵)

Made searchable using ScribeTools.com

﴿إنما توفون أجورکم﴾ (۱) تم کو بلاشبہ تمہارا اجر پورا کردیا جائے گا۔ ﴿و ما تنفقوا من شیء فی سبیل اللّٰہ یوف إلیکم﴾ (۲) جو کچھ تم خدا کی راہ میں خرچ کرتے ہو تم کو اس کا پورا اجر دیدیا جائے گا۔ ﴿فوفاہ حسابہ﴾ (۳) اس کا حساب پورا پورا کیا ﴿إنی متوفیک﴾ (۴) میں تجھ کو پورا پورا لے لوں گا۔

حضرت عیسی علیہ السلام کے دشمن قتل کے درپے تھے اور منصوبہ بنارہے تھے تو اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا کہ میں تجھ کو پورا پورا لے لوں گا، ان دشمنوں کو تجھ پر قتل کے لئے قابو نہیں دونگا۔ یہ چیز بطور تسلی کے فرمائی گئی ہے اور تسلی کی صورت یہی ہے کہ دشمن قتل کرنے یا سولی دینے میں ناکام رہے، چنانچہ اللہ تعالیٰ نے ان کو اٹھالیا اور دشمن اشتباہ میں رہے، اس کو فرمایا ہے: ﴿و ما قتلوہ یقیناً بل رفعہ اللّٰہ إلیہ﴾ (۵) حضرت عیسی علیہ السلام کو دشمنوں نے بالیقین قتل نہیں کیا، بلکہ اللہ تعالیٰ نے ان کو اپنی طرف اٹھالیا۔ اگر ''توفی'' سے مراد یہاں موت لی جائے تو اس میں تسلی کی کونسی بات ہے، اس وقت تو مطلب یہ ہوجائے گا کہ یہ لوگ آپ کو قتل نہیں کریں گے بلکہ میں آپ کو موت دوں گا، موت سے تسلی کیا ہوسکتی ہے، علاوہ ازیں اگر وہ دشمنی میں قتل کردیتے تو یہ چیز باعثِ

(۱) (سورۃ آل عمران: ۱۸۵)

(۲) (سورۃ البقرۃ: ۲۷۲)

(۳) (سورۃ النور: ۳۹)

(۴) (سورۃ آل عمران: ۵۵)

(۵) (سورۃ النسآء: ۱۵۷)

''معنی قولہ ﴿إنی متوفیک﴾: أي متمم عمرک، فحینئذ أتوفاک، فلا أترکھم حتی یقتلوک، بل أنا رافعک إلی سمائی، ومقربک بملائکتی، و أصونک عن أن یتمکنوا من قتلک، و ھذا تأویل حسن''. (التفسیر الکبیر، (آل عمران): ۶۸/۸. دار الکتب العلمیۃ بیروت)

''ان المراد إنی مستوفی أجلک و مم ک حتف أنفک، لا أسلط علیک من یقتلک، فالکلام کنایۃ عن عصمتہ من الأعداء و ما ھم بصددہ من الفتک بہ علیہ السلام؛ لأنہ یلزم من استیفاء اللّٰہ تعالیٰ أجلہ و موتہ ب أنفہ ذلک''. (ر ح المعانی، (آل عمران): ۲۸۶/۳، دار الفکر)

''أی مستوفی أجلک، و معناہ أنی عاصمک من أن یقتلک الکفار و ممیتک حتف أنفک لا قتلاً بأیدیھم (ورافعک إلی) إلی سمائي و مقر ملائکتي''. (تفسیر المدارک، (آل عمران): ۱۷۸/۱، قدیمی)

Made Searchable by ScribeTools.com

ترقی درجات ہوتی، شہید کا درجہ بہت بلند ہے۔

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے شہادت کی تمنا کا ذکر خاص انداز میں فرمایا ہے، درجۂ بلند سے بچا کر عام موت کا وعدہ خاص اہمیت نہیں رکھتا، پھر یہ کہ لفظِ ''موت'' یا ''اماتت'' سے کیوں تعبیر نہیں کیا، ''توفی'' میں کیا نکتہ ہے ہاں توفی کے اصل معنی موت کے نہیں، کبھی موت کا مفہوم اس میں پیدا ہو جاتا ہے وہ اس طرح بولتے ہیں (فلان توفی عمرہ) فلاں شخص نے اپنی عمر پوری کر لی، جب عمر پوری کر لی تو موت آ ہی جائے گی، آیت ﴿إنی متوفیك﴾ کا مفہوم یہ بھی ہے کہ تیری عمر پوری کروں گا اور ان کی اسکیم فیل ہو جائے گی (۱)۔

اس کی صورت یہ ہے کہ جتنی عمر یہاں ہوئی اس کے بعد اٹھا لیا گیا پھر زمین پر نزول ہوگا، اس وقت بقیہ عمر پوری ہوگی، جیسا کہ احادیث میں تفصیل مذکور ہے، یہاں تک کہ جب اس وقت انتقال ہوگا تو قبر کی جگہ بھی بتادی گئی ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی قبر مبارک کے قریب ایک قبر کی جگہ باقی ہے وہاں دفن ہوں گے (۲)۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے مجموعی حالات دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے جیسا کہ احادیث میں مذکور ہے کہ نزول کے بعد شادی کریں گے۔

اگر کوئی شخص یہ کہتا ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر موت طاری ہو چکی ہے وہ آسمان پر زندہ موجود نہیں اور قریب قیامت زمین پر نہیں اتریں گے تو وہ اجماعی عقیدہ کا منکر ہے، قرآن پاک کی آیات کا منکر ہے اور احادیث متواترہ کا منکر ہے (۳)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

رفع عیسیٰ علیہ السلام

سوال [۲۱۳]: حضرت عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کے متعلق ایک مسلمان کا عقیدہ کیا یہ ہونا چاہئے کہ

---

(۱) راجع، ص؛ ۴۲۹، الحاشیه رقم: ۵)

(۲) ''عن عبد الله بن عمرو رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: ''ینزل عیسی بن مریم إلی الأرض، فیتزوج، و یولد له، و یمکث خمساً و أربعین سنةً، ثم یموت، فیدفن معي في قبري، فأقوم أنا و عیسی ابن مریم فی قبر واحد بین أبي بکر و عمر''. رواه ابن الجوزي فی کتاب الوفاء''. (المشکوة، کتاب الفتن، باب نزول عیسی علیه السلام، الفصل الثالث، ص: ۴۸۰)

(۳) اور اس کا انکار کفر ہے (سیأتی تخریجه تحت عنوان: ''نزول عیسیٰ علیہ السلام کا ثبوت تواتر سے'')

Made searchable using ScribeTools.com

وہ زندہ مع جسم وروح آسمان پر اٹھا لئے گئے یا یہ عقیدہ ہونا چاہئے کہ ان کی روح اٹھائی گئی؟ یا وہ مع جسم وروح اٹھا لئے گئے؟ ہم کہہ نہیں سکتے اس لئے کہ قرآن میں اس کی صراحت نہیں۔

الجواب حامداًومصلیاً:

حضرت عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کے متعلق یہود کا یہ عقیدہ ہے کہ ان کو قتل کیا گیا ہے، سولی پر چڑھا دیا گیا ہے، ان کی صرف روح اٹھالی گئی، نصاریٰ کا بھی بڑا فرقہ یہی کہتا ہے، قرآن کریم نے اس کی تردید کی ہے: ﴿وما قتلوه يقيناً بل رفعه الله إليه﴾ الآیہ(۱)۔

روح مع جسم کے اٹھانے کے عقیدہ کو مودودی صاحب نے عقیدۂ باطل (الوہیت مسیح) کا موجب لکھا ہے(۲)، قادیانی نے بھی روح جسمانی کا انکار کیا ہے(۳)۔ علمائے حق نے قادیانی کی تردید میں کتابیں لکھی

---

(۱) (النساء: ۱۵۸)

قال الله تعالیٰ: ﴿وقولهم إنا قتلنا المسيح عيسى بن مريم رسول الله، وما قتلوه وما صلبوه ولكن شبه لهم﴾. (النساء: ۱۵۷)

" فقال بعضهم: لما أحاطت اليهود به وبأصحابه، أحاطوا بهم، وهم لايثبتون معرفة عيسى بعينه، وذالک أنهم جميعاً حُوّلوا فی صورة عيسى، فأشكِل على الذين كانوا يريدون قتل عيسىٰ، عيسىٰ من غيره منهم، وخرج إليهم بعض من كا ن فی البيت مع عيسىٰ فقتلوه وهم يحسبونه عيسىٰ عليه الصلاة والسلام". (جامع البيان للطبری، (النساء): ۶/ ۱۲، شركة مكتبة ومطبعة مصطفى البابی الحلبی وأولاده بمصر)

" واعلم أنه تعالى لما حكى عن اليهود أنهم زعموا أنهم قتلوا عيسىٰ عليه الصلاةوالسلام، فالله تعالى كذبهم فی هذه الدعوىٰ وقال: "(وما قتلوه وما صلبوه ولكن شبه لهم)". (التفسير الكبير، النساء: ۱۱/ ۹۹، دارالكتب العلمية، طهران)

(۲) یہاں یہ بات سمجھ لینی چاہئے کہ قرآن کی یہ پوری تقریر دراصل عیسائیوں کے عقیدۂ الوہیتِ مسیح کی تردید واصلاح کے لئے ہے.....الخ"۔ (تفهيم القرآن، (آل عمران): ۱/ ۲۵۷، ۲۵۸، ادارہ ترجمان القرآن، لاهور)

(۳) "وذالک الشقی المتنبئ (مرزا احمد القادیانی) يقول: إن الفلسفة القديمة والجديدة تحيل عروج جسم إلى السماء." (مجموعة رسائل العلامة أنور شاه الكشميری، عقيدة الاسلام: ۲/ ۴۲، إدارة القرآن والعلوم الإسلامية)

ہیں، چنانچہ حضرت مولانا انورشاہ صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ کی کتاب "التصریح بماتواتر فی نزول المسیح" میں تفصیلی دلائل موجود ہیں۔

قرآن کریم میں اس کی بھی صراحت نہیں کہ نماز فجر کی دو رکعت ہیں، ظہر، عصر، عشاء کی چار رکعت ہیں، مغرب کی تین رکعت ہیں، ان رکعت کا انکار وہی کرسکتا ہے جو قرآن کریم کو بلا واسطۂ احادیث سمجھنے کی کوشش کرتا ہے، مودودی صاحب کا رجحان یہی ہے، پھر جو کچھ سمجھتے ہیں اس کی تائید میں کبھی حدیث کو پیش کرتے ہیں اور کبھی حدیث کی تردید کرتے ہیں، غرض اپنا فہم ان کے نزدیک اصل ہے، اسی کی تلقین اپنی کتب میں متفرق جگہ کی ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۹۴/۲/۱۸ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ۔

نزول عیسی علیہ الصلاۃ والسلام کا ثبوت تواتر سے

سوال[۲۱۴]: نزولِ عیسی علیہ الصلاۃ والسلام بوقت قیامت کیا آیت قرآنیہ سے ثابت ہے؟ اگر ثابت ہے تو کس آیت سے؟ اگر نہیں ثابت ہے اس پر تواتر ہے یا اجماع ہے یا نہیں؟ اس کا انکار باعثِ کفر ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

اکثر مفسرین نے آیت قرآنی: ﴿وإن من أهل الكتاب إلا ليؤمنن به قبل موته ويوم القيامة يكون عليهم شهيداً﴾ (۱) میں ضمیر کو حضرت عیسی علیہ الصلاۃ والسلام کی طرف راجع قرار دے کر اس سے نزول عیسی علیہ الصلاۃ والسلام مراد لیا ہے (۲) چنانچہ بخاری شریف کی روایت بھی اسی کی تائید کرتی ہے:

"عن ابن شهاب أن سعيد بن المسيب سمع أبا هريرة رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال

---

(۱) (النساء: ۱۵۹)

(۲) ﴿وإن من أهل الكتاب إلا ليؤمنن به قبل موته﴾ والضمير فى قوله: (قبل موته) عائد على عيسى عليه الصلاة والسلام: أي وإن من أهل الكتاب إلا ليؤمنن بعيسى قبل موت عيسى عليه الصلاة والسلام، و ذلك حين ينزل إلى الأرض قبل يوم القيامة على ما سيأتى بيانه". (تفسير ابن كثير، (آل عمران): ۱/۳۱۶، دار القلم) =

Made searchable using ScribeTools.com

رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم:" والذى نفسى بيده ليوشكن أن ينزل بينكم ابن مريم حكماً عدلاً ،فيكسر الصليب ،ويقتل الخنزير ،و يضع الحرب ،و يفيض المال حتى لا يقبله أحد، حتى تكون السجدة الواحدة خير من الدنيا و ما فيها". ثم يقول أبوهريرة: واقرأوا قرآناً إن شئتم ﴿وإن من أهل الكتاب إلا ليومنن به قبل موته ويوم القيامة يكون عليهم شهيداً﴾ بخارى:۱/ ٤٩٠ (۱)۔

اورآیت قرآنی:﴿ وإنه لعلم للساعة فلا تمترن بها واتبعون، هذا صراط مستقيم ﴾ (۲) ایک قرأت "لعَلم للساعة" (بفتح اللام) ہے،یعنی نزول عیسی علیہ الصلاۃ والسلام علامات قیامت میں سے ہے۔

"قال مجاهد: وإنه لَعَلم للساعة: أى آية للساعة خروج عيسى بن مريم عليهما السلام قبل يوم القيامة ،و هكذا روى عن أبى هريرة وابن عباس و أبى العالية و أبى مالك و عكرمة والحسن و قتادة و ضحاك وغيرهم"۔ (عقيدة الإسلام) (۳)۔

= "وقيل : الضميران لعيسى عليه الصلاة والسلام، وروى ذلك عن ابن عباس رضى الله تعالىٰ عنهما أيضاً، وأبي مالك والحسن و قتادة وابن زيد، واختاره الطبراني،والمعنى: أنه لا يبقى أحد من أهل الكتاب الموجودين عند نزول عيسى عليه الصلاة والسلام إلا ليؤمنن به قبل أن يموت، وتكون الأديان كلها ديناً واحداً". (روح المعانى،(النساء): ٦/ ٢٠،دار الفكر)

"قال الطيبى رحمه الله تعالىٰ : استدل بالآية على نزول عيسى عليه الصلاة والسلام فى آخر الزمان مصداقاً للحديث و تحريره : أن الضمير ين فى"به" و "قبل موته" لعيسى، والمعنى : وإن من أهل الكتاب إلا ليؤمنن بعيسى قبل موت عيسى". (المرقاة، كتاب الفتن، باب نزول عيسى عليه الصلاة والسلام : ۹/ ۴۳۹، رشيديه)

(۱) (صحيح البخارى، كتاب الأنبياء، باب نزول عيسى بن مريم عليه الصلاة والسلام : ۱/ ۴۹۰،قديمى)

(۲) (الزخرف : ٦۱)

(۳) (مجموعة رسائل الكشميرى، عقيدة الإسلام : ۲/ ۴٦،إدارة القرآن) ..... =

نیز احادیث متواترہ سے بھی نزول مسیح علیہ الصلاۃ والسلام ثابت ہے، چنانچہ ابن کثیر نے اپنی تفسیر میں اس کی صراحت کی ہے:"وانه سينزل قبل يوم القيامة كما دلت عليه الأحاديث المتواترة التى سنوردها إن شاء الله قريباً ۔ تفسير ابن كثير مع البغوى: ۲/ ۱٤ (۱) اس مسئلہ سے متعلق بہت سے رسائل چھپ چکے ہیں مثلاً: التصريح بما تواتر فى نزول المسيح، عقيدة الاسلام فى حيات عيسى عليه الصلاة والسلام وغیرہ کا مطالعہ کرلیا جائے۔

عقیدہ نزول عیسی علیہ الصلاۃ والسلام پر ایمان لانا فرض ہے، اس کا انکار کفر ہے اور اس کی تاویل کرنا زیغ وضلال اور کفر والحاد ہے:" فالإيمان بها واجب، والإنكار عنها كفر، والتأويل فيها زيغ و ضلال وإلحاد، نزل أهل الإسلام فى حياة عيسى عليه الصلاة والسلام" ۔ مقدمة عقيدة الاسلام: ص: ۳۱ (۲) ۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۸/ ۱/ ۸۸ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۸/ ۱/ ۸۸ھ۔

حضرت عیسی علیہ الصلاۃ والسلام نزول کے بعد نبی ہونگے یا امتی؟

سوال[۲۱۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین بیچ اس مسئلہ استفتاء کے:

کیا حضرت عیسی علیہ الصلاۃ والسلام کو آسمانوں پر زندہ اٹھایا گیا ہے، اگر اٹھایا گیا ہے تو آپ قرب قیامت میں نزول فرمائیں گے، اگر ہاں تو بحیثیت امتی کے یا نبی کے؟

نوٹ: جواب قرآنی دلائل سے دیئے جائیں۔

حکیم سید عبدالمجید دہلوی مالک شاہی مطب منڈی پھدوان شاہ پور صوبہ پنجاب، پاکستان۔

= (تفسير ابن كثير، (الزخرف): ۴۳، ۶۱/ ۱۶۹، دار الفيحاء)

(۱) (تفسير ابن كثير، (النساء): ۱/ ۷۶۸، قبيل ذكر الأحاديث الواردة فى نزول عيسىٰ بن مريم إلى الأرض فى السماء فى آخر الزمان، دارالفيحاء)

(۲) (مقدمه عقيدة الإسلام، ص: ۳۳، إدارة القرآن)

Made Se Made searchable using ScribeTools.com pols.com

الجواب حامداً و مصلیاً :

حضرت عیسی علی نبینا وعلیہ الصلاۃ والسلام کوزندہ آسمان پر اٹھایا گیا ہے: ﴿ و ما قتلوه يقيناً بل رفعه الله إليه ﴾ الاية (۱) اورقربِ قیامت آپ نزول فرمائیں گے، احادیث میں اس کی تصریح موجود ہے (۲) اور آپ اس وقت اپنی نبوت کی دعوت نہیں دینگے بلکہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی ملت کی دعوت دیں گے اور خود ان کی نبوت بھی مسلوب نہیں ہوگی بلکہ وہ محفوظ رہے گی۔

"أخرج الطبرانی فی الکبیر والبیهقی فی البعث بسند جید عن عبدالله بن مغفل رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وآله وسلم: "یلبث الدجال فیکم ما شآء الله،ثم ینزل عیسی بن مریم علیه الصلاة والسلام مصدقاً بمحمد و علی ملته إماماً مهدیاً وحکماً عدلاً، فیقتل الدجال اهـ" ۔

"ان عیسی علیه الصلاة والسلام مع بقائه علی نبوته معدود فی أمة النبي صلی الله تعالیٰ علیه وآله وسلم وداخل فی زمرة الصحابة رضی الله تعالیٰ عنهم، فإنه اجتمع بالنبی صلی الله تعالیٰ علیه وآله وسلم و هو حي مؤمناً به و مصدقاً،وکا ن اجتماعه به مرات فی غیر لیلة الإسراء

---

(۱) (النساء : ۱۵۷، ۱۵۸)

(۲) "قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وآله وسلم :"والذی نفسی بیده لیوشکن أن ینزل فیکم ابن مریم حکماً عدلاً مقسطاً الخ ".(صحیح البخاری، کتاب الأنبیاء، باب نزول عیسی بن مریم علیه السلامؑ : ۱/۴۰۹،قدیمی)

(والصحیح لمسلم، کتاب الأنبیاء، باب نزول عیسی علیه الصلاة والسلام حاکماً بشریعة نبینا صلی الله تعالیٰ علیه وآله وسلم الخ: ۱/۸۷، قدیمی)

"لاتزال طائفة من أمتي یقاتلون علی الحق ظاهرین إلی یوم القیامة"..... قال:" فینزل عیسی بن مریم علیه السلام الخ ".

قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وآله وسلم : "والله لینزلن ابن مریم حکماً عادلاً "..... الخ .(الصحیح لمسلم، کتاب الأنبیاء، باب نزول عیسی علیه الصلاة والسلام حاکماً بشریعة نبینا صلی الله تعالیٰ علیه وآله وسلم ..... الخ: ۱/۸۷، قدیمی)

من جملتها بمكة، روى ابن عدى فى الكامل عن أنس رضى الله تعالىٰ عنه قال: بينا نحن مع النبى صلى الله تعالىٰ عليه وآله وسلم إذا رأينا برداً ويداً و قلنا يا رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وآله وسلم! ما هذا البرد الذى رأينا واليد؟ قال: "قد رأيتموه؟" قلنا: نعم،قال:" ذلك عيسى ابن مريم سلّم علىّ".

إنما يحكم عيسى بشريعة نبينا صلى الله تعالىٰ عليه وآله وسلم بالقرآن والسنة،عن أبى هريرة رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وآله وسلم:" ألا! إن ابن مريم ليس بينى و بينه نبى ولا رسول إلا أنه خليفتى فى أمتى من بعدى"۔

قال الذهبى فى تجريد الصحابة: عيسى بن مريم عليه الصلاة والسلام نبى و صحابى ،فإنه رأى النبى صلى الله تعالىٰ عليه وآله وسلم،فهو اخر الصحابة موتاً اهـ" الحاوى للفتاوى(۱)۔

اس مسئلہ پر علماء حق کے مستقل رسائل شائع شدہ ہیں، علامہ سیوطی رحمہ اللہ تعالیٰ کا ایک رسالہ ہے: "كتاب الاعلام بحكم عيسى عليه الصلاة والسلام" علامہ سبکی رحمہ اللہ تعالیٰ کا ایک رسالہ ہے، مولانا انور شاہ صاحب کشمیری رحمہ اللہ تعالیٰ کا بھی ایک رسالہ ہے عقيدة الاسلام فى حيات عيسى عليه الصلاة والسلام۔ نیز شروح حدیث بذل المجهود (۲)، فتح البارى(۳)، عينى(٤) وغیرہ میں بھی

---

(۱) (الحاوى للفتاوى، كتاب الإعلام بحكم عيسى عليه الصلاة والسلام : ۲/۱۸۸، ۱۹۵، دارالفكر)

(۲) "ان الأحاديث قد تثبت أنه يخرج بعد أمور ذكرت وأن عيسى عليه السلام يقتله (أى الدجال) بعد أن ينزل من السماء ويحكم باالشريعة المحمدية". (بذل المجهود: ۵/۱۱۱، باب خروج الدجال، كتاب الملاحم، معهد الخليل الاسلامى)

(۳) "أن سعيد بن المسيب سمع أبا هريرة رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم : " والذى نفسى بيده ليوشكن أن ينزل فيكم ابن مريم حكماً ". الحديث ..... قوله (حكماً) أى حاكماً، والمعنى أنه ينزل حاكماً بهذه الشريعة، فإن هذه الشريعة باقية لا تنسخ، بل يكون عيسى حاكماً من حكام هذه الأمة الخ ". (فتح البارى: ۶/۴۹۰، ۴۹۱، باب نزول عيسى بن مريم عليها السلام، كتاب أحاديث الأنبياء، دارالمعرفة)

(۴) "أن سعيد بن المسيب سمع أبا هريرة رضى الله عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: =

Made searchable using ScribeTools.com

اس کی تصریح ہے۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ گنگوہی معین مفتی مظاہر علوم سہارنپور،۳/ جمادی الأولی/ ۷۱ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مفتی مظاہر علوم سہارنپور۴/ جمادی الأولی/ ۷۱ھ۔

نزول کے بعد حضرت عیسی علیہ الصلاۃ والسلام کی نبوت کی حیثیت

سوال[۲۱۶]: ۱.....حضرت عیسی علیہ الصلاۃ والسلام جب آسمان سے تشریف لائیں گے تو کیا وہ اس وقت بھی نبی رہیں گے اوران پر وحی آئے گی یا وہ نبوت سے معزول ہوکر آئیں گے؟

ایضاً

سوال[۲۱۷]: ۲.....جب حضرت عیسی علیہ الصلاۃ والسلام دوبارہ تشریف لائیں گے تو وہ تابع شریعت محمدیہ ہوں گے یا صاحب شریعت نبی ہوں گے؟ اگر وہ تابع شریعت محمدیہ ہوں گے تو شرعی احکام یعنی قرآن کریم میں درج شدہ اَوامر ونواہی اور سنتِ رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا علم انہیں کیونکر حاصل ہوگا؟ اگر زبان عربی اور شریعت کے احکام کسی مولوی صاحب سے پڑھیں تو یہ امر ایک نبی کی شان کے خلاف نظر آتا ہے اور پڑھیں بھی تو کس فرقہ کے مولوی سے؟ تمام اسلامی فرقوں کا آپس میں اختلاف ہے حتی کہ ایک دوسرے کو کافر کہنے سے دریغ نہیں کرتے، اگر اس دنیا میں وہ وحی کے ذریعہ شریعت اسلامی کے احکام حاصل کریں، جس طرح ہمارے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم حاصل کیا کرتے تھے یعنی وحی سے یا پردہ کے پیچھے سے یا فرشتہ کی وساطت سے جیسا کہ قرآن کریم میں آتا ہے:

﴿وما كان لبشر أن يكلمه الله إلا وحياً أو من وراء حجاب أو يرسل رسولاً، فيوحي بإذنه ما يشاء، إنه عليّ حكيم، وكذلك أوحينا إليك روحاً من أمرنا﴾ (سورہ شوریٰ، پ:۲۵، ع:۵)(۱)۔

= "والذی نفسی بیده لیوشکن أن ینزل فیکم ابن مریم حکماً". الحدیث ..... (قوله حکماً): أی حاکما بهذه الشریعة، فإن شریعة النبی صلی الله علیه وسلم لا تنسخ الخ". (عمدة القاری: ۱۶/ ۵۳، ۵۴، کتاب أحادیث الأنبیاء علیهم الصلاة والسلام، باب نزول عیسی بن مریم علیها السلام، رشیدیه)

(۱) (الشوری: ۵۱، ۵۲)

تو اس صورت میں وہ بھی ایک صاحبِ شریعت نبی بن جائیں گے، یا اگر آسمان پر بھی شریعت کے احکام کا علم حاصل کریں تو بھی بشر ہونے کے لحاظ سے مندرجہ بالا انہیں تین صورتوں سے حاصل کریں گے، پس شریعت کے احکام یعنی اوامر ونواہی براہ راست بذریعۂ وحی حاصل کرنے کی وجہ سے صاحب شریعت نبی بن جائیں گے حالانکہ ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم آخری شریعت والے نبی ہیں۔ اس اشکال کا تفصیلی جواب دیکر ثواب دارین حاصل کریں۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

۱.....ان کی نبوت سلب نہیں ہوگی، بلکہ وہ محفوظ رہے گی اور وہ احکام (کو) اپنی سابقہ محفوظ نبوت کے تحت جاری نہیں فرمائیں گے جو ان کی امت کے ساتھ مخصوص تھے، بلکہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی شریعت کے موافق جاری فرمائیں گے(۱)۔

۲.....ممکن ہے کہ عین وقت پر شریعت محمدیہ کے متعلق ان کو بذریعہ وحی علم ہوجائے، یہ بھی ممکن ہے حضرت اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے علم حاصل کریں کیونکہ قبر اطہر میں حیّ ہیں، یا روح عیسوی روح محمدی سے مستفیض ہوجائے۔ یہ بھی ممکن ہے کہ خود انجیل میں اس شریعت کے احکام کا علم ہو، یہ بھی ممکن ہے کہ دونوں کی ملاقات جب ہوئی اس وقت علم حاصل کرلیا ہو، یہ بھی ممکن ہے کہ براہِ راست قرآن کریم سے ان کو علم حاصل ہوجائے۔

"ثم علمه بأحكام شرعنا إما بعلمها من القرآن فقط إذ لم يفرط فيه من شيء إنما

---

(۱)" فإن قيل: قد ورد في الحديث نزول عيسى بعده،قلنا: نعم،لكنه يتابع محمداً عليه السلام ؛ لأن شريعته قد نسخت، فلا يكون إليه وحي ونصب الأحكام، بل يكون خليفة رسول الله عليه السلام".

(شرح العقائد النسفية للتفتازانی،ص : ۱۰۱ ،طبع فرنگی محلی)

(وكذا في النبراس :ص: ۲۸۰ ،امداديه ملتان)

"(حَكَماً): أي حاكماً، والمعنى أنه ينزل حاكماً بهذه الشريعة، فإن هذه الشريعة باقية لا تنسخ، بل يكون عيسى حاكماً من حكام هذه الأمة..... و للطبراني من حديث عبد الله بن مغفل: "ينزل عيسى بن مريم مصدقاً بمحمد على ملته". (فتح الباری، أحاديث الأنبياء، باب نزول عيسى بن مريم عليهما السلام :۶/ ۲۰۸ ، قديمی)

Made searchable using ScribeTools.com

احتجنا إلى غيره لقصورنا، وقد كانت أحكام نبينا صلى الله تعالىٰ عليه وآله وسلم كلها مأخوذة من القرآن،و من ثم قال الشافعي رحمه الله تعالىٰ: كل ما حكم به النبي صلى الله تعالىٰ عليه وآله وسلم فهو ممافهمه من القرآن،فلا يبعد أن عيسى صلى الله تعالىٰ عليه وآله وسلم يكون كذالك، أو برواية السنة عن نبينا صلى الله تعالىٰ عليه وآله وسلم، فإنه اجتمع في حياته مرات،و من ثم عُدّ من الصحابة ـ أخرج ابن عدى عن أنس بينا نحن مع رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وآله وسلم إذ رأينا بُرداً ويداً فقلنا: يا رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وآله وسلم! ما هذا البرد الذى رأينا واليد ؟ قال: "قد رأيتموه؟" قلنا: نعم،قال: "ذلك عيسى بن مريم سلم عليّ "ـ وفى رواية ابن عساكر عنه: كنت أطوف مع النبى صلى الله تعالىٰ عليه وآله وسلم حول الكعبة إذ رأيته صافح شيئًا و لم أره، قلنا: يا رسول الله! رأيناك صافحت شيئاً و لا نراه؟ قال: "ذلك أخى عيسى بن مريم، انتظرته حتى قضىٰ طوافه فسلمت عليه"ـ و حينئذ فلا مانع أنه حينئذ تلقى عن النبى صلى الله تعالىٰ عليه وآله وسلم أحكام شريعته المخالفة لشريعة الإنجيل لعلمه أنه سينزل وأنه يحتاج لذلك،فأخذها منه بلا واسطةـ وفى حديث ابن عساكر: " ألا !إن ابن مريم ليس بينى و بينه نبي و لا رسول، إلا أنه خليفة فى أمتي من بعدى"ـ

وقد صرّح السبكى بأنه يحكم بشريعة نبينا صلى الله تعالىٰ عليه وآله وسلم بالقرآن والسنة، إما بكونه يتلقها من نبينا صلى الله تعالىٰ عليه وآله وسلم شفاهاً بعد نزوله من قبره، ويؤيده حديث أبى يعلى: "والذى نفسى بيده لينزلن عيسى بن مريم،ثم لئن قام على قبري وقال: يا محمد! لأجيبنّه". و إما بكونه تعالىٰ أوحاها إليه فى كتابه الإنجيل أو غيره(إلى قوله) يوحى إليه وحىٌ حقيقى كما فى حديث مسلم وغيره عن النواس بن سمعان، و فى رواية صحيحة :"فبينما هو كذلك إذ أوحى إليه ياعيسى! إنى قد أخرجت عباداً لى لا يد لأحد بقتالهم حول عبادى إلى الطور"، و ذلك الوحى على لسان جبريل (إلى قوله) وعيسى بن مريم باق على نبوته و رسالته"ـ إلى اخر ماقال اهـ"ـ فتاوىٰ

Made Searchable by ScribeTools.com

حدیثیة، ص: ۲۸۔ (۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۷/ ۸/ ۹۳ھ۔

ایک شعر میں مسیح وخضر سے کیا مراد ہے؟

سوال[۲۱۸]: ذیل کا شعر جو حضرت معین الدین چشتی کی شان اقدس میں ہے یعنی شعر:

ترے لحد کی زیارت ہے زندگی دل کی　　مسیح وخضر سے اونچا مقام ہے تیرا

(اقبال)

کہاں تک اس شعر کا منسوب کرنا صحیح ہوسکتا ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

شعراء کے کلام میں بکثرت استعارات وکنایات ہوتے ہیں، ہر لفظ حقیقی معنی میں مستعمل نہیں ہوتا، یہاں مسیح سے حضرت عیسی علی نبینا وعلیہ الصلاۃ والسلام مراد نہیں بلکہ ان کا وصفِ مشتہر مراد ہے، یعنی طبیبِ حاذق،

---

(۱) (الفتاوی الحدیثیة، مطلب فی حکم عیسی بشرع نبینا محمد صلی اللہ تعالیٰ علیه وآله وسلم إما بالاستنباط من الکتب أو لاجتماعه بنبینا مرات، ص: ۲۴۲، ۲۴۳، قدیمی)

'إنه علیه الصلاة والسلام حین ینزل باق علی نبوته السابقة، لم یعزل عنها بحال، لکنه لا یتعبدبها ..... نعم، لا یبعد أن یکون علیه الصلاة والسلام قد علم فی السماء بعضاً، و وُکّل إلی الاجتهاد والأخذ من الکتاب والسنة فی بعض آخر، وقیل: إنه علیه الصلاة والسلام یأخذ الأحکام من نبینا صلی اللہ تعالیٰ علیه وآله وسلم شفاهاً بعد نزوله و هو فی قبره الشریف علیه الصلاة والسلام، وأید بحدیث أبي یعلی: "والذي نفسی بیده لینزلن عیسی ابن مریم، ثم لئن قام علی قبری، وقال یا محمد! لأجیبنّه".

وجوز أن یکون ذلک بالاجتماع معه علیه الصلاة والسلام روحانیة و لا یدع فی ذلک، فقد وقعت رؤیته صلی اللہ تعالیٰ علیه وآله وسلم بعد وفاته لغیر واحد من الکاملین من هذه الأمة والأخذ منه یقظةً، ..... وقیل: یجوز أن یکون عیسی علیه الصلاة والسلام قد تلقّی من نبینا علیه الصلاة والسلام أحکام شریعته المخالفة لما کان علیه، وهو من الشریعة حال اجتماعه معه قبل وفاته فی الأرض لعلمه أنه سینزل و یحتاج إلی ذلک، و اجتماعه معه کذلک جاء في الأخبار". (روح المعانی، (الأحزاب: ۴۱، ۴۳): ۲۲/ ۵۰، ۵۷، دارالفکر)

Made searchable using ScribeTools.com

جیسے حاتم سے سخی اور رستم سے پہلوان بکثرت مراد لیا جاتا ہے، اسی طرح خضر سے راستہ بتانے والا مراد ہے، مقصد یہ ہے کہ امراض جسمانی میں مبتلا شخص کو اگر طبیب حاذق مل جائے تو بہت بڑی نعمت ہے جس سے اس کو بڑی مسرت ہوتی ہے، اگر راہ گم کردہ مسافر کو رہنما مل جائے تو بہت بڑی نعمت ہے، لیکن آپ کی لحد کی زیارت سے آپ کی متقیانہ ومجاہدانہ زندگی یاد آ کر کے دل زندہ ہوتا ہے جس سے انسان کی دنیوی واخروی زندگی درست ہوکر حیاتِ طیبہ نصیب ہوتی ہے، لہذا یہ نعمت نتائج وفوائد کے اعتبار سے ان دونوں نعمتوں سے بڑھ کر ہے(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حضرت خضر علیہ الصلاۃ والسلام

سوال[۲۱۹]: حضرت خواجہ خضر علیہ الصلاۃ والسلام حیات ہیں، یا وصال پا چکے ہیں اور آپ کس زمانہ میں ہوئے اور کس کی اولاد سے ہیں؟ اور کیا سکندر اعظم کے ہمراہ ظلمات میں آبِ حیات پی کر آئے تھے؟ مفصل تحریر فرمائیں۔

الجواب حامدا و مصلیا :

مفصل بیان کرنے کی تو آپ نے کاغذ ہی میں جگہ نہیں چھوڑی، مختصر یہ ہے کہ آپ کے آب حیات پینے کے دونوں قول ہیں، آپ کے نسب اور زمانہ میں اختلاف عظیم ہے، ایک قول لکھتا ہوں، خضر ابن ملکان بن قانع بن عامر بن شالخ بن ارفشخند بن سام بن نوح علیہ الصلاۃ والسلام(۲)۔

ظلمات میں جا کر آب حیات تک پہونچنے کا تذکرہ فتح الباری:۶/۳۱۰ میں حافظ ابن حجر رحمہ اللہ تعالیٰ

---

(۱) "إذا كانت الحقيقة متعذرةً أو مهجورةً صيّر إلى المجاز، والمهجور شرعاً كالمهجور عادةً، و في الحاشية رقم :۱۳، إذ ظاهر حال المسلم الإمتناع عن المهجور الشرعي لدينه و عقله، فهو كالمهجور عادةً". (نور الأنوار، مبحث الحقيقة والمجاز، ص:۱۰۷، سعيد)

(۲) فتح الباری کے نسخوں میں یہ عبارت بعینہ نہیں ملی، بلکہ کچھ یوں ہے:

"خضر بن ملكان بن فالغ بن عابر بن شالخ بن أرفشخذ بن سام بن نوح" جب کہ علامہ نووی اور حافظ ابن کثیر رحمہ اللہ تعالیٰ نے "ابن عابر" کو "ابن عامر" نقل کیا ہے۔ (فتح الباری، كتاب أحاديث الأنبياء، باب حديث خضر مع موسى عليه الصلاة والسلام : ۶/۵۳۵، قديمی) ..... =

نے کیا ہے(۱)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

حیات خضر علیہ الصلاۃ والسلام

سوال[۲۲۰]: حضرت خضر علیہ الصلاۃ والسلام زندہ ہیں یا انتقال ہو چکا، ایک شخص کہتا ہے کہ حضرت خضر علیہ الصلاۃ والسلام کا انتقال ہو چکا، ان کی حیات کا قائل ہونا کفر ہے اور بعض لوگوں کے واقعات جو مشہور ہیں کہ ان کو حضرت نبی علیہ الصلاۃ والسلام ملے وہ خضر علیہ الصلاۃ والسلام نہیں ہوتے بلکہ شیطان ہوتا ہے، لہذا دریافت ہے کہ وہ زندہ ہیں یا نہیں اور جو کچھ یہ شخص کہتا ہے صحیح ہے یا نہیں؟ مع حوالہ کتب جواب سے مطلع فرمائیں۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

جمہور علماء کا مذہب یہ ہے کہ خضر علیہ الصلاۃ والسلام زندہ ہیں، ہاں بعض اس کے قائل ہیں کہ انتقال کر چکے:

"قال ابن الصلاح: هو حيّ عند جمهور العلماء، والعامة معهم فی ذلك، و إنما شذ بإنكاره بعض المحدثين و تبعه النووی. و زاد أن ذلك متفق عليه بين الصوفية وأهل الصلاح، وحكايا تهم فی رؤيته والاجتماع به أكثر من أن تحصىٰ انتهى. و روى الدار قطنی فی الحديث المذكور قال: مُدّ للخضر فی أجله حتى يكذب الدجال،و قال عبد الرزاق فی مصنفه عن معمر فی قصته الذی يقتله الدجال ثم يحييه: بلغنی أنه الخضر، و كذا قال إبراهيم بن سفيان الراوی

= (وكذا فی شرح مسلم للنووی، كتاب الفضائل، باب من فضائل الخضر صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: ۲/ ۲۶۹،قديمی)

(وكذا فی تفسير ابن كثير،(الكهف): ۳/ ۱۳۶،مكتبه دار الفيحاء)

(۱) "و روى خيثمة بن سليمان من طريق جعفر الصادق عن أبيه أن ذا القرنين كان له صديق من الملائكة،فطلب منه أن يدله على شیء يطول به عمره،فدل على عين الحياة،وهي داخل الظلمة، فسار إليها والخضر على مقدمته،فظفر بهاالخضر،ولم يظفر بهاذو القرنين". (فتح البارى، كتاب أحاديث الأنبياء، باب حديث خضر مع موسى عليهما الصلاة والسلام: ۶/ ۴۳۴،دار الفكر)

Made searchable using ScribeTools.com

عن مسلم فی صحیحه اهـ". فتح الباری بتغیر، ص: ۳۱۰ (۱) ۔

اور بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی وفات پر تعزیت کے لئے تشریف لائے اور صحابہ کے مجمع میں تعزیت کی ہے اور حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ یہ خضر علیہ السلام ہیں کذا فی جمع الفوائد : ۱/۱۳۸ (۲) لہذا ان کی زندگی کے قائل ہونے کو کفر کہنا ناواقفیت پر مبنی ہے اور غلط ہے اس سے توبہ لازم ہے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۰/۶/۵۹ھ۔

صحیح: عبداللطیف عفا اللہ عنہ۔

---

(۱) (فتح الباری: کتاب أحادیث الأنبیاء، باب حدیث الخضر مع موسی علیه الصلاة والسلام : ۶/۵۳۶، قدیمی)

"جمهور العلماء علی أنه حيّ موجود بين أظهرنا، وذلک متفق عليه عند الصوفية وأهل الصلاح والمعرفة، و حكاياتهم فی رؤيته والاجتماع به والأخذ عنه و سواله و جوابه ووجوده فی المواضع الشريفة و مواطن الخير أكثر من أن تحصر، وأشهر من أن تستر، و قال الشيخ أبو عمرو ابن الصلاح : هو حي عند جماهير العلماء والصالحين، والعامة معهم فی ذلک،قال: و إنما شذ بإنكاره بعض المحدثين". (شرح مسلم للنووی ، كتاب الفضائل، باب من فضائل الخضر عليه السلام: ۲/۲۶۹، قديمی)

(وكذا فی روح المعانی :(الكهف:۶۵): ۱۵/۳۲۱، ۳۲۲ دار إحياء التراث العربی)

(۲) "(أنس) لماقبض النبی صلی الله تعالیٰ عليه وآله وسلم،و قعد أصحابه حزاناً يبكون حوله،فجاء رجل طويل صبيح فصيح فی إزار و رداء، أشعر المنكبين والصدر، فتخطی الصحابة حتی أخذ بعضادتي الباب، فبكی ساعةً ،ثم قال: إن فی الله عزاءً من كل مصيبة، و خلفاً من كل هالک، و عوضاً من كل ما فات، فإلی الله فأنيبوا وإليه فارغبوا،فإنما المصاب من لم يجبره الثواب. فقال القوم: تعرفون الرجل؟ فنظروا يميناً و شمالاً فلم يروا أحداً، فقال أبو بكر: "هذا الخضر أخ النبی صلی الله تعالیٰ عليه وآله وسلم". للأوسط ضعيف". (جمع الفوائد، التعزية وأحوال القبور و زيارتها، رقم: ۲۶۳۷، ۱/۲۴۱، المكتبة الإسلاميه پاكستان)

"عن أنس بن مالک رضی الله تعالیٰ عنه قال: لماقبض رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وآله وسلم أحدق به أصحابه فبكوا حوله،و اجتمعوا، فدخل رجل أشهب اللحية، جسيم، صبيح، فتخطی رقابهم فبكی، ثم =

حیات خضر علیہ الصلاۃ والسلام کی تحقیق

سوال[۲۲۱]: حضرت مولانا احمد سعید صاحب نے پہلی تقریر میں فرمایا ہے جو کتاب کی صورت میں ہے۔

لذت سے نہیں خالی جانوں کا کھپا جانا
کب خضر و مسیحا نے مرنے کا مزا جانا
(میر)

مزے جو موت کے عاشق بیان کبھی کرتے
مسیح و خضر بھی مرنے کی آرزو کرتے
(ذوق)

تجھے کیا بتائیں اے ہم نشین مجھے موت میں جو مزہ ملا
نہ ملا مسیح و خضر کو وہ نشاط عمر دراز میں
(اقبال)

کلام شاعر تو کوئی سند نہیں، لیکن حضرت مولانا کا تمثیلاً پیش کرنا ہی قابل رد نہیں (مولانا کی نظر میں بھی حضرت عیسی علیہ الصلاۃ والسلام کی مثل حضرت خضر علیہ الصلاۃ والسلام بھی حیات ہیں) مگر پارہ نمبر: ۱۵

= التفت إلى أصحاب رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وآله وسلم فقال: إن فى الله عزاءً من كل مصيبة، وعوضاً من كل فائت، و خلفاً من كل هالك، فإلى الله فأنيبوا، وإليه فارغبوا، و نظره إليكم فى البلاء، فانظروا فإن المصاب من لم يجبر، فانصرف وقال بعضهم لبعض: تعرفون الرجل؟ قال: أبو بكر و على -رضى الله تعالىٰ عنهما-: "نعم هذا أخو رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وآله وسلم الخضر عليه الصلاة والسلام". (دلائل النبوة للبيهقى، باب ما جاء فى عظم المصيبة التى نزلت بالمسلمين بوفاة رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وآله وسلم: ۷/۲۶۹، دار الكتب العلمية)

(وكذا فى فتح البارى، كتاب أحاديث الأنبياء، باب حديث الخضر مع موسى عليهما الصلاة والسلام: ۶/۵۳۷، قديمى)

Made Searchable using ScribeTools.com

سورہ بنی اسرائیل کے رکوع نمبر: ۲۰ کے بعد کی آیت کے حاشیہ نمبر: ۴ پر حضرت خضر کے بارے میں لکھا ہے کہ حضرت خضر علیہ الصلاۃ والسلام حیات نہیں اور اسی کو ترجیح وصحیح مذہب قرار دیا ہے، جس کو امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ اور شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمہ اللہ تعالیٰ نقل فرماتے ہیں کہ اصح مذہب اہل حدیث کا یہ ہے کہ حضرت خضر علیہ الصلاۃ والسلام حیات نہیں، جو حیات بتاتے ہیں وہ غلطی پر ہیں اور سبب اس غلطی کا یہ ہے کہ ان میں سے کوئی شخص کسی عابد کو دیکھ لیتا ہے اور وہ کہہ دیتا ہے کہ میں خضر ہوں، حالانکہ بشکل انسان شیطان ہوتا ہے جو اس شخص کو گمراہ کرنا چاہتا ہے۔ اور حافظ ابو الخطاب رحمہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ حضرت خضر علیہ الصلاۃ والسلام کے حیات ہونے کی ساری روایات غلط ہیں، مگر شاہ عبد القادر صاحب شاید گیلان والے ہوں یا اور کوئی ہوں فرماتے ہیں کہ حضرت خضر علیہ الصلاۃ والسلام حیات ہیں اور عوام الناس کے مشاہدات بھی یہی گواہی دیتے ہیں کہ حیات ہیں اور وہ بھولے بھٹکے ہوئے لوگوں کو راستہ بتاتے ہیں۔ اور ایک جگہ قرآن شریف کے حاشیہ پر لکھا ہے کہ یہ جو مشہور ہے کہ حضرت خضر علیہ الصلاۃ والسلام پیغمبر تھے ایسا نہیں ہے، بلکہ اللہ تعالیٰ کے ایک برگزیدہ بندے تھے۔ دونوں باتوں کا جواب تحریر فرمائیں، حضرت خضر علیہ الصلاۃ والسلام حیات ہیں یا نہیں؟

محمد فہیم الدین مدرسہ اسلامیہ تعلیم القرآن متصل مسجد پوڑی گڑھوال۔

الجواب حامداً و مصلیاً :

محدثین کرام عموماً حضرت خضر علیہ الصلاۃ والسلام کی حیات کے قائل نہیں، صوفیائے عظام قائل ہیں(۱)، ان کے حالات پر حافظ ابن حجر عسقلانی رحمہ اللہ تعالیٰ نے فتح الباری شرح صحیح بخاری میں مفصل کلام کیا

---

(۱) "و قال ابن الصلاح : هو حيّ عند جمهور العلماء، والعامة معهم فی ذلک،وإنما شذ بإنكاره بعض المحدثين و تبعه النووی، وزاد أن ذلک متفق عليه بين الصوفية وأهل الصلاح، و حكاياتهم فی رؤيته والاجتماع به أكثر من أن تحصر انتهى الخ". (فتح الباری، كتاب أحاديث الأنبياء،باب حديث الخضر مع موسى عليهما الصلاة والسلام : ۶/ ۵۳۶،قديمی)

(وكذا فی شرح مسلم للنووی ، كتاب الفضائل، باب من فضائل الخضر صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : ۲/ ۲۶۹،قديمی)

(وكذا فی روح المعانی، (الكهف: ۶۵): ۱۵/ ۳۲۱، ۳۲۲، دار إحياء التراث العربی)

ہے، اکابر کی اکثریت اس پر ہے کہ وہ پیغمبر نہیں تھے (۱) اب ان کے متعلق بحث علمی تحقیق کے درجہ میں ہے اور بس۔ شعراء بکثرت خضر بول کر طویل الحیات مراد لیتے ہیں جیسے حاتم بول کر سخی، رستم بول کر پہلوان مراد لیتے ہیں، خاص شخصیت مراد نہیں، نیز خضر سے رہنما برائے گم کردہ راہ بھی مراد لیتے ہیں، مسیح سے بھی عموماً دو وصف مراد ہوتے ہیں: ایک طویل الحیات، دوم معالج۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند ۲۶/۶/۹۴ھ

ہندوستان میں کون پیغمبر آئے؟ اور مُردوں کو جلانے کا کس نے حکم دیا؟

سوال [۲۲۲]: ہندوؤں میں مردہ جلانے کی رسم کب سے شروع ہوئی ہے؟ اللہ کے حکم کے مطابق اس قوم وملت میں پیغمبر آئے یا نہیں؟ کسی پیغمبر نے مردہ جلانے کی ہدایت انہیں کی: دگی۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

ہندوستان میں سب سے پہلے پیغمبر حضرت آدم علیہ السلام تشریف لائے [illegible] ذکر موجود ہے (۲) انھوں نے مردہ جلانے کا حکم نہیں دیا، بلکہ ان کے بیٹے کو دفن کرنے کا طریقہ بتایا گیا جیسا کہ قرآن پاک پارہ ۶ سورۃ مائدہ میں ہے (۳)۔ اور کسی پیغمبر نے جلانے کا حکم دیا ہو یہ بھی کسی کتاب میں نہیں دیکھا۔

احادیث میں ایک آدمی کا ذکر ہے جس نے اپنے بیٹوں کو وصیت کی تھی کہ اس کی لاش کو جلا کر [illegible] پانی میں بہا دیا جائے یا ہوا میں اڑا دیا جائے، تاکہ اللہ تعالیٰ عذاب نہ دے سکے، اس کی وصیت کو پورا کیا گیا مگر اللہ تعالیٰ نے حکم سے سب راکھ جمع ہوگئی اور پھر آدمی بنا کر سامنے لایا گیا، اس سے باز پرس کی گئی تو نے ایسا کیوں کیا؟ تو اس نے جواب دیا کہ تیرے عذاب سے ڈر کر کیا (۴) تو ہوسکتا ہے کہ جو لوگ مردوں کو جلاتے ہیں وہ بھی اسی نظریہ سے جلاتے ہوں، حدیث پاک میں ہے کہ آگ کا عذاب دینا تو آگ کے خالق ہی کا حق ہے، اور کسی کا نہیں (۵)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۸/۸/۸۸ھ۔

---

(۱) "وذهب كثيرون إلى أنه لم يكن نبياً بل كان ولياً، فالله أعلم". (تفسير ابن كثير (الكهف ۸۲)، ۳/۱۳۵، دار الفيحاء)

(۲) "و منها أول القصد إلى الحرم المكي شرفه الله تعالى من البيت، لأن أول زائر آدم عليه السلام، قال =

Made searchable using ScribeTools.com

= السيوطي: أخرج البيهقي عن عطاء قال: هبط ادم بالهند،فقال: يا رب! ما لي لا أسمع أصوات الملائكة كما كنت أسمعها في الجنة؟ فقال له: "بخطيئتك يا ادم! فانطلق فابن لي بيتاً فتطوف به،كما رأيتهم يتطوفون". فانطلق حتى أتى مكة، فبنى البيت،فكان موضع قدمي ادم عليه السلام قرى وأنهاراً وعمارةً، و ما بين خُطاه مفاوز،فحج ادم البيت من الهند أربعين سنة".

"وأخرج ابن جرير في تاريخه عن ابن عمر رضي الله تعالىٰ عنه ما قال : "إن الله أوحىٰ إلى ادم و هو ببلاد الهند أن حجّ هذا البيت فحج". الحديث .

و منها رجوع ادم عليه السلام من الحرم المكي- زاده الله شرفاً و مهابةً- إلى أرض الهند،واختياره وإياها للتوطن . قال الطبري في تاريخه : فلما أتم ادم الحج انصرف مع حواء إلى جبل الهند الذي كان نزل عليه من السماء، ثم حج بعد ذلك أربعين سنةً، كلما أتم حجةً في كل سنة انصرف إلى الهند،و قال أيضاً في تاريخه : ثم بنى لنفسه بيتاً بالهند ..... الخ" .

وقال الإمام الغزالي قدس سره: وانطلق ادم عليه الصلاة والسلام من أرض الهند إلى مكة..... فلما وقف بعرفات وحد حواء ثمة. فسمي عرفات،فتقبل الله توبتهما فانصرفا إلى الهند".

أقول : أخذ من ههنا أن ادم عليه الصلاة والسلام كانت له ألفةبأرض الهند حيث عاد إليها،واختارها للتوطن".(سبحة المرجان : تاليف حسان الهند المعروف بآزاد البلجرامي :ص: ۸، ۹)

"ثم إن اللهعزوجل أهبط ادم قبل غروب الشمس من اليوم الذي خلقه فيه، وذلك يوم الجمعة من السماء مع زوجته،وأنزل آدم فيماقال علماء سلف أمة نبينا صلى الله تعالى عليه وسلم بالهند ..... عن قتادة قال : أهبط الله عزوجل آدم إلى الأرض و كان منهبطه بأرض الهند ..... عن ابن عباس رضي الله تعالىٰ عنهما ماقال: إن أول ما أهبط الله تعالى آدم،أهبطه بدهناء أرض الهند. عن أبي العالية قال: أهبط آدم إلى الهند". (تاريخ ابن جرير الطبري، القول في الموضع الذي أهبط آدم و حوا إليه من الأرض حين أهبطا إليها : ۱/ ۸۰، ۸۱،مؤسسة الأعلمي للمطبوعات)

"وعن الحسن قال : أهبط آدم بالهند،و حواء بجدة،وإبليس بدستميان من البصرة على أميال،و أهبطت الحية بأصبهان.

وقال السدي : نزل آدم بالهند و نزل معه بالحجر الأسود و بقبضة من ورق الجنة،فنبت =

مہاتما بدھ، کرشن جی اور رام چندر جی کیا نبی تھے؟

سوال[۲۲۳]: خدا تعالیٰ نے تمام روئے زمین کے لئے مختلف اوقات اور مختلف ازمنہ میں ہدایت کے لئے پیغمبر بھیج دیئے ہیں جو ﴿لکل قوم هادٍ﴾ سے ثابت ہے اور حدیث میں بھی آیا ہے کہ ایک لاکھ ۲۴ ہزار پیغمبر بنی نوع انسان کی ہدایت کے لئے آئے ہیں جو سب مسلمان اور اسلام کی تعلیم سے آراستہ تھے اور سبھوں نے خدا کی وحدانیت کی تعلیم دی ہے، قرآن میں صرف عرب کی زمین پر کے چند پیغمبروں کے نام ہیں جو حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ السلام کی اولاد یا عبرانی نسل سے تعلق رکھتے ہیں، باقی ان عظیم ہستیوں کے نام نہیں ہیں۔

مہاتما گوتم بدھ کو ہندوستان، چین اور جاپان کے کروڑوں لوگ پیغمبر تسلیم کرتے ہیں، اسی طرح کرشن

= شجرة الطيب هناك". (البداية والنهاية، باب ما ورد في خلق آدم عليه الصلاة والسلام: ۱/ ۱۳۱، دار الفكر)

(۳) قال الله تعالىٰ: ﴿فبعث الله غراباً يبحث في الأرض ليريه كيف يواري سوأة أخيه قال: يويلتىٰ أعجزت أن أكون مثل هذا الغراب فأواري سوأة أخي، فأصبح من النادمين﴾. (المائدة: ۳۱)

(۴) "عن أبي سعيد الخدري رضي الله تعالىٰ عنه عن النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم أنه ذكر رجلاً فيمن سلف أو فيمن كان قبلكم قال كلمةً يعني أعطاه الله مالاً و ولداً،فلما حضره الموت قال لبنيه : أيَّ أب كنت لكم؟ قالوا: خير أب . قال : فإنه لم يبتئر أو لم يبتئز عند الله خيراً، وإن يقدر الله يعذبه، فانظروا إذا مت فأحرقوني حتى إذا صرت فحماً فاسحقوني، أو قال: فاسحكوني، فإذا كان يوم ريح عاصف،فأذروني فيها"،قال نبي الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : "فأخذ مواثيقهم على ذلك، و ربي! ففعلوا ثم أذروه في يوم عاصف. فقال الله تعالىٰ : (كن) ،فإذا هو رجل قائم، قال الله : (أي عبدي! ما حملك على أن فعلت ما فعلت)؟ قال : مخافتك أو فرق منك" قال: "فما تلافاه أن رحمه"، و قال مرةً أخرى : "فما تلافاه غيرها".(صحيح البخاري، كتاب التوحيد، باب قول الله تعالىٰ: (أنزله بعلمه والملائكة يشهدون): ۲/ ۱۱۱۸، و باب الخوف من الله في كتاب الرقاق: ۲/ ۹۵۹، قديمي)

(۵) "عن أبي هريرة –رضي الله تعالىٰ عنه– أنه قال: بعثنا رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم في بعث فقال:"إن وجدتم فلاناً و فلانا فأحرقوهما بالنار". ثم قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم حين أردنا الخروج : "إني أمرتكم أن تحرقوا فلاناً و فلاناً و إن النار لا يعذب بها إلا الله، فإن وجدتموهما فاقتلوهما".(صحيح البخاري، كتاب الجهاد، باب لا يعذب بعذاب الله : ۱/ ۴۲۳، قديمي)

Made searchable using ScribeTools.com

جی اور رام چندر جی کو بھی کروڑوں لوگ اپنی زندگی کے پیر و یا پیغمبر مانتے ہیں، کیا ایک مسلمان ﴿لکل قوم هاد﴾ کے فصیح و بلیغ اور معنی خیز جملے کے تحت شک کی بناء پر کرشن جی یا مہاتما گوتم بدھ کو پیغمبر کہہ سکتا ہے؟ اور ان کی تعظیم و تکریم کے لئے حضرت مہاتما بدھ یا حضرت کرشن جی کہتے ہیں؟ ایک مسلمان کے لئے کوئی قباحت تو نہیں ہے، جب کہ ایک دوسرے عالم نے ان دونوں ہستیوں کے ساتھ حضرت کا لفظ لگانا مکروہ اور خلافِ شریعت قرار دیا ہے، ہم آپ سے ملتجی ہیں کہ اس کی وضاحت فرمائیں۔

الجواب حامداً و مصلیاً :

جن انبیاء علیہم السلام کے نام نصوص میں آ گئے ہیں ان پر علی التعیین ایمان لانا لازم ہے (۱) اور کسی ایسے شخص کے متعلق نبوت کا اعتراف کرنا جس کا نام نصوص میں نہیں ہے نہ لازم ہے، نہ درست (۲) البتہ کسی کو برا کہنا بھی بغیر دلیل کے درست نہیں۔ ﴿لکل قوم هاد﴾ سے استدلال تام نہیں، کیونکہ اس آیت کی تفسیر میں یہ بھی مذکور ہے کہ یہ خبر ثانی ہے مبتدا کی، پوری آیت ہے ﴿إنما أنت منذر و لکل قوم هاد﴾ حضرت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو خطاب ہے کہ آپ ڈرانے والے ہیں اور ہر قوم کو ہدایت دینے والے ہیں (۳)۔

علاوہ ازیں ''ہادی'' کا لفظ نبی کے ساتھ مخصوص نہیں، غیر نبی پر بھی اس کا اطلاق آیا ہے اور نبی سے بلکہ سید الأنبیاء صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے نفی بھی کی گئی ہے: ﴿إنك لا تهدی من أحببت﴾ (۴) انبیاء علیہم السلام کی تعلیمات کو جو لوگ پہونچاتے ہیں وہ بھی ایک قسم کی ہدایت دیتے ہیں۔

کرشن اور گوتم بدھ اور رام چندر وغیرہ کے صحیح حالات ہمارے علم میں نہیں، تاریخ میں رطب و یابس سب کچھ ہے جو کہ مفید یقین نہیں، اس لئے کف اللسان چاہئے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

املاہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۱۷/۹/۱۳۹۹ھ۔

---

(۱) "یجب أن یقول: آمنت باللہ و ملائکته و کتبه و رسله". (شرح الفقه الأکبر، ص: ۱۱، ۱۲، قدیمی)

(۲) "و قدورد أنه علیه السلام سئل عن عدد الأنبیاء علیهم الصلاة والسلام فقال: "مأة ألف و أربعة و عشرون ألفاً". و فی روایة: "مائتا ألف وأربعة و عشرون ألفاً" إلا أن الأولیٰ أن لا یقتصر علی عدد فیهم". (شرح الفقه الأکبر للملا علی القاری، ص: ۵۲، قدیمی)

"والأولی أن لا یقتصر علی عدد فی التسمیة فقد قال اللہ تعالیٰ ﴿منهم من قصصنا علیک و =

Made Searchable by ScribeTools.com

کیا گرونانک کوکوئی کتاب ہے؟

سوال[۲۲۴]: پنڈت گرونانک کے بارے میں کیارائے ہے؟ آیااس کوکوئی مرتبہ اسلام کی روسے حاصل ہے یانہیں؟ اوراس کوکوئی کتاب بھی ملی ہے یانہیں؟

الجواب حامداً مصلیاً:

خدائے پاک کی طرف سے کتاب رسول کوملتی ہے، گورونانک کا وجود ایسے وقت میں ہے کہ نبوت کادروازہ بندہوچکا تھا(۱) لہٰذاوہاں کتاب کا سوال بےمحل ہے، سکھ لوگ اس کواپنا مقتدی مانتے ہیں اوراس کی تعلیمات سے توحید کوبھی ثابت کرتے ہیں، اوربھی بعض ایسی چیزیں بتلاتے ہیں جن کی اسلام نے تعلیم دی ہے، بعض کتابوں میں اس کا مسلمان ہونا بھی لکھا ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۹۲/۴/۱۰ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ دارالعلوم دیوبند، ۹۲/۴/۱۱ھ۔

= منهم من لم نقصص عليك﴾ و لا يؤمن في ذكر العدد أن يدخل فيهم من ليس منهم إن ذكر أكثر من عددهم، أو يخرج منهم من هو فيهم إن ذكر أقل من عددهم ..... و يحتمل مخالفة الواقع وهو عد النبي من غير الأنبياء أو غير النبي من الأنبياء". (شرح العقائد، ص: ۱۰۱، دهلي)

(۳) "وأخرج ابن مردوى عن ابن عباس، و ابن جرير عن عكرمة و أبي الضحى أن المنذر والهادى هو رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، وجه ذلك بأن (هاد) عطف على (منذر) و (لكل قوم هاد) متعلق به قدّم عليه للفاصلة". (روح المعاني: ۱۳/۱۰۸، تفسير سورة الرعد آيت: ۷)

(۴) (سورة القصص: ۵۶)

(۱) قال الله تبارك وتعالىٰ: ﴿ما كان محمد أبا أحد من رجالكم و لكن رسول الله و خاتم النبيين﴾. (الأحزاب: ۴۰)

"عن أبي هريرة -رضي الله تعالىٰ عنه- أن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قال: "إن مثلي ومثل الأنبياء من قبلي كمثل رجل بنى بيتاً فأحسنه و أجمله إلا موضع لبنة من زاوية، فجعل الناس يطوفون به و يتعجبون له و يقولون: هلا وضعت هذه اللبنة؟ قال: "(فأنا اللبنة و أنا خاتم النبيين". (صحيح البخاري، كتاب المناقب، باب خاتم النبيين: ۱/۵۰۱، قديمي) ..... =

Made searchable using ScribeTools.com

رام کرشن کے متعلق کیا عقیدہ رکھا جائے؟

سوال[۲۲۵]: رام کرشن اپنے وقت کے کیا تھے اور اب مسلمانوں کو ان پر کیسا عقیدہ رکھنا چاہئے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

اللہ تعالیٰ کے علم میں ہے، ہم کچھ نہیں کہہ سکتے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند۔

کرشن جی کے متعلق عقیدہ

سوال[۲۲۶]: کرشن جی کو نبی بتلانا اور مسلمانوں کا ان پر ایمان ہے لکھنا کیسا ہے؟

الجواب حامداً مصلیاً:

جس طرح کسی نبی ثابت النبوۃ کی نبوت کا انکار جائز نہیں، اسی طرح کسی غیر ثابت النبوۃ کی نبوت کا اقرار بھی جائز نہیں، بعض انبیاء علیہم السلام کے نام قرآن کریم وحدیث شریف میں آئے ہیں (ان میں کرشن جی کا نام نہیں) ان کے علاوہ کسی معین شخص کی نبوت پر ایمان کی تعلیم اسلام نے نہیں دی، بلکہ اجمالی طور پر ایمان کا حکم ہے اس

= (والصحیح لمسلم، کتاب الفضائل، باب ذکر کونه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم خاتم النبیین: ۲۴۸/۲، قدیمی)

"کلما هلک نبي خلفه نبي، و أنه لا نبي بعدی". (الصحیح لمسلم، کتاب الإمارة، باب وجوب الوفاء ببیعة الخلیفة الأول فالأول: ۱۲۶/۲، قدیمی)

"وأنه سیکون فی أمتی کذابون ثلاثون، کلهم یزعم أنه نبي الله، و أنا خاتم النبیین لا نبي بعدی". (مشکوة المصابیح، کتاب الفتن: ۴۶۵/۲، قدیمی)

(وجامع الترمذی، أبواب الفتن، باب ما جاء لا تقوم الساعة حتی یخرج کذابون: ۴۵/۲، سعید)

"وقد أخبر الله تبارک و تعالیٰ فی کتابه، و رسوله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فی السنة المتواترة عنه أنه لا نبي بعده". (تفسیر ابن کثیر، (الأحزاب): ۶۵۲/۳، مکتبه دار الفیحاء، ومکتبه دار السلام)

طرح کہ جس قدر انبیاء علیہم السلام مبعوث ہوئے ان تمام پر ہمارا ایمان ہے(۱)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مظاہر علوم۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ مفتی مظاہر علوم سہارنپور، ۳۰/ جمادی الاولی/ ۷۰ھ۔

صحیح: عبد اللطیف ناظم مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، یکم/ جمادی الثانیہ/ ۷۰ھ۔

الجواب صحیح: بندہ منظور احمد عفی عنہ مدرس مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور

سلف صالح کا اتباع اور پیروی بہر حال ضروری ہے اور اسی میں ہماری فلاح اور سعادت ہے۔ فقط زکریا قدوسی۔

الجواب صحیح: بندہ ظہور الحق عفی عنہ، مدرسہ ہذا۔

ہذا الجواب ہو الحق وبالاتباع احق: امیر احمد کاندھلوی کان اللہ لہ۔

الجواب صحیح: عبد الرحمٰن غفرلہ۔ احقر علیم اللہ مظاہری عفا اللہ عنہ۔

---

(۱) "وأما الأنبياء ، المرسلون، فعلينا الإيمان بمن سمى الله تعالىٰ في كتابه من رسله، والإيمان بأن الله تعالىٰ أرسل رسلاً سواهم وأنبياء، لا يعلم أسماء هم و عددهم إلا الله تعالىٰ الذى أرسلهم، فعلينا الإيمان بهم جملةً، لأنه لم يأت فى عددهم نص. وقد قال تعالى: ﴿ ورسلاً قد قصصنا هم عليك من قبل، و رسلاً لم نقصصهم عليك﴾ (النساء : ۱۶۴) وقال تعالىٰ: ﴿ ولقد أرسلنا رسلاً من قبلك منهم من قصصنا عليك و منهم من لم نقصص عليك﴾ (غافر : ۷۸). (شرح العقيدة الطحاوية لابن أبى العز، وجوب الإيمان بالأنبياء والرسل، ص: ۲۲۷، مكبته الغرباء الجامعة الستارية، كراتشى)

"وأما المبعوثون فالإيمان بهم واجب، و من ثبت شرعاً تعيينه منهم، وجب الإيمان بعينه، و من لم يثبت تعيينه كفى الإيمان به إجمالاً، (و لا ينبغى فى الإيمان بالأنبياء القطع بحصرهم فى عدد) ..... فيؤدى: أى فقد يؤدى حصرهم فى العدد الذى لاقطع به (إلى أن يعتبر فيهم من ليس منهم) بتقدير كون عددهم فى نفس الأمر أقل من الوارد (أو يخرج) عنهم (من هو منهم) بتقدير كون عددهم فى نفس الأمر أزيد من الوارد". (المسامرة شرح المسايرة، الإيمان بالمبعوثين واجب، ص: ۲۲۵، المكتبة التجاريه الكبرى مصر) ..... =

Made searchable using ScribeTools.com

رام لچھمن وغیرہ

سوال[۲۲۷]: زید کہتا ہے کہ رام لچھمن ہوسکتا ہے کہ اپنے زمانہ میں پیغمبر ہوں، لوگوں نے ان کی تعلیم کوخراب کر کے بدنام کردیا ہے، اس لئے ان کو برا نہیں کہنا چاہئے، زید اپنے قول کی تصدیق اللہ کے فرمان سے پکڑتا ہے کہ (اللہ نے دنیا کے ہر گوشہ میں اپنا پیغمبر بھیجا ہے) ہوسکتا ہے کہ یہی رام لچھمن ہندوستان میں پیغمبر بن کر آئے ہوں، دریافت طلب امر یہ ہے کہ یہ بات کہاں تک صحیح ہے اور شخص مذکور پر شریعت مطہرہ کا کیا حکم ہونا چاہئے؟

نیز زید یہ بھی کہتا ہے کہ کسی کافر کو کافر مت کہو، ہوسکتا ہے کہ وہ کسی وقت ایمان لے آئے۔ تو کیا تقوی اس میں ہے کہ جس کی زندگی کفر میں گزر رہی ہو اور تمام افعال کفریہ ہو رہے ہوں تو ان کو کافر نہ کہا جائے، کیا یہ اللہ ورسول کی مخالفت ہوئی یا نہیں؟ جسے اللہ ورسول نے کافر کہہ دیا تو اسے کافر کہنے میں کیا حرج ہے؟

غلام مرتضی، کٹنی۔

الجواب حامداًومصلیاً:

جب تک دلیل شرعی سے ثبوت نہ ہو، کسی کی پیغمبری کا یقین کرنا درست نہیں (۱) بلا وجہ کسی کو برا کہنا بھی

= "ذکر بعض العلماء أن الأولی أن لایقتصر عددهم؛ لأن خبر الواحد علی تقدیر اشتماله علی جمیع الشرائط لا یفید إلا الظن، ولا یعتبر إلا فی العملیات دون الاعتقادات،وههنا حصر عددهم یخالف ظاهر قوله تعالیٰ: ﴿منهم من قصصنا علیک و منهم من لم نقصص﴾ (غافر: ۷۸) "و یحتمل أیضًا مخالفة الواقع، و إثبات نبوة من لیس بنبي إن کان عددهم فی الواقع أقل مما ذکر، ونفی النبوة عمن هو نبي إن کان أکثر،فالأولی عدم التنصیص علی عدد". (شرح المقاصد، فصل فی النبوة، المبحث السادس: الأنبیاء معصومون عما ینافی مقتضی المعجزة: ۲/۳۱۷،دارالکتب العلمیة)

(۱) "والأولی أن لایقتصر علی عدد التسمیة فی ذکر العدد أن یدخل فیهم من لیس منهم ..... ویحتمل مخالفة الواقع وهو عدد النبی من غیر الأنبیاء أو غیر النبی من الأنبیاء". (شرح العقائد النسفیة، ص: ۱۰۱،بحث واول الأنبیاء ..... دهلی)

(وکذا فی کفایة المفتی: ۱/۱۰۸،کتاب العقائد،دارلاشاعت کراچی)

درست نہیں (۱) لہذا سکوت ہی احوط ہے۔

جس کا کفر دلیل شرعی سے ثابت ہو وہ کافر ہی ہے اس کو کافر ہی کہا جائے گا، مسلمان نہیں کہا جاسکتا، اگر حق تعالیٰ اسلام کی توفیق دے دے تو اس کو مسلمان کہا جائے گا (۲)۔ اس کی مثالیں دَور اول میں بھی موجود ہیں (۳)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

دین اسلام ملائکہ کے ذریعہ کیوں نہیں پھیلایا جاتا؟

سوال [۲۲۸]: دنیا میں مختلف مذاہب کے ماننے والے لوگ موجود ہیں اور ہر ایک اپنے مذہب کو صحیح قرار دیتا ہے اور اپنے ہی مذہب کے بتلائے گئے اصولوں پر رہتا ہے، مذہبِ اسلام کو تقریباً اسّی فیصد لوگ مذہبِ حق نہیں مانتے اور ایسی صورت میں خدا تعالیٰ کسی فرشتے کے ذریعہ یا کسی ولی اللہ کے ذریعہ مذہب اسلام کیوں نہیں، پھیلاتا اور شیطان کے دھوکہ سے معصوم لوگوں کو کیوں نہیں بچاتا؟ ہمارے پیغمبر صلی اللہ تعالیٰ وسلم تبلیغ صرف کفار میں فرمایا کرتے تھے مگر آج کل مسلمان ایسا نہیں کرتے، کیا ایسا کرنے کی ضرورت نہیں؟ براہ کرم

---

(۱) "عن عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: "سباب المسلم فسوق وقتاله كفر". (مشكوة المصابيح، ص: ۴۱۱، كتاب الآداب، باب حفظ اللسان والغيبة والشتم، قديمی)

(وكذا فی صحيح البخاری: ۱/۱۲، باب خوف المؤمن أن يحبط علمه من كتاب الإيمان، قديمی)

(۲) قال اللہ تعالیٰ: ﴿إن الذين يكفرون بالله ورسوله، ويريدون أن يفرقوا بين الله ورسله، ويقولون نؤمن ببعض ونكفر ببعض، ويريدون أن يتخذوا بين ذلك سبيلاً، أولئك هم الكافرون حقاً﴾. الآيه، (سورة النساء: ۱۵۰، ۱۵۱)

(۳) "عن ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنهما عن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قال: "اللهم أعز الإسلام بأبی جهل بن هشام، أوبعمر بن الخطاب، فأصبح عمر، فغداعلى النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، فأسلم ثم صلى فی المسجد ظاهراً". (مشكوة المصابيح، ص: ۵۵۷ مناقب عمر رضی اللہ عنه، قديمی)

Made Se Made searchable using ScribeTools.com pols.com

بوضاحت جواب سے مطلع فرماویں۔

الجواب حامداً و مصلیاً :

دین اسلام کی تبلیغ مسلمانوں کے ذمہ میں ہے، فرشتوں کے ذمہ نہیں، اولیاء اللہ نے ہمیشہ دین اسلام کو پھیلایا ہے اور ایک ایک ولی اللہ کے ہاتھ پر ہزاروں آدمی مسلمان ہوئے اور اب بھی اولیاء اللہ ہمیشہ کوشش میں لگے رہتے ہیں۔ شیطان کے دھوکہ سے بچانے کے لئے قرآن پاک اور حدیث شریف میں طریقے بتادیئے گئے، ان کے ترجمے ہر زبان میں کردیئے گئے، جگہ جگہ مدارس قائم کردیئے گئے کہ لوگ پڑھ کر شیطان کے دھوکہ سے بچنے کے طریقے معلوم کریں، چھوٹی بڑی کتابیں تصنیف کردی گئی ہیں، خانقاہیں قائم کردی گئی ہیں جن میں اولیاء اللہ بیٹھ کر یہ سب کچھ کرتے ہیں، اگر کوئی شخص ان سب سے نفع نہ اٹھائے، تو یہ خود انکا قصور ہے۔

دنیوی کاموں کے لئے محنت کرتے ہیں، مثلاً: ایک سیر غلہ پیدا کرنے کے لئے کھیتی کرتے ہیں، کتنی محنت کی جاتی ہے، وہاں یہ سوال نہیں ہوتا کہ فرشتے ہی آکر یہ سب کام کردیا کریں، اسی طرح زندگی کے ہر شعبہ کا حال ہے نہ کبھی مکان بنانے کے متعلق خیال ہوتا ہے کہ کوئی فرشتہ آکر تعمیر کردیا کرے، پھر دین کی تبلیغ کے لئے یہ خیال کیوں ہوتا ہے۔ جس چیز کو آدمی پھیلانا چاہتا ہے اس کے لئے جماعت بناتا ہے، اس کا مرکز قائم کرتا ہے، اخبار نکالتا ہے، یا دوسرے اخبارات میں مضمون دیتا ہے، ہر جگہ اس کا پرچار کرتا ہے، اس پر محنت بھی کرتا ہے، روپیہ بھی خرچ کرتا ہے، اپنے دل ودماغ، زبان، عزت، اقتدار غرض ہر قوت کو خرچ کرتا ہے، یہ کبھی کوئی نہیں کہتا کہ فرشتہ آکر یہ کام کرجایا کرے۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۰/۲/۱۸ھ۔

الجواب صحیح، بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۰/۲/۱۸ھ۔

انبیاء سابقین علیہم الصلاۃ والسلام کے اصحاب کا احترام

سوال [۲۲۹] : انبیاء سابقین کے اصحاب کا احترام واکرام ہمارے فخر عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اصحاب کے احترام واکرام کے مثل ہم پر ضروری ہے یا کوئی کمی وبیشی کا فرق ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

فرق ہے:"والحاصل أن أفضل الناس بعد الأنبياء عليهم السلام أبو بكر الصديق،ثم عمر بن الخطاب،ثم عثمان بن عفان،ثم علی بن أبی طالب اهـ"۔ شرح فقه الأكبر:ص:٦٤(١)۔

(**ترجمہ**) حاصل یہ ہے کہ انبیاء علیہم السلام کے بعد لوگوں میں سب سے افضل حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں، پھر حضرت عمر بن الخطاب، پھر حضرت عثمان، پھر حضرت علی رضوان اللہ علیہم اجمعین ہیں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

صحابہ سب عادل اور واجب الاحترام ہیں

سوال[۲۳۰]: ایک شخص تاریخی واقعات پر نظر کرتے ہوئے صحابہ کے درمیان حق اور ناحق کا فیصلہ کرتا ہو تو یہ فیصلہ درست ہے یا نہیں؟ اگر ایک کو حق دوسرے کو ناحق کہتا ہو تو ایسے شخص کی اقتداء میں نماز پڑھنی جائز ہے یا نہیں؟ اگر ناحق کہنے کا حق ہے تو پھر اس حدیث کا کیا جواب ہوگا: "فمن أحبهم فبحبی أحبهم و من أبغضهم فببغضی أبغضهم"(۲)۔

---

(۱) (شرح الفقه الأكبر ملا علی القاری ، ص: ۶۱ ، ۶۲ ، قديمی)

"وأفضل البشر بعد نبيناصلی الله تعالیٰ عليه وسلم أبو بكر الصديق،ثم الفاروق،ثم عثمان ذو النورين،ثم علی المرتضی من عباد الله،و خلص أصحاب رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم علی هذا وجدنا السلف". (شرح العقائد النسفية للتفتازانی، ص: ۱۴۹، ۱۵۰ ،قديمی)

"واتفق أهل السنة علی أن أفضلهم أبو بكر،ثم عمر،قال جمهورهم: ثم عثمان،ثم علی،و قال بعض أهل السنة: من أهل الكوفة بتقديم علیّ علی عثمان، والصحيح المشهور تقديم عثمان". (شرح مسلم للنووی، كتاب فضائل الصحابة رضی الله تعالیٰ عنهم : ۲/۲۷۲ ،قديمی)

(۲) (مشكوة المصابيح، باب مناقب الصحابة ،ص: ۲/۵۵۴ ،قديمی)

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداً و مصلیاً :

صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین سب واجب الاحترام ہیں، کسی کی شان میں گستاخی وتوہین جائز نہیں، ان کے مشاجرات میں کفِ لسان کا حکم ہے، گو اتنی بات صحیح ہے کہ ان میں بعض افضل ہیں بعض سے، لیکن کسی کے متعلق بھی یہ کہنا درست نہیں کہ وہ باطل وضلالت پر تھے،(۱) جو شخص صحابہ کرام کو سب وشتم کرے اس

---

(۱) "والصحابة كلهم عدول مطلقاً؛ لظواهر الكتاب والسنة وإجماع من يُعتدّ به. في شرح السنة: قال أبو منصور البغدادى: أصحابنا مجمعون على أن أفضلهم الخلفاء الأربعة على الترتيب المذكور، ثم تمام العشرة، ثم أهل بدر، ثم أحد، ثم بيعة الرضوان، و من له مزية من أهل العقبتين من الأنصار، وكذالك السابقون الأولون، وهم من صلى إلى القبلتين، و قيل : أهل بيعة الرضوان، و كذالك اختلفوا فى عائشة و خديجة أيهما أفضل؟ وفي عائشة و فاطمة ؟ و أما معاوية فهو من العدول الفضلاء والصحابة الأخيار. والحروب التى جرت بينهم كانت لكل طائفة شبهة اعتقدت تصويب أنفسها بسببها، وكلهم متأولون في حروبها، ولم يخرج بذلك أحد منهم من العدالة؛ لأنهم مجتهدون اختلفوا في مسائل كما اختلف المجتهدون بعدهم في مسائل، و لا يلزم من ذلك نقص أحد منهم". (مرقاة المفاتيح للقارى، كتاب المناقب والفضائل، باب مناقب الصحابة رضى الله تعالىٰ عنهم : ۱۰/ ۳۵۵، رشيديه)

"ويكف عن ذكر الصحابة رضوان الله تعالىٰ عليهم أجمعين إلا بخير؛ لما ورد من الأحاديث الصحيحة فى مناقبهم، ووجوب الكف عن الطعن فيهم كقوله عليه الصلاة والسلام:" لا تسبوا أصحابى، فلوأن أحدِكم إن أنفق مثل أحد ذهباً ما بلغ مد أحدهم و لا نصيفه". و كقوله عليه الصلاة والسلام :" الله الله فى أصحابى لا تتخذوهم غرضاً من بعدي، فمن أحبهم فبحبى أحبهم، و من أبغضهم فببغضى أبغضهم، ومن آذاهم فقد آذانى، و من آذانى فقد آذى الله، و من آذى الله تعالىٰ فيوشك أن يأخذه". ثم في مناقب كل من أبى بكر و عمر وعثمان وعلي والحسن والحسين رضوان الله تعالىٰ عليهم وغيرهم من أكابر الصحابة رضى الله تعالىٰ عنهم أحاديث صحيحة، وماوقع بينهم من المنازعات والمحاربات فله محل و تأويلات، فسبهم والطعن فيهم إن كان مما يخالف الأدلة القطعية، فكفر كقذف عائشة رضى الله تعالىٰ عنها، وإلا فبدعة وفسق". (شرح العقائد النسفى للتفتازانى، ص: ۱۱۶، المطبع اليوسفى)

(وكذا فى النبراس، ص: ۳۲۷، ۳۲۸، امداديه ملتان)

پرلعنت وغیرہ کے الفاظ آئے ہیں (۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱/ ۷/ ۹۲ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲/ ۷/ ۹۲ھ۔

اہلِ بیت اور صحابہ کرام سے محبت

سوال[۲۳۱]: ۱..... کیا محبت اہل بیت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم جزو ایمان ہے، اگر جزو ایمان ہے تو نص صریح تحریر فرمائیں اور اگر نہیں ہے تو آیت کریمہ ﴿ولا أسئلكم عليه أجراً إلا المودة فی القربیٰ﴾ (۲) کے کیا معنی اور محبت کا اظہار کس طرح سے کیا جاوے اور اہل بیت میں کون کون شامل ہیں؟

صحابہ کرام اور ازواجِ مطہرات کی شان میں گستاخی کرنے والے کا حکم

سوال[۲۳۲]: ۲..... جو لوگ مسلمان ہونے کا دعویٰ کرتے ہیں اور اصحاب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اور ازواج مطہرات کی شان میں گستاخی کرتے ہیں وہ مسلمان ہیں یا نہیں؟ اگر نہیں تو اس کی تائید میں کوئی آیت کریمہ تحریر فرمایئے۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

۲،۱..... نبی کریم علیہ الصلاۃ والسلام پر ایمان لانے والے اور جان نثار امتی کی شان یہ ہے کہ آپ سے تعلق رکھنے والی ہر شیء کے ساتھ علی حسب المراتب محبت رکھے: آپ کی مسجد، آپ کا مزار، آپ کا وطن، آپ کا لایا ہوا قرآن شریف اور اس کے احکام، آپ کی حدیث اور اس کے احکام، آپ کا کھانا، آپ کا پینا، آپ کا لباس، آپ کی سواری اونٹ وغیرہ، آپ کے ہتھیار، تلوار وغیرہ، آپ کا طرز زندگی، طرز عبادت، طرز معاملات، ازواج مطہرات رضی اللہ تعالیٰ عنہن، عترت پاک، صحابہ کرام رضی اللہ عنہم، غرض آپ سے تعلق رکھنے والی ہر شیٔ محبوب ہونی چاہئے اور جو شیٔ آپ کو مرغوب و پسندیدہ نہ تھی یا مبغوض تھی اس سے اسی قدر بعد ہونا چاہئے۔

---

(۱) "عن ابن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "إذا رأیتم الذین یسبون أصحابی فقولوا: لعنة الله علی شرکم". رواه الترمذی". (مشکوة المصابیح، باب مناقب الصحابة: ۲/ ۵۵۴، قدیمی)

(۲) (الشوریٰ: ۲۳)

Made searchable using ScribeTools.com

حاصل یہ کہ اپنی محبت ونفرت کو من کل الوجوہ آپ کی محبت ونفرت کے تابع کردے، جو شخص اعتقاد وقول وفعل سے اس چیز میں جس قدر راسخ اور کامل ہوگا اسی قدر اس کا ایمان پختہ ہوگا، جس قدر کمی ہوگی اسی قدر ایمان میں ضعف ہوگا، اس کی دلیل وہ بے شمار آیتیں ہیں جن میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی اطاعت کو فرض، اللہ تعالیٰ کی اطاعت اور باعثِ فلاح اور آپ کی نافرمانی کو حرام، اللہ تعالیٰ کی نافرمانی اور باعث ہلاکت فرمایا گیا ہے، آپ کی محبت کا ہر شئی کی محبت سے زیادہ ہونا ضروری ہے:

"عن أنس رضی اللہ تعالیٰ عنه قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وآله وسلم: "لا یؤمن أحدکم حتی أکون أحب إلیه من والده وولده والناس أجمعین "۔ متفق علیه".

"وعنه قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وآله وسلم:" ثلث من کن فیه وجد بهن حلاوة الإیمان: من کان اللہ و رسوله أحب إلیه مما سواهما الخ"۔ مشکوة شریف: ص: ۱٤ (۱)۔

لیکن شریعتِ مطہرہ نے اسلام کی بنیاد پانچ چیزوں پر رکھی ہے جیسا کہ حدیث شریف میں صراحۃً مذکور ہے (۲) اور ایمان کا مدار توحید ورسالت وغیرہ عقائد کو قرار دیا ہے، پس اس بنیاد اور مدار کے عدم سے ایمان معدوم ہوگا جو کفر کو مستلزم ہے، باقی عقائدِ واجبہ کے عدم سے کفر نہیں لازم آتا، البتہ ضعف

---

(۱) (مشکوة المصابیح، کتاب الإیمان: ۱/ ۱۲، قدیمی)

(وصحیح البخاری، کتاب الإیمان، باب حب الرسول صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم من الإیمان: ۱/ ۷، قدیمی)

(وصحیح البخاری، کتاب الإیمان، باب حلاوة الإیمان: ۱/ ۷، قدیمی)

(۲) "عن ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنهما قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم: "بنی الإسلام علی خمس: شهادة أن لا إله إلا اللہ و أن محمداً عبده و رسوله، و إقام الصلاة، و إیتاء الزکاة، والحج و صوم رمضان". متفق علیه". (مشکوة المصابیح، کتاب الإیمان: ۱/ ۱۲، قدیمی)

(وصحیح البخاری، کتاب الإیمان، باب قول النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم: (بنی الإسلام علی خمس): ۱/ ٦، قدیمی)

(والصحیح لمسلم، کتاب الإیمان، باب بیان أرکان الإسلام و دعائمه العظام: ۱/ ۳۲، قدیمی)

Made Searchable by ScribeTools.com

ایمان کی دلیل ضرور ہے۔

اہل بیت اور صحابہ کرام کی محبت کا اظہار اس طرح کرنا چاہئے کہ ان حضرات کا نام عظمت واحترام سے لے اور رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہے، ان کے واقعات پڑھے دوسروں کو سنائے اور ان سے عبرت حاصل کرے کہ کس طرح سرفروشی سے دین کی تبلیغ واشاعت فرمائی ہے اور حسبِ مقدور اس امر میں خود بھی ان کا اتباع کرے، اہلِ بیتِ پاک: ازواج مطہرات، صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین سے بغض رکھنا اور یہ سخت حرام ہے، کیونکہ ان سے بغض رکھنا، درحقیقت حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے بغض رکھنا ہے اور یہ فی الحقیقت اللہ تبارک و تعالیٰ سے بغض رکھنا ہے جو شخص گستاخی کے کلمات ان کی شان میں کہتا ہے اس کے اوپر حدیث شریف میں لعنت آئی ہے اور علمائے کرام کی ایک جماعت نے ایسے شخص کو کافر قرار دیا ہے:

"عن عبد الله بن مغفل رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وآله وسلم: "الله الله فی أصحابی لا تتخذوهم غرضاً من بعدی، فمن أحبهم فبحبی أحبهم، ومن أبغضهم فببغضی أبغضهم، ومن آذاهم فقد آذانی، ومن آذانی فقد آذی الله، ومن آذی الله فیوشك أن یأخذه"۔ رواه الترمذی وقال هذا حدیث غریب"۔

"عن ابن عمر رضی الله عنهما قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وآله وسلم: "إذا رأیتم الذین یسبون أصحابی فقولوا: لعنة الله علی شرکم"۔ رواه الترمذی اهـ" مشکوة شریف: ص: ٥٥٤ (١)۔

"لا أسئلك فی القربی" مجھے معلوم نہیں کہ کونسی آیت ہے، کس سورت میں آئی ہے، ممکن ہے کہ سائل کی مراد اس سے: ﴿قل لا أسئلکم علیه أجراً إلا المودة فی القربیٰ﴾ (۲) ہو۔ اگر ایسا ہو تو اس آیت کی تفسیر میں مفسرین کے چند اقوال ہیں:

---

(۱) (جامع الترمذي، أبواب المناقب عن رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم، باب فی من یسب أصحاب النبي صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: ۲/۲۲۵، سعید)

(مشکوة المصابیح، باب مناقب الصحابة: ۲/۵۵۴، قدیمی)

(۲) (الشوریٰ: ۲۳)

Made searchable using ScribeTools.com

ایک یہ کہ ''اے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم! فرمادیجئے ان مشرکین کو کہ میں اپنی اس تبلیغ اور نصیحت پر تم سے کوئی اجر اور مال نہیں مانگتا، صرف اتنا چاہتا ہوں کہ تم لوگ مجھ سے شر کو روک لو اور مجھے رسالت کی تبلیغ کرنے دو اور تمہارے درمیان قرابت ہے اس کا خیال کرو اھ''۔ تفسیر ابن کثیر: ۲/ ۱۱۱(۱)۔

دوسرا قول یہ ہے کہ قربیٰ سے مراد تقرب الی اللہ ہے یعنی ''صرف یہ چاہتا ہوں کہ اللہ اور اس کے رسول سے محبت کر کے اطاعت اور عمل صالح کے ذریعہ سے تقرب الی اللہ حاصل کرو اھ'' تفسیر مدارک: ۴/ ۸۱(۲)۔

تیسرا قول یہ ہے کہ جب نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مدینہ طیبہ میں تشریف لائے تو تنگی کا زمانہ تھا اور ضرورتیں درپیش تھیں تو انصار نے کہا آپ کے ذریعہ سے اللہ تعالیٰ نے ہم کو ہدایت فرمائی ہے اور آپ ہمارے اس شہر میں ہمسایہ ہیں، لہذا آپ کے لئے کچھ مال جمع کرنا چاہئے سو جمع کر کے آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس لائے، آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کو واپس کر دیا اور یہ آیت کریمہ نازل ہوئی کہ ''آپ کہہ دیجئے کہ

---

(۱) ﴿قل لا اسئلكم عليه أجراً إلا المودة فى القربىٰ﴾: أي قل يا محمد لهؤلاء المشركين من كفار قريش: لا أسألكم على هذا البلاغ والنصح لكم ما لا تعطونيه، و إنما أطلب منكم أن تكفوا شركم عني، و تذروني أبلغ رسالات ربي، إن لم تنصروني فلا تؤذوني بما بيني و بينكم من القرابة". (تفسير ابن كثير (الشورى: ۲۳): ۴/ ۱۰۰، دار القلم)

"(قل لا أسئلكم عليه أجرا)" على ما أدعوكم عليه "(إلا المودة فى القربىٰ)" تودونى لقرابتي منكم و تحفظونى بها". (روح المعانى، (الشورىٰ: ۲۳): ۲۵/ ۴۸، دار الفكر)

(وكذا فى الجامع لأحكام القرآن للقرطبى، (الشورىٰ: ۲۳): ۱۶/ ۱۵، دار الكتب العلمية)

(۲) "وقيل: القربى التقرب إلى الله تعالىٰ: أي إلا أن تحبوا الله و رسوله في تقربكم إليه بالطاعة والعمل الصالح". (تفسير المدارك، (الشورىٰ: ۲۳): ۵۱۰۲، قديمى)

"عن ابن عباس رضى الله تعالىٰ عنهما أن النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قال: "لا أسألكم على ما آتيتكم من البيّنات والهدى أجراً إلا أن توادّوا الله تعالىٰ، و أن تقربوا إليه بطاعته". (تفسير ابن كثير، (الشورىٰ: ۲۳): ۴/ ۱۰۰، ۱۰۱، دار القلم)

و قال آخرون: بل معنى ذلك: قل: لا أسألكم أيها الناس على ما جئتكم به أجراً إلا أن تترددوا إلى الله، و تتقربوا بالعمل الصالح والطاعة". (تفسير الطبرى، (الشورىٰ: ۲۳): ۲۵/ ۲۵، شركة مكتبة و مطبعة مصطفى البابى الحلبى)

تم سے ہدایت اور ایمان کا عوض نہیں مانگتا، البتہ یہ چاہتا ہوں کہ میرے قرابت داروں سے محبت کرو'' اھ۔ تفسیر کبیر: ۷/۲۷۳(۱)۔

بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ ''اس آیت کریمہ میں قرابت سے مراد حضرت علی و فاطمہ وحسن و حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین ہیں اھ'' تفسیر ابوالسعود: ۸/ ۳۵(۲)۔

محدثانہ حیثیت سے ان میں سے بعض روایات پر کلام بھی ہے جس کو ابن کثیر رحمہ اللہ تعالیٰ نے نقل کیا ہے(۳)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۴/ ۷/ ۵۸ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبداللطیف، ۶/ رجب المرجب/ ۵۸ھ۔

---

(۱) ''روی الکلبي عن ابن عباس رضی اللہ عنهما قال: إن النبي صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم لما قدم المدینة کانت تعروه نوائب و حقوق و لیس في یده سعة،فقال الأنصار: إن هذا الرجل قد هداکم اللہ علی یده و هو ابن أختکم و جارکم في بلدکم، فاجمعوا له طائفةً من أموالکم، ففعلوا، ثم أتوه به فرده علیهم،فنزل قوله تعالیٰ: ﴿قل لا أسئلکم علیه أجراً﴾ ". (التفسیر الکبیر، (الشوریٰ :۲۳): ۲۷/ ۱۴۱،دار الکتب العلمیة)

''فقال ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنهما : لما قدم النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم المدینة کانت تنوبه نوائب وحقوق لا یسعها ما فی یدیه،فقالت الأنصار: إن هذا الرجل هداکم اللہ به، وهو ابن أخیکم، و تنوبه نوائب و حقوق لا یسعها ما فی یدیه، فنجمع له،ففعلوا، ثم أتوه به فنزلت الخ". (الجامع لأحکام القرآن للقرطبی (الشوریٰ:۲۳): ۱۶/ ۱۷،دارالکتب العلمیة)

(۲) ''روي أنها لما نزلت، قیل: یا رسول اللہ! من قرابتک هؤلاء الذین وجبت علینا مودتهم ؟قال: ''علیّ وفاطمة و ابناهما ".(تفسیر أبی السعود ،(الشوریٰ : ۲۳): ۸/ ۳۰، دارإحیاء التراث العربی)

''لما أنزل اللہ عزوجل: (قل لا أسئلکم علیه أجراً إلا المودة فی القربیٰ) قالوا : یا رسول اللہ! من هؤلاء الذین نودّهم؟ قال: ''علي و فاطمة و ابناهما". (الجامع لأحکام القرآن للقرطبی (الشوری): ۱۶/ ۱۶،دار الکتب العلمیة)

''عن ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنهما قیل: یا رسول اللہ! من قرابتک هؤلاء؟ قال: ''علي و فاطمة وابناهما".(التفسیر المظهری،(الشوری : ۲۳): ۸/ ۳۱۸،حافظ کتب خانه کوئٹه)

(۳)(تفسیر ابن کثیر، (الشوری : ۲۳): ۴/ ۱۲۳،مکتبه دار الفیحاء)

Made searchable using ScribeTools.com

آل رسول کا مصداق

سوال[۲۳۴]: ''آل'' کا لفظ صرف اہل بیت کے لئے خاص ہے یا تمام صحابہ رضی اللہ عنہم اور جملہ امتیوں کو بھی شامل ہے؟ اگر تمام صحابہ اور تمام متبعین کو شامل ہے تو پھر درود شریف میں: "وأصحابه" بڑھانے کی کیا ضرورت ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

''آل رسول'' کا لفظ اہل بیت کے لئے خاص ہے اس لئے صحابہ کرام کا تذکرہ بھی کیا جاتا ہے، ایک روایت میں یہ بھی ہے کہ جو شخص میرے طریق پر چلے وہ میری آل ہے، اس لئے جہاں اصحاب کا تذکرہ نہیں وہاں اس روایت کے تحت اصحاب کو ''آل'' میں داخل قرار دے لیا جاوے گا(۱) اس روایت پر ملا علی قاری رحمہ اللہ تعالیٰ نے شرح حصن حصین میں کلام کیا ہے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی غفرلہ۔

---

(۱) "و اختلف فی الآل المصلی علیهم فقیل: بنو هاشم، و قیل: أولاده، و قیل: الفقهاء المجتهدون، وقیل: أتباعه و هو المختار". "و عن أنس رضی الله تعالیٰ عنه سئل النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم عن آل محمد، قال: "کل تقی" و فی روایة: "کل مؤمن" و فی سندهما ضعف".

و فی الحاشیة رقم: ۳: "(قوله: هو المختار) والحق أنه لیس بصحیح عند الأبرار لقوله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "لا یصح الصدقة لمحمد و لا لآل محمد" و لو کان الآل جمیع الأتباع حرمت علیهم الصدقة، و لم یقل به أحد". (النبراس شرح شرح العقائد (تحت قوله: و علی آله)، ص: ۱۰)

"(وعلی آله) ..... فبالاشتراک اللفظی علی ثلثة معان ..... الثالث: بمعنی أهل البیت خاصةً: نحو آل محمد صلی الله تعالیٰ علیه وسلم". (امداد الفتاح شرح نور الایضاح و نجاة الأرواح، ص: ۲۷، دار إحیاء التراث العربی)

"(و علی آله) ..... فالأکثرون أنهم قرابته صلی الله تعالیٰ علیه وسلم الذین حرّمت علیهم الصدقة ..... و قیل: جمیع أمة الإجابة". (مقدمة رد المحتار: ۱/۱۳، سعید)

"و اختلف العلماء فی آل النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم علی أقوال: أظهرها وهو اختیار الأزهری وغیره من المحققین أنهم جمیع الأمة". (شرح النووی علی الصحیح لمسلم: ۱/۱۷۵، باب =

مدح صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم

سوال[۲۳۵]: مدح صحابہ شرعی حیثیت سے فرض ہے، واجب ہے، یا سنت ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

مدح صحابہ قرآن وحدیث میں کثرت سے موجود ہے اور ہر جمعہ کو ممبر پر چڑھ کر خطیب مدح صحابہ کرتا ہے، حضرت مجدد الف ثانیؒ نے لکھا ہے کہ یہ شعارِ اہلسنت والجماعت میں سے ہے، اگر اس کی رکاوٹ کی جاوے گی تو اس کا کرنا ضروری ہوگا (۱) لیکن موقعہ اور محل اور نوعیت کی رعایت بہر حال ضروری ہے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی غفرلہ۔

صحابہ کرامؓ سب سنی تھے

سوال[۲۳۶]: مولانا صاحب بی اے منشی فاضل فرماتے ہیں ''نہ میں حنفی ہوں، نہ مالکی، نہ شافعی، نہ حنبلی، نہ شیعہ، نہ قادیانی، نہ سنی، میں مسلم ہوں'' اوران کے شاگرد چاروں طرف کہتے پھرتے ہیں کہ سنی ہونا قرآن مجید سے ثابت نہیں، سنی تو حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دوڈیڑھ سو سال بعد ہوئے جو سن کر مسلمان ہوئے۔

= الصلوة على النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم بعد التشهد، قديمي)

(۱) قال الله تعالىٰ: ﴿والسابقون الأولون من المهاجرين والأنصار والذين اتبعوهم باحسان، رضي الله عنهم و رضوا عنه، و أعد لهم جنات تجرى تحتها الأنهٰر، خالدين فيها أبداً، ذلک الفوز العظيم﴾ (التوبة: ۱۰۰)

و قال تعالىٰ: ﴿لقد رضي الله عن المؤمنين إذ يبايعونک تحت الشجرة، فعلم ما في قلوبهم، فأنزل السكينة عليهم، و أثابهم فتحاً قريباً﴾ (الفتح: ۱۸)

وقال الله تعالىٰ: ﴿محمد رسول الله والذين معه أشدآء على الكفار رحمآء بينهم تراهم ركعاً سجّدا يبتغون فضلاً من الله و رضواناً، سيماهم في وجوههم من أثر السجود، ذلک مثلهم في التوراة و مثلهم في الإنجيل، كزرع أخرج شطأه فآزره فاستغلظ، فاستوى على سوقه يعجب الزراع ليغيظ بهم الكفار، وعد الله الذين آمنوا و عملوا الصالحات مغفرةً و أجراً عظيماً﴾. (الفتح: ۲۹)

Made Se Made searchable using ScribeTools.com pols.com

مشکوۃ شریف، باب الاعتصام بالکتاب والسنۃ، حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے: فرمایا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ''البتہ آوے گا امت میری پر یعنی زمانہ جیسا کہ آیا اوپر بنی اسرائیل کے مانند پاپوش کے ساتھ پاپوش کے یعنی بہتر گروہ کے، اور ہوگی امت میری تہتر گروہ پر، سب وہ بیچ دوزخ کے مگر ایک گروہ''، صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے عرض کیا کون ہوگا وہ گروہ؟ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ''جس پر میں ہوں اور میرے اصحاب''(۱) اور اس ہی باب میں ارشاد فرمایا رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے "فعلیکم بسنتی و سنة الخلفاء" (۲) پس لازم پکڑو طریقہ میرا اور طریقہ خلفائے راشدین کا۔ کیا اس سے سنت والجماعت ہونا ثابت نہیں ہوتا؟ اس کو سنی ہونا نہیں کہتے کیا سنت والجماعت یا سنی ہونا کفر ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

سنی وہ جماعت ہے جو کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی سنت اور آپ کے صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے طریق کے موافق عمل کرتے ہیں جیسا کہ بہت سی احادیث میں سنت اور جماعت صحابہ کے طریق کو اختیار کرنے اور اس پر چلنے کا حکم ثابت ہے اور اس سے علیحدہ ہونے کی برائی اور مذمت صراحۃً موجود ہے۔ لفظ ''سنی'' اگر صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے زمانہ میں موجود نہ ہو تو اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ سنت پر عمل کرنے والے بھی اس زمانہ میں موجود نہیں تھے، بلکہ تمام صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم سنی تھے اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سنی ہونے یعنی سنت پر عمل کرنے کا حکم فرمایا ہے:

"عن أبی هریرة رضی الله تعالیٰ عنه قال:قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم:" من تمسك بسنتی عند فساد أمتی، فله أجر مائة شهید"۔ رواه البیهقی".

"عن أبی ذر رضی الله تعالیٰ عنه قال:قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم:" من

---

(۱) "عن عبد الله بن عمرو رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم :"لیأتین علی أمتي کما أتی علی بني اسرائیل حذو النعل بالنعل ، حتی إن کان منهم من أتی أمه علانیةً لکان في أمتي من یصنع ذلک، وإن بنی اسرائیل تفرقت ثنتین و سبعین ملةً، و تفترق أمتي علی ثلاث وسبعین ملةً، کلهم في النار إلا ملةً واحدةً". قالوا: من هی یا رسول الله ؟ قال: "ما أنا علیه و أصحابی". رواه الترمذي ".(مشکوة المصابیح ، باب الاعتصام بالکتاب والسنة ، الفصل الثانی : ۱/ ۳۰، قدیمی)

(۲) (مشکوة المصابیح المصدر السابق)

خالف الجماعة شبراً، فقد خلع ربقة الإسلام من عنقه"۔رواه احمد و أبوداؤد" (۱) ۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبداللطیف، ۱۶/محرم/۵۶ھ۔

کیا صحابی کی نعش کو دیکھنے والا بھی تابعی ہے؟

سوال[۲۳۶]: تابعی کی کیا تعریف ہے؟ کیا اگر آج کسی صحابی کی نعش برآمد ہو تو اس کا دیکھنے والا تابعی ہوگا یا نہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

محض نعش برآمدہ کو دیکھ کر آج چودہویں صدی میں کوئی تابعی نہیں کہلائے گا (۲)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

امام مہدی

سوال[۲۳۷]: کیا امام مہدی کے ظہور کا عقیدہ از روئے قرآن وحدیث ضروریاتِ دین میں سے ہے؟ اگر کوئی امام مہدی کے ظہور کا قائل نہ ہو تو اس کے متعلق شرع شریف کا کیا حکم ہے؟ رئیس احمد دیوریا۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

خلیفۃ اللہ المہدی کے متعلق ابوداؤد شریف میں تفصیل مذکور ہے (۳) ان کی علامات، ان کے ہاتھ پر

---

(۱) (مشكوة المصابيح ، باب الاعتصام بالكتاب والسنة ، الفصل الثانی : ۱/۳۰، ۳۱، قديمی)

(۲) "قيل : هو من صحب الصحابی، وقيل: من لقيه،و هوالأظهر".(تقريب النووی : ۲/۲۰۶،قديمی)

"وهو من نقی الصحابی كذلک".(نخبة الفكر، ص: ۱۰۲،فاروقی كتب خانه،ملتان)

"هو من لقي صحابياً مسلماً و مات على الإسلام،و قيل: هومن صحب الصحابي".(تيسير مصطلح الحديث، معرفة التابعين، ص: ۲۰۲،دارالتراث الكويت)

(۳) "و لو لم يبق من الدنيا إلايوم"، قال زائدة : "لطوّل الله ذلک اليوم حتى يبعث رجلاً منی أو من أهل =

Made searchable using ScribeTools.com

بیعت، ان کے کارنامے ذکر کئے ہیں۔ جو شخص ان ''امام مہدی'' کے ظہور کا قائل نہیں وہ ان احادیث کا قائل نہیں، اس کی اصلاح کی جائے تاکہ وہ صراط مستقیم پر آجائے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

= بيتي،يواطىء اسمه اسمي،واسم أبيه اسم أبى". زاد فى حديث فطرٍ: "يملأ الأرض قسطاً وعدلاً كما ملئت ظلماً و جوراً". و قال فى حديث سفيان:" لا تذهب أو لا تنقضى الدنيا حتى يملك العرب رجل من أهل بيتي يواطىء اسمه اسمي". قال أبو داؤد: لفظ عمرو أبى بكر بمعنى سفيان".

"عن علی رضی اللہ تعالیٰ عنه عن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم قال : "لو لم يبق من الدهر إلا يوم، لبعث الله رجلاً من أهل بيتى يملأها عدلاً كما ملئت جوراً ".

"عن أم سلمة رضی اللہ تعالیٰ عنها قالت: سمعت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم يقول: "المهدى من عترتى من ولد فاطمة".

"عن أبى سعيد الخدرى رضی اللہ تعالیٰ عنه قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم: "المهدى مني،أجلى الجبهة،أقنى الأنف،يملأ الأرض قسطاً و عدلاً كما ملئت ظلماً و جوراً، ويملك سبع سنين" .

"عن أم سلمة رضی اللہ تعالیٰ عنها زوج النبى صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم عن النبى صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم قال: "يكون اختلاف عند موت خليفة،فيخرج رجل من أهل المدينة هارباً إلى مكة،فيأتيه ناس من أهل مكة،فيخرجونه و هو كاره،فيبايعونه بين الركن والمقام،و يبعث إليه بعث من الشام،فيخسف بهم بالبيداء بين مكة والمدينة،فإذا رأى الناس ذلك أتاه أبدال الشام وعصائب أهل العراق فيبايعونه، ثم ينشأ رجل من قريش أخواله كلب، فيبعث إليهم بعثاً، فيظهرون عليهم، و ذلك بعث كلب، والخيبة لمن لم يشهد غنيمة كلب، فيقسم المال، و يعمل فى الناس بسنة نبيهم صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم، و يلقى الإسلام بجرانه إلى الأرض، فيلبث سبع سنين،ثم يتوفى ،و يصلى عليه المسلمون" قال أبوداؤد : وقال بعضهم عن هشام : تسع سنين،وقال بعضهم : سبع سنين ".

"قال علی رضی اللہ تعالیٰ عنه و نظر إلى ابنه الحسن فقال: إن ابنى هذا سيد كماسماه النبى صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم، و سيخرج من صلبه رجل يسمى باسم نبيكم صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم، ويشبهه فى الخُلق ولا يشبهه فى الخَلق، ثم ذكر قصةَ "يملأ الأرض عدلاً". (سنن ابى داؤد، باب ذكر المهدى: ۲/۲۳۹، بعد أخر كتاب الفتن، امداديه، ملتان)..... =

ایک جنین (غیر مولود) باتیں کرتا ہے کیا وہ مہدی ہے؟

سوال[۲۳۸]:۱.....انڈونیشیا میں ایک عورت حاملہ ہے اس کے دن پورے ہو چکے ہیں، لیکن ابھی تک ولادت نہیں ہوئی، بلکہ جنین نے یہ خبر دی ہے کہ آنے والے سال میں حج کے دن عرفات کے میدان میں پیدا ہوں گے، دوسرے یہ کہ اندر سے جنین گفتگو کرتا ہے جس کی باتیں صرف اس کی ماں سمجھتی ہے، اَور کوئی نہیں سمجھتا، تیسرے یہ کہ کہنے والے کا بیان ہے کہ آئندہ چل کر اس کی باتیں ماں کے علاوہ اور اشخاص بھی سمجھ سکتے ہیں، چوتھے یہ کہ بچہ حکم کرتا ہے کہ فلاں جگہ چلو، ماں اس کے حکم کے مطابق دورہ کرتی ہے، پانچویں یہ کہ بچہ مادر کے رحم ہی میں نماز پنجگانہ ادا کرتا ہے۔

۲.....بندہ کے پاس اس کا استفتاء آیا ہے، اس خبر کی تصدیق کرنا چاہئے یا نہیں؟

۳.....بعض کا خیال ہے کہ امام مہدی یہی ہیں اور قربِ قیامت کی علامات شروع ہوگئی ہیں۔ کیا یہ صحیح ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱.....یہ کوئی شرعی چیز نہیں جس کی تصدیق لازم ہو، اگر مخبرہ ثقہ ہو اور ظن غالب اس کی تصدیق پر آمادہ کرے تو تصدیق میں اشکال نہیں (۱)۔ لیکن وہ ملک در ملک دورہ کرتی ہے اور بظاہر بغیر محرم کے سفر کرتی ہے تو وہ ثقہ اور قابلِ تصدیق نہیں (۲)۔ قربِ قیامت کا ظن غالب ہے، دماغی مرض کا بھی شبہ ہے، شیطانی اثر بھی ہوسکتا

= (وكذا في الحاوى للفتاوى، العرف الوردي في اخبار المهدى : ۲/ ۶۹، دار الفكر)

(۱)"شهادة النساء بإنفراد هن فيما لايطلع عليه الرجال حجة". (رد المحتار، كتاب الشهادات ۵/ ۴۶۵ ط:سعيد)

"وشرطت الولادة، والبكارة، وعيوب النساء مما لايطلع عليه الرجال امرأة حرة مسلمة". (مجمع الأنهر، كتاب الشهادات: ۳/ ۲۶۰ ط:غفاريه)

(وكذا في فتح القدير، كتاب الشهادات: ۷/ ۳۷۲، مصطفى البابى مصر)

(۲)"اتفقوا على أن الإعلان بكبيرة تمنع الشهادة، وفي الصغائر إن كان معلناً بنوع فسق مستشنع يسميه الناس بذلك فاسقاً مطلقاً، لا تقبل شهادته". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الشهادات، الباب الرابع فيمن تقبل شهادته ومن لا تقبل، الفصل الثاني فيمن لا تقبل شهادته لفسقه: ۳/ ۴۶۲، رشيديه) =

Made searchable using ScribeTools.com

ہے، غرض اس کا قول حجت شرعیہ نہیں۔

۲.....اس کی تصدیق یا تکذیب سے نہ ایمان قوی ہوتا ہے نہ ضعیف ہوتا ہے، اس کی باتوں کی طرف توجہ لایعنی ہے۔

۳..... یہ خیال بے دلیل بلکہ خلاف دلیل ہے، حضرت مہدی علیہ السلام کے متعلق حدیث شریف میں موجود ہے کہ ان کا نام حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے نام کا موافق ہوگا اور ان کے والد کا نام حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے والد کے نام کے موافق ہوگا (۱)، اور وہ حضرت فاطمہؓ کی ذریت سے ہوں گے (۲) اور لوگ ان کو نہیں پہچانیں گے، بیت اللہ شریف کا طواف کرنے کی حالت میں ان کو پہچان لیں گے (۳)، ان کا حلیہ بھی بتلایا گیا ہے، "أجلى الجبهة أقنى الأنف الخ" (٤) أبو داؤد شريف میں تفصیل موجود ہے، (۵) مشکوٰۃ شریف أشراط الساعة میں بھی یہ روایت موجود ہے (٦)، اب تو اس عورت کے متعلق

=تفصیل کے لئے دیکھئے: (ردالمحتار، كتاب الشهادات، باب القبول وعدمه: ۵/۴۷۳، سعيد)

(وخلاصة الفتاوىٰ، كتاب الشهادات، الفصل الثاني في الشهادات ما يقبل منها وما لا يقبل: ۴/۶۰، رشيديه)

(۱) "لاتذهب أو لا تنقضي الدنيا حتى يملك العرب رجل من أهل بيتي يواطئ اسمه اسمي". (سنن أبي داؤد، كتاب المهدى، قبيل كتاب الملاحم: ۲/۲۳۹، ۲۴۰، امداديه)

(وكذا في مشكوٰة المصابيح، كتاب الرؤيا، باب أشراط الساعة، ص: ۴۷۰، قديمي)

(۲) "عن أم سلمة رضي الله عنها قالت: سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: "المهدى من عترتي من ولد فاطمة". (مشكوٰة المصابيح المصدر السابق)

(۳) "عن أم سلمة رضي الله عنها زوج النبي صلى الله عليه وسلم قال: "يكون اختلاف عند موت خليفة، فيخرج رجل من أهل المدينة هارباً إلى مكة، فيأتيه ناس من أهل مكة، فيخرجونه وهو كاره، فيبايعونه بين الركن والمقام". الحديث. (سنن أبي داؤد، آخر كتاب الفتن، باب ذكر المهدى: ۲/۲۳۹، ۲۴۰، امداديه، ملتان)

(۴) "عن أبي سعيد الخدري رضي الله عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: "المهدى مني، أجل الجبهة، أقنى الأنف، يملأ الأرض قسطاً وعدلاً كما ملئت ظلماً وجوراً، ويملك سبع سنين" (سنن أبي داؤد، آخر كتاب الفتن، باب ذكر المهدى: ۲/۲۳۹، ۲۴۰) ..... =

Made Searchable by ScribeTools.com

اخبارات میں کچھ اور بھی آ گیا ہے کہ جب اس کی تفتیش کی گئی تو جنین کیا بولتا وہ خود بھی جنین کی طرح کہیں غائب ہوگئی ہے۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ دارالعلوم دیوبند، ۹۰/۳/۳ھ۔

☆.....☆.....☆.....☆.....☆

= (۵) (سنن أبی داؤد، کتاب الفتن، باب ذکر المهدی: ۲/ ۲۳۹، ۲۴۰، امدادیه، ملتان)

(۶) (سنن أبی داؤد، المصدر السابق)

Made searchable using ScribeTools.com

ما یتعلق بعلم الغیب

(علم غیب کا بیان)

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لئے علم غیب جاننا

سوال[۲۳۹]: حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو علم غیب عطائی حاصل ہے یا نہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

غیب کی بہت سی چیزوں کا علم نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے عطا فرمایا ہے، مثلاً: احوال قبر، احوال حشر، جنت، دوزخ وغیرہ، لیکن ان چیزوں کے علم کی وجہ سے آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو عالم الغیب نہیں کہا جائے گا، یہ شان صرف حق تعالیٰ کی ہے(۱)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

---

(۱) قال الله تعالىٰ: ﴿عالم الغيب فلا يظهر على غيبه أحداً، إلا من ارتضى من رسول، فإنه يسلك من بين يديه و من خلفه رصداً﴾. (الجن: ۲۶، ۲۷)

وقال الله تعالىٰ: ﴿وما كان الله ليطلعكم على الغيب و لكن الله يجتبى من رسله من يشاء﴾(آل عمران: ۱۷۹)

قال العلامة الآلوسى: "فالله سبحانه و تعالىٰ عالم كل غيب وحده، فلا يطلع على ذلك المختص علمه به تعالىٰ إطلاعاً كاملاً أحداً من خلقه، ليكون أليق بالتفرد و أبعد عن توهم مساواة علم خلقه لعلمه سبحانه، و إنما يطلع جل و علا إذا اطلع من شاء على بعضه مما تقتضيه الحكمة التى هى مدار سائر أفعاله عزو جل ..... أي لكن الرسول المرتضى يُظهره جل و علا على بعض الغيوب المتعلقة برسالته". (روح المعانى، (الجن: ۲۶، ۲۷): ۹۶/۲۹، دار إحياء التراث العربى)

"(و لا أعلم الغيب): أي و لا أقول لكم إني أعلم الغيب، إنما ذاك من علم الله عزوجل، و لا أطلع منه إلا على ما اطلعنى عليه". (تفسير ابن كثير، (الانعام): ۵۰، ۱۸۱/۲، مكتبه دار الفيحاء)

"ثم إن الأنبياء يعلمون كثيراً من الغيب بتعريف الله تعالىٰ إياهم". (الجامع لأحكام القرآن للقرطبى، (لقمان: ۳۴): ۱۶۹/۲۱، دار الفكر)

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے علم غیب کے سلسلہ میں دیوبندی بریلوی اختلاف

سوال[۲۴۰]: حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے علمِ غیب عطا کیا تھا، حضور صلی اللہ علیہ وسلم علم غیب کو جانتے تھے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو علم غیب ذاتی ہے یا عطائی ؟ بریلوی اور دیوبندی میں اس کے متعلق کیا اختلاف ہے اور کیوں؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

سید الاولین والآخرین امام الأنبیاء والمرسلین صلی اللہ علیہ وسلم کو خالق کائنات جل شانہ نے شان نبوت کے لائق اپنی ذات وصفات اور امورِ اخرویہ سے متعلق اتنے علوم عطا فرمائے کہ دیگر تمام انبیاء وملائکہ اور تمام جن وبشر کے علوم کی حیثیت ان کے سامنے ایسی ہے جیسے بحر ناپیدا کنار کے سامنے ایک قطرہ کی ہوتی ہے(۱) اور یہ حق تعالیٰ کے عطا فرمانے سے ہے۔ حق تعالیٰ کا علم ذاتی ہے اور اس کے علم کے سامنے تمام مخلوقات کے علوم ایک قطرہ کی حیثیت بھی نہیں رکھتے (۲)، کیونکہ حق تعالیٰ کا علم غیر متناہی ہے، اور سب کے علوم کثرت کے باوجود متناہی ہیں۔ حضراتِ اکابرِ دیوبند کا یہی مسلک ہے، بریلی کے اعلیٰ حضرت مولانا احمد رضا خان صاحب نے بھی ایسا ہی لکھا ہے، حضرت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو حضرات علمائے دیوبند بھی عالم الغیب کہنے سے روکتے ہیں، مولانا احمد رضا خان صاحب نے بھی لکھا ہے کہ کسی مخلوق کو عالم الغیب کہنا مکروہ ہے، کیونکہ کتبِ شرعیہ میں عالم الغیب اس کو کہتے ہیں جس کا علم ذاتی ہو اور وہ صرف اللہ پاک ہے، اور کوئی نہیں۔

---

(۱) "قال علیه السلام : "أنا مدینة العلم و علیّ بابها". (فیض القدیر :۵/۲۳۰۰، رقم الحدیث: ۲۸۰۵ بیروت)

"و إن سیدنا و شفیعنا محمداً صلی الله علیه وسلم أعلم الخلق وأفضلهم جمیعاً". (امداد الفتاویٰ :۶/۳۲۷، دار العلوم کراچی)

"عن عائشة رضی الله تعالیٰ عنها قالت: کان رسول الله صلی الله علیه وسلم إذا أمرهم أمرهم من الأعمال بما یطیقون ..... ثم یقول: "إن أتقاکم وأعلمکم بالله أنا". (صحیح البخاری : ۱/۷، کتاب الإیمان، قدیمی)

(۲) "فجاء عصفور فوقع علی حرف السفینة، فنقر نقرةً أو نقرتین فی البحر، فقال الخضر: یا موسیٰ! ما نقص علمی و علمک من علم الله تعالیٰ کنقرة هذه العصفور". (صحیح البخاری : ۱/۲۳، کتاب العلم، قدیمی)

Made searchable using ScribeTools.com

عالم الغیب اور افضل البشر کی تشریح

سوال[۲۴۱]: موریش کے بدعتی ماحول سے تو آپ واقف ہیں، دیوبندیت کے خلاف بدعتی عالم ہمیشہ ابھارتے رہتے ہیں، ہم ناچیز اس کے لئے ہمیشہ کوشش کرتے رہتے ہیں کہ ہمارے بزرگوں کے خلاف زبان نہ کھولیں، اس میں کسی حد تک کامیابی ہے اور انشاء اللہ زیادہ کی امید بھی ہے، دعائے مدد فرمائیں۔

۱۹۶۸ء میں نصاریٰ اور مسلمانوں میں فساد ہوا تھا، حالات نازک تھے، ہم سب مولوی جمع ہوئے تھے کہ ہم اپنے اختلاف کو ایک طرف رکھیں اور اتفاق کے ساتھ رہیں، جو اختلافی مسائل ہیں ان پر دستخط کر کے لوگوں کو خبردار کیا جائے کہ آپ لوگ بھی اتفاق کرلیں اور اتحاد سے رہیں تاکہ دوسری قوموں پر اچھا اثر ہو اور ایسا ہوا بھی، اس میں عجلت میں ایک مبہم عبارت پر ہم نے دستخط کر دیئے اور اس پر اتفاق کیا کہ جب تک اس مبہم عبارت کو صاف نہ کیا جائے عوام کے قابل نہ بنایا جائے اور شائع نہ کیا جائے، اختلافی مسائل میں تین مسائل سامنے تھے:

۱.....حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عالم الغیب ہیں یا نہیں؟ تو سب نے اس پر اتفاق کیا تھا کہ عالم الغیب تو اللہ پاک ہی ہے، ہاں بذریعہ وحی بہت سی غیب کی باتوں کا علم حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اللہ پاک نے دیا تھا۔

۲.....اسی طرح حاضر و ناظر تو اللہ پاک ہی ہے، ہاں اللہ پاک اپنے حکم اور قدرت سے رسول پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو جب اور جہاں پہونچانا چاہے اور جو دکھلانا چاہے اپنی قدرت سے پہونچا اور دکھلا سکتا ہے۔

۳.....اسی طرح حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سید البشر ہمارے جیسے نہیں یعنی شرفِ کمالات میں ہمارے جیسے نہیں، آپ نبی اور رسول خاتم النبیین ہیں۔

اس روز بدعتی عالم گفتگو میں بہت نیچے اترا تھا، اس نے موقعہ دیکھ کر کہا ہم ایک مختصر عبارت لکھ کر دستخط کرلیں، چنانچہ اس نے جو عبارت لکھی وہ پرچہ بھی ساتھ ہے: ''عالم الغیب باعلام اللہ، حاضر و ناظر بقدرۃ اللہ، سید البشر افضل البشر ہمارے جیسے نہیں'' پھر جو عبارت لکھی وہ مبہم تھی تو میں نے دستخط کرنے سے انکار کر دیا کہ جب تک جو زبانی تشریحات ہوئی ہیں وہ عوام کے سمجھنے کے قابل چونکہ نہیں ہیں اس لئے میں دستخط بھی نہیں کرتا ہوں،

تو سب نے کہا اسے شائع نہیں کیا جائے گا، جب مبہم عبارت کی تشریح ہوجائے گی تب شائع کریں گے، میں نے اپنے دستخط معلق..... ابھی بھی جو وہاں موجود تھے وہ قبول کرتے ہیں، گو اس پرچہ میں یہ تحریر نہیں ہے، اس کے بعد ہم لوگ تشریح پر متفق نہ ہوسکے اس لئے بات آگے نہ بڑھی۔

پھر ۷۲ء میں بدعتی جامع مسجد میں امام کو مستعفی کردیا، وہ پاکستان چلا گیا۔ ۱۹۶۸ء کی یہ عبارت جسے شائع نہ کرنے پر اتفاق تھا، چند دن ہوئے کسی غیر ذمہ دار نے بدعتی عالم کا مقتدا تھا اس کے پاس یہ پرچہ تھا، شائع کردیا، جس سے یہ مصیبت ہوئی ہے کہ ہمارے دیوبندی خیالات کے دوست احباب ہمیں بدنام کررہے ہیں، بلکہ ذاتی دشمنی کی وجہ سے پرچہ شائع کرنے والے بدعتی کے ساتھ مل گئے ہیں کہ خوب شائع کرو تاکہ بدنام ہو، سب ان کو کافر کہیں، ان کے پیچھے نماز نہ پڑھیں وغیرہ۔

سنا ہے کہ اس پرچہ کو آپ کی خدمت میں ارسال کرکے فتویٰ طلب کیا ہے، اگر یہ پرچہ پہونچا ہے تو جواب مرحمت فرماتے وقت جو مبہم عبارتیں ہیں انہیں صاف کرکے، موقعہ ہے کہ دیوبندی مسلک کو صاف کیا جائے تاکہ شر میں خیر نکل آئے، جواب مفتی صاحب تحریر فرماتے ہیں تو بہتر ہے کہ حضرت والا ان کو حالات سے مطلع فرمائیں، جو پرچہ دستخط شدہ ہے اس کی کاپی اور جو اس کے جواب میں صرف اظہارِ حقیقت کے طور پر ہم نے جمعہ میں سنایا، اس کی نقل بھی حاضر خدمت ہے۔

حضرت والا کو یاد ہوگا جب آپ حاجی یوسف راوت کے یہاں شادی میں تشریف لائے تھے تو موریشش میں حاجی داؤد ملاں کے وہاں کھانے پر مختلف خیالات کے اشخاص کو جمع کیا تھا اور جو سپاسنامہ والا قدر کو پیش کیا تھا اس میں دیوبندی بزرگوں کی خدمات کا ذکر اور والا قدر کی شخصیت کا تعارف تھا، کوشش یہ ہوتی رہی کہ کم از کم ذہنی انقلاب تو ہو، اس لئے گذارش ہے کہ کوئی ایسی تشریح ہو جو دونوں جماعتوں میں اتحاد و اتفاق کرسکے، دعا فرمائیں یہ فتنہ دفن ہو اور حق روشن ہو، اللہ پاک مدد فرمائے۔ آمین۔ اسماعیل بڑا بھائی (موریشش)۔

دستخط شدہ دستاویز کا انکشاف اور سبب

''موریشش کی امتِ مسلمہ پر یہ بات مخفی نہیں ہے کہ آج سے چند سال پیشتر رسول کریم حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے متعلق عالم الغیب، حاضر و ناظر اور بشر کی شہادت اور انکار کا تنازعہ مسلمانوں کے درمیان زور و شور سے تھا، یہاں تک کہ اعلانیہ طور پر وہابی و بدعتی سے ملقب کرکے سلام و کلام بھی ترک کردیا تھا،

Made searchable using ScribeTools.com

لہذا اسی عرصہ میں ہم نے بھی مختلف جگہوں پر مذکورہ صفات وموضوعات پر قرآن کریم اور احادیث صحیحہ کی روشنی میں تفصیلاً تقاریر کیں، اللہ جل شانہ اور حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مابین صفات ودرجات کے امتیازات کو نہایت ہی صاف اور غیر مبہم طریقہ پر امت مسلمہ کو سمجھایا اور ایمان وعقائد کی صحت اور مضبوطی کا درس دیا، الحمدللہ ہمارا آج بھی وہی ایمان اور عقیدہ ہے، جس کا ثبوت مدلل طریقہ پر قرآن اور احادیث صحیحہ سے ہم مسلمانوں کو دے چکے ہیں اور اس وقت بھی ہم اپنے گذشتہ فیصلہ پر ٹھوس ومستحکم ہیں۔

واضح ہو کہ ۱۹۶۸ء میں عیسائی اور مسلم قوم کے درمیان فساد بپا ہوا اور بدقسمتی سے مسلمانوں کے حالات بہت ہی قابل رحم تھے، اس نازک موقع پر جامع مسجد میں علماء کی ایک کمیٹی بیٹھی، جہاں مصلحتاً ہم سے کہا گیا کہ موریشش میں امن وامان کرانا ضروری ہے، لہذا ہمارے درمیان جو اختلافی مسائل ہیں ان پر دستخط کر کے عوام الناس کو خبردار کیا جائے کہ ہم تمام علماء میں اتفاق واتحاد ہے اور اس اتحادی خبر کی نشر سے تمام مسلمانوں میں بھی اختلافی مسائل سے ہٹ کر آپس میں اتحاد وہمدردی اور اخوت کا رشتہ مضبوطی کے ساتھ قائم کریں گے، دوسری قوموں پر اس کا اچھا اثر ہوگا۔ تقاضائے وقت کو مدنظر رکھتے ہوئے بالاتفاق مذکورہ دستاویز کو مبہم اور قابلِ تشریح، نامکمل ٹھہراتے اور تسلیم کرتے ہوئے آئندہ علماء کی نشست میں مفصل طور پر مذکورہ دستاویز کے موضوعات وصفات پر گفت وشنید کر کے مبہم عبارتوں کی تشریح جب تک نہ ہو جائے، وہاں تک اشتہاری شکل میں برسرعام نہ لانے پر اتفاق کرتے ہوئے ہم نے تقاضائے وقت کے لحاظ سے مصلحتاً عارضی طور پر دستخط کئے۔

معلوم ہو کہ حقیقتاً یہی وجہ ہے کہ چار سال تک یہ دستاویز امتِ مسلمہ پر مخفی رہا اور اس میں افسوس ہے کہ اس سلسلہ میں علماء کی زیادہ نشستیں نہ ہوسکیں، قابلِ قبول تشریح پر متفق نہ ہوسکے، آج قوم کے کسی ایک غیر ذمہ دار نے اسے شائع کردیا، اس پر حیرت ہورہی ہے جو اس نامکمل وعارضی دستاویز کو شائع کر کے ہمیں بدنام اور مسلمانوں کے درمیان بغض وعداوت کی آگ بھڑکا رہا ہے اور جرم عظیم کا مرتکب ہورہا ہے، اس لئے گذارش ہے کہ ایسے پر دھیان نہ دیں اور حسد، بغض، عداوت، نفسانیت وغیبت جیسے کبیرہ گناہوں سے دور رہیں۔

عالم الغیب تو ذات باری تعالیٰ ہی ہے جو عالم الغیب والشہادۃ ہے، ہر جگہ حاضر وناظر اللہ پاک ہی ہے، بنصِ قرآن وحدیث حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بشر ہیں، مگر آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نبی اور رسول اللہ وخاتم النبیین ہیں، کمالات میں آپ جیسا کوئی بشر نہیں، عالم الغیب، حاضر وناظر اور رسول

اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بشر ہونے کے متعلق یہی ہمارے عقیدے ہیں۔ ہم نے اس پرچہ میں عالم الغیب حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو نہیں کہا ہے، بلکہ ''عالم الغیب باعلام اللہ کہا ہے'' اور ہمارا مطلب اس وقت یہی تھا کہ بذریعہ وحی حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اللہ پاک نے بہت سی غیب کی باتوں کا علم دیا، حاضر وناظر نہیں کہا بلکہ حاضر وناظر بقدرۃ اللہ، ہمارا مطلب یہ تھا کہ ''اللہ پاک اپنی قدرت کاملہ سے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو جہاں پہونچانا چاہے وہاں پہونچادے اور جو دکھلانا چاہے دکھلادے، اللہ پاک اس پر قادر ہے''۔ اس پرچہ میں ہے کہ ''سید البشر افضل البشر ہمارے جیسے نہیں''۔ اس کا مطلب یہ کہ ''آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نبی اور خاتم النبیین کمالات میں آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جیسا کوئی بشر نہیں''۔ ہم پرچہ بازی سے دور رہنا چاہتے ہیں اور اس وقت تک نہیں نکالیں گے جب تک ہمیں مجبور نہ کیا جائے''۔

(یہ مضمون جمعہ کو چند مساجد میں سنایا گیا تھا)

دستخط شدہ جو پرچہ شائع ہوا ہے اور اس میں جو شرارتیں حسد، بغض، عداوت کی وجہ سے کر رہے ہیں، وہ پرچہ اس وقت میرے پاس نہیں ہے اس پرچہ کی عبارت نقل کرتا ہوں۔

''عالم باعلام اللہ، سید البشر افضل البشر، ہمارے جیسے نہیں، حاضر ناظر بقدرت اللہ''

آج مندرجہ ذیل علمائے سنت کا اجتماع جامع مسجد پورٹ لوئس میں ہوا جس میں مندرجہ ذیل مسائل پر اتفاق ہوگیا، لہذا ہم لوگ اپنے دستخط کے ساتھ اعلان کرتے ہیں کہ اللہ کے آخری نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، اللہ کے بتانے سے عالم الغیب اور اللہ کی قدرت سے حاضر وناظر ہیں اور سید البشر افضل البشر ہمارے جیسے نہیں۔

دستخط علمائے کرام

ائمہ ومولوی حضرات کے دستخط ہیں جس میں مولانا امام بخاری صاحب لیملیا، اسماعیل بڑا پانڈورہ پٹیل جامع مسجد کا امام خوشتر، جواب پاکستان میں ہے، محبوب خدا بخش، بشیر الدین۔

الجواب حامداً و مصلیاً :

حضرت رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم (فداہ روحی وروح أبی و أمی) تمام عالم سے افضل

Made searchable using ScribeTools.com

ہیں (۱) اللہ تبارک وتعالیٰ نے جتنے کمالات تمام انبیا علیہم الصلاۃ والسلام میں تقسیم فرمائے ہیں، وہ تمام حضرت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں جمع ہیں (۲) اپنی ذات اور صفات کا علم جو کہ شان نبوت کے لائق ہے جتنا نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو عطا فرمایا کسی کو نہیں دیا (۳) غیب کی بہت چیزیں جنت، دوزخ، عرش، کرسی، لوح محفوظ، میزان، صراط، حشر، نشر، برزخ وغیرہ آپ نے امت کے سامنے بیان فرمائی ہیں اس کے باوجود اللہ پاک کا علم اس سے بھی زیادہ ہے کہ کوئی ذرہ اس سے مخفی نہیں ﴿و لا یعزب عنه مثقال ذرة﴾ الایة (۴) پس کلی علم تو اللہ تعالیٰ کے ساتھ خاص ہے، اس اعتبار سے اسی کو عالم الغیب فرمایا گیا اور حاضر وناظر بھی اسی کی شان ہے، اس کے علاوہ نہ کسی کو کلی علم غیب ہے نہ کوئی حاضر وناظر ہے، اس لئے کسی کو عالم الغیب نہیں کہا جاتا۔

قرآن کریم میں ہے: ﴿و عنده مفاتح الغیب لا یعلمها إلاهو﴾ الایة (۵) نیز ارشاد ہے: ﴿قل لا أقول لکم عندی خزائن اللّٰه و لا أعلم الغیب﴾ (۶) نیز ارشاد ہے: ﴿قل لا یعلم من فی السموات والأرض الغیب إلا اللّٰه﴾ (۷) نیز ارشاد ہے: ﴿لو کنت أعلم الغیب لاستکثرت من

---

(۱) "أفضل الأنبیاء محمد علیه الصلاة والسلام". (شرح العقائد النسفیة للتفتازانی، ص: ۱۴۱، قدیمی)

(۲) "ان أفضل المخلوقات فی الدنیا والآخرة هوسیدنا محمد صلی اللّٰه تعالیٰ علیه وسلم الذی جمع کل خلال الخیر و نعوت الکمال، و بعثته صلی اللّٰه تعالیٰ علیه وسلم عامة لجمیع المکلفین، و أفضلیته صلی اللّٰه تعالیٰ علیه وسلم علی جمیع المخلوقات مما أجمع علیه المسلمون لقوله صلی اللّٰه تعالیٰ علیه وسلم: "أنا أکرم الأولین والآخرین علی اللّٰه و لا فخر". (الکوکب الأزهر شرح الفقه الاکبر، ص: ۱۲۲)

(۳) "إن أتقاکم وأعلمکم باللّٰه أنا". (صحیح البخاری، کتاب الإیمان، باب قول النبی صلی اللّٰه تعالیٰ علیه وسلم: "أنا أعلمکم باللّٰه و أن المعرفة فعل القلب": ۱/۷، قدیمی)

(۴) (السبأ: ۳)

(۵) (الأنعام: ۵۹)

(۶) (الأنعام: ۵۰)

(۷) (النمل: ۶۵)

الخیر وما مسنی السوء﴾"(۱)۔

ان آیات میں علم غیب کو اللہ تعالیٰ کے ساتھ خاص فرمایا گیا ہے اور حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو حکم ہوا ہے کہ آپ فرمادیں کہ مجھے علم غیب حاصل نہیں، مطلب یہ ہے کہ جس طرح دیکھنے کی قوت دی گئی ہے کہ جب چاہا اس سے کام لے لیا اور بولنے چلنے کی قوت دی گئی ہے، اس طرح کوئی قوت غیب پر مطلع ہونے کی نہیں دی گئی کہ جب اور جس چیز کو دل چاہے معلوم کرلیں، بلکہ یہ اللہ تعالیٰ کی اجازت پر موقوف ہے کہ اس نے جب چاہا اور جس چیز کے متعلق چاہا علم عطاء فرمادیا، نہ چاہا نہ عطا فرمایا، چنانچہ بہت واقعات احادیث میں موجود ہیں، مثلاً: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا پر تہمت لگائی گئی جس کی وجہ سے حضرت رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بہت اذیت اور پریشانی ہوئی، اس سلسلہ میں آپ دوسروں سے مشورہ بھی فرماتے رہے اور بہت رنجیدہ اور غمگین رہے، اس میں کافی عرصہ گزر گیا مگر آپ کو کسی طرح اطمینان نہ ہوا حتی کہ جب وحی نازل ہوئی تب اصل حقیقت کھلی اور اطمینان ہوا (۲)۔ اگر کلی علم غیب حاصل تھا اور آپ ہر جگہ حاضر وناظر تھے تو اتنی پریشانی کیوں ہوئی، شروع ہی میں فرمادیتے یہ سب غلط ہے۔

اور مثلاً سفر میں حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے پاس ایک ہار تھا وہ گم ہوگیا، اس کو تلاش کیا گیا، سب قافلہ اس کی وجہ سے پریشان ہوا، پھر دیر بعد جب اونٹ کو اٹھایا گیا تو اس کے نیچے ملا، اگر علم غیب کلی تھا اور آپ ہر جگہ حاضر وناظر تھے تو شروع میں کیوں نہ فرمادیا کہ وہ اونٹ کے نیچے ہے (۳)۔

---

(۱) (الأعراف : ۱۸۸)

(۲) "عن عائشة زوج النبی ﷺ قالت: کان رسول الله ﷺ إذا أرد أن یخرج، أقرع بین أزواجه ..... فخرج سهمی ..... قلت: و ما قال؟ قالت: کذا و کذا، فأخبرتنی بقول أهل الإفک ..... فدعا رسول الله ﷺ علیّ بن أبی طالب و أسامة بن زید حین استبلث الوحی یستأمرهما ..... فقال رسول الله ﷺ و هو علی المنبر: "یا معشر المسلمین! من یعذرنی من رجل قد بلغنی اذاه فی أهل بیتی" ..... قالت: فلما سُرّی عن رسول الله ﷺ، سرّی عنه و هو یضحک، فکانت أول کلمة تکلم بها: "یا عائشة! أما الله فقد برّاک ..... و أنزل الله: ﴿إن الذین جاء وا بالإفک عصبة منکم﴾ الحدیث. (صحیح البخاری، کتاب التفسیر، باب قوله عزوجل: ﴿إن الذین جآء وا بالإفک عصبة منکم ..... الخ﴾: ۲/۶۹۲ - ۶۹۸، قدیمی)

(۳) "عن عائشة رضی الله تعالیٰ عنها زوج النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قالت: خرجنا مع رسول =

Made searchable using ScribeTools.com

اورمثلاً کسی نے آ کر کہا کہ تبلیغ کے لئے کچھ آدمی ہمارے یہاں بھیج دیجئے، ان کی ذمہ داری بھی لی گئی اور ستر صحابہ کو آپ نے بھیج دیا، ان کو وہاں لے جا کر شہید کرادیا گیا کیونکہ ان کو تبلیغ کے نام پر قتل کے لئے بلایا گیا تھا، جس کا آپ کو صدمہ ہوا تھا(۱)۔ اگر علم غیب کلی تھا تو آپ نے ان کے ساتھ کیوں بھیجا تھا جس پر بعد میں صدمہ ہوا۔

اورمثلاً اخیر مرض الوفات میں دریافت فرمایا کہ ''کیا لوگوں نے مسجد میں نماز پڑھ لی'' عرض کیا گیا آپ کا انتظار کررہے ہیں، ابھی جماعت نہیں ہوئی، ارشاد فرمایا مجھے وضو کراؤ'' اس سے کمزوری ہوکر غشی طاری ہوگئی، پھر افاقہ پانے پر دریافت فرمایا کہ ''کیا لوگوں نے نماز پڑھ لی''، عرض کیا گیا انتظار کررہے ہیں، دو تین دفعہ ایسا ہی ہوا، پھر فرمایا کہ ''اچھا ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہو کہ نماز پڑھادیں''(۲) اگر علم غیب کلی تھا تو بار بار

= الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم في بعض أسفاره حتى إذا كنا بالبيداء أو بذات الجيش انقطع عقد لي، فأقام رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم على التماسه و أقام الناس معه الخ''. (صحيح البخاري، كتاب التيمم : ۱/۴۸، قديمي)

(۱) ''عن أنس بن مالك رضى الله تعالىٰ عنه أن رعلاً و ذكوان و عصية و بني لحيان استمدوا رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم على عدوّ، فأمدهم بسبعين من الأنصار، كنا نسميهم القراء في زمانهم، كانوا يحتطبون بالنهار و يصلون بالليل، حتى كانوا ببئر معونة قتلوهم و غدروا بهم، فبلغ النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، فقنت شهراً يدعوفى الصبح على أحياء من أحياء العرب: على رعل و ذكوان و عصية وبني لحيان''. (صحيح البخاري، كتاب المغازى، باب غزوة الرجيع و رعل و ذكوان الخ : ۲/۵۸۵، قديمى كتب خانه)

(۲) ''عن عبيد الله بن عبد الله بن عتبة قال: دخلت على عائشة رضى الله تعالىٰ عنها فقلت : ألا تحدثينى عن مرض رسول الله صلى الله عليه وسلم ؟ قالت : بلى، ثقل النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فقال: '' أصلى الناس '' ؟ قلنا : لا، هم ينتظرو نک، قال: ''ضعوا لي ماءً فى المخضب '' قالت : ففعلنا، فاغتسل، فذهب لينوء، فأغمي عليه، ثم أفاق، فقال صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : ''أصلى الناس'' ؟ قلنا: لا،هم ينتظرونک يا رسول الله، قال: ''ضعوا لي ماءً فى المخضب '' قالت: فقعد فاغتسل، ثم ذهب لينوء، فأغمى عليه، ثم أفاق فقال: ''أصلى الناس'' ؟ قلنا: لا، هم ينتظرونک يا رسول الله، فقال: ''ضعوا لي ماءً في المخضب '' فقعد فاغتسل، ثم ذهب لينوء، فأغمى عليه، ثم أفاق فقال:''أصلى الناس'' ؟ فقلنا:لا، ..... =

Made Searchable by ScribeTools.com

کیوں دریافت فرمایا۔

اور مثلاً حدیث پاک میں ہے کہ آپ ﷺ حوض کوثر پر ہوں گے، کچھ لوگ اس طرف آئیں گے مگر پھر ان کا رخ دوزخ کی طرف کرایا جائے گا، ان کو دیکھ کر آپ ارشاد فرمائیں گے کہ ''یہ تو میرے آدمی ہیں انہیں کہاں لیجاتے ہو''؟ جواب دیا جائے گا کہ آپ کو علم نہیں کہ انہوں نے کیا بدعتیں ایجاد کی ہیں آپ کے بعد تب ارشاد فرمائیں گے کہ ''لے جاؤ انہیں ذلیل کر کے'' پھر ان کو جہنم میں دھکیل دیا جائے گا (۱)۔ اگر آپ کو علم غیب کلی تھا اور آپ ہر جگہ حاضر و ناظر تھے تو آپ کو کیوں خبر نہ ہوئی؟ غرض بے شمار واقعات ہیں۔

الحاصل نبی اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لئے کلی علم غیب مان کر ہر جگہ حاضر و ناظر ماننا اور آپ کو عالم الغیب کہنا قرآن کریم کے بھی خلاف ہے (۲) حدیث شریف کے بھی خلاف ہے (۳) اجماع سلف

= هم ينتظرونک يا رسول الله، والناس عكوف في المسجد، ينتظرون النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم لصلاة العشاء الآخرة، فأرسل النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم إلى أبي بكر، بأن يصلي بالناس، فأتاه الرسول، فقال: إن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يأمرک أن تصلي بالناس الخ ". (صحيح البخاري، كتاب الأذان، باب إنما جعل الإمام ليؤتم به : ۹۵/۱، قديمی)

(۱) "حدثنا يحيى بن بكير قال: حدثنا يعقوب بن عبد الرحمن عن أبي حازم قال: سمعت سهل بن سعد يقول : سمعت النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يقول:"أنا فرطكم على الحوض، من ورده شرب منه، ومن شرب منه لم يظمأ أبداً، ليردنّ عليّ أقوام أعرفهم ويعرفونني، ثم يحال بيني و بينهم". قال أبو حازم: فسمعني النعمان بن أبي عياش و أنا أحدثهم هذا، فقال: هكذا سمعت سهلاً؟ فقلت : نعم، قال: و أنا أشهد على أبي سعيد الخدري لسمعته يزيد فيه، قال:" إنهم مني فيقال: إنک لا تدري ما بدلوا بعدک؟ فأقول :سحقاً سحقاً لمن بدّل بعدي". (صحيح البخاري، كتاب الفتن، باب ما جاء في قول الله:﴿واتقوا فتنة لا تصيبن الذين ظلموا منكم خاصة﴾: ۱۰۴۵/۲، قديمی)

(۲) قال الله تعالىٰ: ﴿قل لا يعلم من في السموات والأرض الغيب إلا الله﴾ (النمل : ۶۵)

(۳) "و من حدثک أنه يعلم الغيب، فقد كذب، و هو يقول: "لا يعلم الغيب إلا الله ". (صحيح البخاري، كتاب الرد على الجهمية وغيرهم التوحيد، باب قول الله ﴿عالم الغيب فلا يظهر على غيبه أحداً﴾ : ۱۰۹۸/۲، قديمی)

Made searchable using ScribeTools.com

صالحین کے بھی خلاف ہے(۱)۔اس لئے اس عقیدہ سے توبہ کرنا لازم ہے۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۱۶/ ۷/ ۹۲ھ۔

الجواب صحیح، بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۶/ ۷/ ۹۲ھ۔

تنبیہ :مندرجہ بالا جواب لکھا جاچکا تھا اس کے بعد دارالعلوم میں بعض ان حضرات کا خط پہونچا، جنہوں نے اس معاہدہ پر دستخط کئے ہیں، انہوں نے لکھا ہے کہ ”ہمارا ایمان اور عقیدہ ہے کہ علم غیب کلی اور ہر جگہ ہر وقت حاضر وناظر ہونا اللہ تعالیٰ کی صفتِ خاصہ ہے جس میں اس کا کوئی شریک نہیں اور اس لحاظ سے اللہ تعالیٰ کے سوا کسی بھی مخلوق کو نہ عالم الغیب کہا جاسکتا ہے نہ حاضر وناظر۔ معاہدہ پر دستخط کر کے ہم نے صرف اتنی بات سے اتفاق کیا تھا کہ اللہ تعالیٰ نے رسول اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو مغیباتِ کثیرہ پر مطلع فرمایا ہے اور اس کو یہ قدرت حاصل ہے کہ وہ آپ کی روح پاک کو جہاں اور جس وقت چاہے پہونچادے اور جو بھی دکھانا چاہے دکھادے، اور یہ کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم صفات وکمالات کے لحاظ سے ہم جیسے بشر نہیں ہیں، بلکہ سید البشر اور افضل البشر ہیں اور ہم نے معاہدہ کی مجلس میں بھی یہ وضاحت کردی تھی اور اس کے بعد بھی ہماری طرف سے بار بار یہ وضاحت کی جاچکی ہے“۔

ان دستخط کرنے والے حضرات کی اس وضاحت کے بعد یہ تو معلوم ہوجاتا ہے کہ ان حضرات کا عقیدہ فاسد نہیں ہے، بلکہ وہی عقیدہ ہے جو جماعت حقہ اہل سنت والجماعت کا ہے، لیکن ان حضرات نے ایسی مبہم تحریر پر دستخط کرنے میں غلطی کی ہے۔اللہ پاک معاف فرمائے اس کی وجہ بھی یہ تھی کہ اس وقت مسلمانوں پر جو یورش تھی اس سے تحفظ اس میں ملحوظ تھا، جس کا وہاں کے سب حضرات کو علم ہے۔

احقر محمود غفرلہ۔

علم غیب کلی عطائی

سوال[۲۴۲]: بعض لوگ کہتے ہیں کہ جہاں کہیں قرآن شریف یا حدیث شریف میں نفی علم الغیب

---

(۱) ”و ذكر الحنفية تصريحاً بالتكفير باعتقادأن النبي عليه الصلاة والسلام يعلم الغيب لمعارضة قوله تعالىٰ: ﴿قل لا يعلم من في السموات والأرض الغيب إلا الله﴾ كذا في المسايرة“. (شرح الفقه الأكبر للملا علي القاري، ص: ۱۵۱، قديمی)

کی ہے وہ ذاتی کی ہے عطائی کی نہیں، خدا تعالیٰ کا علم غیب ذاتی ہے اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ کا دیا ہوا علم الغیب ہے اور عطاء بھی تمام ذرۂ خدا کا ہے جو آپ ہماری حرکات وسکنات کو دیکھ رہے ہیں اور سن رہے ہیں ایسے معتقد کا کیا حکم ہے، اس کے پیچھے نماز جائز ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

یہ قول بلاسند ہے نصوص میں کہیں اسکی تصریح نہیں (۱) "من ادعیٰ فعلیه البیان"۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۶/۴/۵۵ھ۔

عقیدۂ علم غیب

سوال [۲۴۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومحققینِ احناف رحمہم اللہ تعالیٰ مسئلہ ہذا میں کہ: زید کہتا ہے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے کل علم غیب آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو عطا فرما دیا تھا اور اب بھی آپ مخلوق کے ہر حال (ظاہر وباطن) خیر وشر سے بخوبی واقف ہیں، یہاں تک کہ مچھر کے پر ہلانے تک کا بھی آپ کو علم ہو جاتا ہے اور تیز بارش کے قطرے اور ریت کے دانے، درختوں کے پتے وغیرہ کا علم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بالتفصیل عطا ہوا ہے، قیامت تک رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو خبر ہے فلاں فلاں چیزیں پیدا ہوں گی، اور ہر ایک کی آواز خواہ وہ مشرق میں ہو یا مغرب میں خود سن لیتے ہیں۔

پس یہ عقیدہ کیسا ہے اور ایسا عقیدہ رکھنے والا مذہب احناف اور کتبِ معتبرہ حنفیہ کی رو سے مسلمان رہا یا کافر ومشرک ہو گیا؟ اور ایسا عقیدہ رکھنے والے کے پیچھے نماز پڑھنی جائز ہے یا نہیں اور اگر کافر ہو گیا تو اس کے نکاح کی تجدید کی جائے یا وہی نکاح بحال رہے گا؟ بینوا توجروا۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

یہ عقیدہ مشرکانہ ہے، جمیع جزئیات کا اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کو علم نہیں:

---

(۱) "و أما من قال: إن نبينا أو غيره أحاط بالمغيبات علماً كما أحاط علم الله بها، فقد كفر". (حاشية الصاوی على الجلالين: ۱۸۸/۲، (الأنعام: ۵) مكتبه دار الباز)

"و بالجملة علم الغيب بلا واسطة كلاً أو بعضاً مخصوص بالله جل و علا، لا يعلمه أحد من الخلق أصلاً". (روح المعانی: ۱۲/۲۰ (النمل: ۶۵)، دار إحياء التراث العربی)

Made searchable using ScribeTools.com

"وبالجملة فالعلم بالغيب أمر تفرد به سبحانه، و تعالىٰ و لهذا ذكر فى الفتاوىٰ: أن قول القائل عند رويته هالة القمر: أى دائرته: يكون مطراً، فادعىٰ علم الغيب لا بعلامته كفر. و ذكر الحنفية تصّريحاً بالتكفير باعتقاد أن النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يعلم الغيب لمعارضة قوله تعالىٰ :﴿ قل لا يعلم من فى السموات والأرض الغيب إلا الله﴾۔ كذا فى المسايرة انتهىٰ ملخصاً"۔ شرح فقه اكبر (۱)۔

" من تزوج بشهادة الله و رسوله يكفر؛ لأنه يظن أن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يعلم الغيب انتهى"(۲)۔

لہذا ایسا عقیدہ رکھنے والے کو تجدیدِ ایمان اور تجدید نکاح لازم ہے (۳) اور اس سے قبل اس کی امامت

---

(۱) (شرح الفقه الأكبر للملا على القاري ، ص: ۱۵۱ ، قديمى)

"و أما من قال: إن نبينا أو غيره أحاط بالمغيبات علماً كما أحاط علم الله بها، فقد كفر". (حاشية الصاوى على الجلالين،(الأنعام : ۵۰): ۱۸۸/۲ ، دارالباز)

"وبالجملة علم الغيب بلا واسطة كلاً أو بعضاً مخصوص بالله جل و علا، لا يعلمه أحد من الخلق أصلاً". (روح المعانى، (النمل : ۶۵): ۱۲/۲۰ ، دار إحياء التراث العربى)

(۲)"لو تزوج بشهادة الله ورسوله، لا ينعقد، و يكفر لاعتقاده أن النبي يعلم الغيب ". (البحر الرائق، كتاب النكاح : ۱۵۵/۳ ، رشيديه)

"رجل تزوج امرأةً ولم يحضر الشهود، قال: خدائے را ورسول را گواه كردم، أو قال :خدائے راو فرشتگان را گواه كردم، كفر". (الفتاوى العالمكيرية، كتاب السير، الباب التاسع فى أحكام المرتدين : ۲۶۶/۲ ، رشيديه)

(وكذا فى مجمع الأنهر، كتاب النكاح : ۳۲۰/۱، دار إحياء التراث العربى)

(۳) "و يؤمر بالتوبة والرجوع عن ذلك، و بتجديد النكاح بينه و بين امرأته ". (الفتاوى العالمكيرية، كتاب السير، الباب التاسع فى أحكام المرتدين، قبيل الباب العاشر فى البغاة : ۲۸۳/۲ ، رشيديه)

(وكذا فى رد المحتار، باب المرتدين : ۲۳۰/۴ ، سعيد)

(والتاتارخانية، كتاب أحكام المرتدين، إجراء كلمة الكفر و حديث النفس والرضاء بالكفر : ۴۶۱/۵، إدارة القرآن كراچى)

درست نہیں ہے(۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۶/۴/۵۵ھ۔

صحیح: سعید احمد غفرلہ۔

علم غیب

سوال[۲۴۴]: ایک شخص کا عقیدہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے کل علم غیب آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو عطاء فرمادیا تھا اور اب بھی آپ حاضر وناظر وعالم بجمیع الاشیاء ہیں اور وہ برسر اجلاس اپنے خطبہ جمعہ ووعظ وتقریر میں بیان کرتا ہے کہ یہی عقیدہ اہل سنت والجماعت کا ہے، اس کے خلاف جس کا عقیدہ ہے وہ گمراہ ہے، اس کے پیچھے نماز درست نہیں اور کہتا ہے کہ جن آیاتِ قرآن مجید سے علم غیب کی نفی ہے وہ منسوخ ہیں اور جو آیت سورۃ "قل أوحی" میں ہے:﴿عالم الغیب فلا یظهر علی غیبه أحداً، إلا من ارتضی من رسول﴾ الایة(۲) یہ سب کے لئے ناسخ ہیں۔

اب عرض یہ ہے کہ جو شخص حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو غیب دان نہ جانے، ہر وقت حاضر وعالم بجمیع الاشیاء نہ مانے کیونکہ یہ مخصوص ہے رب العزت کے ساتھ اس کو وہ شخص وہابی کہتا ہو اور نماز اس کے پیچھے ناجائز کہتا ہو اور جن آیات قرآن مجید سے علم غیب لغیر اللہ کی نفی کی گئی ہے ان سب کو منسوخ کہتا ہو، اس کے پیچھے نماز درست ہے یا نہیں؟ ایسے عقائد رکھنے والا مذہب احناف اور کتب معتبرہ حنفیہ کی رو سے مسلمان ہے یا کافر ومشرک ہوگیا؟

المستفتی: فیض اللہ خان معرفت مولانا محمد الحسن صاحب۔

---

(۱) "و شروط صحة الإمامة للرجال الأصحاء ستة أشياء: الإسلام و هو شرط عام، فلا تصح إمامة منكر البعث ..... الخ". (نور الإيضاح مع شرحه مراقي الفلاح، كتاب الصلاة، باب الإمامة، ص: ۲۸۷، قديمی)

(وكذا فی رد المحتار، باب الإمامة: ۱/۵۵۰، سعيد)

"أما إذا أدى إليه (أی إلى الكفر)، فلا كلام فی عدم جواز الصلاة خلفه". (شرح العقائد النسفية للتفتازانی، ص: ۱۶۱، قديمی)

(۲) (الجن: ۲۶، ۲۷)

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداًومصلیاً:

علم غیب کلی طریق پر کہ کوئی ذرہ مخفی نہ رہے، بلکہ ہر شئے ہر وقت سامنے ہو ذات باری تعالی کے ساتھ مخصوص ہے (۱) ہر جگہ حاضر وناظر اور ہر شئے سے باخبر ہونا اسی کی صفت خاصہ ہے، کوئی ولی یا نبی یا فرشتہ اس صفت میں شریک نہیں لہذا کسی اور کو اس صفت میں شریک ہونے کا اعتقاد رکھنا شرک ہے، ہاں اتنی بات ضرور ہے کہ ذات وصفات باری تعالیٰ کا علم تمام مخلوقات میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو سب سے زیادہ عطا ہوا ہے (۲) انبیاء کرام کو اللہ تبارک وتعالیٰ کبھی کبھی بعض اشیاء مغیبہ کا علم وحی کے ذریعہ سے عطاء فرمادیتے ہیں، مگر وہ جزئی ہے، کلی نہیں، حنفیہ کی معتبر ومشہور کتاب شرح فقہ اکبر میں ملا علی قاری تحریر فرماتے ہیں:

"ثم اعلم أن الأنبياء عليهم السلام لم يعلموا المغيبات من الأشياء إلا ما علمهم الله تعالىٰ أحياناً، وذكر الحنفية تصريحاً بالتكفير باعتقاد أن النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يعلم الغيب لمعارضة قوله تعالىٰ: ﴿قل لا يعلم من فى السموات والأرض الغيب إلا الله﴾ ـ كذا فى المسايرة اهـ". شرح فقه اكبر، ص: ۱۸۵ (۳)۔

یہ استدلال کہ سورہ جن کی آیت ناسخ ہے تو یہ بات ایسا شخص کہہ سکتا ہے جس کو فہمِ قرآن شریف اور علمِ ناسخ ومنسوخ سے کوئی دور کا بھی تعلق نہ ہو، اس وجہ سے کہ سورۃ جن مکی ہے اور بعض مدنی سورتوں میں حضور سے علم

---

(۱) قال الله تعالىٰ: ﴿عالم الغيب والشهادة﴾. (الحشر)

وقال الله تعالىٰ: ﴿عالم الغيب فلا يظهر على غيبه أحدا﴾. (الجن: ۲۶)

(۲) "إن أتقاكم وأعلمكم بالله أنا". (صحيح البخارى، باب قول النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: أنا أعلمكم بالله و أن المعرفة فعل القلب: ۱/۷، قديمى)

(۳) (شرح الفقه الأكبر للملا على القاري، ص: ۱۵۱، قديمى)

"العلم بالغيب أمر تفرد به الله تعالىٰ لا سبيل إليه للعباد إلا بإعلام منه أو إلهام بطريق المعجزة أو الكرامة أو إرشاد إلى الاستدلال بالأمارات فيما يمكن فيه ذلك، و لهذا ذكر فى الفتاوىٰ: أن قول القائل عند رؤية هالة القمر: يكون مطر مدعيًا علم الغيب لا بعلامته، كفر". (شرح العقائد النسفية للتفتازاني، ص: ۱۲۲، مير محمد كتب خانه)

(وكذا فى النبراس، ص: ۳۴۳، مكتبه حقانيه ملتان)

غیب کی نفی کی گئی ہے، مثلاً سورہ احزاب مدنی ہے اس میں ارشاد ہے: ﴿یسئلك الناس عن الساعة قل إنما علمها عند الله، و ما یدریك لعل الساعة تكون قریباً﴾ (۱) مستدل کے نزدیک آیت ناسخہ تو پہلے نازل ہوئی اور منسوخہ بعد میں۔

دوسرے یہ کہ نسخ عقائد میں نہیں ہوتا، احکام میں ہوتا ہے اور یہ مسئلہ باب عقائد سے ہے پھر یہاں نسخ کا کیا محل ہے؟ نیز علم بجمیع الاشیاء کے متعلق مستدل تاریخ اور وقت کی تعیین کرے کہ کب عطاء ہوا ہے، جو بھی تاریخ بتائے گا ہم اس کے بعد کے واقعات بتلائیں گے جن میں علم غیب کی نفی کی گئی ہے، یہاں تک کہ مرضِ وفات بلکہ میدانِ حشر، حوض کوثر، شفاعت کے واقعات میں بھی علم بجمیع الاشیاء کی نفی ہے۔

جب عقیدہ مسئولہ کا حال معلوم ہو گیا کہ یہ شرک ہے تو اس کا بطلان خود بخود واضح ہو گیا۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۴/۱۰/۶۱ھ۔

جواب صحیح ہے: ایسے شخص کے پیچھے نماز پڑھنا جائز نہیں ہے (۲)، سعید احمد غفرلہ۔

صحیح: عبد اللطیف مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۵/شوال/۶۱ھ۔

علم الغیب

سوال[۲۴۵]: علم الغیب صفة مختصة بالله تعالیٰ، لیس لأحد من المخلوق نبیاً كان أو ولیاً أو ملكاً مقرباً، ذاتیاً كان ذلك العلم أو عطائیاً، كلیاً كان أو جزئیاً، فالقائل به لغیره تعالیٰ

---

(۱) (الاحزاب: ۶۳)

(۲) "فإن كانت (أی البدعة) تكفره فالصلاة خلفه لا تجوز". (البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الإمامة: ۱/۶۱۱، رشیدیه)

"والمراد بالمبتدع من یعتقد شیئاً علی خلاف ما یعتقده أهل السنة والجماعة، و إنما یجوز الاقتداء به مع الكراهة إذا لم یكن ما یعتقده یؤدی إلی الكفر عند أهل السنة والجماعة، أما لو كان مؤدیاً إلی الكفر فلا یجوز أصلاً". (الحلبي الكبیر، فصل فی الإمامة، ص: ۵۱۴، سهیل اكیڈمی)

"أما إذا أدی إلیه (أی إلی الكفر) فلا كلام فی عدم جواز الصلاة خلفه". (شرح العقائد النسفیة للتفتازانی، ص: ۱۶۱، قدیمی)

Made searchable using ScribeTools.com

مشرك باللّٰه تعالیٰ فی صفة العلم خارج عن دائرة الإسلام أم لا؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

"العلم بالغیب أمر تفرد به سبحانه تعالیٰ و لا سبیل إلیه للعباد إلا بإعلام منه و إلهام بطریق المعجزة أوالکرامة أو إرشاد إلی الإستدلال بالأمارات فیما یمکن فیه ذلك"(۱)۔

" والأنبیاء علیهم السلام لم یعلموا المغیبات من الأشیاء إلا ما أعلمهم اللّٰه تعالیٰ أحیاناً، وذکر الحنفیة تصریحاً بالتکفیر باعتقاد أن النبی صلی اللّٰه تعالیٰ علیه وسلم یعلم الغیب لمعارضة قوله تعالیٰ : ﴿قل لا یعلم من فی السموات والأرض الغیب إلا اللّٰه﴾ "(۲) وقوله تعالیٰ : ﴿قل لا أقول لکم عندی خزائن اللّٰه و لا أعلم الغیب﴾ (۳) کذا فی المسایرة "۔ شرح الفقه الأکبر (٤)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۱۴/۱۱/۸۸ھ۔

علم غیب

سوال[۲۴۶] : نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو کائنات کے عالم الغیب کے قائل ہونے یا مولوی احمد رضا خان کا یہ اعتقاد رکھنا کیسا ہے؟

---

(۱) (شرح العقائد النسفیة للتفتازانی، ص: ۱٦۱، قدیمی)

(۲) (النمل: ٦٥)

(۳) (الأنعام: ۵۰)

(۴) (شرح الفقه الأکبر للملا علی القاری رحمه اللّٰه تعالیٰ ، ص : ۱۵۱، قدیمی)

"و حاصله أن دعوی علم الغیب معارضة لنص القرآن، فیکفربها". (رد المحتار، باب المرتد، مطلب فی دعوی علم الغیب : ۲۴۳/۴، سعید)

"ثم اعلم أن الأنبیاء علیهم الصلاة السلام لم یعلموا المغیبات من الأشیاء إلا ما أعلمهم اللّٰه تعالیٰ أحیاناً، و ذکر الحنفیة تصریحاً بالتکفیر باعتقاد أن النبي علیه الصلاة و السلام یعلم الغیب لمعارضة قوله تعالیٰ :﴿قل لا یعلم من فی السموات والأرض الغیب إلا اللّٰه﴾. (المسایرة مع المسامرة : ۸۸/۲، مصر)

الجواب حامداً ومصلیاً:

جوشخص علم غیب کلی نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لئے مانتا ہے وہ شخص مشرک ہے، فقہاء اور علماء عقائد نے اس کی تکفیر کی ہے، اس کا ایسا کہنا نصوصِ صریحہ کے معارض ہے:

"وذكر الحنفية تصريحاً بالتكفير باعتقاد أن النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يعلم الغيب لمعارضة قوله تعالىٰ: ﴿قل لا يعلم من فى السموات والأرض الغيب إلا الله﴾۔ كذا فى المسايرة"۔ شرح فقه اكبر، ص: ۱۸۵ (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۵/ ۷/ ۶۴ھ۔

صحیح: عبداللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۷/ رجب/ ۶۴ھ

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، ۱۷/ رجب/ ۶۴ھ۔

علم غیب

سوال[۲۴۷]: بعض کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو مفاتیح غیبیہ کا جو سورۂ لقمان کے آخر میں ہیں علم دیا گیا ہے اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تمام دنیا کے حمل جانتے ہیں نر ہے یا مادہ یا کیا، ان کے لئے کیا حکم ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

یہ قول بالکل غلط ہے، بہت سی روایات اور آیات اسکی تکذیب کرتی ہیں:

"وعن النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم مفاتيح الغيب خمس و تلا هذه الاية"۔

---

(۱) "(شرح الفقه الأكبر للملا علي القارى، ص: ۱۵۱، قديمى)

"و بالجملة فالعلم بالغيب أمر تفرد به الله تعالىٰ، لا سبيل للعباد إليه، إلا بإعلام منه بالوحي أوإلهام بطريق المعجزة أو الكرامة أو إرشاد، عطف على إعلام إلى الاستدلال بالأمارات ..... و لهذا ذكر فى الفتاوى: أي فتاوى علماء ماوراء النهر أن قول القائل عند رؤية هالة القمر: يكون مطر مدعياً علم الغيب لا بعلامته، كفر". (النبراس شرح شرح العقائد، ص: ۳۴۳، مكتبه حقانيه ملتان)

(وكذا فى شرح العقائد النسفية للتفتازانى، ص: ۱۲۲، مير محمد كتب خانه)

Made searchable using ScribeTools.com

"وعن ابن عباس رضی اللّٰہ تعالیٰ عنہما: من ادعیٰ علم ھذہ الخمسة، فقد کذب (إلی قولہ) : فإن ھذہ العلوم الخمسة لا یعلمھا إلا اللّٰہ". تفسیر مدارك (۱)۔ وقال فی تفسیر تلك الآیة : "فأراد أنه ھو المتوصل إلی المغیبات و حدہ لا یتوصل إلیھاغیرہ" (۲)۔ وقال تعالیٰ :﴿قل لا أقول لکم عندی خزائن اللّٰہ و لا أعلم الغیب﴾ الایة (۳)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ۔

علم غیب

سوال[۲۴۸] : زید کہتا ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا علم، علمِ الٰہی کے سامنے جو نسبت ذرہ کو آفتاب سے، قطرہ کو دریا سے ہے وہ بھی یہاں تصور نہیں کی جاسکتی، مگر بایں ہمہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم باعطائے الٰہی ماکان ومایکون کے عالم ہیں اور مندرجہ ذیل اشعار پڑھتا ہے ؎

فإن من جودک الدنیا وضرتھا

ومن علومک علم اللوح والقلم(۴)

یعنی دنیا اور آخرت آپ ہی کے کرم سے ہے اور لوح وقلم کا علم آپ کے علوم کا بعض ہے۔ اور کہتے ہیں کہ لوح وقلم حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا بعض ہے تو دوسرے علوم کون سے ہیں؟ تو جواب

---

(۱)(تفسیر المدارک، (لقمان : ۳۴): ۳۲۴/۲، قدیمی)

"وقال ابن عباس رضی اللّٰہ تعالیٰ عنہما : ھذہ الخمسة لا یعلمھا إلا اللّٰہ تعالیٰ، و لا یعلمھا ملک مقرب و لا نبي مرسل، فمن ادعی أنه یعلم شیئاً من ھذہ، فقد کفر بالقرآن، لأنه خالفه". (الجامع لأحکام القرآن للقرطبی، (لقمان : ۳۴) : ۵۵/۱۴، دار الکتب العلمیة)

"عن قتادة أنه قال فی الآیة : خمس من الغیب استأثرہ اللّٰہ تعالیٰ بھن، فلم یطلع علیھن ملکاً مقرباً، و لا نبیاً مرسلاً: إن اللّٰہ عندہ علم الساعة اھ". (روح المعانی، (لقمان، ۳۴) ، ۱۶۹/۲۱، دار الفکر)

(۲) "(المدارک،(الانعام : ۵۹): ۳۶۸/۱، قدیمی)

(۳)(الأنعام : ۵۰)

(۴) (قصیدہ بردہ، ص: ۳۴، الفصل العاشر فی المناجاة و عرض الحاجات، قدیمی)

Made Searchable by ScribeTools.com

میں کہتا ہے۔

وسع العالمین علماً و حکماً
فھو بحر لم تسعھا الأعیاء
و کلھم من رسول اللہ ملتمس
غرفاً من البحر أو رشفاً من الأیم(۱)

نیز کہتا ہے کہ علوم اولین مثلاً اور ہیں اور علوم آخرین اور، لیکن وہ سب علم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں مجتمع ہیں۔

۲.....حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نعت شریف میں کہتا ہے ؎

وإذا سمعت فعنک قولاً طیباً
وإذا لحظت فلا أریٰ سواک

جب میں سنتا ہوں تو آپ ہی کا ذکر سنتا ہوں اور جب دیکھتا ہوں تو آپ کے سوا کچھ نظر نہیں آتا۔

۳.....

یا أکرم الخلق مالی من ألوذ بہ
سواک عند حلول الحادث العمم(۲)

یعنی اے بہترین مخلوق! آپ کے سوا میرا کوئی نہیں کہ مصیبت عامہ کے وقت جس کی پناہ لوں۔ اگر کہتا ہوں کہ بھائی خدا کو پکارنا چاہئے خدا کے سوا دوسرے کو اس طرح نہیں پکارنا چاہئے تو کہتا ہے کہ حضرت زین العابدین رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی تو یوں پکارتے تھے کہ:"رحمة للعالمین أدرك زین العابدین محبوس أید الظالمین"۔

اے رحمۃ للعالمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم زین العابدین کی مدد کو پہونچو، وہ اژدہام میں ظالموں کے ہاتھ قید میں ہے اور کہتا ہے

یا سید السادات جئتک قاصداً
أرجو رجاک واحتمی بحماک

---

(۱) (قصیدہ بردہ، ص: ۹، الفصل الثالث فی مدح النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، قدیمی)

(۲) (قصیدہ بردہ، ص: ۳۳، الفصل العاشر فی المناجاۃ و عرض الحاجات، قدیمی)

Made searchable using ScribeTools.com

یا رسول اللہ انظر حالنا

یا رسول اللہ اسمع قالنا

انی فی بحرھمّ لمفرق

خذ یدی سھل لنا أشکالنا

مدد کرائے کرم احمدی کہ تیرے سوانہیں ہے عاجز بیکس کا کوئی حامی۔

اس قسم کے اَور بھی اشعار پڑھتا ہے اور کہتا ہے کہ اس پر ایمان لانا ضروری ہے کہ نبی علیہ السلام دنیا سے منتقل نہیں ہوئے، یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو تمام غائب چیزیں بتادیں جو دنیا وآخرت میں ہوں گی جس طرح کہ ہیں بہ عین الیقین، حدیث شریف میں ہے کہ ''دنیا ہمارے سامنے پیش کی گئی پس ہم اس میں اس طرح نظر کررہے ہیں جیسے اپنے ہاتھ میں'' اور یہ بھی آیا ہے کہ ''ہم کو جنت اور وہاں کی نعمتوں نیز دوزخ اور وہاں کے عذابوں پر اطلاع دی گئی''، علاوہ ازیں اور متواتر خبریں، لیکن بعض کو چھپانے کا حکم دیا گیا، اگر اسے نفی کی کوئی آیت یا حدیث دکھاتے ہیں تو اسے علم عطاء ہونے سے پہلے کی قرار دیتا ہے اور کہتا ہے کہ مفسرین نے اس کے بارے میں کیا فرمایا ہے، بعض کے جواب میں آیت: ﴿إلا من ارتضیٰ من رسول﴾ اور ﴿علّمك مالم تكن تعلم﴾ پیش کرتا ہے۔

دریافت طلب امر یہ ہے کہ ایسا عقیدہ رکھنا اور اس قسم کے اشعار کہنا کیسا ہے اور زید کے لئے کیا حکم ہے؟ جواب نمبروار قرآن وحدیث کی روشنی میں مستحکم ومدلل عنایت فرمائیں۔

محمد شفاعت علی گڈیا، ضلع گنگانگر، راجستھان۔

الجواب حامداً و مصلیاً :

حضرت سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واَصحابہ وسلم (فداہ روحی و روح أبی وأمی) کا مقام اس قدر بلند ہے کہ اس کا ادراک دشوار ہے، جس قدر کمالات اور صفات عالیہ متفرق طور پر دوسروں کے پاس ہیں ان سب کا مجموعہ بلکہ ان سے زائد تنہا ذات مقدسہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس ہیں، علوم نبوت جو (کہ) مدارِ قرب و رفعت ہیں وہ بدرجۂ اتم سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو حاصل ہیں، کوئی اور آپ کا ہم پایہ وہمسر نہیں (۱) اور یہ

---

(۱) ''(و أنا حبیب اللہ) : أی محبه و محبوبه'' (و لا فخر) قال الطیبی: قرّر أولاً ما ذکر من فضائلهم =

سب کچھ عطاء خداوندی سے ہے، لیکن خدائے پاک کا علم اس سے بھی زائد ہے، خالق ومخلوق کے علم میں غیر متناہی و متناہی کی نسبت ہے، مساوات نہیں، مساوات کا شائبہ تک نہیں (۱)۔

برزخ، حشر، صراط، جنت، لوح وقلم وغیرہ کے اتنے علوم عطاء ہوئے کہ حساب لگانا اور شمار کرنا قابو سے باہر ہے (۲) ذات وصفات خداوندی کی جو معرفت عطاء ہوئی وہ کسی کو عطاء نہیں ہوئی، قاضی عیاض (۳)،

= بقوله، وهو كذلك ، ثم نبه على أنه أفضلهم و أكملهم ، و جامع لما كان متفرقاً فيهم ، فالحبيب خليل و مكلم و مشرف اهـ". (مرقاة المفاتيح : ۱۰/ ۳۳، كتاب الفضائل ، باب فضائل سيد المرسلين صلوات الله و سلامه عليه، الفصل الثانى ، تحت رقم الحديث : ۵۷۶۲، رشيديه)

(۱) "إن الله جعل للعقول فى إدراكها حداً تنتهى إليه، لا تتعداه، و لم يجعل لها سبيلاً إلى الإدراك فى كل مطلوب، و لو كانت كذلك لاستوت مع البارى تعالىٰ فى إدراك جميع ما كان و ما يكون و ما لا يكون، إذ لو كان كيف كان يكون؟ فمعلومات الله لا تتناهى، و معلومات العبد متناهية، والمتناهى لا يساوى ما لا يتناهى". (الإعتصام للشاطبى، الباب العاشر فى معنى الصراط المستقيم الخ، فصل النوع الثالث، ص: ۵۶۲، دار المعرفة بيروت)

(۲) "عن قتادة عن أنس بن مالك رضى الله تعالىٰ عنه، عن مالك بن صعصعة أن نبى الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم حدثهم عن ليلة أسرى به ..... "ثم رفعت إلى سدرة المنتهى، فإذا أنبقها مثل قلال هجر، وإذا ورقها مثل آذان الفيلة ، قال: هذه سدرة المنتهى، فإذا أربعة أنهار: نهران باطنان ..... قلت: ما هذان يا جبرئيل؟ قال: أما الباطنان ، فنهران فى الجنة ..... ثم رفع إلى البيت المعمور". الحديث

"وعن ثابت البنانى عن أنس رضى الله تعالىٰ عنه أن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قال: "أتيت بالبراق" ..... قال النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : "ثم عُرج بى، حتى ظهرت لمستوى أسمع فيه صريف الأقلام". الحديث. (مشكوة المصابيح ، باب فى المعراج ، الفصل الأول، ص: ۵۲۶ – ۵۲۹، قديمى)

(۳) قال قاضى عياض رحمه الله تعالىٰ: "و من جملة معجزاته المعلومة على القطع الواصل إلينا خبرها على التواتر لكثرة رواتها واتفاق معانيها الإطلاع على الغيب ..... عن حذيفة رضى الله تعالىٰ عنه قال: قام فينا مقاماً فما ترك شيئاًيكون فى مقامه ذلك إلى قيام الساعة إلا حدّثه ..... و قد خرّج أهل الصحيح والأئمة ما أعلم به أصحابه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم مما وعدهم به من الظهور على أعدائه و فتح مكة و بيت المقدس ..... و قبض العلم و ظهور الفتن ..... و أنه زويت له الأرض ..... =

Made searchable using ScribeTools.com

زرقانی (۱) قسطلانی (۲) ملاعلی قاری رحمہم اللہ (۳) وغیرہ کی کتب ان مضامین سے پُر ہیں، اوران پر دلائل بھی موجود ہیں، اس سب کے باوجود ذات اقدس فخر عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر عالم الغیب کا اطلاق نہیں کیا جاتا (۴)، عالم الغیب، اطلاقاتِ شرعیہ میں اس پر کیا جاتا ہے جس کی یہ صفت (عالم الغیب) ذاتی ہو، عطائی نہ ہو، قرآن کریم میں ارشاد ہے: ﴿قل لا أقول لكم عندى خزائن الله و لا أعلم الغيب﴾ (۵) ﴿قل لا

= مشارقها و مغاربها الخ".

"و قال الملا على القارى فى شرحه: (الاطلاع على الغيب): أى على اطلاعه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم على بعض المغيبات عنا". (شرح الشفاء: ۱/ ۶۷۹، ۶۸۳، فيما أظهره الله تعالىٰ من المعجزات، فصل: و من ذلك ما اطلع عليه من الغيوب، دار الكتب العلمية بيروت)

(۱، ۲) قال القسطلانى "و إذا أتى بجميع ما أتوا به من الخصال الحميدة، فقد اجتمع فيه ما كان متفرقاً فيهم، فيكون أفضل منه".

"فظهر أن انتفاع أهل الدنيا بدعوته صلى الله تعالىٰ عليه وسلم أكمل من انتفاع سائر الأمم بدعوة سائر الأنبياء، فوجب أن يكون أفضل من سائر الأنبياء".

و قال الزرقانى فى شرحه: "فينبغى أن يقال: إنه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ساواهم فى العمل و زاد عليهم بأنه أعلم منهم بالله الخ". (شرح الزرقانى على المواهب اللدنية للقسطلانى: ۸/ ۲۸۱، المقصد السادس، النوع الأول، عباس احمد الباز مكة المكرمة)

(۳) "(أسمع فيه): أى فى ذلك المكان، أو ذلك المقام (صريف الأقلام): أى صوتها عند الكتابة، قيل: هو ههنا عبارة عن الإطلاع على جريانها بالمقادير ..... و المعنى أنى أقمت مقاماً بلغت فيه من رفعة المحل إلى حيث اطلعت على الكوائن، و ظهر لى ما يراد من أمر الله و تدبيره فى خلقه، و هذا والله هو المنتهى الذى لا تقدم فيه لأحد عليه". (مرقاة المفاتيح، كتاب الفضائل، رقم الحديث: ۵۸۶۴، باب المعراج، الفصل الأول: ۱۰/ ۱۷۴، رشيديه)

(۴) "فإن قلت: قد أخبر الأنبياء والأولياء بشىء كثير من ذلك، فكيف الحصر؟ قلت: الحصر باعتبار كلياتها دون جزئياتها، قال تعالىٰ: ﴿فلا يظهر على غيبه أحداً إلا من ارتضى من رسول﴾ الخ (مرقاة المفاتيح، كتاب الإيمان، الفصل الأول: ۱/ ۱۳۳، رقم الحديث: ۳، رشيديه)

(۵) (الأنعام: ۵۰)

یعلم من فی السموات والأرض الغیب إلا اللّٰہ﴾(۱) ﴿وعندہ مفاتح الغیب لا یعلمھا إلا ھو﴾(۲) ۔ اَور بھی بہت سی آیات ہیں جن سے ثابت ہے کہ حضرت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو خدائے پاک نے ہی علم عطا فرمایا ہے اور جس جس چیز کا جتنا جتنا علم جب جب دیا، مل گیا جس چیز کا علم نہیں دیا جب تک نہیں دیا، نہیں ملا، یہ بات بھی نہیں تھی کہ جس وقت خواہش کسی علم کی فرمائی فوراً اس کا علم مل گیا ہو۔ تابیر نخل (۳) بیر معونہ (۴) افک (۵) وغیرہ کے واقعات اس کے شواہد ہیں۔

---

(۱) (النمل: ۶۵)

(۲) (الأنعام: ۵۹)

(۳) "عن سماک أنہ سمع موسی بن طلحۃ بن عبید اللہ یحدث عن أبیہ، قال: مررت مع رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فی نخل، فرأی قوماً یلقّحون النخل، فقال: "ما یصنع ھؤلاء"؟ قال: یأخذون من الذکر، فیجعلونہ فی الأنثیٰ، قال: "ما أظن ذلک یغنی شیئاً"، فبلغھم، فترکوہ، فنزلوا عنھا، فبلغ النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، فقال: "إنما ھو الظن، إن کان یغنی شیئاً فاصنعوہ، فإنما أنا بشر مثلکم، وإن الظن یخطیء و یصیب، ولکن ما قلت لکم قال اللہ، فلن أکذب علی اللہ".

"عن عائشۃ (رضی اللہ تعالیٰ عنھا) أن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سمع أصواتاً، فقال: "ما ھذا الصوت"؟ قالوا: النخل یؤبّرونہ، فقال: "لو لم یفعلوا، لصلح"، فلم یؤبروا عامئذٍ، فصار شیصاً، فذکروا ذلک للنبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فقال: "إن کان شیئاً من أمر دنیاکم فشانکم بہ، وإن کان من أمور دینکم فإلیّ". (ابن ماجۃ، ص: ۱۸۰، أبواب الرھن، باب تلقیح النخل، مطبع مجتبائی لاھور)

(۴) "عن عائشۃ رضی اللہ تعالیٰ عنھا قالت: استأذن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم أبو بکر فی الخروج حین اشتد علیہ الأذی ..... فقتل عامر بن فھیرۃ یوم بئر معونۃ ..... فقال: "إن أصحابکم قد أصیبوا، وإنھم قد سألوا ربھم، فقالوا: ربنا! أخبرعنا إخواننابما رضینا و رضیت عنا، فأخبرھم عنھم" الحدیث. (صحیح البخاری، کتاب المغازی، باب غزوۃ الرجیع و رعل و ذکوان و بئر معونۃ الخ: ۵۸۷/۲، قدیمی)

(۵) "إن عائشۃ رضی اللہ تعالیٰ عنھا زوج النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حین قال لھا أھل الإفک ..... فدعا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم علیّ بن أبی طالب و أسامۃ بن زید حین استلبث الوحی یستأمرھما فی فراق أھلہ، قالت: فأما أسامۃ بن زید فأشار علی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ =

Made Searchable using ScribeTools.com

دور سے خطاب کرنا جذبہ شوق ومحبت میں ہو یا اس تصور کے تحت ہو کہ بذریعۂ ملائکہ خدمت اقدس میں پیش کیا جائے گا درست ہے، یا ذہن میں تصور کر کے ہو تب بھی درست ہے(۱)، خدائے پاک کی طرح ہر جگہ حاضر وناظر سمجھ کر ہو تو درست نہیں، غلط ہے، اس سے باز آنا چاہئے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۴/۳/ ۹۵ھ۔

علم غیب

سوال[۲۴۹]: ۱.....ایک شخص عقیدہ رکھتا ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے علم کلی عطاء کیا تھا، حتی کہ اس کا عقیدہ ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تمام امور جو کہ دنیا میں ہیں اور جو کچھ ہو چکا ہے اور جو کچھ ہونے والا ہے حتی کہ دوزخی جو دوزخ میں داخل ہوں گے، بہشتی جو بہشت میں داخل ہوں گے اور یہ بھی کہتا ہے کہ حضور درختوں کے پتے اور ریت کے ذرے ان تمام کو اس طرح جانتے ہیں جس طرح کہ اپنی کف مبارک کو دیکھتے ہیں، ایسے شخص کا کیا حکم ہے؟

۲.....ایک اور شخص عقیدہ رکھتا ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نعوذ باللہ کچھ نہیں جانتے تھے اور

= وسلم بالذی یعلم من برآء ة أهله ..... ثم قال: " أما بعد، یا عائشة ! فإنه قد بلغنی عنک کذا و کذا ، فإن کنت بریئةً فسیبرئک الله، و إن کنت ألممت بالذنب فاستغفری الله و توبی إلیه" ..... قالت: فلما سری عنه، و هو یضحک، فکانت أول کلمة تکلم بها: "یا عائشة! أما الله فقد برّأک" . الحدیث. (صحیح البخاری، کتاب التفسیر، (سورة النور)، باب قوله عزوجل: ﴿إن الذین جآء وا بالإفک﴾ الأیة الخ : ۲/ ۶۹۶، ۶۹۸، قدیمی)

(۱) "وعنه (أی عن ابن مسعود رضی الله تعالیٰ عنه) قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "إن لله ملائکةً سیاحین فی الأرض یبلغونی من أمتی السلام" . رواه النسائی والدارمی". (مشکوة المصابیح ، کتاب الصلوة، باب الصلوة علی النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم و فضلها، ص: ۸۶، قدیمی)

(سنن النسائی، کتاب السهو، باب التسلیم علی النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : ۱/ ۱۸۹ ، قدیمی)

(وسنن الدارمی، کتاب الرقائق، باب فی فضل الصلاة علی النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: ۲/ ۴۰۹، قدیمی)

بکمال درشتی دعویٰ کرتا ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اپنے خاتمہ کی بھی خبر نہیں تھی، اس کا کیا حکم ہے؟

۳.....اگر یہ دونوں ایک دوسرے کو کافر کہیں تو کیا حکم ہے، آیا ان کے پیچھے نماز جائز ہے یا نہیں؟

۴.....صاف عقیدہ جو کہ افراط وتفریط سے مبرا ہو تحریر فرمادیں۔

الجواب حامداً و مصلیاً :

۱.....ایجابِ کلی کا دعویٰ ''یعنی کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو جمیع مغیبات کا علم تھا، باری تعالیٰ کے اور آپ کے علوم کماً مساوی تھے، فرق صرف ذاتی اور عطائی کا تھا'' غلط اور خلاف نصوص ہے، سلبِ کلی کا دعویٰ ''یعنی یہ کہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو کسی غیب کا علم عطاء نہیں ہوا''، یہ بھی غلط ہے اور خلاف نصوص ہے، اول کی تردید کے لئے سلب جزئی کافی ہے، ثانی کی تردید کے لئے ایجاب جزئی کافی ہے۔

چنانچہ دونوں سلب جزئی وایجاب جزئی کے شواہدِ کثیرہ نصوص قرآنیہ وروایات حدیثیہ میں موجود ہیں، کتب عقائد میں بھی ہر دو کی تصریح کی گئی ہے : ﴿و عنده مفاتح الغيب لا يعلمها إلا هو﴾ (۱) ﴿قل لا يعلم من فى السموات والأرض الغيب إلا الله﴾ (۲) ﴿قل لا أقول لكم عندى خزائن الله و لا أعلم الغيب﴾ (۳) ﴿ولو كنت أعلم الغيب لاستكثرت من الخير﴾ (۴)۔

ان آیات میں علم غیب کی صراحۃً وقصداً نفی کی گئی ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ علی الاطلاق (بلا تصریح جزئی) علم غیب کو ثابت کرنا شرک یا موہم شرک ہے اور علم غیب کلی ثابت کرنا تو صریح شرک وکفر ہے۔ واقعہ افک، بیر معونہ، عقد، تابیر نخل سے بھی علم غیب کی نفی ہوتی ہے۔

"و فينا نبى يعلم ما فى غد'' کو منع فرمانا (۵) حدیث جبرئیل (۶) اور حوض کوثر پر جب آپ بعض

---

(۱) (الأنعام : ۵۹)

(۲) (النمل : ۶۵)

(۳) (الأنعام : ۵۰)

(۴) (الأعراف : ۱۸۸)

(۵) "فجعلت جويريات لنا يضربن بالدف و يندبن من قتل من آبائى يوم بدر، إذ قالت إحداهن : و فينا نبى يعلم ما فى غد، فقال: "دعى هذه و قولي بالذى كنت تقولين ". (صحيح البخارى، كتاب النكاح، باب ضرب الدف فى النكاح والوليمة : ۲/۷۷۳، قديمى)

(۶) (صحيح البخارى، كتاب الإيمان، باب سؤال جبريل النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم عن الإيمان والإسلام والإحسان وعلم الساعة الخ : ۱/۱۲، قديمى)

Made searchable using ScribeTools.com

کی سفارش فرمائیں گے اور جواب ملے گا "إنك لا تدری ما أحدثوا بعدك "(۱) اور سجدۂ شفاعت میں ایسی حمد فرمائیں گے جس کا علم ابھی عطاء نہیں ہوا (۲) وغیرہ وغیرہ سب شواہد ہیں۔ اور جزئی علم غیب کا ثبوت (جو کہ نقیض ہے سلب کلی کی) اتنا کثرت سے ہے کہ شاید کوئی علم حدیث اور آپ کی سیرت سے ادنیٰ سی مناسبت رکھنے والا بھی انکار نہیں کرے گا حتی کہ انہیں جزئیات کثیرہ کی وجہ سے ایک فریق کو ایجاب کلی کے دعویٰ کا سہارا مل گیا۔

"اعلم أن الأنبياء لم يعلموا المغيبات من الأشياء إلا ما أعلمهم الله أحياناً، و ذكر الحنفية تصريحاً بالتكفير باعتقاد أن النبی صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يعلم الغيب لمعارضة قوله تعالىٰ: ﴿قل لا يعلم من فی السموات والأرض الغيب إلا الله﴾ " شرح فقه اكبر، ص :۱۸۵ (۳)۔

صحیح عقیدہ اہل سنت والجماعت کا یہ ہے کہ خدائے قدوس کی ذات وصفات ومرضیات کا علم جس قدر آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو عطا ہوا اس قدر کسی مخلوق کو عطاء نہیں ہوا اور یہی علم موجب قرب وکمال ہے، تاہم باری تعالیٰ کا علم آپ کے علم سے بہت زیادہ اور غیر متناہی ہے۔

رہا درختوں کے پتوں اور ریت کے ذروں اور پانی کے قطروں کا علم، نہ آپ کو عطاء ہوا نہ یہ موجب کمال وقرب ہے کہ جس سے آپ کے کمال میں کوئی نقص پیدا ہو، ابتداءً آپ کو اپنے خاتمہ کا علم نہیں تھا: ﴿و ما أدری ما يفعل بی و لا بكم﴾ (۴) فرمایا گیا اور پھر ﴿ليغفر لك الله ما تقدم من

---

(۱) "قال النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : "أنا فرطكم على الحوض ليرفعن إلى رجال منكم، حتى إذا أهويت لأناولهم اختلجوا دوني، فأقول : أي رب! أصحابي، يقول : لا تدري ما أحدثوا بعدك ". (صحيح البخاری، كتاب الفتن، باب ما جاء فی قول الله تعالىٰ : (واتقوا فتنةً لا تصيبن الذين ظلموا منكم خاصة) الخ : ۱۰۴۵/۲، قديمی)

(۲) "فأنطلق، فآتي تحت العرش، فأقع ساجداً لربي، ثم يفتح الله عليّ من محامده و حسن االثناء عليه شيئاً لم يفتحه على أحد قبلي الخ ". (صحيح البخاری، كتاب التفسير، باب قوله تعالىٰ : (ذرية من حملنا مع نوح إنه كان عبدا شكورا) : ۲۸۵/۲، قديمی)

(۳) (شرح الفقه الأكبر للملا على القاري ، ص: ۱۵۱، قديمی)

(۴) (الأحقاف : ۹)

ذنبك و ما تأخر﴾ (۱) کے ذریعہ اس کا آپ کو علم عطاء کر دیا گیا۔

بعض مفسرین نے کہا ہے کہ عدم علم دنیا کے اعتبار سے ہے کہ کس شئ کا حکم ہو، کس شئ سے ممانعت ہو اور وفات کس صورت سے ہو بطور شہادت ہو یا اَور طرح، اور لوگ اتباع کریں یا نہ کریں وغیرہ وغیرہ، باقی آخرت کے متعلق آپ کو جنتی ہونے کا علم قطعی حاصل تھا، اسی کو ابن جریر وغیرہ نے قابل اعتماد قرار دیا ہے (۲)۔ اس مسئلہ پر مستقل رسائل بھی تصنیف ہوئے ہیں۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۳/ رمضان المبارک/ ۶۶ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، ۴/ رمضان المبارک/ ۶۶ھ۔

حضرت پیرانِ پیر کے متعلق عقیدۂ علم غیب

سوال [۲۵۱]: حضرت پیران پیر شاہ عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی طرف منہ کر کے ہاتھ باندھنا اور چند قدم پیر صاحب کی طرف چلنا اور اعتقاد رکھنا کہ پیر صاحب دیکھ رہے ہیں، ایسے اعتقاد والے کے لئے کیا حکم ہے؟

---

(۱) (الفتح : ۲)

(۲) "عن الحسن في قوله :"و ما أدري ما يفعل بي و لا بكم" فقال: أمّا في الآخرة فمعاذ الله ! قد علم أنه في الجنة حين أخذ ميثاقه في الرسل، و لكن قال : "وما أدري ما يفعل بي و لا بكم في الدنيا". (تفسير الطبرى، (الأحقاف : ۹) : ۲۶/۷، مصطفى البابى الحلبى)

"و أخرج ابن جرير" عن الحسن أنه قال فى الآية : أما في الآخرة فمعاذ الله تعالىٰ ! قد علم صلى الله عليه وسلم أنه في الجنة حين أخذ ميثاقه في الرسل، "ولكن ما أدري ما يفعل بي في الدنيا". (روح المعانى ،(الاحقاف : ۹) : ۲۶/ ۱۵، دار الفكر)

"واختار الطبري أن يكون المعنى : ما أدري ما يصير إليه أمري و أمركم في الدنيا، أتومنون أم تكفرون، أم تعاجلون بالعذاب أم تؤخرون، قلت: و هو معنى قول الحسن والسدي وغيرهما، قال الحسن : ما أدري ما يفعل بي و لا بكم في الدنيا، أما في الآخرة فمعاذ الله ! قد علم أنه في الجنة حين أخذ ميثاقه في الرسل و لكن قال:" ما أدري ما يفعل بي في الدنيا". (الجامع لأحكام القرآن للقرطبى، (الأحقاف : ۹): ۱۶/ ۱۲۵، دار الكتب العلمية)

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداًومصلیاً:

یہ عقیدہ کفروشرک ہے:"ویکفر بقوله: أرواح المشائخ حاضره تعلم"(مجمع الأنهر)(۱)۔

فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۶/۴/۵۵ھ۔

صحیح: سعید احمد غفرلہ

ایک شخص کا بعض مغیبات کی خبر دینا

سوال[۲۵۱]: ایک شخص نے ایک بچہ کے متعلق کہا کہ صرف دو ماہ زندہ رہے گا اور وہ واقعی دو ماہ کے بعد ختم ہوگیا، ایک لڑکی کے متعلق کہا کہ تو اپنے بیٹے کا آرام نہیں دیکھ سکتی اور پانچ ماہ کے بعد تم ختم ہوجاؤ گی، وہ بھی پانچ ماہ کے بعد ختم ہوگئی، میری عورت کے بارے میں کہا کہ تمہارے اوپر سات جھٹکے آئیں گے یا تم پہلے جھٹکے میں ختم ہوجاؤ گی یا پانچویں میں، اب میری عورت کے اوپر پانچ جھٹکے آچکے ہیں، ہم پریشان ہیں، شریعتِ مطہرہ اس مسئلے میں کیا فرماتی ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

اس قسم کی باتیں بتا کر مخلوق کو پریشانی میں ڈالنا بہت ہی غلط طریقہ ہے، حضرت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی کے متعلق ایسا نہیں فرمایا، کسی کی موت کا صحیح علم اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کو نہیں(۲) قرائن یا کسی کشف

---

(۱) (مجمع الأنهر، باب المرتد، ثم إن ألفاظ الكفر أنواع: ۱/۶۹۱، دار إحياء التراث العربی)

(وكذا فی الفتاوىٰ البزازية، كتاب ألفاظ تكون إسلاماً أو كفراً أوخطأً: ۶/۳۲۶، رشيديه)

(وكذا فی البحر الرائق، كتاب السير، باب أحكام المرتدين: ۵/۲۰۹، رشيديه)

(۲)قال الله تعالىٰ: ﴿إن الله عنده علم الساعة، و ينزل الغيث، ويعلم ما فی الأرحام، وما تدری نفس ما ذا تكسب غداً، وما تدری نفس بأي أرض تموت، إن الله عليم خبير﴾ (لقمان:۳۴)

"عن ابن عمر رضی الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: "مفتاح" و فی رواية: "مفاتيح الغيب خمسة لا يعلمها إلا الله تعالىٰ :لا يعلم أحد ما يكون فی غد، و لا يعلم أحد مايكون فی الأرحام، و لا تعلم نفس ما ذا تكسب غداً، و ما تدری نفس بأیّ أرض تموت، و ما يدری أحد..... =

Made Searchable by ScribeTools.com

سے جوعلم حاصل ہوتا ہے وہ شرعی حجت نہیں، آپ کو پریشان نہیں ہونا چاہئے، یہ بھی ممکن ہے کہ آئندہ کو جھٹکا ہی نہ آئے، یہ بھی ممکن ہے کہ مدتِ دراز کے بعد بالکل اخیر میں آئے، جتنی عمر اللہ تعالیٰ نے تجویز فرمادی ہے اس میں کمی زیادتی نہیں ہوسکتی (۱)، بس یہی ایمان اطمینان بخش ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۴/۱۰/۱۰ھ۔

تاریخی جنتریوں کی پیشن گوئیاں

سوال[۲۵۲]: یہ تاریخوں کی چھوٹی چھوٹی جنتریاں جن میں پیشنگوئیاں لکھی رہتی ہیں، ان کو دیکھنا اعتقاد رکھنا کیسا ہے اور بنانے والا کیسا ہے؟ اور یہ کس بزرگ نے کہا ہے اور جو کرتے رہتے ہیں ان پر یہ حکم عائد نہیں ہوگا؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

ان میں بعض چیزیں حساب سے متعلق ہیں (شرعی نہیں) جیسے ریلوے کے ٹائم ٹیبل کو دیکھ کر کوئی بتائے کہ فلاں گاڑی فلاں اسٹیشن پر اتنے بجے پہونچے گی (۲) بعض جنتریاں صرف عوام کو مائل کرنے کے لئے ہیں، غرض شرعی طریقہ سے ان پر اعتماد و یقین نہیں کیا جاسکتا، نہ اس مقصد کیلئے ان کو دیکھا جاتا ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

= متى يجيئ المطر". (روح المعانى: ۱۱۰/۲۱، دار إحياء التراث العربى بيروت)

(وكذا فى تفسير ابن كثير: ۴۵۴/۴، سهيل اكيڈمى لاهور)

(۱) "عن عبد الله ..... قال: فقال النبى صلى الله عليه وسلم: "قد سألت الله لآجال مضروبة و أيام معدودة وأرزاق مقسومة، لن يعجل شيئاً قبل حله أو يؤخر شيئاً عن حله، و لو كنت سألت الله أن يعيذك من عذاب فى النار أوعذاب فى القبر، كان خيراً و أفضل"..(الصحيح لمسلم: ۳۳۸/۲، كتاب القدر، باب بيان أن الأجال والأرزاق وغيرها لا تزيد و لا تنقص، قديمى)

"و حاصله أن القضاء المبرم الذى هو عبارة عن علم الله تعالىٰ بما سيكون لا يزاد فيه شيء و لا ينقص". (تكملة فتح الملهم: ۵۰۷/۵، كتاب القدر، باب بيان الآجال والأرزاق وغيرها لا تزيد و لا تنقص، مكتبه دار العلوم كراچى)

(۲) "وأما ما علم بحاسة أوضرورة أو دليل فليس بغيب، و لا كفر فى دعواه، و لا فى تصديقه على الجزم فى اليقينى، والظن فى الظنى عند المحققين". (النبراس شرح شرح العقائد، ص: ۳۵۳، مكتبه حقانيه ملتان) =

Made searchable using ScribeTools.com

ہاتھ دکھلا کر مستقبل معلوم کرنا ناجائز ہے

سوال[۲۵۳]: کیا مستقبل کا حال جاننے کے لئے اس فن کے کسی ماہر کو ہاتھ دکھلانا جائز ہے؟ اگر ہاتھ دکھلانے والا شوقیہ طور پر ہاتھ دکھلا رہا ہو اور ماہرِ فن کی باتوں پر یقین نہ کرے تو کیا اس سے شرعی پوزیشن میں کوئی فرق ہوگا؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

ناجائز ہے(۱) جس کا عقیدہ پہلے سے خراب ہو، اس کو عقیدہ صحیح کر کے توبہ کرنا لازم ہے، جس کا عقیدہ پہلے سے خراب نہ ہو، بلکہ تجربہ کے لئے دکھلاتا ہو اس کے لئے بھی اجازت نہیں، کیونکہ خود اس کے عقیدہ کے خراب ہونے کا خطرہ ہے اور فاسد العقیدہ لوگوں کے لئے فسادِ عقیدہ کی اس سے تائید ہوگی۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

املاہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند۔

☆.....☆.....☆.....☆.....☆

= "واستدلالي بسير النجوم و حركة الأفلاك على الحوادث بقضاء الله تعالىٰ و قدره، و هو جائز كاستدلال الطبيب بالنبض على الصحة والمرض". (رد المحتار، باب المرتد، مطلب فی دعوی علم الغیب: ۴/۲۴۳، سعید)

(۱) "من أتى كاهناً أو عرافاً فصدقه بما يقول، فقد كفر بما أنزل على محمد"، أخرجه أصحاب السنن الأربعة، و صححه الحاكم عن أبی هريرة رضی الله تعالىٰ عنه". (رد المحتار، باب المرتد، مطلب فی الكاهن والعراف: ۴/۲۴۲، سعید)

"عن بعض أزواج النبی صلی الله تعالىٰ عليه وسلم عن النبی صلی الله تعالىٰ عليه وسلم قال:" من أتىٰ عرافاً فسأله عن شيء لم تقبل له صلوة أربعين ليلةً". (الصحيح لمسلم، باب تحريم الكهانة وإتيان الكهان: ۲/۲۳۲، قديمی)

قال النووی: "العراف من جملة الكهان، و قال الخطابی وغيره: العراف هو الذی يتعاطى معرفة مكان المسروق و مكان الضالة ونحوهما". (شرح النووی على مسلم، باب تحريم الكهانة و إتيان الكهان: ۲/۲۳۲، قديمی)

ما یتعلق بالحاضر والناظر، والنور والبشر

(حاضر وناظر اور نور وبشر کا بیان)

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے حاضر وناظر ہونے کا عقیدہ

سوال[۲۵۴]: زید کا اعتقاد ہے کہ اللہ تعالیٰ نے سیدنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو وہ تصرف عطاء فرمایا ہے کہ عالم میں جہاں چاہیں اور جس وقت چاہیں باذن اللہ تشریف فرما ہو جائیں، اس بنیاد پر زید نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو حاضر ناظر مانتا ہوں، بعض لوگ کہتے ہیں کہ زید کے پیچھے نماز جائز نہیں، دریافت طلب امر یہ ہے کہ زید مسلمان ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

اللہ تبارک وتعالیٰ نے اپنے حبیب پاک حضرت رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کو وہ مقام عطاء فرمایا ہے جو کسی کو نہیں ملا(۱) اللہ پاک جہاں چاہے اور جب چاہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو پہونچا دے اور جس چیز پر چاہے مطلع فرمادے(۲)، اس اعتبار سے حاضر وناظر آپ کے صفت نہیں بنے گی، حاضر وناظر وہ ہے جو ہر جگہ،

---

(۱) ﴿عسیٰ أن یبعثک ربک مقاماً محموداً﴾. قلت: لرسول الله صلی الله علیه وسلم تشریفات یوم القیامة لا یشرکه فیها أحد، و تشریفات لا یساویه فیها أحد، فهو أول من تنشقّ عنه الأرض، و یبعث راکباً إلی المحشر، و له اللواء الذی آدم فمن دونه تحت لوائه، و له الحوض الذی فی الموقف أکثر وارداً منه، و له الشفاعة العظمی عند الله". (تفسیر ابن کثیر، (الإسراء: ۷۹): ۳/۷۷، دار الفیحاء)

"قال علیه السلام: "أعطیت مالم یعط أحد من الأنبیاء قبلي: نصرت بالرعب، و أعطیت مفاتیح الأرض، و سمیت أحمد، و جعل لی التراب طهوراً، و جعلت أمتي خیر الأمم". (فیض القدیر: ۲/۱۱۱۵، رقم الحدیث: ۱۱۶۹)

(۲) قال الله تعالیٰ: ﴿و ما کان الله لیطلعکم علی الغیب، و لکن الله یجتبي من رسله من یشآء﴾ (إل عمران: ۱۷۹)

وقال الله تعالیٰ: ﴿عالم الغیب فلا یظهر علی غیبه أحداً، إلا من ارتضی من رسول﴾. (الجن: ۲۶، ۲۷)

Made searchable using ScribeTools.com

ہروقت، ہر شے کے حق میں حاضر وناظر ہو، یہ صرف اللہ تعالیٰ کی صفت ہے(۱)۔ زید نے جو تاویل کی ہے اس تاویل کے اعتبار سے خدائے پاک کی دوسری صفات بھی دوسروں کے لئے ثابت کی جاسکتی ہیں، جس میں عقائد کے فساد کا قوی خدشہ ہے، تاویلِ مذکور کے اعتبار سے زید پر کفر وارتداد کا حکم نہ لگایا جائے (۲) مگر اس اطلاق کو موجبِ ضلال کہا جائے گا، زید کو اس سے باز آنا لازم ہے، جب تک وہ باز نہ آئے اس کو امام نہ بنایا جائے (۳)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۸/ ۸/ ۹۲ھ۔

الجواب صحیح، بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۸/ ۸/ ۹۲ھ۔

عقیدۂ حاضر وناظر

سوال[۲۵۵]: زید کہتا ہے کہ جو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو حاضر وناظر نہ جانے اس کو قتل کردو، اس کے گھر میں آگ لگادو اور اس کے بال بچوں کو بھی قتل کردو، اگر تم مارے گئے تو شہید ہوگے۔ کیا ایسا کہنا درست ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

دریافت کرنے کی ضرورت ہے کہ اتنا بڑا دعویٰ کس دلیل پر مبنی ہے، حالانکہ حدیث شریف میں آیا ہے کہ: "سباب المسلم فسوق وقتاله كفر"(٤)۔

---

(۱) "اعتقاد اینکہ کسے غیرِ حق سبحانہ حاضر وناظر، وعالمِ خفی وجلی در ہر وقت وہر آن است، اعتقاد شرک است"۔ (مجموعة الفتاوىٰ على هامش خلاصة الفتاوى: ۴/ ۳۳۱، امجد اكيڈمی)

(۲) "ان المسئلة المتعلقة بالكفر إذا كان لها تسع و تسعون احتمالاً للكفر، و احتمال و احد فی نفيه، فالأولى للمفتی والقاضی أن يعمل بالاحتمال النافی؛ لأن الخطاء فی إبقاء ألف كافر أهون من الخطاء فی إفناء مسلم واحد. وفی المسئلة المذكورة تصريح بأنه يقبل من صاحبها التأويل". (شرح الفقه الأكبر للملا علي القاری، ص: ۱۶۲، قديمی)

(۳) "و يكره إمامة عبد و أعرابی و فاسق و مبتدع الخ". (الدر المختار، باب الإمامة: ۱/ ۵۵۹، سعيد)

(۴) (مسند الإمام أحمد: ۲/ ۱۲،، رقم الحديث: ۴۱۶۷، ۲/ ۳۸، ورقم الحديث: ۴۳۳۲، دار إحياء التراث العربی) ..... =

اورقرآن پاک میں ہے:﴿ومن یقتل مومنا متعمداً، افجزائه جهنم﴾(۱)۔

قتل مومن کی سزا جہنم ہے اور بچوں کا قتل تو جہاد میں بھی منع کیا گیا ہے اگر چہ وہ بڑے سے بڑے کافر کا بچہ ہو۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

حاضر وناظر کا عقیدہ رکھنا

سوال[۲۵۶]: سورۂ حجرات میں اللہ تعالیٰ نے حضرت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ادب سکھایا ہے کہ دیوار کے باہر سے مت پکارو، نہ ان سے سلام وکلام میں آواز بلند کرو، جب باہر تشریف لائیں، تب سلام وکلام کرو وغیرہ وغیرہ۔ یہ سب دنیا کی زندگی کے واسطے بتایا اور اب بھی وہی حکم ہے کیونکہ میلاد میں زور سے سلام پڑھتے ہیں اور سینکڑوں کوس سے کیا حکم ہے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

یہ سب ادب ہمیشہ کے لئے ہے، حضرت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حدیث پاک میں ارشاد فرمایا ہے کہ جو شخص میری قبر کے پاس آ کر صلوۃ وسلام مجھ پر بھیجتا ہے میں اس کو سنتا ہوں اور جو شخص دور سے پڑھتا ہے وہ ملائکہ کے ذریعے پہنچایا جاتا ہے(۲) آواز بلند کر کے پڑھنا اور یہ عقیدہ رکھنا کہ خود حضور صلی اللہ

= "قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : "سباب المسلم فسوق و قتاله كفر ". (جامع الترمذى، أبواب الإيمان، باب ما جاء سباب المسلم فسوق : ۹۲/۲، سعيد)

(والصحيح لمسلم، كتاب الايمان، باب بيان قول النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : "سباب المسلم فسوق و قتاله كفر ". ۵۸/۱، قديمى)

(وصحيح البخارى، كتاب الأدب، باب ما ينهى عن السباب واللعن : ۸۹۳/۲، قديمى)

(۱) (النساء:۹۳)

(۲) "عن أبى هريرة –رضى الله تعالىٰ عنه– قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : "من صلى علىّ عند قبرى سمعته، و من صلى علىّ نائياً أبلغته " رواه البيهقى فى شعب الإيمان". (مشكوة المصابيح، باب الصلاة على النبي صلى الله عليه وسلم و فضلها : ۸۷/۱، قديمى)

Made searchable using ScribeTools.com

تعالیٰ علیہ وسلم یہاں حاضر وناظر ہیں اور بلا واسطہ سنتے ہیں یہ عقیدہ غلط ہے اوراس سے توبہ لازم ہے(۱)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حاضر وناظر کا عقیدہ

سوال[۲۵۷]: ''بہارشریعت'' مصنفہ احمد رضا خان صاحب میں لکھا ہے کہ ''رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے نور سے کل کائنات بنائی گئی ہے، اس معنی کر کے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہر جگہ حاضر وناظر ہیں''، کیا واقعی یہ سچ ہے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

میں نے یہ کتاب نہیں دیکھی، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ہر جگہ حاضر وناظر ہونے کا عقیدہ غلط ہے(۲)، یہ شان صرف اللہ تعالیٰ کی ہے: ﴿هو عالم الغيب والشهادة﴾ ہے(۳)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حاضر وناظر اور مقلب القلوب وغیرہ

سوال[۲۵۸]: ا.....زید کہتا ہے کہ بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حاضر وناظر اور مقلب القلوب ہیں اور ملک اور ملکوت کا مشاہدہ فرمارہے ہیں اور امت کے احوال وافعال، حرکات وسکنات، دلوں کے خطرات سے آگاہ ہیں، اپنی امت کو دیکھتے ہیں، ان کی نیت، ارادے اور دل کی باتوں سے واقف

---

(۱) "وفي البزازية قال علماؤنا : من قال أرواح المشايخ حاضرة تعلم، يكفر ". (البحر الرائق، كتاب السير، باب أحكام المرتدين : ۵/۲۰۹، رشيديه)

(وكذا في الفتاوىٰ البزازية، كتاب ألفاظ تكون إسلاماً أو كفراً أو خطأً : ۶/۳۲۶، رشيديه)

(وكذا في مجمع الأنهر شرح ملتقى الأبحر، باب المرتد، ثم إن الفاظ الكفر أنواع : ۱/۶۹۱، داراحياء التراث العربي، بيروت)

(۲) قال الله تعالىٰ: ﴿و ما كنت لديهم إذ يلقون أقلامهم أيّهم يكفل مريم، و ما كنت لديهم إذ يختصمون﴾. (آل عمران : ۴۴)

(۳)(الحشر : ۲۲)

قال الله تعالىٰ: ﴿عالم الغيب فلا يظهر على غيبه أحداً﴾. (الجن : ۲۶)

وقال الله تعالىٰ: ﴿ قل لا يعلم من في السموات والأرض الغيب إلا الله﴾. (النمل : ۶۵)

ہیں، دین پر چلنے والے کے رتبہ سے، اچھے برے کاموں، اخلاص ونفاق سے واقف ہیں۔اس کا دین اور ایمان کس درجہ کا ہے؟ کیا یہ قول صحیح ہے؟

۲.....زید اپنے قول کی تائید میں آیاتِ قرآنیہ اور احادیثِ نبویہ، نیز معتبر علماء ومشاہیر کے اقوال معہ حوالہ کتب ذیل پیش کرتا ہے:

(الف) حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی از کتاب ''اقرب السبل'' عبارت فارسی: ''**با چندیں اختلاف وکثرتِ مذاہب کہ در علمائے امت ہست یک کس را درین مسئلہ خلافے نیست کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بحقیقتِ حیات بے شائبہ مجاز و توہمِ تاویل دائم و باقی است، و بر اعمالِ امت حاضر و ناظر است، ومطالبانِ حقیقت را و متوجہان آنحضرت را مستفیض و مربی**''.

(ب) آیت شریف: ﴿یا أیها النبی إنا أرسلناك شاهداً و مبشراً و نذیراً﴾ (۱) ترجمہ: ''اے غیب کی خبر دینے والے نبی! ہم نے تم کو حاضر ناظر خوشخبری دینے والا، ڈر سنانے والا بنا کر بھیجا، شاہد کے تین معنی: حاضر ناظر وگواہ اور یہ کہ ہر تقدیر پر حضور حاضر وناظر ہیں۔

(ج) آیت کریمہ قرآنیہ: ﴿و جئنابك علی هؤلاء شهیداً﴾ (۲) ﴿ویکون الرسول علیکم شهیداً﴾ (۳) اس سے ثابت ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حاضر بھی ہیں اور ناظر بھی ہیں۔

(د) تفسیر روح البیان مصری، جلد دوم، ص: ۲۴۸ میں اسی آیت کریمہ کے تحت درج ہے کہ: ''شهادة الرسول علیکم اطلاع علی وقتیه کل متدین بدینه، و حقیقته التی هو علیها من دینه، وحجابه الذی هو محجوب عن کمال دینه، فهو یعرف ذنوبهم و حقیقة إیمانهم وأعمالهم و حسناتهم و سیئآتهم و إخلاصهم و نفاقهم و غیر ذلك بنور الحق''(٤)۔

---

(۱) (الأحزاب: ۴۵)

(۲) (النساء: ۴۱)

(۳) (البقرة: ۱۴۳)

(۴) (روح البیان: ۱/۲۵۰، البقرة: ۱۴۳، دار الکتب العلمیة)

Made searchable using ScribeTools.com

(ہ) تفسیر فتح العزیز میں اس آیت کریمہ کے تحت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی نے بالکل یہی تفسیر کی ہے: ﴿ویکون الرسول علیکم شهیداً﴾ "و باشد رسولِ شما گواہ، زیرا کہ او مطلع است بنورِ نبوت بر مرتبۂ متدین بدینِ خود کہ در کدام درجہ ازدینِ من رسیدہ است، و حقیقتِ ایمانِ او چیست، و حجابے کہ بداں از ترقی محجوب ماندہ است کہ مدام است، پس رومی شناسد گناہانِ شما را و درجاتِ ایمانِ شمارا، و اعمالِ نیک و بد شمار ا، و اخلاص و نفاقِ شمارا ،و لهذا شهادتِ او در دنیا و آخرت بحکمِ شرع در حقِ امت مقبول و واجب العمل است".

(و) امام ابن الحاج مدخل میں اور امام قسطلانی مواہب لدنیہ جلد دوم، ص: ۳۸۷، میں فرماتے ہیں:

"و قد قال علمائنا: لا فرق بین موته و حیاته علیه السلام، و فی مشاهدته لأمته، و معرفته بأحوالهم و نیاتهم و عزائمهم و خواطرهم، و ذلك جلی لاخفاء"(۱)، یعنی ہمارے علماء نے فرمایا کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حیات اور وفات میں کوئی فرق نہیں، اپنی امت کو دیکھتے ہیں اور ان کے حالات و نیات اور ارادے اور دل کی باتوں کو جانتے ہیں اور یہ بالکل ظاہر ہے۔

ان تصریحات اور ان کے علاوہ بہت سی کتابوں کی تصریحات سے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا حاضر و ناظر ہونا واضح روشن ہے اور مقلب القلوب ہونے کی قدرت اللہ عزوجل نے بخشی ہے۔

(ز) جو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو حاضر و ناظر نہیں جانتا اس کے پیچھے نماز نہیں ہوتی، ایسا امام ضرور امامت سے معزول کرنے کے قابل ہے۔

(ح) صحیح عقائد کے لئے بہار شریعت جلد اول، یا کتاب العقائد مصنفہ مولانا نعیم الدین صدر الافاضلؒ کی ملاحظہ کی جائے۔

کیا زید کا پیش کردہ ثبوت مندرجہ بالا اس کے قول کی تائید اور تصدیق کے لئے کافی ہے اور قابلِ تسلیم و صحیح ہے؟ اور آخری ائٹم میں جو کتاب بہار شریعت وغیرہ کا ذکر کیا گیا وہ حنفی عقیدہ کے مطابق صحیح ہے یا نہیں؟

۳..... بکر ایک مسجد میں امام ہے اور حنفی المسلک ہے، وہ زید کے قول اور پیش کردہ ثبوت کو صحیح تسلیم نہیں

---

(۱) (المواهب اللدنیة مع شرحه للزقانی: ۱۲/ ۱۹۵، دار الکتب العلمیه، بیروت)

کرتا اور کہتا ہے کہ جو صفات باری تعالیٰ عز اسمہ وجل جلالہ کی ذات کے لئے خاص ہیں، مثلاً ہر وقت اور ہر جگہ موجود ہونا، حاضر وناظر اور مقلب القلوب ہونا، ارادے اور نیتوں کا جاننا وغیرہ اگر بعینہ یہی صفات نبی علیہ الصلاۃ و السلام کے لئے مانی جائیں، پھر معبود اور عبد، وخالق ومخلوق میں کیا فرق رہ جاتا ہے؟ اگر پیغمبر علیہ السلام کو مقلب القلوب یعنی قلب بدلنے کی قدرت ثابت کی جاتی ہے تو کفار ومشرکین مکہ مثلاً: ابوجہل، ابولہب، ابی بن خلف وغیرہ دشمنانِ اسلام اور خصوصاً خواجہ ابوطالب جیسے شفیق ومہربان چچا کے دل کو پھیرنے میں کیا امر مانع رہا ہے؟

بہرحال اس عقیدہ کی بناء پر امام صاحب کو زید کے ہم خیال لوگوں نے امامت سے الگ کردیا کہ وہ حضور کو حاضر وناظر مقلب القلوب نہیں جانتا ہے۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

۱،۲..... حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تو اللہ تبارک وتعالیٰ سے خود ہی دعاء کیا کرتے تھے: "یا مقلب القلوب! ثبّت قلبی علی دینك" الحدیث (۱)۔

امت کے جو احوال حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تبارک وتعالیٰ نے بتادیئے وہ معلوم ہوگئے، جو نہیں بتائے وہ نہیں معلوم ہوئے۔ قرآن کریم میں بہت سی چیزیں ایسی مذکور ہیں جن کے متعلق بتایا گیا کہ ان کا علم اللہ تعالیٰ کے ساتھ مخصوص ہے، حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بھی ان کا علم نہیں تھا اور بھی کسی کو علم نہیں:

﴿یسئلونك عن الساعة أیان مرساها، قل إنما علمها عند ربی لا یجلیها لوقتها إلا هو﴾ (۲) ﴿وعنده مفاتح الغیب لا یعلمها إلا هو﴾ الایة (۳) ﴿قل لا أقول لكم عندی خزائن اللّٰه و لا أعلم الغیب﴾ (٤) ﴿ولو كنت أعلم الغیب لا ستكثرت من الخیر﴾(٥) ﴿و ما كنت بدعاً من الرسل و ما أدری ما یفعل بی و لا بكم﴾ (٦)۔

---

(۱) (مشكوة المصابیح، كتاب الإیمان، باب الإیمان بالقدر، ص: ۲۲ ۱، قدیمی)

(۲) (الأعراف: ۱۸۷)

(۳) (الأنعام: ۵۹)

(۴) (الأنعام: ۵۰)

(۵) (الأعراف: ۱۸۸)

(٦) (الأحقاف: ۹)

Made searchable using ScribeTools.com

صحاح کی حدیث شریف میں ارشاد ہے کہ: ''تم لوگ اپنا مقدمہ میرے پاس لاتے ہو، بعض لوگ اپنا دعوی ثابت کرنے میں بہت ماہر ولسان ہوتے ہیں، یاد رکھو کہ اگر اس کی باتوں سے متاثر ہوکر اس کے دعوی کو سچا سمجھ کر میں نے اس کے حق میں فیصلہ کردیا اور واقعۃً اس کا حق نہیں تھا تو وہ آگ کا ٹکڑا ہے جو اس کو دے رہا ہوں'' (۱)۔ غرض بے شمار احادیث واقعات سے علم کلی کی نفی ہوتی ہے۔

ملا علی قاریؒ نے لکھا ہے: "من اعتقد تسوية علم الله تعالىٰ و رسوله يكفر إجماعاً اهـ". موضوعات كبير ص: ۹۹ (۲)۔

صحیح بخاری شریف میں مذکور ہے کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے قرآن سنانے کے لئے ارشاد فرمایا انہوں نے سورہ نساء شروع کی، جب اس آیت پر پہونچے: ﴿فكيف إذا جئنا من كل أمة بشهيد، و جئنابك على هؤلاء شهيداً﴾ تو ارشاد فرمایا: ''بس کرو'' اور مبارک آنکھوں سے آنسو جاری ہوگئے (۳) اس پر شروحِ حدیث میں لکھا ہے کہ جس چیز کو نہیں دیکھا اس پر شہادت دینے کی دشواری کی بنا پر آنسو جاری ہوگئے (۴) تابیر نخل کی حدیث میں صاف صاف مذکور ہے: "أنتم

(۱) "عن رسول الله ﷺ أنه سمع خصومةً بباب حجرته، فخرج إليهم، فقال: "إنما أنا بشر، وإنه يأتيني الخصم، فلعل بعضكم أن يكون أبلغ من بعض، فأحسب أنه قد صدق، و أقضي له بذلك، فمن قضيت له بحق مسلم، فإنما هي قطعة من النار، فليأخذها أو ليتركها". (صحيح البخاري، كتاب المظالم والقصاص، باب إثم من خاصم في باطل و هو يعلمه: ۱/۳۳۲، قديمي)

(۲) (الموضوعات الكبير، لملا علي القاري، ص: ۱۶۲، نور محمد)

(۳) "عن عبد الله رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "اقرأ عليّ" قلت: أقرأ عليك و عليك أنزل؟ قال: "فإني أحب أن أسمعه من غيري" فقرأت عليه سورة النسآء حتى بلغت: ﴿فكيف إذا جئنا من كل أمة بشهيد و جئنا بك على هؤلاء شهيداً﴾ (النساء: ۴۱) قال: "امسك" فإذا عيناه تذرفان". (صحيح البخاري، كتاب التفسير، باب قوله: ﴿فكيف إذا جئنا من كل أمة بشهيد و جئنا بك على هؤلاء شهيدا﴾: ۲/۶۵۹، قديمي)

(۴) قال الحافظ ابن حجر رحمه الله تعالىٰ: "فبكى حتى ضرب لحياه و وجنتاه، فقال: "يارب! هذا على من أنا بين ظهريه، فكيف بمن لم أره". (فتح الباري، كتاب فضائل القرآن، باب البكآء عند فضائل القرآن: ۹/۱۲۲، قديمي) ..... =

Made Searchable by ScribeTools.com

أعلم بأمور دنياكم " (۱) واقعہ افک، (۲) بیرمعونہ (۳)، فقدِ عقد (۴)، حدیثِ حوض: "لا تدری ما أحدثوا بعدك" (۵) ۔ حدیثِ شفاعت وغیرہ وغیرہ صحاح میں مذکور ہیں (۶) شرح فقہ اکبر، ص: ۱۸۵، میں: "و بالجملة فالعلم بالغيب أمر تفرد به سبحانه تعالىٰ، و لا سبيل إليه للعباد، إلا بإعلام منه وإلهام بطريق المعجزة، أو الكرامة، أو الإرشاد إلى الاستدلال بالأمارات فيما يمكن فيه ذلك، ثم اعلم أن الأنبياء عليهم الصلاة والسلام لم يعلموا المغيبات من الأشياء إلا ماأعلمهم الله تعالىٰ أحياناً. وذكر الحنفية تصريحاً بالتكفير باعتقاد أن النبى عليه السلام يعلم الغيب لمعارضته قوله تعالىٰ : ﴿قل لا يعلم من فى السموات والأرض الغيب إلا الله﴾ كذا فى المسايرة "(۷).

= (وكذا فى عمدة القارى، كتاب التفسير ،باب: (فكيف إذا جئنا من كل أمة بشهيد، و جئنابک على هؤلاء شهيداً): ۱۸/ ۱۷۲ ،محمد أمين دمج بيروت)

(۱) "عن أنس أن النبى ﷺ مرّ بقوم يلقّحون ، فقال: "لو لم تفعلوا ،لصلح" قال: فخرج شيصاً،فمرّ بهم، فقال :""مالنخلكم"؟ قالوا: قلت كذا و كذا، قال: "أنتم أعلم بأمر دنياكم". (الصحيح لمسلم، كتاب الفضائل ، باب وجوب امتثال ماقاله شرعاً دون ما ذكره اهـ : ۲/ ۲۶۴ ، قديمى)

(۲) (تقدم تخريجه تحت عنوان: " علم غيب")

(۳) (تقدم تخريجه تحت عنوان: " علم غيب")

(۴) "عن عائشة رضى الله عنها زوج النبى صلى الله عليه وسلم قالت: خرجنا مع رسول الله صلى الله عليه وسلم بعض أسفاره، حتى إذا كنا بالبيداء أو بذات الجيش، انقطع عقد لى، فأقام رسول الله صلى الله عليه وسلم على التماسه، وأقام الناس معه". الحديث. (صحيح البخارى، كتاب التيمم: ۱/ ۴۸، قديمى)

(۵) (صحيح البخارى ، كتاب التفسير ، باب قوله:(كما بدأنا أول خلق) : ۲/ ۶۹۳ ، قديمى)

(۶) "عن أبى هريرة رضى الله عنه، قال: أتى رسول الله صلى الله عليه وسلم بلحم ..... فأقع ساجداً لربى، ثم يفتح الله على من محامده وحسن الثناء عليه شيأً لم يفتحه على أحد قبلى، ثم يقال: يا محمد! إرفع رأسک سل تعطه، واشفع تشفع". الحديث . (صحيح البخارى: ۲/ ۶۸۴، ۶۸۵، كتاب التفسير، (سورة بنى اسرائيل)، باب قوله: (ذرية من حملنا مع نوح) الخ قديمى)

(وسنن الترمذى: ۲/ ۷۰، ابواب صفة القيامة، باب ماجاء فى الشفاعة، سعيد)

(۷) (شرح الفقه الأكبر ،للقارى، ص: ۱۵۱ ، قديمى)

Made searchable using ScribeTools.com

جو چیز قرآن کریم ،صحیح احادیث ،اجماع ،علم الکلام والعقائد سے صاف صاف ثابت ہو وہ اصل ہے، پھر اگر کسی مسلمہ بزرگ کے کلام میں کوئی چیز اس کے خلاف منقول ہو اور نقل کی سند بھی معتبر نہ ہو تو اس میں تاویل کر کے اس کے لئے ایسا محمل تجویز کیا جائے گا جو قرآن کریم ،حدیث شریف ،اجماع ،تصریحاتِ متکلمین کے خلاف نہیں ،نہ یہ کہ اس کی وجہ سے قرآن کریم وحدیث شریف میں تاویل کی جائے یا ترک کیا جائے ۔اگر کسی مسلمہ بزرگ کا کلام نہ ہو یا نقل کی سند ہی معتبر نہ ہو تو تاویل کی بھی حاجت نہیں ،ویسے ہی وہ نا قابل التفات ہے۔

از (الف) تا (ح) میں کوئی ایسی شی ءنہیں جو قطعیات کے معارض ہو سکے ،جس کی وجہ سے قطعیات میں تاویل کی جائے بلکہ ان (الف) تا (ح) میں سے بعض چیزیں غلط ہیں ،بعض چیزیں بالکل ہی پایۂ اعتبار سے ساقط وناقابل التفات ہیں ،بعض محل تاویل ہیں۔

۳..... بکر کا عقیدہ صحیح ہے ،قرآن کریم ،حدیث شریف ،اجماع ،تصریحاتِ متکلمین کے موافق ہے ،اس کو امامت سے علیحدہ کرنا ظلم اور ناجائز ہے ،اس کے بالمقابل زید کا عقیدہ غلط ہے ،اس کو خود اپنی ہی فکر لازم ہے ،چاہئے کہ اپنا عقیدہ صحیح کرے۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند۔

أصاب من أجاب بذا الجواب: بندہ نظام الدین دارالعلوم دیوبند۔

کیا شاہد کا ترجمہ ''حاضر وناظر'' ہے؟

سوال[۲۵۹]: زید کا عقیدہ ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حاضر وناظر ہیں ،اور دلیل میں آیت: ﴿إنا أرسلناك شاهداً ومبشراً ونذيراً﴾ (۱) پیش کرتے ہوئے شاہد کا ترجمہ ''حاضر وناظر بنا کر بھیجا'' کرتا ہے۔سوال یہ ہے کہ کیا اس لفظ کا اطلاق آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر درست ہے؟ حاضر وناظر اگر باری تعالیٰ کی صفتِ مختصہ ہو تو براہ کرم کتب حدیث وفقہ وعقائد میں صفحہ کے حوالہ سے اس کی نشان دہی فرمائی جائے۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

حاضر کا ترجمہ ''ہر جگہ موجود'' اور ناظر کا ترجمہ ''ہر ایک کو دیکھنے والا'' اس معنی کے اعتبار سے یہ اللہ تعالیٰ

---

(۱) (الأحزاب: ۴۵)

کی صفتِ مختصہ ہے یعنی کوئی چیز اس سے مخفی نہیں وہ سب کو دیکھتا اور جانتا ہے:

﴿لایعزب عنه مثقال ذرة فی السمٰوٰت ولا فی الأرض﴾ (۱) ﴿یعلم السر وأخفی﴾(۲) ﴿علیم بذات الصدور﴾ (۳) ﴿بکل شَیء علیم﴾(٤) ﴿بکل شیء محیط﴾(٥) وغیرہ، بکثرت نصوصِ قرآنیہ موجود ہیں۔ حضرت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے متعلق بعض آیات میں صاف حکم ہے کہ آپ اپنے متعلق علم غیب کی نفی کا اعلان کردیں: ﴿قل لا أقول لکم عندی خزائن اللّٰه ولا أعلم الغیب﴾ (٦)۔

بعض آیات میں علم غیب کو اللہ تعالیٰ کے ساتھ مخصوص کیا گیا ہے بطریق حصر: ﴿و عنده مفاتح الغیب لا یعلمها إلا هو﴾ (۷) بعض آیات میں بعض چیزوں کا علم اللہ تعالیٰ کے ساتھ مخصوص قرار دیا گیا ہے: ﴿لا یجلیها لوقتها إلا هو﴾(۸)۔

بعض آیات میں بعض خاص چیزوں کے علم کی حضرت رسول اکرم ﷺ سے نفی کی گئی ہے: ﴿و ما علمناه الشعر﴾(۹) ﴿و من أهل المدینة مردوا علی النفاق، لا تعلمهم نحن نعلمهم﴾(۱۰) ﴿رسلاً قد قصصنا هم علیك من قبل و رسلاً لم نقصصهم علیك﴾ (۱۱) ﴿قل ما کنت بدعاً من

---

(۱) (السبأ : ۳)

(۲) (طٰهٰ : ۷)

(۳) (الملک : ۱۳)

(۴) (التوبة : ۱۱۵)

(۵) (حم السجدة : ۵۴)

(٦) (الأنعام : ۵۰)

(۷) (الأنعام : ۵۹)

(۸) (الأعراف : ۱۸۷)

(۹) (یٰس : ٦۹)

(۱۰) (التوبة : ۱۰۱)

(۱۱) (النسآء : ۱٦۴)

Made searchable using ScribeTools.com

الرسل و ما أدری ما یفعل بی و لا بکم﴾ (۱) بعض آیات میں علم غیب سے ناواقف ہونے پر بعض امور بطور شرط وجزاء مذکور ہیں: ﴿لو کنت أعلم الغیب لا ستکثرت من الخیر و ما مسنی السوء﴾ (۲)۔

پھر بطورِ ایجاب جمیع علومِ غیبیہ کا حاوی تسلیم کرنا ان نصوص کے خلاف ہے، احادیث تو بے شمار ہیں جن سے اس ایجاب کلی کی نفی ہوتی ہے، بلکہ حدیث میں یہ بھی ارشاد فرمایا کہ میں حوض کوثر پر ہوں گا اور کچھ لوگوں کو لایا جائیگا مگر پھر وہ میری نظر سے اوجھل ہو جائیں گے، میں کہوں گا کہ یہ تو میرے آدمی ہیں، جواب ملے گا: "لا تدری ما أحدثوا بعدك" کہ آپ کو معلوم نہیں یہ کن بدعات میں مبتلا ہو گئے تھے؟ تو میں کہوں گا کہ ایسے لوگوں کو آگ میں دھکیل دو کہ جنھوں نے دین میں تبدیلی کردی (۳)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بشر بھی ہیں نور بھی ہیں

سوال [۲۶۰]: کلام پاک کے اندر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لئے بشر کا لفظ بھی آیا ہے اور نور کا لفظ بھی آیا ہے: ﴿قل إنما أنا بشر مثلکم﴾ (٤) الآیة، ﴿قد جاء کم من اللّٰہ نور و کتاب مبین﴾ (۵)، ان دونوں آیتوں کا مطلب کیا ہے؟ واضح طور پر لکھیں۔ اگر ہم حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو صرف نور مان لیں اور بشر نہ مانیں یا بشر مانیں، نور نہ مانیں اور خدا کو ہر جگہ حاضر وناظر نہ سمجھنا اور حضور کو..... سمجھنا کیسا ہے اور نور سے کیا مراد ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

حضرت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو جب اللہ تعالیٰ نے بشر قرار دیا اور بشریت کے اعلان کا

---

(۱) (الأحقاف : ۹)

(۲) (الأعراف : ۱۸۸)

(۳) (صحیح البخاری، کتاب الفتن، باب ما جاء فی قول اللہ : (واتقوا فتنةً لا تصیبن الذین ظلموا منکم خاصةً) : ۱۰۴۵/۲، قدیمی)

(۴) (الکهف : ۱۱۰)

(۵) (المائدة : ۱۵)

حکم فرمایا (۱) تو پھر آپ کو بشر نہ ماننا خدائے قہار کا مقابلہ کرنا ہے؟ حضرت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو نور فرمایا گیا ہے جب کہ قرآن کریم کو بھی نور فرمایا گیا ہے، اس کا مطلب خود قرآن شریف میں موجود ہے:

﴿قد جاء کم من اللّٰہ نور و کتاب مبین، یھدی اللّٰہ بہ من اتبع رضوانہ سبل السلام، و یخرجھم من الظلمات إلی النور بإذنہ، و یھدیھم إلی صراط مستقیم﴾: أی ینجیھم من المھالك، ویوضح لھم المسالك، فیصرف عنھم المعذور، و یحصل لھم أحب الأمور، و ینفی عنھم الضلالۃ، ویرشدھم إلی أقوم حالہ اھـ". تفسیر ابن کثیر ۲/۳٤(۲)۔

یعنی آپ کی ہدایت پر عمل کرنے سے آدمی بادیۂ ضلالت کی تاریکیوں سے نکل کر سبیل الرشاد اور صراط مستقیم کی روشنی میں آجاتا ہے، پھر نافرمانی کی مہلکات سے بچ کر اطاعت کے جادہ مستقیم پر گامزن ہوکر سخط و غضب کے مظہر جہنم سے نجات پاتا اور رحمت ورضوان کے مظہر جنت میں دخول کی سعادت حاصل کرتا ہے۔

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے نور ہونے کا مطلب یہ نہیں ہے کہ آپ صفات بشری: کھانے، پینے، سونے، جاگنے، بیٹھنے، لیٹنے، خرید وفروخت، جنگ وصلح، نکاح وطلاق، بیماری وصحت وغیرہ امور سے بے نیاز اور بری تھے۔ کفار کہا کرتے تھے: ﴿مال ھذا الرسول یأکل الطعام و یمشی فی الأسواق﴾ الایہ (۳)۔

---

(۱) قال اللہ تعالیٰ: ﴿قل إنما أنا بشر مثلکم، یوحیٰ إلیّ أنما إلٰھکم إلٰہ واحد﴾". (الکھف: ۱۱۰)

وقال اللہ تعالیٰ: ﴿قل إنما أنا بشر مثلکم، یوحیٰ إلي أنما إلٰھکم إلٰہ واحد، فاستقیموا إلیہ واستغفروہ، وویل للمشرکین﴾". (حم السجدۃ: ٦)

(۳) (تفسیر ابن کثیر، (المائدۃ: ۱٦): ۲/۳۲، دار القلم)

"﴿قد جاء کم من اللہ نور و کتاب مبین﴾ یرید القرآن لکشفہ ظلمات الشرک و الشک، و لإبانتہ ما کان خافیاً علی الناس من الحق، أو لأنہ ظاھر الإعجاز، أو النور محمد علیہ الصلاۃ والسلام؛ لأنہ یھتدی بہ کما سمي سراجاً". (المدارک، (المائدۃ: ۱۵)، ۱/۳۱۳، قدیمی)

"﴿قد جاء کم من اللہ نور﴾ عظیم، و ھو نور الأنوار والنبي المختار صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، وإلی ھذا ذھب قتادۃ، واختارہ الزجاج، وقال أبو علي الجبائي: عنی بالنور القرآن، لکشفہ وإظھارہ طرق الھدی و الیقین". (روح المعانی، (المائدۃ: ۱۵): ٦/۱۴۳، دار الفکر)

(۳) (الفرقان: ۷)

Made Searchable using ScribeTools.com

یہ کیسے رسول ہیں کہ کھانا کھاتے ہیں اور بازاروں میں چلتے پھرتے ہیں؟

البتہ بشر ہونے کے باوجود اللہ پاک نے آپ کو بہت سی خصوصیات سے نوازا، اپنا حبیب وخلیل بنایا، تمام پیغمبروں کا سید بنایا، قرآن کریم آپ پر نازل فرمایا، ہر قسم کے گناہوں سے آپ کو معصوم رکھا، آپ کے صحابہ اور اہل بیت کو وہ درجہ دیا کہ پیغمبروں کے بعد کسی کو نہیں ملا، اپنی رضا اور نجات کو آپ کی اتباع میں منحصر کردیا(۱) حتیٰ کہ:

بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر

ہر جگہ حاضر وناظر ہونا خداوند تعالیٰ کی صفت خاصہ ہے: ﴿عالم الغیب و الشهادة﴾ (۲) صرف وہی ایک ذات ہے اور یہ صفت اس کی ذاتی صفت ہے جس کو کوئی چھین نہیں سکتا، جو شخص اس کی اس صفت کی نفی کرتا ہے اور حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ہر جگہ حاضر وناظر سمجھتا ہے وہ غلطی پر ہے اور اس کا یہ عقیدہ قرآن کریم کے خلاف ہے:

﴿قل لا أقول لكم عندى خزائن الله ولا أعلم الغيب﴾ الاية (۳)

آپ کہہ دیجئے کہ میں تم سے نہیں کہتا کہ میرے پاس خزائن اللہ ہیں اور نہ میں عالم الغیب ہوں۔ صحیح بخاری شریف میں بھی اس پر انکار فرمایا گیا ہے (۴)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ مدرسہ جامع العلوم کانپور۔

بشریت نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

سوال[۲۶۱]: حسب ذیل آیت کا شان نزول کیا ہے: ﴿قل إنما أنا بشر مثلكم يوحىٰ إلىّ﴾ (۵)۔

---

(۱) قال الله تعالىٰ: ﴿من يطع الرسول فقد أطاع الله﴾. (النسآء: ۸۰)

و قال تعالىٰ: ﴿قل إن كنتم تحبون الله، فاتبعونى يحببكم الله و يغفر لكم ذنوبكم﴾. (آل عمران: ۳۱)

(۲) (الحشر: ۲۲) (۳) (الانعام: ۵۰)

(۴) "و من حدثك أنه يعلم ما فى غد، فقد كذب، ثم قرأت: ﴿و ما تدرى نفس ما ذا تكسب غداً﴾". (صحيح البخارى، كتاب التفسير، (سورة النجم): ۲/ ۷۲۰، قديمى)

"و من زعم أنه يخبر بما يكون فى غد، فقد أعظم على الله الفرية، والله يقول: ﴿قل لا يعلم من فى السموات والأرض الغيب إلا الله﴾". (الصحيح لمسلم، كتاب الإيمان، باب معنى قول الله عزوجل: ﴿ولقد راه نزلةً أخرى﴾: ۱/ ۹۸، قديمى)

(۵) (الكهف: ۱۱۰)

الجواب حامداًومصلیاً:

منکرین کہتے تھے کہ جوشخص بشر ہو وہ رسول کیسے ہوسکتا ہے؟ کیونکہ بشرتو حوائجِ ضروریہ میں مبتلا رہتا ہے، رسول کوان سے پاک ہونا چاہئے، اس کی تردید کے لئے یہ آیت نازل ہوئی: ﴿قل إنما أنا بشر مثلكم يوحىٰ إلىّ﴾ (۱) کہ آپ کہہ دیجئے کہ میں بشر ہوں، میرے ساتھ بھی حوائج ہیں، کسی اَورنوع کا فرد نہیں ہوں (نہ جن ہوں، نہ فرشتہ) بات اتنی ہے کہ میرے پاس وحی آتی ہے کہ تمہارا خدا صرف ایک ہے، اس کے ساتھ کسی کوشریک مت کرو (۲)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

املاہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

---

(۱) (الكهف: ۱۱۰)

(۲)"قال المشركون :لاميزة لهذا النبى الذى يدّعى الرسالة،فهو يأكل كما نأكل،ويشرب كما نشرب،ويحتاج إلى ذلك كما نحتاج إليه،يعنون أنه كان يجب أن يكون ملكاً مستغنياً عن الأكل والتعيش. ﴿ويمشى فى الأسواق﴾ :أى يترددفيها وإليها،طلباً للتكسب والتجارة ، وابتغاءً للرزق والمعيشة، فمن أين له الفضل علينا، وهو مثلنا فى هذه الأمور؟ وهذا منهم تصور مادى محض وموازنة ساذجة، فإن الرسل لم يمتازوا بصفات حسية مادية، فهم فى هذا كغيرهم من البشر،وإنما امتازوا بقِيَم معنوية ومكاسب أدبية وطهارة نفسية،لذاقال تعالى: ﴿قل إنما أنا بشرمثلكم، يوحىٰ إلىّ أنما إلهكم إله واحد﴾".(التفسير المنير:(الفرقان :۷): ۱۹/ ۲۲،دارالفكر)

"ومراد هم استبعاد الرسالة المنافية لأكل الطعام وطلب المعاش على زعمهم،فكأنهم قالوا: إن صح مايدّ عيه، فما باله لم يخالف حاله حالنا؟ وليس هذا إلا لِعُمههم، وركاكة عقولهم ، وقصور أبصارهم على المحسوسات، فإن تميز الرسل عليهم الصلاةوالسلام عما عداهم ليس بأمور جسمانية،وإنما هو بأمور نفسانية: أعنى ماجبلهم الله تعالى عليه من الكمال كما يشير إليه قوله تعالى :﴿قل إنما أنا بشرمثلكم، يوحىٰ إلىّ أنما إلهكم إله واحد﴾". (روح المعانى،(الفرقان: ۷): ۱۸/ ۳۴۸،دارالفكر)

"قال البغوى : كانوا يقولون: لست أنت بملك؛ لأنك تأكل والملك لا يأكل،ولست أنت بملك؛ لأن الملك لايتسوق وأنت تتسوق وتتبذل،قلت: كلا مهم هذا فاسد؛ لأنه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم لم يدّ ع الملكة ولا السلطان،بل قال :﴿إنما أنا بشر مثلكم يوحى إلىّ﴾ وادّعاؤه النبوة غيرمناف لأكل الطعام والمشى فى الأسواق الذى هو مقتضى البشرية التى هى من لوازم النبوة؛ لأن النبى لايكون إلا بشراً؛ لأن المجانسة شرط الإفاضة والإستفاضة ." (التفسير المظهرى،(الفرقان:۷): ۷/ ۱۲،حافظ كتب خانه كوئٹه)

Made searchable using ScribeTools.com

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو نور بھی دیا گیا

سوال[۲۶۲]:﴿قدجاء کم من اللّٰہ نور وکتاب مبین﴾(۱) کا شان نزول کیا ہے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

یہودی لوگ اپنی کتاب کی کچھ باتیں چھپاتے تھے اور کچھ ظاہر کرتے تھے، اس کی اطلاع اللہ تعالیٰ نے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دی اور آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو نور نبوت کے ذریعہ وہ چیز خوب ظاہر ہوگئی، اسی کو اس آیت میں فرمایا گیا ہے کہ اللہ کی طرف سے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو کتاب (قرآن مجید) عطا ہوئی، اور نورِ نبوت بھی عطا ہوا جس سے یہود کی دسیسہ کاریاں آپ پر ظاہر ہوگئیں (۲)۔ فقط واللہ اعلم۔

املاہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند۔

---

(۱) (المائدة: ۱۵)

(۲) "(یاأهل الکتاب .....)أخرج ابن جریر الطبری عن عکرمة قال : إن نبی اللّٰہصلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم أتاه الیهود: یسألونه عن الرجم، فقال : "أیکم أعلم"؟ فأشاروا إلی ابن صوریا،فناشده بالذی أنزل التوراة علی موسی،والذی رفع الطور،والمواثیق التی أخذت علیهم، حتی أخذه أفکل: رعدة من الخوف،فقال: لما کثر فینا جلدنا مائةً، وحلقنا الرؤوس،فحکم علیهم بالرجم،فأنزل اللّٰہ:"(یاأهل الکتاب)" إلی قوله "(صراط مستقیم)".

(التفسیر المنیر،(المائده : ۱۵): ۱۳۲/۶،دارالفکر)

"(یاأهل الکتاب)خطاب للفریقین جمیعاً،بعد أن ذکر کل فرقة علی حدة .قوله : (کآیة الرجم وصفته): أی فقد أخفوهما، وأطلع اللّٰہ نبیه علی أنهما فی التوراة،فبین ذلک وأظهره، وهومعجزة لرسول الله صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم ؛ لأنه لم یقرأکتابهم، ولم یجلس بین یدی معلم ."(حاشیة الصاوی علی الجلالین،(المائده : ۱۵): ۱۰۵/۲،دارالباز)

"(قدجاء کم رسولنا)" محمد صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم (یبین لکم کثیراً مماکنتم تخفون من الکتاب): أی من کتبکم من الإیمان به،ومن آیة الرجم، ومن قصة أصحاب السبت الذین مسخوا قردةً،فإنهم کانوا یخفونها."(الجامع لأحکام القرآن للقرطبی،(المائده : ۱۵): ۷۸/۶،دارالکتب العلمیة)

ما یتعلق بالمعجزة والکرامة والإلهام

(معجزہ، کرامت اور الہام کا بیان)

معجزہ وکرامت

سوال[۲۶۳]: کرامة الولی، و معجزة النبی صلی اللّٰه تعالیٰ علیه و سلم من أفعال اللّٰه التکوینة المختصة به الخارق للعادة، لیست من أفعال الولی و النبی، و مقدوراتها وإن کان قد یکون المظهر لهما: الولی والنبی۔ وصلی اللّٰه تعالیٰ علی خیر خلقه محمد واله و أصحابه أجمعین۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

الأمر الخارق للعادة إن صدر من الولي فهو الکرامة، وإن صدر من النبي صلی اللّٰه تعالیٰ علیه و سلم علامةً و تصدیقاً للنبوة فهو المعجزة (۱)۔ وآخر دعوانا أن الحمد للّٰه رب العالمین، والصلوة علی سید المرسلین وعلی اله وأصحابه أجمعین۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۴/۱۱/۸۸ھ۔

---

(۱) "فالحاصل أن الأمر الخارق للعادة بالنسبة إلی النبی معجزة، سواء ظهر من قِبَله أو من قِبل آحاد أمته، و بالنسبة إلی الولي کرامة لخلوه عن دعوی النبوة". (رد المحتار، باب العدة، فصل فی ثبوت النسب، مطلب فی ثبوت کرامات الأولیاء والاستخدمات: ۳/۵۵۱، سعید)

"والحاصل أن الأمر الخارق للعادة هو بالنسبة إلی النبی صلی اللّٰه تعالیٰ علیه وسلم معجزة، سواء ظهر من قِبَله أو قِبل أمته، لدلالته علی صدق نبوته و حقیة رسالته، فبهذا الاعتبار جعل معجزةً له، و إلا فحقیقة المعجزة أن تکون مقارنةً للتحدی علی ید المدعی، و بالنسبة إلی الولی کرامة". (شرح الفقه الأکبر للملاعلی القاري، ص: ۸۰، قدیمی)

"ثم ذکر بعدُ أن الکرامة والمعجزة لیس بینهما فرق إلا وقوع المعجزة علی حسب دعوی النبوة، والکرامة دون إدعائه النبوة". (الفتاوی الحدیثیة، مطلب فی الکلام علی کرامات الأولیاء علی أکمل وجه، ص: ۳۹۶، قدیمی)

Made searchable using ScribeTools.com

شعبدہ بازی، کرامت اور معجزہ میں فرق

سوال[۲۶۴]: ایک شخص شعبدہ بازیاں کرتا ہے، اس کو کرامات اور معجزات کہتا ہے اور تمام شعبدوں کو شریعتِ اسلامیہ سے منسوب کرتا ہے اور کہتا ہے کہ جو حالات رات کو ہوتے ہیں وہ تمام اور آئندہ ہونے والے تمام واقعات مجھ پر ظاہر اور روشن ہیں، میرے قبضہ میں جن یا مؤکل ہیں، یہ مجھے سب خبریں پہونچا دیتے ہیں اور جس کو ٹخنوں یا گھٹنوں میں درد ہو وہ اس کے پاس جاتے ہیں۔ اور وہ شخص کہتا ہے کہ تم کو گنڈے ہیں میں ابھی نکالتا ہوں، چنانچہ سوا گیارہ روپے فیس لیکر تختہ دیوار کو لیکر یا صحن کو کھدوا کر ایک ٹکڑا ٹین کا نکالتا اور کہتا ہے کہ اس میں جو بت کاغذ میں لپٹا ہوا ہے اس کو دریا میں پھینک دو اور تم اچھے ہو جاؤ گے۔ اور بعض پوچھتے ہیں کہ میرا لڑکا بیمار ہے، سر کو نہیں اٹھاتا، آنکھیں نہیں کھولتا اس کی نسبت پختہ خبر دے دو کہ اس کو کیا ہو گیا ہے تو ان کو یا تو کتاب کھول کر اس کی بیماری کی وجہ بتائی جاتی ہے اور اس کے صحت پانے کا دن بتایا جاتا ہے یا ایک سفید کاغذ کا ٹکڑا دیا جاتا ہے اور کہا جاتا ہے کہ اس کو آگ کے اوپر رکھدیں جو واقعات ہوں گے جنات اس پر لکھ جائیں گے، جس کو آگ پر رکھنے سے مضمون واضح ہو جاتا ہے کہ یہ فلاں دن مر جائے گا یا اچھا ہو جائے گا۔

وہ چوتھے حصہ سر کا مسح بھی اس وجہ سے کہ اس کے سر پر بال نہیں گنجا ہے چھوڑ دے اور نماز خود بھی پڑھے اور امامت بھی کرے اور اپنے اردگرد لکیر کھینچ کر کچھ افسوں پڑھتے پڑھتے خود کو مانند بے ہوش کے کر دیتا ہے اور مخاطب کو کہتا ہے کہ دیکھ اور پوچھ کیا پوچھتا ہے۔ اور اس حالت میں بے تیل چراغ جلانا اور کچھ چیزوں کا چھت سے گرانا اور گم شدہ چیزوں اور پیٹ کے حمل سے مطلع کرنا اور خلاف مرضی حاکم کے فیصلہ کرانے کا مدعی ہونا۔ اور کیا ان لوگوں کے حق میں جو اس کے بھائی ہوں ان باتوں پر یقین وعمل کریں اور اس کو اولیاء اللہ سمجھیں؟ فقط۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

غیب کا تمام علم خدا کے سوا کسی کو نہیں، جو اس کا مدعی ہے وہ نص قطعی کا منکر ہے (۱) نہ ایسا دعوی کرنا جائز ہے، نہ خدا کے سوا کسی کے متعلق ایسا عقیدہ رکھنا جائز (۲)۔ سوال میں جو مذکور ہے وہ بہت معمولی بات

---

(۱) قال الله تعالیٰ: ﴿ قل لا يعلم من في السموٰات والأرض الغيب إلا الله ﴾. (النمل : ٦٥)

(۲) "و حاصله أن دعوى علم الغيب معارضة لنص القرآن، فيكفر بها". (رد المحتار، باب المرتد، مطلب في دعوى علم الغيب : ۲۴۳/۴، سعيد)

Made Searchable by ScribeTools.com

ہے، بہت چھوٹے چھوٹے آدمی بلکہ غیر مسلم ایسا کر لیتے ہیں، ان چیزوں کو کرامات یا معجزات سے کوئی تعلق نہیں (۱) کرامات اولیاء اللہ سے صادر ہوتی ہیں اور معجزہ انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام سے (۲)، نبوت ختم ہوچکی ہے اب قیامت تک کوئی بھی نبی نہیں آئے گا (۳) اور جو شخص نبوت کا دعوی کرے گا وہ کافر

---

(۱) "قال علماؤنا: من أظهر الله على يديه ممن ليس بنبي كرامات و خوارق للعادات، فليس ذلک دالاً على ولايته، خلافاً لبعض الصوفية والرافضة. هذا لفظه، ثم استدل على ما قال: بأنا لا نقطع بهذا الذى جرى الخارق على يديه أن يوافي الله بالإيمان، و هو لا يقطع لنفسه لذلک: يعنى والولى الذى يقطع له بذلک فى نفس الأمر، قلت: و قد استدل بعضهم على أن الخارق قد يكون على يدى غير الولى، بل قد يكون على يد الفاجر والكافر أيضاً بما ثبت عن ابن صياد أنه قال : هو الدخ حين خبأ له رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه و سلم: ﴿فارتقب يوم تأت السماء بدخان مبين﴾ الخ". (تفسير ابن كثير ،(البقره :۳۴): ۱/۱۱۶، دار الفيحاء)

"و مما يجب أن يعلم أن من واظب على الرياضات الشاقة ظهرت عنه الخوارق ولو كان كافراً، وهذا امتحان شديد لضعفاء المسلمين، و سبب لضلالهم و سوء اعتقادهم بالشرائع، فليحفظ المؤمن إيمانه عن هذه الآفة، وسمي استدراجاً؛ لأنه سبب الوصول إلى النار بالتدريج". (النبراس ، ص: ۲۹۵، ۲۹۶، امداديه ملتان)

"و فراسة رياضية ، و هى التى تحصل بالجوع والسهر والتخلي ، فإن النفس إذا تجرد ت عن العوائق، صار لها من الفراسة والكشف بحسب تجردها ، و هذه فراسة مشتركة بين المؤمن والكافر، و لا تدل على إيمان و لا على ولاية ، ولا تكشف عن حق نافع، و لا عن طريق مستقيم ، بل كشفها من جنس فراسة الولاة وأصحاب عبادة الرؤساء والأطباء و نحوهم". (شرح العقيدة الطحاوية لابن ابى العز ، ص: ۴۹۹، قديمى)

(وكذا فى شرح الفقه الأكبر للملا على القارى ، ص: ۸۰ ، قديمى)

(۲)" فالحاصل أن الأمر الخارق للعادة بالنسبة إلى النبى معجزة، سواء ظهر من قِبله أو من قِبل آحاد أمته ، وبالنسبة إلى الولي كرامة لخلوه عن دعوى النبوة ". (رد المحتار ، فصل فى ثبوت النسب ، مطلب فى ثبوت كرامات الأولياء والاستخدامات : ۳/ ۵۵۱، سعيد)

(۳) قال الله تبارک و تعالىٰ: ﴿ ما كان محمدٌ أبا أحد من رجالكم، و لكن رسول الله وخاتم النبيين﴾ (الأحزاب : ۴۰)

"و أنا العاقب ، والعاقب الذى ليس بعده نبى". متفق عليه". (مشكوة المصابيح ، باب أسماء النبي صلى الله تعالىٰ عليه و سلم و صفاته : ۲/ ۵۱۵، قديمى)

Made searchable using ScribeTools.com

ہوگا (۱) کرامت اولیاء اللہ سے صادر ہوتی ہے اور کوئی شخص بلا اتباع شریعت ولی نہیں بن سکتا (۲)۔

لہذا شخص مذکور کے افعال نہ معجزہ ہیں نہ کرامت، ممکن ہے محنت ومشقت کے بعد بعض جنات کو تابع کرلیا ہو، سو یہ کوئی مقبولیت کی علامت نہیں ہے، بسا اوقات جنات تابع کرنے کے لئے ناجائز افعال کا ارتکاب کرنا پڑتا ہے، اگر کوئی ناجائز فعل نہ بھی کیا ہو تب بھی خود جنات کا تابع کرنا محل کلام ہے اور یہ بھی ممکن ہے کہ یہ شخص شعبدات کرتا ہو جیسا کہ عام بازاری آدمی تماشہ دکھانے کے لئے شعبدات کرتے اور اپنا پیٹ پالتے ہیں۔

چوتھائی سر کا مسح کرنا فرض ہے (۳) خواہ بال ہوں یا نہ ہوں، جو شخص مسح نہیں کرتا وہ بلا وضو نماز پڑھتا ہے، لہذا ایسے شخص کی امامت قطعاً ناجائز ہے (۴) جو شخص اس کے پیچھے نماز پڑھے گا اس کی نماز نہیں ہوگی۔

الحاصل : احوال مذکورہ نہ نبی کے احوال ہیں کہ ان کو معجزہ کہا جائے، نہ ولی کے احوال ہیں کہ ان کو کرامت کہا جائے، بلکہ ایک بازاری شعبدہ باز کے احوال ہیں جو شرعاً بالکل ناقابل اعتبار ہیں، اس شخص کو عالمِ غیب جان کر اس سے علاج کرانا ہرگز درست نہیں، البتہ جیسا کہ دوسرے اطباء یا ڈاکٹروں سے علاج کرایا جاتا ہے اس طرح علاج وغیرہ کرانا درست ہے بشرطیکہ اس علاج میں کوئی خلاف شرع فعل نہ کرنا پڑے

---

(۱) "و قد أخبر الله تبارک و تعالیٰ في کتابه و رسوله صلی الله تعالیٰ علیه و سلم في السنة المتواترة أنه لا نبي بعده ، لیعلموا أن کل من ادعی هذا المقام بعده، فهو کذاب و أفاک دجال ضال مضل ". (تفسیر ابن کثیر ،(الاحزاب : ۴۰): ۳/۶۵۲، مکتبه دار الفیحاء)

(۲) "والولي هو العارف بالله و صفاته بقدر ما یمکن له، المواظب علی الطاعات ، المجتنب عن السیئات ، المعرض عن الإنهماک فی اللذات والشهوات والغفلات و اللهوات ". (شرح الفقه الأکبر للملا علی القاري ، ص: ۷۹، قدیمی)

(۳) "والمفروض فی مسح الرأس مقدار الناصیة:وهو ربع الرأس، لما روی المغیرة بن شعبة أن النبي صلی الله تعالیٰ علیه و سلم أتی سباطة قوم، فبال، و توضأ، و مسح علی ناصیته و خفیه ". (الهدایة ، کتاب الطهارات : ۱/۱۷ ، مکتبه شرکت علمیه)

(۴) "وأما إذا علم قبل الإقتداء أن الإمام جنب أو محدث، فلا یجوز الإقتداء بالإجماع". (الفتاویٰ التاتار خانیه: ۱/۴۳۸، الفصل السادس، أما الکلام فی بیان من هو أحق بالإمامة، کتاب الصلوٰة، قدیمی)

اورکوئی عقیدہ بھی خلاف شرع نہ ہو۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۶/۲/۱۳۵۴ھ

صحیح: عبداللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۷/صفر/۵۴ھ۔

کرامت

سوال[۲۶۵]: کرامت کسے کہتے ہیں؟ کیا ہر ولی کامل سے کرامت کا ظاہر ہونا ضروری ہے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

جوامر خارق عادت کسی صالح متبع سنت امتی سے صادر ہووہ کرامت ہے، ہر ولی کامل سے حسی کرامت کا صادر ہونا ضروری نہیں ،البتہ اس میں استقامت اعلی درجے کی ہوتی ہے جس کو عرفاء نے فوق الکرامۃ فرمایا ہے،بعض اولیائے کاملین سے یہ تمنا منقول ہے کہ کاش ان سے کوئی کرامت صادر نہ ہوتی، بسا اوقات ایسا ہوتا ہے کسی بلند مقام صوفی سے کرامت ظاہر نہیں ہوتی اور ایسے شخص سے کرامت ظاہر ہوتی ہے جس کا مقام فروتر ہوتا ہے۔ارشاد الطالبین،ص:۱۲ پر یہ بحث تفصیل سے مذکور ہے(۱)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

غیر پابند شریعت سے خرق عادت کا صدور اور اس سے اجتناب

سوال[۲۶۶]: کیا اس طریقہ پر مجمع لگانا کہ جو نہ تو کبھی ہوا ہو اور نہ اس کا ثبوت قرون اولی سے ملتا ہو اور ایسا آدمی جو کہ شریعت کا پابند بھی نہ ہو، وضع قطع بھی اس کی خلافِ سنت ہو، اور دین کی اس کو کوئی معلومات بھی نہیں ہے، مگر اس نے ایسے طریقہ پر لوگوں کو جمع کرنا اور پھونکنا شروع کر دیا ہے جس سے بہت سے مسلمانوں کے عقائد بھی خراب ہو رہے ہیں اور پھر اس بات کی بھی تعیین نہیں ہے کہ وہ کیا پڑھتا ہے؟ اب رہا ایسی صورت میں ایسے لوگوں کے پاس جانا یا ان سے عقائد سیکھنا کیسا ہے؟ کیا ایسے لوگوں سے احتراز کرنا چاہئے یا ان سے فائدہ حاصل کیا جا سکتا ہے؟ اگر ایسا موقع ہو تو ہم مسلمانوں کو کیا کرنا چاہئیے؟ اور مسلمانوں کا کیا عقیدہ ہونا چاہئیے؟ کیا کسی فاسق کو دینی چیز میں بڑھنا یا اس کی کسی طرح تائید کرنا ٹھیک ہے؟ اس کا کوئی ایسا معقول جواب دیں تا کہ ہم مسلمانوں کو سکون ہو۔

---

(۱)(ارشاد الطالبین (اردو) فصل: کرامت ولایت کا لازمہ نہیں،ص:۳۸،مکتبۃ اسحاقیہ، جونا مارکیٹ کراچی)

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداً و مصلیاً:

کلام اللہ شریف اور حدیث پاک کی دعاء پڑھ کر دم کرنا دفع مرض اور حفاظت کے لئے شرعاً درست اور قرون اولیٰ سے ثابت ہے(۱)، اللہ تعالیٰ نے اس میں تاثیر بھی رکھی ہے، لیکن خداوند تعالیٰ کی بارگاہ میں مقبولیت کا یہاں تیقن کے ساتھ کچھ پتہ نہیں، ہاں جو شخص جس قدر زیادہ عقائدِ حقہ، اخلاقِ فاضلہ، اعمال صالحہ اور اخلاص واتباع سنت کے ساتھ متصف ہوگا، ان شاء اللہ تعالیٰ اس قدر عظیم المرتبت ہوگا(۲)، اس لحاظ سے آدمی کو دیکھنے کی ضرورت ہے، جو شخص متبع سنت اور پابند شریعت نہ ہو اگر خرق عادت چیز ظاہر بھی ہو جائے تب بھی اس سے دور رہنے کی ضرورت ہے(۳)، خاص کر جب عقائد خراب ہونے کا اندیشہ ہو تو بہت احتیاط لازم ہے، خود بھی بچیں اور دوسروں کو بھی بچائیں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۲۵/۱۱/۹۲ھ۔

---

(۱) قال الله تعالىٰ: ﴿و ننزل من القرآن ما هو شفاء و رحمة للمؤمنين﴾ و عن القشيرى أنه مرض له ولد أيس من حياته، فرأى الله تعالىٰ فى منامه، فشكى له سبحانه ذلك، فقال له : اجمع آيات الشفاء و اقرأ ها عليه، أو اكتبها فى إناء واسقه فيه ما محيت به، ففعل فشفا الله تعالىٰ". (روح المعانى :۱۵/۱۴۵، (سورة الإسراء) ، دارإحياء التراث العربى، بيروت)

"عن عبدالملك بن عمير مرسلاً قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه و سلم: "فى فاتحة الكتاب شفاء من كل داء". (مشكوة المصابيح، ص: ۱۸۹، كتاب فضائل القرآن ، قديمى)

(۲) قال الله تعالى: ﴿و من يأته مؤمناً قد عمل الصالحات، فأولئك لهم الدرجات العلى﴾ (سورة طٰه: ۷۵)

(۳) اس سے خرق عادت جو چیز ظاہر ہوئی ہے وہ استدراج ہے، کرامت نہیں ہے:

"فما لا يكون مقروناً بالإيمان والعمل الصالح، يكون استدراجاً". (شرح العقائد ، ص: ۱۰۵، دهلى)

"و أما التى تكون لأعدائه مثل إبليس و فرعون و دجال مما روى فى الأخبار أنه كان لهم، فلا نسمّيها آيات و لا كرامات، و لكن نسميها قضاء حاجات لهم، و ذلك لأن الله تعالىٰ يقضى حاجات أعدائه استدراجاً وعقوبةً لهم، و يزدادون عصياناً (أى إن كانو فجاراً) أو كفراً، و ذلك كله جائز و ممكن". (شرح الفقه الأكبر، للملا على القارى ، ص: ۸۱، قديمى)

معارف قرآنیہ کا الہام

سوال[۲۶۷]: کسی مسلمان بزرگ پر قرآن کریم میں بیان شدہ کسی امر و نہی کا بذریعہ الہام یا کشف اللہ تعالیٰ کی طرف سے تاکیداً دوبارہ ظاہر فرمانا جائز ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

قرآن کریم حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر نازل ہوا(۱)، اس کے معارف کا کسی بزرگ کے قلب پر بغیر استاذ سے پڑھے منکشف ہوجانا آج بھی ممکن بلکہ واقع ہے(۲)۔ لیکن قرآن پاک کی کسی آیت کے متعلق یہ دعویٰ کرنا کہ یہ وحی مجھ پر نازل ہوئی ہے، اس کا حق حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے علاوہ کسی کو نہیں پہنچتا(۳)۔ جو شخص یہ دعویٰ کرتا ہے وہ غلط دعویٰ کرتا ہے، اس کے لئے شریعت میں بہت سخت حکم ہے(۴)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۷/ ۸/ ۹۳ھ۔

---

(۱) "فالقرآن كلام الله تعالى فى المصاحف مكتوب وفى القلوب محفوظ .....وعلى النبى (صلى الله تعالىٰ عليه وسلم) منزل". (شرح الفقه الأكبر لأبي المنتهى ، ص: ۱۱۳ ،بيروت)

(۲) "قال عليه الصلوٰة والسلام :"اتقوا فراسة المؤمن، فإنه ينظر بنورالله عزوجل ..... ونظر رجل إلى امرأة، ثم دخل على عثمان رضى الله تعالىٰ عنه فقال: "يدخل أحدكم علىّ وفى عينه أثرالزنا" .....وقال أبوعثمان المغربى: والعارف تضئ له أنوار العلم، فيبصر بهاعجائب الغيب". (فيض القدير: ۱/ ۲۶۸، رقم الحديث: ۱۵۱)

"والإلهام المفسر بإلقاء معنى فى القلب بطريق الفيض". (شرح العقائد، ص: ۱۸ دهلى)

(۳) قال الله تعالىٰ: ﴿ومن أظلم ممن افترى على الله كذباً، أوقال أوحى إلىّ ولم يوح إليه شئ، ومن قال سأنزل مثل ما أنزل الله﴾. (سورة الأنعام: ۹۳)

و قال تعالىٰ : ﴿ماكان محمد أبا أحد من رجالكم، ولكن رسول الله وخاتم النبين﴾. (سورة الأحزاب: ۴۰)

(۴) "دعوى النبوة بعد النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم كفر بالإجماع". (شرح الفقه الأكبر، ص: ۲۰۳، فصل والكفر صريحاًو كنايةً، قديمى)

"ومن ادعى النبوة فصدقه قومه، صاروا بذلك مرتدين". (إعلاء السنن: ۱۲/ ۵۹۸، من ادعى النبوة أو صدق من ادعاها، إدارة القرآن)

Made searchable using ScribeTools.com

حضرت سید عبدالقادر جیلانی رحمہ اللہ تعالیٰ کی کچھ مخصوص کرامات بیان کرنا

سوال[۲۶۸] : ۱.....ہمارے یہاں پر یہ بات عام بحث بنی ہوئی ہے کہ عبدالقادر جیلانی رحمہ اللہ تعالیٰ نے اپنے وقت میں ایک بارات جس کو دریا میں ڈوبے ہوئے بارہ سال گزر چکے تھے، ایک بڑھی روزانہ روتی تھی، عبدالقادر جیلانی رحمہ اللہ تعالیٰ کو ترس آ گیا اور انہوں نے بارہ برس پرانی ڈوبی ہوئی بارات دریا سے زندہ نکال دی اور سب زندہ ہو کر اپنے گھر چلے گئے۔

۲.....عبدالقادر رحمہ اللہ تعالیٰ نے قبر میں منکر نکیر کے بال پکڑ لئے اور منکر نکیر نے معافی مانگی۔

۳.....عبدالقادر جیلانی رحمہ اللہ تعالیٰ نے ایک مرتبہ دوڑتے ہوئے قبرستان سے گزر رہے تھے تو مردوں کو حکم دیا وہ بھی انہیں کے ساتھ دوڑنے لگے۔ یہ کرامات بتلاتے ہیں ان کا تعلق کتابوں سے ہے یا غَپ ہے؟ فقط

الجواب حامداً و مصلیاً :

۱..... یہ روایت غلط ہے اور حضرت سید عبدالقادر جیلانی رحمہ اللہ تعالیٰ پر بہتان ہے۔

۲..... یہ روایت بھی بہتان ہے اور اللہ کے فرشتوں کی توہین ہے، ان کی قبر کا واقعہ کس نے دیکھا اور بیان کیا؟

۳..... یہ بھی بالکل غلط اور مہمل افسانہ ہے۔ حضرت عبدالقادر جیلانی قدس اللہ سرہ العزیز، اللہ تعالیٰ کے مقبول بندے ہیں اور حضرت رسول اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی سنت کے انتہائی متبع اور پابند تھے، ان کا سب سے بڑا کمال یہی ہے کہ انہوں نے نفس کی خواہشوں کو حدودِ شرع میں رکھا اور ساری زندگی اس کی کوشش کی کہ کوئی کام خلاف سنت نہ ہونے پائے، ان کو بدعات سے سخت نفرت تھی۔ اللہ پاک ان کی قبر کو نور سے بھر دے اور اس پر رحمت کی بارش کرے اور ان کے درجات کو زیادہ سے زیادہ بلند فرمائے اور ان کے طریقے پر چلنے کی توفیق دے۔

لغو اور بیہودہ حکایات گھڑ کر ان کی طرف منسوب کرنے سے ان کے کمال میں ترقی نہیں ہوتی، نہ اسلام نے یہ طریقہ سکھایا ہے بلکہ اس کی ممانعت ہے، یہ طریقہ تو غیروں کا ہے کہ وہ اپنے بڑوں کی طرف ایسی باتیں گھڑ گھڑ کر منسوب کیا کرتے ہیں۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۴/ ۵/ ۹۰ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۵/ ۵/ ۹۰ھ۔

حضرت خواجہ اجمیری کا تالاب خشک کرادینا

سوال[۲۶۹]: ایک دفعہ حضرت خواجہ معین الدین چشتی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اپنے چند مریدوں کے ساتھ ایک بڑے تالاب ''انا ساگر'' کے کنارے تشریف فرما تھے، وہاں کے مسلمان اپنے جانوروں اور حوائج ضروریہ میں اس تالاب کا پانی استعمال کرتے تھے، مسلمانوں کا یہ فعل مشرکانِ اجمیر کو ناپسندیدہ تھا، انہوں نے مسلمانوں کو اس پانی کے استعمال سے روکا اور ان پر سختیاں شروع کی۔ حضرت خواجہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے ایک مرید کو ایک لوٹا دیا اور حکم دیا کہ جاؤ اور ''انا ساگر'' میں سے بسم اللہ پڑھ کر اس لوٹے میں پانی بھرو، مرید نے آپ کے حکم کی تعمیل کرتے ہوئے لوٹے کو پانی سے بھرلیا، تالاب کا تمام پانی لوٹے میں آ گیا اور تالاب خشک ہوگیا۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

میں نے یہ واقعہ کسی کتاب میں نہیں پڑھا۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۲۷/۲/۹۳ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۷/۲/۹۳ھ۔

☆.....☆.....☆.....☆.....☆

Made searchable using ScribeTools.com

ما یتعلق بحیاۃ الأنبیاء و سماع الموتیٰ

(حیاۃ انبیاء اور سماع موتیٰ کا بیان)

حیات النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

سوال[۲۷۰]: حیاۃ النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا کیا مطلب ہے؟ کیا قرآن کریم یا حدیثِ نبوی سے اس کا ثبوت ملتا ہے یا نہیں؟ اس مسئلہ کو وضاحت کے ساتھ مع ادلۂ تحریر فرمایا جائے۔ اگر اس مسئلہ میں کوئی کتاب مؤلف ہو تو اس کا نام مع پتہ خریداری تحریر فرمایا جائے جس میں احقر کو یہ عقیدہ پوری تشریح کے ساتھ مل جائے۔

فقط والسلام مع غایۃ العزو الاکرام، احقر محمد عبداللہ عفا اللہ عنہ نور پور ریاست بھاولپور۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

یہ مسئلہ مولانا محمد قاسم صاحب نانوتوی رحمہ اللہ تعالیٰ کی متعدد تصانیف میں موجود ہے، ایک کتاب ''آبِ حیات'' مستقلاً اسی موضوع پر تصنیف فرمائی ہے، ''جمالِ قاسمی'' میں بھی ایک مکتوب میں نہایت واضح طور پر مثال دیکر ادلۂ نقلیہ وعقلیہ سے اس کو ثابت فرمایا ہے: "المهند على المفند" میں مولانا خلیل احمد صاحب سہارنپوری رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس کو لکھا ہے۔ یہ کتابیں دارالعلوم دیوبند اور مظاہر علوم سہارنپور میں موجود ہیں اور دونوں جگہوں کے تاجروں سے بھی مل سکتی ہیں، فتاوی کبری، ص: ۱۲۵(۱) اور ج:۲، ص: ۱۳۵ میں علامہ

---

(۱) "(سئل) رضی الله تعالیٰ عنه فی رجل صلی فی مقابر الأنبیاء صلوات الله وسلامه علیهم أجمعین، فهل تصح صلاته بلاکراهة؛ لأنهم أحیاء؟ فإن کانوا أحیاءً فهل حیاتهم کحیاتنا، فیأکلون ویشربون ویلبسون؟ وهل هم مکلفون بالعبادة کالصلاةوالصیام والحج، أو بعبادة أخری؟ (فأجاب) نفع الله بعلومه وبرکته: تصح صلاته بلاکراهة، ولیس المراد بحیاة الأنبیاء علیهم أفضل الصلاة والسلام حیاةً کحیاتنا من کل وجه، حتی یقتضی الاحتیاج إلی نحو أکل وشرب والتکلیف بنحو الصلاة والصوم، وإنما المراد بها أنها کحیاة الملائکة فی عدم احتیاجها إلی ذلک، أوفی أن العبادات التی تقع منهم إنماهی علی وجه التلذذ بخطاب الحق وشهوده فی تعاطی صور ماعظم شأنه؛ لأن الشهود فی ذلک أجل وأکمل، فمن =

ابن حجر مکی نے اس پر کلام کیا ہے(۱)۔علامہ سیوطی رحمہ اللہ تعالیٰ کا ایک رسالہ "أنباء الأذکیاء بحیاۃ الأنبیاء علیھم الصلاۃ والسلام" اس مسئلہ میں نہایت مفصل ہے، یہ رسالہ مجموعہ فتاویٰ سیوطی (الحاوی للفتاویٰ، ج:۲) میں موجود ہے، دمشق میں طبع ہوا ہے۔

"حیوٰۃ النبی صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلم وسائر الأنبیاء علیہ الصلاۃ والسلام معلومۃ عندنا علماً قطعیاً،لماقام عندنا من الأدلۃ فی ذلك، وتواترت بہ الأخبار، وقد ألّف البیھقی جزءً فی حیاۃ الأنبیاء فی قبورھم، قال المتکلمون المحققون فی النبی صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلم: حيّ بعدوفاتہ، وإنہ یسرّ بطاعات أمتہ، ویحزن بمعاصی العصاۃ منھم، وإنہ تبلغہ صلوۃ من یصلی علیہ من أنہ وأن الأنبیاء لایبلَون، ولاتأکل الأرض منھم شیئاً، وقدمات موسیٰ فی زمانہ وأخبرنبیناصلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلم أنہ راٰہ فی قبرہ مصلیاً، وذکرفی حدیث المعراج أنہ راٰہ فی السماء الرابعۃ، وأنہ رأی اٰدم فی سماء الدنیا، ورأی إبراھیم علیہ الصلاۃ والسلام وقال لہ: مرحباً بالابن الصالح وأخی الصالح، وإذاصح لنا ھذا الأصل، قلنا: نبیناصلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلم قدصار حیاًبعدوفاتہ، وھو علی نبوتہ اھـ". الحاوی للفتوی"(۲)۔

مختصر تذکرۃ القرطبی میں علامہ شعرانی نے اس کو بیان کیا ہے(۳)سیوطی کے رسالہ

= ثَمّ خصّوا بجریان أفضل العبادات علی أجسامھم وأرواحھم الباقیۃالأبدیۃ تخصیصاًلھم باتساع مواطن القرب، واتحافاًلھم بإسباغ سوابق الرضاء والمحبۃ، وإعلاماًلغیرھم بأن موائد الإنعام ومزیدالإکرام لم تزل متنزلۃ علیھم من غیر انقطاع لھاعنھم صلی اللّٰہ تعالیٰ علیھم وسلم، وشرف وکرم واللّٰہ سبحانہ وتعالی أعلم بالصواب".(الفتاویٰ الکبری الفقھیۃ لابن حجر الھیثمی،کتاب الصلاۃ،باب المواقیت: ۱/۱۲۵،المکتبۃ الإسلامیۃ،ترکیا)

(۱)(الفتاوی الحدیثیۃ لابن حجر المکی رحمہ اللّٰہ تعالیٰ ، مطلب فی حکایۃ غریبۃ، وأن الأنبیاء أذن لھم فی الخروج من قبورھم والتصرف فی الملکوت، ص: ۳۹۳،قدیمی)

(۲)(الحاوی للفتاوی،أنباء الأذکیا بحیاۃ الأنبیاء، ص: ۲/۱۷۸، ۱۸۱،دارالفکر)

(۳)(التذکرۃ فی أحوال الموتی وأمورالأخرۃ للقرطبی ،باب لاتأکل الأرض أجساد الأنبیاء ولاالشھداء وأنھم أحیاء، ص:۱۸۴ مکتبۃ أسامۃ الإسلامیۃ مصر)

Made searchable using ScribeTools.com

شرح الصدور(۱)،اور ابن قیم کی کتاب الروح(۲)،اور تفسیر ابن کثیر(۳)وتفسیر مظہری(۴)میں بھی وہ احادیث جمع کی گئیں ہیں جن سے اس مسئلہ پر استدلال کیا گیا ہے۔فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور،۳۰/۱/۶۶ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد عفی عنہ مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، یکم/صفر/۶۶ھ۔

صحیح: عبداللطیف مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، یکم/صفر/۶۶ھ۔

حیات النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

سوال[۲۷۱]: ''بہارشریعت''،ص:۱۶۷،حصۂ ششم میں ہے:''امام محمد بن حاج مکی مدخل میں اور امام احمد قسطلانی مواہب لدنیہ اور ائمہ دین رحمۃ اللہ تعالیٰ اجمعین فرماتے ہیں:''لافرق بین موته وحیاته صلی اللّٰه تعالیٰ علیه وسلم فی مشاهدته؛ لأمته ومعرفته بأحوالهم ونیاتهم وعزائمهم وخواطرهم، وذلك عنده جلی لاخفاء به''(٤)۔

ترجمہ: حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حیات ووفات میں اس بات کی کہ وہ اپنی امت کو دیکھ رہے ہیں اور ان کی حالتوں،ان کی نیتوں،دلوں کے ارادوں اور دلوں کے خیالوں کو پہچانتے ہیں اور یہ سب حضور پر ایسا روشن ہے جس میں اصلاً پوشیدگی نہیں۔امام (محمد بن حاج) رحمۃ اللہ علیہ تلمیذ امام محقق ابن ہمام''مسلک متوسط''اور علی قاری اس کی شرح''متقسط''میں فرماتے ہیں:''إنه صلی اللّٰه تعالیٰ علیه وسلم عالم بحضورك، وقیامك، وسلامك: أی بل بجمیع أفعالك، وأحوالك،

---

(۱)(شرح الصدور بأحوال الموتی والقبور، باب زیارة القبور،وعلم الموتی بزوارهم ورؤیتهم لهم، ص: ۲۰۱،۲۰۳،دارالمعرفة)

(۲) (کتاب الروح،المسئلة السادسة: هل الروح تعاد إلی المیت فی قبره وقت السؤال أم لا؟،ص: ۶۲، مکتبه فاروقیة پشاور)

(۳) (تفسیر ابن کثیر،(سورة آل عمران : ۱۶۹): ۱/۵۶۵،دارالفیحاء)

(۴) (تفسیر مظهری،(سورة البقرة :۱۵۴): ۱/۱۵۳،حافظ کتب خانه کوئٹه)

(۵) (المواهب اللدنیة مع شرحه للزرقانی: ۱۲/۱۹۵، دارالکتب العلمیه، بیروت)

Made Searchable by ScribeTools.com

وارتحالك، ومقامك"(۱)۔

ترجمہ: بیشک رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تیری حاضری اور تیرے کھڑے ہونے اور تیرے سلام بلکہ تیرے تمام افعال واحوال وکوچ ومقام سے آگاہ ہیں۔فقط.اصل عبارت مع ترجمہ ختم ہوئی۔

ملتمس: شاہ ثناء اللہ، از خانقاہ مانک پور، ضلع پرتاب گڑھ (اودھ)، ۲۲/ ربیع الثانی/ ۵۵۔

الجواب حامداًومصلیاً:

اس میں شک نہیں کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لئے حیاتِ برزخی ثابت ہے(۲)۔شہداء کے متعلق بھی قرآن کریم میں وارد ہے:﴿ولاتحسبن الذین قتلوا فی سبیل اللہ أمواتاً،بل أحیاء عند ربھم﴾ الآیۃ (۳)اورانبیاء کی حیات شہداء کی حیات سے اقوی ہے(۴)مگراس سے یہ لازم نہیں آتا کہ عام امت کے جمیع احوال کا آپ کو بطورِ مشاہدہ علم ہوتا ہے،ایسا علم تو آپ کو حیات دنیوی میں بھی نہیں تھا،ایسا عقیدہ رکھنا درست نہیں(۵)۔

---

(۱) (مناسک الملاعلی القاری المسمی (المسلک المتقسط فی المنسک المتوسط)،باب زیارۃ سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم،ص: ۵۰۸، إدارۃ القرآن)

(۲) قال العلامۃ السیوطی رحمہ اللہ تعالیٰ: "فأقول: حیاۃ النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فی قبرہ ھووسائر الأنبیاء معلومۃ قطعاً .....فمن الأخبار الدالۃ فی ذلک ماأخرجہ مسلم عن أنس أن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لیلۃ أسری بہ مرّبموسی علیہ الصلاۃوالسلام وھو یصلی فی قبرہ اھ". (الحاوی للفتاوی،أنباء الأذکیاء بحیاۃ الأنبیاء: ۱۷۸/۲،دارالفکر)

(وکذافی تفسیر ابن کثیر، (سورہ آل عمران: ۱۶۹): ۵۶۵/۱، دارالفیحاء)

(وکذا فی التفسیر المظھری، (البقرۃ:۱۵۴): ۱۵۲/۱، حافظ کتب خانہ، کوئٹہ)

(۳)(سورۃ آل عمران: ۱۶۹)

(۴) "والحق عندی عدم اختصاصھا بھم،بل حیاۃ الأنبیاء أقوی منھم وأشد ظھوراً آثارھافی الخارج، حتی لایجوز النکاح بأزواج النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بعد وفاتہ بخلاف شھید..... اھ".(التفسیر المظھری،(سورۃ البقرۃ ۱۵۴): ۱۵۲/۱،۱۵۳)

(۵) قال اللہ تعالی: ﴿قل لاأقول لکم عندی خزائن اللہ ولا أعلم الغیب﴾. (سورۃ الأنعام: ۵۰)

وقال تعالی: ﴿قل لایعلم من فی السمٰوٰت والأرض الغیب إلا اللہ﴾. (سورۃ النمل: ۶۵)

Made searchable using ScribeTools.com

روایات سے اس قدر ثابت ہے کہ جو شخص مزار مبارک کے پاس کھڑا ہو کر درود وسلام پڑھتا ہے وہ آپ خود سنتے ہیں اور جو دور سے پڑھتا ہے وہ خدمت اقدس میں بواسطہ ملائکہ پہنچایا جاتا ہے(۱)، چنانچہ اس کی تفصیل علامہ زرقانی نے ''شرح مواہب لدنیہ'' جلد خامس میں کی ہے(۲)، ملا علی قاری رحمہ اللہ تعالیٰ نے شرح شفا میں اس پر کلام کیا ہے(۳)، مولانا محمد قاسم صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ نے کتاب ''آبِ حیات'' اس مضمون پر تحریر فرمائی ہے۔ ''متقسط ومسلک متوسط'' کی پوری عبارت نقل نہیں کی گئی اور نہ اس سے مسئلہ مسئولہ کی تائید ہوتی ہے۔

آداب زیارت کو ذکر کرتے ہوئے لکھا ہے: "محترزاً عن اشتغال النظر بما هناك من الزينة: أى الظاهرة المانعة من شهود الزينة الباطنة، الباهرة التى ظهورها فى الآخرة، متمثلاً صورته الكريمة فى خيالك (بفتح الخاء): أى فى تخيلات بالك لتحسين حالك، مستشعراً بأنه عليه الصلوة والسلام عالم بحضورك و قيامك و سلامك: أى بل بجميع أفعالك و أحوالك و ارتحالك و مقامك، وكأنه حاضر جالس بإزائك، مستحضراً عظمته و جلالته: أى هيبته و شرفه و قدره: أى رفعةً لرتبته صلى الله تعالىٰ عليه و سلم"۔ مسلك متقسط، ص:٢٨٦ (٤) یہی مضمون غنية المناسك، ص:۲۰۲ میں بھی ہے(۵)۔

---

(۱) "عن أبى هريرة رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "من صلى علىّ عند قبرى سمعته،ومن صلى علىّ نائياً أبلغته". رواه البيهقى فى شعب الإيمان". (مشكوة المصابيح، باب الصلوة على النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم وفضلها، الفصل الثالث، ص:۸۷،قديمى)

(۲) (شرح العلامة الزرقانى على المواهب اللدنية،الفصل الثانى فى حكم الصلوة عليه والتسليم فريضة سَنية: ۹/۲۲۵، ۲۲۹،عباس أحمد الباز،مكة المكرمة)

(۳) (شرح الشفاء للملا على القاري،الباب الرابع فى حكم الصلاة عليه صلى الله عليه وسلم والتسليم: ۲/۱۴۲، دار الكتب العلمية)

(۴) (مناسک الملاعلى القارى المسمى (المسلک المتقسط فى المنسک المتوسط)، باب زيارة سيد المرسلين صلى الله تعالىٰ عليه وسلم،ص: ۵۰۸، إدارة القرآن)

(۵) "وإذا وصل إلى المدينة المنورة اغتسل بظاهرها قبل الدخول ..... فإذا دخل باب البلدة، قال: بسم الله ما شاء الله، لا قوة إلا بالله ..... و ليكن متواضعاً متخشعاً معظّماً لحركتها ممتلئاً من هيبة الحال =

مطلب یہ ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے روضۂ مبارک پر اس طرح حاضر ہونا چاہئے کہ گویا اس مجلس میں تشریف فرما ہیں اور ہر حرکت وسکون کو ملاحظہ فرما رہے ہیں "متمثلاً فی خیالك، مستشعراً کأنه حاضر" وغیرہ الفاظ کو حذف کر دیا گیا، اگر پورے الفاظ ذکر کئے جاتے تو یہ شبہ ہی نہیں ہوتا، کیونکہ اس مقام پر آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حیات پر یا آپ کے علم کے متعلق بحث نہیں ہے کہ جس میں عقیدۂ مسئولہ مذکورہ ہو، بلکہ آدابِ زیارت کا ذکر ہے۔ فقط واللہ اعلم وعلمہ أتم وأحکم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۵/۴/۵۵ھ۔

جواب صحیح ہے: سعید احمد غفرلہ، خادم دارالافتاء، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۹/ ربیع الثانی / ۵۵ھ۔

صحیح: عبداللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۹/ ربیع الثانی ۵۵ھ۔

حیات النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قبر میں

سوال [۲۷۲]: ہمارے یہاں ایک عالم دین نے تقریر میں فرمایا کہ حضرت امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ تعالیٰ جب جناب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی قبر مبارک پر گئے تو انہوں نے فرمایا کہ لوگ کہتے ہیں کہ آپ زندہ ہیں مگر میں اس بات کو ماننے کے لئے تیار نہیں ہوں، قبر شریف سے جواب آیا کہ زندہ ہوں، انہوں نے پھر کہا کہ میں نہیں مانوں گا، آپ میرے سامنے آیئے تو مانوں گا، چنانچہ پھر قبر شریف شق ہوئی اور اس میں سے آپ نے اپنا دست مبارک نکالا، مصافحہ کیا اور فرمایا کہ میں زندہ ہوں۔ دریافت طلب بات یہ ہے کہ یہ روایت کسی مستند حدیث یا کتبِ فقہ میں منقول ہے اور اس کی سند کیسی ہے، یا من گھڑت ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

یہ روایت حدیث یا فقہ کی کسی کتاب میں نہیں دیکھی، قبر اطہر میں زندہ تشریف فرما ہونے کی بحث مستقل

= بها، مستشعراً لعظمته صلی الله تعالیٰ علیه و سلم، کأنه یراه ..... اهـ". (غنیة المناسک فی بغیة المناسک، خاتمة في زیارة قبر سید المرسلین صلی الله تعالیٰ علیه و سلم، ص: ۳۷۶، إدارة القرآن، والعلوم الإسلامیة، کراچی)

(وکذا فی فتح القدیر، کتاب الحج، المقاصد الثلاثه، المقصد الثالث: ۸۳/۲، مصطفیٰ البابی الحلبی، مصر)

Made searchable using ScribeTools.com

ہے، علماءِ حق کی تحقیق یہی ہے کہ زندہ تشریف فرما ہیں، اس پر دلائل بھی موجود ہیں (۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

حیات انبیاء علیہم السلام

سوال[۲۷۳]: ۱..... حیات انبیاء علیہم السلام کے بارے میں احادیثِ صحیحہ نے کیا فرمایا ہے؟ کیا اسی قبر میں جہاں انبیاء علیہم السلام کے اجسامِ مبارکہ دفن کئے گئے ہیں اسی دنیوی جسدِ مبارکہ کے ساتھ اسی قبر میں زندہ ہیں؟ روحِ مبارک رفیقِ اعلیٰ کے مقام میں ہے یا اسی جسد مبارک میں؟ احادیث میں انبیاء علیہم السلام کا قبور میں نماز پڑھنے کا ذکر آیا، کیا وہ نماز اسی جسدِ اطہر مبارک کے ساتھ پڑھتے ہیں یا کسی اَور صورت میں تمثیلی اَرواح سے؟ نیز انبیاء علیہم السلام کی حیات روح مع الجسد کہنے والے کے بارے میں شریعت کا کیا حکم ہے؟ کیا اہلِ سنت والجماعت کے عقیدہ میں سے ہے؟

۲.....شب معراج میں آنحضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حضرت موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام سے تخفیف نماز کے بارے میں جو گفتگو ہوئی تھی وہ حضرت موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کے جسد مع الروح سے ہوئی یا صرف روحِ مبارک سے؟

۳.....شب معراج میں مسجد اقصیٰ میں آنحضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے جملہ انبیاء علیہم السلام کی

---

(۱) "عن أنس رضی اللہ عنہ عن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ و سلم قال: "الأنبیاء أحیاء في قبورھم یصلون". (شرح الصدور، باب أحوال الموتی في قبورھم، ص: ۱۸۷، دار المعرفۃ)

"ثم قال البیھقی: و لحیاۃ الأنبیاء بعد موتھم شواھد، فذکر قصۃ الإسراء في لقیہ جماعۃً من الأنبیاء، و کلمھم، و کلّموہ". (الحاوی للفتاویٰ، کتاب البعث، أنباء الأذکیاء بحیاۃ الأنبیاء: ۲/۱۷۹، دار الفکر بیروت)

"عن أوس بن أوس رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ و سلم: "إن من أفضل أیامکم یوم الجمعۃ، فیہ خلق آدم" ..... فقال: "إن اللہ عزوجل حرّم علی الأرض أجساد الأنبیاء". (سنن أبی داؤد، کتاب الجمعۃ، تفریع أبواب الجمعۃ: ۱/۱۵۰، سعید)

(وسنن النسائی، کتاب الجمعۃ، باب إکثار الصلوۃ علی النبي صلی اللہ تعالیٰ علیہ و سلم: ۱/۲۰۳، قدیمی)

امامت کا ذکر آیا ہے، آنحضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اقتداء میں انبیاء علیہم السلام کے اجسامِ مبارکہ مقتدی ہوئے یا صرف روح انبیاء علیہم السلام کے؟

۴.....حضرت عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام جو بقید حیات ہیں، اس وقت مسجد اقصیٰ میں حضرت عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام مع الجسد مقتدی ہوئے یا صرف ان کی ارواح مبارکہ؟

۵.....عام مسلمان مرنے کے بعد جو کہ اپنی قبر میں دفن کئے جاتے ہیں بعد از تدفین فاتحہ خوانی کے لئے جو کلام اللہ پڑھا جائے، کیا وہ سنتے ہیں؟ نفی کی صورت میں حضور پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اس حدیث کا کہ ''مردے جوتیوں کی آواز سنتے ہیں'' کیا مطلب ہے؟

۶.....قبر سے مراد یہ قبر ہے جس میں میت کو دفن کیا جاتا ہے یا کوئی اَور، عذاب قبر اسی زمینی قبر میں ہوتا ہے یا کسی اور جگہ؟ سوالات کے وقت منکر نکیر فرشتوں کا جو ذکر احادیث میں آیا ہے، اسی قبر میں سوالات اسی جسد عنصری متعلق روح سے کئے جاتے ہیں یا صرف روح سے؟

۷.....سماع موتیٰ میں صحابہ رضی اللہ عنہم کا اختلاف ہے، کیا جمہور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی رائے اثبات یا نفی میں ہے؟ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کی رائے سماع موتیٰ کے حق میں ہے یا نفی میں؟

۸.....عام مسلمان مرنے کے بعد اس کی قبر پر قرآن خوانی فاتحہ خوانی، بلا معاوضہ جائز ہے یا نہیں؟ جائز کی صورت میں حضور پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وصحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے عمل کا جن احادیث میں ذکر آیا ہے وضاحت فرمائی جائے؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

۱.....انبیاء علیہم السلام کے اجسامِ طیبہ کو مٹی نہیں کھا سکتی، وہ محفوظ ہیں (۱) اور بیہقی میں ہے:

"و عن أنس رضی اللّٰہ تعالیٰ عنه عن النبی صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه و سلم: "إن الأنبیاء لا

---

(۱) "عن أوس بن أوس قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه و سلم : "إن من أفضل أيامكم يوم الجمعة، فيه خلق آدم" ..... فقال: "إن الله عزوجل حرّم على الأرض أجساد الأنبياء". (سنن أبي داؤد، كتاب الجمعة، تفريع أبواب الجمعة : ۱/ ۱۵۰، سعيد)

(وسنن النسائي، كتاب الجمعة، باب إكثار الصلوة على النبي : ۱/ ۲۰۳، قديمي)

Made Se[illegible]ools.com Made searchable using ScribeTools.com

یترکون فی قبورھم بعد أربعین لیلةً، و لکنھم یصلون بین یدی اللّٰہ تعالیٰ حتی ینفخ فی الصور"۔ إن قولہ: قال البیھقی، فعلی ھذا یصیرون کسائر الأحیاء، یکونون حیث ینزلھم اللّٰہ تعالیٰ". (۱)۔

اس سے معلوم ہوا کہ ان کا جسم بھی ان کی قبر میں چالیس روز سے زائد نہیں رکھا جاتا بلکہ ان کو اٹھالیا جاتا ہے، خدائے پاک جہاں چاہتے ہیں ان کو رکھتے ہیں (۲)، جب ان کا اصلی جسم موجود ہے تو جسمِ مثالی کی ضرورت نہیں بلکہ یہی جسم ان کے ساتھ رہتا ہے، حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیگر خصوصیات بھی حاصل ہیں۔

۲.....روح مع الجسد سے ملاقات وگفتگو ہوئی (۳)۔

۳.....روح مع الجسد سب نے اقتدا کیا (۴)۔

۴.....روح مع الجسد۔ الحاوی للفتاویٰ جلد ثانی میں مستقل ایک رسالہ ہے جس کا نام ہے "أنباء الأذکیاء بحیات الأنبیاء "اس میں تفصیلی دلائل مذکور ہیں۔

۵.....اس حدیث سے ایسا ہی ظاہر ہوتا ہے کہ وہ سنتے ہیں (۵)۔

---

(۱) (حیاۃ الأنبیاء للبیھقی ، مترجم، ص: ۳۱، إدارہ اسلامیات، لاھور)

(وکذا فی الحاوی للفتاوی، کتاب البعث، أنباء الأذکیاء بحیاۃ الأنبیاء : ۲/ ۱۷۹ ، دار الفکر)

(۲) حضرت نے یہ بات روایتِ مذکورہ کی طرف منسوب کرکے کہی ہے، علمائے دیوبند کا عقیدہ دوسری روایاتِ کثیرہ کی بناء پر جسمِ مبارک کا قبر میں موجود ہونے کا ہے، خود حضرت کا بھی وہی مسلک ہے جیسے ان کے دوسرے فتاویٰ سے ظاہر ہے، جیسے آئندہ مسئلہ میں صراحت کی ہے۔

(۳) "و قد ذکرہ جماعة من العلماء، و تشھد لہ صلاة موسی علیہ السلام فی قبرہ، فإن الصلاة تستدعی جسداً حیاً، وکذلک الصفات المذکورة في الأنبیاء لیلة الإسراء کلھا صفات الأجسام". (شرح الصدور، باب زیارة القبور : ۲۰۲، دار المعرفة)

(وکذا فی الحاوی للفتاوی، کتاب البعث، أنباء الأذکیاء بحیاۃ الأنبیاء : ۲/ ۱۸۴ ، دار الفکر)

(۴) (راجع الحاشیہ رقم : ۳)

(۵) "عن أنس رضی اللّٰہ تعالیٰ عنہ عن النبی صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ و سلم قال: "العبد إذا وضع في قبرہ، وتولی و ذھب أصحابہ، حتی أنہ لیسمع قرع نعالھم". (صحیح البخاری، کتاب الجنائز، باب المیت یسمع خفق النعال: ۱/ ۱۷۸ ، قدیمی)

" وفی حدیث الصحیحین من سماع العبد قرع نعال أصحابہ إذا دفنوہ وانصرفوا عنہ، إذ ذاک تعود إلیہ روحہ للسؤال فیسمع وھو حيٌّ، والجمھور علی عود الروح إلی الجسد ..... والحق أن الموتی یسمعون فی الجملة". (روح المعانی، (سورة الروم : ۵۲): ۲۱/ ۵۷، دار إحیاء التراث العربی)

۶.....قبر میں فرشتے آ کر روح کو جسم میں داخل کرتے ہیں تب سوال وجواب کیا جاتا ہے، عامۃً یہ اسی قبر میں ہوتا ہے(۱)۔

۷.....امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کا کوئی قول اس مسئلے میں مستقلاً کتبِ فقہ میں نہیں ملا(۲)، صحابہ کرام میں اختلاف ہے(۳) پھر جمہور صحابہ رضی اللہ عنہم کی رائے کا سوال بے محل ہے۔

۸.....بلا کسی غیر ثابت پابندی کے جائز ہے:"عن علی رضی اللہ تعالیٰ عنه أن النبی صلی اللہ تبارك وتعالیٰ علیه و سلم قال: "من مر المقابر، فقرأ "قل هو اللہ أحد" إحدی عشرة مرةً، ثم وهب أجرها للأموات، أعطِی من الأجر بعدد الأموات"۔ رواه الدار قطنی(رحمه اللہ

---

(۱) "عن البراء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنه قال: خرجنا مع النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه و سلم فی جنازة رجل من الأنصار ..... قال: "فتعاد روحه في جسده، فيأتيه ملكان، فيجلسانه فيقولان له :من ربك ؟ فيقول ربی اللہ". الخ. (مسند الإمام أحمد بن حنبل، حدیث البراء بن عازب :۵/۳۶۴، دار إحیاء التراث العربی)

"وأخرج البخاري عن أنس رضی اللہ تعالیٰ عنه عن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه و سلم قال: "العبد إذا وضع فی قبره، و تولیٰ و ذهب أصحابه، حتی إنه ليسمع قرع نعالهم، أتاه ملكان،فأقعداه فيقولان له : ما كنت تقول في هذا الرجل محمد"؟ ..... الخ. (صحيح البخاري، كتاب الجنائز، باب الميت يسمع خفق النعال : ۱/۱۷۸، قديمی)

(وسنن أبی داود، كتاب السنة، باب المسألة فی القبر و عذاب القبر :۲/ ۲۹۸، سعيد)

(۲) "واشتهر علی ألسنة الناس أن الموتی ليس لهم سماع عند أبی حنيفةرحمه اللہ تعالیٰ ..... وصنف الملاعلی القاري رسالةً و ذكر فيها أن المشهور ليس له أصل من الأئمة أصلاً، بل أخذ هذا فی مسئلة فی باب الأيمان أنه إذا حلف أنه لا يتكلم فلاناً اهـ". (العرف الشذی علی جامع الترمذی، كتاب الجنائز، باب ما يقول إذا دخل المقابر : ۱/ ۲۰۲، سعيد)

(۳) قال المفتی محمد شفيع رحمه اللہ تعالیٰ : "فاعلم أن مسألة سماع الموتیٰ و عدمه من المسائل التی وقع الخلاف فيه بين الصحابة رضوان اللہ عليهم أجمعين". (أحكام القرآن للمفتی محمد شفيع،(سورة الروم: ۵۲) (وتكميل الحبور بسماع أهل القبور :۳/۱۶۳، إدارة القرآن، كراچی)

Made searchable using ScribeTools.com

تعالیٰ)۔ (مراقی الفلاح ، ص:۳۷۷) (۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند ۱۸/۱/۸۸ھ۔

الجواب صحیح: بندہ محمد نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۸/۱/۸۸ھ۔

کیا حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مٹی میں مل گئے؟ (استغفر اللّٰہ)

سوال[۲۷۴]: حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اگر مٹی ہی میں مل گئے تو قرآن سے ثابت کیجئے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو وفات کے بعد قبر شریف میں دفن کیا گیا ہے اور جو مٹی جسم اطہر کے ساتھ متصل ہے اس کا مرتبہ خانہ کعبہ اور عرشِ اعظم سے بھی زیادہ ہے، جیسا کہ براہین قاطعہ میں بصراحت مذکور ہے (۲) حضرت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا جسم مبارک قبر شریف میں بالکل محفوظ ہے، مٹی اس میں کوئی تغیر نہیں کرسکتی جیسا کہ فتاویٰ رشیدیہ میں ہے (۳) فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۹/۱۱/۸۸ھ۔

مٹی کس کے جسم کو نہیں کھاتی؟

سوال[۲۷۵]: انبیاء علیہم السلام اور اولیاء کرام وعلماء دین شہداء وحفاظ قرآن، عامل بالقرآن اور جو منصب محبت پر فائق ہیں اور وہ جسم جس نے کبھی (اللہ) عزوجل کی معصیت نہ کی اور وہ جو اپنے اوقات درود شریف میں مستغرق رکھتے ہیں، ان کے بدن کو مٹی نہیں کھاسکتی۔ (سائل محمد قاسم عرف میاں)

---

(۱) (مراقی الفلاح مع حاشیة الطحطاوی، کتاب الصلوة، باب أحکام الجنائز، فصل فی زیارة القبور، ص: ۶۲۲، قدیمی)

(۲) ''تتبع وتلاش کے بعد براھین قاطعہ میں مذکورہ عبارت نہیں ملی، البتہ شرح الشفاء میں یہ بحث موجود ہے: ''فلا شک أن مکة لکونها من الحرم المحترم إجماعاً أفضل من نفس المدینة ماعدا التربد السکینة الملا علی القاری''. (۱۶۳/۲، القسم الثانی، الباب الرابع، فصل فی حکم الصلاة علیه صلی الله علیه وسلم''. (وکذا فی ردالمحتار: ۶۲۶/۲، مطلب فی تفضیل قبره المکرم صلی الله علیه وسلم، باب الهدی، سعید)

(۳) (فتاوی رشیدیه، کتاب العقائد، ص: ۴۰۷، سعید)

الجواب حامداً و مصلیاً:

علامہ جلال الدین سیوطی رحمہ اللہ تعالیٰ نے شرح الصدور، ص:۱۳۲(۱) اور شیخ عبدالوہاب شعرانی نے مختصر تذکرہ قرطبی، ص:۳۸(۲) میں انبیاء علیہم السلام کے ساتھ کچھ اور بھی حضرات کو شمار کیا ہے جن کے اجسام قبر میں محفوظ رہتے ہیں اور مٹی ان کو نہیں کھاتی، مختصراً چند روایات نقل کی جاتی ہیں:

"إن اللّٰه حرم على الأرض أن تأكل أجساد الأنبياء". "إنما لم تأكل الأرض أجساد الشهداء لكونهم أحياءً عند ربهم يرزقون". "المؤذن المحتسب لا تأكله الأرض". أيضاً "إذا مات حامل القرآن أوحى اللّٰه إلى الأرض أن لا تأكل لحمه، فتقول الأرض: أى رب كيف اكل لحمه و كلامك فى جوفه. الأرض لا تسلط على جسد الذى لم يعمل خطيئةً"(۳)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود حسن گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۱/ رجب/۶۳ھ۔

صحیح: عبداللطیف،

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ۔

حیاتِ برزخیہ کی نوعیت

سوال[۲۷۶]: یہاں ایک ہفتہ واری پرچہ نکلتا ہے جس کے ایڈیٹر صدیق علی قادری ہیں، ان کا مضمون شائع ہوا ہے ان کا استدلال یہ ہے کہ اولیاء اللہ زندہ ہیں اور حسب ذیل آیت کا حوالہ دیا ہے: ﴿ولاتقولوا لمن يقتل فى سبيل اللّٰه أموات بل أحياء ولكن لا تشعرون﴾(٤) یہ آیت ان لوگوں سے متعلق ہے جو اللہ کے راستہ میں شہید ہوئے، کیا اولیاء کرام کا تعلق بھی اس آیت سے ہے؟

ڈاکٹر حاجی محمد عزیز الرحمٰن صاحب (بریلی) فرماتے ہیں، اسی لئے تمام عالم اپنی حسن عقیدت لے

---

(۱) (شرح الصدور، باب نتن الميت و بلاء جسده إلا الأنبياء و من ألحق بهم ص: ۳۰۸، ۳۰۹، دار المعرفة، بيروت)

(۲) (التذكرة للقرطبى، باب لا تأكل الأرض أجسادا لأنبياء ..... الخ، ص: ۱۸۵، أساسة الإسلامية)

(۳) (التذكرة للقرطبى، المصدر السابق آنفاً)

(۴) (سورة البقرة: ۱۶۹)

Made searchable using ScribeTools.com

کر اس بارگاہ سے فیض حاصل کرنے کے لئے حاضر بارگاہ ہوکر اس آستانہ سے اپنا دامنِ گوہر مراد سے بھر لے جاتا ہے۔ ایک جگہ فرماتے ہیں کہ رسول مقبول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زبان مبارک نے صاف اعلان کر دیا ہے کہ زندہ ہیں ان کو مردہ مت کہو، چنانچہ زندوں سے مراد مانگنا جائز ہے۔ ایک جگہ اور فرماتے ہیں کہ اس لئے عوام الناس ان کے مزار اقدس کو مرجع خلائق سمجھتے ہوئے ان سے طالب امداد ہوتے ہیں اور یہ اپنی منگتا کی حاجت روائی فرماتے ہیں، اس لئے ان کے آستانہ پر سرنیاز جھکانے والوں کی تمنا بر آئی ہے اور انشاء اللہ ہر نیاز مند کی تمنا ان کے در سے پوری ہوتی رہے گی۔ دریافت طلب امر یہ ہے کہ کیا اولیاء کرام زندہ ہیں اور ان سے مدد طلب کرنا درست ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جو حضرات اللہ کی راہ میں شہید ہوں ان کے متعلق قرآن کریم میں مذکور ہے: ''ان کو مردہ مت کہو، وہ زندہ ہیں مگر تم کو ان کی زندگی کا شعور نہیں'' (۱) لیکن ان کی اس زندگی کو بالکل دنیا والی زندگی سمجھنا غلط ہے، کیونکہ اس کا شعور تو سب کو ہے، اگر ان کی زندگی بھی ایسی ہی ہوتی تو اس کا بھی شعور ہوتا۔ نیز ان کی نماز جنازہ نہ پڑھی جاتی، ان کو دفن نہ کیا جاتا، ان کی میراث تقسیم نہ ہوتی، ان کی عورتوں پر عدت واجب نہ ہوتی (۲) اور دوسرے لوگوں سے ان کا نکاح جائز نہ ہوتا، ان کی زندگی شعور سے بالاتر ہے۔

اولیاء اللہ کو بھی جو تو شہید نہیں ہوئے ایک قسم کی زندگی عطا ہوتی ہے وہ بھی شعور سے بالاتر ہے، ان کی

---

(۱) قال اللہ تعالیٰ: ﴿ولاتقولوا لمن یقتل فی سبیل اللہ أموات، بل أحیاء ولکن لاتشعرون﴾ (سورۃ البقرۃ: ۱۶۹، پ: ۲)

(۲) ''فأما فی حق أحکام الدنیا، فالشهید میت یقسم ماله، وتنکح امرأته بعد انقضاء العدة، ووجوب الصلوة علیه من أحکام الدنیا، فکان میتاً فیه، فیصلی علیه''. (بدائع الصنائع، باب الشهید: ۱/۳۲۵)

''والشهید حیّ فی أحکام الآخرة کما قال تعالی: ﴿بل أحیاء عند ربهم﴾ فأما فی أحکام الدنیا، فهو میت یقسم میراثه، وتتزوج امرأته بعد انقضاء العدة، وفریضة الصلوة علیه من أحکام الدنیا، فکان فیه میتاً یصلی علیه''. (المبسوط للسرخسی: ۲/۵۰، باب الشهید، بیروت)

Made Searchable by ScribeTools.com

حیات کوتسلیم کرنا بھی لازم ہے(۱)اوران کی وفات کوتسلیم کرنا بھی لازم ہے(۲)وفات کے بعد جوحیات ہے اس کے متعلق جتنی بات شرعی دلائل سے ثابت ہے اس کوتسلیم کیا جائے گااور جوبات شرعی دلائل سے ثابت نہیں اس کوقیاس سے ثابت نہیں کیا جائے گا(۳)۔

زیارت قبور کی ترغیب حدیث پاک میں آئی ہے(۴)،ایصال ثواب اور دعاء مغفرت کی ترغیب بھی آئی ہے،وہاں جاکرسلام کی ترغیب بھی موجود ہے(۵)،بعض روایات میں ان کے توسل سے دعاء بھی منقول ہے اس طرح کہ''اے اللہ!اپنے پاک نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے وسیلہ سے میری دعاء قبول فرما،میری فلاں حاجت پوری فرما(۶)۔بزرگان دین کے مزارات مقدسہ پرحاضرہوکرخودان سے اپنی مرادیں مانگنا کہ آپ مجھے

---

(۱)''وعندی أن الحیاۃ فی البرزخ ثابتۃ لکل من یموت من شھید وغیرہ، فذھب جماعۃ من العلماء إلی أن ھذہ الحیاۃ مختصۃ بالشھداء، والحق عندی عدم اختصاصھا، بل حیاۃ الأنبیاء أقوی منھم .....والصدیقون أیضاًأعلی درجۃً من الشھداء، والصٰلحون یعنی الأولیاء ملحقون بھم''.(التفسیر المظھری: ۱/۱۵۲،حافظ کتب خانہ)

(۲)قال اللہ تعالیٰ: ﴿إنک میت وإنھم میتون﴾.(الزمر،۳۰)

(۳)''(فیمایحل الاستفتاء فیہ)الأحکام(الظنیۃ لا العقلیۃ المتعلقۃ بالاعتقاد، فإن المطلوب فیھا العلم علی المذھب الصحیح، فلا یجوز التقلید فیھا، بل یجب تحصیلھا بالنظر الصحیح''.(تیسیر التحریر: ۴/۲۴۳)

''لأن القیاس مظھر لامثبت''.(نورالأنوار،ص: ۲۴۴)

(۴)''عن محمد بن النعمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ یرفع الحدیث إلی النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قال: ''من زار قبر أبویہ أو أحدھما فی کل جمعۃ ، غفرلہ و کتب برّاً''.(مشکوۃ المصابیح ، ص:۱۵۴،باب زیارۃ القبور،قدیمی)

(۵)''عن بریدۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: کان رسول اللہصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یعلمھم إذاخرجوا إلی المقابر قال:''السلام علیکم أھل الدیار من المؤمنین، والمسلمین، وإنا إنشاء اللہ بکم للاحقون، نسأل اللہ لنا ولکم العافیۃ''.(مشکوۃ المصابیح، باب زیارۃ القبور،ص:۱۵۴ ، قدیمی)

(۶)''عن أمیۃ بن خالد بن عبداللہ بن أسید رضی اللہ تعالیٰ عنہ، عن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم أنہ کان یستفتح بصعالیک المھاجرین''.(مشکوۃ المصابیح، ص:۴۴۷، باب فضل الفقراء اھـ قدیمی) =

Made searchable using ScribeTools.com

بیٹا دے دیجئے، میرے مقدمہ میں کامیاب کردیجئے، میں بیمار ہوں مجھے صحت دے دیجئے وغیرہ وغیرہ (۱) اور یہ عقیدہ رکھنا کہ یہ حضرات یہ سب کام کردیتے ہیں اور اللہ تعالی نے ان کو تصرفات کے اختیارات دے رکھے ہیں شرعی دلائل (قرآن کریم، حدیث شریف، اجماع، قیاس ائمہ مجتہدین) سے ثابت نہیں۔

اس واسطے بزرگان دین کے لئے نذر ماننے اور ان کے مزارات پر چڑھاوا چڑھانے کی اجازت نہیں۔ البحر الرائق (۲)، درمختار، شامی (۳)، طحطاوی (۴) اور دیگر کتب فقہ (۵) میں ایسی نذر کو ناجائز اور حرام لکھا ہے، حضرت شاہ عبدالعزیز صاحب محدث دہلوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے بھی فتح العزیز میں حرام تحریر فرمایا ہے، مدارک التنزیل کی شرح "الإکلیل" میں بہت سی کتب سے اس کے لئے عبارات نقل کی ہیں۔ فقط واللہ تعالی اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۲۹/۱۰/۱۴۰۰ھ۔

جسم شہید کی حرمت علی الارض کی تشریح، بیان القرآن کی ایک عبارت

سوال [۲۷۷]: بیان القرآن میں ایک جگہ یہ عبارت ہے:

= "عن أنس أن عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنه کا ن إذا قحطوا استسقی بالعباس بن عبد المطلب فقال: أللهم إنا کنانتوسل إلیک بنبیناصلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم فتسقینا،وإنا نتوسل إلیک بعمّ نبینا فاسقنا، فیسقوا". (مشکوۃ المصابیح، ص: ۱۳۲، باب الاستسقاء)

(۱) "ومنهاأنه إن ظن أنّ المیت یتصرف فی الأمور دون اللہ تعالیٰ، واعتقاده ذلک کفر". (البحر الرائق: ۲/۵۲۰، کتاب الصوم فصل فی النذر، رشیدیه)

(۲) "وأما النذر الذی ینذره أکثرالعوام علی ماهو مشاهد، کأن یکون لإنسان غائب أو مریض أوله حاجة ضروریة، فیأتی بعض الصلحاء، فیجعل ستره علی رأسه، فیقول: یا سیدی فلان! إن رد غائبی، أو عوفی مریضی، أو قُضیت حاجتی، فلک من الذهب کذا، أومن الفضة کذا، أو من الزیت کذا، فهذا نذر باطل بالإجماع". (البحر الرائق: ۲/۵۲۰ کتاب الصوم فصل فی النذر، رشیدیه)

(۳) (رد المحتار: ۲/۴۳۹، مطلب فی النذر الذی یقع للاموات، سعید)

(۴) (حاشیة الطحطاوی علی مراقی الفلاح، ص: ۲۹۳، کتاب الصوم، باب مایلزم به الوفاء به، قدیمی)

(۵) (النهر الفائق: ۲/۴۲، کتاب الصوم، فصل فی النذر، مکتبه امدادیه ملتان)

''حدیث میں :"حرمت جسم شهيد على الأرض" وارد ہے(۱) غیر ارض سے غیر متأثر ہونا وارد نہیں، چنانچہ دوسرے اجسام مرکبہ مثل اسلحہ، ادویہ، اغذیہ وخلاطہ واجسام بسیطہ: مثل آب وآتش وباد کی تاثیر انبیاء علیہم السلام کی حیات قبل الممات سے اقویٰ نہیں اور بعض حصۂ ارض میں بعض حصہ غیر ارضیہ بھی شامل ہوجاتی ہے جس طرح دوسرے عناصر میں بھی مخالف عناصر شامل ہوجاتے ہیں، سو اگر ان اجزائے غیر ارضیہ سے ان کے اجسام متأثر ہوجائیں تو اس سے ان احادیث پر اشکال نہیں ہوتا جن میں حرمتِ اجسام علی الارض وارد ہے اور ایک جواب یہ ہے کہ امتیاز اجسادِ شہداء کے لئے یہ بھی کافی ہے کہ دوسرے اموات سے زیادہ مدت تک ان کے اجساد خاک سے متأثر نہ ہوں، گو کسی وقت میں ہوجائے اور احادیث سے بھی امر مقصود کہا جائے کہ ان محفوظیت اجساد کی خارق عادت ہے اور خرقِ عادت کی دونوں صورتیں ہیں: حفظ مؤبد اور حفظ طویل، اور چونکہ برزخ حواس سے مدرک نہیں ہوتا اس لئے "لا تشعرون "فرمایا گیا (ص:۸۸، جلد:۱، پارہ:۲)(۲)۔

امید ہے کہ آپ اپنی زبان میں وضاحت فرما کر مشکور فرمائیں گے مولانا کے الفاظ بہت ہی دقیق ہیں۔

الجواب حامداً و مصلیاً :

بعض روایات میں آیا ہے کہ شہید کا جسم محفوظ رہتا ہے، مٹی اس کو متأثر نہیں کرتی، گلتا سڑتا نہیں، شہید کو ایک خاص قسم کی حیات حاصل ہے(۳)، اس پر اشکال وارد ہوتا ہے کہ تلوار سے اگر اس کے ٹکڑے کردیئے

---

(۱) لم أطلع على هذا الحديث ، وقد استدل لحرمة جسم الشهيد على الأرض فى "التفسير المظهرى" بحديث حرمة جسم الأنبياء على الأرض حيث قال: "و أخرج الطبرانى عن ابن عمر رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم :"المؤذن المحتسب كالشهيد المتشخط بدمه، إذا مات لم يدود فى قبره". ..... (بل أحياء) يعنى إن الله تعالىٰ يعطى لأرواحهم قوة الأجساد ..... و من أجل ذلك الحيوة لا تأكل الأرض أجسادهم، ولا أكفانهم ..... و يدل على أن أجساد الأنبياء والشهداء و بعض الصلحاء لا يأكلها الأرض ما أخرجه الحاكم و أبو داؤد عن أوس بن أوس قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم :"إن الله حرّم على الأرض أن تأكل أجساد الأنبياء". (التفسير المظهرى : ۱/۱۵۲، ۱۵۳، حافظ كتب خانه كوئٹه)

(۲) (بيان القرآن : ۱/۸۸، سعيد)

(۳) (تقدم البحث على الحديث تحت رقم الحاشية : ۱)

Made searchable using ScribeTools.com

جائیں تو وہ کٹ جاتا ہے (۱) آگ اور پانی سے بھی متأثر ہوتا ہے، جس چیز میں مٹی اور دوسری چیز مخلوط ہو اس سے متأثر ہوتا ہے، یہ متأثر ہونا حدیث کے خلاف ہے جس میں اس کے محفوظ رہنے کو فرمایا گیا ہے، کیونکہ ان چیزوں سے انبیاء علیہم الصلوۃ والسلام کے اجسام بھی متاثر ہوتے ہیں اور شہید کی حیات انبیاء علیہم السلام کی حیات سے قوی نہیں، اس اشکال کے دو جواب دیئے ہیں: اول یہ کہ برزخ کے حالات حواس سے مدرک نہیں ہوتے (۲) اور قیاس سے ان کو ثابت نہیں کیا جاسکتا، پس اگر دفن سے پہلے شہید کا جسم تلوار وغیرہ سے کٹ جائے، آگ سے جل جائے تو اس پر قیاس کر کے یہ سمجھنا صحیح نہیں کہ دفن کے بعد وہ مٹی سے بھی متاثر ہو کر گل سڑ جائے، محفوظ نہیں رہے گا۔

دوسرا یہ کہ اگر وہ گل سڑ بھی جائے تو ہوسکتا ہے کہ مٹی کے ساتھ وہاں دوسرے اجزاء مثلاً پانی مخلوط ہو اس پانی سے گل سڑ گیا ہو، نہ کہ محض مٹی سے، حدیث شریف میں اتنا ہی ہے: ''ارض اس کے جسم کو نہیں کھاتی''، یہ نہیں کہ پانی بھی اس کو نہیں گلاتا۔ ایک احتمال یہ بھی ہے کہ مقصود یہ ہو (کہ) مٹی دیر تک نہیں کھاتی، نہ یہ کہ کبھی نہیں کھاتی، بس عام موتی کے اعتبار سے اگر شہید کا جسم کچھ دیر تک بطور خرقِ عادت محفوظ رہا تب بھی حدیث شریف کا مضمون صادق آ گیا۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند۔

---

(۱) ''و روی نقلة الأخبار: أن معاویة رحمه الله تعالیٰ (کذا فی الأصل بلفظ: ''رحمه الله'') لما أجری العین التی استنبطها بالمدینة فی وسط المقبرة، و أمر الناس بتحویل موتاهم، و ذلک فی أیام خلافته، و بعد الجماعة بأعوام، و ذلک بعد أحد بنحو من خمسین سنةً، فوجدوا علی حالهم حتی أن الکل رأوا المسحاة، و قد أصابت قدم حمزة بن عبدالمطلب (رضی الله تعالیٰ عنه) فسال منه الدم، و أن جابر بن عبد الله أخرج أباه عبد الله بن حرام کأنما دفن بالأمس''. (التذکرة فی أحوال الموتی و أمور الآخرة، باب لا تأکل الأرض أجساد الأنبیاء ولا الشهداء، و أنهم أحیاء، ص: ۱۸۵، مکتبه أسامة الإسلامیة)

(۲) ﴿ولکن لا تشعرون﴾ أی: لا تحسون و لا تدرکون ماحالهم بالمشاعر؛ لأنها من أحوال البرزخ التی لا یطلع علیها، و لا طریق للعلم بها إلا بالوحی''. (روح المعانی: ۲/ ۳۰، (سورة البقرة)، تفسیر الآیات: ۱۵۳ - ۱۵۵، دار الفکر بیروت)

حیاتِ شہداء اور وفات

سوال[۲۷۸]: میرے ایک دوست ہیں جو مولانا خوشحال صاحب کے پکے مرید ہیں، ان کے ساتھ اکثر مختلف مسائل پر باہمی گفتگو ہوتی رہتی ہے، میرا اور ان کا معمول یہ ہے کہ ہم عشاء کی نماز پڑھ کر ایک بزرگ ابراہیم علی شاہ پیر کچہری بھوپہ اسٹینڈ پر مزار شریف پر فاتحہ پڑھنے کے لئے جاتے ہیں، ان کا معمول ہے کہ وہ اگربتی جلاتے ہیں اور ان کی قبر پر جو گولک لگی ہوئی ہے اس میں پیسے ڈالتے ہیں اور مزار پر جو شیرینی اکثر لوگ چڑھاتے ہیں اس کو کھالیتے ہیں۔

ہمارا اور اس کا اس مسئلہ پر اختلاف ہے، میں کہتا ہوں جو شیرینی چڑھاوے کی ہے اس کا کھانا حرام ہے اس لئے آپ نہ کھائیں، وہ کہتے ہیں ہم تو ان کو زندہ مانتے ہیں یہ مردہ نہیں ہیں، میں کہتا ہوں کہ قرآن میں ہے کہ سوائے رسول مقبول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اَور سب مردہ ہیں، وہ کہتے ہیں کہ قرآن میں آیا ہے کہ اولیاء اللہ اور شہید سب زندہ ہیں اور تم نے قرآن پاک سے اعراض کیا ہے تم کو سخت سزا ملنی چاہئے۔ دریافت طلب یہ ہے کہ:

۱.....نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے علاوہ کوئی اور بزرگ ولی اپنی قبر میں زندہ ہے یا نہیں؟

۲.....ایک صاحب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بھی زندہ نہیں کہتے، وہ بھی انتقال کر گئے: ﴿کل نفس ذائقة الموت﴾(۱)۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

۱.....زندگی تو اَوروں کے لئے بھی ثابت ہے مگر سب کی زندگی یکساں نہیں، بڑا فرق ہے(۲)، نبی کے

---

(۱) (آل عمران:۱۸۵)

(۲) قال القاضی ثناء الله رحمه الله تعالیٰ: "فذهب جماعة من العلماء إلى أن هذه الحياة مختصة بالشهداء، والحق عندی عدم اختصاصها بهم، بل حياة الأنبياء أقوى منهم و أشد ظهوراً آثارها فی الخارج، حتى لا يجوز النكاح بأزواج النبی صلى الله تعالیٰ عليه وسلم بعد وفاته، بخلاف الشهيد، والصديقون أيضاً أعلى درجةً من الشهداء اهـ". (التفسير المظهری، سورة البقرة: ۱۵۴، ۱/۱۵۲)

Made searchable using ScribeTools.com

بعدان کی بیوی سے نکاح جائز نہیں (۱) نیز نبی کی میراث تقسیم نہیں ہوتی (۲) اولیاء اللہ اور شہداء کا یہ حال نہیں۔

۲.....ایک قسم کی وفات جو کہ شان اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مناسب واقع ہوئی ہے: ﴿إنك ميت و إنهم ميتون﴾ الاية (۳) اس کے باوجود حیات نہایت اعلیٰ قسم کی حاصل ہے، ''آب حیات'' اور

---

(۱) قال الله تعالىٰ: ﴿و ما كان لكم أن تؤذوا رسول الله، و لا أن تنكحوا أزواجه من بعده أبداً﴾ (سورة الاحزاب: ۵۳)

''عن ابن عباس رضى الله تعالىٰ عنهما فى قوله تعالىٰ: ﴿و ما كان لكم أن تؤذوا رسول الله﴾ قال: نزلت فى رجل همّ أن يتزوج بعض نساء النبى صلى الله تعالىٰ عليه و سلم بعده، قال: رجل لسفيان: أهي عائشة؟ قال: قد ذكروا ذلك ..... (قال الحافظ ابن كثير) و لهذا اجتمع العلماء قاطبةً على أن من توفى عنها رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه و سلم من أزواجه أنه يحرم على غيره تزوجها من بعده؛ لأنهن أزواجه فى الدنيا والآخرة، وأمهات المؤمنين''. (تفسير ابن كثير، (سورة الأحزاب: ۵۳): ۲۶۸/۳، مكتبه دارالفيحاء)

و قال الله تعالىٰ: ﴿و أزواجه أمهاتهم﴾: أى منزلات منزلة أمهاتهم فى تحريم النكاح واستحقاق التعظيم''. (روح المعانى، (سورة الأحزاب: ۶): ۱۵۱/۲۱، دار إحياء التراث العربى)

(۲) ''عن عائشة رضى الله تعالىٰ عنها أن فاطمة بنت النبى صلى الله تعالىٰ عليه و سلم أرسلت إلى أبى بكر تسئله ميراثها من رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه و سلم مما أفاء الله عليه بالمدينة، و فدك، و ما بقى من خمس خيبر، فقال أبو بكر: إن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه و سلم قال: ''لا نورث، ما تركنا صدقة''. (صحيح البخارى، كتاب المغازي، باب غزوة خيبر: ۶۰۹/۲، قديمى)

(والصحيح لمسلم، كتاب الجهاد والسير، باب حكم الفيء: ۹۱/۲، قديمى)

قال الحافظ ابن حجر رحمه الله تعالىٰ: ''و قد وقع فى حديث أبى سلمة عن أبى هريرة عند الترمذى: جاء ت فاطمة إلى أبى بكر، فقالت: من يرثك؟ قال: أهلى وولدى، قالت: فما لى لا أرث أبي؟ قال أبو بكر: سمعت رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه و سلم يقول: ''لا نورث''، ولكنى أعول من كان رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يعوله''. (فتح البارى، كتاب فرض الخمس، باب فرض الخمس: ۲۴۹/۶، قديمى)

(۳) (سورة الزمر: ۳۰)

''و قال الشيخ تقى الدين السبكى: حياة الأنبياء والشهداء فى القبر كحياتهم فى الدنيا =

''شفاء السقام'' وغیرہ میں تفصیل مذکور ہے(۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۶/۱۰/۹۴ھ۔

سماع موتی

سوال[۲۷۹]: اگر زید حضرت عائشہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہا) کے اعتقاد کے مطابق: ﴿إنك لا تسمع الموتى﴾(۲) کی دلیل کے ساتھ سوائے نعلین والی حدیث کے مُردوں کے لئے صرف وقتی سننا مانتے ہوئے باقی تمام اوقات میں موتی کے لئے سننے کے لئے انکار کرے تو کافر ہے یا موحد؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

اس سے کفر نہیں ہوتا(۳) بعض صحابہ کرام اور بعض ائمہ مجتہدین کا مذہب بھی یہی ہے(۴)۔

= ويشهد له صلاة موسىٰ (عليه السلام) في قبره، فإن الصلاة تستدعي جسداً حياً، وكذلك الصفات المذكورة ليلة الإسراء كلها صفات الأجسام اهـ". (الحاوي للفتاوي، كتاب البعث، أنباء الأذكياء بحياة الأنبياء: ۱۸۴/۲، دارالفكر بيروت)

(۱) مولانا محمد قاسم نانوتویؒ نے کتاب ''آب حیات'' اس موضوع پر تصنیف کی ہے۔

(وشفاء السقام في زيارة خير الأنام، الباب التاسع في حياة الأنبياء عليهم الصلاة والسلام، ص: ۱۷۹، المكتبة النورية الرضوية لائلپور)

(۲) (النحل: ۸۰)

(۳) یہ مسئلہ عقائد سے متعلق نہیں ہے، چنانچہ حضرت حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانوی رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: ''یہ مسئلہ نہ عقائد ضروریہ سے ہے، نہ کسی عملِ دین کا موقوف علیہ ہے، نہ مجتہد کی نص کا اس میں تتبع ضروری ہے، نہ کسی ایک جانب کا جزم ضروری ہے، اس میں اشتغال مالایعنی کا اہتمام ہے''۔ (امداد الفتاوی: ۴۳۷/۵، مکتبہ دارالعلوم کراچی)

(۴) "قوله: "السلام عليكم يا أهل القبور"، استدل بظاهره من قال بسماعهم، و منهم عمر و ابنه ..... و استدل المنكرون و منهم عائشة رضي الله تعالىٰ عنها وابن عباس". (الكوكب الدري على جامع الترمذي، كتاب الجنائز، باب ما يقول الرجل إذا دخل المقابر: ۱۹۷/۲، ادارة القرآن كراچی)

(وكذا في الجامع لأحكام القرآن للقرطبي، (سورة النمل: ۸۰): ۲۳۲/۱۳، دار الفكر بيروت)

Made searchable using ScribeTools.com

امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا مذہب بھی یہی مفہوم ہوتا ہے(۱)۔

سماع موتیٰ

سوال[۲۸۰]: زید کہتا ہے کہ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ سماع موتی کے قائل نہیں ہیں اور اس پر بعض مسائلِ فقہیہ بھی مبنی ہیں۔ کیا یہ قول زید کا صحیح ہے یا نہیں؟ اور سماع موتی کا منکر اہل السنّت والجماعت میں داخل ہے یا نہیں؟ انبیاء علیہم السلام کے علاوہ امام اعظم ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ سے سماع موتی ثابت ہو تو اس کا صحیح حوالہ تحریر فرماویں اور اگر ثابت نہیں تو شہداء اور اولیاء بھی مستثنیٰ ہیں یا نہیں؟ امام اعظم ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کا صحیح مذہب صحیح روایت سے منقول شدہ تحریر فرمادیں۔

الجواب حامداًومصلیاً:

قال اللّٰہ تبارك و تعالیٰ: ﴿فإنك لا تسمع الموتی﴾ الخ (۲) اس مسئلہ میں صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کا اختلاف ہے، بعض حضرات سماع موتی کے قائل ہیں اور احادیث سے استدلال کرتے ہیں (۳)، اور بعض

---

(۱) "واشتهر على ألسنة الناس أن الموتى ليس لهم سماع عند أبي حنيفة رحمه الله تعالى". (العرف الشذي على جامع الترمذى، كتاب الجنائز، باب ما يقول الرجل إذا دخل المقابر: ۱/۲۰۲، سعيد)
(وكذا فى الكوكب الدري على جامع الترمذي، كتاب الجنائز، باب ما يقول الرجل إذا دخل المقابر: ۲/۱۹۷، إدارة القرآن)

واضح رہے کہ یہ بات امام صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ کی طرف منسوب ہے، لیکن ان سے ثابت نہیں۔

(۲) (سورة الروم: ۵۲)

(۳) چنانچہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما اور جمہور درج ذیل روایات سے اثباتِ سماع موتی پر استدلال کرتے ہیں: "عن أنس رضى الله عنه أن النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قال: "العبد إذا وضع فى قبره و تولى و ذهب أصحابه حتى إنه ليسمع قرع نعالهم" الحديث. (صحيح البخارى، كتاب الجنائز، باب الميت يسمع خفق النعال: ۱/۱۷۸، قديمى)

"عن صالح قال: حدثنى نافع أن ابن عمر رضى الله تعالىٰ عنهما أخبره قال: اطلع النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم على أهل قليب فقال: "وجدتم ما وعدكم ربكم حقاً"؟ فقيل له: تدعوا أمواتاً؟ قال: "ما أنتم بأسمع منهم و لكن لا يجيبون". (صحيح البخارى، كتاب الجنائز، باب ما جاء فى عذاب القبر: ۱/۱۸۳، قديمى) =

حضرات سماع کے قائل نہیں، وہ اس آیت شریفہ کو استدلال میں پیش کرتے ہیں (۱) چنانچہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا مسلک بھی یہی ہے (۲) اور اس کو امام اعظم نے اختیار فرمایا ہے (۳)، چوں کہ آیت قطعی ہے اور اخبار واحادیث ظنی ہیں اس لئے اپنی حقیقت اور قطعیت پر باقی رہے گی اور اخبار میں مناسب توجیہہ خصوصیت وقائع وغیرہ کی کرلی جائے گی جس سے تعارض باقی نہ رہے (۴)۔

= (وصحيح البخاری، كتاب المغازی، باب قتل أبی جهل: ۵۶۶/۲، قديمی)

(۱) حضرت عائشہ اور ابن عباس رضی اللہ عنہم درج ذیل آیات سے سماع موتیٰ کے نفی پر استدلال فرماتے ہیں: قال الله تعالیٰ: ﴿إنک لا تسمع الموتیٰ﴾ (سورة النمل: ۸۰)

و قال تعالیٰ: ﴿و ما أنت بمسمع من فی القبور﴾ (سورة فاطر: ۲۲)

(۲) قال الحافظ: "ثالثها حديث عائشة، قالت: إنما قال النبی صلی الله تعالیٰ عليه و سلم: "إنهم ليعلمون الآن، ما أن كنت أقول لهم حق". و هذا مصير من عائشة إلی رد رواية ابن عمر المذكورة، و قد خالفها الجمهور في ذلک". (فتح الباري، كتاب الجنائز، باب ما جاء فی عذاب القبر: ۳۰۰/۳، قديمی)

(۳) "واستدل المنكرون و منهم عائشة وابن عباس و منهم الإمام بقوله تعالیٰ: ﴿إنک لا تسمع الموتیٰ﴾. (الكوكب الدري علی جامع الترمذي، كتاب الجنائز، باب ما يقول إذا دخل المقابر: ۱۹۷/۲، إدارة القرآن كراچی)

(وكذا فی العرف الشذي علی جامع الترمذي، كتاب الجنائز، باب ما يقول إذا دخل المقابر: ۲۰۲/۱، سعيد كراچی)

(۴) "قال: و أجابوا عن هذا الحديث تارةً بأنه مردود من عائشة رضی الله تعالیٰ عنها قالت: كيف يقول رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه و سلم ذلک والله تعالیٰ يقول: ﴿ما أنت بمسمع من في القبور﴾، ﴿إنک لا تسمع الموتیٰ﴾ ..... ثم قال: و تارةً بأن تلک الخصوصية له صلی الله تعالیٰ عليه و سلم معجزةً و زيادة حسرة علی الكافرين ..... و تارةً بأنه من ضرب المثل، أقول: و يدفعه جوابه صلی الله تعالیٰ عليه و سلم، ثم قال: ويشكل عليهم خبر مسلم: إن الميت ليسمع قرع نعالهم إذا انصرفوا، أللهم إلا أن يخصوا ذلک بأول الوضع في القبر مقدمةً للسوال جمعاًبينه و بين الآيتين، فإنهما يفيدان تحقق عدم سماعهم".

(مرقاة المفاتيح، كتاب الجهاد، باب حكم الأسارى، الفصل الأول: ۵۱۸/۷، ۵۱۹، رشيديه)

(وكذا فی فتح الباري، كتاب المغازي، باب قتل أبی جهل: ۳۸۶/۷، قديمی)

Made searchable using ScribeTools.com

جوصحابہ حدیث: ''والذی نفسی بیدہ ما أنتم بأسمع لما أقول منهم، و لكن لا يجيبون'' (۱) کوخودسن چکے تھےان کے حق میں یہ حدیث بھی قطعی تھی، اس لئے ان کوآیت میں تخصیص یا تاویل کی گنجائش تھی کہ وہ (بھی) قطعی یہ بھی قطعی، ہردوجانب اکابر ہیں اس لئے قطعی طور پر کسی کا ابطال دشوار ہے، البتہ حنفی مقلد کے نزدیک اپنے امام اعظم ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کا مسلک راجح ہوتا ہے۔

واضح ہو کہ امام اعظم ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ سے صراحۃً یہ مسئلہ منقول نہیں، نہ ثبوتاً نہ نفیاً، بلکہ ایک دوسرا مسئلہ ہے جس کو فقہاء کتاب الأیمان میں ذکر کرتے ہیں، وہ یہ ہے کہ ''اگر کسی نے قسم کھائی کہ میں فلاں شخص سے کلام نہیں کروں گا پھر وہ مرگیا اور اس کی قبر پر جا کر کلام کیا تو اس سے حانث نہیں ہوگا'' (۲) اس مسئلہ سے بعض علماء نے اخذ کیا ہے کہ امام اعظم ابوحنیفہ سماع موتی کے قائل نہیں بلکہ منکر ہیں، ملاعلی قاری رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس مسئلہ پر مستقل ایک رسالہ تصنیف فرمایا ہے (۳) ''العرف الشذی'' کے ص: ۳۸۶ پر اس رسالہ کا حوالہ بھی موجود ہے (۴)۔

---

(۱) (صحيح البخاری، كتاب المغازي، باب قتل أبی جهل : ۵۶۶/۲، قديمی)

(۲) "قال ابن الهمام فی شرح الهداية: اعلم على أن أكثر مشايخ الحنفية على أن الميت لا يسمع على ما صرحوا به في كتاب الأيمان : لو حلف لايكلمه، فكلمه ميتاً لا يحنث ؛لأنها تنعقد على ما يجيب بفهم، والميت ليس كذلك". (مرقاة المفاتيح، كتاب الجهاد، باب حكم الأسارى، الفصل الأول: ۵۱۸/۷، رشيديه)

(وكذا فی العرف الشذی على جامع الترمذي، كتاب الجنائز، باب ما يقول الرجل إذا دخل المقابر: ۲۰۲/۱، سعيد)

(وكذا فی فتح القدير، كتاب الأيمان، باب اليمين في الكلام :۱۴۳/۵، مصطفى البابی، مصر)

(۳) "واشتهر على ألسنة الناس أن الموتى ليس لهم سماع عند أبی حنيفة". (العرف الشذی على سنن الترمذي، كتاب الجنائز، باب ما يقول الرجل إذا دخل المقابر: ۲۰۲/۱، سعيد)

(۴) "وصنف ملا على القاري رسالةً، و ذكر فيها أن المشهور ليس له أصل من الأئمة أصلاً، بل أخذ هذا من مسئلة في باب الأيمان أنه إذا حلف أنه لا يتكلم فلاناً اهـ". (العرف الشذي على سنن الترمذی، كتاب الجنائز، باب ما يقول إذا دخل المقابر : ۲۰۲/۱، سعيد)

Made Searchable by ScribeTools.com

سماع موتی کے مسئلہ پر تشدد نہیں چاہئے، فریقین کسی پر طعن وتشنیع نہ کریں اور محض سماع موتی کے انکار کی وجہ سے کوئی شخص حنفیت سے خارج نہیں ہوتا، اس طرح سماع موتی کے اقرار کی وجہ سے حنفیت سے نہیں نکلتا۔ فتاویٰ عزیزی ۱/۹۳(۱) طحطاوی شرح مراقی الفلاح ص:۳۶۴(۲) تفسیر ابن کثیر ۳/ ۴۳۸(۳) میں آیت ﴿فإنك لا تسمع الموتیٰ﴾(٤) میں اس مسئلہ کی تفصیل موجود ہے۔ اولیاء اور شہداء کو بہ نسبتِ عوام مؤمنین کے بہت کچھ فضائل حاصل ہیں(۵)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی غفرلہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف، ۲۲/ شعبان/ ۵۸ھ۔

---

(۱) (فتاوی عزیزی (فارسی) : ۱/ ۹۱، کتب خانه رحیمیه دیوبند)

(فتاوی عزیز (اردو) باب التصوف، خط شاہ غلام علی صاحب، ص : ۱۴۲، سعید)

(۲) (حاشیة الطحطاوی علی مراقي الفلاح، باب أحکام الجنائز، فصل فی زیارة القبور، ص: ۶۲۰، قدیمی)

(۳) (تفسیر ابن کثیر، سورة الروم: ۳/ ۵۸۰، دارالسلام ریاض)

(۴) (سورة الروم: ۵۲)

(۵) قال الله تعالیٰ: ﴿و لا تقولوا لمن یقتل في سبیل الله أموات بل أحیاء و لکن لا تشعرون﴾. (سورة البقرة: ۱۵۴)

و قال تعالیٰ : ﴿ و لا تحسبن الذین قتلوا في سبیل الله أمواتاً بل أحیاء عند ربهم یرزقون، فرحین بما آتاهم الله من فضله، و یستبشرون بالذین لم یلحقوا بهم من خلفهم ألاّ خوف علیهم و لا هم یحزنون﴾. (سورة آل عمران: ۱۶۹، ۱۷۰)

"عن مسروق قال: سألنا عبد الله عن هذه الآیة: ﴿ و لا تحسبن الذین قتلوا في سبیل الله أمواتاً بل أحیاء عند ربهم یرزقون ﴾ قال: أما أنا قد سألنا عن ذلک فقال: "أرواحهم في جوف طیر خضر، لها قنادیل معلّقة بالعرش، تسرح من الجنة حیث شاء ت، ثم تأوی إلی تلک القنادیل اهـ". (الصحیح لمسلم، کتاب الإمارة، باب فی بیان أرواح الشهداء فی الجنة و أنهم أحیاء عند ربهم یرزقون: ۲/ ۱۳۵، قدیمی)

(وجامع الترمذی، أبواب التفسیر عن رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه و سلم، سورة آل عمران: ۲/ ۱۳۰، سعید)

Made searchable using ScribeTools.com

سماعِ موتی کی تفصیل

سوال[۲۸۱]: کیا فرماتے ہیں علماءِ دین ومفتیانِ شرعِ متین مسائلِ ذیل میں:

۱.....سماعِ موتی صحیح ہے یانہیں، مردے زندوں کی پکار کو سنتے ہیں یانہیں اور اگر سنتے ہیں تو جواب دے سکتے ہیں یانہیں؟ مسئلہ کی پوری توضیح فرمائیں اور اس کے متعلق قرآنی آیات بھی سامنے رکھیں: ﴿إنك لا تسمع الموتى و لا تسمع الصم الدعاء﴾ (۱) دوسری جگہ فرمایا گیا ہے: ﴿إن الله يسمع من يشاء، وما أنت بمسمع من فى القبور، إن أنت إلا نذير﴾ (۲)۔

سماعِ موتی کے متعلق ایک روایت حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے متعلق بیان کی جاتی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دریافت کرنے پر یہ فرمایا: ''ما أنتم بأسمع منهم، ولكن لا يجيبون'' (۳) یعنی تم ان سے زیادہ نہیں سنتے مگر وہ جواب نہیں دے سکتے، حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے جب اس روایت کو سنا تو فرمایا کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد یہ نہیں تھا کیونکہ کلام مجید میں اس کے خلاف نص قطعی موجود ہے: ﴿إنك لا تسمع الموتى﴾ (٤) ﴿و ما أنت بمسمع من فى القبور﴾ (۵) اے رسول تو نہ مردوں کو اپنی بات سنا سکتا ہے اور نہ قبروں میں مدفون ہونے والوں کو۔

مسئلہ کی تشریح ان دلائل کو سامنے رکھتے ہوئے ایسے دلنشین انداز میں کریں کہ کوئی خدشہ باقی نہ رہے۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

یہاں تین چیزیں غور طلب ہیں: ایک: اِسماع، دوم: استماع، سوم: سماع۔

اِسماع کی نفی صراحۃً کلام اللہ میں مذکور ہے: ﴿إنك لا تسمع الموتى﴾ (٦) ﴿و ما أنت

---

(۱) (سورة النمل: ۸۰)

(۲) (سورة الفاطر: ۲۲، ۲۳)

(۳) (صحيح البخاري، كتاب المغازي، باب قتل أبى جهل: ۲/۵۶۶، قديمى)

(٤) (سورة النمل: ۸۰)

(۵) (سورة الفاطر: ۲۲)

(٦) (سورة النمل: ۸۰)

بمسمع من فی القبور ﴾(۱) یعنی حضرت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بذات خود مردوں کو نہیں سنا سکتے تا بدیگراں چہ رسد.

استماع کا حاصل یہ ہے کہ مردے کان لگا کر خود کسی کی بات سنیں، جب جسم سے روح جدا ہو جائے تو یہ جسم کا کان نہیں سن سکتا، کیونکہ اصل ادراک کرنے والی چیز روح ہے اور یہ قوتِ سامعہ اس کے لئے آلۂ ادراک ہے، جب روح نے اس جسم کو اور اس جسم میں لگے ہوئے آلات کو ترک کر دیا تو اس کے لئے یہ آلات کارآمد نہیں ہیں، جس طرح میت قوتِ باصرہ، لامسہ، باطشہ وغیرہ سے کام نہیں لے سکتی، اسی طرح قوتِ سامعہ سے بھی کام نہیں لے سکتی (۲)۔ وہذا ظاہر لا تخفی۔

سماع کا حاصل یہ ہے کہ کوئی خارجی آواز اللہ تعالیٰ اپنی قدرت سے میت کو ادراک کرا دیں جس میں نہ صاحب صوت کو دخل ہو نہ میت کو، تو یہ بالکل ممکن ہے، حق تعالیٰ کی قدرت سے خارج نہیں، اس کے لئے شواہد کثیرہ موجود ہیں (۳)۔ حدیث شریف میں ہے کہ ''جب میت کو قبر میں رکھ کر ساتھی لوٹتے ہیں تو'' إنه يسمع

---

(۱) (سورة الفاطر : ۲۲)

(۲) "قال ابن القيم : و قد يقال : نفي إسماع الصُمّ مع نفي إسماع الموتىٰ يدل على أن المراد عدم أهلية كل منهما للسماع، و أن قلوب هؤلاء لما كانت ميتةً صماء كان إسماعها ممتنعاً بمنزلة خطاب الميت والأصم، وهذا حق، ولكن لا ينفى إسماع الأرواح بعد الموت إسماع توبيخ و تقريع بواسطة تعلقها بالأبدان في وقتٍ ما، فهذا غير الإسماع المنفى". (كتاب الروح، المسئلة السادسة : هل الروح تعاد إلى الميت في قبره وقت السوال أم لا ، ص: ۶۳، مكتبه فاروقيه پشاور)

(۳) "عن ابن عباس رضى الله تعالىٰ عنهما مرفوعاً : "ما من أحد يمر بقبر أخيه المسلم كان يعرفه في الدنيا، فيسلم عليه إلا رد الله عليه روحه حتى يرد عليه السلام". (تفسير ابن كثير (سورة الروم: ۵۲) ۳/۵۸۰، مكتبه دار الفيحاء)

و قال العلامة الألوسى : "والحق أن الموتى يسمعون في الجملة، و هذا على أحد وجهين: أولهما أن يخلق الله عزوجل في بعض أجزاء الميت قوةً يسمع بها متى شاء الله تعالىٰ السلامَ ونحوه مما يشاء الله سبحانه و تعالىٰ لسماعه إياه ..... و ثانيهما: أن يكون ذلك السماع للروح بلا وساطة في البدن اهـ". (روح المعانى، سورة الروم : ۵۲: ۲۱/۵۷، دار احياء التراث العربى)..... =

Made searchable using ScribeTools.com

قرع نعالهم" (۱) اس میں نہ میت کے کان لگانے اور اختیار کو دخل ہے، نہ اصحابِ نعال کے اِسماع اور میت تک آواز پہونچانے کو دخل ہے، اس کے باوجود سماع ثابت ہے۔

قبرستان پہونچ کر سلام کرنا مسنون ہے (۲) اتنی کثیر مٹی کے اندر مدفون میت تک اس معمولی آواز کا پہنچادینا صاحب آواز کے قابو سے باہر ہے، اس کے باوجود سماع ثابت ہے (۳) الی غیر ذلک من الروایات۔

عالم برزخ کو عالم مشاہدہ پر قیاس کر کے محض عقلی طور پر کوئی قطعی بات ثابت کرنا بھی مشکل ہے، "لأن قیاس الغائب علی الشاهد لا یجوز کما صرح به الرازی إمام المتکلمین فی مواضع لا تحصی"۔ جن روایات سے نفی معلوم ہوتی ہے، وہاں استماع کی نفی ہے، نہ کہ سماع کی (۴)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

= "عن صالح قال: حدثنی نافع أن ابن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما أخبره قال: اطلع النبی صلی الله تعالیٰ علیه و سلم علی أهل القلیب، فقال: "وجدتم ما وعدکم ربکم حقاً"؟ فقیل له: تدعوا أمواتاً؟ قال: "ما أنتم بأسمع منهم، ولکن لا یجیبون". (صحیح البخاری، کتاب الجنائز، باب ما جاء فی عذاب القبر: ۱/۱۸۳، قدیمی)

(۱) (صحیح البخاری، کتاب الجنائز، باب المیت یسمع خفق النعال: ۱/۱۷۸، قدیمی)

(۲) "عن ابن عباس رضی الله تعالیٰ عنهما قال: مر رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه و سلم بقبور المدینة، فأقبل علیهم بوجهه، فقال: "السلام علیکم یاأهل القبور یغفر الله لنا و لکم، أنتم سلفنا و نحن بالأثر". (سنن الترمذي، کتاب الجنائز، باب ما یقول الرجل إذا دخل المقابر: ۱/۲۰۳، سعید)

"عن عائشة رضی الله تعالیٰ عنها أنها قالت: کان رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه و سلم کلما کان لیلتها من رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه و سلم یخرج من آخر اللیل إلی البقیع، فیقول: "السلام علیکم دار قوم مؤمنین، و أتاکم ما توعدون غداً موجلون، و إنا إن شاء الله بکم لاحقون". (الصحیح لمسلم، کتاب الجنائز، فصل فی التسلیم علی أهل القبور والدعاء والاستغفار لهم: ۱/۳۱۳، قدیمی)

(وسنن أبی داود، کتاب الجنائز، باب ما یقول إذا مرّ بالقبور: ۲/۱۰۶، امدادیه ملتان)

(۳) "والحق أن الموتی یسمعون فی الجملة ..... و لا یمنع من ذلک کونه تحت أطباق الثری".

(روح المعانی: ۲۱/۵۷، (سورة الروم: ۵۲): دار إحیاء التراث، بیروت)

(۴) (سیأتی تخریجه تحت عنوان: "سماع موتی کی تفصیل")

ایضاً

سوال[۲۸۲]: یہ بات تو واضح ہوگئی کہ مردے میں (خود) سننے کی صلاحیت نہیں ہوتی، اللہ تعالیٰ اپنی قدرت کے ذریعہ میت کو صوت کا ادراک کرادیں جس میں نہ میت کو دخل ہے نہ صاحبِ صوت کو تو اس میں کوئی استحالہ نہیں اس کے باوجود آپ نے مردے کے لئے سماع ثابت کیا ہے اور دلیل میں مردے کا سمعِ قرعِ نعال اور زائرین کا قبرستان میں سلام ومغفرت کرنا پیش کیا ہے اس کے بعد آپ تحریر فرماتے ہیں:

''معمولی آواز کا پہونچادینا صاحب آواز کے قابو سے باہر ہے''۔

جس کا حاصل یہ ہے کہ مردے اس وقت سماع کرسکتے ہیں جب خارجی طاقت یعنی اللہ تعالیٰ کی ذات اس کو سنانا چاہے، سماع مردے کی دائمی صفت نہیں ہوتی بلکہ وقتی اور عارضی۔

دریافت طلب امر یہ ہے کہ زائرین کے سلام کو میت تک پہونچانا، یا میت کا سماع قرع نعال مشیتِ ایزدی پر موقوف ہے یا اس میں مردے کو بھی کچھ دخل ہے اور اس کا امکان اس وقت ہے جب قدرت کو منظور ہو یا اس کے بغیر بھی ممکن ہے؟ جس پہلو کو اختیار کریں، استشہاد میں زیادہ سے زیادہ عربی عبارت پیش فرمائیں۔ آپ جس سماع کے قائل ہیں اس کے ثبوت میں کتب معتبرہ کا حوالہ درج فرمائیں، نیز آپ نے إسماع اور استماع مردے کے لئے منع فرمایا ہے، اس کی تردید میں بھی کشادہ دستی سے کتب مستندہ کی عبارتیں ارقام فرمائیں۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

بخاری شریف، کتاب المغازی، غزوہ بدر کے ذیل میں مذکور ہے کہ حضرت رسول مقبول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس کنویں پر تشریف لے گئے جس میں لاشیں تھیں:

"حتی قام علیٰ شفة الرکی، فجعل یناديهم بأسمائهم و أسماء ابائهم: "یا فلان بن فلان، یا فلان بن فلان! أیسرکم أنکم أطعتم اللّٰه و رسوله، فإنا قد وجدنا ما وعدنا ربنا حقاً، فهل وجدتم ما وعد ربکم حقاً"؟ فقال عمر رضی اللّٰه تعالیٰ عنه: یا رسول اللّٰه! ما تکلم من أجساد لا أرواح لها؟ فقال النبی صلی اللّٰه تعالیٰ علیه و سلم: "والذی نفس محمد بیده! ما أنتم بأسمع لما أقول منهم". قال قتادة رضی اللّٰه تعالیٰ عنه: أحیاهم اللّٰه حتی أسمعهم قوله توبیخاً و تصغیراً و نقمةً و حسرةً و ندماً اهـ"(۱)۔

---

(۱) صحیح البخاری، کتاب المغازي، باب قتل أبی جهل: ۲/۵۶۶، قدیمی)

Made Searchable using ScribeTools.com

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے قول میں جو اختلاف ہے اس کے محمل جداگانہ بھی بیان کر کے تطبیق دی گئی ہے، چنانچہ حافظ ابن حجر عسقلانی فتح الباری: ۷/۲۳۶ میں فرماتے ہیں:

"یرید أن یبین مراد عائشة، فأشار إلی أن إطلاق النفی فی قوله: ﴿إنك لا تسمع الموتیٰ﴾ مقید باستقرارهم فی النار، و علی هذا فلا معارضة بین إنکار عائشة وإثبات ابن عمر رضی اللّٰه تعالیٰ عنهما، لکن الروایة التی بعد هذه تدل علیٰ أن عائشة کانت تنکر ذلك مطلقاً۔

والجواب عن الأیة أنه لا یسمعهم وهم موتیٰ، و لکن اللّٰه أحیاهم حتی سمعوا کما قال قتادة رضی اللّٰه تعالیٰ عنه، و لم ینفرد عمر و لا ابنه بحکایة ذلك بل وافقهما أبو طلحة کما تقدم. و روی الطبرانی من حدیث ابن مسعود رضی اللّٰه تعالیٰ عنه مثله بإسناد صحیح، و من حدیث عبد اللّٰه بن سیدان نحوه، و فیه قالوا: یا رسول اللّٰه! و هل یسمعون؟ قال: "یسمعون کما تسمعون ولکن لا یجیبون". و فی حدیث ابن مسعود: "و لکنهم الیوم لا یجیبون اهـ".

بعض حضرات فرماتے ہیں کہ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے اپنے قول سے رجوع فرمالیا:

"ومن الغریب أن فی المغازی لابن اسحق روایة یونس بن بکیر بإسناد جید عن عائشة مثل حدیث أبی طلحة، و فیه: "ما أنتم بأسمع لما أقول منهم". و أخرجه أحمد بإسناد حسن، فإن کان محفوظاً، فکأنها رجعت عن الإنکار مما ثبت عندها من روایة هؤلاء الصحابة، لکونها لم تشهد القصة اهـ".

مگر جن حضرات کو ان کے رجوع سے انکار ہے وہ تعارض رفع کرتے ہیں:

"قال الإسماعیلی: کان عند عائشة من الفهم والذکاء و کثرة الروایة الغوصُ علیٰ غوامض العلم ما لا مزید علیه، لکن لا سبیل إلی ردّ روایة الثقة إلا بنصّ مثله یدل علی نسخه أو تخصیصه أو استحالته، فکیف والجمع بین الذی أنکرته و أثبته غیرها ممکن؛ لأن قوله تعالیٰ:

﴿إنك لاتسمع الموتىٰ﴾ لا ينافى قوله صلى الله تعالىٰ عليه و سلم: "إنهم الآن يسمعون" لأن الإسماع هو إبلاغ الصوت من المُسمع فى أذن السامع، فالله تعالىٰ هو الذى أسمعهم بأن أبلغهم صوت نبيه صلى الله تعالىٰ عليه و سلم بذلك اهـ "(۱) ۔

ان عبارات سے میت اور مسمع کا دخیل نہ ہونا اور سماع کا عارضی ہونا بھی معلوم ہوگیا۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

سماعِ موتیٰ کی تفصیل

سوال[۲۸۳]: ۱..... نصوصِ کتاب اللہ واحادیثِ صحیحہ کے مطابق سماعِ موتی اور عدمِ سماعِ موتی ہر دو عقیدوں میں سے کونسا صحیح ہے اور مفتیٰ بہ اور راجح ہے اور کون عقیدہ غیر صحیح وغیر مفتی بہ ومرجوح ہے؟

۲.....اور سماعِ موتی اور عدمِ سماعِ موتی کے بارے میں از روئے ادلہ صحیحہ یعنی آیاتِ قرآنیہ واحادیث نبوی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، حضرات ائمہ فقہاء واحناف اور مفتیان دیوبند کے نزدیک کونسا عقیدہ صحیح اور مفتیٰ بہ و راجح ہے اور کونسا غیر مفتیٰ بہ ومرجوح ہے؟

۳.....اور آیت کریمہ: ﴿إنك لا تسمع الموتى، و لا تسمع الصم الدعاء إذا ولّوا مدبرين﴾ الخ(۲) کا صحیح مطلب اور مراد کیا ہے؟ یہاں تشبیہ ہے یا نہیں؟ اگر ہے تو وجہ تشبیہ کیا ہے؟ اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے صحابہ کو اس آیت کریمہ اور اس جیسی دوسری آیات مثلاً: ﴿وما أنت بمسمع من فى القبور﴾ (۳) وغیرہ کی کیا تعلیم (دی) ہے اور صحابہ کرام اور ائمہ احناف اور علمائے دیوبند نے ان آیات کریمہ کا کیا مفہوم اور مطلب سمجھا ہے؟ اور ان سب حضرات کے نزدیک سماعِ موتی اور عدمِ سماعِ موتی کے متعلق یہ آیات کس عقیدہ پر نصِ صریح ہیں؟

۴.....اور کفار مقتولین بدر کے متعلق رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد کہ "والذى نفس

---

(۱) (العبارات بأسرها لابن حجر فى فتح البارى، كتاب المغازى، باب قتل ابى جهل :۷/۳۸۵، ۳۸۶، قديمى)

(۲) (سورة النمل : ۸۰)

(۳) (سورة الفاطر : ۲۲)

Made searchable using ScribeTools.com

محمد بیدہ! ما أنتم بأسمع لما أقول منهم" (۱) کیا یہ حدیث آیت کریمہ کے مخالف نہیں ہے؟ اگر مخالف ہے تو پھر اس حدیث شریف کا کیا مطلب ہے؟ اور حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ جو کہ موقع پر موجود تھے کیا ان کے مقابلہ میں ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی تاویل شرعاً معتبر ہوسکتی ہے جو کہ موقع پر خود موجود نہ تھیں، نیز قول رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مقابلہ میں ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا اجتہاد معتبر ہوسکتا ہے؟

۵..... مشکوۃ شریف، باب زیارۃ القبور، فصل ثانی حدیث حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا جس میں منقول ہے کہ جب تک حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ روضۂ اقدس میں مدفون نہیں ہوئے تھے، اس وقت تک حضرت ام المومنین رضی اللہ تعالیٰ عنہا بغیر پردہ کے جایا کرتی تھیں اور فرماتی تھیں "إنما هو زوجي و أبي"، مگر جب حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ مدفون ہوئے تو آپ باپردہ ہوکر جایا کرتی تھیں (۲)۔ اس حدیث کا کیا مطلب ہے، کیا یہ حدیث حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی تاویل کے ساتھ معارض نہیں ہے، اگر ہے تو پھر کون سی صحیح اور راجح ہے اور حدیث پاک کا کیا مطلب ہے؟

۶..... "وأخرج ابن عبد البر بسند صحيح عن ابن عباس رضي الله تعالىٰ عنهما قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه و سلم: "ما من أحد يمر بقبر أخيه المؤمن كان يعرفه في الدنيا، فسلم عليه، إلا يعرفه و رد عليه السلام" (۳) کیا یہ معتبر اور قابل استناد ہے، اگر ہے تو کیا یہ حدیث آیت کریمہ اور حضرت ام المومنین رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی حدیث کے ساتھ معارض نہیں ہے، اگر ہے تو پھر کونسی دلیل معتبر ہے؟

(ب) آیات قرآنی واحادیث اور ائمہ احناف کی تحقیق کی روشنی میں موت کے بعد ارواح کو پھر اس جسم میں داخل کردیا جاتا ہے یا اس جسم سے بالکل الگ اور غیر متعلق رہتی ہیں؟ اگر اس جسم سے غیر متعلق رہتی ہیں

---

(۱) (صحيح البخاري، كتاب المغازي، باب قتل أبي جهل: ۲/۵۶۶، قديمي)

(۲) (مشكوة المصابيح، كتاب الجنائز، باب زيارة القبور، الفصل الثالث: ۱/۱۵۴، قديمي)

(۳) (تفسير ابن كثير (سورة الروم: ۵۲): ۳/۵۸۰، مكتبه دار الفيحاء)

(وكذا في شروح الصدور، باب زيارة القبور و علم الموتى بزوارهم و رؤيتهم لهم، ص: ۲۰۱، دار المعرفة بيروت)

تو کہاں؟

۲.....قبر کس چیز کا نام ہے؟

۳.....ثواب وعذاب قبر جو کہ اہل سنت والجماعت کا متفق علیہ عقیدہ ہے، از روئے نصوص قرآن و احادیث اور ائمہ احناف اس کا مصداق کون ہے، فقط اَرواح یا اَرواح مع اجسام؟

۴.....آیت کریمہ: ﴿و لا تحسبن الذین قتلوا فی سبیل اللّٰہ﴾ (۱) اور آیت کریمہ ﴿النار یعرضون علیها﴾ الخ (۲) میں احادیث صحیحہ اور مفسرین اور ائمہ احناف کے نزدیک شہداء کے لئے ثواب اور ''یعرضون'' کے لئے عذاب کا مصداق یہاں کون ہے، فقط ارواح یا ارواح مع اجسام عنصری؟

۵.....اگر کسی مولوی کا یہ عقیدہ ہو کہ قطع نظر خرق عادت عام قانون شرع کے مطابق مُردے یعنی اموات نہیں سنتے اور نیز یہ ان کا عقیدہ ہو کہ عذاب وثواب قبر حق ہے مگر اسی گڑھے میں نہیں ہوتا بلکہ برزخ میں سجین وعلیین میں ہوتا ہے اور یہ کہ عذاب وثواب صرف روح پر ہوتا ہے جسم کے ساتھ قبل از حشر اس کا کوئی تعلق نہیں ہے۔ کیا یہ مولوی صاحب اہل سنت والجماعت سے خارج اور معتزلی ہیں؟ اور کیا ان کے پیچھے نماز جمعہ ونماز جنازہ ودیگر نمازہائے پنجگانہ جائز ہے یا ناجائز؟

۶.....اگر جائز ہو تو کیا کوئی مولوی اس مولوی کے متعلق یہ فتویٰ دے سکتا ہے کہ وہ معتزلی اور خارج از اہل سنت والجماعت ہے؟ اور اگر اس کے پیچھے نماز جنازہ ناجائز ہے تو اس فتویٰ صادر کرنے والے مولوی کے متعلق کیا حکم ہے؟ برائے مہربانی مندرجہ بالا سوال کے متعلق فتویٰ صادر فرما کر ممنون فرمادیں، اور تکلیف فرماویں ہم مجبور ہو کر اتنا لمبا استفتاء خدمت میں پیش کر رہے ہیں معاف فرمائیں۔ خداوند قدوس آپ حضرات کو ثواب و اجر دے گا۔ فقط۔

الجواب حامداً و مصلیاً :

یہاں تین چیزیں غور طلب ہیں: ایک: اسماع، دوم: استماع، سوم: سماع۔

---

(۱) (سورۃ آل عمران: ۱۶۹)

(۲) (سورۃ المؤمن: ۴۶)

Made searchable using ScribeTools.com

اسماع کی نفی صراحۃً کلام اللہ میں مذکور ہے: ﴿إنك لا تسمع الموتى﴾ (۱) ﴿و ما أنت بمسمع من في القبور﴾ (۲) یعنی حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اہل قبور کو بذات خود مردوں کو نہیں سنا پاتے تا بدیگراں چہ رسد.

استماع کا حاصل یہ ہے کہ مردے کان لگا کر خود کسی کی بات سنیں جب جسم سے روح جدا ہو جائے تو جسم کا یہ کان نہیں سن سکتا اس لئے ادراک کرنے والی اصل روح ہے اور قوتِ سامعہ اس کے لئے آلۂ ادراک ہے، جب روح نے اس جسم کو اور اس جسم میں لگے ہوئے آلات کو ترک کر دیا تو اس کے لئے یہ کارآمد نہیں۔ جس طرح قوت باصرہ، ذائقہ، لامسہ، باطشہ وغیرہ سے روح کام نہیں لے سکتی، اسی طرح استماع سے بھی قاصر و عاجز ہے۔ و هذا ظاهر لا يخفى۔

سماع کا حاصل یہ ہے کہ کوئی خارجی آواز اللہ تعالیٰ اپنی قدرت کے ذریعہ سے میت کو ادراک کرا دیں جس میں نہ صاحب صوت کو دخل ہو نہ میت کو، یہ بالکل ممکن ہے، حق تعالیٰ کی قدرت سے خارج نہیں، اس کے لئے شواہد کثیرہ موجود ہیں۔ حدیث شریف میں ہے کہ ”جب میت کو قبر میں رکھ کر سب ساتھی لوٹتے ہیں تو ”یسمع قرع نعالهم“ الحديث (۳) اس میں نہ میت کے کان لگانے اور اختیار کو دخل ہے، نہ اصحاب نعال کے اسماع اور میت تک آواز پہونچانے کو دخل ہے، اس کے باوجود سماع ثابت ہے۔

قبرستان میں پہونچ کر سلام کرنا اور دیگر چند دیگر کلمات کا کہنا مسنون ہے، اتنی کثیر مٹی کے اندر مدفون میت تک معمولی آواز کا پہنچا دینا صاحب آواز کے قابو سے باہر ہے، اس کے باوجود سماع ثابت ہے (۴) الی

---

(۱) (سورة النمل : ۸۰)

(۲) (سورة الفاطر : ۲۲)

(۳) ”عن أنس رضی اللہ تعالیٰ عنه عن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه و سلم قال: ”العبد إذا وضع في قبره و تولی، وذهب أصحابه حتی إنه ليسمع قرع نعالهم، أتاه ملكان فأقعداه فيقولان له: ما كنت تقول فی هذا الرجل محمد الخ“. (صحيح البخاری، كتاب الجنائز، باب الميت يسمع خفق النعال : ۱/۱۷۸، قديمی)

(۴) ”عن ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنهما قال: مر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه و سلم بقبور المدينة، فأقبل عليهم بوجهه، فقال: ”السلام عليكم يا أهل القبور! يغفر اللہ لنا و لكم، أنتم سلفنا و نحن بالأثر“. (سنن الترمذي، كتاب الجنائز، باب ما يقول الرجل إذا دخل المقابر : ۱/۲۰۳، سعيد)

Made Searchable by ScribeTools.com

غیر ذلك من الروایات۔

ز عالم برزخ کو عالم مشاہدہ پر قیاس کر کے محض عقلی طور پر کوئی قطعی بات ثابت کرنا بھی مشکل ہے، لأن قیاس الغائب علی الشاهد لا یجوز صرح به الإمام الرازی فی مواضع لا تحصیٰ ۔جن روایات سے نفی معلوم ہوتی ہے وہاں اسماع کی نفی ہے یا استماع کی نہ کہ سماع کی (۱)۔

اس تقریر پر روایات کا محمل متعین ہوکر کوئی تعارض باقی نہیں رہتا، نہ طرفین کی پیش کردہ آیات وروایات کی تفسیر وتشریح کی حاجت رہتی ہے، یہ بحث تحت الفتویٰ داخل بھی نہیں کہ مفتی بہ قول نقل کیا جائے، صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے درمیان اگر اختلاف ہوتو ہماری اتنی حیثیت نہیں کہ محاکمہ کرنا شروع کردیں، ان حضرات کا منصب اس سے بلند تر ہے۔

(ب) شیخ اکبر محی الدین ابن عربی، شیخ عبدالوہاب شعرانی، حافظ عبدالسلام، علامہ ابن قیم، علامہ سیوطی، شاہ ولی اللہ، قاضی ثناء اللہ رحمہم اللہ تعالیٰ اور دیگر اکابر نے بہت تفصیل سے کلام کیا ہے، جسم میت کو قبر میں رکھنے کے بعد روح کا اس میں داخل کیا جانا اور پھر سوال وجواب کا ہونا احادیث کثیرہ سے ثابت ہے (۲) مگر وہ روح اس جسم

---

(۱) قال فی التفسیر المنیر: "والمراد من نفی الإسماع للموتی الإسماع الذی یمکن أن یعقبه إجابة و تفاعل و تفاهم، فلا یعارضه ثبوت السماع من جانبهم دون أن یتمکنوا من الرد، أو إجابة من یکلمه، کما ثبت أن المیت یسمع قرع نعال المشیعین له إذا انصرفوا عنه، و أن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه و سلم: سلَّمَ علی قبور أهل بدرٍ". (التفسیر المنیر: ۲۰/ ۳۱، دارالفکر المعاصر، بیروت لبنان)

قال تعالیٰ: ﴿فإنک لا تسمع الموتی﴾ وقال: ﴿وما أنت بمسمع من فی القبور﴾ ..... فقیل بالفرق بین السماع والإسماع والنفی هو الثانی دون الأول، والمطلوب هو الأول دون الثانی". (سماع الموتی لمولانا محمد سرفراز خان صفدر، ص: ۱۷۳، ۱۷۴، حضرت مولانا محمد انور صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ کی متعدد عبارات، مکتبه صفدریه گوجرانواله)

(۲) "عن البراء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنه قال: خرجنا مع النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه و سلم فی جنازة رجل من الأنصار، فانتهینا إلی القبر، ولم یلحد، فجلس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه و سلم وجلسنا حوله ..... حتی ینتهی به إلی السماء السابعة، فیقول اللہ عزوجل: اکتبوا کتاب عبدی فی علیین، و أعیدوه إلی الأرض، فإنی منها خلقتهم و فیها أعیدهم و منها أخرجهم تارةً أخری، قال: "فتعاد =

Made searchable using ScribeTools.com

میں اس طرح نہیں رہتی جس طرح دنیا میں رہتی تھی، البتہ اس جسم سے ایک قسم کا تعلق رہتا ہے، بہرحال روح برزخ میں رہتی ہے(۱)۔

۲.....قبر سے مراد برزخ ہے(۲)۔

۳،۴.....اصل وہ عذاب وثواب روح کو ہوتا ہے اور جسم سے بھی اس کا تعلق رہتا ہے(۳)۔

۵.....اس گڑھے سے بھی فی الجملہ تعلق رہتا ہے اور پورا عذاب ثواب اس گڑھے میں عموماً ہوتا نہیں،

= روحه في جسده، فيأتيه ملكان فيجلسانه، فيقولان له: من ربك فيقول : ربي الله الخ". (مسند الإمام أحمد بن محمد بن حنبل رحمه الله تعالىٰ، حديث البراء بن عازب :۳۶۴/۵، دار إحياء التراث العربي)

و أخرجه الإمام البخاري رحمه الله تعالىٰ في صحيحه "عن أنس رضي الله تعالىٰ عنه عن النبي صلى الله تعالىٰ عليه و سلم: قال: "العبد إذا وضع في قبره و تولى، و ذهب أصحابه حتى إنه ليسمع قرع نعالهم، أتاه ملكان فأقعداه، فيقولان له: ماكنت تقول في هذا الرجل محمد؟ فيقول : أشهد أنه عبد الله و رسوله، فيقال: انظر إلى مقعدك من النار أبدلك الله به مقعداً من الجنة الخ". (صحيح البخاري، كتاب الجنائز، باب الميت يسمع خفق النعال : ۱۷۸/۱، قديمي)

(وسنن أبي داؤد، كتاب السنة، باب المسألة في القبر و عذاب القبر: ۲۹۸/۲، سعيد)

(وسنن الترمذي، كتاب التفسير، سورة ابراهيم : ۱۴۴/۲، سعيد)

(۱) "و لا تظن أن بين الآثار الصحيحة في هذا الباب تعارضاً، فإنها كلها حق يصدق بعضها بعضاً، لكن الشأن في فهمها، و معرفة النفس و أحكامها و أن لها شأناً غير شأن البدن، و أنها مع كونها في الجنة فهي في السماء، وتتصل بفناء القبر و بالبدن فيه، و هي أسرع شيء حركةً و انتقالاً و صعوداً و هبوطاً". (كتاب الروح، المسألة الخامسة عشرة : أين مستقر الأرواح ما بين الموت إلى يوم القيامة، ص: ۱۵۲، فارقيه پشاور)

(وكذا في شرح الصدور في أحوال الموتى والقبور، باب مقر الأرواح، ص: ۲۳۹، دار المعرفة بيروت)

(۲) "وما ينبغي أن يعلم أن عذاب القبر هو عذاب البرزخ، فكل من مات وهو مستحق العذاب، ناله نصيب منه، قبر أولم يقبر". (كتاب الروح، المسئلة السادسه، ص: ۷۸، فاروقيه ، پشاور)

(وشرح العقيدة الطحاوية، ص: ۴۰۰، قديمي)

(۳) "و اعلم أن أهل الحق اتفقوا على أن الله تعالىٰ يخلق في الميت نوع حياة في القبر قدر ما يتألم أو يتلذذ". (شرح الفقه الأكبر ، ص: ۱۰۱، قديمي)

(وكذا في شرح العقيدة الطحاوية، الإيمان بعذاب القبر و نعيمه،ص : ۴۰۰، قديمي)

(وكذا في شرح العقائد عذاب القبر،ص : ۷۷، المطبع اليوسفي)

روح کا جسم سے وہ تعلق بھی نہیں رہتا جو کہ دنیا میں تھا (۱) ان مولوی صاحب کی ان مجمل باتوں کی وجہ سے ان کو معتزلی کہہ کر ان کے پیچھے نماز نہ ہونے کا فتویٰ نہیں دیا جائے گا جب تک صراحۃً گمراہی کی تحقیق نہ ہو جائے اور دو مولویوں میں جب اختلاف ہو وہ کسی کو ثالث قرار دے کر فیصلہ کرانا چاہیں تو وہ خود اپنے اپنے دلائل قلم بند کر کے پیش کریں، دوسرے آدمیوں سے ان کی ترجمانی کر کے فیصلہ نہیں کرانا چاہئے، خاص کر جب ترجمانی ہی ناتمام و مجمل یعنی گول مول ہو، اس طرح فیصلہ نہیں ہوسکتا، فیصلہ کرنے والے کو ایسی گول مول باتوں سے کوئی شرح صدر نہیں ہوتا جس سے صاف فیصلہ ہو سکے۔ علاوہ ازیں ایسے مسائل میں الجھنے کی ضرورت کیا ہے ان پر کون سا کام اٹکا ہوا ہے، اگر علمی تحقیق مقصود ہو تو اس کے لئے درسگاہ کافی ہے، عوام کو پریشان نہ کیا جائے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۰/ ۱۱/ ۸۸ھ۔

سماع موتی کے بارے میں چند سوالات

سوال [۲۸۴]: ۱..... آیات قرآنیہ واحادیث صحیحہ سے عدم سماع اموات ثابت ہے یا نہیں؟

۲..... صحابہ کرام کا مسلک دربارۂ سماع اموات کیا تھا؟

۳..... امام اعظم، امام ابو یوسف، امام محمد رحمہم اللہ تعالیٰ کے ارشادات عالیہ دربارہ سماع اموات کیا ہیں؟

۴..... اگر حنفیہ کا مسلک عدم سماع اموات ہے تو احادیث صحیحہ کے موافق ہے یا مخالف؟

---

(۱) "الرابع: تعلقها به فی البرزخ، فإنها وإن فارقته و تجردت عنه، فإنها لم تفارقه فراقاً كلياً بحيث لا يبقىٰ لها التفات إليه ألبتة". (كتاب الروح، المسألة السادسة هل الروح تعاد إلى الميت فی قبره وقت السوال أم لا، ص: ۶۰، مكتبه فاروقيه پشاور)

(وكذا فی شرح الفقه الأكبر، ص: ۱۰۰، قديمی)

(وكذا فی شرح العقيدة الطحاوية، الإيمان بعذاب القبر و نعيمه، ص: ۴۰۰، قديمی)

"وقياس الغائب على الشاهد فاسد". (شرح العقائد، ص: ۱۴۱، مسئله: رؤية الله، تحت قول الماتن فيرى لافی مكان ولا على جهة الخ، سعيد)

Made searchable using ScribeTools.com

۵.....مسئلہ سماع اموات میں روایات کتب فقہ متعارض کیوں ہیں، مثلاً باب الیمین فی الضرب سے عدم اور کتاب الجنائز سے ثبوت مستفاد ہوتا ہے یہ کیوں؟ دیکھئے فتح القدیر وغیرہ۔

۶.....قائلین عدم سماع اموات حنفی ہیں کہ شافعی کہ معتزلی؟

۷.....نواب قطب الدین خان رحمہ اللہ تعالیٰ جامع التفاسیر میں، مولانا سعید احمد حاشیہ مائۃ مسائل میں، مولانا اشرف علی بیان القرآن میں، مولوی شکر اللہ العجالۃ میں اور تفہیم المسائل، سراج الایمان، انوار المسلمین وغیرہ بہت سی کتابوں میں بہت سے علماء کرام نے یہ روایت نقل فرمائی ہے:

”و هو هذا رأى إمام أبو حنيفة من يأتى القبور لأهل الصلاح، فيسلم و يخاطب و يقول: يا أهل القبور! هل لكم خبر، وهل عندكم من أثر أنى أتيتكم من شهور، و ليس سوال منكم إلا الدعاء؟ هل دريتم أم غفلتم نسمع أبو حنيفة يقول مخاطب بهم فقال: هل أجابوا لك؟ قال: فقال: سحقاً لك و تربت يداك كيف تكلم أجساداً لا يستطيعون جواباً و لا يملكون شيئاً و لا يسمعون صوتاً و قرأ: ﴿و ما أنت بمسمع من فى القبور﴾ الخ اور حوالہ دیا ہے کتاب غرائب فی تحقیق المذاہب کا۔ اب سوال یہ ہے کہ روایت مذکورہ صحیح ہے یا غلط؟

۸.....روایت مذکورہ صرف غرائب ہی میں ہے یا اور بھی کسی مستند معتبر کتاب میں ہے؟

۹.....مولوی احمد رضا خان صاحب ”حیات الموات“ میں لکھتے ہیں کہ: ”غرائب ایک فرضی کتاب ہے، اس کا دنیا میں کہیں وجود نہیں“ تو یہ قول ان کا صحیح ہے یا غلط؟ اگر غلط ہے تو غرائب کا پتہ دیجئے۔

۱۰.....اگر واقعی دنیا میں کوئی کتاب ہی نہیں تو علماء کرام نے کیوں ایسی فاحش غلطی کی ہے اور یہ روایت کہاں سے اور کس طرح نقل فرمائی؟ مدلل مفصل جواب مرحمت فرما کر عنداللہ ماجور ہوں۔ تلك عشرة كاملة۔

المستفتی کبیر الدین اودی پورہ بنارس المرقوم ۳۱ مئی ۴۲ء۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

۱..... ہر دو قسم کی دلیلیں موجود ہیں (۱)۔

---

(۱) چنانچہ نفی سماع کے دلائل یہ ہیں: ﴿إنك لا تسمع الموتى و لا تسمع الصم الدعاء إذا ولّوا مدبرين﴾ (سورۃ النمل: ۸۰)

=

۲.....کوئی اجماعی چیز نہیں بلکہ اختلافی ہے، صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے دونوں قول ہیں (۱)۔

۳.....اگر ان حضرات سے کوئی واضح اور قطعی نص منقول ہوتی تو آپ کو اختلاف کی شکایت نہ ہوتی۔

۴.....اس کا جواب اوپر کے جوابات سے ظاہر ہے۔

= (و قال تعالی: ﴿فإنک لا تسمع الموتی﴾..... الخ(سورة الروم: ۵۲)

و قال تعالی: ﴿إن الله یسمع من یشاء و ما أنت بمسمع من في القبور﴾(سورة الفاطر: ۲۲)

اورثبوت سماع کے دلائل یہ ہیں: "عن أنس رضی الله تعالیٰ عن النبی صلی الله تعالیٰ علیه و سلم قال: "العبد إذا وضع في قبره و تولی و ذهب عنه أصحابه حتی إنه لیسمع قرع نعالهم، أتاه ملکان فأقعداه، فیقولان له: ماکنت تقول فی هذا الرجل محمد الخ". (صحیح البخاری، کتاب الجنائز، باب المیت یسمع خفق النعال: ۱/۱۷۸، قدیمی)

"عن صالح قال: حدثنی نافع أن ابن عمر أخبره قال: اطلع النبی صلی الله تعالیٰ علیه و سلم علی أهل القلیب فقال: "وجدتم ما وعدکم ربکم"، فقیل له: تدعو أمواتاً؟ قال: "ما أنتم بأسمع منهم، ولکن لا یجیبون". (صحیح البخاری، کتاب الجنائز، باب ما جاء في عذاب القبر: ۱/۱۸۳، قدیمی)

"عن ابن عباس رضی الله تعالیٰ عنهما قال: مر رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه و سلم بقبور المدینة، فأقبل علیهم بوجهه، فقال: "السلام علیکم یاأهل القبور، یغفر الله لنا و لکم، أنتم سلفنا و نحن بالأثر". (سنن الترمذي، کتاب الجنائز، باب ما یقول الرجل إذا دخل المقابر: ۱/۲۰۳، سعید)

(وسنن أبی داؤد، کتاب الجنائز، فصل فی التسلیم علی أهل القبور، باب ما یقول إذا مرّ بالقبور: ۲/۱۰۶، امدادیه ملتان)

(۱) قال المفتی محمد شفیع رحمه الله تعالیٰ فی رسالته "تکمیل الحبور بسماع أهل القبور": فاعلم أن مسئلة سماع الموتی و عدمه من المسائل التی وقع الخلاف فیه بین الصحابة رضوان الله علیهم أجمعین، فهذا عبد الله بن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما یثبت السماع للموتی، و هذه أم المؤمنین عائشة الصدیقة رضی الله تعالیٰ عنها تنفیه، و إلی کلٍ مالت طائفة من علماء الصحابة والتابعین". (أحکام القرآن للمفتی محمد شفیع رحمه الله تعالیٰ، (سورة الروم: ۵۲): ۳/۱۶۳، إدارة القرآن کراچی)

(وکذا فی الکوکب الدري علی جامع الترمذي، کتاب الجنائز، باب ما یقول إذا دخل المقابر: ۲/۱۹۷، إدارة القرآن کراچی)

Made Searchable using ScribeTools.com

۵.....فتح القدیر وغیرہ میں اس کی وجہ بھی موجود ہے۔(جو کہ جواب نمبر:ا میں تحریر ہے)

۶.....یہ بھی فتح القدیر وغیرہ میں لکھا ہے۔

۷.....نواب قطب الدین صاحب کا تو انتقال ہوگیا، مولانا اشرف علی صاحب تھانہ بھون ضلع مظفر نگر میں تشریف رکھتے ہیں، ان سے دریافت کیجئے۔ بقیہ حضرات کو میں جانتا نہیں۔

۸.....میں نے نہیں دیکھی۔

۹.....میں نے ''حیات الموات'' نہیں دیکھی، ان کو استقراء تام حاصل ہوگا جس سے وہ سلب کررہے ہیں۔

۱۰.....ایسی بات وہ کہے جس کو تمام دنیا کا احاطہ اور علم حاصل ہو، فتاوی عالمگیری جو کہ پانچ سو علماء کی تصنیف ہے اور حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی رحمہ اللہ تعالیٰ کے والد حضرت شاہ عبدالرحیم صاحب کی زیر نگرانی تصنیف ہوئی، اس میں کم ازکم بھی ایک ہزار مسائل کتاب الغرائب کے حوالہ سے نقل کئے گئے ہیں، اللہ اعلم کہ کہاں سے نقل کئے ہیں۔ مولانا عبدالحی لکھنوی رحمہ اللہ تعالیٰ بھی اپنی تصانیف میں غرائب کا حوالہ دیتے ہیں۔ یہ روایت جنہوں نے نقل کی ہے صحت اور فاحش غلطی کا جواب ان سے ہی دریافت کیجئے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

نزیل مدرسہ انوریہ شاہی مسجد کمیٹی باغ لودھیانہ

قبر میں میت کے لئے حیات ہے یا نہیں؟

سوال[۲۸۵]: اولیاء اللہ اور بزرگان دین اپنی قبروں میں زندہ رہتے ہیں یا نہیں؟ اور اگر رہتے ہیں تو کیوں؟ حدیث شریف میں آیا ہے کہ سوائے شہداء اور انبیاء کے جسم کے سب کو مٹی کھا جاتی ہے۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

شہداء اور انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کے علاوہ اَور بھی بعض حضرات ہیں جن کا جسم محفوظ رہتا ہے، حدیث شریف سے ایسا ہی معلوم ہوتا ہے(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۹۲/۳/۲۸ھ۔

الجواب صحیح، بندہ نظام الدین غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

---

(۱) أخرج الطبرانی عن ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ و سلم: "المؤذن =

دنیا سے رخصت شدہ بزرگ زندہ ہیں یا مردہ؟

سوال[۲۸۶]: جو بزرگ دنیا سے انتقال فرما گئے وہ زندہ ہیں یا مردہ؟ ہم ان کے بارے میں کیا عقیدہ رکھیں، زندہ کا عقیدہ رکھیں یا مردہ کا؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

روح جسم سے جدا ہوجاتی ہے، وہ نہیں مرتی (۱) اس کا کوئی اَور مقام ہوتا ہے (۲) یہاں اس کے اوپر زندوں کے احکام جاری نہیں ہوتے مثلاً غسل کفن دے کر نماز جنازہ پڑھ کر دفن کیا جاتا ہے، یہ معاملہ زندہ کے

= المحتسب كالشهيد المتشحط في دمه، و إذا مات لم يدوّد فى قبره".

"قال القرطبي : و ظاهر هذا أن المؤذن المحتسب لا تأكله الأرض أيضاً " (شرح الصدور فى أحوال الموتى والقبور، باب نتن الميت و بلاء جسده إلا الأنبياء و من ألحق بهم ، ص: ۲۰۹، دار المعرفة)

(وكذا فى التذكرة للقرطبى، باب: لا تأكل الأرض أجساد الأنبياء، ص :۴۸۵، مكتبه أسامة الإسلامية مصر)

(۱) "و قالت طائفة : إنها لا تموت للأحاديث الدالة على نعيمها و عذابها بعدالمفارقة إلى أن يرجعها الله تعالىٰ إلى الجسد، و إن قلنا بموتها، لزم انقطاع النعيم والعذاب اهـ". (روح المعانى، (سورة الإسراء :۸۵): ۱۵/ ۱۵۹، دار احياء التراث)

(وكذا فى كتاب الروح، المسألة الرابعة، هل تموت الروح أم الموت للبدن وحده، ص:۴۷، مكتبه فاروقيه پشاور)

(۲) "الذى دل عليه الأخبار أن مستقر الأرواح بعد المفارقة مختلف، فمستقر أرواح الأنبياء في أعلى عليين ..... و مستقر أرواح الشهداء فى الجنة ..... و أما مستقر أرواح سائر المؤمنين فقيل: فى الجنة أيضاً ..... و مستقر أرواح الكفار في سجين اهـ". (روح المعانى، (سورة الاسراء : ۸۵): ۱۵/ ۱۶۱، داراحياء التراث)

(وكذا فى كتاب الروح، المسئلة الخامسة عشر: أين مستقر الأرواح ما بين الموت إلى يوم القيامة ؟، ص: ۱۲۱، مكتبه فاروقيه پشاور)

Made searchable using ScribeTools.com

ساتھ نہیں ہوتا، بیوہ عدت گزار کر دوسرا نکاح کر لیتی ہے، ترکہ ورثہ میں تقسیم ہو جاتا ہے وغیرہ وغیرہ، وہ دوسری قسم کی زندگی ہے(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند۔

مردوں کا زندوں کے قدموں کی آواز سننا

سوال[۲۸۷]: علمائے کرام سے ایک حدیث سنی ہے کہ جب مردے کو قبر میں دفن کیا جاتا ہے تو واپس ہونے والوں کی چالیس قدم تک جوتوں کی آواز سنتا ہے۔ تو دریافت طلب بات یہ ہے کہ یہ آواز سننا اس مردے کے لئے ہے یا سب قبرستان کے مردے سنتے ہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

چالیس قدم تک کی قید حدیث میں نہیں ہے، یہ اس مردے کے لئے ہے جس کو اس وقت دفن کیا گیا ہے(۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۳/۴/۱۳۸۶ھ۔

الجواب صحیح: نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند۔ جواب صحیح ہے: سید مہدی حسن غفرلہ۔

---

(۱) "فأما فی حق أحكام الدنيا، فالشهيد ميّت يقسم ماله، وتنكح امرأته بعد انقضاء العدة، و وجوب الصلوة عليه من أحكام الدنيا، فكان ميتاً فيه، فيصلى عليه". (بدائع الصنائع، باب الشهيد: ۱/۳۲۵، دار الكتب العلمية)

(وكذا فی المبسوط للسرخسی، باب الشهيد: ۲/۵۰، رشيديه)

(۲) "عن أنس رضی الله عنه عن النبیؐ صلی الله تعالیٰ عليه و سلم قال: "العبد إذا وضع في قبره و تولى، و ذهب أصحابه حتى إنه ليسمع قرع نعالهم الخ". (صحيح البخاری، كتاب الجنائز، باب الميت يسمع خفق النعال: ۱/۱۷۸، قديمی)

(والصحيح لمسلم، كتاب الجنة و صفة نعيمها، باب عرض مقعد الميت من الجنة والنار .....الخ: ۲/۳۸۶، قديمی)

(وسنن أبی داؤد، كتاب الجنائز، باب المشي فی النعل بين القبور: ۲/۱۰۴، سعيد)

(و سنن النسائی، كتاب الجنائز، باب التسهيل فی غير السبتية: ۱/۲۸۸، قديمی)

قبر سے مردہ کی آواز باہر والوں کا سننا

سوال[۲۸۸]: مردہ کی قبر سے آواز آسکتی ہے یا نہیں؟ اگر آسکتی ہے تو کیوں اور نہیں سنی جاسکتی ہے تو کیوں؟ جب کہ عالمگیر رحمہ اللہ تعالیٰ کا قصہ مشہور ہے کہ ایک دفعہ قبرستان میں گئے اور وہاں جا کر سلام کیا اور کہا کہ اگر قبر سے سلام کا جواب نہ آیا تو ساری قبروں کو توڑ دوں گا.....تو سب قبروں سے سلام کا جواب آیا۔

الجواب حامداًومصلیاً:

خرق عادت کے طور پر کوئی آواز آجائے تو آسکتی ہے جیسا کہ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے سورۃ الملک پڑھنے کی آواز سنی ہے(۱)، عامۃً آواز انسان نہیں سنتے، ہاں مردہ کو عذاب ہوتا ہے تو اس کی آواز جانور سنتے ہیں، حدیث میں مذکور ہے(۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند۔

قبر کی زیارت کرتے وقت کیا میت کو اطلاع ہوتی ہے؟

سوال[۲۸۹]: ہم سنت کے مطابق کسی عزیز کی قبر کی زیارت کرتے ہیں تو کیا اہلِ قبر کو اس کی اطلاع ہوتی ہے کہ فلاں شخص نے زیارت کی؟

---

(۱)"عن ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال: ضرب بعض أصحاب النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خباء ہ علی قبر وھو لا یحسب أنہ قبر، فإذا قبر إنسان یقرأ سورۃ الملک حتی ختمھا .....الخ". (تفسیر ابن کثیر، سورۃ الملک: ۳۴۵/۴، دارالقلم)

(مشکوۃ المصابیح، کتاب فضائل القرآن، الفصل الثانی، ص: ۱۸۷، ۱۸۸ قدیمی)

(۲)"فیقال لہ لا دریت لا تلیت، ویضرب بمطارق من حدید ضربۃً، فیصیح صیحۃً یسمعھا من یلیہ غیر الثقلین." (مشکوۃ المصابیح، باب إثبات عذاب القبر، ص: ۲۵، قدیمی)

(وصحیح البخاری، کتاب الجنائز، باب ماجاء فی عذاب القبر: ۱۸۳/۱، قدیمی)

" إنھم یعذبون عذاباً تسمعہ البھائم کلھا". (کتاب الروح، المسألۃ السادسۃ: ھل الروح تعاد إلی المیت فی قبرہ وقت السوال أم لا؟، ص: ۷۱، فاروقیہ پشاور)

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداًومصلیاً:

اللہ تعالی اس کو اطلاع کرادیتا ہے۔

"قال ابن القیم: الأحادیث والآثار تدل علی أن الزائر حین جاء، علم به المزور، وسمع سلامه، وأنس به، ورد علیه عام فی حق الشهداء وغیرهم، وأنه لاتوقیت فی ذلك"۔ الطحطاوی، ص: ۳٤۰(۱)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند۔

مردوں کا اپنے جاننے والوں کو پہچاننا اور بخشوانا

سوال[۲۹۰]: کیا موت کے بعد متوفی قیامت تک یا اس سے پہلے یا اس کے بعد اپنے کسی رشتہ دار مثلاً: ماں، باپ، بھائی، بہن، زوجہ، اولاد وغیرہ سے ملے گا یا نہیں، اور ان کو پہچانے گا یا نہیں؟ اور یہ جو مشہور ہے کہ شیر خوار اولاد جو کسی کی مرجاتی ہے وہ اپنے والدین کو پہچان کر بخشوائے گی، یہ کہاں تک صحیح ہے اور اس کے علاوہ مرشد وغیرہ اپنے تابعین ومقلدین کو پہچانیں گے اور ان کے سفارش کریں گے؟ سید سعید حسن۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

مرنے کے بعد ارواح کی ملاقات ثابت ہے، روایت میں ہے کہ "مرنے والے کے رشتہ داروں کو ایسی خوشی ہوتی ہے جیسے کوئی شخص کہیں سفر سے واپس آئے تو اس کے رشتہ داروں کو خوشی ہوتی ہے اور اس روح سے دوسرے زندہ عزیزوں کے حالات کو دریافت کرتے ہیں اور ان کی اچھی حالت سے خوش ہوتے ہیں"(۲)۔

---

(۱)(حاشیة الطحطاوی علی مراقی الفلاح، کتاب الصلاة، فصل فی زیارة القبور، ص: ۶۲۰، قدیمی)

"مامن رجل یزور قبر أخیه، ویجلس عنده إلا استأنس به ورد علیه حتی یقوم". (کتاب الروح، المسألة الأولی: هل تعرف الأموات زیارة الأحیاء؟، ص: ۱۲، فاروقیه پشاور)

(وکذا فی شرح الصدور، باب زیارة القبور وعلم الموتی بزوارهم ورؤیتهم لهم، ص: ۲۰۱، دارالمعرفة)

(وکذا فی التذکرة فی أحوال الموتی وأمور الآخرة، باب ماجاء أن المیت یسمع مایقال، ص: ۱۶۵، أسامة الإسلامیة مصر)

(۲) "و أخرج عن ثابت البناني قال: بلغنا أن المیت إذا مات، احتوشه أهله و أقاربه الذین قد تقدموه من =

Made Searchable by ScribeTools.com

چھوٹی اولاد کا والدین کو بخشوانے کی سعی کرنا احادیث سے ثابت ہے(۱) اسی طرح مرشد وغیرہ بھی انشاء اللہ تعالیٰ سفارش کریں گے(۲)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور،۲۱/ ۷/ ۵۸ھ۔

الجواب صحیح سعید احمد غفرلہ،صحیح :عبد اللطیف،۳/ رجب/ ۵۸ھ۔

کیا مردے زندوں کے سلام کا جواب دیتے ہیں

سوال[۲۹۱] : قبرستان میں داخل ہوتے وقت جو "السلام علیکم یا أهل القبور" بتایا جاتا ہے تو کیا مردے سب پرانے اور نئے جواب دیتے ہیں؟

= الموتی، فَلهُوَ أفرح بهم، ولَهُم أفرح به من المسافر إذا قدم إلى أهله".

"وأخرج ابن أبی شیبة فی "المصنف" وابن أبی الدنیا عن عبید بن عمیر، قال: إن أهل القبور لیستوحِشون المیت کما یتلقی الراکب یسألونه، فإذا سألوه : ما فعل فلان ممن قد مات ؟ فیقول : ألم یأتکم ؟ فیقولون : إنا لله و إنا إلیه راجعون، سلک به غیر طریقنا، ذهب به إلى أمه الهاویة". (شرح الصدور، باب ملاقاة الأرواح للمیت إذا خرجت روحه و اجتماعهم به و سؤالهم له، ص :۹۸، دار المعرفة)

(وکذا فی کتاب الروح، المسألة الثانیة : هل تتلاقی أرواح الموتی و تتذاکر ؟ ،ص:۳۰، فاروقیه پشاور)

(وکذا فی التذکرة فی أحوال الموتی و أمور الآخرة، للقرطبی، باب ما جاء فی تلاقی الأرواح فی السماء، والسؤال عن أهل الأرض و فی عرض الأعمال، ص: ۶۱، ۶۲، أسامة الإسلامیة)

(۱) "عن علی رضی الله عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : "إن السقط لیراغم ربه إذا أدخل أبویه النار، فیقال : أیها السقط المراغم ربه ! أدخل أبویک الجنة، فیجرهما بسرره حتی یدخلهما الجنة". (سنن ابن ماجه، کتاب الجنائز، باب ما جاء فی من أصیب بسقط ،ص :۱۱۶، میر محمد کتب خانه)

(۲) "والشفاعة ثابتة للرسول صلی الله تعالیٰ علیه وسلم والأخیار فی حق أهل الکبائر بالمستفیض من الأخبار" (شرح الفقه الأکبر لملا علی القاری، ص:۹۵، قدیمی)

(وکذا فی شرح العقائد النسفیة للتفتازانی،ص :۸۷، المطبع الیوسفی)

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداًومصلیاً:

جن کوسلام کیا جاتا ہے وہ سب جواب دیتے ہیں، نئے پرانے سب (۱)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند،۳/۴/۸۶ھ۔

الجواب صحیح: نظام الدین عفی عنہ دارالعلوم دیوبند۔

جواب صحیح ہے: سید مہدی حسن غفرلہ۔

☆.....☆.....☆.....☆.....☆

---

(۱)"مِن أشهر ذلک ماروا ه ابن عبد البر مصححاًله عن ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنهما مرفوعاً: "(ما من أحد يمر بقبر أخيه المسلم كا ن يعرفه فی الدنيا، فيسلم عليه،إلا ردالله عليه روحه حتی يرد عليه السلام". (تفسيرابن كثير،(الروم:۵۳): ۳/۵۸۰،مكتبه دارالفيحاء)

(و كذا فی شرح الصدور،باب زيارة القبور وعلم الموتی بزوارهم ورؤيتهم لهم،ص : ۱۲،دارالمعرفة)

"عن أبی هريرة رضی اللہ تعالیٰ عنه قال :إذا مر الرجل بقبرأخيه يعرفه، فسلم عليه، ردعليه السلام وعرفه،وإذامربقبر لا يعرفه فسلم عليه، ردعليه السلام." (كتاب الروح، المسألة الأولی:هل تعرف الأموات زيارة الأحياء، ص : ۱۲،فاروقيه پشاور)

ما یتعلق بالتوسل فی الدعاء

(دعاء میں توسل کا بیان)

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے وسیلہ سے دعا کرنا

سوال[۲۹۲]: ایک صاحب حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے طفیل سے دعاء مانگنے میں قطعی متفق نہیں، بلکہ سینکڑوں اسناد سے جو مدلل بھی ہیں ثابت کرتے ہیں اور اسی کی تبلیغ کرتے ہیں، اگر انہیں مدلل ثبوت دے دیتے ہیں تو بقول ان کے بضد بھی ہیں، ایسی صورت میں بطفیل محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دعاء کا طلب کرنا کیسا ہے؟ ان کا کہنا ہے کہ جو کچھ طلب کرنا ہے بس خدا سے طلب کریں، حتیٰ کہ جوتی کا تسمہ وغیرہ۔ خیر اس سے انکار نہیں لیکن یہ وسیلہ ضروری نہیں، بغیر وسیلہ کے بھی کام چل جاتا ہے تو گویا ہم شرک کر رہے ہیں جو وسیلہ سے طلب کرتے ہیں، یہ ہمیں قطعی پسند نہیں کہ شرک کر کے نعوذ باللہ جہنم خریدیں۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر کوئی شخص حق تعالیٰ سے بغیر وسیلہ کے دعا مانگتا ہے تو یہ بھی درست ہے، اگر کوئی شخص حق تعالیٰ سے اس طرح دعاء مانگتا ہے کہ یا اللہ! میری فلاں حاجت حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے طفیل پوری فرما دے تو یہ بھی جائز ہے، اس کو شرک کہنا غلط ہے(۱) اس طرح خود حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تعلیم دی ہے:

---

(۱) "و من أدب الدعاء تقديم الثناء على الله و التوسل بنبي الله ليستجاب". (حجة الله البالغة: ۲/ ۶، مصر)

"(و ينبغي للزائر أن يكثر من الدعاء والتضرع والاستغاثة والتشفع، والتوسل به صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، فجدير): أي حقيق (بمن استشفع به أن يشفعه الله تعالىٰ فيه) و نحو هذا في منسك العلامة خليل، و زاد: و ليتوسل به صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، و يسأل الله تعالىٰ بجاهه في التوسل به، إذ هو مُحِطّ جبال الأوزار وأثقال الذنوب؛ لأن بركة شفاعته و عظمها عند ربه لا يتعاظمها ذنب، و من اعتقد خلاف ذلك فهو المحروم الذي طمس الله بصيرته وأضل سريرته، ألم يسمع قوله تعالىٰ: ﴿ولو =

Made searchable using ScribeTools.com

1

"عن عثمان بن حُنَيف رضی اللّٰه تعالیٰ عنه أن رجلاً ضريرَ البصر أتی النبي صلی اللّٰه تعالیٰ علیه وسلم: فقال: ادع اللّٰه أن يعافيني،قال:إن شئت دعوتُ وإن شئت صبرت، فهو خير لك"، قال: فادعه،قال: فأمره أن يتوضأ فيحسن وضوء ه،و يدعو بهذا الدعاء: "اللهم إني أسئلك و أتوجه إليك بنبيك محمد،نبي الرحمة،إني وجهت بك إلى ربي في حاجتي هذه لتقضى لي، أللهم فشفّعه في"۔ ترمذی شریف :۲/۱۹۷ (۱)۔

جوشخص اس کوشرک کہتا ہے،اس کواپنے قول سے رجوع اورتوبہ کرنا لازم ہے۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبدمحمودغفرلہ،دارالعلوم دیوبند،۷/۸/۹۵ھ۔

توسل کی صورتیں اورایصالِ ثواب

سوال[۲۹۳]: اولیائے کرام کے بارے میں نذرونیازومنت ومراد کے بارے میں میرے اورمیرے والد کے درمیان ایک قسم کا جھگڑا پیدا ہوگیا ہے،آپ اسے رفع فرمائیں اوراگرآپ لوگوں نے کوئی کتاب اس بارے میں لکھی ہوتواس کا نام اور قیمت تحریرفرمائیں تاکہ اسے منگایا جاسکے،میرے والد کہتے ہیں کہ چونکہ اولیائے کرام اللہ کے دوست،برگزیدہ،نیک بندے ہیں،اس لئے ہم ان کواپناوکیل اورسفارشی اللہ کے یہاں بناتے ہیں اوران کے وسیلہ اورتوسل سے دعاء مانگتے ہیں،درگاہوں پر جانا چاہئے،اولیائے کرام کے نام صدقہ وخیرات کرنا اورکسی چیز پرفاتحہ دلواکر پھران کا نام لے کردعاء کرنا کہ اے اللہ! جوکچھ صدقہ وخیرات اورتسبیح وتہلیل وکلام پاک پڑھا ہے اسے تیری نذرکرتا ہوں،قبول فرما،پھراس کا ثواب بطورتحفہ وہدیہ حضورصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں اور ان کے وسیلے سے پھرتمام انبیاء،صحابہ،شہداء،اولیاءاورتمام بزرگان دین کواس کا ثواب پہونچاتا ہوں،پھرولی سے کہتے ہیں کہ اے ولی اللہ! آپ ہمارے لئے دعاء کیجئے،ہماری حاجت کوپوری کروائیں،اگردعاءقبول ہوگی توآپ کے نام سے فاتحہ دینا،غریبوں کوکھانا کھلانااورآپ کے نام سے نفل روزہ رکھیں گے۔

کیاایسی باتیں شرک نہیں ہیں؟ ہمارا کہنا ہے کہ زیارت قبورکریں اورکلام پاک پڑھ کراورصدقہ خیرات

= أنهم إذ ظلموا أنفسهم جاؤوك﴾ انتهى ".(شرح المواهب اللدنية للزرقاني، الفصل الثاني في زيارة قبره الشريف ومسجده المنيف : ۹/۲۱۹،عباس احمد الباز)

(۱) (جامع الترمذی، أبواب الدعوات : ۲/۱۹۸،سعيد)

کرکے اس کا جو ثواب ہمیں ملتا ہے ان کو بخش دیں اور پھر اپنے اعمال صالحہ کے ذریعے اللہ تعالیٰ سے رحمت طلب کریں اور حاجت بیان کریں، پھر بھی ہمیں صحیح طریقہ پر نہیں معلوم ہے کہ زیارت کس طرح کریں؟ آداب کیا ہیں؟ اور وہاں جاکر کس طرح ثواب بخشنا چاہئے؟ لہذا آپ مطلع فرمائیں، میں نے ''تقویۃ الایمان'' پڑھی جس میں شرک کے خلاف لکھا ہے اور آج کل میں حقانی صاحب کی ''شریعت یا جہالت'' پڑھتا ہوں، انہوں نے اس کا مختصر بیان کیا ہے، ان کا وعظ بھی سنتا ہوں، براہ کرم جواب سے جلد آگاہ فرمائیں۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

اولیائے کرام کا درجہ تو بہت بلند ہے، ہر مسلمان کی عزت وحرمت لازم ہے، ایصال ثواب شرعی طریقے پر بلا کسی غیر ثابت پابندی کے درست اور نافع ہے (۱)، زیارت قبور کی بھی ترغیب آئی ہے (۲) اس سے دنیا کی محبت کم اور آخرت کی یاد تازہ ہوتی ہے اس طرح دعاء کرنا کہ ''یا اللہ! اپنے نیک بندوں کے طفیل ہماری دعاء قبول فرمالے اور ہماری حاجتیں پوری کردے'' درست ہے (۳)، براہ راست کسی صاحبِ قبر ولی سے کوئی حاجت و مراد طلب کرنا جائز نہیں، ان سے دعاء کرنے کے لئے درخواست کرنا بھی ثابت نہیں (۴)، غیر اللہ کے نام پر خیرات کرنا اور صدقہ دینا بھی جائز نہیں (۵)، ہاں اللہ کے نام پر دے کر ثواب جس کو چاہے پہونچادے، یہ بھی

(۱) (راجع ،ص: ۵۷۵، رقم الحاشیه : ۱)

(۲) "فزوروا القبور ،فإنها تذكركم الموت". (الصحيح لمسلم، كتاب الجنائز : ۱/۳۲۴،قديمی)

(۳) "عندنا و عند مشايخنا رحمهم الله تعالىٰ يجوز التوسل فی الدعوات بالأنبياء والصالحين من الأولياء والشهداء والصديقين فی حياتهم و بعد وفاتهم بأن يقول في دعائه : أللهم إني أتوسل إليك بفلان أن تجيب دعوتي و تقضي حاجتي إلى غير ذلك". (المهند على المفند، الجواب عن السوال الرابع: ص : ۳۲،مكتبة العلم)

(۴) "إن الناس قد أكثروا من دعاء غير الله تعالىٰ من الأولياء الأحياء منهم والأموات وغيرهم،مثل ياسيدي فلان! أغثني،و ليس ذلك من التوسل المباح في شيء، واللائق بحال المؤمن عدم التفوه بذلك، وأن لا يحوم حول حماه، و قد عده أناس من العلماء شركاً، وإن لا يكنه فهو قريب منه". (روح المعانی (المائدة : ۳۵) ۶/۱۲۸ ،دار احياء التراث العربی)

(۵) "والنذر للمخلوق لا يجوز؛ لأنه عبادة ،والعبادة لا تكون للمخلوق". (البحر الرائق، كتاب الصوم، =

Made Se[illegible]ools.com Made searchable using ScribeTools.com

اختیار ہے کہ ایک کو پہونچادے یا متعدد کو یا سب کو، نماز روزہ وغیرہ عبادات اللہ تعالیٰ کے لئے خاص ہیں، کسی اور کے نام کی نہ نماز جائز ہے، نہ روزہ، البتہ اللہ کے لئے نماز پڑھ کر یا روزہ رکھ کر اس کا ثواب جس کو دل چاہے پہونچادے، یہ درست ہے(۱) قبروں پر چادر چڑھانا، چراغ جلانا، ان کو سجدہ کرنا، ان کا طواف کرنا، قوالی کرنا، ان سے مرادیں مانگنا جائز نہیں، بلکہ مکروہ، حرام، شرک کی باتیں ہیں(۲)۔

ثواب پہونچانے کا طریقہ یہ ہے کہ قرآن کریم پڑھ کر یا نفل نماز پڑھ کر یا نفل روزہ رکھ کر یا صدقہ دے کر یا نفلی حج کر کے، غرض کوئی بھی نیک کام کر کے دعاء کرے کہ یا اللہ! اس کا ثواب فلاں کو پہونچادے۔ بس اس طرح ثواب پہونچ جاتا ہے۔ ''ردالمحتار'' میں یہ موجود ہے(۳)۔ ''جو چیز غیر اللہ کے نام پر دی جاتی ہے اس کا لینا اور کھانا جائز نہیں'' یہ تفصیل کے ساتھ البحرالرائق، شامی، طحطاوی(۴) وغیرہ میں مذکور ہے۔

= فصل فی النذر: ۲/ ۵۲۰، رشیدیه)

(وكذا رد المحتار، كتاب الصوم، مطلب فی النذر الذی يقع للأموات من أكثر العوام من شمع أو زيت أو نحوه: ۲/ ۴۳۹، سعيد)

(وكذا فی حاشية الطحطاوی علی مراقی الفلاح، كتاب الصوم، باب ما يلزم الوفاء به، ص: ۶۹۳، قديمی)

(۱) "والأصل أن كل من أتى بعباد ةٍ ما، له جعل ثوابها لغيره وإن نواها عند الفعل لنفسه لظاهر الأدلة". (الدر المختار، كتاب الحج، باب الحج عن الغير: ۲/ ۵۹۵، ۵۹۶، سعيد)

(وكذا فی البحر الرائق، كتاب الحج، باب الحج عن الغير: ۳/ ۱۰۶، رشيديه)

(۲) "و يكره عند القبر مالم يعهد من السنة، و المعهود منها ليس إلا زيارته والدعاء عنده قائماً، كذا فی البحر الرائق". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الجنائز، الفصل السادس فی القبر والدفن والنقل من مكان إلى مكان آخر: ۱/ ۱۶۶، رشيديه)

(وكذا فی البحر الرائق، كتاب الجنائز، فصل السلطان أحق بصلاته: ۲/ ۳۴۳، رشيديه)

(۳) (تقدم تخريجه فی الحاشية: ۱)

(۴) (راجع، ص؛ ۵۷۴، رقم الحاشية: ۵)

قبور کو سجدہ اور طواف ناجائز وحرام ہے بلکہ ایمان کا سلامت رہنا دشوار ہے، یہ مسئلہ شرح فقہ اکبر (۱)۔ ارشاد الساری (۲) وغیرہ میں ہے، ایصال ثواب کا طریقہ تفصیل سے اردو میں دیکھنا چاہیں تو ''غمِ رفتگان'' ایک رسالہ ہے، اس میں بھی مسئلہ تفصیل کے ساتھ مذکور ہے، اس کے ملنے کا پتہ یہ ہے:

مولانا ظہیر الاسلام صاحب بنی گنج ضلع ہردوئی، یوپی۔ دار الافتاء میں کتابیں فروخت نہیں ہوتیں۔ والد صاحب کا ادب واحترام ملحوظ رکھتے ہوئے ان کی خدمت میں شرعی حکم پیش کیا جائے اور دعاء کی جائے کہ حق تعالیٰ صحیح حکم شرعی قبول کرنے کے لئے ان کے دل کو آمادہ فرمادے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۱/۱/۹۴ھ۔

توسل

سوال [۲۹۴]: ۱.....زید کہتا ہے کہ کسی نبی یا ولی کی قبر پر جا کر (یوں) دعاء مانگنی چاہیے: اے فقیر خدا! تو اللہ تعالیٰ کا پیارا ہے، تو ہمارے لئے خدا تعالیٰ سے دعاء مانگ کہ فلاں کام خدا مجھ پر آسان کردے اور فلانی حاجت میری پوری کردے۔

۲.....بکر کہتا ہے کہ ولی یا نبی کو مخاطب نہیں کرنا چاہیے، بلکہ خدا تعالیٰ کو مخاطب کر کے کہنا چاہیے کہ: ''اے خدا! یہ ولی یا نبی تیرا محبوب ہے، تُو اس کی برکت سے میرا فلاں کام آسان کردے اور میری حاجت کو پورا کردے۔

استفسار یہ ہے کہ کونسی صورت جائز ہے اور کونسی ناجائز؟ مخاطب ولی کو کرنا چاہیے یا خدا تعالیٰ کو؟

---

(۱) "ومن سجد للسلطان بنية العبادة أو لم تحضره، فقد كفر، و فى الخلاصة: و من سجد لهم إن أراد به التعظيم كتعظيم الله سبحانه كفر، و إن أراد به التحية، اختار بعض العلماء أنه لايكفر، أقول: وهذا هو الأظهر، و فى الظهيرية: قال: بعضهم: يكفر مطلقاً. هذا (أى الخلاف) إذا سجد لأصل الإكراه: أى لمن يتأتى منه الإكراه ..... أما إذا سجد بغير الإكراه: أى و لو أمر به على القولين يكفر عندهم بلا خلاف". (شرح الفقه الأكبر ص: ۱۹۳، قديمى)

(۲) "(و لا يطوف): أى و لا يدور حول البقعة الشريفة؛ لأن الطواف من مختصات الكعبة المنيفة، فيحرم حول قبور الأنبياء والأولياء، و لا عبرة بما يفعله العامة الجهلة، و لو كانوا فى صورة المشايخ والعلماء". (إرشاد الساری إلى مناسک الملا على القارى، ص: ۳۴۲، باب زيارة سيد المرسلين، فصل وليغتنم أيام مقامه بالمدينة المشرفة، مكتبه مصطفى محمد بمصر)

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداً و مصلیاً:

خدا تعالیٰ کو خطاب کرنا چاہئے، کسی ولی کو خطاب کر کے دعاء کرنا درست نہیں (۱)، ہاں زندہ ولی سے دعاء کرانا درست ہے (۲)، البتہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مزار پر حاضر ہو کر خطاب کرنا درست ہے، کیونکہ حدیث شریف سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سنتے ہیں (۳)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲/۴/۵۵ھ۔

التوسل فی الدعاء

سوال[۲۹۵]: التوسل فی الدعاء بأسماء الصالحین مثل أن یقال: أللهم اغفرلی ببرکة فلان، أو بحرمته أوبوسیلته، أوبطفیله، أوبخاطره وغیرها، وإن اختلف فی جوازه الدعاء، بل صرّح بعضهم باستحبابه وندبه، لکنه لم یکن معروفاً فی زمن السلف، ولم یدل علیه قرآن ولاحدیث ثابت السنة تام الدلالة علیه، ومایستدل به من الأحادیث فبعضه ساقط ألبتة، لیس قابلاً للاحتجاج، وبعضه لاتتم دلالته علی ذلك المعنی، فالأنسب أن یحترز عنه فی الدعاء.

---

(۱) قال اللہ تعالیٰ: ﴿وأن المساجد لله فلا تدعوا مع الله أحداً﴾. (الجن: ۱۸)

قال اللہ تعالیٰ: ﴿و من أضل ممن یدعوا من دون الله من لا یستجیب له إلی یوم القیامة، و هم عن دعائهم غافلون﴾. (الاحقاف: ۵)

قال اللہ تعالیٰ: ﴿إیاک نعبد و إیاک نستعین﴾. (الفاتحة: ۴)

"و إذا سألت فاسأل الله وإذا استعنت فاستعن بالله". (مشکوة المصابیح، باب التوکل والصبر: ۴۵۳/۲، قدیمی)

(۲) "إن رجلاً یأتیکم من الیمن یقال له: أویس، لا یدع بالیمن غیرأم له، قد کان به بیاض فدعا الله، فأذهبه عنه إلا موضع الدینار أو الدرهم، فمن لقیه منکم فلیستغفر لکم". (الصحیح لمسلم، کتاب الفضائل، باب من فضائل أویس القرنی رضی اللہ تعالیٰ عنه: ۳۱۱/۲، قدیمی)

(۳) "عن أبی هریرة رضی اللہ تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم: "من صلی علیَّ عند قبري سمعته، و من صلی علي نائیاً أبلغته". رواه البیهقی فی شعب الإیمان". (مشکوة المصابیح، باب الصلاة علی النبي صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم و فضلها، ص: ۸۷/۱، قدیمی)

الجواب حامداًومصلیاً:

هذه الطريقة ماكانت رائجةً فی القرون المشهودلها بالخيرورواجاًعاماً، ولكن يمكن أن يقال: إن الأصل لها؛ لأن الترمذی رحمه الله تعالیٰ خرج لها بسنده حديثاًوصححه (۱)والطبرانی أيضاً وثّقه(۲) وأيضًا مروی فی البعض والنسائی(۳) والحاكم(٤)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند،۱۴/۱۱/ ۸۸ھ۔

دعاء میں توسل

سوال[۲۹۶]: ادھر میں نے تین حسب ذیل اقوال پڑھے ہیں:

۱-''حضرت مجدد الف ثانیؒ قبروں کو بوسہ دینے سے منع فرماتے ہیں، لیکن اہل قبور سے مدد طلب کرنے کو جائز سمجھتے ہیں''۔ (مجدد اعظم، مصنفہ محمد حلیم صاحب، مکتبہ دینیات دہلی: ص:۱۱۱)

۲-''توسل جو احادیث سے ثابت ہے وہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ سے دعاء کرے کہ فلاں مقبول بندے کی برکت سے میری فلاں حاجت پوری فرما''۔ (اصلاح الرسوم، مصنفہ حکیم الامت: ص:۱۳۵)

---

(۱) ''عن عثمان بن حُنَيف أن رجلاً ضرير البصر أتى النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فقال: ادع الله أن يعافيني،قال: "إن شئتَ دعوتُ، وإن شئت صبرت فهو خير لک". قال: فادعه،قال: فأمره أن يتوضأ فيحسن وضوءه،ويدعو بهذا الدعاء: "اللهم إني أسئلک و أتوجه إليک بنبيک محمد،نبي الرحمة،إني توجهت بک إلى ربي في حاجتي هذه لتقضى لی، اللهم فشفعه فيّ". هذا حديث حسن صحيح غريب لانعرفه إلا من هذاالوجه من حديث أبی جعفر وهو غيرالخطمی". (جامع الترمذی،أبواب الدعوات: ۲/ ۱۹۸،سعيد)

(۲)(المعجم الكبير للطبرانی : ۹/ ۳۱،ما أسند عثمان بن حُنَيف،رقم الحديث: ۸۳۱۱، دار إحياء التراث العربی)

(۳)(السنن الكبرى للامام النسائی: ۶/ ۱۶۸،كتاب عمل اليوم والليلة،رقم الحديث: ۱۰۴۹۵،ذكرحديث عثمان بن حنيف)

(۴) (المستدرک للحاكم: ۱/ ۳۱۳،كتاب صلاة التطوع،دعاء رد البصر،دارالفكر)

(وسنن ابن ماجه،باب ماجاء فی صلاة الحاجة، ص: ۱۰۰،میر محمد)

Made searchable using ScribeTools.com

۳-''قبر پر فاتحہ کھڑے ہوکر پڑھنا چاہئے''۔(نظام، کانپور ماہ جنوری ۶۴ء ص:۳۸)

سوال یہ ہے کہ اگر زید کسی بزرگ کے مزار پر حاضر ہوکر کھڑے ہوکر فاتحہ پڑھتا ہے اور یہ دعا کرتا ہے: اے اللہ! میری یہ دعاء اپنے اس خاص بندے کے توسل یا طفیل سے قبول فرما (زید کو یہ یقین ہے کہ اس قبر میں سونے والے بزرگ کی برکت سے دعاء ضرور قبول ہوتی ہے) کیا یہ زید کا فعل معہ اعتقاد از روئے شریعت درست ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

اگر وہ بزرگ ایسے ہیں کہ جن کی بزرگی (ولایت) پر دلیل قائم ہے تو اس طرح دعاء کی بھی گنجائش ہے کہ: اے اللہ! اپنے اس خاص بندے کے طفیل یا توسل سے میری دعاء قبول فرما (۱) لیکن مناسب و احوط یہ ہے کہ تخصیص نہ کرے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

دعا میں توسّل

سوال[۲۹۷]: ہماری دکان میں ایک بزرگ کو بلایا گیا، کاروباری حالات تسلی بخش نہ رہنے کی وجہ سے انہوں نے یہ ورد پڑھنے کے لئے بتایا: ''بسم اللہ الرحمٰن الرحیم. الحمد للہ رب العلمین. أللھم صل علی سیدنامحمد وعلی الہ''۔ اخیر میں یہ ورد ہے:

''یادستگیر بے کساں حالِ زار پر رحم کرو اللہ کے واسطے'' اس طریقہ پر ورد کر سکتے ہیں یا نہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ مانگنا اللہ سے مقصود نہیں، اس لئے ایسا ورد نہیں کرنا چاہئے (۲) بلکہ اللہ سے

---

(۱) "إن التوسل بجاہ غیر النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لا بأس بہ أیضاً إن کان المتوسل بجاھہ مما علم أن لہ جاھاً عند اللہ تعالیٰ کالمقطوع بصلاحہ و ولایتہ". (روح المعانی: (المائدۃ: ۳۵): ۱۲۸/۶، دار إحیاء التراث العربی)

(۲) "إن الناس قد أکثروا من دعاء غیر اللہ تعالی من الأولیاء الأحیاء منھم والأموات وغیرھم، مثل یاسیدی فلان! أغثنی، ولیس ذلک من التوسل المباح فی شيء، واللائق بحال المؤمن عدم التفوہ بذلک، وأن لا یحوم حول حماہ، وقد عدہ أناس من العلماء شرکاً، وإن لایکنہ فھو قریب منہ". (روح المعانی (المائدۃ: ۳۵): ۱۲۸/۶، دار إحیاء التراث العربی)

Made Searchable by ScribeTools.com

مانگا جائے اور نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور دوسرے بزرگوں کا توسل کیا جائے مثلاً اس طرح کہ اللہ تعالیٰ ہمارے حال زار پر حضرت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے طفیل رحم فرمائے انشاء اللہ تعالیٰ دعاء جلد قبول ہوگی (۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۱۶/۴/ ۸۷ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۶/۴/ ۸۷ھ۔

وسیلہ سے دعا

سوال[۲۹۸]: حقانی صاحب نے اپنے وعظ میں کہا ہے کہ ''رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے وسیلہ سے یا کسی بھی پیغمبر کے وسیلہ سے دعاء نہ مانگنی چاہیے بلکہ صرف خدا ہی سے مانگے'' یہ بات درست ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یا دیگر انبیاء کرام اور اولیائے کرام کے وسیلے سے اس طرح دعاء کرنا کہ: یا اللہ! فلاں بزرگ یا فلاں نبی کے طفیل ہماری حاجت پوری فرمادے شرعاً درست ہے (۲) حقانی صاحب نے ہدایہ وغیرہ کے حوالہ سے یہ مسئلہ بتایا ہے، وہاں دراصل معتزلہ کا رد مقصود ہے جس کی تفصیل کتب

---

(۱) ''عن عثمان بن حُنَيف رضی الله عنه أن رجلاً ضرير البصر أتى النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: فقال: ادع الله أن يعافيني،قال:'' إن شئتَ دعوتُ، وإن شئت صبرت فهو خير لک''. قال: فادعه،قال: فأمره أن يتوضأ فيحسن وضوء ه،و يدعو بهذا الدعاء: ''اللهم إني أسئلک و أتوجه إليک بنبيک محمد نبي الرحمة،إني توجهت بک إلى ربي في حاجتي هذه لتقضى لى، أللهم فشفعه فيّ''. (سنن الترمذی،أبواب الدعوات: ۱۹۸/۲ ،سعيد)

(۲) ''و بعد هذا كله أنا لا أرى بأساً في التوسل إلى الله تعالىٰ بجاه النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم عند الله تعالىٰ حيًا و ميتًا، و يراد من الجاه معنىً يرجع إلى صفة من صفاته تعالىٰ، مثل أن يراد به المحبة التامة المستدعية عدم رده و قبول شفاعته، فيكون معنى قول القائل : إلهي! أتوسل بجاه نبيک صلى الله تعالىٰ عليه وسلم أن تقضى لي حاجتي، إلهى! اجعل محبتک له وسيلةً فى قضاء حاجتي''.(روح المعانى (المائدة : ۳۵): ۱۲۶/۶ ،دار إحياء التراث)

Made searchable using ScribeTools.com

فقہ میں مذکور ہے(۱) اس کا اس مسئلہ سے تعلق نہیں، یہاں وہ صورت نہیں جس کو منع کیا گیا ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۹/۱/۹۵ھ۔

زندوں اور مردوں کے توسل سے دعا

سوال[۲۹۹]: دعاء میں انبیاء، اولیاء اور سلف صالحین کا وسیلہ کن دلائل سے ثابت ہے؟ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے صریح قول یا آثار صحابہ رضی اللہ عنہم سے اس کو ثابت کریں کہ دعاؤں میں مردوں کا وسیلہ لینا درست معلوم ہو جائے۔ اس سلسلہ میں ایک واقعہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا پیش کیا جاتا ہے کہ ایک جگہ آپ نے حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے واسطے سے دعاء مانگی لیکن اس وقت حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ موجود تھے۔

یہاں سوال یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شخصیت تمام خلائق سے بہتر اور بزرگ تر ہے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا وسیلہ چھوڑ کر آپ کے چچا حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا وسیلہ کیوں لیا؟ محض یہ کہنا کافی نہ ہوگا کہ علماء کا عمل اس پر ہے اور جو اس کے خلاف ہیں وہ شاذ ہیں، مثلاً علامہ حافظ ابن تیمیہ رحمہ اللہ تعالیٰ، بلکہ تعامل صحابہ اور ارشاد رسول سے اس کا ثبوت ضروری ہے۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

"عن عثمان بن حُنیف رضی اللّٰہ تعالیٰ عنه إن رجلاً ضریر البصر أتی النبی صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم فقال: ادع اللّٰہ أن یعافینی، فقال: "إن شئت دعوت، و إن شئت صبرت فهو

---

(۱)" و یکره أن یقول فی دعائه: بحق فلان أو بحق أنبیائک و رسلک؛ لأنه لا حق للمخلوق علی الخالق". (الهدایة، کتاب الکراهیة، مسائل متفرقة: ۴/۴۷۳، امدادیه ملتان)

"یعنی لا یجوز أن یقول: بحق فلان علیک، وکذا بحق أنبیائک و رسلک والبیت والمشعر الحرام؛ لأنه لا حق للمخلوق علی الخالق، وإنما یختص برحمته من یشاء من غیر وجوب علیه". (البحر الرائق، کتاب الکراهیة: ۸/۳۷۹، رشیدیه)

خیر لك" قال: فادعه قال: فأمره أن يتوضأ فيحسن وضوء ه، و يدعو بهذا الدعاء : "أللهم إنى أسألك، و أتوجه إليك بنبيك محمد، نبى الرحمة، إنى توجهت بك إلى ربى فى حاجتى هذه"، لتقضى لى ، أللهم فتشفعه فيّ"۔ترمذی شریف ۱۹۷/۲ (۱) ۔

اس کے بعد وہ نابینا صحیح البصر ہوگئے (۲)، امام ترمذی رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس حدیث کو صحیح بتایا ہے(۳) اور بیہقی نے بھی اس کی تصحیح کی ہے(۴)،طبرانی نے اس کو عمدہ سند کے ساتھ لکھا ہے اور اس میں ان الفاظ کا اضافہ ہے:"بحق نبيه والأنبياء الذين من قبلى، هكذا فى الأصل، والظاهر من قبله"(۵)۔ حاکم نے اس روایت کو صحیح بتایا ہے(۶)۔

---

(۱) (جامع الترمذى : ۱۹۸/۲ ، أبواب الدعوات ، سعيد)

قال الإمام أبو عيسى :" هذا حديث حسن صحيح غريب، لا نعرفه إلا من هذا الوجه من حديث أبى جعفر و هو غير الخطمي". (المصدر السابق)

و أيضاً رواه احمد فى مسنده بهذا اللفظ :"أللهم إنى اسألك و أتوجه إليك بنبيك محمد نبى الرحمة، إنى توجهت بك إلى ربى فى حاجتى هذه، فتقضى لى أللهم فتشفعه فىّ" (المسند للإمام أحمد بن حنبل :۱۳۸/۴ ، رقم الحديث : ۱۷۲۸۹ ،حديث عثمان بن حُنيف ، دارإحياء التراث العربى، بيروت)

(۲) و قد صرح بذلك فى المسند حيث قال: "ففعل الرجل فبرأ". (مسند الإمام أحمد، المصدر السابق، دار إحياء التراث العربى)

(۳)(و قد مر تخريجه رقم الحاشية : ۱)

(۴) قال القسطلانى : "و صححه البيهقى و زاد: فقد قام و أبصر". (المواهب اللدنية، ص: ۲۲۱/۱۲ ، دار الكتب العلمية)

(۵) (راجع ،ص: ۵۸۵، رقم الحاشيه: ۳)

(۶)فى شرح المواهب للزرقانى :"ما رواه النسائى والترمذى، والحاكم و قال: على شرطهما": ۲۲۱/۱۲)

"عن عثمان بن حنيف أن رجلاً ضريراً ..... الحديث، هذا حديث صحيح على شرط الشيخين ولم يخرجاه".

وفى الصفحة رقمها: ۵۱۹: "هذا حديث صحيح الإسناد ولم يخرجاه، (المستدرك مع =

Made searchable using ScribeTools.com

ابن حجر مکی (۱) علامہ زرقانی (۲) علامہ خلیل (۳) علامہ قسطلانی (۴) قاضی عیاض (۵) سب نے ہی اپنی اپنی کتابوں میں توسل کی اجازت دی ہے اور اس کو جمہور سلف صالحین کا مسلک قرار دیا ہے، شیخ المحققین علامہ ابن ہمام رحمہ اللہ تعالیٰ فتح القدیر ۲/ ۳۳۷ میں لکھتے ہیں: "ویسأل الله حاجته متوسلاً إلى الله تعالىٰ بحضرة نبيه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم"(٦)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

= التلخيص: ۱/ ۳۱۳، كتاب الصلوٰة والتطوع، دعاء ردالبصر، و: ۱/ ۵۱۹، كتاب الدعا، دعاء ردالبصر، دارالفكر، بيروت)

(۱) "وصححه البهيقى وزاد: فقام، وروى الطبرانى بسند جيّد أنه عليه السلام ذكرفى دعائه: "بحق نبيّک" والاستغاثة والتشفع والتوجه به صلى الله عليه سلم أو بغيره من الأنبياء وكذا الأولياء اهـ". (حاشيه ابن حجر المكى رحمه الله تعالىٰ على الإيضاح فى مناسک الحج للنووى رحمه الله تعالىٰ، ص: ۵۰۰، بحواله تسكين الصدور، ص: ۴۳۶، مكتبه صفدريه)

(۲) قال العلامة الزرقانى: "و نحو هذا فى منسک العلامة خليل و زاد: "و ليتوسل به صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فى التوسل به، إذ هو مُحطّ جبال الأوزار وأثقال الذنوب ..... و من اعتقد خلاف ذلک فهو المحروم الذى طمس الله بصيرته و أضل سريرته، ألم يسمع قوله تعالىٰ: ﴿و لو أنهم إذ ظلموا أنفسهم جاؤک﴾ (شرح المواهب: ۱۱/ ۲۱۹)

(۳) قال العلامة خليل السهارنفورى: "عندنا و عند مشايخنا يجوز التوسل فى الدعوات بالأنبياء والصالحين من الأولياء والصديقين والشهداء فى حياتهم و بعد وفاتهم". (المهند على المفند، ص: ۸)

(۴) (المواهب اللدنية للقسطلانى: ۱۲/ ۲۱۹، ۲۲۳، دار الكتب العلمية)

(۵) "وإن حرمته ميتاً كحرمته حيّاً، فاستكان لها أبو جعفر وقال: ياأباعبدالله! أستقبل القبلة وأدعو أم أستقبل رسول الله؟ فقال: ولم تصرف وجهک عنه وهو وسيلتک ووسيلة أبيک آدم عليه السلام إلى الله تعالىٰ يوم القيامة؟ بل أستقبله و أستشفع به فيشفعه الله". (الشفا للقاضى عياض، القسم الثانى، الباب الثالث، الفصل الثالث: حرمته وتوقيره صلى الله عليه وسلم، ص: ۴۰۱، دارالفكر، بيروت)

(٦) (فتح القدير لابن الهمام الحنفى، كتاب الحج، المقاصد الثلاثة، المقصد الثالث فى زيارة قبر النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: ۳/ ۱۸۱، مصطفى البابى الحلبى، بمصر)

سوال برجواب مذکورہ بالا

سوال[۳۰۰]: عثمان بن حُنیف رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی جو روایت آپ نے توسل کے جواز پر پیش فرمائی ہے، یہ تو آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حیاتِ مبارکہ کا واقعہ ہے(۱)، اس سے تو یہ ثابت ہوسکتا ہے کہ آنحضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنی زندگی میں توسل سے دعاء کی اجازت دی تھی، سوال آپ کی وفات کے بعد کا ہے۔ بعض اکابر صحابہ کا عمل وفات نبوی کے بعد توسل کے بجائے اس وقت کے زندوں سے رہا ہے جو اس بات کی علامت ہے کہ صحابہ میں وصالِ نبوی کے بعد آپ کے توسل کا طریقہ رہا، اس سلسلہ میں دو جلیل القدر صحابی کا واقعہ ملاحظہ فرمائیں:

۱= حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ جو عام الرماد کے ہولناک قحط میں مہاجرین اور انصار کے روبرو دعا مانگی تھی اس کے الفاظ یہ تھے: "اللهم إنا كنا إذا جَدبنَا نتوسل إليك بيننا فتسقينا، وإنا نتوسل إليك بعم نبينا صلى الله عليه وسلم فاسقنا"(۲) اے خدا جب ہم قحط میں مبتلا ہوتے تھے تو اپنے نبی کا وسیلہ تیرے سامنے پیش کیا کرتے تھے تو ہمیں سیراب کردیا کرتا تھا، اب ہم اپنے نبی کے چچا کا وسیلہ تیرے حضور میں پیش کرتے ہیں۔ حضرت عمر فاروق کا عمِ رسول حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے وسیلہ سے دعاء مانگنا اور اس پر تمام صحابہ، مہاجرین وانصار کا سکوت تسلیم ورضا اس بات کی کھلی دلیل ہے کہ صحابہ رضی اللہ عنھم نے اس توسل کو صحیح ودرست سمجھا۔

۲= دوسرا واقعہ حضرت معاویہ بن ابی سفیان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ہے، جب ملک شام میں قحط پڑا تو معاویہ بن ابی سفیان نے یزید الاسود اعرشی کو دعاء میں وسیلہ بنایا، انہوں نے کہا: "اللهم نستشفع أو نتوسل بخيارنا، يا يزيد! ارفع يديك، فرفع و دعا و دعا الناس حتى أسقوا"(۳) الٰہی ہم نیکوکاروں کی سفارش

---

(۱) (جامع الترمذي، أبواب الدعوات: ۱۹۸/۲، سعيد)

(۲) (صحيح البخاري، أبواب الاستسقاء، باب سؤال الناس الإمام إذا قحطوا: ۱۳۷/۱، قديمي)

(۳) "قال ابن حجر: واستسقى معاوية بيزيد بن الأسود فقال: أللهم إنا نستسقي بخيرنا و أفضلنا، أللهم إنا نستسقي بيزيد بن الأسود، يا يزيد! ارفع يديك إلى الله، فرفع يديه و رفع الناس أيديهم، فثارت سحابة من المغرب كأنها ترس، وهبّت ريح، فسقوا حتى كاد الناس لا يبلغون منازلهم". (مرقاة المفاتيح، كتاب الصلاة، باب الاستسقاء: ۲۱۹/۳، ۲۲۰، الحبيبية، كوئٹه)

Made searchable using ScribeTools.com

لاتے ہیں، اے یزید! اپنے ہاتھ اٹھا چنانچہ یزید نے اپنے ہاتھ اٹھائے اور دعاء کی، نیز تمام مسلمانوں نے دعا کی اور پانی برسنے لگا۔

ان دو جلیل القدر صحابی کے عمل نے بتایا کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی وفات کے بعد ان لوگوں میں مردوں کے توسل کا رواج نہیں تھا بلکہ زندے نیکوکاروں کے توسل کا تھا۔ محقق ابن ہمام اور قاضی عیاض کے حوالہ سے آپ نے جس توسل کو جائز قرار دیا ہے اور جس کو جمہور سلفِ صالحین کا مسلک ٹھہرایا ہے، اس سے کونسا توسل مراد ہے، کسی شخصیت کا توسل یا اطاعت و بندگی کا توسل یا کسی کی دعاء وسفارش کا توسل؟ اس کی وضاحت فرمائیں۔

الجواب حامداً و مصلیاً :

یہ دونوں واقعے اس بات کو ظاہر کرتے ہیں کہ زندہ سے توسل درست ہے، مردہ کے توسل سے ساکت ہیں، سابق فتویٰ میں بحوالہ طبرانی جو عبارت نقل کی گئی تھی اس میں انبیاء سابقین سے توسل کے بھی الفاظ تھے (۱) نیز فتح القدیر کی جو عبارت نقل کی گئی تھی اس میں زائرین کو ہدایت تھی وہ بھی حضرت رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد ہی کے لئے ہے (۲)۔

عثمان بن حُنیف رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روایت جو کہ ترمذی شریف سے نقل کی تھی وہ واقعہ تو حیاتِ طیبہ کا تھا مگر انہوں نے بعد وفات بھی ایک شخص کو یہی ترکیب اور دعاء بتلائی تھی جس کی ایک ضرورت حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے متعلق تھی اور وہ توجہ نہ فرماتے تھے۔ ایک شخص نے اس پر عمل کیا، حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے وہ ضرورت پوری فرمادی۔ پھر اس شخص نے عثمان بن حُنیف رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا شکریہ ادا کیا کہ آپ نے میری سفارش کردی اس پر انہوں نے وہی ترمذی والی روایت سنائی (۳)۔

---

(۱) (راجع ،ص: ۵۸۲، رقم الحاشیة:۵،۶، و ص: ۵۸۳، رقم الحاشیة : ۱، ۲، ۳)

(۲) (فتح القدیر، کتاب الحج، المقاصد الثلاثة، المقصد الثالث فی زیارة قبر النبی صلی اللہ علیه وسلم: ۲/ ۱۸۱، مصطفیٰ البابی الحلبی، مصر)

(۳) "وأما بعد مماته فقد روی الطبرانی فی الکبیر عن عثمان بن حنیف المتقدم أن رجلاً کان یختلف إلی عثمان بن عفان رضی اللہ عنه فی حاجة له، فکان لایلتفت إلیه ولا ینظر فی حاجته، فلقی ابن حنیف =

علامہ زرقانی نے شرح مواہب: ۸/ ۳۱۸، میں لکھا ہے:

"و أما التوسل به صلى الله تعالى عليه وسلم بعد موته في البرزخ فهو أكثر من أن يحصى أو يدرك باستقصاء، و في كتاب مصباح الظلام في المستغيثين بخير الأنام للشيخ أبي عبد الله بن النعمان طرف من ذلك اهـ"(۱)۔ اس کے بعد اپنے واقعات اور تجربات لکھتے ہیں کہ بیماری اور مصیبت کے دفع کرنے میں کیسی تاثیر پائی (۲)۔ علامہ آلوسی نے روح المعانی ص: ۲۹۹، پر توسل کرنے والوں کی اَغلاط پر متنبہ کرنے کے بعد لکھا ہے: "بعد هذا كله أنا لا أرى بأساً في التوسل إلى الله تعالى بجاه النبي صلى الله تعالى عليه وسلم عند الله تعالى حياً و ميتاً اهـ"(۳)، ص: ۳۰۰ پر لکھا ہے: "التوسل بجاه غير النبي صلى الله تعالى عليه وسلم لا بأس به إن كان المتوسل بجاهه مما علم أن له جاهاً عند الله تعالى كالمقطوع بصلاحه و ولايته"(٤)۔ اعمالِ صالحہ کا توسل حدیث انصار میں موجود ہے (۵)۔ شخصیت کا تو آپ کے تحریر کردہ

= فشكى إليه ذلك فقال له ابن حنيف: إئت الميضاة فتوضأ، ثم ائت المسجد فصل ركعتين، ثم قل: أللهم إني أسألك ..... فانطلق الرجل، فصنع ما قال، ثم أتى باب عثمان، فجاء البواب حتى أخذه بيده فأدخله على عثمان فأجلسه معه على الطنفسة، فقال: ماحاجتك؟ فذكر حاجته فقضاها، ..... ثم إن الرجل خرج من عنده، فلقي ابن حنيف فقال له: جزاك الله خيراً ..... فقال ابن حنيف: والله! ماكلمته ولكني شهدت رسول الله صلى الله عليه وسلم وأتاه ضرير فشكى إليه ذهاب بصره" الحديث. (حاشيه سنن ابن ماجه المسمى بإنجاح الحاجة، رقمها: ۱، ص: ۱۰۰، باب ماجاء في صلوة الحاجة، مير كتب خانه)

(۱) یہ عبارت متن: "المواهب اللدنية بالمنح المحمدية" علامہ قسطلانی کی ہے، اس کی شرح علامہ زرقانی نے لکھی ہے دیکھئے: (شرح العلامة الزرقاني على المواهب، المقصد العاشر، الفصل الثاني في زيارة قبره الشريف ومسجده المنيف: ۱۲/ ۲۲۲، عباس أحمد الباز مكة المكرمة)

(۲) (شرح المواهب المرجع السابق: ۱۲/ ۳۲۲، ۳۲۳، علامہ قسطلانی نے توسل کی فضیلت کر کے ترغیب دی ہے)

(۳) انظر للتفصيل: (روح المعاني: ۶/ ۱۲۸، دار إحياء التراث العربي)

(۴) (روح المعاني المصدر السابق آنفاً: ۶/ ۱۲۸، ۱۲۹، دار إحياء التراث العربي)

(۵) (مشكاة المصابيح للخطيب التبريزي: ۱/ ۱۳۲، باب الاستسقاء قديمي)

(و أخرجه الإمام البخاري في صحيحه، باب سوال الناس الإمام الاستسقاء إذا قحطوا: ۱/ ۱۳۷، قديمي)

Made searchable using ScribeTools.com

واقعہ(۱) نیز روح المعانی میں ہے(۲)۔دعاء و شفاعت کا توسل بھی احادیث میں مصرح ہے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

توسل میں ابن تیمیہ رحمہ اللہ تعالیٰ کا قول

سوال[۳۰۱]: جیسا کہ ہم لوگ اہل سنت والجماعت دعاء کرتے وقت حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے صدقہ وطفیل سے دعاء کرتے ہیں جائز ہے یانہیں؟ امام ابن تیمیہ رحمہ اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب "الوسیلہ" میں خدا کے صفاتی نام کے سوا وسیلہ کو ناجائز قرار دیا ہے اور دلیل میں حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ والی حدیث جو کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے چچا حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے واسطے سے استسقاء کی دعاء کی تھی، حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی وفات کے بعد پیش کرتے ہیں (۳) اس دلیل سے دعاء کرنا حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے طفیل سے جائز ہے یا ناجائز؟ ہم نے سنا ہے کہ امام ابن تیمیہ رحمہ اللہ تعالیٰ پر کسی صاحب نے تنقید کی ہے، وہ کون صاحب ہیں اور کس مسئلہ پر تنقید کی ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

اس طرح دعا کرنا کہ: ''یا اللہ! حضرت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے وسیلہ سے ہمارا فلاں کام کردے، ہمیں گناہوں سے بچالے، ہمیں اعمالِ صالحہ کی توفیق دے'' اہل السنۃ والجماعت کے نزدیک شرعاً درست ہے(۴)۔

---

(۱) (راجع، ص: ۵۸۵، رقم الحاشیة: ۳)

(۲) (راجع، ص: ۵۸۶، رقم الحاشیة: ۲،۳)

(۳) حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عام الرماد قحط کے دوران جو دعا مانگی تھی اس کے الفاظ یہ ہیں: " اللهم إنا كنا إذا جدبنا نتوسل إليك بنبيّنا، وإنا نتوسل إليك بعمّ بنينا صلى الله عليه وسلم، فاسُقنا". (صحيح البخاري، أبواب الاستسقاء، باب سوال الناس الإمام إذا قحطوا: ۱/۱۳۷، قديمي)

(وكتاب التوسل والوسيلة لابن تيميه، ص: ۵۵، ۵۶، الطبعة الأولىٰ عطبعة المنار)

(۴) قال الله تعالىٰ: ﴿وابتغوا إليه الوسيلة﴾ (سورة مائده: ۳۵) ..... =

جب کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے چچا کے وسیلہ سے دعا کرنا امام ابن تیمیہ کے نزدیک درست ہے تو اہل السنۃ والجماعت کے نزدیک براہ راست حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے وسیلے سے بھی درست ہے، اس مسئلہ پر مستقل رسائل تصنیف کئے گئے ہیں۔

امام ابن تیمیہ رحمہ اللہ تعالیٰ پر ان کے معاصرین امام تقی الدین سبکی رحمہ اللہ تعالیٰ وغیرہ نے کافی رد کیا ہے، طبقات سبکی میں ایک مستقل رسالہ رد میں ہے (۱) علامہ یافعی رحمہ اللہ تعالیٰ نے ''مرآۃ الجنان'' میں متعدد علماء سے سخت تنقید نقل کی ہے، علامہ ابن حجر مکی رحمہ اللہ تعالیٰ نے ''فتاویٰ حدیثیہ'' میں رد بلیغ کیا ہے (۲) ذیل ''تذکرۃ

= ''و قال ابن عابدین: ''نعم ذكر العلامة المناوی فی حدیث: ''اللهم إنی أسألک و أتوجه إلیک بنبیک نبی الرحمة'' اهـ عن العز بن عبد السلام أنه ینبغی كونه، مقصوراً علی النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم، وأن لا یقسم علی الله بغیره و أن یكون من خصائصه، قال: و قال السكبی: ''یحسن التوسل بالنبی إلی ربه، ولم ینكر أحد من السلف و لا الخلف إلا ابن تیمیة''. (رد المحتار، كتاب الحظر والإباحة، فصل فی البیع: ۶/۳۹۷، سعید)

''قد یقال: ''إنه لا حقّ لهم وجوباً علی الله، لكن الله سبحانه جعل لهم حقاً من فضله، أو یراد بالحق الحرمة والعظمة، فیكون فی باب الوسیلة و قد قال تعالیٰ: ﴿و ابتغوا إلیه الوسیلة﴾ و قد عد من آداب الدعاء التوسل علی ما فی الحصن''. (حاشیة الطحطاوی علی الدر المختار، كتاب الحظر والإباحة، فصل فی البیع: ۴/۱۹۹، مكتبه دارالمعرفة)

(۱) ''رد ابن تیمیة'' لأبی الحسن علیّ بن عبد الكافی بن علی، تقی الدین السبكی الأنصاری الخزرجیّ الشافعیّ (ت ۷۵۶هـ) (كشف الظنون: ۱/۸۳۷، ''طبقات السبكی'': ۱۰/۱۳۹، ''الدر الكامنة'' ۳/۳۶)

''و قال السبكی: یحسن التوسل بالنبی إلی ربه، و لم ینكره أحد من السلف و لا الخلف إلا ابن تیمیة، فابتدع ما لم یقله عالم قبله اهـ''. (رد المحتار، كتاب الحظر والإباحة، فصل فی البیع: ۶/۳۹۷، سعید)

(۲) ''و سئل نفع الله به بما لفظه: لابن تیمیة اعتراض علی متأخری الصوفیة، و له خوارق فی الفقه والأصول، فما محصل ذلک؟.

فأجاب بقوله: ابن تیمیة عبدٌ خزله الله و أضلّه و أعماه و أصمه و أذلّه، و بذلک صرح الأئمة =

Made searchable using ScribeTools.com

الحفاظ'' میں بھی ردشدید مذکور ہے(۱)۔

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے توسل سے دعاء کرنا اس بات کی دلیل نہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے توسل سے دعاء درست نہیں۔

نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے روضۂ اقدس کی زیارت کے لئے سفر کرنے کو امام ابن تیمیہ رحمہ اللہ تعالیٰ حرام قرار دیتے ہیں، اس پر امام سبکی رحمہ اللہ تعالیٰ نے رسالہ ''شفاء السقام'' لکھا ہے جس میں اس کو مستحسن اور موجب ثواب قرار دیا ہے، اور بھی بہت سے مسائل ہیں جن میں امام ابن تیمیہ رحمہ اللہ تعالیٰ جمہور کے مخالف ہیں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

مزارات پر حاضری اور توسل وغیرہ

سوال[۳۰۲]: میں خود گنہگار ہوں، مزارات پر جاتا ہوں، قرآن شریف اپنے باپ، دادا کی قبر کے پاس پڑھتا ہوں اور دیگر حضرات اولیاء کے مزارات پر بھی جاتا ہوں ان سے مدد مانگتا ہوں کہ آپ اللہ تعالیٰ کے نیک وصالح بندے ہیں میرے حق میں دعاء فرمادیں کہ خدا مجھ کو صحیح معنیٰ میں مسلمان بنادے اور مجھے خدا خوش

= الذين بينوا فساد أحواله و كذب أقواله، و من أراد ذلك فعليه بمطالعة كلام الإمام المجتهد المتفق على إمامته وجلالته و بلوغه مرتبة الاجتهاد أبى الحسن السبكى وولده التاج والشيخ الإمام العز بن جماعة و أهل عصرهم''. (الفتاوى الحديثية ، مطلب: اعتراض ابن تيمية على متأخرى الصوفية و له خوارق الخ، ص:۱۵۶، قديمى)

(۱) '' وهذا الشيخ الحرانى مع كونه ألّف فى إبطال الحيل تراه وأتباعه من أكبر المجرئين على تحليل من الأبضاع ..... وشواذه فى الفروع من هذا القبيل، ولا تسل عن مفرداته فى المعتقد مما هو آية فى التغليل، ومن هنا اشتبه فى أمر دينه من اشتبه من حذاق النظار ولم يخف عليهم ماوراء الستار وهو يشف عن ذلك الأولى الأبصار ..... استرسالاًفى إحسان الظن به بالنظر إلى مبارئ حاله من غٍر فحص عن عاقبة أمره ومرماه، وطال الأخذ والرد فى شأنه لمايستوجب الأناة''. (ذيل تذكرة الحفاظ، ص: ۱۸۶، ۱۸۸، ترجمه الحافظ شمس الدين أبى عبدالله محمد بن خليل الخ، وانظرأيضا ،ص: ۳۱۵ – ۳۲۰، دارإحياء التراث العربى، بيروت)

Made Searchable by ScribeTools.com

وخرم رکھے اور قوم مسلم کو نیک اور ایک بنادے۔ آمین!

اور میں تعزیہ داری میں بھی شریک ہوتا ہوں اس میں چندہ بھی دیتا ہوں اور فاتحہ، دسویں، بیسویں، چالیسویں میں بھی دیتا ہوں، نذر و نیاز بھی کرتا ہوں، ہر سال اجمیر شریف جاتا ہوں اور حضرت خواجہ معین الدین چشتی رحمۃ اللہ علیہ کے مزار اقدس پر جا کر ان کے توسل سے دعاء مانگتا ہوں۔ میں گیارہویں شریف حضرت اعظم کی بھی کرتا ہوں، خواجہ غریب نوازؒ کی بھی فاتحہ کرتا ہوں، دیگر رسوم میں بھی شرکت کرتا ہوں، دیگر حضرات اولیاء کرام مثلاً مولانا کمال الدین چشتیؒ، حضرت بابا بدخشانیؒ، شاہ نیاز صاحبؒ کے مزارات پر بھی جاتا ہوں، کیا ایسی جگہ جانا درست ہے یا نہیں؟ بعض لوگ ان چیزوں کی وجہ سے مجھ کو ایمان سے خارج اور کافر خیال کرتے ہیں۔ آپ تحریر فرمادیں۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

ان باتوں میں کوئی بات ایسی نہیں جس کی وجہ سے آپ کو خدانخواستہ کافر یا اسلام سے خارج قرار دیا جائے، الحمد للہ آپ مسلمان ہیں کفر کا خیال بھی دل میں نہ لائیں، خدائے پاک آپ کو بطفیل حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم ہمیشہ اسلام پر قائم رکھے اور کفر سے ہمیشہ محفوظ رکھے، آمین!

ضرورت اس بات کی ہے کہ اپنی زندگی کو سنتِ پاک کے مطابق بنایا جائے اور ہر کام کرنے سے پہلے تحقیق کرلی جائے کہ یہ کام خلاف سنت تو نہیں، جو کام خلاف سنت ہو اس سے ہمیشہ دور رہنا چاہئیے، یہی نجات کا سیدھا راستہ ہے، اس سے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم خوش ہوتے ہیں، یہی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سچے خادم اور محبت کرنے والے کی نشانی ہے، ورنہ اس کا دعویٰ محبت بے دلیل رہے گا اور قرب کی دولت نصیب نہیں ہوگی، آپ نے جو طویل فہرست اپنے اعمال کی تحریر فرمائی ہے اس میں بھی اصلاح کی ضرورت ہے، بعض چیزیں اگرچہ خلاف سنت نہیں لیکن ان کا طریقہ غلط ہے، اگر آپ کا ارادہ اصلاح کا ہے اور آپ سنت کے مطابق زندگی بنا کر اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کو خوش کرنا چاہتے ہوں تو لکھئے اور خط کو بھی بھیجئے، انشاء اللہ تعالیٰ جملہ امور کو تفصیل کے ساتھ عرض کردیا جائے گا، خدائے پاک آپ کو اور مجھے اور سب مسلمانوں کو اتباع سنت کی پوری توفیق دے، آمین! فقط واللہ وتعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند۔ الجواب صحیح: بندہ نظام الدین غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

Made searchable using ScribeTools.com

ایک نعت میں توسل سے دعاء

سوال[۳۰۳]: ایک نعت جس کے شروع میں حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی مدح ہے، بعدہ اپنے اپنے بھائیوں کے لئے کچھ عرض ہے، اس قسم کے اشعار پڑھنا خلاف سنت ہے، یا کسی کو لکھ کر بھیجنا قرونِ ثلاثہ سے ثابت ہے یا نہیں؟ اشعار:

نور سے تیرے سب ہوئے پیدا — آپ ہیں فخر شاہ و گدا
یا رسول اللہ وقت نزع آنا — وقت کٹھن ہے وقت نزع آنا
پھر سن لے سیاں ہماری — اتنا رہے خیال رہے اتنی بھرم شرم
دل تھر تھرائے وقت نزع آیا — محشر کے روز دوڑ کے دامن تھام لینا
کیوں نہ چھوڑوں سیاں ہماری — کیجئے سب کی دعاء قبول سب ملکر کہیں آمین

الجواب حامداً و مصلیاً:

حضرت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے توسل سے دعا کرنا تو ثابت ہے(۱)، اس کے علاوہ اس قسم کے اشعار قرون ثلاثہ مشہود لہا بالخیر میں کسی صاحب نے پڑھے ہوں میری نظر سے نہیں گزرے اور یہ اشعار تو اشعار نہیں، نہ قافیہ صحیح، نہ ردیف درست، نہ وزن، خدا جانے ان کو اشعار کیسے کہہ دیا گیا۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۵/۱۰/۸۸ھ۔

---

(۱) "عن أنس أن عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنهما کان إذا قحطوا استسقیٰ بالعباس بن عبد المطلب فقال: أللهم إنا کنا نتوسل إلیک بنبینا فتسقینا، وإنا نتوسل إلیک بعم نبینا فاسقنا فیسقون".
(صحیح البخاری: ۱/۵۲۶، ذکر عباس بن عبد المطلب، سعید)

"عن عثمان بن حُنیف رضی اللہ تعالیٰ عنه قال: إن رجلاً ضریر البصر أتی النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم فقال: ادع اللہ أن یعافینی، فقال: "إن شئتَ دعوتُ، و إن شئتَ صبرتَ فهو خیر لک" قال: فادعه قال: فأمره أن یتوضأ فیحسن الوضوء، ویدعو بهذا الدعاء: "أللهم إنی أسألک و أتوجه إلیک بنبیک محمد نبی الرحمة، إنی توجهت بک إلی ربی لیقضی فی حاجتی هذه، أللهم فتشفعه فیَّ".
(مشکوة المصابیح، باب جامع الدعاء، الفصل الثالث: ص: ۲۱۹، قدیمی)

ما یتعلق بأحوال القبور والأرواح

(روح اور قبر کے احوال کا بیان)

علیین سجین کہاں ہیں؟

سوال[۳۰۴]: علیین سجین کون سے مقام ہیں؟ علیین کی روحیں آسمان پر جاتی ہیں اور سجین کی روحیں زمین کی طرف لوٹ آتی ہیں تو کس مقام پر روحیں آتی ہیں؟ آسمان پر جو روحیں مقید کر لی جاتی ہیں، کیا قیامت میں آسمان سے روحیں زمین پر حساب وکتاب کے لئے لائی جائیں گی؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

علیین اس مقام کا نام ہے جس میں اَرواحِ سعداء بعد الموت پہنچ جاتی ہیں، سجین اس مقام کا نام ہے جس میں اَرواحِ اشقیاء (بعد الموت) پہنچ جاتی ہیں (کذا فی فتح العزیز) (۱)۔ اَرواح کا باوجودِ علیین وسجین میں ہونے کے اپنی قبور واجسام کے ساتھ ایک نوع کا اتصال وتعلق رہتا ہے، کذا فی فتاویٰ ابن حجر الہیثمی (۲) اور یہ تعلق خاص اوقات میں زیادہ بھی ہوجاتا ہے، کذا فی شرح الصدور (۳)، لیکن اپنے گھروں میں آنا کسی

---

(۱) (فتح العزیز، سورة المطففین، ص: ۱۵۸، سعید)

(۲) "و أما أهل التكليف، ففيهم خلاف كثير: عن أحمد: أنها في الجنة، وعن وهب أنها في دار يقال لها: البيضاء في السماء السابعة، وعن مجاهد: أنها تكون على القبور سبعة أيام من يوم دفن لا تفارقه: أي ثم تفارقه بعد ذلك. ولا ينافيه سنية السلام على القبور؛ لأنه لا يدل على استقرار الأرواح على أفنيتها دائماً؛ لأنه يسلم على قبور الأنبياء والشهداء و أزواجهم في أعلى عليين، و لكن لها مع ذلك اتصال سريع بالبدن لا يعلم كنهه إلا الله تعالىٰ". (الفتاوى الحديثية، مطلب أرواح الأنبياء في أعلى عليين ..... الخ، ص: ۱۴، قديمی)

(۳) "و قال الحافظ ابن حجر في فتاواه: أرواح المؤمنين في عليين، و أرواح الكفار في سجين، و لكل روح بجسدها اتصال معنوي لا يشبه الاتصال في الحياة الدنيا، بل أشبه شيء به حال النائم، و إن كان هو أشد من حال النائم اتصالاً". (شرح الصدور، باب مقر الأرواح، ص: ۲۳۹، دار المعرفة)

Made searchable using ScribeTools.com

معتمد روایت حدیث سے ثابت نہیں، بغرضِ حساب سب اَرواح مقام حساب میں جمع کی جائیں گی، کذا فی تذکرة الموتیٰ فی القبور(۱)۔ اَرواح کے احوال ومقامات یکساں نہیں، بلکہ بہت مختلف ہیں، کذا فی کتاب الروح (۲)۔فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی، عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۴/۶/۶۱ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبداللطیف، ۲۴/۶/۶۱ھ۔

مقام اَرواح

سوال[۳۰۵]: کلام مجید کی متعدد آیات مثلاً: ﴿ونفخ فی الصور﴾ الایة، سورہ یٰسین (۳)۔ ﴿ثم نفخ فیه أخری﴾ الایة سورۃ زمر (۴)۔ ﴿یوم یخرجون من الأجداث﴾ سورۂ معارج (۵) ونیز حدیث: ''نم کنومة العروس'' الحدیث۔(۶) سے ثابت ہوتا ہے کہ روح قبر میں رہتی ہے پھر یہ کہ علیین یا جنت میں رہتی ہے، اس کا کیا مطلب اور تطبیق ہے؟ کوئی حدیث بمقابلہ آیات کس دلیل سے معتبر مانی جائے گی؟

---

(۱) ''فإذا صیح بأهل القبور، قاموا مذعورین عاجلین، ینظرون ما یراد بهم، لقوله تعالیٰ: ﴿ثم نفخ فیه أخری فإذا هم قیام ینظرون﴾ ..... ثم قالوا: هذا ما وعد الرحمن و صدق المرسلون،، فکذبنا به، فأقروا حین لم ینفعهم الإقرار، ثم یؤمر بحشر الجمیع إلی الموقف للحساب''. (التذکرة فی أحوال الموتی و أمور الآخرة، باب ذکر النفخ الثانی للبعث فی الصور، ص: ۲۰۲، مکتبه أسامة الإسلامیة)

(۲) ''هذه مسئلة عظیمة تکلم فیها الناس، و اختلفوا فیها، و هی إنما تتلقی من السمع فقط، واختلف فی ذلک، فقال قائلون: أرواح المؤمنین عند الله فی الجنة، شهداءَ کانوا أم غیر شهداء ..... الخ''. (کتاب الروح، المسألة الخامسة عشرة: أین مستقر الأرواح ما بین الموت إلی یوم القیامة، ص: ۱۲۱، فاروقیه پشاور)

(۳) (سوره یس: ۵۱)

(۴) (الزمر: ۶۸)

(۵) (المعارج: ۴۳)

(۶) (مشکوٰة المصابیح، باب إثبات عذاب القبر: ۱/۲۵، قدیمی)

(سنن الترمذی، أبواب الجنائز، باب ماجاء فی عذاب القبر: ۱/۲۰۵، سعید)

الجواب حامداً و مصلیاً:

ارواح کے مقامات اپنے اعمال وافعال کے اعتبار سے یکساں نہیں بلکہ متفاوت ہیں، نیز تمام ارواح دنیا سے جاکر قیامت تک کے لئے ایک جگہ محبوس نہیں رہتیں، لہٰذا اب کوئی اشکال نہیں، تطبیق ظاہر ہے:

"الأرواح متفاوتة فی مستقرها فی البرزخ أعظم تفاوت: فمنها أرواح فی أعلیٰ علیین فی الملأ الأعلی، و هی أرواح الأنبیاء صلوت اللّٰه و سلامه علیهم، و هم متفاوتون فی منازلهم کما رآهم النبی صلی اللّٰه تعالیٰ علیه و سلم لیلة الإسرإ. و منها: أرواح فی حواصل طیر خضر تسرح فی الجنة حیث شاءت، و هی أرواح بعض الشهداء لا جمیعهم، بل من الشهداء تحبس روحه عن دخول الجنة لدین علیه وغیره، کما فی المسند عن محمد بن عبد اللّٰه بن جحش رضی اللّٰه عنه أن رجلاً جاء إلی النبی صلی اللّٰه تعالیٰ علیه و سلم فقال: یا رسول اللّٰه! مالی أن قُتلت فی سبیل اللّٰه، قال: "الجنة" فلما ولیٰ قال: "إلا الدین، سارنی به جبریل علیه الصلاة والسلام انفاً". و منهم من یکون محبوساً علی باب الجنة کما فی حدیث اخر: "رأیت صاحبکم محبوساً علی باب الجنة". و منهم من یکون محبوساً فی قبره کحدیث صاحب الشملة التی غلّها، ثم استشهد فقال الناس: هنیئاً له الجنة، فقال النبی صلی اللّٰه تعالیٰ علیه و سلم: "والذی نفسی بیده! إن الشملة التی غلها لتشتعل علیه ناراً فی قبره".

و منهم من یکون مَقرّه باب الجنة کما فی حدیث ابن عباس رضی اللّٰه تعالیٰ عنهما: "الشهداء علی بارق نهر بباب الجنة فی قبة خضراء، و یخرج علیهم رزقهم من الجنة بکرةً و عشیةً". و منهم من یکون محبوساً فی الأرض، لم تَعلُ روحه إلی الملأ الأعلی، فإنها کانت روحاً سفلیةً أرضیةً. و منها: أرواح تکون فی شور الزناة و الزوانی، وأرواح فی نهر الدم تسبح فیه و تلقح الحجارة، فلیس للأرواح سعیدها و شقیها مستقر واحد، بل روح فی أعلی علیین و روح أرضیة سفلیة لا تصور عن الأرض۔ وأنت إذا تأملت السنن والآثار فی هذا الباب و کان لك بها فضل اعتنا، عرفت حجةً ذلك، و لا تظن أن بین الآثار الصحیحة فی هذا الباب تعارضاً،

Made Se Made searchable using ScribeTools.com pols.com

فإنها كلها حق يصدق بعضها بعضاً، لكن الشاق فى فهمها و معرفة النفس أحكامها، و أن لها شاناً غير شان البدن، وأنها مع كونها فى الجنة فهى فى السمآء، و تتصل بفناء القبر وبالبدن فيه، و هى أسرع شىء حركةً و انتقالاً و صعوداً و هبوطاً، و أنها تنقسم إلى مرسلة و محبوسة وعلوية و سفلية اهـ". كتاب الروح مختصراً ، ص:١٨٤(١)، و شرح الصدور ، ص:١٨(٢)

حافظ ابن قیم اور علامہ سیوطی نے اَور بھی اقوال نقل کئے ہیں، بعض کی تردید اور بعض کی تائید بھی کی ہے۔ سجین اور علیین کی تفسیرین بھی مختلف ہیں، علامہ ابوسعود "ارشاد العقل السلیم":۸/۴۲۵، میں فرماتے ہیں:

"وسجين علم الكتاب جامع، هو ديوان الشر، دوّن فيه أعمال الشياطين و أعمال الكفرة والفسقة من الثقلين، منقول من وصف كخاتم، و أصله فعيل من السجن هو الحبس والتضيين؛ لأنه سبب الحبس والتضييق فى جهنم، أو لأنه مطروح كما قيل: تحت الأرض السابعة فى مكان مظلم وحش، و هو مسكن إبليس و ذريته، فالمعنى: إن كتاب الفجار الذين من جملتهم المطففون: أي ما يكتب من أعمالهم أو كتابة أعمالهم لفى ذلك الكتاب المدون فيه قبائح أعمال المذكورين اهـ. و عِلّيون عَلَم لديوان الخير الذى دوّن فيه كل ما أعملته الملائكة و صلحاء الثلقلين الخ"(٣). هكذا فى المدارك (٤) "والسجين اسم لجهنم بإزاء العليين، و قيل: هو اسم للأرض السابعة" (٥) "وقوله: تسعى عليين فقد قيل: هو اسم أشرف الجنان كما أن سجيناً اسم شر النيران ، و قيل: بل ذلك فى الحقيقة اسم مكانها اهـ. و هذا أقرب فى العربية إذا كان هذا الجمع يختص بالناطقين،

---

(١) (كتاب الروح ، المسألة الخامسة عشر : أين مستقر الأرواح ما بين الموت إلى يوم القيامة ؟ ص:١٥٠، ١٥١، مكتبه فاروقيه پشاور)

(٢) (شرح الصدور ، باب مقر الأرواح ، ص:٢٣٧، ٢٣٨، دار المعرفة)

(٣) (تفسير أبى السعود المسمى بإرشاد العقل السليم إلى مزايا القرآن الكريم، (المطففين : ٧، ١٨): ٩/١٢٦، ١٢٧، دار احياء التراث العربى)

(٤) (المدارک (المطففين: ٧، ١٨): ٢/٧٨٥، ٧٨٦، قديمى)

(٥) (المفردات فى غريب القرآن ، مادة: سجن ،ص :٢٢٥، نور محمد)

ومعناه أن الأبرار في جملة هؤلاء، فيكون ذلك كقوله: ﴿أولئك مع الذين أنعم الله عليهم من النبيين﴾ الأنبياء، كذا في المفردات(۱) "السجين صخرة نجومة تحت جهنم يكون فيها أرواح الكفار وكتب أعمالهم اهـ". مجمع البحار ۹۹/۲(۲)۔

صریح آیات وروایات میں قبور سے اٹھنے کا ذکر ہے، ان کا یہ مطلب نہیں کہ اَرواح ان قبور میں محبوس ہیں، بلکہ قبر سے فی الجملہ روح کو تعلق واتصال رہتا ہے اور اجسام جو کہ قبور میں مدفون ہیں وہ قبر ہی سے اٹھیں گی کیونکہ حشر جسم اور روح دونوں کا ہوگا:

"ثم إذا كان يوم القيامة الكبرىٰ أعيدت الأرواح إلىٰ الأجساد، وقاموا من قبورهم لرب العالمين و معادالأبدان متفق عليه بين المسلمين واليهود والنصارىٰ اهـ". كتاب الروح، ص: ۸۲)(۳)۔

قبر میں سونا بھی ہر ایک کے لئے اور ہمیشہ کے لئے نہیں ہے، بعض کا تلاوت کرنا خود احادیث سے ثابت ہے(۴)۔ مسئلہ مذکورہ میں تو قرآن وحدیث میں کوئی تعارض نہیں جو بوقتِ تقابلِ حجت حدیث کو بیان کیا

---

(۱) (المفردات في غريب القرآن مادة: علا، ص: ۳۴۶، نور محمد)

(۲) (مجمع بحار الأنوار، مادة: سجن: ۴۲/۳، دائرة المعارف العثمانية)

(۳) (كتاب الروح، المسألة السادسة: هل الروح تعاد الى الميت في قبره وقت السوال أم لا؟، ص: ۶۹، فاروقيه پشاور)

"فلا تزال الأرواح هناك حتى يتم عددها بنفخها في الأجساد ثم برجوعها إلى البرزخ، فتقوم الساعة، فيعيدها عزوجل إلى الأجساد، و هي الحياة الثانية". (شرح الصدور، باب مقر الأرواح، ص: ۲۳۵، دارالمعرفة)

(۴) "و أخرج الترمذي و حسنه، والحاكم، والبيهقي عن ابن عباس رضي الله تعالىٰ عنه قال: ضرب بعض أصحاب النبي صلى الله تعالىٰ عليه و سلم خباءً على قبر، وهو لا يحسب أنه قبر، و إذا فيه إنسان يقرأ سورة الملك حتى ختمها. فأتى نبي الله فأخبره، فقال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه و سلم: "هي المنجية، هي المانعة، تنجيه من عذاب القبر".

قال أبو القاسم السعدي في كتاب "الروح": هذا تصديق من النبي صلى الله تعالىٰ عليه و سلم=

Made searchable using ScribeTools.com

جاوے، فی نفسہ یہ چیز اصول فقہ میں مدلل ومبرہن موجود ہے کہ آیات کی حدیث کے ذریعہ سے تفسیر، بیان، تقیید، نسخ درست ہے یانہیں (۱)۔تفسیر ابن کثیر:۴/۶۳، میں ہے کہ نفخ صور تین مرتبہ ہوگا (۲)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ مظاہر علوم سہارنپور۔

مرنے کے بعد روح کا مقام

سوال[۳۰۶]: مرنے کے بعد روح جسم سے نکلنے پر کہاں قیام کرتی ہے؟اس کا تعلق دنیا والوں کے ساتھ رہتا ہے یانہیں؟ دنیا میں جو اس نے اچھے یا بُرے اعمال کئے ہیں اس کا بدلہ قیامت سے پہلے ملتا ہے یانہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

ارواح کے احوال بہت مختلف ہیں ایک حال نہیں، انبیاء کی ارواح اعلیٰ علیین میں ہیں، شہداء کی اَرواح سبز پرندوں کے حواصل یعنی پوٹوں میں ہیں، جنت میں حسب خواہش چلتی پھرتی، کھاتی ہیں، مسلمان بچوں کی

= بأن الميت يقرأ في قبره، فإن عبد الله أخبره بذلک ، و صدقه رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه و سلم .

و روى أبو الحسن بن البراء ، في كتاب"الروضة" عن عبد الله بن محمد بن منصور، حدثني إبراهيم الحفار، قال: حفرت قبراً فبدت لبنة، فشممت رائحة المسک حين انفتحت اللبنة، فإذا بشيخ جالس في قبره يقرأ القرآن.

"قال ابن عباس رضى الله تعالىٰ عنهما : المؤمن يعطى مصحفاً في قبره يقرأ فيه". (شرح الصدور ، باب أحوال الموتى في قبورهم و أنسبهم فيها، ص:۱۸۸، ۱۸۹، دار المعرفة)

(۱) "و إنما يجوز النسخ بالكتاب والسنة متفقاً و مختلفاً، فيجوز نسخ الكتاب بالكتاب والسنة، وكذا يجوز نسخ السنة بالسنة والكتاب، فهى أربع صور". (نور الأنوار : ۲۱۰)

(وكذا فى الحسامى ، ص:۱۸۳، مجيديه ملتان)

(۲) فقوله تعالىٰ: ﴿و نفخ فى الصور، فصعق من فى السموات و من فى الأرض إلا من شاء الله﴾ هذه النفخة هي الثانية، و هي نفخة الصعق ..... ثم يحي أول من يحي إسرائيل، ويأمره أن ينفخ بالصور مرةً أخرى، وهي النفخة الثالثة نفخة البعث، قال الله تعالىٰ: ﴿ثم نفخ فيه أخرىٰ فإذا هم قيام ينظرون﴾.

(تفسير ابن كثير: ۴/۸۲، دار السلام رياض)

ارواح جنت میں ہیں۔اتنی مقدارتو صاف صاف حدیث سے ثابت ہے،کذافی فتاوی الحدیثیہ (۱)۔

بقیہ مکلفین کی ارواح میں اختلاف کثیر ہے:بعض حضرات نے کہا ہے کہ وہ قبور میں رہتی ہیں،بعض نے کہا ہے کہ قبور کے اوپر رہتی ہیں،بعض کی رائے ہے کہ مؤمنین کی ارواح جابیہ،یا چاہ زمزم میں ہیں اور کفار کی ارواح حضرموت کے جنگل میں ایک مقام جس کو''برہوت'' کہتے ہیں اس میں رہتی ہیں،بعض کہتے ہیں کہ ساتویں آسمان پر ایک مقام ہے جس کو''بیضاء'' کہتے ہیں اس میں رہتی ہیں۔ان میں سے بعض اقوال کو ابن حجر رحمہ اللہ تعالیٰ مکی نے نقل کیا ہے (۲) اور بعض نے تردید کی ہے،اسی طرح ابن قیم رحمہ اللہ تعالیٰ نے کتاب الرّوح میں اکثر اقوال نقل کر کے بعض پر رد کیا ہے (۳)۔

شرح الصدور میں جلال الدین السیوطی نے اس مسئلہ پر تفصیلی کلام کیا ہے کہ مرنے کے بعد دنیا والوں سے اتنا تعلق رہتا ہے کہ جو ثواب پہنچایا جائے وہ پہنچ جاتا ہے اور زندوں کے اچھے اور برے اعمال جن کا تعلق اس میت سے ہو ان کی بھی میت کو اطلاع کرائی جاتی ہے (۴)،کذافی کتاب الروح لابن

(۱)"وذكر ابن رجب أن الأنبياء صلوات الله وسلامه عليهم تكون أرواحهم فى أعلى عليين، ويؤيده قوله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : "أللهم الرفيق الأعلى". وأكثر العلماء: أن أرواح الشهداء فى أجواف طيور خضرٍ لها قناديل معلقة بالعرش تسرح فى الجنة حيث تشاء كما فى مسلم وغيره ،وأمابقية المؤمنين فنص الشافعى رضى الله تعالىٰ عنه ورحمه على أن من لم يبلغ التكليف منهم فى الجنة حيث شاؤوا، فتأوى إلى قناديل معلقة بالعرش". (الفتاوى الحديثية،مطلب أرواح الأنبياء فى أعلى عليين وأرواح الشهداء فى أجواف طيور خضر .....الخ، ص:۱۴،قديمى)

(۲)"وأخرج ابن أبى الدنياعن مالک:(بلغنى أن الأرواح مرسلة تذهب حيث شاء ت)..... ورجح ابن عبد البر : أن أرواح غير الشهداء فى أفنية القبور تسرح حيث شاء ت. وقالت فرقة : تجتمع الأرواح بموضع من الأرض،كما روى عن ابن عمر رضى الله تعالىٰ عنهما قال :أرواح المؤمنين تجتمع بالجابية، وأما أرواح الكفار فتجتمع بسبخة حضر موت، يقال: لها برهوت ."(الفتاوى الحديثية المصدر السابق)

(۳)(كتاب الروح ، المسأله الخامسة عشرة : أين مستقر الأرواح .....؟، ص: ۱۲۱ ، فاروقيه پشاور)

(۴) "اختلف فى وصول ثواب القرأة للميت ،فجمهور السلف والأئمة الثلاثة على الوصول .وخالف فى ذلک إمامنا الشافعى،مستدلاً بقوله تعالى :﴿وأن ليس للانسان الا ماسعى﴾.

"وأخرج أحمد ،والحكيم الترمذى فى "نوادر الأصول "وابن مندة عن أنس رضى الله تعالىٰ عنه =

Made searchable using ScribeTools.com

قیم الجوزیة (۱)۔

باقی اس روح کا اپنے دنیا والے مکان پر واپس آنا کسی معتبر روایت سے ثابت نہیں۔ پرانی روحیں نئی روح کا استقبال کرتی ہیں اور اس کی آمد سے خوش ہوتی ہیں اور اہل دنیا یعنی اپنے اقارب کے احوال کو دریافت کرتی ہیں، کذافی تذکرة الموتی فی القبور (۲)۔ اچھے اور برے اعمال کا اصلی بدلہ تو

= قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم :"(إن أعمالكم تعرض على أقاربكم وعشائركم من الأموات، فإن كان خيرًا استبشروا، وإن كان غير ذلك، قالوا: أللهم لا تمتهم حتى تهديهم كما هديتنا". (شرح الصدور، باب فی قرأة القرآن للميت أوعلى القبر، ص: ۳۰۲، وباب عرض أعمال الأحياء على الموتى، ص: ۲۵۷، دار المعرفة)

(۱)" أنها تنتفع من سعى الأحياء بأمرين مجمع عليها بين أهل السنة من الفقهاء وأهل الحديث والتفسير: أحدهما: ما تسبب إليه الميت فی حياته. والثانی: دعاء المسلمين له، واستغفارهم له، والصدقة، والحج، على نزاعٍ مّا، الذی يصل من ثوابه هل ثواب الإنفاق أوثواب العمل؟ فعند الجمهور يصل ثواب العمل نفسه، وعند بعض الحنفية إنما يصل ثواب الإنفاق. واختلفوا فی العبادة البدنية كالصلوة، وقرأة القرآن، والذكر، فمذهب الإمام أحمد وجمهور السلف وصولها، وهوقول بعض أصحاب أبی حنيفة. (تعرض أعمال الأحياء على الموتى، فإذا رأواحسناً فرحواواستبشروا، وإن رأواسوءاً قالوا: أللهم راجع به)". (كتاب الروح، هل ينتفع أرواح الموتى بشئ من سعى الأحياء أم لا؟ ص: ۱۵۳، هل تعرف الأموات زيارة الأحياء وسلامهم أم لا؟ ص: ۱۴، فاروقية پشاور)

(۲)"مردگان كه پيشتر مرده اند، وخوش شدن آنها بملاقاتِ مردهٔ حال، واستقبال كردن پسر كه پيشترمرده باشد مرده پدر را، چنانچه غائب را استقبال ميكنند، درحديث ديگر هم آمده." (تذكرة الموتى والقبور: ۱۴، مطبع مصطفائی لاهور)

(وكذا فی التذكرة فی أحوال الموتى وأمورالآخرة، باب ماجاء فی تلاقی الأرواح فی السماء والسؤال عن أهل الأرض وفی عرض الأعمال، ص: ۲۱، أسامة الاسلامية)

"وأخرج ابن أبي شيبة فی "المصنف" وابن أبي الدنيا عن عبيد بن عمير، قال: إن أهل القبور ليستوكفون الميت كما يتلقى الراكب، يسألونه، فإذاسألوه: مافعل فلان ممن قد مات؟ فيقول: ألم يأتكم؟ فيقولون: إنا لله وإنا اليه راجعون: سلك به غيرطريقنا، ذهب به إلى أمه الهاوية". (شرح الصدور، ملاقات =

Made Searchable by ScribeTools.com

قیامت کو ملے گا، بلکہ آثار ہر دو قسم کے قبر ہی بلکہ موت ہی سے شروع ہو جاتے ہیں، کذا فی أشعة اللمعات (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

بعد الموت مقام روح

سوال[۳۰۷] : قصبہ بروٹ میں جو مولوی صاحب ہیں ان سے دریافت کیا کہ قیامت تک روح کس حالت میں اور کس جگہ رہتی ہے؟ انھوں نے کہا کہ آپ دیوبند کے مدرسہ سے معلوم کریں، اس وجہ سے آپ سے اس بارے میں تفصیل مطلوب ہے۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

مرنے کے بعد جسم سے جدا ہو کر روح برزخ میں چلی جاتی ہے قیامت تک وہیں رہے گی، برزخ کا ایک رخ اس دنیا کی طرف ہے کہ مرتے ہی روح وہاں پہنچ جاتی ہے زندگی میں نہیں جا سکتی، دوسرا رخ آخرت کی طرف ہے کہ قیامت کو وہاں سے آخرت میں منتقل ہو جائے گی، قرآن پاک اور حدیث شریف سے ایسا ہی ثابت ہے (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ دار العلوم دیوبند، ۲۰/ ۶/ ۸۷ھ۔

= الأرواح للميت إذا خرجت روحه ، ص: ۹۸، دار المعرفة)

(۱) "وبرهر تقدير از اقوالِ ايشان ظاهر ميشود كه مرده از بعد سوال وجواب ونمودنِ جائے نشست ودوزخ وفتح باب بان ميميرانند، ودر وقتِ بعث زنده ميگردانند، وأزاحاديث كه مذكوره شدندمعلوم ميگرد كه مرده تا قيامت در گور درعذاب و نعمت وريح وراحت می باشد". (أشعة اللمعات ، كتاب الإيمان ، باب إثبات عذاب القبر : ۱/ ۱۲۰، مكتبه نوريه ، سكهر)

(۱) "فلتعلم أن مذهب سلف الأمة وأئمتها أن الميت إذا مات يكون فی نعيم أوعذاب ، وأن ذلک يحصل لروحه وبدنه ، وأن الروح تبقى بعد مفارقة البدن منعمةً أو معذبةً، وأنها تتصل بالبدن أحياناً، ويحصل له معها النعيم أو العذاب ، ثم إذا كان يوم القيامة الكبرىٰ، أعيدت الأرواح إلى الأجساد، وقاموا من قبورهم لرب العٰلمين، ومعاد الأبدان متفق عليه بين المسلمين واليهود والنصارى". (كتاب الروح، المسألة السادسة : هل الروح تعاد إلى الميت فی قبره وقت السؤال أم لا؟ ، ص: ۶۹ ، فاروقية پشاور) ..... =

Made searchable using ScribeTools.com

مرنے کے بعد روح کا مقام

سوال [۳۰۸] : انسان میں ایک روح ہے یا دو؟ اور مرنے کے بعد کس کس جگہ چلی جاتی ہیں اور ان کا نام کیا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

انسان میں تین طرح کی روح ہوتی ہے، اول روح ہوائی، اس کو نسمہ، روحِ طبعی، بدن ہوائی بھی کہتے ہیں۔ دوم: نفس ناطقہ۔ سوم: روح ملکوت۔ کما فی الطاف القدس (۱)۔

مرنے کے بعد نیکوں کی روح علیین میں، بدوں کی سجین میں جاتی ہے (۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۳/۱/۵۳ھ۔

صحیح: عبد اللطیف، ۲۴/محرم/۵۳ھ۔

= "قال ابن حزم: وهو قول جميع أئمة الإسلام، وهو قول الله تعالى: ﴿فأصحاب الميمنة ما أصحاب الميمنة، و أصحاب المشأمة ما أصحاب المشأمة، والسابقون السابقون أولئك المقربون، في جنات النعيم﴾ وقوله: ﴿فأما إن كان من المقربين﴾ آخرها، فلا تزال الأرواح هناك حتى يتم عددها بنفخها في الأجساد، ثم برجوعها إلى البرزخ، فتقوم الساعة، فيعيدها عزوجل إلى الأجساد، وهي الحياة الثانية." (شرح الصدور، باب مقر الأرواح: ۲۳۴، ۲۳۵، دار المعرفة)

(۱) (ألطاف القدس في معرفة لطائف النفس، ص: ۲۴-۲۸، اداره نشرو اشاعت نصرة العلوم)

(۲) "وقال كعب: أرواح المؤمنين في عليين في السماء السابعة، وأرواح الكفار في سجين في الأرض السابعة تحت جند إبليس". (كتاب الروح، المسألة الخامسة عشرة: أين مستقر الأرواح مابين الموت إلى يوم القيامة، ص: ۱۲۱، مكتبه فاروقيه پشاور)

"فصعدتُ أنا وجبرئيل، فاستفتحت باب السماء، فإذا أنا بآدم تعرض عليه أرواح المؤمنين، فيقول: روح طيبة ونفس طيبة اجعلوها في عليين، ثم تعرض عليه أرواح ذريته الفجار، فيقول: روح خبيثة، ونفس خبيثه، اجعلوها في سجين". (شرح الصدور، باب مقر الأرواح، ص: ۲۳۰، ۲۳۱، دار المعرفة)

(وكذا في التذكرة للقرطبي، باب مايكون منه عذاب القبر و اختلاف أحوال العصاة فيه بحسب اختلاف معاصيهم، ص: ۱۶۰، مكتبة أسامة الاسلامية)

مرنے کے بعد روح کا قبر سے تعلق

سوال[۳۰۹]: مرنے کے بعد روح کا تعلق قبر سے کب تک رہتا ہے؟ وحید الدین عبد الغنی شہر فتح پور، ۲۱/ ربیع الاول/ ۶۴ھ۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

نفسِ تعلق قبر سے بعث تک رہے گا اور بعض اوقات میں یہ تعلق قوی ہوجاتا ہے(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۱/۴/۶۴ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

قبر میں مردہ میں روح ڈالی جائے گی

سوال[۳۱۰]: ﴿ربنا أمتنا اثنتين وأحييتنا اثنتين، فاعترفنا بذنوبنا، فهل إلى خروج من سبيل﴾(۲)۔

ترجمہ: اے رب! تو نے ہم کو دوبارہ موت دی اور دوبارہ زندہ کیا، ہم اپنے گناہوں کا اعتراف

---

(۱) "و بهذا يجمع بين ما ورد أن مقرها في عليين أو سجين، و بين ما نقله ابن عبدالبر عن الجمهور أيضاً أنها عند أفنية قبورها، قال: و مع ذلک فهي مأذون لها في التصرف، و تأوي إلى محلها من عليين أو سجين، قال: و إذا نقل الميت من قبر إلى قبر، فالاتصال المذكور مستمر، وكذا لو تفرقت الأجزاء". (شرح الصدور، باب مقر الأرواح: ۲۳۹، دار المعرفة)

"و لا تظن أن بين الآثار الصحيحة في هذا الباب تعارضاً، فإنها كلها حق يصدق بعضها بعضاً، لكن الشأن في فهمها و معرفة النفس و أحكامها، وأن لها شأناً غير شأن البدن، و أنها مع كونها في الجنة، فهي في السماء، و تتصل بفناء القبر و بالبدن فيه، و هي أسرع شيء حركةً و انتقالاً و صعوداً و هبوطاً". (كتاب الروح، المسألة الخامسة عشرة: أين مستقر الأرواح ما بين الموت إلى يوم القيامة؟ ص: ۱۵۲، فاروقيه پشاور)

(۲) (المؤمن: ۱۱)

Made searchable using ScribeTools.com

کرتے ہیں، کیا جہنم سے کوئی سبیل ہے؟

اس آیت کے مطلب سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ صرف دو بار موت اور دو بار زندگی انسان کو دی جائے گی ۔اب رہی یہ بات کہ قبر میں مردے کے جسم میں روح ڈالی جائیگی، یہ تیسری زندگی ہوگی، اس کا ذکر قرآن میں نہیں ہے۔ تیسری زندگی کون سی ہوگی وہ دلیل سے معلوم کریں؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

ایک حدیث شریف میں موجود ہے کہ مردے میں روح قبر میں ڈالی جائے گی (۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۳۰/۳/۹۱ھ۔

مرنے کے بعد روح کا شیطان کے قالب میں جانا

سوال[۳۱۱]: کیا آدمی مرنے کے بعد شیطان کے قالب میں جاتا ہے، جب شیطان کسی پر غالب ہوجاتا ہے اور اس کے کان میں ''قل ھو اللہ أحد'' اور سورۃ تعوذ و ناس پڑھ کر ڈالا جاتا ہے اور پوچھا جاتا ہے تو وہ اپنا نام و مقام بتلاتا ہے، اکثر نام مسلمانوں ہی کے رہتے ہیں۔ یہ کیا ہے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

مرنے کے بعد آدمی کا شیطان کے قالب میں جانا کسی مستند روایت سے ثابت نہیں، البتہ یہ ممکن ہے کہ

(۱) ''وأخرج ابن أبی الدنیا ، وأبونعیم عن جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : سمعت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یقول : ''إن ابن آدم لفی غفلة عما خلق له ، .....فإذا حضره الموت ، ارتفع ذلک الملکان، وجاء ملک الموت لیقبض روحه ،فإذادخل قبره ردت الروح إلی جسده .....الخ.'' (شرح الصدور ،باب فتنة القبر وسؤال الملکین، ص: ۱۲۳ ،دار المعرفة)

''أبونعیم عن أبی جعفر محمدبن علی،عن جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : سمعت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یقول: ''إن ابن آدم لفی غفلة عماخلقه اللہ عزوجل ..... فإذاجاء ه الموت، ارتفع ذلک الملکان ،ثم جاء ه ملک الموت علیه الصلاةوالسلام ،فیقبض روحه ،فإذا أدخِل حفرته ردالروح فی جسده،.....الخ''. (التذکرة للقرطبی ،باب متی یرتفع ملک الموت عن العبد،ص : ۱۲۲ ،مکتبه أسامة الاسلامیة)

کسی پر آتا ہو اور اپنا نام اس مرنے والے کا بتاتا ہو، یا کوئی اَور جن شیطان آکر اپنا وہ نام بتاتا ہو(۱)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ۔

روح کا قبر پر یا مکان پر آنا

سوال[۳۱۲]: کیا مرنے والے کی روح ہر پنجشنبہ کو مکان یا قبر پر آتی ہے؟

وحیدالدین عبدالغنی شہر فتح پور، ۲۱/ ربیع الاول/۶۴ھ۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

مکان پر آنے کی کوئی روایت معتبر نہیں، البتہ قبر سے تعلق قوی ہوجاتا ہے(۲)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۱/۴/۶۴ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

صحیح: عبداللطیف

مرنے کے بعد روح کا مکان سے تعلق

سوال[۳۱۳]: مرنے کے بعد روح کا تعلق مکان سے کب تک رہتا ہے؟ وحیدالدین عبدالغنی شہر فتح پور، ۲۱/ ربیع الاول/۶۴ھ۔

---

(۱) ''وكانت الشياطين تتراء ى لهم أحياناً، وقديخاطبونهم من الصنم، ويخبرونهم ببعض الأمور الغائبة، أو يقضون لهم بعض الحوائج.''(مجموعة الفتاوى لابن تيمية رحمه الله تعالىٰ،فصل فى تزيين الشيطان العبادات البدعية لأهلها: ۱۰/ ۲۳۸، مكتبة العبيكان)

''قال عبدالله بن أحمد بن حنبل : قلت لأبى: إن قوماً يقولون: إن الجن لاتدخل فى بدن الإنس؟ قال: يابنى! يكذبون ، هو ذا يتكلم على لسانه .''(آكام المرجان فى غرائب الأخبار وأحكام الجان ،بيان دخول الجن فى بدن المصروع، ص : ۱۰۷ ، مكتبه خير كثير)

(۲) (سيأتى تخريجه عنوان: ''مرنے کے بعد روح کا مکان سے تعلق'')(وقد تقدم تخريجه تحت عنوان: ''مرنے کے بعد روح کا قبر سے تعلق'')

Made Searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداً و مصلیاً:

دفن سے پہلے پہلے میت کے ساتھ جو کچھ غسل، کفن، بکاء، ثناء کا معاملہ کیا جاتا ہے اس کو روح دیکھتی ہے اور اس وقت تک فرشتہ کے قبضہ میں رہتی ہے، دفن کے وقت قبر میں داخل ہوکر جسم میں داخل ہوجاتی ہے اور سوال وجواب قبر شروع ہوجاتا ہے، صرّح بہ السیوطی فی شرح الصدور، ص: ۳۹ (۱)، اس کے بعد مکان سے تعلق رہنا اور مکان پر آنا کسی معتبر روایت سے ثابت نہیں۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۱/۴/۶۴ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور،

صحیح: عبد اللطیف۔

کیا مرنے کے بعد روح گھر آتی ہے؟

سوال [۳۱۴]: عمر کہتا ہے کہ اس دنیا میں اُرواح طیبہ ہوں یا خبیثہ واپس نہیں آسکتیں اور یہاں آکر کسی قسم کا تصرف بھی نہیں کرسکتیں، وہ دلائل پیش کرتا ہے کہ مولانا تھانوی رحمہ اللہ تعالیٰ کی کتاب ''اشرف الجواب'' جلد دوم، ص: ۱۱۹ میں تحریر فرماتے ہیں کہ ''مردہ کی روح دنیا میں واپس نہیں آتی'' اور اس بارے میں مولانا تھانوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے بہت سے دلائل پیش کئے ہیں (۲) اور بکر کہتا ہے کہ مردہ کی اُرواح دنیا میں واپس آسکتی ہیں اور تصرفات بھی کرسکتی ہیں، دلائل میں فتاویٰ دار العلوم فقہی ترتیب والا جدید ایڈیشن، جلد پنجم وششم

---

(۱) "و أخرج عن حذيفة قال: الروح بيد ملک، و إن الجسد ليغسل، وإن الملک ليمشي معه إلى القبر، فإذا سوي عليه سلک فيه، فذلک حين يخاطب.

و أخرج البيهقي عن حذيفة قال: إن الروح بيد الملک، والجسد يقلب، فإذا حملوه تبعهم، فإذا وضع في القبر بثه فيه.

و أخرج عن ابن أبي نجيح، قال: ما من ميت يموت إلا و روحه في يد ملک، ينظر إلى جسده، كيف يغسل، و كيف يكفن، و كيف يمشي به إلى قبره، ثم تعاد إليه روحه، فيجلس في قبره".

(شرح الصدور، باب معرفة الميت بمن يغسله و يجهزه ..... الخ، ص: ۱۰۱، دار المعرفة)

(۲) (اشرف الجواب: ۱/۱۶۳، رحمانيه لاهور)

کے،ص:۱۴۰ سے یہ احادیث پیش کرتا ہے(۱):

"قال النبی صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه و سلم: "إذا خرج الروح من ابن آدم ثلاثة أیام یقول الروح: یا رب! ائذن لی حتی أجیء و أنظر إلی جسدی الذی کنت فیه، فیأذن اللّٰہ له فیجیء إلی قبره و ینظر إلیه من یعید" إلیٰ آخر الحدیث۔

دوسری حدیث:

"قال ابن عباس رضی اللّٰہ تعالیٰ عنهما: إذا کان یوم العید ویوم العاشوراء و یوم الجمعة الأولیٰ من رجب و لیلة النصف من شعبان و لیلة القدر و لیلة الجمعة، تخرج أرواح الأموات من قبورهم و یقفون علیٰ أبوابهم و علیٰ أبواب بیوتهم"۔

تیسری حدیث:

"عن أبی هریرة رضی اللّٰہ تعالیٰ عنه أنه قال: إذا مات المؤمن دارت روحه حول داره شهراً". هکذا فی دقائق الأخبار، ص:۱۸، للإمام الشیخ عبدالرحیم القاضی، و بهامشه کتاب الدر الحسان فی البعث ونعیم الجنان للسیوطی رحمه اللّٰہ تعالیٰ۔

جناب مولانا مفتی محمد شفیع صاحب عثمانی دیوبندی مذکورہ بالا فتویٰ کے،ص:۱۴۲(۲) میں فرماتے ہیں کہ ''جو دلائل بکر نے پیش کئے ہیں ناکافی ہیں''۔ اب ہم آپ سے یہ معلوم کرنا چاہتے ہیں کہ بکر نے جو احادیث پیش کی ہیں کیا یہ سب صحیح ہیں؟ اور مہربانی کر کے اس تعارض کو دور کر کے ہمیں اطمینان عطا فرماویں۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

انتقال کے بعد ارواح کا دنیا میں مکان پر آنا یا نہ آنا، نہ تو ان مسائل اعتقادیہ میں سے ہے جن پر ایمان لانا فرض ہو اور نہ ہی مسائل فقہیہ جزئیہ میں سے ہے کہ جس کو حل کئے بغیر عمل ممکن نہ ہو، اس لئے اس الجھن میں پڑنے کی کیا ضرورت ہے، مردوں کی ارواح کا مکان پر آنا نہ تو قرآن کریم کی کسی آیت سے ثابت ہے اور نہ ہی کسی صریح حدیث سے اس کا ثبوت ہے۔ جن احادیث کا حوالہ آپ نے دیا ہے انہیں اصحاب صحاح نے اختیار

---

(۱) (فتاوی دار العلوم دیوبند (امداد المفتیین): ۲/ ۱۲۱، ۱۲۲، دار الاشاعت)

(۲) (فتاویٰ دارالعلوم دیوبند، المصدر السابق)

Made searchable using ScribeTools.com

نہیں کیا ہے اور وہ اس پایہ کی نہیں کہ اس سے کسی ضروری مسئلہ کا اثبات کیا جا سکے، اصولی بات وہی ہے جو حضرت تھانوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے اشرف الجواب، ص: ۱۱۹ میں تحریر فرمائی ہے کہ مردہ اگر منعم علیہ ہے تو اسے یہاں آ کر لپٹتے پھرنے کی کیا ضرورت ہے اور اگر معذب ہے تو فرشتگان عذاب کیونکر چھوڑ سکتے ہیں (۱)، باقی اگر اللہ جل شانہ کسی روح کو اجازت دیدیں تو کوئی وجہ رکاوٹ کی بھی نہیں۔

میت کے انتقال کے بعد اپنے گھر والوں اور متعلقین سے کچھ امیدیں وابستہ ہوتی ہیں اور وہ متعلقین سے امیدوار رہتی ہیں، ہوتا یہ ہے کہ وہ امید اور تعلق ہی لوگوں کو متمثل ہو کر ظاہر ہو جاتے ہیں، مثلاً یہ کہ روح دروازہ پر کھڑی ہے، کھانا مانگتی ہے اور ضروریات طلب کرتی ہے، یہ حقیقت نہیں ہوتی بلکہ تمثل ہوتا ہے، کیونکہ اَرواح کو اس عالم میں دنیاوی ضرورت کی نہ تو حاجت ہوتی ہے اور نہ ہی یہ چیزیں ان کے لئے وہاں مفید ہو سکتی ہیں، یہی وجہ ہے کہ ایصال ثواب کے طور پر جو چیزیں میت کی روح کو بخشی جاتی ہیں وہ بھی اس اصلی صورت میں نہیں بلکہ اخروی نعمتوں کی صورت میں متشکل ہو کر پیش ہوتی ہے۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ دارالعلوم دیوبند، ۱۵/۲/ ۸۸ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ دارالعلوم دیوبند، ۱۶/۲/ ۸۸ھ۔

ارواح کا اپنے گھر آنا مخصوص ایام میں

سوال[۳۱۵]: تیجہ، جمعراتیں، چالیسواں اور برسی وغیرہ کرنا درست ہے یا نہیں؟ حضرت مولانا شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمہ اللہ تعالیٰ کی بعض تصنیفات میں لکھا ہے کہ: ہر جمعرات کو میت کی روح اپنے پس ماندگان کی طرف رجوع کرتی ہے اور خیرات وصدقات کی امیدوار ہوتی ہے اور اسی طرح ایک سال کے اختتام پر بھی اس کا رجوع متحقق ہو جاتا ہے۔ کیا یہ قول صحیح سند سے کسی حدیث مرفوع یا موقوف صحیح یا ضعیف یا علماء متقدمین میں سے کسی امام مجتہد کے قول سے مؤید ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

نہیں، بلکہ یہ جملہ امور بدعت ہیں، نفس ایصال ثواب بغیر تعین تاریخ والتزام مالا یلزم خیرات بدنیہ و مالیہ کا شرعاً درست اور باعث اجر ہے: "قال: ابن الحاج فی المدخل: و لا بأس بفعل الصدقة عن

---

(۱) (اشرف الجواب: ۱/ ۱۶۳، رحمانیہ لاہور)

المیت للمحتاجین و للمضطرین لا للجمع علیه ما لم یتخذ ذلك شعاراً یستن به ، ثم قال: و کذالك یحذر مما أحدثه بعضهم من فعل الثالث للمیت و عمل الأطعمة حتی صار عندهم أمراً معمولاً به، و یشبعونه کأنه ولیمة عرس، و یجمعون لأجله الجمع الکثیر من الأهل والأصحاب الخ(۱)".

قال:فی الفتح و یکره إتخاذ الضیافة من الطعام من أهل المیت؛ لأنه شرع فی السرور لا فی الشرور، و هی بدعة مستقبحة"(۲). وفی البزازیة: ویکره إتخاذ الطعام فی الأول والثالث و بعد الأسبوع، و نقل الطعام إلی القبر، و إتخاذ الدعوة لقراء ة القرآن وجمع المصلی و القراء ة للختم أو لقراء ة سورة الأنعام و سورة الإخلاص، والحاصل أن إتخاذ الطعام عند قراء ة القرآن لأجل الأکل مکروه" الخ (۳).

"قال العلامة الشامی: و أطال فی ذلك فی المعراج و قال: هذه الأفعال کلها للسمعة والریاء ، فیحترز عنها؛ لأنهم لا یریدون به وجه اللّٰه تعالیٰ اهـ (٤)"۔

"قلت: لا شك فی دعوی صاحب المعراج؛ لأن الذی یرید وجه اللّٰه تعالیٰ لا یطعم الأغنیاء، و لا یفتخر بکثرة الناس و قلّتهم، و لا یعیّن الیوم والشهر، بل لا یتصور إرادة وجه اللّٰه تعالیٰ بإرتکاب ما لا یرضی اللّٰه، و کل ما لا ترد السنة فهو داخلٌ فیما لا یرضی اللّٰه الخ "۔ (تبلیغ الحق، ص:۷۰٦)۔

اشعۃ اللمعات میں اس کو بلاسند و بلاحوالہ نقل کیا ہے(۵)،صحاح ستہ میں یہ مضمون کہیں موجود نہیں اور

---

(۱) (المدخل لابن أمیر حاج المالکی، فصل : و یستحب تهیئة طعام لأهل المیت الخ:۳/۱۸۹)

(۲)(فتح القدیر، باب الجنائز، قبیل باب الشهید :۲/۱۴۲، مصطفی البابی الحلبی)

(۳) (البزازیة علی هامش الهندیة، کتاب الصلوة، الفصل الخامس والعشرون فی الجنائز ، قبیل السادس والعشرون فی حکم المسجد :۴/۸۱، رشیدیه)

(۴) (رد المحتار ، باب صلوة الجنازة ، مطلب فی کراهة الضیافة من أهل المیت: ۲/۲۴۰، سعید)

(۵) "ودر بعضِ روایات آمده است که روحِ میت می آید خانهٔ خودرا شبِ جمعه، پس نظر میکند که تصدق میکندا زوے یا نه. واللہ اعلم". (اشعة اللمعات، مکتبه نوریه رضویه،سکهر)

Made searchable using ScribeTools.com

بھی کسی صحیح معتبر روایت میں نظر سے نہیں گزرا، بلکہ صحاح کی روایت اس کے خلاف ہیں:

"عن أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه و سلم: "إذا أقبر الميت، أتاه ملكان أسودان أزرقان، يقال لأحدهما: المنكر، و للاخر: النكير، فيقولان: ما كنت تقول فی هذا الرجل؟ فيقول: هو عبد الله و رسوله، أشهد أن لا إله إلا الله وأن محمداً عبده ورسوله. فيقولان: قد كنا نعلم أنك تقول هذا، ثم يفسح له فی قبره سبعون ذراعاً فی سبعين، ثم ينور له فيه، ثم يقال له نم، فيقول: أرجعُ إلى أهلی فأخبرهم، فيقولان: نم كنومة العروس الذی لا يوقظه إلا أحب أهله إليه حتى يبعثه الله من مضجعه ذلك. و إن كان منافقاً، قال: سمعت الناس يقولون قولاً فقلت مثله، لا أدری، فيقولان: قد كنا نعلم أنك تقول ذلك، فيقال للأرض: التئمی عليه، فتلتئم عليه فتختلف أضلاعه، فلا يزال فيها معذباً حتىٰ يبعثه الله من مضجعه ذلك"۔ رواه الترمذی" مشکوۃ شریف، ص: ۴۳ (۱)۔

ائمہ مجتہدین میں سے بھی کسی کا قول اس کی تائید میں نہیں دیکھا، "دقائق الاخبار، خزانات الروایات، کنز العباد" میں ایسی روایات مذکور ہیں، مگر یہ کتب خود ہرگز ایسے امور میں قابلِ اعتماد نہیں، جب تک حدیث کی معتبر کتب سے تائید نہ ہو، چنانچہ النافع الكبير لمن يطالع الجامع الصغير ،وغیرہ میں ان کتب کو نا قابل

---

(۱) (مشكوة المصابيح ، باب إثبات عذاب القبر: ۱/۲۵، قديمی)

(وأخرجه الترمذی فی جامعه ، أبواب الجنائز، باب ماجاء فی عذاب القبر: ۱/۲۰۵، سعيد)

"عن أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه موقوفاً قال: "إذا وضع الميت فی قبره أتاه آت من ربه، فيقول له: من ربک؟ فإن كان من أهل التثبيت ثبت، و قال: الله ربي ، ثم يقال له: ما دينک؟ فيقول: الإسلام . فيقول : من نبيک ؟ فيقول: محمد صلی الله تعالیٰ عليه وسلم، فيرى بُشراه و يبشر، فيقول: دعوني أرجع إلى أهلی فأبشرهم، فيقال له: نم قرير العين إن لک إخواناً لم يلحقوا . و إن كان من غير أهل الحق والتثبيت قيل له: من ربک؟ فيقول : هاه ، كالوا له، ثم يضرب بمطراق يسمع صوته الخلق إلا الجن والإنس . ويقال له: نم كنومة المنهوس". (التذكرة للقرطبی ، باب ما جاء فی عذاب القبر و أنه حق، ص: ۱۵۳، مكتبه أسامة الإسلامية)

Made Searchable by ScribeTools.com

اعتماد قرار دیا ہے(۱) نیز ان روایات میں یہ بھی مذکور ہے: ''جب ورثہ میت کچھ ایصال ثواب نہیں کرتے تو اَرواحِ موتیٰ ان کو سب وشتم کر کے اور ان پر لعنت کر کے واپس ہوتی ہیں''۔ یہ چیز بالکل اصول کے خلاف ہے۔

علامہ ابن القیم رحمہ اللہ تعالیٰ نے ''کتاب الروح'' میں، قاضی ثناء اللہ صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ نے ''تذکرۃ الموتیٰ فی القبور'' میں، سیوطی نے ''شرح الصدور'' میں روح کے احوال اور قبر کے احوال پر تفصیلی بحث کی ہے مگر روایاتِ مسئولہ کو ان حضرات نے ذکر نہیں کیا، حالانکہ مؤخر الذکر جامع بین الرطب والیابس ہیں۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارن پور۔

کیا موت کے بعد ایک مہینہ تک روح مکان کے اردگرد گھومتی ہے؟

سوال[۳۱۶]: کتاب ''صبح کا ستارہ'' کا مصنف ''روح'' کے متعلق بحث کرتے ہوئے لکھتا ہے کہ: ''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ جب مومن مرجاتا ہے تو اس کی روح اس کے گھر کے آس پاس مہینہ بھر تک پھرا کرتی ہے اور دیکھتی ہے کہ اس کا مال کس طرح بانٹتے ہیں اور اس کا قرض کس طرح ادا کیا جائے؟ پھر ایک مہینہ کے بعد قبر کے گرد سال بھر پھرتی ہے اور دیکھتی ہے کہ اس کے لئے کون دعاء مانگتا ہے اور کون غمگین ہوتا ہے، پھر جب سال پورا ہوجاتا ہے تب اس کو جہاں سب روحیں جمع رہتی ہیں لیجاتے ہیں اور نفخ صور تک وہیں رہتی ہے'': ۲۸ تا، ص: ۲۹۔ کیا یہ احادیث صحیحہ سے ثابت ہے اور اہل سنت کے عقیدہ کے مطابق ہے؟

---

(۱) ''و كذا ''كنز العباد'' فإنه مملوء من المسائل الواهية والأحاديث الموضوعة ، لا عبرة له، لا عند الفقهاء و لاعند المحدثين، قال على القاري في''طبقات الحنفية'': علي بن أحمد الغورى له كتاب جمع فيه مكروهات المذهب ، سماه ''مفيد المستفيد'' و له ''كنز العباد فى شرح الأوراد''، قال العلامة جمال الدين المرشدي : فيه أحاديث سمجة موضوعة، لا يحل سماعها . انتهى.

وكذا ''مطالب المؤمنين'' نسبه ابن عابدين فى ''تنقيح الفتاوى الحامدية'' إلى الشيخ بدر الدين بن تاج بن عبد الرحيم اللاهورى ، و ''خزانة الروايات'' نسبه صاحب ''كشف الظنون'' إلى القاضى جكن الحنفى الهندى الساكن بقصبة ''كن'' من الكجرات'' فإن هذه الكتب مملوءة من الرطب واليابس مع ما فيها من الأحاديث المخترعة والأخبار المختلفة''. (مجموعة رسائل اللكنوى ، النافع الكبير لمن يطالع الجامع الصغير: ۳/ ۳۲، ۳۳، إدارة القرآن)

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداً و مصلیاً :

یہ روایت صحاح میں نہیں، بلکہ صحاح کی روایات کے خلاف اور نا قابل تسلیم ہے(۱)، ایسی بے سند روایات اہلِ بدعت کے لئے سامانِ ضلالت اور فتنہ ہیں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۹۲/۴/۱۸ھ۔

الجواب صحیح، بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۲/۴/۱۹ھ۔

میت کا تعلق زندوں سے

سوال[۳۱۷] : مرنے والے کو مرنے کے بعد اپنے ماں باپ سے کوئی تعلق رہتا ہے؟ وحید الدین عبدالغنی شہر فتحپور ۲۱ ربیع الاول ۶۴ھ۔

الجواب حامداً و مصلیاً :

رہتا ہے، اس طرح کہ میت کو ان کے اعمال کی اطلاع دی جاتی ہے، اگر اچھے اعمال ہیں تو میت کی روح کو خوشی ہوتی ہے، اگر برے اعمال ہیں تو رنج ہوتا ہے اور وہ روح ان کی اصلاح کی دعاء کرتی ہے اور یہ تعلق

---

(۱) مومنین کی ارواح علیین میں ہوتی ہیں اگرچہ ان کا تعلق قبر میں جسم کے ساتھ رہتا ہے۔

"قلنا: وجه التوفيق أن مقر أرواح المؤمنين في عليين أو في السماء السابعة و نحو ذلك كما مر، ومقر أرواح الكفار في سجين، و مع ذلك لكل روح منها اتصال لجسده في قبره اهـ". (التفسير المظهري : ۱۰/۲۲۵، حافظ كتب خانه كوئٹه)

"عن كعب بن مالك رضي الله تعالىٰ عنه أن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه و سلم قال: "إن أرواح الشهداء في أجواف طير حضرٍ تعلق من ثمر الجنة أو شجر الجنة". (الترغيب والترهيب : ۲/۳۱۶، ما جاء في فضل الشهيد، كتاب الجهاد)

"عن أم بشر امرأة أبي معروف قالت: سألت رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه و سلم أنتزاوَر يا رسول الله، إذا متنا يزور بعضنا بعضاً؟ فقال: "تكون النسم طيراً تعلق بشجرة حتى إذا كان يوم القيامة دخلت في جنتها". (شرح الصدور ، ص:۲۲۸، باب مقر الأرواح ، دار المعرفه بيروت)

ماں باپ کے ساتھ خاص نہیں بلکہ جمیع اقرباء ومتعارفین سے رہتا ہے(۱)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۱/۴/۶۴ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، صحیح: عبداللطیف

نئے مردہ کا پہلے مردوں سے ملنا

سوال[۳۱۸]: مرنے کے بعد پہلے مرے ہوئے ملتے ہیں یا نہیں اور دنیا کا خیال آتا ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

دنیا کا خیال آتا ہے، اگر اعمال اچھے ہیں، حساب صاف ہے تو سب سے ملنے کی اجازت ہوجاتی ہے، ورنہ عذاب میں رہتا ہے اور دنیا والوں سے ملنا چاہتا ہے مگر فرشتے سوال کے بعد کہہ دیتے ہیں "نم کنومة العروس"۔یعنی دلہن کی طرح آرام سے سوجا(۲)۔فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، ۲۴/۱۲/۵۳ھ۔

صحیح: عبداللطیف ۲۵/ ذی الحجہ/۵۳ھ۔

---

(۱) "و أخرج أحمد و الحكيم الترمذى: فى "نوادر الأصول" و ابن منده عن أنس رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : "إن أعمالكم تعرض على أقاربكم و عشائركم من الأموات، فإن كان خيراً، استبشروا،و إن كان غير ذلك، قالوا :أللهم لا تمتهم حتى تهديهم كما هديتنا". (شرح الصدور فى أحوال الموتى والقبور،باب عرض أعمال الأحياء على الموتى، ص:۲۵۷، دار المعرفة بيروت)

(وكذا فى مسند الإمام أحمد :۲۴۳/۳، مسند أنس بن مالك ، رقم الحديث: ۱۲۲۷۲، دار إحياء التراث العربى بيروت)

"عن أبى أسيد بن ربيعة الساعدى رضى الله تعالىٰ عنه قال: بينا نحن عند رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم إذ جاء ه رجل من بني سلمة، فقال: يا رسول الله ! هل بقى من بر أبوىّ شىء أبرّهمابه بعد موتهما ؟ قال: "نعم، الصلاة عليهما، والاستغفار لهما، و إنفاذ عهدهما من بعدهما، وصلة الرحم التى لا توصل إلا بهما ، وإكرام صديقهما". (سنن أبى داؤد ، باب بر الوالدين: ۳۵۳/۲ ، مكتبه امداديه)

(۲)"عن أبى هريرة رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم:" إذا أقبر الميت" أوقال: "أحدكم، أتاه ملكان أسودان أزرقان ، يقال لأحدهما: المنكر، والأخر: النكير، فيقولان: ماكنت =

Made searchable using ScribeTools.com

جولوگ پہلے مرچکے ان سے بعد میں مرنے والوں کی ملاقات

سوال[۳۱۹]: ایک ایمان دار شخص مرگیا اس سے پہلے جولوگ مرچکے ہیں ان سے ملاقات ہوتی ہے یا قیامت میں ملاقات ہوگی؟ اسی طرح کسی کا بچہ مرگیا اس کے بعد باپ بھی مرگیا تو بچہ اسے برزخ میں ملے گا یا قیامت میں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

ملاقات ہوتی ہے، کذا فی شرح الصدور(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

= تقول فی هذاالرجل؟ فیقول ماکان یقول: هوعبدالله ورسوله أشهد أن لاإله إلاالله وأن محمداً عبدهٗ ورسوله، فیقولان: قدکنا نعلم أنک تقول هذا، ثم یفسح له فی قبره سبعون ذراعاً فی سبعین، ثم ینورله فیه، ثم یقال له: نم، فیقول: أرجع إلی أهلی فأخبرهم، فیقولان: نم کنومة العروس الذی لایوقظه إلا أحب أهله إلیه حتی یبعثه الله من مضجعه ذلک. وإن کان منافقاً، قال: سمعت الناس یقولون فقلت مثله، لا أدری، فیقولان: قدکنا نعلم أنک تقول ذلک ،فیقال للأرض: التئمی علیه، فتلتئم علیه فتختلف أضلاعه، فلا یزال فیها معذبا حتی یبعثه الله من مضجعه ذلک." (جامع الترمذی ،أبواب الجنائز،باب ماجاء فی عذاب القبر: ۱/۲۰۵، سعید)

(مشکوة المصابیح ،باب إثبات عذاب القبر: ۱/۲۵،قدیمی)

(وکذافی شرح الصدور،باب فتنة القبروسؤال الملکین، ص:۱۳۴،دارالمعرفة)

(۱) "وأخرج ابن أبی الدنیا عن سعید بن جبیر رضی الله تعالیٰ عنه قال :إذامات المیت ،استقبله ولده کما یستقبل الغائب".

"وأخرج عن ثابت البنانی ،قال:بلغنا أن المیت إذامات احتوشه أهله وأقاربه الذین قد تقدموه من الموتٰی ،فلَهُو أفرح بهم،ولَهُم أفرح به من المسافرإذاقدم إلی أهله".(شرح الصدور،باب ملاقات الأرواح للمیت إذاخرجت روحه.....الخ، ص: ۹۷،۹۸،دارالمعرفة)

(وکذا فی التذکرة فی أحوال الموتی وأمور الآخرة، للقرطبی،باب ماجاء فی تلاقی الأرواح فی السماء.....الخ ، ص: ۶۱ ، مکتبه أسامة الاسلامیة)

"وقال سعید بن المسیب:إذامات الرجل استقبله ولده کما یستقبل الغائب."(کتاب الروح ،المسئلة الثانیة :هل تتلاقی أرواح الموتی وتتذاکر؟ ، ص:۳۰،فاروقیه پشاور)

اموات کی باہمی ملاقات

سوال[۳۲۰]: ایک ایماندار شخص مرگیا، اس سے پہلے جو مرگئے ان سے ملاقات ہوتی ہے یا قیامت ہی میں ملاقات ہوگی؟ اسی طرح کوئی بچہ مرگیا اور اس کا باپ بھی، تو اپنے بچہ سے برزخ میں ملے گا یا قیامت میں؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

ملاقات ہوتی ہے، کذا فی شرح الصدور(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۱۴/۱/۹۲ھ۔

وفات کے بعد بزرگوں کی ملاقات

سوال[۳۲۱]: بعد انتقال کے شہید ہو یا بزرگ جو مقبول ہوں، اللہ کے یہاں وہ جاگتے میں مل سکتے ہیں اور سونے میں خواب میں مل سکتے ہیں یا نہیں، اور مزار پر اولیاء اللہ کا تصور ہوسکتا ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اللہ تعالیٰ کی اجازت ہو تو مل بھی سکتے ہیں، خواب میں بھی ان سے ملاقات ہوسکتی ہے، مراقبہ میں اہل

---

(۱) "وأخرج ابن أبی الدنیا عن سعید بن جبیر رضی اللہ تعالیٰ عنه قال: إذامات المیت، استقبله ولده کما یستقبل الغائب".

"وأخرج عن ثابت البنانی، قال: بلغنا أن المیت إذامات احتوشه أهله وأقاربه الذین قد تقدموه من الموتی، فلَهُو أفرح بهم، ولهم أفرح به من المسافر إذاقدم إلی أهله". (شرح الصدور، باب ملاقاة الأرواح للمیت إذاخرجت روحه..... الخ، ص: ۹۷، ۹۸، دارالمعرفة)

"وقال سعید بن المسیب: إذامات الرجل، استقبله ولده کما یستقبل الغائب." (کتاب الروح، المسألة الثانیة: هل تتلاقی أرواح الموتی وتتذاکر، ص: ۳۰، مکتبه فاروقیه پشاور)

(و کذا فی التذکرة فی أحوال الموتی وأمور الآخرة، للقرطبی، باب ماجاء فی تلاقی الأرواح فی السماء..... الخ، ص: ۲۱۱، مکتبه أسامة الاسلامیة)

Made Searchable using ScribeTools.com

حضرات کو بزرگان دین کا تصور بھی ہوسکتا ہے(۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند۔

بزرگوں کی ارواح سے ملاقات کا دعویٰ

سوال[۳۲۲]: ایک پیرصاحب نے اپنے مرید سے کہا کہ حضرت خضرعلیہ الصلاۃ والسلام کو ڈھونڈ کر لاؤ، وہ مرید پہلے شانتی باغ گئے ،اس کے بعد بیت المقدس گئے ، پھر مدینہ منورہ گئے، وہاں حضرت خضرعلیہ الصلاۃ والسلام سے ملاقات ہوئی، حضرت خضرعلیہ الصلاۃ والسلام نے کہا نماز میں حاضرنہیں ہوں گا، دعاء میں ضرورشامل ہوں گا، کچھ جگہ چھوڑ دو، کیونکہ حضورصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی پاک روح اور بڑے پیرصاحب کی روح حاضرہوگی۔یہ تمام باتیں پیرصاحب نے اعتکاف کے عالم میں کہیں، یہ کہنا صحیح ہے یانہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

حضرت خضرعلیہ الصلاۃ والسلام کے متعلق عامۂ محدثین تو کہتے ہیں کہ ان کا انتقال ہوچکا ہے،مگرصوفیاء ان کی حیات کے قائل ہیں(۲)، کچھان کے مکاشفات ومشاہدات ہیں جن کی بناء پروہ ایسا کہتے ہیں، یہ بھی ممکن

---

(۱)"وقال اليافعي:رؤية الموتى في خير أو شرّنوع من الكشف،يظهره الله تبشيراً أوموعظةً،أولمصلحة للميت من إيصال خيرله أوقضاء دين أو غير ذلك ،ثم هذه الرؤية قدتكون في النوم وهو الغالب ،وقد تكون في اليقظة وذلك من كرامات الأولياء وأصحاب الأحوال ".(شرح الصدور،باب زيارة القبور وعلم الموتى بزوارهم ورؤيتهم لهم، ص: ۲۲۰،دارالمعرفة)

"فالتقاء أرواح الأحياء والموتى نوع من أنواع الرؤياالصحيحة التي هي عند الناس من جنس المحسوسات ."(كتاب الروح ،المسألة الثالثة: هل تتلاقى أرواح الأحياء وأرواح الأموت؟، ص: ۴۲، مكتبه فاروقية پشاور)

(۲)"وقال ابن الصلاح : هوحي عند جمهورالعلماء والعامة معهم في ذلك، وإنما شذ بإنكاره بعض المحدثين، وتبعه النووي، وزاد أن ذلك متفق عليه بين الصوفية وأهل الصلاح."(فتح الباري،كتاب أحاديث الأنبياء،باب حديث الخضرمع موسى عليهما السلام : ۶/ ۵۳۶،قديمي)

(وكذا في شرح مسلم للنووي،كتاب الفضائل،باب من فضائل الخضرعليه الصلاةوالسلام : ۲/ ۲۶۹،قديمي)

(و كذا في روح المعاني،(الكهف: ۶۵): ۱۵/ ۳۲۱،۳۲۲،داراحياء التراث العربي)

ہے کہ حضرت خضر علیہ الصلاۃ والسلام کو اپنے مکاشفہ سے کوئی شخص دیکھ لے اور ان سے بات کر لے اور ان کو دعوت دے کر بلا لے اور وہ تشریف بھی لے آئیں اور یہ بھی ممکن ہے کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی روح مبارک کسی نیک نصیب کے مکان پر رونق افروز ہو جائے، ممکن ہے کہ جسدِ اطہر کے ساتھ تشریف لائیں (۱) اور یہ بھی ممکن ہے کہ بڑے پیر صاحب کی روح آجائے، مگر ان کی روح مبارکہ کے لئے جگہ چھوڑنا بیکار اور بے معنی ہے، جس طرح ان کی تشریف آوری اور یہ لمبی مسافت کا قطع کرنا بغیر سواری کے ہے اور محسوس طریقہ پر نہیں ہے ،اسی طرح مجلس میں بیٹھنے کے لئے محسوس جگہ چھوڑنے کی ضرورت نہیں، بعض آدمیوں کو قوتِ خیالیہ کے غلبہ سے بھی ایسا محسوس ہوتا ہے کہ فلاں شخص آئے اور ان کے لئے جگہ چھوڑتے ہیں، میرے جاننے والے بھی ایک صاحب دماغی مریض تھے وہ تو ایسی ارواح کے لئے کھانا پکوانے کی بھی تاکید کرتے تھے۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

---

(۱) "وسئل نفع الله بعلومه ورضى عنه: هل يمكن الآن الاجتماع بالنبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فى اليقظة والتلقى عنه؟ فأجاب بقوله: نعم، يمكن ذلك، فقد صرح بأن ذلك من كرامات الأولياء الغزالى، والبارزى، والتاج السبكى، والعفيف اليافعى من الشافعية، والقرطبى، وإبن أبى جمرة من المالكية، وقد حكى عن بعض الأولياء أنه حضر مجلس فقيه فروى ذلك الفقيه حديثاً، فقال له الولى: هذا الحديث باطل، قال: ومن أين لك هذا؟ قال: هذا النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم واقف على رأسك يقول: "إنى لم أقل هذا الحديث" وكشف للفقيه فرآه". (الفتاوى الحديثية، مطلب: يمكن الاجتماع بالنبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم الآن يقظةً، ص: ۳۹۱، قديمى)

"وقال: بعد نقل أحاديث وآثار مانصه: فحصل من مجموع هذا الكلام النقول والأحاديث أن النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم حي بجسده وروحه، وأنه يتصرف ويسير حيث شاء فى أقطار الأرض وفى الملكوت، وهو بهيئته التى كان عليها قبل وفاته لم يتبدل منه شئ، وأنه مغيب عن الأبصار كما غيبت الملائكه مع كونهم أحياءً بأجسادهم، فإذا أراد الله تعالى رفع الحجاب عمن أراد إكرامه برؤيته، رآه على هيئته التى هو عليه الصلوة والسلام عليها، لامانع من ذلك، ولاداعى إلى التخصيص برؤية المثال. وذهب رحمه الله تعالىٰ إلى نحو هذا فى سائر الأنبياء عليهم الصلاة والسلام، فقال: إنهم أحياء رُدّت إليهم أرواحهم بعد ماقبضوا، وأذن لهم فى الخروج من قبورهم، والتصرف فى الملكوت العلوى والسفلى." (روح المعانى، (الأحزاب: ۴۰): ۲۲/۳۶، ۳۷، دارإحياء التراث العربى)

Made searchable using ScribeTools.com

میت کا مدت دراز کے بعد سامنے آ کر ملاقات کرنا

سوال[۳۲۳]: ایک مرحوم بزرگ اپنے مرنے کے پانچ سو برس بعد زندہ انسانوں کی طرح ایک شخص کو ملے اور ایک خط کا جواب لکھ کر سنایا۔ کیا ایسا واقعہ پیش آ سکتا ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

اللہ پاک کی طرف سے کسی کو اگر اس کی اجازت مل جائے تو قدرتِ حق سے یہ چیز خارج نہیں، لیکن اس قسم کے واقعات مثالی طور پر قرآن پاک اور احادیث شریف میں مذکور نہیں، حضرت عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کا بطور معجزہ کے مردوں کو زندہ فرمانا قرآن پاک (۱) اور حدیث شریف میں مذکور ہے (۲)، پانچ سو سال کے بعد کسی بزرگ کا زندہ ہو کر یہاں رونما ہونا جس طرح قدرت خداوندی سے خارج نہیں (۳) اسی طرح اس کا شرعی ثبوت بہم پہونچانا کہ یہ وہی بزرگ ہیں، یہ بھی کچھ آسان کام نہیں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۸/۱/۸۸ھ۔

انبیاء واولیاء کا قبروں سے نکلنا

سوال[۳۲۴]: انبیاء واولیاء وشہداء کا قبروں سے نکلنا شرعاً ثابت ہے یا نہیں؟

---

(۱) قال اللہ تعالیٰ فی عیسیٰ علیہ السلام: ﴿وأحي الموتى بإذن الله﴾. (آل عمران: ۴۹)

وقال الله تعالیٰ: ﴿و إذ تخلق من الطين كهيئة الطير بإذني، فتنفخ فيها، فتكون طيراً بإذني، و تبرىء الأكمه و الأبرص بإذني، و إذ تخرج الموتى بإذني﴾ (المائدة: ۱۱۰)

(۲) "عن ابن عباس رضی الله تعالیٰ عنهما أنه قال: قد أحيا -عليه السلام- أربعة أنفس: عازر، و ابن العجوز، وابنة العاشر، وسام بن نوح. فأما عازر فكان صديقاً له، فأرسلت أخته إلى عيسى أن أخاك عازر مات، و كان بينه و بين عازر مسيرة ثلاثة أيام، فأتاه هو و أصحابه، فوجدوه قد مات منذ ثلاثة أيام، فقال لأخته: انطلقي بنا إلى قبره، فانطلقت معهم إلى قبره، فدعا الله تعالیٰ عيسى، فقام عازر و دكه يقطر، فخرج من قبره و بقي زماناً و ولد له اهـ". (روح المعانی: ۳/۱۶۹، تفسیر سورۃ آل عمران آیت: ۴۹، داراحیاء التراث العربی، بیروت)

(۳) قال اللہ تعالیٰ: ﴿يحيي و يميت وهو على كل شيء قدير﴾ (سورۃ الحدید: ۲)

الجواب حامداًومصلیاً:

قیامت کے روز سب کا نکلنا شرعاً ثابت ہے (۱) اور قیامت سے پہلے اس جسم کے ساتھ نکلنا دلائل شرعیہ سے ثابت نہیں، البتہ حیات برزخی علی قدر مراتب ثابت ہے (۲): ﴿ولاتحسبن الذین قتلوا فی سبیل اللّٰہ أمواتاً بل أحیاء﴾ الآیة (۳) وغیرها من الآیات والروایات ۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۹/۱/۵۶ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ۔

صحیح: عبد اللطیف مدرسہ مظاہر علوم۔

انتقال کے بعد ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونا

سوال [۳۲۵]: ہندو لوگ کہتے ہیں کہ ہمارے سادھو بابا اور مہاپرش لوگ اپنی سادھنا کے زور سے اپنے جسم کو منتقل کر کے اپنی اصل صورت میں دنیا طے کر سکتا ہے، یہاں کے چند مسلمانوں کا بھی یہی عقیدہ ہے کہ ہمارے اولیاء اور انبیاء بھی اپنے جسموں کو منتقل کر کے جہاں چاہے جا سکتے ہیں، خاص کر ہمارے نبی محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم انتقال کے بعد بھی آپ کی روح پاک دنیا کی تمام جگہ سیر کر سکتی ہے، کیا ایسا ہو سکتا ہے؟

---

(۱) قال اللہ تعالیٰ: ﴿والموتی یبعثهم اللہ ثم إلیه یرجعون﴾. (الأنعام: ۳۶)

وقال اللہ تعالیٰ: ﴿وأن اللہ یبعث من فی القبور﴾. (الحج: ۷)

(۲) "ثم قال ابن القیم: ولایحکم علی قول من هذه الأقوال بعینه بالصحة ولا غیره بالبطلان، بل الصحیح أن الأرواح متفاوتة فی مستقرها فی البرزخ أعظم تفاوت، ولاتعارض بین الأدلة، فإن کلاًمنها وارد علی فریق من الناس بحسب درجاتهم فی السعادة أوالشقاوة. فمنها أرواح فی أعلی علیین فی الملأ الأعلی، وهم الأنبیاء، وهم متفاوتون فی منازلهم کما رآهم النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم لیلة الإسراء. ومنها أرواح فی حواصل طیر خضرٍ تسرح فی الجنة حیث شاءت، وهی أرواح بعض الشهداء لاجمیعهم ..... الخ." (شرح الصدور، باب مقر الأرواح، ص: ۲۳۷، دار المعرفة)

(وکذا فی کتاب الروح، المسألة الخامسة عشرة أین مستقر الأرواح مابین الموت إلی یوم القیامة؟، ص: ۱۵۰، فاروقیه پشاور)

(۳) (آل عمران: ۱۶۹)

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداً و مصلیاً :

اللہ تعالیٰ کی طرف سے اجازت ونصرت ہوجائے تو انتقال کے بعد بھی روح دنیا میں آسکتی ہے(۱) محض اپنی خواہش سے بغیر خدائے پاک کی اجازت ونصرت کے نہیں آسکتی، زندہ رہتے ہوئے مختلف مقامات میں کسی کا چلا جانا عملیات سے بھی ہوسکتا ہے اور مجاہدہ سے بھی۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۱۸/ ۷/ ۹۵ھ۔

خواب میں میت کی طرف سے کسی بات کا علم

سوال[۳۲۶] : خواب کے ذریعہ مرحومین کی طرف سے کوئی بات معلوم ہوجائے تو کیا ہم یقین کرسکتے ہیں کہ یہ بات ان کے دل کی ہے جو کہ اللہ نے ہمیں اس خواب کے ذریعہ سے معلوم کرائی ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

(خواب) حجت قطعیہ نہیں ہے، بعض دفعہ یقینی بات معلوم ہوتی ہے، بعض دفعہ نہیں (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۱۴/ ۱/ ۹۲ھ۔

---

(۱) قال اللہ تعالیٰ: ﴿وانه یحی الموتی و أنه علی کل شیء قدیر﴾ (الحج: ۶)

اگر یہ روح کسی ولی اللہ کی ہے تو یہ کرامت ہے اور کرامات اولیاء اہل السنۃ والجماعۃ کے ہاں حق ہے کما صرّح فی الفتاوی الحدیثیة حیث قال:

"الحق الذی علیه أهل السنة والجماعة من الفقهاء والأصولیین والمحدثیین و کثیرون من غیرهم ..... أن ظهور الکرامة علی الأولیاء و هم القائمون بحقوق الله و حقوق عباده بجمعهم بین العلم والعمل وسلامتهم من الهفوات والزلل جائزة عقلاً کما هو واضح؛ لأنها من جملة الممکنات، و لا یمتنع وقوع الشیء لقبح عقلی ؛ لأنه لا حکم للعقل". (الفتاوی الحدیثیة، مطلب فی الکلام علی کرامات الأولیاء علی أکمل وجه، ص: ۳۹۵، قدیمی)

(۲) "حامل ماتت و قد أتی علی حملها تسعة أشهر، و کان الولد یتحرک فی بطنها، فدفنت، ولم یشق بطنها، ثم رؤیت فی المنام أنها تقول: و لدت، لا ینبش القبر؛ لأن الظاهر أنها لو ولدت کان الولد میتاً". (فتاویٰ قاضی خان علی هامش الفتاویٰ العالمکیریة: ۱/ ۱۹۵، بیان أن النقل من بلد الی بلد مکروه، رشیدیه) .....

Made Searchable by ScribeTools.com

جہاں کی مٹی ہو وہیں دفن ہوتا ہے

سوال[۳۲۷]: اکثر سنا ہے کہ جب بچہ ماں کے پیٹ میں قرار پکڑتا ہے اور لوتھڑے کی شکل اختیار کرتا ہے، اس وقت فرشتے اس کی ناف میں مٹی رکھتے ہیں، وہ جہاں کی مٹی ہوتی ہے وہاں ہی وہ شخص دفن ہوتا ہے۔ یہ صحیح ہے یا غلط؟ ریاض الحق کلیانوی

الجواب حامداً و مصلیاً:

یہ روایت جمع الفوائد: ۲/ ۱۳۹، میں درج ہے، مگر اس میں ناف کی تصریح نہیں (۱)۔ فقط۔

محمود گنگوہی، ۲۳/۳/۵۳ھ۔

صحیح: عبداللطیف عفا اللہ عنہ، ۲۶/ ربیع الاول/۵۳ھ۔

= (وكذا في الحلبي الكبير، فصل في الجنائز، الثامن في مسائل متفرقة من الجنائز، ص: ٦٠٨، سهيل اكيڈمی)

(۱) "(أبو الدرداء) مربنارسول الله صلى الله عليه وسلم ونحن نحفر قبراً، فقال: "ما تصنعون"؟ فقلنا: نحفر قبراً لهذا الأسود، فقال: "جاء ت به منيته إلى تربته"، قال أبو أسامة: تدرون يا أهل الكوفة لِمَ حدثتكم بهذا الحديث؟ لأن أبا بكر وعمر خلقا من تربة رسول الله صلى الله عليه وسلم، (للأوسط بلين) (ابن عمر) أن حبشياً دفن بالمدينة، فقال صلى الله عليه وسلم: "دفن بالطينة التي خلق منها" (للكبير بضعف). (جمع الفوائد: ۱/ ۳۶۸، رقم الحديث: ۲۶۲۵، ۲۶۲۶، كتاب الجنائز، تشييع الجنائز وحملها ودفنها، إدارة القرآن، كراچی)

"فذلك قوله تعالىٰ: ﴿منها خلقناكم و فيها نعيدكم﴾ (طه: ۵۵) أخرجه الترمذي الحكيم أبو عبد الله في نوادر الأصول".

"و ذكر عن علقمة عن عبد الله قال: إن النطفة إذا إستقرت في الرحم أخذها الملك بكفه، فقال: أي رب! أمخلقة أو غير مخلقة؟ فإن قال: غير مخلقة، لم تكن نَسَمةً، و قذفتها الأرحام دماً، و إن قال: مخلقة، قال: أي رب! أذكر أم أنثىٰ؟ أشقي أم سعيد؟ ما الأجل؟ و ما الأثر؟ و ما الرزق، و بأي أرض تموت؟ فيقول: إذهب إلى أم الكتاب، فإنك ستجد هذه النطفة فيها، فيقال للنطفة: من ربك؟ فتقول: الله، فيقال: من رازقك؟ فتقول: الله، فتخلق، فتعيش في أجلها و تأكل رزقها، تطأ أثرها، فإذا جاء أجلها=

Made searchable using ScribeTools.com

منکرنکیر کے ساتھ کیا شیطان بھی قبر میں جاتا ہے؟

سوال[۳۲۸]: میت کوقبر میں رکھ کر جب مٹی دیکر فارغ ہوتے ہیں تو قبر میں پہلے شیطان داخل ہوتا ہے یا منکرنکیر یا دونوں بیک وقت پہونچتے ہیں اور پھر پہلے کون اپنا سوال میت سے کرتا ہے؟ یا نکیرین سوال حق پوچھتے ہیں اور شیطان اپنا پھندا فٹ کرنا چاہتا ہے یعنی میت فرشتوں کو صحیح جواب نہ دے سکے؟ اور شیطان بالغ کی قبر میں جاتا ہے یا نابالغ کی بھی، مرد کی قبر میں جاتا ہے یا عورت کی بھی؟ کچھ لوگ کہتے ہیں کہ اجی ہاں شیطان قبر میں کہاں جاتا ہے اور کچھ لوگ کہتے ہیں کہ قبر میں بھی جاتا ہے۔ شریعت کے مطابق حکم صادر فرمایا جائے۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

شیطان کا میت کی قبر میں جا کر نکیرین کے سوال کے وقت اپنا پھندا ڈالنا کسی حدیث میں نہیں دیکھا۔ بظاہر تو معلوم ہوتا ہے کہ اب وہ میت پر اس قسم کا اثر نہیں ڈالتا کہ میت جواب نہ دے سکے، اس کی کوشش کا وقت ختم ہوگیا، لائسنس بیکار ہوگیا(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۹۰/۲/۸ھ۔

الجواب صحیح، بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۰/۲/۹ھ۔

= ماتت فدفنت فی ذلک المکان. فالأثر: هو التراب الذی یؤخذ، فیعجن به ماؤه". (التذکرة فی أحوال الموتی و أمور الأخرة، باب ما جاء أن کل عبد یذر علیه عن تراب حفرته، ص: ۹۵، ۹۶، مکتبة أسامة الاسلامیة بالأزهر)

(وکذا فی شرح الصدور فی أحوال الموتی والقبور، باب دفن العبر فی الأرض التی خلق منها، ص: ۱۰۶، دار المعرفة بیروت)

(۱) مختلف آثار سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ شیطان قبر میں داخل ہوکر کچھ اثر ڈال سکتا ہے:

"عن سفیان الثوری قال: إذا سئل المیت: من ربک؟ تزیّا له الشیطان فی صورة، فیشیر إلی نفسه: إنی أنا ربک.

قال الحکیم: و یؤیده من الأخبار قوله علیه السلام عند دفن المیت: "أللهم أجره من الشیطان" ..... و لو لم یکن للشیطان هناک سبیل، ما دعا صلی الله تعالیٰ علیه و سلم بذلک". (شرح الصدور، ص: ۱۴۱، باب فتنة القبر و سوال الملکین، دار المعرفة بیروت)..... =

منکرنکیر سے پیشتر مردہ کے پاس ''رومات'' فرشتہ کا آنا

سوال[۳۲۹]: ''صبح کا ستارہ'' کا مصنف لکھتا ہے کہ ''حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے منقول ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ''اے ابن سلام! منکرنکیر سے پیشتر مردہ کے پاس ایک فرشتہ آتا ہے کہ اس کا منہ سورج کی طرح چمکتا ہے، نام اس کا رومات ہے''۔ص:۲۵۔کیا یہ صحیح ہے کہ منکرنکیر سے پہلے رومات (۱) نام کا ایک فرشتہ آتا ہے؟ مدلل جواب عنایت فرمائیں۔

الجواب حامداًومصلیاً:

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روایت ہے، رومان فرشتہ کا منکرنکیر سے پہلے مقابر میں آنا فتاویٰ حدیثیہ، ص:۸، میں بحوالہ قرطبی وغزالی منقول ہے (۲)۔بہشتی زیور، ص:۵۱ میں ''صبح کا ستارہ'' کتاب کے دیکھنے کی ترغیب دی ہے، مگر یہ بھی لکھا ہے کہ اس کی روایتیں بہت پکی نہیں ہیں (۳)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۹۲/۴/۱۸ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین دارالعلوم دیوبند، ۹۲/۴/۱۹ھ۔

= ''و أخرج الحكيم عن عمرو بن مرة قال: كانوا يستحبون إذا وضع الميت فى اللحد أن يقولوا: أللهم أعذه من الشيطان الرجيم.

و أخرج ابن أبى شيبة فى المصنف عن خيثمة: قال: كانوا يستحبون إذا دفنوا الميت أن يقولوا: بسم الله، وفى سبيل الله، و على ملة رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه و سلم ، أللهم أجره من عذاب القبر و من عذاب النار ومن شر الشيطان الرجيم ". (شرح الصدور، ص:۱۱۰، باب ما يقال عند الدفن والتلقين ، دار المعرفة بيروت)

(۱) ''رومات'' سائل نے لکھا ہے، لیکن بظاہر اس فرشتہ کا نام ''رومان'' ہے۔

(۲) ''ومن ثم ذكر القرطبى والغزالى عن ابن مسعود رضى الله تعالىٰ عنه أنه قال :يارسول الله! ماأول مايلقى الميت إذا دخل قبره؟ قال :" ياابن مسعود! ما سألنى عنه إلا أنت، فأول مايأتيه ملك اسمه رومان ،يجوس خلال المقابر، فيقول: ياعبدالله! اكتب عملك فيقول: مامعى دواة ولا قرطاس، فيقول: هيهات كفنك قرطاسك، ومدادك ريقك، وقلمك إصبعك، فيقطع له قطعة من كفنه، ثم يجعل العبد يكتب، وإن كان غير كاتب فى الدنيا، فيذكر حسناته وسيأته كيوم واحد'' الحديث بطوله''. (الفتاوىٰ =

Made searchable using ScribeTools.com

منکر ونکیر دونوں سوال کرتے ہیں یا ان میں سے ایک؟

سوال[۳۳]: مرنے کے بعد مردہ سے دوفرشتے سوال کرتے ہیں یا یکے بعد دیگرے سوال کرتے ہیں؟ اور جولوگ آگ میں جل جاتے ہیں یا کسی درندے کی خوراک بن جاتے ہیں تو ان سے یہ فرشتے کہاں سوال کرتے ہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اس کی تفصیل نہیں دیکھی، کسی روایت میں ہے کہ ایک فرشتہ سوال کرتا ہے(۱) کسی میں ہے دونوں سوال کرتے ہیں(۲)۔ اگر درندے نے کھالیا تو اس کے پیٹ میں ہی میت سے سوال ہوگا، غرض جہاں اس کا مستقر ہوگا وہیں سوال ہوگا۔ کذا فی الطحطاوی، ص:۳۲۸(۳)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند ۲۳/۱۲/ ۹۵ھ۔

= الحديثية ،مطلب السؤال بالعربية لكل أحد،وقيل بالسريانية، ص: ۲۱، ۲۲،قديمی)

(۳)(بہشتی زیور، حصہ دہم، بعض کتابوں کے نام جن کے دیکھنے سے نفع ہوتا ہے، ص:۷۰۴، دارالاشاعت)

(۱) "عن أنس رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه و سلم : "إن هذه الأمة تبتلی فی قبورها، و إن المؤمن إذا وضع فی قبره أتاه ملک فسأله ما كنت تعبد اهـ". (شرح الصدور ، ص: ۱۲۱ ، باب فتنة القبر و سوال الملكين)

(۲) "عن جابر رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه و سلم : " إذا وضع المؤمن فی قبره أتاه ملكان فانتهراه اهـ"۔ (شرح الصدور ، ص:۱۲۳ ، باب فتنة القبر و سوال الملكين ، بيروت)

"قال القرطبی: جاء فی روایة سوال ملكين، و فی أخری: سوال ملک واحد، و لا تعارض، بل بالنسبة إلی الأشخاص فرب شخص يأتيه اثنان معاً ..... و آخر يأتيه ملک واحد، فيكون أخف عليه و أقل فی المراجعة". (شرح الصدور ، ص:۱۴۴ ، فصل فيه فوائد ، دار المعرفة ، بيروت)

(۳) "والأشهر أنه حين يدفن، و قيل: فی بيته تنبطق عليه الأرض كالقبر، و لا بد منه و لوفی بطن سبع أو قعر بحر". (حاشية الطحطاوی علی مراقی الفلاح ، ص:۶۱۶ ، فصل فی حملها و دفنها، قديمی)

"السوال فيما يستقر فيه الميت حتی لو أكله سبع فالسؤال فی بطنه، فإن جعل فی تابوت أياماً لنقله إلی مكان آخر لا يسأل مالم يدفن". (شرح الصدور ، ص:۱۴۷ ، فصل فيه فوائد، دار المعرفة بيروت)

کیا قبر میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف اشارہ کیا جاتا ہے؟

سوال[۳۳۱]: یہ کہ "من ربك؟ و ما دینك و ما نبیك"؟ کے بعد میت کو مخاطب کر کے کہتے ہیں: "و ما تقول فی هذا الرجل"؟ کیا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مجسم قبر میں تشریف لاتے ہیں؟ "هذا الرجل" سے کیا مراد ہے؟ ایک شاعر کہتا ہے ؎

کون آتا ہے لاش پر میری　　سر سے چادر ہٹائی جاتی ہے

کیا اسم اشارہ اور مشار الیہ غائب کے لئے بھی استعمال کیا جاتا ہے، اس عبارت کا صحیح مفہوم کیا ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

شراح حدیث نے لکھا ہے اس کی قبر سے روضۂ اقدس تک کے حجابات اٹھا کر اشارہ کیا جاتا ہے(۱) لہذا "هـذا" کا اشارہ غائب کے لئے نہیں ہوا۔ بعض کی رائے یہ ہے کہ معہود ذہنی کی طرف اشارہ ہوتا ہے(۲) اور مردہ خود بخود جانتا ہے (کہ) حضرت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے متعلق سوال ہے۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ۔

---

(۱) "(فیقولان: ما کنت تقول فی هذا الرجل) قیل: یکشف للمیت حتی یری النبی صلی الله تعالیٰ علیه و سلم. و هی بشری عظیمة للمؤمن إن صح ذلک". (تحفة الأحوذی: ۱۸۲/۵، کتاب الجنائز، باب ما جاء فی عذاب القبر، بیروت)

"(فیقولان) له: (ما کنت تقول فی هذا الرجل لمحمد صلی الله تعالیٰ علیه و سلم) والإشارة فی قوله: "هذا" للحاضر، قیل: یکشف للمیت حتی یری النبی صلی الله تعالیٰ علیه و سلم و هی بشری عظیمة للمؤمن إن صح ذلک". (إرشاد الساری: ۴۷۶/۳، کتاب الجنائز، باب ما جاء فی عذاب القبر، بیروت)

(۲) "(فی هذا الرجل): أی فی شأنه، واللام للعهد الذهنی، و فی الإشارة إیماء إلی تنزیل الحاضر المعنوی منزلة الصوری مبالغةً". (مرقاة المفاتیح: ۳۴/۱، باب إثبات عذاب القبر، الفصل الأول، رشیدیه)

Made Se[Made searchable using ScribeTools.com]pols.com

بچوں سے قبر میں سوال و جواب نہیں ہوتا

سوال[۳۳۲] : جومسلمان بچے انتقال کر جاتے ہیں ان سے قبر میں حساب کتاب ہوتا ہے یانہیں؟ یاان سے سوالات کئے جاتے ہیں یانہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

چھوٹے بچوں سے قبر میں سوال و جواب نہیں ہوتا(۱)۔فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ،۱۹/ ۸/ ۸۷ھ۔

الجواب صحیح: بندہ محمد نظام الدین عفی عنہ دارالعلوم دیوبند،۲۰/ ۸/ ۸۷ھ۔

نابالغ سے سوال منکر ونکیر

سوال[۳۳۳] : ومسلمان بچے انتقال کر جاتے ہیں اُن سے قبروں میں حساب وکتاب ہوتا ہے یانہیں؟

---

(۱)"وقدقال النسفی فی"بحرالکلام":الأنبیاء وأطفال المؤمنین لیس علیهم حساب، ولاعذاب القبر، ولاسوال منکرونکیر". (شرح الصدور ، باب من لایسأل فی القبر ،ص :۱۵۲ ،دارالمعرفة)

"قال النسفی فی بحرالکلام : الأنبیاء وأطفال المؤمنین لیس علیهم حساب ، ولاعذاب القبر ،ولاسوال منکرونکیر، وقال النووی فی الروضة من زوائده: وفی شرح المهذب: إنما هو فی حق المیت المکلف، أما الصبی ونحوه فلایلقن، قال الزرکشی فی الخادم: هذاتابع فیه ابن الصلاح فإنه قال: لا أصل لتلقینه یعنی لأنه لایفتن فی قبره ، وقال فی موضع اٰخر فی الخادم: ماقاله ابن الصلاح، والنووی مبنی علی أنه لایسأل فی قبره انتهی. وقدتابعهماعلی ذلک ابن الرفعة فی الکفایة، والسبکی فی شرح المنهاج، وسئل الحافظ ابن حجر عن الأطفال هل یسألون ؟ فأجاب بأن الذی یظهر اختصاص السؤال بمن یکون مکلفاً."(الحاوی للفتاوی، الاحتفال بالأطفال : ۲/ ۲۱۲ ،دارالفکر)

"واستثنی من عموم سؤال القبر الأنبیاء علیهم الصلاةوالسلام والأطفال والشهداء."(شرح الفقه الأکبر للملاعلی القاری ،ص :۱۰۰ ، قدیمی)

الجواب حامداًومصلیاً:

چھوٹے بچوں سے قبر میں سوال وجواب نہیں ہوتا(۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ دارالعلوم دیوبند،۱۹/ ۸/ ۸۷ھ۔

الجواب صحیح: بندہ محمد نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند،۱۹/ ۸/ ۸۷ھ۔

رمضان میں جمعہ کے روز مرنے والے سے سوال نہیں

سوال[۳۳۴]: اگر رمضان شریف میں جمعہ کے دن انتقال ہوجائے تو کیا حکم ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

انشاء اللہ تعالیٰ اس سے قبر میں سوال نہیں ہوگا، یہی توقع ہے بلکہ اس سے زائد ہے(۲)۔فقط۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند۔

جمعہ اور رمضان میں مرنے والے کی فضیلت

سوال[۳۳۵]: ترمذی شریف کی حدیث ہے: "ما من مسلم یموت یوم الجمعة أو لیلة

---

(۱) "والأصح أن الأنبیاء لایسألون ولا أطفال المؤمنین."(الدر المختار ،باب صلاة الجنائز: ۱۹۲/۲،سعید)

"والأصح أن الأنبیاء علیهم السلام لایسألون، وکذاأطفال المؤمنین ."(حاشیة الطحطاوی علی مراقی الفلاح، کتاب الصلاة ،باب أحکام الجنائز، ص: ۵۲۱، قدیمی)

"وقال النسفی فی بحرالکلام: أطفال المؤمنین لیس علیهم عذاب القبر، ولا سؤال منکر ونکیر."(النبراس، ص: ۲۰۶، امدادیه، ملتان)

(۲)"عن عبدالله بن عمرو رضی الله تعالیٰ عنهما :"مامن مسلم یموت یوم الجمعةأو لیلة الجمعة إلا وقاه الله فتنة القبر". (جامع الترمذی : کتاب الجنائز ،باب ماجاء فیمن مات یوم الجمعة : ۲۰۵/۱،سعید)

وفی ردالمحتار : "ثم ذکرأن من لایسأل ثمانیةٌ:الشهید(إلی قوله)والمیت یوم الجمعة أو لیلتها". (باب صلوة الجنازة،مطلب ثمانیة لایسألون فی قبورهم: ۱۹۲/۲ سعید)

(وکذا فی کتاب الروح لابن قیم الجوزیة، المسألة العاشرة:الأسباب المنجیة من عذاب القبر ، ص: ۱۰۴ – ۱۰۶، مکتبه فاروقیه پشاور)

Made searchable using ScribeTools.com

الجمعة إلا وقاه الله فتنة القبر"(۱)۔

اس حدیث کے متعلق جس قدر تحقیقات ہوں تحریر فرمائی جائیں، کیا مسلمان خواہ کسی قسم کا ہو اور ہر قسم کے معاصی میں مبتلا ہو اور اس کی وفات جمعہ یا جمعرات کو ہو جائے تو اس پر عذاب قبر بالکل نہ ہوگا، یا صرف انہیں دنوں تک عذاب نہ ہوگا؟ نیز لوگوں میں مشہور ہے کہ رمضان المبارک میں بھی جس کا انتقال ہو جائے اس کو بھی عذاب قبر نہ ہوگا، مجھے تو اس کے متعلق کچھ معلوم نہ ہو سکا، اگر جناب اس کے اوپر روشنی ڈالیں تو بہتر ہوگا۔

الجواب حامداً و مصلیاً :

ترمذی شریف کی روایت کے متعلق خود امام ترمذی رحمہ اللہ تعالیٰ کا فیصلہ ہے کہ:"هذا حديث غريب و ليس إسناده بمتصل"(۲) اور جمع الفوائد میں ہے:(أنس رضى الله تعالىٰ عنه) رفعه: "من مات يوم الجمعة وقى عذاب القبر"(۳)۔

العرف الشذی میں لکھا ہے:" ما صح الحديث فى فضل موت يوم الجمعة، و لو صح بالفرض لكان الفضل من عدم السؤال لمن مات يوم الجمعة، لا من مات قبله و أخر دفنه إلى يوم الجمعة اهـ"(٤)۔

---

(۱)(جامع الترمذی : ۱/۲۰۵، أبواب الجنائز ، باب ماجاء فيمن يموت يوم الجمعة ، سعيد)

"و أخرج أحمد والترمذى و حسنه ، و ابن أبى الدنيا والبيهقى عن ابن عمرو رضى الله عنهما قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم :"ما من مسلم يموت يوم الجمعة أو ليلة الجمعة، إلا وقاه الله فتنة القبر". (شرح الصدور فى أحوال الموتى والقبور ، باب من لا يسئل فى القبر، ص: ۱۵۰ ، دارالمعرفة بيروت)

و فيه أيضاً : "أخرج أبو نعيم فى "الحلية" عن جابر رضى الله عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : "من مات يوم الجمعة أو ليلة الجمعة، أجير من عذاب القبر". الحديث. (شرح الصدور فى أحوال الموتى والقبور ، باب من لا يسئل فى القبر، ص: ۱۵۱ ، دارالمعرفة بيروت)

(۲) (جامع الترمذى ، أبواب الجنائز ، باب ما جاء فيمن يموت يوم الجمعة : ۱/۲۰۵، سعيد)

(۳) (جمع الفوائد: ۱/۲۷۰، رقم الحديث: ۱۹۳۱، كتاب الصلوٰة، وقت الجمعة ونداء ها وخطبتها وما يتعلق بذلک، قبيل صلوٰة المسافر وجمع الصلوٰة، إدارة القرآن ، كراچى)

(۴) (العرف الشذى على هامش الترمذى: ۱/۲۰۶، باب ما جاء من يموت يوم الجمعة، سعيد)

یہاں تک تو من حیث القوۃ والضعف اس روایت کے متعلق کلام ہے، اس کے مطلب کے متعلق علماء کے دونوں قول ہیں: "فقيل: هذا اليوم والليلة فقط، ثم يعذب ليلة السبت، و قيل: لا بل خلص فخلص، نعم يحاسب فيجازى بعد الحشر اهـ". كوكب(۱)۔

ملا علی قاری رحمہ اللہ تعالیٰ مرقاۃ المفاتیح میں فرماتے ہیں:

"فتنة القبر: أى عذابه و سؤاله، و هو يحتمل الإطلاق والتقييد، والأول هو الأولىٰ بالنسبة إلى فضل المولىٰ"(۲)۔

پھر علامہ سیوطی رحمہ اللہ تعالیٰ سے نقل کرتے ہیں:

"هذه الأحاديث: أى التى تدل على نفى سؤال القبر لا تعارض أحاديث السؤال السابقة: أى لا تعارضها، بل تخصها و تبين من لا يسئل فى قبره، و لا يفتن فيه ممن يجرى عليه السؤال، و يقاسى تلك الأهوال، و هذا كله ليس فيه مدخل القياس و لا مجال للنظر فيه، و إنما فيه التسليم والانقياد لقول الصادق المصدوق۔ قال الحكيم الترمذى: و من مات يوم الجمعة فقد انكشف له الغطاء عما له عند الله تعالىٰ؛ لأن يوم الجمعة لا تسجر فيه جهنم، و تغلق أبوابها، و لا يعمل سلطان النار فيه ما يعمل فى سائر الأيام، فإذا قبض الله عبداً من عبيده فوافق قبضه يوم الجمعة، كان ذلك دليلاً لسعادته و حسن مابه، و أنه لا يقبض فى هذا اليوم إلا من كتب له السعادة عنده، فلذلك يقيه فتنة القبر؛ لأن سببها إنما هو تميز المنافق من المؤمن. قلت: و من تتمة ذلك أن من مات يوم الجمعة فله أجر شهيد، فكان على قاعدة الشهداء فى عدم السؤال، كما أخرجه أبو نعيم فى الحلية عن جابر رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم:"من مات يوم الجمعة أو ليلة الجمعة أجير من عذاب القبر؟ و جاء يوم القيامة و عليه طابع الشهداء"۔

"و أخرج حميد فى ترغيبه عن إياس بن بكير أن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قال:"من مات يوم الجمعة كتب له أجر شهيد، و وقى فتنة القبر". وأخرج من طريق ابن جريج

---

(۱) (الكوكب الدرى: ۱/۳۲۵، باب ما جاء فى عذاب القبر، مكتبه يحيويه سهارنپور)

(۲) (مرقاة المفاتيح: ۳/۴۶۰، كتاب الصلاة، باب الجمعة، الفصل الثالث، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

عن عطاء قال : قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم:"ما من مسلم أو مسلمة يموت فى يوم الجمعة أو ليلة الجمعة، إلا وُقى عذاب القبر، و فتنة القبر، و لقى الله و لا حساب عليه، و جاء يوم القيامة و معه شهود يشهدون له أو طابع". و هذا الحديث لطيف صرح فيه بنفى الفتنة والعذاب معاً اهـ"(۱).

یوم جمعہ یالیلۃ جمعہ میں مرنے والے کے لئے درجۂ شہادت حاصل ہونا درمختار(۲) اشباہ(۳) اوجز المسالک(۴) وغیرہ کتب میں مذکور ہے، اگر کوئی شخص بحالتِ ابتلائے معصیت مرے لیکن کسی ایسے سبب سے مرے جس پر وعدہ ثواب اور اجر شہادت حاصل ہوتا ہو تو وہ بھی شہید ہوگا، پھر اگر کوئی بحالتِ معصیت نہ مرے تو وہ کیسے اجر شہادت سے محروم رہے گا؟

"من غرق فى قطع الطريق، فهو شهيد و عليه إثم معصيته، و كل من مات بسبب معصية فليس بشهيد. و إن مات فى معصية بسبب من أسباب الشهادة، فله أجر شهادته و عليه إثم معصيته، و كذلك لو قاتل على فرس مغصوب أو كان قوم فى معصية فوقع عليهم البيت، فلهم الشهادة و عليهم إثم المعصية اهـ". شامى (۵).

---

(۱) (مرقاة المفاتيح :۳/ ۴۶۱، كتاب الصلاة، باب الجمعة ، الفصل الثالث، رشيديه)

(۲) "قوله : والميت ليلة الجمعة ، أخرج حميد بن زنجويه فى فضائل الأعمال عن مرسل إياس بن بكير. أن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قال: "من مات يوم الجمعة كتب له أجر شهيد". (رد المحتار: ۲/ ۲۵۲، باب الشهيد، مطلب فى تعداد الشهدآء، سعيد)

(۳) "اشباہ" میں جمعہ کے دن یا رات میں مرنے والے کے لئے درجہ شہادت حاصل ہونے کی تصریح تو نہیں، البتہ اس دن مرنے والے کے لئے "امان" کی تصریح ہے۔

"و من مات فيه أو فى ليلته أمن من فتنة القبر و عذابه ،و لا تسجر فيه جهنم". (الأشباه والنظائر، ص: ۴۴۱، القول فى أحكام يوم الجمعة ، دارالفكر، دمشق)

(۴) (أوجز المسالک: ۲/ ۴۹۰، الشهادة سبع سوى القتل، وأنواع الشهادة ، مكتبه يحيويه سهارنپور)

(۵) (رد المحتار : ۲/ ۳۵۳، باب الشهيد ، مطلب المعصية هل تنافى الشهادة، سعيد)

Made Searchable by ScribeTools.com

حدیث شریف میں آتا ہے کہ ''جب رمضان شریف داخل ہوتا ہے جنت کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں اور دوزخ کے دروازے بند کردیئے جاتے ہیں الخ''(۱) اس سے معلوم ہوا کہ جو شخص رمضان شریف میں مرتا ہے وہ بھی عذاب سے محفوظ رہتا ہے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم وعلمہ اتم واحکم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مظاہر علوم سہارنپور۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبداللطیف، ۳۰/ ذیقعدہ/ ۵۸ھ۔

جو شخص ہر روز سورہ ملک پڑھے اس سے قبر میں سوال نہ ہوگا

سوال[۳۳۶]: حامد روزانہ شب میں سورہ ملک پڑھتا ہے تو کیا قبر میں منکر نکیر سوال نہیں کریں گے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

جو شخص ہر روز سورۃ ملک پڑھتا ہے وہ انشاء اللہ تعالیٰ سوال قبر سے محفوظ رہے گا (۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۲۲/۲/ ۹۵ھ۔

---

(۱) (مشكوة المصابيح ص: ۱۷۳، كتاب الصوم، الفصل الأول، قديمى)

(والصحيح لمسلم، كتاب الصيام، باب فضل شهر رمضان: ۱/ ۳۴۶، قديمى)

(وصحيح البخارى، كتاب الصوم، باب هل يقال رمضان اهـ: ۱/ ۲۵۵، قديمى)

(۲) وقال الترمذى: "حدثنا محمد بن عبد الملك بن أبى الشوارب، حدثنا يحى بن مالك النكري، عن أبيه عن أبى الجوزاء عن ابن عباس – رضى الله تعالىٰ عنهما – قال: ضرب بعض أصحاب النبي صلى الله تعالىٰ عليه و سلم خباء ه على قبر، و هو لا يحسب أنه قبر، فإذا قبر إنسان يقرأ سورة الملك حتى ختمها، فأتى النبي صلى الله تعالىٰ عليه و سلم فقال: يا رسول الله! ضربت خبائى على قبر و أنا لا أحسب أنه قبر، فإذا إنسان يقرأ سورة الملك: تبارك حتى ختمها، فقال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه و سلم: "هي المانعة، هي المنجية تنجيه من عذاب القبر".

"عن ابن عباس رضى الله تعالىٰ عنهما أنه قال لرجل: ألا أتحفك بحديث تفرح به؟ قال: بلىٰ، قال: اقرأ ﴿تبارك الذى بيده الملك﴾ و علّمها أهلك و جميع ولدك و صبيان بيتك و جيرانك، فإنها المنجية و المجادلة تجادل أو تخاصم يوم القيامة عند ربها لقارئها، و تطلب له أن =

Made searchable using ScribeTools.com

رمضان میں مرنے والے سے سوالِ قبر

سوال[۳۳۷]: رمضان میں فوت ہونے والے سے سوال نکیرین اور عذاب قبر اٹھالیا جاتا ہے اور پھر قیامت تک عذاب قبر نہیں ہوتا، کیا اس بارے میں کوئی حدیث مرفوع ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

اس کی تصریح کسی حدیث میں دیکھنا محفوظ نہیں (۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند ۹/۱۰/۸۵ھ۔

= ينجيه من عذاب النار، و ينجو بها صاحبها من عذاب القبر، قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه و سلم: "لوددت أنها في قلب كل إنسان من أمتي". (تفسير ابن كثير، الملک : ۵۰۸/۴، مكتبه دار الفيحاء)

(كذا في روح المعاني، الملک : ۲۹/ ۲، ۳، دار إحياء التراث العربي)

(وكذا في كتاب الروح، الأسباب المنجية من عذاب القبر، ص: ۱۰۵، فاروقيه پشاور)

"وأخرج جويبر في "تفسيره" عن عاصم بن أبي النجود، عن زر بن حبيش عن ابن مسعود رضي الله تعالىٰ عنه قال: "من قرأ سورة الملک كل ليلة، عصم من فتنة القبر. ومن واظب على قوله تعالىٰ: (إني آمنت بربكم فاسمعون) سهل الله عليه سوال منكر و نكير".

"وأخرج عن كعب، قال: إنا لنجدها في التوراة: من قرأ سورة الملک كل ليلة، عصم من فتنة القبر. وروي من طريق سوار بن مصعب، و هو ضعيف جداً عن أبي اسحاق، عن البراء يرفعه: "من قرأ "الم السجدة، و تبارک الملک"، قبل النوم، نجا من عذاب القبر، و وقي فتاني القبر". (شرح الصدور، باب من لا يسأل في القبر، ص: ۱۴۹، ۱۵۰، دار المعرفة)

(۱) البتہ حدیث میں یہ ہے کہ "جو شخص ایک دن بھی اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے روزہ رکھے اور اسی حالت میں اس کا خاتمہ ہو جائے تو وہ جنتی ہے":

"أخرج أحمد عن حذيفة رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "من قال لا إله إلا الله إبتغاء وجه الله، ختم له بها، دخل الجنة، ومن صام يوماً ابتغاء وجه الله، ختم له به، دخل الجنة ..... الخ". (شرح الصدور في أحوال الموتى والقبور، باب أحسن الأوقات للموت، ص: ۳۰۶، دار المعرفة بيروت)

(وأخرجه الإمام أحمد في مسنده: ۵۴۱/۶، رقم الحديث: ۲۲۸۱۳، داراحياء التراث، بيروت)

جمعہ کے دن مرنے والے سے قبر میں سوال

سوال[۳۳۸]: اگر کسی کا انتقال جمعہ کے دن ہو جائے تو اس سے قبر میں سوال و جواب ہوگا یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

انشاء اللہ تعالیٰ اس سے قبر میں سوال نہیں ہوگا (۱)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، ۲۵/۴/۱۳۹۵ھ۔

ہفتہ میں دو روز نامۂ اعمال کی پیشی

سوال[۳۳۹]: یہ جو مشہور ہے کہ ہر جمعہ اور ہر دوشنبہ کی صبح کو حضور سرور کائنات صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سامنے تمام امت کے اعمال پیش کئے جاتے ہیں اس کی کیا اصلیت ہے اور یہ کہاں تک صحیح ہے؟ خواجہ عامر حسن عفی عنہ۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

پیر اور جمعرات کو تمام امت کے اعمال اللہ تبارک وتعالیٰ کے دربار میں پیش کئے جاتے ہیں اور جمعہ کو انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام اور آباء وامہات پر پیش کئے جاتے ہیں۔ حکیم ترمذی نے نوادر میں اس کو روایت کیا ہے،

---

(۱) "عن عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: "من مات یوم الجمعة أو لیلة الجمعة، وُقی فتنة القبر." (مسند الإمام أحمد، أحادیث عبداللہ بن عمرو، رقم الحدیث: ۶۶۰۸، ۲/۳۶۹، دار إحیاء التراث، بیروت)

"عن عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہما: "ما من مسلم یموت یوم الجمعة أو لیلة الجمعه، إلا وقاه اللہ فتنة القبر". (جامع الترمذی، کتاب الجنائز، باب ماجاء فیمن مات یوم الجمعة: ۱/۲۰۵، سعید)

(وکذا فی کتاب الروح لابن قیم الجوزیة، المسألة العاشرة: الأسباب المنجیة من عذاب القبر، ص: ۱۰۴، ۱۰۶، مکتبه فاروقیة، پشاور)

(وکذا فی شرح الصدور للسیوطی رحمه اللہ تعالیٰ، باب ماینجی من عذاب القبر، ص: ۱۸۲، دار الفکر)

Made searchable using ScribeTools.com

هکذا فی شرح الصدور للسیوطی رحمه الله تعالیٰ(۱)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۰/صفر/ ۶۸ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۰/صفر/ ۶۸ھ۔

اعمالِ امت کی پیشی

سوال[۳۴۰]: "عرض أعمال الأمة على النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم یوم الخمیس" کی روایت نہیں ملتی۔مشکوۃ ومرقاۃ وغیرہ میں "باب الشحناء" میں ایک دوسری روایت تو ہے، اَور بھی کہیں اب تک نہیں ملی۔ ایک اعزازی خریدار۔

الجواب حامداًومصلیاً:

"عن أبی هریرة رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول اللهصلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "تعرض الأعمال یوم الإثنین والخمیس، فأُحبّ أن یعرض عملی وأنا صائم". (رواه الترمذی الخ. (مشکوة المصابیح، کتاب الصوم، باب التطوع) (۲)۔ لیکن اس میں عرضِ اعمال کے ساتھ "علی النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم" کی تصریح نہیں بلکہ سکوت ہے۔

احقر کا خیال ہے کہ یہ عرض علی اللہ تعالیٰ ہے جیسا کہ "فأُحبّ أن یعرض عملی وأنا صائم" سے معلوم ہوتا ہے۔اسی باب کی فصل ثالث میں یہ بھی ہے کہ "یغفر الله فیهما کل مسلم

---

(۱) "وأخرج الحکیم الترمذی فی "نوادره" من حدیث عبدالغفوربن عبدالعزیزعن أبیه ،عن جده،قال: قال رسول اللهصلی الله تعالیٰ علیه وسلم : "تعرض الأعمال یوم الإثنین والخمیس علی الله ،وتعرض علی الأنبیاء علیهم الصلاة والسلام وعلی الآباء والأمهات یوم الجمعة، فیفرحون بحسناتهم،وتزداد وجوههم بیاضاً وإشراقاً، فاتقوا الله ولاتؤذوا أمواتکم". (شرح الصدور،باب عرض أعمال الأحیاء علی الموتی، ص: ۲۵۸، دارالمعرفة)

(وکذا فی التذکرة للقرطبی،باب ماجاء فی تلاقی الأرواح فی السماء، ص: ۶۳،أساسة الاسلامیة)

(۲) (مشکوة المصابیح،کتاب الصوم ،باب صیام التطوع: ۱/۱۷۹، ۱۸۰،قدیمی)

(جامع الترمذی،أبواب الصوم ،باب ماجاء فی صوم یوم الإثنین والخمیس: ۱/۱۵۷،سعید)

إلا ذاهاجرين يقول: دعهما حتى يصلحا"۔رواه احمد وابن ماجة" (۱) اس سے بھی اسی خیال کی تائید ہوتی ہے "العرف الشذی" میں "علی اللّٰہ" کی تصریح بھی ہے (۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ مدرسہ جامع العلوم کانپور۔

عذاب قبر سے حفاظت کا عمل

سوال[۳۴۱]: کوئی ایسا عمل تحریر فرمائیں جس سے قبر میں عذاب نہ ہو۔

---

(۱) "أن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم کان یصوم یوم الإثنین والخمیس، فقیل: یارسول اللہ! إنک تصوم یوم الإثنین والخمیس، فقال: "إن یوم الإثنین والخمیس یغفر اللہ فیهمالکل مسلم إلا ذاهاجرین، یقول: دعهماحتی یصطلحا". رواه أحمد وابن ماجه". (مشکوة المصابیح، کتاب الصوم، باب صیام التطوع، الفصل الثالث: ۱/۱۸۰، قدیمی)

(وابن ماجه، أبواب الصوم، باب صیام یوم الإثنین والخمیس، ص: ۱۲۴، قدیمی)

(۲) "وأتی النسائی بالروایات الکثیرة فی صیامه علیه الصلاةوالسلام، وأما وجه صوم یوم الإثنین ففی روایة عن ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنهما، بسند قوی أنه علیه الصلاةوالسلام ولد یوم الإثنین، وارتحل إلی دارالبقاء یوم الإثنین، ودخل المدینة: أی قبا یوم الاثنین، ولأن یوم الإثنین والخمیس ترفع الأعمال إلی اللہ تعالی". (العرف الشذی علی هامش الترمذی، باب ماجاء فی صوم یوم الإثنین والخمیس: ۱/۱۵۲، سعید)

بعض روایات میں "عرض الأعمال علی الأنبیاء یوم الجمعة" وارد ہوا ہے اور جہاں تک یوم الخمیس کا تعلق ہے تو اس سے "عرض علی اللہ" ہی مراد ہے، جیسا کہ "شرح الصدور" میں ہے: "وأخرج الحکیم الترمذی فی "نوادره" من حدیث عبد الغفور بن عبد العزیز عن أبیه عن جده قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم: "تعرض الأعمال یوم الإثنین والخمیس علی اللہ، وتعرض علی الأنبیاء والآباء والأمهات یوم الجمعة، فیفرحون بحسناتهم، وتزدادوجوههم بیاضاً وإشراقاً، فاتقواالله ولاتؤذوا أمواتکم". (شرح الصدور، باب عرض أعمال الأحیاء علی الموتی، ص: ۲۵۸، دارالمعرفة)

Made Se Made searchable using ScribeTools.com pols.com

الجواب حامداًومصلیاً:

ناپاکی سے بچنا، ہمیشہ پاک رہنا(۱) قرآن کریم کی تلاوت زیادہ کرنا(۲) سنت کا پورا اتباع کرنا(۳)، سونے سے پہلے سورہ الملک پابندی سے پڑھنا(۴) ہر نماز میں درود شریف کے بعد عذاب قبر سے

---

(۱) "عن أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه عن النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قال: "إن عذاب القبر من ثلاثة: من الغيبة والنميمةوالبول، فإياكم وذلک". (شرح الصدور ،باب عذاب القبر ،ص: ۱۶۳ ،دارالمعرفة)

"عن ابن عباس رضی الله تعالیٰ عنهما قال: مر النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم علی قبرين، فقال: "إنهما ليعذبان، وما يعذبان من كبير" ثم قال: "أماأحدهما، فكان يسعی بالنميمة، وأماأحدهما فكان لايستتر من بوله." (صحيح البخاری ،كتاب الجنائز ،باب عذاب القبر من الغيبة والبول: ۱/۱۸۴ ،قديمی)

(۲،۳)" عن عبد الرحمن بن سمرة رضی الله عنه ،قال: خرج علينا رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم ذات يوم فقال: "إنی رأيت البارحة عجباً ،رأيت رجلاً من أمتی ،جاءه ملک الموت ليقبض روحه ،فجاءه بره لوالديه فرده عنه، ورأيت رجلاً من أمتی، سلط عليه عذاب القبر، فجاءه وضوءه فاستنقذه من ذلک ،ورأيت رجلاً من أمتی ،قد احتوشته الشياطين ،فجاء ذكر الله ،فخلصه من بينهم، ورأيت رجلاً من أمتی ،قد احتوشته ملائكة العذاب ،فجاءته صلاته ،فاستنقذته من أيديهم ،ورأيت رجلاً من أمتی، يلهث عطشاً ،كلما ورد حوضاً منع منه، فجاءه صيامه فسقاه وأرواه ،ورأيت رجلاً من أمتی ،والنبيون قعود حلقاً حلقاً ،كلما دنالِحلقة طردوه، فجاء اغتساله من الجنابة، فأخذ بيده ،وأقعده إلی جنبه، ورأيت رجلاًمن أمتی بين يديه ظلمة ،وخلفه ظلمة ،وعن يمينه ظلمة ،وعن يساره ظلمة ،ومن فوقه ظلمة ،ومن تحته ظلمة ،فهومتحير فيها ،فجاءه حجه وعمرته ،فاستخرجاه من الظلمة، وأدخلاه النور، .....الخ"(شرح الصدور ،باب ماينجی من عذاب القبر ، ص: ۱۸۲ ،۱۸۳ ،دارالمعرفة)

(وكذا فی كتاب الروح ،المسألة العاشرة: الأسباب المنجية من عذاب القبر، ص: ۱۰۷ ،۱۰۸ ،مكتبه فاروقيه پشاور)

(۴)" عن ابن عباس رضی الله تعالیٰ عنهما قال: ضرب بعض أصحاب النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم خباءه علی قبروهو لايحسب أنه قبر، فإذاقبر إنسان يقرأ سورة الملک حتی ختمها ،فأتی النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم، فقال: يارسول الله، ضربت خبائی علی قبر وأنا لاأحسب أنه قبر، فإذافيه إنسان يقرأ =

پناہ مانگنے کی دعاء پڑھنا جس میں ''أعوذبك من عذاب القبر'' بھی ہے(۱)، چغل خوری سے پرہیز کرنا(۲)، یہ چیزیں ایسی ہیں کہ انشاء اللہ تعالیٰ ان کے اہتمام کی برکت سے عذاب قبر سے حفاظت رہے گی۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۲۶/۹/۹۱ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۶/۹/۹۱ھ۔

میت کو قبر میں عصر کا وقت محسوس ہوتا ہے

سوال[۳۴۲]: ۱..... جب مسلمان میت کو دفن کر دیتے ہیں تو سنا ہے کہ میت کے لئے وہ عصر کا وقت ہوتا ہے۔ کیا یہ صحیح ہے؟

۲..... غیر مسلم میت سے حساب کا وقت کون سا ہوتا ہے؟ کیا اس کو بھی عصر کا وقت معلوم ہوگا اور اس غیر مسلم کے لئے قبر کس جگہ ثابت ہوگی؟ کیا غیر مسلم سے حساب وکتاب ہوتا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱..... میت کو قبر میں رکھنے اور دفن کرنے کے بعد فرشتے آکر اس کی روح اس میں داخل کر کے اس کو بٹھا دیتے ہیں، مردہ کو ایسا محسوس ہوتا ہے کہ صبح سویا تھا، اب غروب کے وقت بیدار ہوا ہے اور کہتا ہے کہ چھوڑ دو، میں نماز تو پڑھ لوں(۳) (نماز کا خیال مسلمان ہی کو ہوگا)۔

= سورة الملک حتی ختمها، فقال النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم: ''هی المانعة، هی المنجیة تنجیه من عذاب القبر''. (جامع الترمذی، أبواب فضائل القرآن، باب ماجاء فی سورة الملک: ۲/۱۱۷، سعید)

(۱) ''عن أبی هریرة رضی اللہ تعالیٰ عنه قال: کان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم یدعو: ''أللهم إنی أعوذبک من عذاب القبر، ومن عذاب النار، ومن فتنة المحیاو الممات، ومن فتنة المسیح الدجال.'' (صحیح البخاری، کتاب الجنائز، باب التعوذ من عذاب القبر: ۱/۱۸۴، قدیمی)

(۲) (راجع، ص: ۶۳۵، رقم الحاشیة: ۱)

(۳) ''وأخرج ابن ماجه، وابن أبی الدنیا، وابن أبی عاصم فی السنة عن جابربن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنهما. قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم: ''إذا دخل المیت قبره، مثّلت له الشمس عند =

Made searchable using ScribeTools.com

۲.....حدیث میں اس وقت کی تفصیل نہیں دیکھی، بظاہر تو غیر مسلم کو بھی یہی وقت محسوس ہوگا، یہ مطلب نہیں کہ جس وقت بھی میت کو دفن کیا جائے حساب غروب ہی کے وقت ہی ہوگا، بلکہ مطلب یہ ہے کہ اس وقت ایسا محسوس ہوگا جیسا غروب کے قریب کا وقت ہوتا ہے، فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۲۶/۵/۹۲ھ۔

عذاب قبر سے استثناء

سوال[۳۴۳]: فقہاء رحمہم اللہ نے ۸/ آدمی ایسے بتلائے ہیں جن سے حساب وعذابِ قبر قیامت تک نہیں ہوتا، کہاں تک درست ہے اور بقیہ چھ حضرات کون سے ایسے ہیں جو مستثنیٰ ہوسکتے ہیں حساب وعذاب سے، جیسا کہ مظاہر حق جلد دوم میں شہداء کے اقسام تحریر ہیں۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

ردالمحتار: ۱/ ۸۹۱، میں شہید، مرابط، مطعون، زمانہ طاعون میں صبر کرکے بلا طاعون مرنے والا، صدیق،

= غروبها، فيجلس يمسح عينيه ويقول : دعونى أصلى". (شرح الصدور، باب فتنة القبر وسؤال الملكين، ص : ۱۲۳، دارالمعرفة)

"فيقال له : اجلس، فيجلس قد مثلّت له الشمس، وقد أخذت الغروب، فيقال له :هذا الرجل الذى كان فيكم ماتقول فيه، وماذا تشهد به عليه؟ فيقول : دعونى حتى أصلى، فيقولون : إنك ستصلى، أخبرنا عما نسألك عنه". (كتاب الروح، المسألة السادسة : هل الروح تعاد إلى الميت فى قبره وقت السؤال أم لا؟ ، ص: ۷۴، مكتبه فاروقيه پشاور)

"عن أبى سفيان رضى الله تعالىٰ عنه عن النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قال :" إذادخل الميت القبر، مثلّت الشمس عند غروبها، فيجلس يمسح عينين، ويقول: دعونى أصلّي". (سنن ابن ماجه، باب ذكر القبر والبلى، ص: ۳۱۶، قديمى)

(وكذافى التذكرة للقرطبى، باب ماينجى المؤمن من أهوال القبر وفتنة القبر، ص: ۱۷۲، مكتبة أسامة الإسلامية)

اطفال کو بھی انہیں میں شمار کیا ہے جن کا حسابِ قبر نہیں ہوگا (۱)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی غفرلہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۳/۱۱/۶۱ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

صحیح: عبداللطیف،، ۳/ ذی قعدہ/ ۶۱ھ۔

رمضان میں میت کو عذاب قبر نہ ہونا

سوال [۳۴۴]: ۱.....جس مسلمان کا انتقال رمضان کے اندر ہو جائے خواہ وہ کسی مقصد میں ہو اس کا کیا حکم ہے؟

۲.....جن لوگوں کو قبروں میں عذاب ہوتا ہے کیا رمضان میں بند ہو جاتا ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

۱.....ان شاء اللہ اس کے ساتھ سہولت کا معاملہ کیا جائے گا (۲)۔

۲.....امید تو یہی ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۷/۱۱/۹۹ھ۔

---

(۱) "ثم ذكر أن من لا يسأل ثمانية: الشهيد، والمرابط، والمطعون، والميت في زمن الطاعون بغيره إذا كان صابراً محتسباً، والصديق، والأطفال، والميت يوم الجمعة أو ليلتها، والقارىء كل ليلة تبارك الملك وبعضهم ضم إليها السجدة، والقارىء في مرض موته: "قل هو الله أحد، اهـ. و أشار الشارح إلى أنه يزاد الأنبياء عليهم الصلاة والسلام؛ لأنهم أولى من الصديقين". (رد المحتار، باب صلاة الجنائز، مطلب ثمانية لا يسألون في قبورهم: ۲/۱۹۲، سعيد)

(و كذا في كتاب الروح، المسألة العاشرة: الأسباب المنجيةمن عذاب القبر، ص: ۱۰۴، مكتبه فاروقيه پشاور)

(و كذا في شرح الصدور، باب من لا يسأل في القبر، ص: ۱۴۸، دارالمعرفة)

(۲) "ان عذاب القبر حق سواء كان مؤمناً أم كافراً، أم مطيعاً أم فاسقاً، و لكن إذا كان كافراً فعذابه يدوم في القبر إلى يوم القيامة. و يرفع العذاب يوم الجمعة و شهر رمضان بحرمة النبي صلى الله تعالىٰ عليه و سلم؛ لأنه ما دام في الأحياء لا يعذبهم الله تعالىٰ بحرمته، فكذلك في القبر يرفع عنهم العذاب يوم =

Made searchable using ScribeTools.com

رمضان اور جمعہ وغیرہ میں عذابِ قبر

سوال[۳۴۵]: جن لوگوں سے سوالِ قبر نہیں جیسے شبِ جمعہ اور رمضان میں مرنے والا تو یہ سوال تا قیامت نہیں یا محض اسی روز؟ اور اس بشارت میں کفار اور مشرکین بھی داخل ہیں یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

سوالِ منکر ونکیر سب سے ہوتا ہے البتہ یومِ جمعہ اور رمضان المبارک میں عذاب قبر نہیں ہوتا، نہ مومن کو ہوتا ہے نہ کافر کو:

"فی الأشباه: ویأمن المیت فیه من عذاب القبر، ومن مات فیه أو فی لیلته، أمن من فتنة القبر وعذابه، قال الحموی تحته: أقول: قال أهل السنة والجماعة: عذاب القبر حق، وسوال منکر نکیر، وضغطة القبر حق، سواء کان مؤمناً أو کافراً، مطیعاً أوفاسقاً، لکن إذاکان کافراًفعذابه یدوم إلی یوم القیامة، ویرفع العذاب عنهم یوم الجمعة وشهر رمضان بحرمة النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم؛ لأنهم ماداموافی الأحیاء لایعذبهم الله فی الدنیا بحرمة النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم، فکذلك فی القبر یرفع عنهم العذاب یوم الجمعة وکل رمضان بحرمته، فیعذب اللحم متصلاًبالروح، والروح متصلاً بالجسم، فتتألم الروح مع الجسد وإن کان خارجاً منه۔

ثم المؤمن علی وجهین: إن کان مطیعاً لایکون له عذاب ویکون له ضغطة، فیجد هول ذلك وخوفه، وإن کان عاصیاًیکون له عذاب القبر وضغطة القبر، لکن ینقطع عنه عذاب القبر یوم الجمعة، ولیلة الجمعة ثم لایعودالعذاب إلی یوم القیامة، وإن مات یوم الجمعة أولیلة الجمعة

= الجمعة، وکل رمضان بحرمته". (شرح الملا علی القاری علی الفقه الأکبر، ص: ۱۰۱، بحث عذاب القبر، قدیمی)

"قال أهل السنة والجماعة: عذاب القبرحق، وسوال منکر و نکیر، و ضغطة القبرحق، لکن إن کان کافراً، فعذابه یدوم إلی یوم القیامة، و یرفع عنه یوم الجمعة و شهر رمضان". (رد المحتار: ۱۶۵/۲، سعید)

Made Searchable by ScribeTools.com

یکون لہ العذاب ساعۃً واحدۃً، وضغطۃ القبر ،ثم ینقطع عنہ العذاب کذا فی المعتقدات للشیخ أبی المعین النسفی اھـ". شرح حموی ص ٥٦٤ (١)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، ۴/۱/۵۴ھ۔

صحیح: عبداللطیف، ۸/محرم الحرام/۵۴ھ۔

---

(۱) الأشباہ والنظائر کی عبارت کا اردو ترجمہ:

الاشباہ میں ہے: ''اور مامون رہتا ہے مردہ اس میں (یوم جمعہ میں) عذاب قبر سے اور وہ شخص جس کی اس یوم جمعہ میں وفات ہوئی یا اس کی رات میں قبر کے عذاب وفتنہ سے محفوظ رہتا ہے۔ حموی نے اس کے تحت فرمایا ہے: میں کہتا ہوں کہ اہل سنت والجماعت نے فرمایا ہے کہ عذاب قبر حق ہے اور منکر نکیر کا سوال اور قبر کا دبوچنا حق ہے، خواہ (میت) مؤمن ہو یا کافر، فرماں بردار ہو یا نافرمان، لیکن اگر کافر ہو تو اس کا عذاب دائمی ہوتا ہے اور یوم جمعہ اور شہر رمضان میں نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حرمت کی بناء پر عذاب ان سے اٹھالیا جاتا ہے اس لیے کہ جب تک وہ زندہ رہے تو اللہ تعالیٰ نے ان کو نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حرمت کی وجہ سے دنیا میں عذاب نہیں فرمایا۔ پس اسی طرح قبر میں آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حرمت کی بناء پر یوم جمعہ اور رمضان میں ان سے عذاب اٹھالیا جائے گا۔ گوشت کو روح کے ساتھ متصل کر کے اور جسم کو روح کے ساتھ متصل کر کے عذاب دیا جائے گا، تاکہ جسم کے ساتھ روح کو بھی تکلیف ہو اگرچہ روح جسم سے خارج ہوگئی۔

پھر مومن دو قسم کے ہوتے ہیں: اگر وہ فرماں بردار ہے تو اس کو عذاب تو نہ ہوگا، البتہ قبر کا دبوچنا ہوگا وہ اس کا خوف وہول محسوس کرے گا اور اگر وہ نافرمان ہے تو عذاب قبر بھی ہوگا اور قبر کا دبوچنا بھی، لیکن یوم جمعہ اور لیلۂ جمعہ میں عذاب قبر ختم ہوجائے گا پھر قیامت تک عذاب نہیں ہوگا اور اگر وہ یوم جمعہ یا لیلۂ جمعہ میں فوت ہوا تو عذاب اور قبر کا دبوچنا ایک ساعت کے لئے ہوگا، پھر عذاب ختم ہوجائے گا۔ (کذا فی المعتقدات للشیخ ابی المعین النسفی رحمہ اللہ تعالیٰ اھ۔

(الأشباہ والنظائر مع شرحہ للحموی، الفن الثالث: الجمع والفرق، القول فی أحکام الجمعۃ: ۳/۲۰۰، إدارۃ القرآن والعلوم الاسلامیۃ) .....=

Made searchable using ScribeTools.com

نافرمان پر عذاب برزخ میں ہوتا ہے یا قیامت میں؟

سوال[۳۴۶]: ایمان دار کے فرائض وواجبات چیزوں کو چھوڑنے سے یا پوری طریقے سے عمل نہ کرنے سے ایسے ایماندار کے انتقال کے بعد اس کو عذاب عالم برزخ میں ہوگا یا قیامت کے دن حساب و کتاب کے بعد؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

سلسلہ برزخ سے ہی شروع ہوجاتا ہے(۱) حساب وکتاب کے بعد بھی ہوتا ہے (۲) اللھم احفظنا منه۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۲۸/ ۵/ ۸۷ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۳۰/ ۵/ ۸۷ھ۔

= "قال أهل السنة والجماعة: عذاب القبر حق، وسوال منكر ونكير وضغطة القبر حق، لكن إن كان كافراً فعذابه يدوم إلى يوم القيامة، ويرفع عنه يوم الجمعة وشهر رمضان، فيعذب اللحم متصلاً بالروح والروح متصلاً بالجسم، فيتألم الروح مع الجسد وإن كان خارجاً عنه. والمؤمن المطيع لايعذب بل له ضغطة يجد هول ذلك وخوفه. والعاصي يعذبه ويضغط، لكن ينقطع عنه العذاب يوم الجمعة وليلتها، ثم لايعود، وإن مات يومها أوليلتها، يكون العذاب ساعةً واحدةً وضغطة القبر ثم يقطع، كذافي المعتقدات للشيخ أبي المعين النسفي الحنفي من حاشية الحنفي ملخصاً". (رد المحتار، باب الجمعة، مطلب: مااختص به يوم الجمعة: ۲/ ۱۶۵، سعيد)

(وكذافي شرح الفقه الأكبر للملاعلي القاري، ص: ۱۰۱، قديمي)

(۱) "وأما البرزخ فأول دار الجزاء، فظهر فيها من ذلك ما يليق بتلك الدار، و تقتضي الحكمة إظهاره، فإذا كان يوم القيامة الكبرى و في أهل الطاعة و أهل المعصية ما يستحقونه من نعيم الأبدان والأرواح و عذابهما، فعذاب البرزخ و نعيمه أول عذاب الآخرة و نعيمها، و هو مشتق منه، و واصل إلى أهل البرزخ هناك، كما دل عليه القرآن والسنة الصحيحة الصريحة في غير موضع دلالة صريحة، كقوله صلى الله تعالىٰ عليه و سلم: "فيفتح له باب إلى الجنة فيأتيه من رَوحها و نعيمها" و في الفاجر: "فيفتح له باب إلى النار فيأتيه من حرها وسمومها". (كتاب الروح، المسألة السابعة: كون القبر حفرةً من حفر النار أو =

کیا عذاب قبر فاسق کو بھی ہوگا؟

سوال[۳۴۷]: "و عن حذيفة رضی الله تعالیٰ عنه قال: إنما النفاق كان علیٰ عهد رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه و سلم، فأما اليوم فإنما هو الكفر أو الإيمان"۔ (مشكوة شريف، ص:۱۸)(۱)۔

روایت سے ظاہر ہوتا ہے کہ شریعت کی نظر میں افرادِ انسانی کی تقسیم تین حصوں میں کی جاسکتی ہے: اگر الوہیت اور رسالتِ محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تصدیق کرنے والا ہو تو مسلمان ہے اور اگر سب کا انکار کرتا ہو، خدا کی صفات میں دوسروں کو شریک کرتا ہو تو وہ کافر ہے اور اگر ظاہراً مذکورہ چیزوں پر ایمان رکھتا ہو، زبانی دعویٰ کرتا ہو لیکن باطنی طور پر ان کا منکر ہو تو وہ منافق ہے۔

= روضةً من رياض الجنة، ص: ۹۷، مكتبه فاروقيه پشاور)

"عن ابن عباس رضی الله تعالیٰ عنهما أن النبی صلی الله تعالیٰ علیه و سلم مر بقبرين، قال: "إنهما ليعذبان، وما يعذبان فی كبير، أما أحدهما فكان لا يستتر من البول، وأما الآخر فكان يمشی بالنميمة" الحديث. (الصحيح للبخاری: ۱/۳۵، باب ما جاء فی غسل البول، قديمی)

"عن عائشة رضی الله تعالیٰ عنها أن يهودية دخلت عليها فذكرت عذاب القبر، فقالت: أعاذك الله تعالیٰ من عذاب القبر، فسألت عائشة رضی الله تعالیٰ عنها رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه و سلم عن عذاب القبر فقال: "نعم، عذاب القبر حق". (مشكوة المصابيح، ص:۲۵، باب إثبات عذاب القبر، قديمی)

(۲) قال الله تعالیٰ: ﴿و أما من خفت موازينه فأمه هاوية، و ما أدرك ماهية، نار حامية﴾. (سورة القارعة ۸، ۹، ۱۰، ۱۱)

"قال صلی الله تعالیٰ عليه و سلم: "إن المفلس من أمتی من يأتی يوم القيامة بصلوة و صيام و زكوة يأتی قد شتم هذا و قذف هذا، و أكل مال هذا، و سفک دم هذا، و ضرب هذا، فيعطی هذا من حسناته، وهذا من حسناته، فإن فنيت حسناته قبل أن يقضی ما عليه أخذ من خطايا هم فطرحت عليه، ثم يطرح فی النار". (شرح الفقه الأكبر، ص: ۱۵۹، لأبی منصور الماتريدی، قطر)

(۱) (مشكوة المصابيح، كتاب الإيمان، باب الكبائر و علامات النفاق: ۱/۱۸، قديمی)

Made searchable using ScribeTools.com

"عن البراء بن عازب رضی اللّٰہ تعالیٰ عنه عن رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه و سلم قال: "یأتیه ملکان فیجلسانه، فیقولان له: من ربك؟ فیقول: ربی اللّٰہ، فیقولان له: ما دینك؟ فیقول: دینی الإسلام، فیقولان: ما هذا الذی بعث فیکم؟ فیقول: هو رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم، فیقولان له: ما یدریك؟ فیقول: قرأت کتاب اللّٰہ فآمنت به و صدقت، فذلك قوله: ﴿یثبت اللّٰہ الذین امنوا بالقول الثابت﴾ الخ (مشکوة شریف، ص:۲۷) (۱)۔

روایت سے معلوم ہوا کہ مسلمان بندہ منکر نکیر کے سوالوں کا جواب ٹھیک ٹھیک دیدے گا لیکن کافر منافق جواب نہیں دے سکیں گے۔ اب پوچھنا یہ ہے کہ مسلمان دو قسم کے ہیں: فاسق و فاجر، متقی و پرہیز گار۔ عذاب قبر کے متعلق جو بھی روایت ہے اس میں مطلق مسلمان کا لفظ ہے اور اس کا جواب ہے، کہیں بھی اس کی توضیح نہیں ہے کہ فاسق مسلمان کا جواب کیا ہوگا؟ اگر فاسق مسلمان کا جواب بھی وہی ہے جو روایت میں مذکور ہے تو اس کا انجام اچھا ہونا چاہئے، قبر وسیع اور جنت کا ایک ٹکڑا ہونا چاہئے، لیکن روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ فاسق مسلمان عذاب قبر میں گرفتار ہوتا ہے، خود حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے متعلق روایت ہے کہ ان کی موت پر عرشِ باری ہل گیا تھا، ان کے جنازے کی نماز میں ستر ہزار فرشتے شریک تھے، لیکن ان پر قبر تنگ ہوگئی تھی، فراخیٔ قبر کے لئے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور اصحابِ نبی رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے دعاء واستغفار کی۔ (مشکوۃ شریف، ص:۲۶) (۲)۔

"و فی روایة عن النبی صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه و سلم قال:" (یثبت اللّٰہ الذین امنوا بالقول الثابت)"، نزلت فی عذاب القبر، یقال له: من ربك؟ فیقول: ربی اللّٰہ و نبیی محمد". متفق علیه". (مشکوة شریف، ص:۲٤) (۳)۔

---

(۱) (مشکوة المصابیح، کتاب الإیمان، باب إثبات عذاب القبر: ۱/۲۵، قدیمی)

(۲) "عن ابن عمر رضی اللّٰہ تعالیٰ عنهما قال: قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه و سلم: "هذا الذی تحرک له العرش، و فتحت له أبواب السماء، وشهده سبعون ألفاً من الملائکة، لقد ضُمّ ضمةً، ثم فرج عنه". (مشکوة المصابیح، کتاب الإیمان، باب إثبات عذاب القبر، ص:۲۶، قدیمی)

(۳) (مشکوة المصابیح، کتاب الإیمان، باب إثبات عذاب القبر، ص:۲۴، قدیمی)

مذکورہ روایت کے ذریعہ معلوم ہوا کہ مسلمان کو قولِ ثابت کے ذریعہ ثابت قدم بھی رکھا جائے گا، یہاں بھی کوئی وضاحت اس کی نہیں کہ صرف متقی کو ثابت قدم رکھا جائے گا یا فاسق ومتقی دونوں کو؟ فاسق مسلمان کا جواب جب یہ ہوگا تو انجام اچھا ہونا چاہئے، حاصلِ کلام یہ کہ فاسق مسلمان کا نکیرین کے سوال پر جواب کیا ہوگا؟ اگر "ربی اللہ، ونبی محمد، و دینی الإسلام" ہوگا تو فاسق کا انجام قبر میں اچھا ہونا چاہئے اور اگر جواب یہ نہیں ہے تو پھر کیا ہے؟ روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ قبر میں سوال عقیدہ سے متعلق ہوگا۔ لہذا فاسق کو عذاب قبر میں گرفتار نہیں ہونا چاہئے۔

الجواب حامداً و مصلیاً :

"عذاب القبر حق سواء کا مؤمناً أو کافراً، أو مطیعاً أو فاسقاً"۔ (شرح فقه اکبر، ص: ۱۳۳)(۱)۔

مؤمن خواہ مطیع ہو یا فاسق ہو، نکیرین کے سوال کے جواب میں اقرارِ توحید ورسالت ودین کرے گا (۲) پھر جن اعمال پر عذابِ قبر تجویز ہے جیسے نمیمہ اور عدمِ اجتناب عن البول وغیرہ ان کی وجہ سے اس پر عذاب بھی ہوگا (۳) پھر صدقہ جاریہ یا ولدِ صالح کی دعا یا علم نافع کی وجہ سے (۴) یا کسی کی شفاعت (۵)

---

(۱) (شرح الفقه الأکبر للملا علي القاري، ضغطة القبر و عذابه حق، ص: ۱۰۱، قدیمی)

(۲) "عن أبی هریرة رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه و سلم: "إذا أقبر المیت، أتاه ملکان أسودان أزرقان، یقال لأحدهما: المنکر، و للآخر: النکیر، فیقولان: ما کنت تقول فی هذا الرجل؟ فیقول: هو عبد الله و رسوله، أشهد أن لا إله إلا الله و أن محمداً عبده و رسوله، فیقولان: قد کنا نعلم أنک تقول هذا". (مشکوة المصابیح، کتاب الإیمان، باب إثبات عذاب القبر، ص: ۲۵، قدیمی)

(۳) "عن ابن عباس رضی الله تعالیٰ عنهما قال: مر النبي صلی الله تعالیٰ علیه و سلم علی قبرین فقال: "إنهما لیعذبان، و ما یعذبان من کبیر". ثم قال: "أما أحدهما، فکان یسعی بالنمیمة، و أما أحدهما فکان لا یستتر من بوله". (صحیح البخاری، کتاب الجنائز، باب عذاب القبر من الغیبة والبول: ۱/۱۸۴، قدیمی)

(۴) "عن أبی هریرة رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه و سلم: "إذا مات الإنسان انقطع عنه عمله إلا من ثلاثة: إلا من صدقة جاریة، أو علم ینتفع به، أو ولد صالح یدعو له". (رواه مسلم) (مشکوة المصابیح، کتاب العلم، الفصل الأول، ص: ۳۲، قدیمی)

(۵) "النوع السادس: الشفاعة فی تخفیف العذاب عمن یستحقه، کشفاعته فی عمه أبی طالب أن =

Made Se[illegible]pols.com Made searchable using ScribeTools.com

وثواب رسانی سے (۱) یا محض اللہ تعالیٰ کے فضل سے اس کا عذب کم یا ختم ہوجائے گا (۲) اور کافر پر کفر کی وجہ سے جو عذاب ہوگا وہ دائمی ہوگا:

"ولكن إذا كان كافراً، فعذابه يدوم في القبر إلى يوم القيامة، و إن كان عاصياً، يكون له عذاب القبر و يرتفع عنه العذاب يوم الجمعة الخ". (شرح فقه اكبر، ص:۱۲۳) (۳)۔

اگر مؤمن مطیع ہے تو اس کو عذاب قبر نہیں ہوگا صرف ضغطہ ہوگا:

"المؤمن مطيعاً لا يكون له عذاب القبر، و يكون له ضغطة، فيجد هول ذلك"۔ (شرح فقه اكبر، ص:۱۲۳) (٤)۔

یہ فائدہ ہر مسلمان مطیع وفاسق کو ہوگا کہ وہ عذابِ دائمی سے محفوظ ہوجائے گا، پھر مؤمن پر انعامات فوراً ہی شروع ہوجائیں گے اور عاصی کو کچھ دیر لگے گی۔

یہ بات صحیح ہے کہ قبر میں سوال اعمال سے نہیں ہوگا لیکن اعمالِ سیئہ یکسر معدوم نہیں کردیئے جائیں گے بلکہ ان کی سزا روایات میں صراحۃً موجود ہے (۵)، عقیدہ صحیح ہونے کے باوجود معاصی کی وجہ سے مطیع وعاصی

= يخفف عنه عذابه". (شرح العقيدة الطحاوية، ص:۲۳۳، قديمی)

(۱) قال الله تعالىٰ: ﴿والذين جآء وا من بعدهم، يقولون ربنا اغفر لنا و لإخواننا الذين سبقونا بالإيمان﴾ (الحشر: ۱۰) فأثنى الله سبحانه عليهم باستغفارهم للمؤمنين قبلهم، فدل على انتفاعهم باستغفار الأحياء". (كتاب الروح، المسألة السادسة عشرة: ۱۵۵، مكتبه فاروقيه پشاور)

(۲) قال الله تعالىٰ: ﴿يعذب من يشآء و يغفر لمن يشآء، و الله على كل شيىء قدير﴾ (المائدة: ۴۰)

(۳) (شرح الفقه الأكبر للملا علي القاري، ص: ۱۰۱، ۱۰۲، قديمی)

(۴) (شرح الفقه الأكبر للملا علي القاري، ص: ۱۰۲، قديمی)

(۵) (راجع، ص: ۶۴۳، رقم الحاشية: ۲)

میں فرق ہوگا۔ کتاب الروح، مرقاۃ (۱)، شرح الصدور (۲) وغیرہ سے یہی تفصیل ظاہر ہوتی ہے اور اس سے روایات میں تعارض بھی نہیں رہتا۔

تنبیہ: حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی وفات ۵۵ھ میں ہوئی ان کے جنازے میں حضرت نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم شریک نہیں تھے، آپ نے جو واقعہ نقل کیا ہے وہ حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ہے، جیسا کہ مشکوۃ شریف، ص: ۲۶ میں ہے (۳)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ۔

☆.....☆.....☆.....☆.....☆

---

(۱) "(عن البراء بن عازب رضی الله عنه عن رسول الله صلی الله علیه وسلم قال: یأتیه ملکان ..... ویفسح له فیها مد بصره..... ..... وقیل فی التوفیق بین هذا وبین قوله: سبعون ذراعاً فی سبعین ..... أن یکون بحسب اختلاف أحوال الأشخاص فی الأعمال والدرجات". (مرقاة المفاتیح: ۱/۳۵۰، ۳۵۲، کتاب الإیمان، باب إثبات عذاب القبر، الفصل الثانی، رقم الحدیث: ۱۳۱، رشیدیه)

(۲) " أخرج إبن أبی الدنیا عن محمد الیتمی قال: کان یقال: ضمّة القبر، إنما أصلها أنهاأمهم، ومنها خلقوا، فغابوا عنها الغیبة الطویلة، فلمّا ردّ إلیها أولا دها ضمتهم ضم الوالدة غاب عنها ولدها، ثم قدم علیها، فمن کان لله مطیعاً ضمّته برأفة ورفق، ومن کان عاصیاً ضمّته بعنف، سخطاً منها علیه لربها". (شرح الصدور فی أحوال الموتی والقبور، ص: ۱۱۵، باب ضمة القبر لکل أحدٍ، رقم الحدیث؛ ۲۴، دارالمعرفة، بیروت)

(۳) (مشکوة المصابیح، باب إثبات عذاب القبر: ۲۶، قدیمی)

Made searchable using ScribeTools.com

ما یتعلق بالجزآء والعقوبة

(سزا وجزا کا بیان)

نفخ صور کتنی مرتبہ ہے؟

سوال[۳۴۸]: ایک سوال کے جواب میں تفسیر ابن کثیر، ص:۶۳ سے آپ نقل فرماتے ہیں کہ ''نفخ صور تین مرتبہ ہوگا'' (انتہی) (۱) حالانکہ شاہ عبدالقادر رحمہ اللہ تعالیٰ موضح القرآن میں آیت: ﴿فصعق من فی السموات و من فی الأرض﴾ کے حاشیہ پر تحریر فرماتے ہیں کہ ''نفخ صور ایک بار ہے سارے عالم کے فنا کا، دوسرا ہے زندہ ہونے کا، تیسرا ہے بیہوشی کا بعد حشر کے، چوتھا خبردار ہونے کا۔ اس کے بعد اللہ کے سامنے ہوجائیں گے'' (انتہیٰ) (۲) مکرر نظر ثانی فرما کر تصحیح فرمادیجئے، میری سمجھ ناقص میں یہ آتا ہے کہ "فصعق" کے معنیٰ بے ہوشی کے لئے ہیں، اگر مرنے کے ہیں جیسا کہ حضرت شاہ ولی اللہ صاحب فرماتے ہیں "پس بمیرد هر که در آسمانها". فتح الرحمن) تو چار کا عدد پورا نہیں ہوتا، آپ یہ بھی ارشاد فرمادیں کہ تفسیر ابن کثیر میں تین مرتبہ لکھا ہے تو اول کب ہوگا، دوم کب، سوم کب؟ اس کو بھی نقل فرمادیجئے۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

تفسیر ابن کثیر: ۳/۳۷۷ سورہ نمل: ﴿یوم ینفخ فی الصور، ففزع من فی السموات﴾ الایة کے ذیل میں نفخ صور کی آیات کی شرح کرتے ہوئے لکھا ہے:

"و قوله: (یوم ینفخ فی الصور) فهذه نفخة الفزع، ثم بعد ذلك نفخة الصعق و هو الموت، ثم بعد ذلك نفخة القیام لرب العالمین و هو النشور من القبور بجمیع الخلائق اهـ" (۳).

---

(۱) (تفسیر ابن کثیر، (یٰسین: ۵۱): ۳/۷۵۸، مکتبه دار الفیحاء، بیروت)

(۲) (تفسیر موضح القرآن (الزمر:۶۸): ص: ۷۷۱، تاج کمپنی قرآن منزل لاهور)

(۳) (تفسیر ابن کثیر، (النمل: ۸۷): ۳/۵۰۲، مکتبه دار الفیحاء)

سورہ یٰسین کے ذیل میں ہے:﴿ و نفخ فی الصور﴾ هذه هی نفخة الثالثة و هی نفخة البعث والنشور للقيام من الأجداث والقبور اهـ ":٤/٦٣(١) ـ

سورۂ زمر کے ذیل میں ہے:

﴿ونفخ فی الصور﴾ هذه النفخة هی الثانية، و هی نفخة الصعق، و هی اللتی یموت بها الأحياء من أهل السموات والأرض إلا من شاء الله (إلى قوله) يحيىٰ، أول من يحيىٰ إسرافيل، ويأمره أن ينفخ فی الصور أخرىٰ، و هی النفخة الثالثة نفخة البعث"(٢)۔ نفخۂ رابعہ کا اس تفسیر میں کہیں بھی ذکر نہیں۔

امام رازی رحمہ اللہ تعالیٰ سے تفسیر کبیر:۴/۱۹۱ میں سورہ زمر "فزع" اور "صعق" کے متعلق دو قول نقل کئے ہیں: ایک قول پر نفخ صور صرف دو مرتبہ ثابت ہوتا ہے، ایک قول پر تین مرتبہ:

" واختلفوا فی الصعقة، منهم من قال: إنها غير الموت بدليل قوله تعالىٰ فی موسىٰ عليه السلام: ﴿وخر موسىٰ صعقاً﴾ مع أنه لم يمت، فهذا هو النفخ الذی يورث الفزع الشديد، وعلى هذا التقدير فالمراد من نفخة الصعقة و من نفخ الفزع واحد، وهو المذكور فی سورة النمل فی قوله: ﴿و يوم ينفخ فی الصور، ففزع من فی السموات و من فی الأرض﴾ و على هذا القول فنفخ الصور ليس إلا مرتين. والقول الثانی أن الصعقة عبارة عن الموت، والقائلون بهذا القول قالوا: إنهم يموتون من الفزع و شدة الصوت، وعلى هذا التقدير فالنفخة تحصل ثلاث مرات: أولها نفخة الفزع و هی المذكور فی سورة النمل، والثانية نفخة الصعق، والثالثة نفخة القيام، وهما مذكورتان فی هذه السورة اهـ" (٣) ـ

سورہ نمل اور سورہ یٰسین میں دو مرتبہ سے زیادہ کا ذکر امام رازی نے بھی نہیں کیا، قاضی ثناء اللہ پانی پتی

---

(١) (تفسير ابن كثير، (يٰس : ٥١): ٣/٧٥٨، مكتبه دار الفيحاء)

(٢) (تفسير ابن كثير، (الزمر :٦٨) :٤/٨٢، مكتبه دار الفيحاء)

(٣)(التفسير الكبير ، (الزمر : ٧٠): ٢٧/١٨ ، مكتب الإعلام الإسلامی)

Made searchable using ScribeTools.com

رحمہ اللہ تعالیٰ نے تذکرۃ المعاد، ص:۱۰(۱) میں ایک قول کی بنا پر دو مرتبہ اور ایک قول کی بنا پر تین مرتبہ نفخ تحریر فرمایا ہے، چوتھی مرتبہ کا ذکر نہیں فرمایا۔ شیخ عبدالحق محدث دہلوی نے أشعة اللمعات ، ص: ٤/ ٢٩ ، میں صرف دو مرتبہ ذکر کیا ہے (۲)، اسی طرح امام غزالی نے احیاء العلوم: ۴/ ۴۳۵، میں (۳)، شیخ عبدالوہاب شعرانی نے الیواقیت والجواہر: ۲/ ۱۵۱ (۴) اور مختصر تذکرہ قرطبی، ص:۲۰(۵) میں دو ہی مرتبہ کا ذکر کیا ہے۔ یہاں موضح القرآن بغیر حاشیہ کے ہے۔ خود موضح القرآن میں بھی چار مرتبہ کا ذکر نہیں (٦)۔ تفسیر ابن جریر ۲۴/ ۱۹، میں حدیثِ مرفوع ہے: " عن أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "ينفخ فی الصور ثلاث نفخات: الأولیٰ: نفخة الفزع، والثانية: نفخة الصعق، والثالثة: نفخة القيام لرب العالمين "اهـ (۱۳)۔ اکلیل حاشیہ مدارک : ٦/ ١١٧ ، میں چار مرتبہ نفخہ صور کے متعلق لکھا ہے: "ولم ينقله الثقات" . پانچ مرتبہ کا قول بھی لکھ کر تردید کی ہے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند۔

---

(۱) (تذكرة المعاد ، باب دوم در احوالِ روز بعث و نشور كه پنجاه هزار ساله باشد تا دخولِ جنت و نار : ۱۰، ۱۱، مطبع نول كشپور)

(۲) (أشعة اللمعات ، باب النفخ فی الصور : ۴/ ۳۶۱، مكتبه نوريه رضويه سكهر)

(۳) "والراجفة هی النفخة الأولی، والرادفة هی النفخة الثانية". (إحياء العلوم، كتاب ذكر الموت و ما بعده ، صفة أرض المحشر و أهله : ۴/ ۶۰۷، حقانيه پشاور)

(۴) "و ينفخ إسرافيل فی الصور مرتين: الأولی: نفخة الصعق، والثانية: نفخة الإحياء، تسمی إحداهما الراجفة، والأخری الرادفة". (اليواقيت والجواهر، المبحث السادس والستّون فی وجوب اعتقاد أن الله تعالیٰ يعيدنا كما بدأنا أول مرة ..... الخ : ۲/ ۱۵۱، عباس بن عبد السلام مصر)

(۵) (التذكرة للقرطبی ، باب ذكر النفخ الثانی للبعث فی الصور، ص : ۲۰۰، ۲۰۱، أسامة الإسلامية)

(٦) موضح القرآن کے حاشیہ میں چوتھی مرتبہ نفخ کا ذکر بھی موجود ہے دیکھئے: (تفسير موضح القرآن ص: ۷۷۱ (سورة الزمر: ٦٨) تاج كمپنی لاهور)

(۷) (تفسير ابن جرير الطبری ، (الزمر: ٦٨): ۲۴/ ۲۰، دار المعرفة)

Made Searchable by ScribeTools.com

کیا چودھویں صدی کے بعد قیامت ہے؟

سوال [۳۴۹]: ۱۳۷۳ھ کی پوری صدی ہونے کے بعد ۱۴۰۰ھ لکھا جائے گا یا نہیں؟ اور پندرہویں صدی بھی تحریر میں آئے گی یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اب ۱۳۷۳ھ نہیں بلکہ ۱۳۹۳ھ ہے، جب سات سال میں ۱۴۰۰ھ ہوجائے تو ۱۴۰۰ھ لکھا جائے گا، یہاں تک کہ ۱۵۰۰ھ تک پہونچنے پر ۱۵۰۰ھ لکھا جائے گا، قیامت آنے کی جو علامت بتائی گئی ہیں ان میں سے ابھی باقی ہیں، اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ پندرہویں صدی بھی پوری ہوجائے گی، صحیح علم اللہ کو ہے(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۵/ ۸/ ۹۳ھ۔

زندوں کے رونے سے میت کو اذیت

سوال [۳۵۵]: مرنے والوں کو رونے سے کیا کیا اذیتیں ہوتی ہیں؟

وحیدالدین عبدالغنی، شہر فتح پور، ۲۱/ ربیع الأول/ ۶۴ھ۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

جس حدیث میں یہ ہے کہ اہل میت کے رونے سے میت کو عذاب ہوتا ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ مرنے والے نے نوحہ کی وصیت کی ہو یا نوحہ کرنے سے رضامند ہو یا اپنے گھر والوں کا حال معلوم تھا کہ وہ نوحہ

---

(۱) جاننا چاہیئے کہ علاماتِ قیامت کی دو قسمیں ہیں: علاماتِ صغریٰ اور علاماتِ کبریٰ، علامہ قرطبی نے ان علامات کو ذکر کیا ہے:

"قال العلماء رحمهم الله تعالىٰ: والحكمة فى تقديم الأشراط ودلالة الناس عليها تنبيه الناس من رقدتهم وحثهم على الاحتياط لأنفسهم بالتوبة والإنابة، وتلك الأشراط علامة لانتهاء الدنيا وانقضائها، فمنها خروج الدجال ونزول عيسىٰ، وقتله الدجال. ومنها خروج يأجوج ومأجوج ودابة الأرض. ومنها طلوع الشمس من مغربها هذه هى الآيات العظام على ما يأتى بيانه، وأما ما يتقدم من هذه قبض العلم وغلبة الجهل، واستيلاء أهله ..... وكثرة الحرج فإنها أسباب حادثة الخ". (التذكرة فى أحوال الموتى وأمور الآخرة، ص: ۷۰۹ ط: مكتبه أسامه الإسلاميه مصر)

Made searchable using ScribeTools.com

کریں گے اور پھر ان کو منع نہیں کیا وغیرہ۔ غرض اس طرح علماء نے اس کا مطلب بیان کیا ہے، قلب کا غمگین ہونا اور آنکھ سے آنسو جاری ہونا شرعاً ممنوع نہیں بلکہ جائز ہے(۱) اس سے میت کو بھی عذاب نہیں ہوتا۔

"إن الميت يعذب ببكاء الحي، فاختلف العلماء في ذلك على مذاهب: أحدها أنه على ظاهره مطلقاً، وهو رأي عمر بن الخطاب وابنه رضي اللّٰه تعالىٰ عنهما. الثاني: لامطلقا. الثالث: أن الباء للحال: أي أنه يعذب حال بكائهم عليه، والتعذيب بماله من ذنب لا بسبب البكاء. الرابع: أنه خاص بالكافر، والقولان عن عائشةرضي اللّٰه تعالىٰ عنها . الخامس: أنه خاص بمن كان النوح من سنته وطريقته، وعليه البخاري. السادس: أنه فيمن أوصىٰ به كماقال القائل:ـ

إذامت فانعيني بما أنا أهله وشقّي عليّ الجيب يااابنةمعبد

السابع: أنه فيمن لم يوصِ بتركه، فتكون الوصيةبذلك واجبةً إذا علم أن من شأن أهله أن يفعلوا ذلك . الثامن: أن التعذيب بالصفات التي يبكون بهاعليه، وهي مذمومة شرعاً كما كان أهل الجاهلية يقولون: يا مرمل النسوان! يا ميتّم الأولاد! يا مخرب الدور. التاسع: أن المراد بالتعذيب توبيخ الملائكة له بما يندبه به أهله لحديث الترمذي والحاكم وابن ماجه مرفوعاً: "مامن ميت يموت فتقوم نادبته تقول: واجبلاه! واسنداه! أو شبه ذلك من القول،

---

(۱) "عن جابر بن عبدالله رضي الله تعالىٰ عنهما قال :أخذالنبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم بيد عبدالرحمن بن عوف، فانطلق به إلى ابنه إبراهيم، فوجده يجود بنفسه، فأخذه النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، فوضعه في حجره فبكى، فقال له عبدالرحمن: أتبكي أولم تكن نهيت عن البكاء؟ قال: "لا، ولكن نهيت عن صوتين أحمقين فاجرين، صوت عند مصيبة، وخمش وجوه، وشق جيوب، ورنة الشيطان". (جامع الترمذي،أبواب الجنائز،باب ماجاء في الرخصة في البكاء على الميت : ۱۹۶/۱ ،سعيد)

"قال ميرك : ظن سعد أن جميع أنواع البكاء حرام وأنه عليه الصلوة والسلام نسي، فأعلمه عليه الصلاة والسلام أن مجرد البكاء ودمع العين ليس بحرام ولامكروه، بل هو رحمةوفضيلة، وإنماالمحرم النوح والندب وشق الجيوب وضرب الخدود."(مرقاة المفاتيح،كتاب الجنائز،باب البكاء على الميت : ۲۰۵/۴ ،رشيديه)

إلاوَكل به ملكان يلهزانه أهكذا كنت". العاشر: أن المراد به تألم الميت بما يقع من أهله لحديث الطبرانی وابن أبی شيبة عن صفية بنت مخرمة أنها ذكرت عند رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ولداً لها مات، ثم بكت، فقال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "أيغلب أحدكم أن يصاحب صويحبه فی الدنيا معروفاً، فإذا مات استرجع، فوالذی نفس محمد صلى الله تعالىٰ عليه وسلم بيده! إن أحدكم ليبكی فيستعبرإليه صويحبه فيا عباد الله! لاتعذبوا موتاكم". وهذاالقول عليه ابن جرير رحمه الله تعالىٰ واختاره جماعة من الأئمة آخرهم ابن تيمية رحمه الله تعالى الخ". شرح الصدور، ص: ۱۲٤ (۱)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۱/۴/۶۴ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

صحیح عبداللطیف۔

---

(۱) (شرح الصدور ،باب تأذی الميت با لنياحة عليه، ص: ۲۹۰/۲۹۱،دارالمعرفة)

(وكذا فی شرح مسلم للنووی، كتاب الجنائز،فصل: إن الميت لايعذب ببكاء أهله عليه : ۱/۳۰۲،قديمی)

(وكذا فی فتح الباری، كتاب الجنائز ،باب قول النبی صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : يعذب الميت ببعض بكاء أهله عليه إذاكان النوح من سنته: ۳/۱۹۸،قديمی)

عربی عبارات کا ترجمہ: مردہ کو اس کے زندہ (گھر والوں کے) رونے دھونے سے عذاب ہوتا ہے، اس میں علماء کے اختلاف کی وجہ سے چند مذاہب ہیں: ۱: یہ مطلقاً ظاہر پر مبنی ہے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی یہی رائے ہے۔۲: مطلقاً ظاہر پر مبنی نہیں۔۳: یہ کہ باء حال کے لئے ہے معنی ہوں گے کہ گھر والوں کے رونے کے وقت اس کو عذاب ہوتا ہے تو عذاب گناہ کی وجہ سے ہے نہ کہ بکا کی وجہ سے۔۴: یہ خاص ہے کافر کے ساتھ، یہ دونوں قول حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے منقول ہیں۔۵: یہ اس شخص کے لیے خاص ہے جس کی رونے کی عادت ہو، امام بخاری کا یہی مذہب ہے۔۶: یہ اس شخص کے لیے ہے جس نے رونے کی وصیت کی ہو، شعر: جب میں مرجاؤں میری خوبیوں کی وجہ سے مجھ پر رونا، معبد کی بیٹی میرے لئے گریبان چاک کرنا۔۷: یہ اس آدمی کے لئے ہے جس نے نہ رونے کی وصیت نہ کی ہو، لہٰذا نہ رونے کی وصیت کرنا واجب ہے جبکہ اسے پتہ ہو کہ گھر والے روویں گے۔۸: یہ کہ عذاب ان صفات کو بیان کرنے کی وجہ سے واجب ہے جو شریعت میں مذموم ہوں جیسے زمانہ جاہلیت میں لوگ کہتے تھے: اے عورتوں کو بیوہ کرنے والے، اے بچوں کو یتیم کرنے والے، اے =

Made searchable using ScribeTools.com

معصوم کو سکرات کی تکلیف

سوال[۳۵۱]: بچوں کو جو سکرات کی تکلیف ہوتی ہے کس وجہ سے؟ حالانکہ وہ معصوم ہوتے ہیں۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کو جو تکلیف ہوتی ہے وہ کس وجہ سے حالانکہ وہ بھی معصوم ہیں؟ عوام میں یہ مشہور ہے کہ جس کو سکرات کی تکلیف زیادہ ہوتی ہے وہ بہت گنہگار ہوتا ہے اور جس کی روح آسانی سے نکل جاتی ہے اس کے ذمہ گناہ نہیں ہوتے، مگر یہ خیال کلیۃً صحیح نہیں، حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ میں پہلے موت کی آسانی پر بہت رشک کیا کرتی تھی، لیکن جب سے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شدت تکلیف کو دیکھا پھر رشک نہیں کیا:

"عن عائشة رضی اللّٰہ تعالیٰ عنها قالت: ما أغبط أحداً بهون موت بعد الذی رأیت من شدة موت رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم". رواه الترمذی والنسائی اهـ". مشکوة شریف، ص: ۱۳۶ (۱)۔

= گھروں کو ویران کرنے والے۔ ۹: عذاب سے مراد گھر والوں کے رونے کی وجہ سے ملائکہ کا زجر وتوبیخ کرنا ہے۔ ترمذی، حاکم اور ابن ماجہ کی مرفوعاً حدیث کی وجہ سے کہ "کوئی آدمی نہیں مرتا کہ اس پر رونے والی کھڑی ہو کر کہتی ہے "واجبلاہ واسنداہ" یا اس جیسے اور الفاظ، مگر دو فرشتے اس پر مقرر ہو جاتے ہیں وہ کہتے ہیں لعنت ملامت کرتے ہوئے کیا تو ایسا ہی تھا جیسے تجھے یہ بیان کر رہی ہے"۔ ۱۰: اس سے مراد گھر والوں کے رونے سے میت کا تکلیف پانا ہے۔

طبرانی اور ابن ابی شیبہ کی صفیہ بنت مخرمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے حدیث کی وجہ سے کہ انھوں نے رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سامنے اپنے بیٹے کا ذکر کیا جس کا انتقال ہو گیا تھا، رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

"کیا تم میں کوئی اس بات سے عاجز ہو جاتا ہے کہ وہ اپنے ساتھی کے ساتھ دنیا میں اچھے طریقے سے زندگی گزارے اور جب اس کا انتقال ہو جائے تو اس پر وہ "إنا للّٰہ وإنا إلیه راجعون" پڑھے، اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی جان ہے! بے شک تم سے کوئی جب روتا ہے اور اپنے ساتھی (کی موت) پر آنسو بہاتا ہے (تو اس میت کو تکلیف ہوتی ہے) خدا کے بندو! اپنے مُردوں کو تکلیف مت پہنچایا کرو"۔ اس قول کو ابن جریر کے ساتھ ائمہ میں سے ایک بڑی جماعت نے بھی اختیار کیا ہے جن میں ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ بھی ہیں۔

(۱) (مشکوة المصابیح، کتاب الجنائز، باب عیادة المریض و ثواب المرض: ۱/۱۳۶، قدیمی) =

"عن عائشة رضی اللّٰہ تعالیٰ عنہا قالت: ما رأیت أحداً الوجع علیه أشد من رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم"۔ متفق علیه"(۱)۔

"و عنہا قالت : مات النبی صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم بین حاقنتي و ذاقنتی، فلا أکره شدة الموت لأحد أبداً بعد النبي صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم ". رواه البخاری"۔ (مشکوة شریف، باب عیادة المریض ، ص: ۱۳٤ (۲) ۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

غیر مسلم کو سکرات کے وقت سے ہی عذاب ہونے کی دلیل

سوال[۳۵۲]: غیر اقوام کو بحالتِ سکرات سے ہی عذاب شروع ہونے کے متعلق حدیث شریف میں دلیل ہے کہ نہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

عبادہ بن صامت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث شریف مرفوع میں ہے جس کو مشکوۃ شریف ص: ۱۳۹، پر نقل کیا ہے:"إن الکافر إذا حضر ، بُشّر بعذاب اللّٰہ و عقوبته، فلیس شیء أکره إلیه مما أمامه، فکره لقاء اللّٰہ و کره اللّٰہ لقاء ه ". متفق علیه " (۳) یہ مستقل عذاب ہے۔فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹/ ۵/ ۹۱ھ۔

= (وجامع الترمذی : ۱/ ۱۹۲ ، أبواب الجنائز ، باب ما جاء فی التشدید عند الموت، سعید)

(۱) (مشکوة المصابیح ، کتاب الجنائز ، باب عیادة المریض و ثواب المرض : ۱/ ۱۳۴ ، قدیمی)

(وصحیح البخاری : ۲/ ۸۴۳، کتاب المرضی ، باب شدة المرض، قدیمی)

(وسنن ابن ماجه، ص: ۱۱۷ ، أبواب ما جاء فی الجنائز ، باب فی النهی عن کسر عظام المیت، میر محمد)

(۲) (مشکوة المصابیح ، کتاب الجنائز ، باب عیادة المریض و ثواب المرض : ۱/ ۱۳۴ ، قدیمی)

(وسنن نسائی : ۱/ ۲۵۹ ، کتاب الجنائز ، باب شدة الموت، قدیمی)

(۳) (مشکوة المصابیح ، باب تمنی الموت و ذکره : ۱/ ۱۳۹ ، قدیمی)

(و صحیح البخاری ،باب من أحب لقاء اللّٰہ أحب اللّٰہ لقاء ه : ۲/ ۹۶۳ قدیمی) ..... =

Made Se[Made searchable using ScribeTools.com]ools.com

فواحش کی وجہ سے عذاب کیوں نازل نہیں ہوتا؟

سوال[۳۵۳]: آج کل ایسا ہورہا ہے کہ باپ اپنی بیٹی سے زنا کررہا ہے اور بھائی اپنی بہن سے زنا کررہا ہے اور سوتیلا بیٹا اپنی سوتیلی ماں کے ساتھ زنا کررہا ہے، ایسی صورت میں خدا تعالیٰ ایسے لوگوں کو سخت سے سخت سزا اس دنیا میں کیوں نہیں دیتا تاکہ دوسرے لوگ ان کو دیکھ کر عبرت حاصل کریں؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

سزا کے لئے اصالۃً دارِ آخرت کو تجویز فرمایا گیا ہے دنیا عمل کے لئے ہے (۱)، البتہ عملِ بد کے کچھ اثرات دنیا میں بھی مرتب ہوتے ہیں، کبھی اعمال صالحہ کی برکت سے وہ اثرات کم بھی ہوجاتے ہیں اور جہاں بھی یہ جاری ہے وہاں اس کے اثرات بھی ہیں۔

حضرت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دعاء فرمائی ہے کہ ''اس امت پر کوئی ایسا دشمن مسلط نہ ہو جو اس کو ہلاک کرڈالے اور یہ دعاء قبول ہوئی ہے'' (۲)، ہلاک ہونے سے پہلے پہلے توبہ کا بھی موقع ہے (۳) اور یہ بھی ہوسکتا ہے کہ باپ اگر بدعمل ہو تو اس کی اس سے کوئی صالح اولاد پیدا ہوجائے جو کہ دین کی خدمت کرے، ہلاک ہونے کے بعد یہ توقع ختم ہوجائے گی، اس کی بھی مہلت دی جاتی ہے۔

= ''ان الكافر إذا بشر بعذاب الله و سخطه، كره لقاء الله و كره الله لقاءه''. (الصحيح لمسلم، كتاب الذكر والدعاء، باب من أحب لقاء الله أحب الله لقاءه الخ: ۳۴۳/۲، قديمى)

(۱) ''الدنيا مزرعة الآخرة''. (اتحاف السادة المتقين: ۵۳۹/۸، بيروت)

(وكشف الخفاء للعجلونى: ۴۹۵/۱، دار التراث)

(۲) ''عن خباب بن الأرتّ ..... قال (رسول الله صلى الله عليه وسلم) .....''و إنى سألت الله فيها ثلاثاً، فأعطاني اثنتين و منعني واحدةً: سألته أن لا يهلك أمتي بسنة فأعطانيها، وسألته أن لا يسلط عليهم عدواً من غيرهم فأعطانيها، و سألته أن لا يذيق بعضهم بأس بعض فمنعنيها''. رواه الترمذي والنسائي''. (مشكوة المصابيح، باب فضائل سيدالمرسلين صلوات الله و سلامه عليه: ۵۱۳/۲، قديمى)

(۳) ''عن ابن عمر رضى الله تعالىٰ عنهما قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ وسلم: ''إن الله يقبل توبة العبد ما لم يغرغر''. رواه الترمذي وابن ماجه''. (مشكوة المصابيح، كتاب الدعوات، باب الاستغفار والتوبة: ۲۰۴/۱، قديمى)

تنبیہ : بغیر ثبوتِ شرعی کے کسی کو زانی کہنا حرام اور کبیرہ گناہ ہے، قرآن پاک نے ایسے شخص کی سزا اَسّی ۸۰/ کوڑے مقرر کی ہے اور ہمیشہ کے لئے اس کی گواہی کو مردود قرار دیدیا ہے(۱) اس لئے ہرگز ایسی بات نہ کہی جائے، جس طرح زنا کرنا جرم ہے، کسی کو زانی کہنا بھی حرام ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۹۰/۲/۱۸ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۰/۲/۱۸ھ۔

مساجد کو شہید کرنے پر سزا فوراً کیوں نہیں دی جاتی؟

سوال[۳۵۴]: غیر قوم کو اللہ تعالیٰ ولی اللہ کی درگاہوں کو شہید کرنے پر فوراً سزا دیتا ہے، لیکن اس کے گھروں کو یعنی مساجد کو شہید کرنے پر ان لوگوں کو فوراً سزا کیوں نہیں دیتا؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

قرآن شریف وحدیث شریف سے کہاں ثابت ہے کہ ولی اللہ کی درگاہ کو شہید کرنے پر فوراً سزا دیتا ہے، ۱۹۴۷ء سے اب تک مشرقی پنجاب میں کتنے اولیاء کی درگاہیں شہید کردی گئیں، اور بھی جگہ جگہ ایسا ہوا ہے مگر فوراً سزا نہیں دی گئی ہے، یہ بھی اللہ تعالیٰ کی حکمت ہے اور جہاں فوراً سزا دی گئی ہے وہ بھی اللہ تعالیٰ کی حکمت ہے، مساجد کے شہید کرنے پر فوراً سزا نہیں دی گئی ہے وہ بھی اللہ تعالیٰ کی حکمت ہے(۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۹۱/۳/۳۰ھ۔

سب سے پہلے کس کا حساب ہوگا؟

سوال[۳۵۵]: میدان حشر میں حساب پہلے کس کا ہوگا؟ آیا انسان کا یا جنات کا؟ پھر ان میں سے کون سے انسان کا پہلے حساب ہوگا یا کون سے جنات کا؟ آیا نبیوں میں سے کس نبی کا ہوگا؟ اولیاء یا عالموں یا

---

(۱) قال اللہ تعالیٰ: ﴿والذین یرمون المحصنٰت، ثم لم یأتوا بأربعة شهدآء، فاجلدوهم ثمانین جلدةً، و لا تقبلوا لهم شهادة أبداً، وأولئک هم الفاسقون﴾. (النور : ۴)

(۲) قال اللہ تعالیٰ: ﴿ إن ربک فعال لما یرید ﴾ (هود : ۱۰۷)

وقال اللہ تعالیٰ : ﴿سنستدرجهم من حیث لا یعلمون، و أملی لهم إن کیدی متین﴾. (سورة الأعراف : ۱۸۲، ۱۸۳)

Made searchable using ScribeTools.com

شہیدوں کا یا مجرموں کا؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

یہ کسی کتاب میں دیکھنا یاد نہیں، اس پر نہ مدارِ نجات ہے، نہ کسی مسئلہ فقہیہ عملیہ کا ترتب ہے، اس لئے اس کی تفتیش کی ضرورت نہیں سمجھی (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۱۶/ ۷/ ۹۵ھ۔

رمضان میں مرنے والے سے حساب

سوال[۳۵۶] : اگر کوئی شخص رمضان شریف میں مرجائے تو اس سے حساب ہوگا یا نہیں؟ اگر ہوگا تو پورا حساب ہوگا بعد رمضان یا بعد رمضان کچھ تخفیف کے ساتھ ہوگا؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

امید ہے کہ بالکل حساب نہیں ہوگا (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ دارالعلوم دیوبند، ۱۶/ ۹/ ۸۵ھ۔

الجواب صحیح: بندہ محمد نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۶/ ۹/ ۸۵ھ۔

---

(۱) قال الله تعالىٰ: ﴿يا أيها الذين امنوا لا تسئلوا عن أشياء إن تبد لكم تسؤكم﴾ (المائدة: ۱۰۱)

"المعنى لا تسئلوا عن أشياء عفا الله عنها و لم يكلف بها". (التفسيرات الأحمديه ، ص: ۳۸۰)

"عن المغيرة رضى الله عنه عن النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قال:"إن الله حرم عليكم عقوق الأمهات، و منعاً وهات و وأد البنات، و كره لكم قيل و قال و كثرة السؤال وإضاعة المال". (صحيح البخارى ، كتاب الأدب، باب عقوق الوالدين من الكبائر: ۲/ ۸۸۴، قديمى)

(۲) "عن ابن مسعود رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه و سلم : "من وافق موته عند انقضاء رمضان دخل الجنة".

"عن حذيفة رضى الله عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه و سلم : "من قال: لا إله إلا الله ابتغاء وجه الله ختم له بها، دخل الجنة، ومن صام يوماً ابتغاء وجه الله ختم له ربه، دخل الجنة". (شرح الصدور للعلامة السيوطى ، ص: ۳۰۶، باب أحسن أوقات للموت، دار المعرفة بيروت)

"قال أهل السنة والجماعة: عذاب القبرحق، و سوال منكر و نكير و ضغطة القبر حق، لكن إن =

حشر میں والد کے نام سے پکارا جائے گا یا والدہ کے؟

سوال[۳۵۷]: کیا قبر یا حشر میں میت کو باپ کے نام سے پکارا جائے گا؟ سنن ابوداؤد شریف میں ایک حدیث ہے جو حضرت ابودرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے نقل ہے، آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ ''اپنے نام اچھے رکھو کیونکہ حشر میں اپنے باپ داداؤں کے نام سے پکارے جاؤ گے'' (۱)۔ حدیث وقرآن پاک سے ثبوت دیں۔

الجواب حامداًومصلیاً:

حشر میں ماں کی طرف منسوب کرکے پکارے جانے کے متعلق کوئی قوی حدیث میری نظر سے نہیں گزری، البتہ بذل المجہود شرح ابوداؤد: ۵/ ۲۶۷، میں نقل کیا ہے:

''قد جاء فی بعض الروایات أنه یدعی الناس یوم القیامة بأسماء أمهاتهم، فقیل: الحکمة فیه ستر حال أولاد الزنا لئلا یفتضحوا، وقیل: ذالك لرعایة حال عیسیٰ بن مریم علیه الصلاة والسلام، وقیل: غیر ذلك، فإن ثبت هذه الروایة حمل الآباء علی تغلیب کما فی الأبوین، أو یحمل أنهم یدعون تارةً بالآباء وأخری بالأمهات، أو البعض بالآباء والبعض بالأمهات''(۲)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۵/۴/ ۸۹ھ۔

= کان کافراً فعذابه یدوم إلی یوم القیامة، و یرفع عنه یوم الجمعة و شهر رمضان''. (رد المحتار: ۲/ ۱۶۵، سعید)

(وکذا فی شرح الملا علی القاري علی الفقه الأکبر، ص: ۱۰۱، بحث عذاب القبر، قدیمی)

(۱) ''عن أبی الدرداء رضی الله تعالیٰ عنه، قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: ''إنکم تدعون یوم القیامة بأسمائکم وأسماء آبائکم، فأحسنوا أسماء کم''. (أبوداؤد، أول کتاب الأدب، باب فی تغییر الأسماء: ۲/ ۳۲۸، حقانیه، ملتان)

(۲) (بذل المجهود، کتاب الأدب، باب فی تغییر الاسماء: ۵/ ۲۶۷، معهد الخلیل)

''در بعضے روایات آمدہ کہ روزِ قیامت مردم را بنامِ مادران خوانند، وگفتہ اند کہ حکمت درین آن ست کہ تا اولادِ زنا شرمندہ ورسوا نشوند، وبجہتِ رعایتِ حالِ عیسی ابن مریم علیہما السلام پدر ندارد''. (اشعة اللمعات، کتاب الآداب، =

Made searchable using ScribeTools.com

کیا سب شاعر دوزخ میں جائیں گے؟

سوال[۳۵۸] : دوران گفتگوایک صاحب نے کہا کہ اکثر شاعر جوغلط گوئی کرتے ہیں دوزخ میں جائیں گے، اس پر حکیم شکیل صاحب نے برجستہ فرمایا کہ اگر اکثر شاعر دوزخ میں جائیں گے تو حضرت علی اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ بھی دوزخ میں جائیں گے کیونکہ وہ بھی شاعر تھے، علمائے دین کی اس میں کیا رائے ہے اور اس شخص پر کفر عائد ہوا یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

شعر تو کلام موزون پر صحیح ہوتو صحیح ہے، غلط ہوتو غلط ہے(۱)، محض وزن کی وجہ سے اس پر جنت، دوزخ

= باب الأسامی : ۵۰/۴، مکتبه نوریه سکهر)

"وأن الناس يدعون يوم القيامة بأمهاتهم، وأن الحكمة فی الدعاء بهن دون الآباء رعاية حق عيسى عليه الصلاة والسلام ، وشرف الحسن والحسين، ولا يفضح أولاد الزنا، وليت شعری أيهما أبدع أصحة تفسيره أم بهاحكمة انتهى، وهو مروی عن محمد بن كعب". (روح المعانی، (الاسراء: ۱۷): ۱۲۱/۱۵، دارإحياء التراث العربی بيروت)

(و كذا فی الجامع أحكام القرآن للقرطبی،(الإسراء ،: ۱۷): ۱۹۳/۱۰، دارالكتب العلمية)

(۱) "عن عائشة رضی الله تعالی عنها قالت :ذكر عند رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم الشعر، فقال رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم": "هوكلام فحسنه حسن ،وقبيحه قبيح". رواه الدار قطنی". (مشكوة المصابيح، كتاب الأدب ، باب البيان والشعر ، الفصل الثالث ، قديمی)

"والغرض أنه صلی الله عليه وسلم استحسن شعر أمية واستزاد من إنشاده لما فيه من الإقرار بوحدانية الله تعالی والبعث ، وهذا يؤيد قول من قال من أرباب الحال :انظر إلی ما قال ، ولا تنظر إلی من قال .....وفيه استحباب إنشاد الشعر المحمود المشتمل علی الحكمة". (المرقاة، المصدر المتقدم: ۵۴۰/۸، رشيديه)

"وقال فی تبيين المحارم :و اعلم أن ما كان حراماً من الشعر ما فيه فحش، أو هجو مسلم، أو كذب علی الله تعالیٰ، أو رسوله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم أو علی الصحابة أو تزكية النفس أو الكذب، أو التفاخر المذموم، أوالقدح فی الأنساب، و كذا ما فيه وصف أمرد أوامرأة بعينها إذا كانا حيين". (رد المحتار ، كتاب الحظر والإباحة ، قبيل فصل فی اللبس: ۳۵۰/۶، سعيد)

"وفی النوازل: قراءة شعر الأديب إذا كان فيه ذكر الفسق والخمر والغلام يكره والاعتماد فی الغلام علی ما ذكرنا فی المرأة كذا فی المحيط . قيل: إن معنی الكراهة فی الشعر أن يشتغل الإنسان =

Made Searchable by ScribeTools.com

کا حکم مرتب نہیں ہوتا۔ جو شخص عقائد حقہ کے خلاف بات کہے، دین کا اور اہل دین کا مذاق اڑائے، زمین وآسمان کے قلابے ملائے وہ مجرم ہے(۱) اور شعر بکثرت ایسے ہی ہوتے ہیں۔

جولوگ دین کی تعلیم اور اخلاق کی ہدایات اور حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے اوصاف عالیہ اور اللہ پاک کی حمد کو اشعار میں پیش کرے وہ مجرم نہیں (صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنھم ایسے ہی تھے)(۲) صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو آجکل کے شعراء پر قیاس کرنا غلط ہے۔ حکیم شکیل احمد صاحب کے سامنے یہ تفصیل پیش کردی جائے، امید کہ وہ اپنی بات سے رجوع کر کے توبہ واستغفار کریں گے اور فتوی کی ضرورت نہیں ہوگی۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۰/۴/۹۰ھ۔

کیا کلمہ پڑھ کر مرنے والے کو بداعمالی کی سزا ہے؟

سوال[۳۵۹]: جس آدمی کا خاتمہ ایمان پر ہو یعنی کلمہ پڑھ کر مرگیا ہو، آیا اس کو اس کی بداعمالی کی سزا

= به، فيشغله ذلك عن قرأة القرآن والذكر، أما إذا لم يكن كذالك، فلابأس به إذا كان من قصده أن يستعين به على علم التفسير والحديث، كذا في الظهيرية". (الفتاوى العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب السابع عشر في الغناء واللهو وسائر المعاصي والأمر بالمعروف: ۵/۳۵۱، ۳۵۲، رشيديه)

"ولو كان في الشعر حكم أو قصة لا يكره وكذا لو كان فيه ذكر امرأة غير معينة، وكذا لو كانت معينة وهي ميتة، ولو كانت حيةً يكره". (البحر الرائق، كتاب الكراهية، فصل في الأكل والشرب: ۸/۲۴۶، رشيديه)

(۱) "في شرح مسلم: قالوا: المراد منه أن يكون الشعر غالباً عليه متولياً بحيث يشغله عن القرآن أو غيره من العلوم الشرعية، وذكر الله تعالى، وهو مذموم من أيّ شعر كان ..... وقال السيوطي: قيل: خاص بشعر هجي به النبي ﷺ لرواية شعر أهجيت به، قلت: الظاهر الإطلاق وهو يدخل فيه دخولاً أوّلياً، ولعل وجه تخصيصه بالذكر تنبيهاً على أنه أقبح أنواعه، أو شعاراً بأن الشعر مذموم؛ لأنه قد يؤدي إلى ذلك ..... فإن هذا النوع من الشعر وما يلحق به من هجو مسلم أو افتراء مذموم". (مرقاة المفاتيح، كتاب الأدب، باب البيان والشعر، الفصل الأول: ۸/۵۴۶، مكتبه حقانية پشاور)

(۲) "والغرض أنه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم استحسن شعر أمية، واستزاد من إنشاده، لما فيه من الإقرار بوحدة الله تعالىٰ والبعث، وهذا يؤيد قول من قال من أرباب الحال: أنظر إلى ماقال ولا تنظر إلى من قال ..... وفيه استحباب إنشاد الشعر المحصور المشتمل على الحكمة". (المرقاة المصدر المتقدم)

Made searchable using ScribeTools.com

ملے گی؟ یا بلاسزا اور بلاحساب وکتاب جنت میں داخل ہوجائے گا؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

بد اعمالی کی سزا کا وہ بھی مستحق ہے، حق تعالیٰ فضل فرمادے تو بے حساب جنت میں داخل کردے(۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۳/۲/۴ھ۔

نافرمانوں کا حشر

سوال[۳۶۰] : جولوگ شریعت پر مطلقاً عمل نہیں کرتے ان کا کیا حشر ہوگا؟ بخشش ہوگی یا نہیں جب کہ روز بروز اس کی نافرمانی کرنے سے اس کا قلب سیاہ ہوتا جاتا ہے تو ایمان کیا باقی رہتا ہوگا؟ نیز جولوگ علی الاعلان کبائر میں مبتلا ہوں اور دین کی باتوں کا مذاق بھی اڑاتے ہوں تو ان کا کیا حال ہوگا اور کبائر میں کھلے عام مبتلا ہوں مگر ان کو اس پر ندامت بھی ہو تو انکا کیا حال ہوگا؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

سخت سزا کے مستحق ہونے کے باوجود حق تعالیٰ اپنے فضل سے معاف فرمادے تو کوئی مانع نہیں:

﴿یغفر لمن یشآء ویعذب من یشآء﴾ (۲) اور جس کو ندامت ہوجائے جو کہ توبہ کی اصل ہے تو یہ بھی سبب

---

(۱) "و یجوز العقاب علی الصغیرة سواء اجتنب مرتکبها الکبیرة أم لا لدخولها تحت قوله تعالیٰ: ﴿ویغفر ما دون ذلک لم یشآء﴾ ..... والعفو عن الکبیرة الخ". (شرح العقائد النسفی، ص:۸۶، ۸۷، المطبع الیوسفی)

(وکذا فی شرح الفقه الأکبر لملا علی القاری، ص: ۱۲۸، قدیمی)

"(وعذابه): أی إیلامه (حق کائن للکفار کلهم أجمعین، و لبعض المسلمین): أی عصاة المسلمین ..... الخ" (شرح فقه الأکبر ص: ۱۰۱، قدیمی)

قال الله تعالیٰ: ﴿إن الله لا یغفر أن یشرک به، و یغفر ما دون ذلک لمن یشاء﴾ (سورة النساء:۴۸، ۱۱۶)

(۲) (المائدة : ۱۸)

و قال تعالیٰ: ﴿إن تعذبهم فإنهم عبادک، وإن تغفر لهم فإنک أنت العزیز الحکیم﴾ (المائدة :۱۱۸)

مغفرت ہے(۱)﴿ إنی لغفارٌ لمن تاب﴾ (۲)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

گناہ سے توبہ کافی ہے، تو سزا کیوں دی جاتی ہے؟

سوال[۳۶۱]: کیا توبہ کرنے سے گناہ بخش دیئے جاتے ہیں اور اگر بخش دیئے جاتے ہیں تو زمانہ سابقہ میں یعنی صحابہ کرام کے زمانہ میں لوگوں کو سزائیں کیوں دی جاتی تھیں، کیا وہ لوگ توبہ نہیں کر سکتے تھے اور اگر توبہ کر سکتے تھے اور بہت سے لوگوں نے توبہ کیں بھی تو ان کو رجم کیوں کرتے تھے؟ ''تبلیغ دین'' مترجم مولانا عاشق الٰہی صاحب نے لکھا ہے کہ جو شخص گناہ کرے اور اس کی شہرت بھی کرتا رہے تو حدیث میں آیا ہے کہ یہ گناہ کبھی معاف نہ ہوگا، ایسے گناہ کسی صورت سے بھی معاف ہو سکتے ہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

توبہ جب اپنی شرط کے مطابق ہوگی تو قبول ہوگی اور گناہ بخش دیئے جائیں گے (۳) جن گناہوں پر

---

(۱) "وفی شرح السنة: روی عنه موقوفاً، قال: "الندم توبة، والتائب من الذنب کمن لا ذنب له". (مشکوة المصابیح، کتاب الدعوات، باب الاستغفار والتوبة: ۱/۲۰۶، قدیمی)

(۲)(طٰه: ۸۲)

البتہ دین کی باتوں کا مذاق اڑانے کے متعلق فقہاء کرام نے کفر کی صراحت کی ہے، لہٰذا اگر اس طرح مذاق اڑا کر بغیر توبہ واستغفار کے فوت ہوا تو بخشش بظاہر محل کلام ہے:

"والاستهزاء بشئی من الشرائع کفر، (قوله: کفر) أشار إلی فائدة تقییده فی الهدایة بأن لایترک الختان إستخفافاً بالدین". (ردالمحتار علی الدر المختار: کتاب الشهادات، باب القبول وعدمه: ۵/۴۷۴، سعید)

"ثم کون التوبة سبباً لغفران جمیع الذنوب وعدم المواخذة بها مما لاخلاف فیه بین الأئمة، ولیس شئ یکون سبباً لغفران جمیع الذنوب إلا التوبة، کما قال الله تعالیٰ: ﴿قل یا عبادی الذین اسرفوا علی أنفسهم لاتقنطوا من رحمة الله، إن الله یغفر الذنوب جمیعاً" هذا مختص بمن تاب من الکفر، فإن الله لایغفر أن یشرک به﴾. (شرح الفقه الأکبر، بحث التوبة، ص: ۱۵۷، قدیمی)

(۳) قال الله تعالیٰ: ﴿ومن یعمل سوءًا أو یظلم نفسه، ثم یستغفر الله، یجد الله غفوراً رحیماً﴾. (النساء: ۱۱۰) =

Made searchable using ScribeTools.com

دنیوی سزا (حد) اوراخروی عذاب ہردو کا شریعت نے ترتب بتایا ہے، محض توبہ کرنے سے دنیوی سزا (حد) مرتفع نہیں ہوتی ہے۔ کذا فی فتح القدیر (۱)۔

تبلیغ دین میں یہ حدیث شریف کا مضمون ہے۔ گناہ کی شہرت ایک مستقل گناہ ہے اور بڑا گناہ ہے اس سے بھی توبہ ضروری ہے (۲) جب اس سے بھی سچی توبہ کرے گا تو انشاء اللہ معافی ہوجائے گی۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۴/۶/۶۱ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ۔

صحیح: عبداللطیف، ۲۴/۶/۶۱ھ۔

ریاکار کی سزا

سوال[۳۶۲]: عبادات میں ریاکاری کو جو شرک اصغر حدیثوں میں فرمایا ہے تو کیا اس شرک اصغر کا

= "توضیحه أن ماذکره الإمام الغزالی من أن التوبة إذا استجمعت شرائطها فهی مقبولة لا محالة". (شرح فقه الاکبر، ص: ۱۶۰، بحث التوبة، قدیمی)

(۱) "فأخبر أن جزاء فعلهم عقوبة دنیویة وعقوبة أخرویة، إلا من تاب فإنها حینئذتسقط عنه العقوبة الأخرویة. وبا لإجماع للإجماع علی أن التوبة لاتسقط الحد فی الدنیا." (فتح القدیر، کتاب الحدود: ۲۱۱/۵، مصطفی البابی الحلبی)

"وأجمعوا أنها لا تسقط الحد فی الدنیا". (الدرالمختار، کتاب الحدود: ۴/۴، سعید)

قال الله تعالی: ﴿ذلک لهم خزی فی الدنیا، ولهم فی الأخرة عذاب عظیم﴾". (المائده: ۳۴)

"فقد جمع الله تعالی بین عذاب الدنیا والأخرة علیهم، وأسقط عذاب الأخرة بالتوبة، فإن الاستثناء عائد إلیه للإجماع علی أن التوبة لاتسقط الحد فی الدنیا". (البحرالرائق، کتاب الحدود: ۴/۵، رشیدیه)

(۲) "چوتھا سبب یہ ہے کہ صغیرہ گناہ کو اس کے صغیرہ ہونے کی بنا پر لوگوں میں ظاہر اور شائع کرتا پھرتا ہے، حالانکہ حدیث شریف میں آیا ہے کہ تمام گنہگار بخش دیئے جائیں گے مگر گناہوں کا اعلان وافشاء کرنے والے لوگ نہ بخشے جائیں گے۔" (تبلیغِ دین، پہلی اصل توبہ کا بیان، ص: ۲۰۲، مکتبہ تھانوی)

مرتکب بھی مخلد فی النار ہوگا، یا چند مدت جہنم میں رہ کر خلاصی ہوگی؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

اصالۃً تو عبادت اللہ تعالیٰ کے لئے کرتا ہے لیکن کسی قدر اس میں ریا کی آمیزش بھی ہوجاتی ہے تو اس سے خلود فی النار نہیں ہوگا (۱)؟ مگر عبادات کی نگرانی بے حد ضروری ہے کہ ریا سے بالکل پاک صاف ہوں اور اس کے لئے استغفار و دعاء بھی لازم ہے (۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

قاتل ومقتول ہر دو کے لئے جہنم کی وعید کب ہے؟

سوال [۳۶۳] : اگر کوئی شخص ناحق کسی کو دباوے حتی کہ اس کو جان سے مارنے کے لئے تیار ہوجائے تو مقتول جنت میں جائے گا یا جہنم میں؟ مقتول کن حالات میں جہنمی ہوگا؟ اور قاتل کن حالات میں؟ اور کہاں صبر جائز ہوگا اور کہاں سختی؟

---

(۱) ریا گناہ ہے اور گناہ کی وجہ سے خلود فی النار کا عذاب ہونا اہل سنت والجماعۃ کا مسلک نہیں ہے، البتہ جس عمل میں ریا کاری کی آمیزش کی ہو تو اس پر ثواب نہیں ملے گا۔

قال الله تعالىٰ: ﴿و يغفر ما دون ذلك لمن يشآء﴾. (سورة النساء: ۴۸، ۱۱۶)

"و لا نقول: إن المؤمن المذنب يخلد فيها و إن كان فاسقاً: أى بارتكاب الكبائر جميعها بعد أن يخرج من الدنيا مؤمناً". (شرح الملا على القارى على الفقه الأكبر، ص: ۷۷، قديمى)

"والرياء إذا وقع فى عمل من الأعمال، فإنه يبطل أجره" قال الله تعالىٰ: ﴿يا أيها الذين آمنوا لا تبطلوا صدقاتكم بالمن والأذى كالذى ينفق ماله رئاء الناس﴾ (البقرة: ۲۶۴) و قال عليه السلام: "لا يقبل الله تعالىٰ عملاً فيه مقدار ذرة من الرياء". (شرح الفقه الأكبر لأبى منصور الماتريدى، ص: ۱۴۳، مبحث حكم الريا)

(و كذا فى شرح الملا على القارى على الفقه الأكبر، ص: ۷۸، قديمى)

(۲) قال الله تعالىٰ: ﴿و من يعمل سوءً أو يظلم نفسه، ثم يستغفر الله، يجد الله غفوراً رحيماً﴾ (سورة النساء: ۱۱۰)

وقال الله تعالى: ﴿أفلا يتوبون إلى الله و يستغفرونه والله غفور رحيم﴾. (سورة المائدة: ۷۴)

Made Searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداًومصلیاً:

حمیتِ جاہلیت کی وجہ سے جب دو شخص قتال کریں اور ہر ایک دوسرے کو قتل کرنے کا عزم رکھتا ہو تو قاتل ومقتول دونوں کے لئے جہنم کی وعید ہے(۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند،۱۵/۱۰/۹۵ھ۔

مرتکب قتل عمد کی مغفرت وخودکشی

سوال[۳۶۴]: ۱.....قتل عمد کے مرتکب کی مغفرت ممکن ہے کہ نہیں، اگر ہے تو بعد العذاب یا قبل العذاب؟ کوئی ایسی شکل ہے کہ عذاب سے کلیۃً بری ہوجائے، اولیائے مقتول کی معافی سے یا مقتول کے ایصال ثواب وغیرہ کرنے سے؟ جو شکل ہو تحریر فرماویں۔

۲.....خودکشی کے متعلق کیا حکم ہے، اس میں بھی کوئی شکل ہے کہ عذاب سے بچ جائے، جرم کے بعد توبہ کرنے سے امید مغفرت ہے مگر یہاں تو اس کا موقع ہی نہیں۔

الجواب حامداًومصلیاً:

۱.....ہر مرتکب کبیرہ کی مغفرت ممکن ہے اگر شرائط متحقق ہوں (۲)، یا تو قتل عمد کا قصاص دے ورنہ اولیاء سے صلح کرے، معافی چاہے (۳) مقتول کو ایصال ثواب کرے جس قدر بھی ممکن ہو، مقتول کے ساتھ

---

(۱) "عن أبی بکرة رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "إذا التقی المسلمان بسیفیهما فالقاتل والمقتول فی النار" قلت: هذا القاتل فما بال المقتول؟ قال: "إنه کان حریصاً علی قتل صاحبه". (متفق علیه). (مشکوة المصابیح: باب قتل أهل الردة والسعاة بالفساد: ص، ۳۰۷، قدیمی)

(وصحیح البخاری، کتاب الإیمان، باب المعاصی من أمر الجاهلیة ولا یکفر صاحبها اهـ: ۱/۹، قدیمی)

(والصحیح لمسلم، کتاب الفتن وأشراط الساعة: ۲/۳۸۹، قدیمی)

(۲) قال الله تعالیٰ: ﴿إن الله لایغفر أن یشرک به، ویغفر مادون ذلک لمن یشاء﴾. (النساء: ۴۸، ۱۱۶)

"وتوضیحه ما ذکره الإمام الغزالی من أن التوبة إذا استجمعت شرائطها، فهی مقبوله لامحالة". (شرح الفقه الأکبر، بحث التوبة، ص: ۱۶۰، قدیمی)

(۳) "وموجب ذلک المأثم والقود، إلا أن یعفو الأولیاء أو یصالحوا، ولاکفارة فیه عندنا". (الفتاویٰ =

خیر خواہی کرے اور اس کو نفع پہنچائے، کیا عجب ہے کہ اللہ تعالیٰ صاحب حق کو راضی کر کے اس قاتل کی سزا کو بالکل ہی معاف فرمادیں (۱)، ورنہ تخفیف تو ضرور ہی ہوجائے گی اور پھر بقیہ سزا کے بعد چھٹکارا ہوجائے گا۔ غرض یہ کہ اگر ایمان پر خاتمہ ہوا ہے تو اس کے لئے کسی کبیرہ کی وجہ سے عذاب دائمی نہ ہوگا بلکہ انجام کار دخول جنت میسر ہوگا۔ حنفیہ کا مذہب یہی ہے (۲)۔

۲.....خودکشی حرام اور کبیرہ گناہ ہے (۳)، اللہ پاک قادر ہے کہ بغیر توبہ بھی معاف فرمادے (۴) اگرچہ قانون یہی ہے کہ بغیر توبہ کے کبائر کی معافی نہیں ہوتی (۵) اگر اس کے حسنات غالب ہوں نیز باقیات صالحات چھوڑ گیا ہو تب بھی عذاب سے بچ جانے کی توقع ہے (٦) ورنہ ایمان پر خاتمہ ہونے کی وجہ سے انجام کار

= العالمكيرية، كتاب الجنايات: ٦/ ٢، رشيديه)

(وكذا في الدر المختار، كتاب الجنايات: ٦/ ٥٢٩، سعيد)

(١) قال ابن كثير رحمه الله تعالىٰ: "والذى عليه الجمهور من سلف الأمة-رحمهم الله تعالىٰ اجمعين- وخلفها أن القاتل له توبة فيمابينه وبين الله تعالىٰ عزوجل، فإن تاب وأناب، وخشع وخضع، وعمل عملاً صالحاً، بدّل الله (تبارك وتعالىٰ) سيئاته حسنات، وعوض المقتول من ظلامته، وأرضاه عن ظلامته".

(تفسير ابن كثير، (النساء:٩٣): ١/ ٧١٤، مكتبة دار الفيحاء)

(٢) "وأهل الكبائر من المؤمنين لايخلدون في النار وإن ماتوا من غير توبة". (شرح العقائد، ص: ٨٨، المطبع اليوسفي)

(وكذا في النبراس ص: ٢٤١، امداديه ملتان)

(٣) "عن أبي هريرة رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "من تردى من جبل فقتل نفسه، فهو في نار جهنم يتردى فيها خالداً مخلداً فيها أبداً، ومن تحسى سماً فقتل نفسه، فسمه في يده يتحساه في نار جهنم خالداً مخلداً فيها أبداً، ومن قتل نفسه بحديدة، فحديدته في يده يتوجأ بها في بطنه في نار جهنم خالداً مخلداً فيها أبداً". متفق عليه." (مشكوة المصابيح، كتاب القصاص، الفصل الأول، ص: ٢٩٩، قديمي)

(٤) قال الله تعالىٰ: ﴿إن الله لايغفر أن يشرك به، ويغفر مادون ذلك لمن يشاء﴾. (النساء: ٤٨، ١١٦)

(٥) "وقسم يغفر بالتوبة وبدونها تحت المشية وهو الكبائر من حق الله تعالى". (مرقاة المفاتيح، باب الكبائر وعلامات النفاق: ١/ ٢١٨، رشيديه)

(٦) "عن أبي هريرة رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "إذا مات =

Made searchable using ScribeTools.com

رہائی یقینی ہے(۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور،۱۸/۲/۵۸ھ۔

الجواب صحیح:سعید احمد غفرلہ،صحیح:عبداللطیف ۱۹/صفر۵۸ھ

خودکشی

سوال[۳٦۵]: اگرکوئی خودکشی کوحرام سمجھتے ہوئے خودکشی کرڈالےتواس کوکیسا گناہ ہوگا؟اورعنداللہ اس کی بخشش کی امید ہے؟ عبدالرحمٰن پیش امام محلّہ بیوپاریان قصبہ رمل ضلع متھرا۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

خودکشی حرام ہے(۲)لیکن جب کوئی اس کوحرام سمجھ کرکرتا ہےاورعقاب کا خوف بھی اس کو ہےتوانشاء اللہ مغفرت کی امید ہے﴿ و یغفرو ما دون ذلك لمن یشآء﴾ الایة(۳)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود حسن گنگوہی عفا اللہ عنہ،معین المفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور،۲/صفر/۵۳ھ۔

الجواب صحیح:سعید احمد غفرلہ،صحیح:عبداللطیف،٦/صفر/۵۳ھ۔

خودکشی کا گناہ

سوال[۳٦٦]: خودکشی کرنے والے کا کیا حکم ہےاورآخرت میں اس کا کیا عذاب ہے؟

= الإنسان انقطع عنه عمله إلا من ثلاثة: إلامن صدقة جارية، أو علم ينتفع به، أوولد صالح يدعوله."(مشكوة المصابيح ،كتاب العلم،الفصل الأول، ص:۳۲ قديمى)

(۱)(راجع ،ص: ٦٦٦، رقم الحاشية ۱)

(۲) (تقدم تخريجه تحت عنوان:"مرتکب قتل عمد مغفرت اورخودکشی")

(۳) (النساء : ۴۸، ۱۱٦)

"و ما كان من السيئات دون الشرك والكفر و لم يتب عنها صاحبها حتى مات مؤمناً، فإنه في مشيئة الله تعالىٰ، إن شاء عذبه بالنار، و إن شاء عفا عنه، و لم يعذبه بالنار أصلاً".(الفقه الأكبر ، ص:٦، قديمى)

"و يغفر ما دون ذلك لمن يشاء، من الصغائر و الكبائر مع التوبة أو بدونها خلافاً للمعتزلة".(شرح العقائد النسفية للتفتازانى ، ص:۸۵، المطبع اليوسفى الفرنگى محلى)

(وكذا فى النبراس ، ص: ۲۳۳، امداديه ملتان)

الجواب حامداً و مصلیاً :

خودکشی کبیرہ گناہ ہے، سخت عذاب کا موجب ہے(۱) مگر جس کا خاتمہ ایمان پر ہو اس کے لئے کبھی نہ کبھی نجات کی صورت ہو ہی جائے گی (۲) جس آلہ سے خودکشی کی ہے وہی آلہ اس کے ہاتھ میں ہوگا اور اپنے کو مارتا ہوا اٹھایا جائے گا (۳)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۶/ ۵/ ۹۲ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۷/ ۵/ ۹۲ھ۔

خودکشی کی سزا

سوال[۳۶۷]: اگر کوئی شخص کسی بناء پر خودکشی کرلے (نعوذ باللہ) تو اس کو کفار کی طرح دائمی عذاب ہوگا یا کبھی نجات کی امید کی جاسکتی ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

اگر خاتمہ ایمان پر ہوا تو نجات کی امید ہے، دائمی عذاب کفار کے لئے ہے(۴)۔ فقط۔

---

(۱) "عن أبی هريرة – رضی الله تعالیٰ عنه– قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ وسلم : "من تردی من جبل فقتل نفسه، فهو فی نار جهنم يتردی فيها خالداً مخلداً فيها أبداً ، و من تحسی سماً فقتل نفسه، فسمه فی يده يتحساه فی نار جهنم خالداً مخلداً فيها أبداً ، و من قتل نفسه بحديدة، فحديدته فی يده يتوجأ بها فی بطنه فی نار جهنم خالداً مخلداً فيها أبداً". متفق عليه". (مشكوة المصابيح ، كتاب القصاص، الفصل الأول: ۲/ ۲۹۹، قديمی)

(والصحيح لمسلم، كتاب الإيمان ، باب بيان غلظ تحريم قتل الإنسان نفسه الخ : ۱/ ۷۲ ، قديمی)

(وجامع الترمذی ، أبواب الطب ، باب من قتل نفسه بسم أو غيره : ۲/ ۲۴، سعيد كراچی)

(۲) قال الله تعالیٰ: ﴿و يغفر ما دون ذلک لمن يشآء﴾. الآية (سورة النساء: ۴۸، ۱۱۶)

(و ايضاً انظر المسئلة الآتية تحت عنوان : "خودکشی کی سزا")

(۳)(راجع رقم الحاشية : ۱)

(۴) "وأهل الكبائر من المؤمنين لا يخلدون فی النار وإن ماتوا من غير توبة لقوله تعالیٰ : ﴿فمن يعمل مثقال ذرة خيراً يره﴾. (شرح العقائد النسفية للتفتازانی ، ص: ۸۸ ، المطبع ليوسفی) ..... =

Made searchable using ScribeTools.com

زہر ملی ہوئی تاڑی پینے سے کیا خودکشی کا گناہ ہوگا؟

سوال[۳۶۸]: زید کو کوئی نشہ پینے کی عادت ہے مثلاً تاڑی، ایک مرتبہ کسی نے اس تاڑی میں زہر ملا کر دیدیا، جس کو پی کر زید کا انتقال ہوگیا۔ تو اب خودکشی کا گناہ کس پر ہے؟ اس کا حکم کیا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اس عادی معصیت کے باوجود صورت مسئولہ میں زید خودکشی کا گنہگار نہیں، لعدم قصورہ وعدم علمہ(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہٗ دارالعلوم دیوبند، ۱۰/ ۷/ ۸۹ھ۔

شیطان کی مہلت اور حشر

سوال[۳۶۹]: کیا شیطان کو قیامت آنے تک مہلت دی گئی ہے؟ قیامت کے روز اس کا کیا حشر ہوگا؟ کیا وہ توبہ کرنے کے بعد بخشا جاسکتا ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

شیطان نے بہت چالاکی سے دعاء کی تھی: ﴿أنظرنی إلی یوم یبعثون﴾ (۲) جس روز مردے قبر سے اٹھیں گے اس روز تک کے لئے مجھے مہلت دے دو (تاکہ موت سے بچا رہوں)، وہاں سے جواب میں فرمایا گیا:

= (وکذا فی النبراس، ص: ۲۴۱، امدادیه ملتان)

"و لا نقول: إنه یخلّد فیها، وإن کان فاسقاً بعد أن یخرج من الدنیا مؤمناً". (الفقه الأکبر، ص: ۲، قدیمی)

"و أهل الکبائر من أمة محمد صلی الله تعالیٰ علیه و سلم فی النار لا یخلدون إذا ماتوا و هم موحدون وإن لم یکونوا تائبین، بعد أن لقوا الله عارفین مؤمنین". (العقیدة الطحاویة، ص: ۱۱، قدیمی)

(۱) قال الله تعالیٰ: ﴿ولاتزروازرة وزر اخری﴾. (سورة الزمر: ۷، پ: ۲۳)

وقال الله تعالیٰ: ﴿من عمل صالحات فلنفسه ومن أساء فعلیها﴾. (حم السجدة: ۴۶، پ: ۲۴)

وقال الله تعالیٰ: ﴿لایکلف الله نفسا إلا وسعها﴾. (سورة البقرة: ۲۸۶، پ: ۳)

(۲) (سورة صٓ: ۷۹)

Made Searchable by ScribeTools.com

﴿إنك من المنظرين إلى يوم الوقت المعلوم﴾ (۱) جس دن نفخ صور ہوگا جس سے سب مرجائیں گے اس روز تک مہلت دیدی گئی (نفخ صور کے دن سب کی موت کے ساتھ تجھے بھی موت آئے گی، موت سے چھٹکارا نہ ملے گا) اس کو توبہ کی توفیق نہیں ہوگی، وہ لعنت کے ساتھ رہے گا (۲)، جہنم میں جائے گا (۳)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۲۶/۱۰/۱۳۹۹ھ۔

اہل کتاب ضالین ومضلین دونوں مستحق عذاب ہیں

سوال[۳۷۰]: ۱.....علمائے اہل کتاب یعنی یہود ونصاری وغیرہ جو قرآن پر ایمان نہیں لائے اور عوام کو بھی گمراہ کیا، اسی پر ان کا خاتمہ بھی ہوا، یہ تمام لوگ جہنمی ہیں یا صرف علماء ہی جہنم میں جائیں گے، عوام پر گناہ نہیں؟

۲.....فرقہ شیعہ وقادیانی وغیرہ کے علماء نے جو لوگوں کو گمراہ کیا اس کا عذاب بھی صرف ان کے علماء پر ہی ہوگا یا عوام بھی شامل ہوں گے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

۱،۲.....جو گمراہ ہوئے ہیں ان کو بھی عذاب ہوگا اور جنہوں نے گمراہ کیا ہے ان کو بھی عذاب ہوگا، جن لوگوں کو گمراہ کیا گیا ہے وہ جب عذاب میں مبتلا کئے جائیں گے تو بہت کچھ معذرت کریں گے کہ ہمیں دوسرے گمراہوں نے گمراہ کیا ہے، لیکن کوئی شنوائی نہ ہوگی، نیز گمراہ کرنے والوں کو ملامت کریں گے کہ تم نے ہمیں گمراہ کیا ہے، اگر تم گمراہ نہ کرتے تو ہم ایمان لے آتے، وہ جواب دیں گے ہم نے تم پر جبر نہیں کیا تھا تم اپنے اختیار سے کافر ہوئے، تب پھر وہ دعاء کریں گے کہ اے اللہ! انہیں دوہرا عذاب دے، انہوں نے ہمیں گمراہ کیا ہے۔ یہ سب قرآن شریف میں ہے (۴)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۷/۱۱/۵۶ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبداللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۸/ ذیقعدہ/ ۵۶ھ۔

---

(۱) (سورة صٓ : ۸۰ ، ۸۱)

(۲) قال الله تعالیٰ: ﴿و إن عليک لعنتی إلی يوم الدين﴾ (سورة ص ، رقم الاية: ۷۸)

(۳) قال الله تعالیٰ: ﴿لأملئن جهنم منک و ممن تبعک منهم أجمعين﴾ (سورة : ص، رقم الاية: ۸۵)

(۴) قال الله تعالیٰ: ﴿يوم تقلب وجوههم فی النار يقولون: يليتنا أطعنا الله و أطعنا الرسولا، وقالوا: ربنا إنا =

Made searchable using ScribeTools.com

کافرغریب مصیبت زدہ کاانجام

سوال[۳۷۱]: دنیامیں غریب غیرمسلم بہت ہیں، یہاں پربھی تکلیف میں ہیں اور عاقبت میں بھی ایمان نہ ہونے کی وجہ سے جہنم ہے اور غیرمسلم بعضے خوش حال اور مال دار ہیں، دنیامیں آرام سے ہیں اگرچہ عقبیٰ میں ایمان نہ ہونے سے جہنم ہے، اس کا کیا مطلب ہے غریب کوکہیں آرام نہیں ملا؟

الجواب حامداًومصلیاً:

جی ہاں وہ غریب غیرمسلم بہت قابلِ حسرت ہے جو یہاں بھی غربت کی مصیبت میں ہے اور مرنے کے بعد بھی اپنے کفرکی وجہ سے جہنم میں رہے گا، لیکن یہاں ایمان قبول کرنا اوراعمال صالحہ کرنا اس کے لئے ممنوع نہیں ہے(۱) بلکہ ہدایت کا دروازہ اس کے لئے بھی کھلا ہوا ہے وہ اس دروازہ میں نہ آئے تو کسی کا کیا قصور

= أطعنا سادتنا و كبرآءنا فأضلونا السبيلا، ربنا اتهم ضعفين من العذاب والعنهم لعناً كبيراً﴾.
(الأحزاب:٦٦، ٦٨)

قال الله تعالىٰ: ﴿و لو ترى إذ الظالمون موقوفون عند ربهم يرجع بعضهم إلى بعض القول، يقول الذين استُضعِفوا للذين استكبروا: لو لا أنتم لكنا مؤمنين، قال الذين استكبروا للذين استضعفوا: أنحن صددناكم عن الهدى بعد إذ جاء كم، بل كنتم مجرمين، وقال الذين استضعفوا للذين استكبروا: بل مكر الليل والنهار إذ تأمروننا أن نكفر بالله ونجعل له أنداداً، وأسروا الندامة لما رأوا العذاب﴾.
(سورة سبا : ٣١ – ٣٣)

وقال الله تعالىٰ: ﴿كلما دخلت أمة لعنت أختها حتى إذا ادّاركوا فيها جميعاً، قالت أخراهم لأولهم: ربنا هؤ لا أضلّونا فاٰتهم عذاباً ضعفاً من النار، قال: لكل ضعف ولكن لاتعلمون، وقالت أولهم لأخراهم: فما كان لكم علينا من فضل، فذقوا العذاب بما كنتم تكسبون﴾. الآية
(الأعراف: ٣٨، ٣٩).

(۱)"خلق الله تعالىٰ الخلق سليماً من الكفر والإيمان ،ثم خاطبهم وأمر هم ونهاهم، فكفر من كفربفعله وإنكاره وجحوده الحق بخذلان الله تعالىٰ إياه، وآمن من آمن بفعله وإقراره وتصد يقه بتوفيق الله تعالىٰ إياه ونصرته له". (الفقه الأكبر،ص :٥،قد يمى)

ہے؟﴿أنلزمكموها وأنتم لها كارهون﴾ الآیة (۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین غفرلہ دارالعلوم دیوبند۔

ولادتِ شریفہ سے خوش ہوکر باندی آزاد کرنے پر بھی کیا عذاب جہنم ہوگا؟

سوال[۳۷۲]: پیارے نبی کی پیدائش کے موقعہ پر آپ کے چچا ابولہب نے ایک لونڈی کو آزاد کیا تھا جس سے خداوند کریم بہت خوش ہوئے تو پھر جہنم کیوں ملی؟ اور ہر سال پیارے نبی کی ولادت کے دن وتاریخ کو اس کے عذاب میں کمی کردی جاتی ہے، کہاں تک سچ ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

لونڈی کا آزاد کرنا کتب تواریخ میں موجود ہے (۲) اور عذاب میں کسی قدر تخفیف ایک خواب میں مروی ہے (۳)، ابولہب کے ایمان نہ لانے کی وجہ سے اس کا جہنم میں جانا قرآن میں مذکور ہے: ﴿سيصلى ناراً ذات لهب﴾ (۴)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۷/۵/۶۴ھ۔

---

(۱) (سورة هود: ۲۸)

(۲) "و فيه أن أبا لهب قال للعباس: إنه ليخفف عليّ في مثل يوم الإثنين، قالوا: لأنه لما بشّرته ثويبة بميلاد ابن أخيه محمد بن عبد الله أعتقها من ساعته، فجوزي بذلك لذلك". (البداية والنهاية، حواضنه و مراضعه عليه الصلاة والسلام: ۱/۲۷۳، دار الفكر بيروت)

(۳) "قال عروة: و ثويبة مولاةٌ لأبي لهب، كان أبو لهب أعتقها، فأرضعت النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، فلما مات أبو لهب أريه بعض أهل بشرّ حيبة، قال له: فماذا لقيت؟ قال أبو لهب: لم ألق بعد كم غير أني سقيت في هذه بعتاقتي ثويبة". (صحيح البخاري، كتاب النكاح، باب و أمهاتكم اللاّتي أرضعنكم اهـ": ۲/۷۶۴، قديمي)

(۴) (سورة اللهب: ۳)

Made searchable using ScribeTools.com

قیامت میں جانوروں سے حساب

سوال[۳۷۳]: اگرایک سینگ والی بکری نے بے سینگ والی بکری کو مارا ہوگا تو قیامت میں اللہ تعالیٰ اس کو سینگ دے کر بدلہ دلوائیں گے۔ مقررین وواعظین اسے بیان کرتے ہیں تو کیا یہ مخلوق بھی حساب کی مکلّف ہوگی اور عذاب، ثواب کی مستحق ہوگی؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

یہ صحیح ہے، ترمذی شریف میں بھی ہے(۱)، اس بدلہ کے متعلق حاشیہ میں لکھا ہے:"قالوا: هذا قصاص مقابلة لا قصاص تكليف، يؤخذ من الأطفال والمجانين والحيوانات كلها، كذافي الطيبي واللمعات "(۲)۔ فقط اللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۸/ ۸/ ۱۳۹۵ھ۔

معذبین کی تعداد زیادہ کیوں ہے؟

سوال[۳۷۴]: بعض غیر قوم کے بعض افراد نے قانونِ خداوندی پر اعتراض کیا ہے کہ ابتدائی دنیا سے انتہائی دنیا تک جتنے لوگوں کو خداوند تعالیٰ نے پیدا کیا ہے اور پیدا کرے گا، اس کے متعلق قرآن وحدیث کی

---

(۱)"عن أبي هريرة -رضي الله تعالىٰ عنه- أن النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قال:"لتُؤدن الحقوق إلى أهلها حتى تقاد الشاة الجلحاء من الشاة القرناء."(جامع الترمذي ،أبواب صفة القيامة ،باب ماجاء في شأن الحساب والقصاص: ۲/ ۶۷ ،سعيد)

(والصحيح لمسلم ،كتاب البر والصلة والآداب،باب تحريم الظلم: ۲/ ۳۲۰،قديمي)

(ومشكوة المصابيح ،كتاب الآداب ،باب الظلم ،الفصل الأول، ص: ۴۳۵،قديمي)

(۲) (الهامش على جامع الترمذي ،أبواب صفة القيامة ،باب ماجاء في شان الحساب والقصاص ص: ۲/ ۶۷ ،سعيد)

" وأما القصاص من القرناء للجلحاء، فليس هو من قصاص التكليف، إذلا تكليف عليها، بل هو قصاص مقابلة". (شرح النووي على صحيح مسلم، كتاب البر والصلة والآداب ،باب تحريم الظلم: ۲/ ۳۲۰،قديمي)

(و كذا في المرقاة ،كتاب الآداب ،باب الظلم : ۸/ ۸۵۲،رشيديه)

روشنی میں غیر اقوام کی تعداد زیاہ پائی جاتی ہے اور وہ تمام جہنم میں ہمیشہ ہمیشہ رہنے والے ہیں، آیا ہم لوگ خدا کے بندے نہیں کہ وہ جو شرک ہم نے کیا ہے وہ ستر ماں کی محبت رکھنے والا کیوں معاف نہیں کرتا اور چند مدت کے لئے سزا دے کر اس کے بعد جنت میں داخل کیوں نہیں کرتا؟ کیا اللہ کے یہاں یہ انصاف نہیں ہے؟ جس طرح مسلمان گناہ گاروں کو چند دن کے لئے دوزخ میں ڈالے گا، اس کے بعد جنت میں بھیج دے گا۔

یوں دیکھا جائے تو تمام مسلمانوں کی تعداد جو ابتدائی دنیا سے ہے اور انتہائی دنیا تک ہے، بہت قلیل ہے بنسبتِ غیر اقوام کے، کیا اللہ کو اپنے بندوں کو سزا دینا اور ان کو ہمیشہ تکلیف دینے سے مسرت حاصل ہوتی ہے، یہ کیوں اور اس کی وجہ کیا ہے؟ براہ راست جنت میں جانے والوں کی تعداد تو بہت قلیل ہوگی، اس کی وجہ کیا ہے؟ اللہ تعالیٰ ستر ماں کی محبت رکھنے والا ہے، ان سے محبت کے باوجود کم تعداد میں پیغمبروں کے ذریعہ اسلام کی ہدایت کیوں دی؟ وہ حقیقت میں ستر ماں کی محبت رکھنے والا ہوتا تو پیغمبروں کی نصائح کو جو ابتدائی دنیا سے لے کر انتہائی دنیا تک کے بندوں کے دلوں میں اتار کر اور شیطان کی طاقت کو روک کر تمام بندوں کو ایمان کی دولت سے سرفراز فرماتا اور ان تمام لوگوں کو جنت کا مستحق بنا دیتا، ایسا نہیں کیا ہے، کیا خداوند تعالیٰ ستر ماں کی محبت نہیں رکھتا ہے، ہم لوگ غیر قوم کو اس سوال کا جواب کیسے دیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

غیر قوم کے لوگ جو اعتراض کرتے ہیں تو اس کے جواب کی ذمہ داری آپ نہ لیں جب تک آپ کے پاس قرآن کریم، حدیث شریف، تفسیر، فقہ، عقائد کا علم باقاعدہ حاصل نہ ہو، اس کی مثال ایسی ہے جیسے کسی نے ڈاکٹری نہیں پڑھی اور وہ دوسرے مریض کو بتانے کے لئے دوا کی تحقیق کرے کہ فلاں مرض میں فلاں مریض کو کیا دوا دی جائے، دنیا میں مریض بے انتہا اور مرض بھی بے انتہا، ہر مرض کی دوا ہر مریض کے لئے ڈاکٹروں سے دریافت کرتا پھرے گا تو پریشان ہو جائے گا، پھر بغیر سمجھے مریضوں کو دوا بتائے گا، تو ہو سکتا ہے کہ اصل مرض کو بغیر سمجھے ہی دوا بتا دے جس سے مریض کو نقصان پہونچ جائے اس کے لئے تو باقاعدہ ڈاکٹری کا پڑھنا اور علاج سیکھنا ضروری ہے۔

اصولی طور پر آپ خود اس بات کو سمجھ لیں کہ ایک شخص وہ ہے جو ایک حکومت کو تسلیم کرتا ہے، رعیت بن کر رہتا ہے، بغاوت نہیں کرتا ہے، کبھی کسی جرم کا بھی ارتکاب کرتا ہے حکومت اس کو سمجھاتی ہے، کبھی سزا بھی دیتی

Made searchable using ScribeTools.com

ہے پھر چھوڑ دیتی ہے۔ایک شخص وہ ہے جو حکومت کو تسلیم نہیں کرتا ہے، رعایا نہیں بنتا ہے، حکومت کی بغاوت کرتا ہے، حکومت کو ختم کر کے اپنا قانون چلانا چاہتا ہے، ایسے شخص کو حکومت معاف نہیں کرتی بلکہ قتل کرادیتی ہے، یا ہمیشہ کے لئے محبوس رکھتی ہے، اس پر رحم کر کے معاف کردینے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا ہے۔اسی مثال سے مسلم اور غیر مسلم کا فرق سمجھ لیا جائے کہ مسلم تو ایمان رکھتا ہے (حکومت کو تسلیم کرتا ہے) غیر مسلم ایمان نہیں رکھتا (حکومت کو تسلیم نہیں کرتا ہے) یہ آپ کے سمجھنے کے لئے ہے غیر قوموں کو آپ خود جواب نہ دیں بلکہ کہہ دیں کہ علماء سے دریافت کرو۔

اللہ تعالیٰ نے جنت اور دوزخ کا راستہ دنیا میں بتلا دیا (۱)، اب انسان خود اپنے اختیار سے صحیح راستہ کو اختیار کرے غلط راستہ سے بچے، جیسے سورج کے ذریعہ سب جگہ روشنی پھیل گئی اب آدمی آنکھ کھول کر اس کی روشنی سے نفع اٹھائے، آنکھ بند کر کے نقصان اٹھائے گا تو خود ذمہ دار ہوگا، سورج کے ذمہ نہیں کہ زبردستی آنکھ کھلوائے، پھول اور کانٹے دونوں ہی موجود ہیں جس کا دل چاہے پھول حاصل کرنے کی کوشش کرے اور جس کا دل چاہے کانٹوں میں پھنسے، نفع دینے والی عمدہ غذا بھی دنیا میں موجود ہے نقصان دینے والا زہر بھی موجود ہے، انسان اپنے اختیار سے نفع دینے والی عمدہ غذا کو حاصل کرتا ہے زہر سے بچتا ہے، اسی طرح اعمال کا حال ہے کسی کو مجبور نہیں کیا جاتا ہے (۲)۔اگر کوئی اندھا آدمی نامحرم کو نہ دیکھے تو کیا کمال ہے، آنکھ والا آدمی اگر اپنی نظر کو غلط جگہ سے بچائے تو قابل تعریف ہے، اسی طرح جنت اور دوزخ کے اعمال کو سمجھ لیجئے، یہ بھی آپ کو سمجھانے کے لئے ہے غیر قوموں کو جواب دینے کے لئے نہیں ہے۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۳۰/۳/۹۱ھ۔

---

(۱) قال الله تعالىٰ: ﴿ألم نجعل له عينين ولساناً وشفتين، وهديناه النجدين﴾ (سورة البلد: ۷،۸)

(۲) "و إذا عرفت ذلک فللعباد أفعال اختيارية يثابون عليها إن كانت طاعةً، و يعاقبون عليها إن كانت معصيةً، لا كما زعمت الجبرية أن لا فعل للعبد أصلاً، لا كسباً و لا خلقاً". (شرح الفقه الأكبر للملا على القاري، ص: ۱۰۲، دار النفائس بيروت)

(وكذا في شرح العقائد النسفية للتفتازاني، ص: ۸۲، قديمي)

سزا جزاء کا مقام

سوال[۳۷۵]: روزِ جزاء میں جب سزا وجزا دی جائے گی کس مقام پر ہوگی؟ مثلاً خانہ کعبہ ومدینہ و شام وغیرہ کہاں ہوگا؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

جزاوسزا تو جنت، دوزخ میں ہوگی اور حشر کا میدان ارض شام میں ہے، هكذا في تفسير ابن كثير، سورة الحشر: ٤/ ٢٣٢ (١) و مختصر تذكرة القرطبي، ص: ٤٣ (٢)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۴/ ۶/ ۶۱ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ۔

صحیح: عبد اللطیف، ۲۴/ ۶/ ۶۱ھ۔

جس بچہ کا عقیقہ نہیں ہوا کیا وہ شفاعت کرے گا؟

سوال[۳۷۶]: بغیر عقیقہ کے شیر خوار بچہ انتقال کر جائے تو قیامت کے روز ماں باپ کی شفاعت کرے گا یا نہیں؟ اگر نہیں تو والدین کو اس کی شفاعت حاصل کرنے کے لئے کوئی صورت ہے یا نہیں؟

---

(۱) "عن ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنهما قال: من شک في أن أرض المحشر ههنا: يعني الشام، فليقرأ هذه الاية: ﴿هو الذي أخرج الذين كفروا من أهل الكتاب من ديارهم لأول الحشر﴾" قال لهم رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "أخرُجوا" قالوا: إلى أين؟ قال: "إلى أرض المحشر". (تفسير ابن كثير، (الحشر ۲): ۴/ ۴۲۵، مكتبه دار الفيحاء)

(۲) "وكان أول حشرٍ حشروا في الدنيا إلى الشام، قال: ابن عباس رضي الله تعالىٰ عنهما: من شک أن الحشر في الشام فليقرأ هذه الآية، و ذلک أن النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قال لهم: "أخرُجوا" قالوا: إلى أين؟ قال: "إلى أرض المحشر". (التذكرة للقرطبي، باب الحشر، و معناه: الجمع، ص: ۲۲۵، أسامة الاسلامية)

(وكذا في روح المعاني، (الحشر: ۲): ۲۸/ ۴۰، دار إحياء التراث العربي)

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداً و مصلیاً :

امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ وہ بچہ شفاعت نہیں کرے گا، کذا فی فیض الباری: ۴/ ۳۳۷، (۱) لیکن حنفیہ کے نزدیک عقیقہ واجب نہیں کہ اس کے ترک پر شفاعت سے محرومی ہو (۲)، شفاعت سقط (ناتمام بچہ جس کا اسقاط ہوجائے) بھی کرے گا (۳)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

☆.....☆.....☆.....☆.....☆

---

(۱) "ثم عند الترمذی حدیث: أن الغلام مرتهن بعقیقته، و أجود شروحه ما ذکره أحمد، حاصله أن الغلام إذا لم یعق عنه، فمات، لم یشفع لوالدیه". (فیض الباری، کتاب العقیقة: ۴/۳۳۷، خضر راه بکڈپو دیوبند)

(۲) "و قد ذکر فی غرر الأفکار أن العقیقة مباحة علی ما فی جامع المحبوبی، أو تطوع علی ما فی شرح الطحاوی". (رد المحتار، کتاب الأضحیة: ۶/ ۳۲۶، سعید)

"العقیقة عن غلام و عن جاریة ..... مباحة، لا سنة و لا واجبة". (الفتاوی العالمکیریة، کتاب الکراهیة، باب فی تسمیة الأولاد ..... والعقیقة: ۵/ ۳۶۲، رشیدیه)

(۳) "عن علی رضی الله عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "إن السقط لیراغم ربه إذا أدخل أبویه النار، فیقال: أیها السقط المراغم ربه! أدخل أبویک الجنة، فیجرهما بسرره حتی یدخلهما الجنة". (سنن ابن ماجه، کتاب الجنائز، باب ما جاء فی من أصیب بسقط، ص: ۱۱۶، میر محمد)

ما یتعلق بالجنة و نعیمها

(جنت اوراس کی نعمتوں کا بیان)

جنت پیدا ہو چکی یا نہیں؟

سوال[۳۷۷]: ایسے شخص کے متعلق جس کا خیال یہ ہے کہ جنت پیدا نہیں کی گئی ہے، یوم آخرت میں پیدا کی جائے گی، پھر معراج کا واقعہ، پھر آدم علیہ الصلاۃ والسلام کا جنت کے اندر آنا یہ کیسے صحیح ہوگا؟ اور وہ یہ کہتا ہے کہ جنت کے معنی باغ کے ہیں اور واقعہ معراج اور حضرت آدم علیہ الصلاۃ والسلام کا آنا باغ میں ہوا، لہٰذا ایسے شخص کے متعلق شریعت کیا کہتی ہے؟ وضاحت کے ساتھ تحریر فرمائیں۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

اس شخص کا یہ خیال صحیح نہیں، اس کو اپنے اس خیال کی اصلاح لازم ہے، اس لئے کہ یہ خیال اکثر معتزلہ کا ہے جو کہ جمہورِ اہل سنت والجماعۃ کے نزدیک غلط ہے، شرح عقائد نسفی، ص: ۸۰ میں ہے:

"والجنة حق والنار حق، و هما مخلوقتان موجودتان، و زعم أكثر المعتزلة أنهما إنما تخلقان يوم الجزاء اهـ". (۱) ۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، ۲۸/۳۰/۹۰ھ۔

---

(۱) (شرح العقائد النسفية للتفتازانی، ص: ۸۰، ۸۱ المطبع اليوسفی)

"جمهور المسلمين على أن الجنة والنار مخلوقتان الآن، خلافاً لأبی هاشم والقاضی عبد الجبار و من يجری مجراهما من المعتزلة حيث زعموا أنهما يخلقان يوم الجزاء". (شرح المقاصد، المقصد السادس فی السمعيات، فصل فی المعاد: ۳/۳۵۸، دار الكتب العلميه بيروت)

"أما قوله: إن الجنة والنار مخلوقتان، فاتفق أهل السنة على أن الجنة والنار مخلوقتان موجودتان الآن، و لم يزل أهل السنة على ذلک، حتى نبغت نابغة من المعتزلة والقدرية، فأنكرت ذلک وقالت: بل ينشئهما الله يوم القيامة" (شرح العقيدة الطحاوية لابن أبی العز: ص: ۴۲۰، قديمی) =

Made searchable using ScribeTools.com

جنت، دوزخ اور حوض کوثر کہاں ہیں؟

سوال[۳۷۸]: جنت دوزخ حوض کوثر آسمان پر ہوں گے یا زمین پر ہوں گے؟ جب کہ جنت، دوزخ اب بھی موجود ہیں اور ساتھ ہی ساتھ جنت اور دوزخ میں اب بھی انسان ہیں، جیسا کہ مظاہر حق اور تفسیر موضح القرآن میں ہے، تو پھر جنت دوزخ کہاں ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

جنت کے متعلق وارد ہے: ﴿و عرضها كعرض السماء والأرض﴾ (۱) اور دوسرے مقام پر ہے: ﴿عرضها السموات والأرض﴾ الاية (۲) پھر اس کے آسمان پر یا زمین پر ہونے کا سوال کیسے پیدا ہوسکتا ہے، کوثر کا جنت میں ہونا احادیث میں بصراحت موجود ہے (۳) جہنم کا تعرفی الحال ساتویں زمین کے

= "(والجنة والنار مخلوقتان اليوم): أى موجودتان الآن قبل يوم القيامة، لقوله تعالىٰ فى نعت الجنة: ﴿أعدت للمتقين﴾ و فى وصف النار: ﴿أعدت للكافرين﴾ وللحديث القدسى: (أعددت لعبادي الصالحين ما لا عين رأت، ولا أذن سمعت، ولا خطر على قلب بشر)" و لحديث الإسراء: "أدخلت الجنة، و أريت النار" و هذه الصيغة موضوعة للمضي حقيقةً، فلا وجه للعدول عنها إلى المجاز إلا بصريح آية أو صحيح دلالة، و في المسألة خلاف للمعتزلة". (شرح الفقه الأكبر للملا على القاري، ص: ۹۸، قديمى)

(۱) (الحديد: ۲۱)

(۲) (آل عمران: ۱۳۳)

(۳) "عن أنس رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "بينا أنا أسير فى الجنة إذا أنا بنهر حافتاه قباب الدر المجوف، قلت: ما هذا يا جبرئيل؟ قال: هذا الكوثر الذى أعطاك ربك، فإذا طينه مسك إذفر". (مشكوة المصابيح، ص: ۴۸۷، باب الحوض، قديمى)

"عن أنس رضى الله عنه قال: سئل رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: ما الكوثر؟ قال: "ذاك نهر أعطانيه الله": يعنى فى الجنة أشد بياضاً من اللبن و أحلى من العسل اهـ". (مشكوة المصابيح، ص: ۴۹۸، باب صفة الجنة و أهلها، قديمى)

Made Searchable by ScribeTools.com

نیچے ہے(۱) کذا فی مجموعۃ الفتاویٰ:۲/۳۹۳(۲)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور،۲۴/۶/۶۱ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف،۲۴/۶/۶۱ھ۔

کیا جنت اور دوزخ بھی فنا ہوں گی؟

سوال[۳۷۹]: آیت:﴿کل شیء هالك إلا وجهه﴾ (۳) سے معلوم ہوتا ہے کہ جنت اور دوزخ اور حاملانِ عرش فرشتے بھی فنا ہوں گے،تو دریافت طلب امر یہ ہے کہ ان کے فنا ہونے کی کیا صورت ہوگی اور کتنے عرصہ تک ان پر عدم طاری رہے گا؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

اگر اشکال صرف آیت سے ہے تو تفسیر ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ دیکھئے، ان شاء اللہ تعالیٰ رفع ہوجائے گا،اس میں لکھا ہے: "(کل شیء) کل عمل لغیر وجه الله (هالك) مردود (إلا وجهه) إلا ما ابتغی به جهة، و کل ملك زائل إلا ملکه (له الحکم) القضاء بین خلقه (وإلیه ترجعون) بعد الموت فیجازیکم بأعمالکم اهـ"(۴)۔

اس تفسیر کو حافظ ابن کثیر نے بھی مجاہد اور ثوری سے نقل کیا ہے(۵) اگر اشکال کسی اور شیء سے مثلاً لفظ

---

(۱) "ثم الأصح أنه فی السماء و یدل علیه قوله:﴿عند سدرة المنتهیٰ عندها جنة المأوی﴾..... و أماالنار فقیل: تحت الأرضین السبع". (شرح الملا علی القاری علی الفقه الأکبر ، ص:۹۸، قدیمی)

"والصحیح أنه علی السماء السابعة، و أما النار فالمشهور فی الشرع أنها تحت الأرضین". (النبراس ، ص:۳۴۰، مبحث مقام الجنة والنار)

(۲) (مجموعة الفتاویٰ : ۱/۱۰۵ ، باب الجنة، سوال :۳ سعید)

(۳) (القصص :۸۸)

(۴) (تفسیر ابن عباس، (القصص :۸۸)، ص: ۳۳۱، انتشارات استقلال تهران)

(۵) "قال مجاهد والثوری فی قوله تعالیٰ: ﴿کل شیء هالك إلا وجهه﴾: أی إلا ما أرید به وجهه". (تفسیر ابن کثیر، (سورة القصص :۸۸): ۳/۵۳۵، مکتبه دار الفیحاء)

Made searchable using ScribeTools.com

کے معنی لغوی یا اصطلاحی یا کسی تفسیر کی عبارت سے پیدا ہوا ہے تو اس کے معلوم ہونے پر جواب دیا جاسکتا ہے۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ نائب مفتی مدرسہ مظاہر العلوم سہارنپور۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف، ۲۰/ ربیع الثانی/ ۵۹ھ۔

حجر اسود جنت کا پتھر ہے

سوال[۳۸۰]: کیا حجر اسود جنت کا پتھر ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

جی ہاں، حجر اسود جنت کا پتھر ہے(۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، دار العلوم دیوبند۔

جنت میں دخولِ اوّلی کے لئے عمل

سوال[۳۸۱]: اگر کوئی شخص جنت میں دخول اولین کا مشتاق ہو تو کیا (اس کے لئے) کوئی عمل بھی ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

احکام شرع کی پابندی کرے(۲) کلمہ طیبہ کا ورد رکھے(۳) دخول اوّلی کی دعاء کرتا رہے(۴) جن اعمال پر دخول نار کی وعید ہے ان سے پورا پرہیز کرے، جن اعمال پر دخول جنت کی بشارت ہے ان کا اہتمام کرتا رہے(۵) ان شاء اللہ تعالیٰ دخول اوّلی کا مستحق ہوگا۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دار العلوم دیوبند، ۱۹/ ۵/ ۱۴۰۱ھ۔

---

(۱) "عن ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنهما قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم: "نزل الحجر الأسود من الجنة و هو أشدّ بیاضاً من اللبن، فسوّدته خطایا بنی أدم". رواه أحمد والترمذی". (مشکوة المصابیح، کتاب المناسک، باب دخول مکة والطواف، الفصل الثانی، ص:۲۲۷، قدیمی)

(وجامع الترمذی، أبواب الحج، باب ما جاء فی فضل الحجر الأسود والرکن والمقام: ۱/۱۷۷، سعید)

(۲) "عن جابر رضی اللہ تعالیٰ عنه قال: أتی النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم النعمان بن قوقل فقال: یا =

.....

= رسول الله ! أرأيت إذا صليت المكتوبة، و حرمت الحرام و أحللت الحلال أ أدخل الجنة؟ فقال النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "نعم". (الصحيح لمسلم، كتاب الإيمان، باب السؤال عن أركان الإسلام : ۱/۳۲، قديمى كتب خانه)

قال النووى رحمه الله تعالىٰ: "قوله حرمت الحرام أنه أراد به أمرين: أن يعتقد حراماً و أن لا يفعله بخلاف تحليل الحلال، فإنه يكفى فيه مجرد اعتقاده حلالاً". (شرح النووى على الصحيح لمسلم ، المصدر السابق)

(۳) "عن عثمان رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : "من مات و هو يعلم أنه لا إله إلا الله دخل الجنة". (الصحيح لمسلم، كتاب الإيمان، باب الدليل على أن من مات على التوحيد دخل الجنة: ۱/۴۱، قديمى)

"قال النووى رحمه الله تعالىٰ فى شرح الحديث المذكور : واعلم أن من مذهب أهل السنة و ما عليه أهل الحق من السلف والخلف أن من مات موحداً دخل الجنة قطعاً على كل حال، فإن كان سالماً من المعاصى كالصغير، والمجنون الذى اتصل جنونه بالبلوغ ، والتائب توبةً صحيحةً من الشرك أو غيره من المعاصى إذا لم يحدث معصيةً بعد توبة، والموفق الذى لم يبتل بمعصية أصلاً، فكل هذا الصنف يدخلون الجنة و لا يدخلون النار أصلاً ..... وأمّامن كانت له معصية كبيرة و مات من غير توبة فهو فى مشية الله، فإن شاء عفا عنه و أدخله الجنة أولا وجعله كالقسم الأول، و إن شاء عذّبه بالقدر الذى يريده سبحانه ثم يدخله الجنة، فلا يخلد فى النار أحد مات على التوحيد و لو عمل من المعاصى ما عمل كما أنه لا يدخل الجنة أحد مات على الكفر و لو عمل من أعمال البر ما عمل ..... و كذلك ما ورد فى حديث عبادة من مثل هذه، ودخوله من أىّ أبواب الجنة شاء يكون ذلك خصوصاً لمن قال ما ذكره رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و قرن بالشهادتين حقيقة الإيمان والتوحيد الذى ورد فى حديثه، فيكون له من الأجر ما يرجح على سّيئاته، و يوجب له المغفرة والرحمة، ودخول الجنة لأول وهلة إن شاء الله". (شرح النووى على الصحيح لمسلم : ۱/۴۱، ۴۲، قديمى)

(۴) "عن أبى هريرة –رضى الله تعالىٰ عنه– قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : "ليس شىء أكرم على الله من الدعاء". (مشكوة المصابيح ، كتاب الدعوات ، ص: ۱۹۴ ، الفصل الأول ، قديمى)

"عن سلمان رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : "إن ربكم حيّى كريم ،=

Made searchable using ScribeTools.com

دخول جنت اعمال صالحہ سے ہوگا یا فضل خداوندی سے؟ ایک مکالمہ

سوال[۳۸۲]: زید اور بکر دو طالب علم آپس میں بحث کرتے ہیں، ان میں کس کی دلیل قوی ہے؟

زید: اعمال صالحہ سے جنت ہرگز نہیں ملتی، بلکہ اللہ تعالیٰ جس کو چاہتا ہے اپنے فضل سے دیتا ہے، ورنہ نہیں (سننے والے کہتے ہیں کہ بس تو نیکی، بدی کا کوئی اعتبار نہیں)۔

بکر: اللہ تعالیٰ کا فضل وکرم عام ہے، فضل تو کافر مشرک پر بھی کرسکتا ہے، مگر قرآن پاک میں تو صالحین وشہداء کرام کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے جنت کا وعدہ فرمایا ہے اور کافر ومشرک کو جہنمی فرمایا ہے، دیکھو آیت شریفہ سورہ توبہ رکوع:۹: ﴿وعد الله المؤمنين والمؤمنات جنّت تجرى من تحتها الأنهار خلدين فيها، ومساكن طيبةً فى جنّت عدن﴾ (۱)۔

دوسرے سورہ بیّنہ: ﴿إنّ الذين كفروا من أهل الكتاب والمشركين فى نار جهنم خلدين فيها، أولئك هم شر البرية. إن الذين امنوا وعملوا الصالحات، أولئك هم خير البرية. جزائهم عندربهم جنّت عدن تجرى من تحتها الأنهار خلدين فيها أبداً، رضى الله عنهم ورضوا عنه، ذلك لمن خشى ربه﴾(۲) پھر تیسرے: ”قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: ”من قال:

= يستحيى من عبده إذا رفع يديه إليه أن يردهما صفراً“. (مشكوة المصابيح، كتاب الدعوات، ص:۱۹۵، قديمى)

(۵) ”عن ابن مسعود رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: ”الجنة أقرب إلى أحدكم من شراك نعليه، والنار مثل ذلك“. (مشكوة المصابيح، كتاب الدعوات، باب الإستغفار والتوبة، الفصل الأول، ص:۲۰۷، قديمى)

قال على القارى رحمه الله تعالىٰ: ”هذا لأن سبب دخول الجنة والنار مع الشخص وهو العمل الصالح والسّىء، و هو أقرب إليه من شراك نعله، إذ هو مجاور له والعمل صفة قائمة به“. (مرقاة المفاتيح:۵/۲۰۲، رشيديه)

(۱) (التوبة: ۷۲)

(۲) (البينة: ۶، ۷، ۸)

لا إله إلاالله محمدرسول الله، دخل الجنة"(۱)۔

الجواب حامداًومصلیاً:

نفس دخول جنت تواللہ تعالی کے فضل وکرم سے ہوگا (۲) (فضل کے مستحق باعتبار قانون خداوندی وہ لوگ ہیں جوایمان کے ساتھ اعمال صالحہ کریں اورمعاصی سے مجتنب رہیں (۳) اورقانون سے بالاتر یہ امر بھی ہے کہ وہ بغیر اعمال صالحہ کے بھی جس مومن پر چاہیں اپنا لطف وفضل فرمادیں،نصوص واحادیث اس پر بھی شاہد ہیں (۴) اورقدرت اس امر کی بھی ہے کہ اگر چاہیں تو بے ایمان کوبھی بخش دیں،مگر چونکہ اس کے نہ بخشنے کاوعدہ فرماچکے ہیں اوروعدہ خلافی کرنے کی باری تعالی کی عادت نہیں ،اس لئے وہ ایسا کریں گے نہیں)(۵)۔پھر جنت میں فرقِ درجات اعمال صالحہ کی حیثیت سے ہوگا،الکوکب الدری میں احادیث و

---

(۱) (تاريخ أصبهان لأبی نعيم: ۲۱۶/۱،أروبا)

(۲) "عن أبی هريرة –رضی الله تعالیٰ عنه– عن رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم أنه قال :"لن ينجی أحداًمنكم عمله"قال رجل: ولاإياك يارسول الله؟ قال:"ولاإياى، إلا أن يتغمدنی الله منه برحمة، ولكن سدّدوا". (الصحيح لمسلم،كتاب صفة المنافقين وأحكامهم،باب لن يدخل أحد الجنة بعمله بل برحمة الله تعالی : ۳۷۶/۲،قديمی)

(۳) قال الله تعالیٰ: ﴿إن الذين آمنوا وعملوا الصالحات، كانت لهم جنات الفردوس نزلاً﴾. (الكهف:۱۰۷)

(۴) قال الله تعالیٰ: ﴿يغفرلمن يشاء ويعذب من يشاء﴾. (المائدة: ۱۸)

وقال الله تعالیٰ: ﴿إن تعذبهم فإنهم عبادك، وإن تغفرلهم فإنك أنت العزيزالحكيم﴾. (المائدة:۱۱۸)

"عن أنس رضی الله تعالیٰ عنه عن النبی صلی الله تعالیٰ عليه وسلم قال: "يخرج من النار من قال: لاإله إلا الله وفی قلبه وزن شعير من خير، ويخرج من النار من قال: لاإله إلا الله وفی قلبه وزن برة من خير، ويخرج من النار من قال: لاإله إلاالله وفی قلبه وزن ذرة من خير."(صحيح البخاری ،كتاب الإيمان،باب زيادة الإيمان ونقصانه : ۱۱/۱،قديمی)

(۵) " وهی أنه هل يجوز الخلف فی الوعيد ؟فظاهر مافی المواقف والمقاصد أن الأشاعرة قائلون بجوازه؛ لأنه لايعد نقصاًبل جوداًوكرماً. و صرح التفتازانی وغيره بأن المحققين على عدم جوازه، =

Made Searchable using ScribeTools.com

نصوص کی تائید سے اس کو ثابت کیا ہے(۱)لہذا نیکی بدی کو بیکار کہنا بھی جہالت ہے:﴿فمن یعمل مثقال ذرّة خیراً یرہ، ومن یعمل مثقال ذرّة شراً یرہ﴾ (۲)اور محض اپنے اعمال صالحہ پر مغرور ہوکر فضلِ خداوندی سے مستغنی و بے نیاز ہونا بھی حماقت ہے: "إلا أن یتغمدنی اللّٰہ بغفرانه"الحدیث(۳)۔ یہ دونوں طالب علم اگر سامنے موجود ہوں تو دلائل سے بسہولت سمجھایا جاسکتا ہے۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۸/شوال/۶۶ھ۔

صحیح:عبداللطیف مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، الجواب صحیح:سعید احمد غفرلہ۔

حور جنت کی خاص صفت

سوال[۳۸۳]: جنت میں حورعین وغیرہ اوران کا حسن وجمال ولطافت بے انتہا ہوگی حتی کہ ان کی

= وصرح النسفی بأنه الصحیح لاستحالته علیه تعالیٰ، لقوله: ﴿و قد قدمت إلیکم بالوعید، ما یبدل القول لدَی﴾. (سورة ق: ۲۸، ۲۹). ﴿ولن یخلف اللّٰہ وعده﴾. (سورة الحج: ۴۷) :أی وعیده، والأشبه ترجح جواز الخلف فی الوعید فی حق المسلمین خاصةً دون الکفار". (رد المحتار ،باب صفة الصلاة ،مطلب فی الدعاء المحرم: ۱/۵۲۲،سعید)

(۱) "قوله: (فإن منزلتک عند آخر آیة تقرأها): ولما کانت درجات الجنان کأعداد آیات القرآن کان القاری لتمام کلام اللّٰہ السبحان راقیاً علی أقاصی الدرجات، وفضل الدرجات فیها بینها فی کل درجة کتفاوت مافی سائر الدرجات فیما بینها، فلا یتوهم تساوی القاری بالأنبیاء علیهم السلام وغیرهم الخ". (الکوکب الدری، أبواب فضائل القرآن ،باب من قرأ حرفاً من القرآن: ۴/۳۰،ادارة القرآن والعلوم الإسلامیه، کراچی)

(۲)(الزلزال: ۷،۸)

(۳)" قال:" ولا أنا، إلا أن یتغمدنی اللّٰہ بمغفرة ورحمة". (صحیح البخاری، کتاب الرقاق ،باب القصدو المداومة علی العمل: ۲/۹۵۷،قدیمی)

(والصحیح لمسلم ،کتاب التوبة ،باب لن یدخل أحد الجنة بعمله بل برحمة اللّٰہ تعالی: ۲/۳۷۶،قدیمی)

(ومسند الإمام أحمد بن حنبل: ۲/۲۶۴،رقم الحدیث: ۷۵۳۳، دارإحیاء التراث العربی)

پنڈلیوں کا گودا ہڈی اور گوشت تک نظر آنا مرقوم ہے تو کیا اعضائے مخصوصہ بھی نظر آئیں گے یا مستور ہونگے؟ یہ کیسی لطافت ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

جس کی حور ہوگی وہ اگر چاہے گا کہ اس کا فلاں عضو بھی نظر آجائے تو اس کا وہ عضو بھی نظر آجائے گا، جیسے اپنی بیوی کے جس عضو کو دیکھنا چاہے تو اس کے لئے ممانعت نہیں: ﴿و فیها ما تشتهیه الأنفس و تلذ الأعین﴾ (۱) بے حیائی کا وہاں کوئی کام نہیں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۲۵/۴/۹۴ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۵/۴/۹۴ھ۔

کیا جنت کی حوریں فنا ہوں گی؟

سوال[۳۸۴]: قرآن شریف میں فرمایا گیا ہے کہ ''ہر شیء فنا ہوجائے گی سوائے باری تعالیٰ کے''، تو یہ بتلایئے کہ فرشتے کے اوپر فنا طاری ہوگی یا نہیں؟ کیونکہ وہ بھی کل کے اندر داخل ہورہے ہیں، جنت میں جو حوریں ہوں گی ان کا جسم ہوگا یا نہیں؟ اگر جسم ہوگا تو فنا ہوں گی یا نہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

فرشتے بھی فنا ہوجائیں گے(۲) جنت میں حوروں کو وہاں کی شان کے لائق جسم ہوگا انسان کو بھی

---

(۱) (الزخرف : ۷۱)

(۲) قال الله تعالیٰ: ﴿كل شیء هالک إلا وجهه﴾ الآیة (سورة القصص:۸۸)

''یخبر تعالیٰ أن جمیع أهل الأرض سیذهبون و یموتون أجمعون ، و کذلک أهل السموات إلا من شاء الله، و لا یبقی أحد سوی وجهه الکریم''. (تفسیر ابن کثیر، (الرحمن: ۲۶): ۳۴۹/۴، مکتبه دارالفیحاء)

''و أخرج عن ابن مردویه أنه قال: لما نزلت: ﴿كل نفس ذائقة الموت﴾ قیل: یارسول الله! فما بال الملائکة؟ فنزلت: ﴿كل شیء هالک إلا وجهه﴾ فبین فی هذه الآیة فناء الملائکة والثقلین من الجن والإنس و سائر عالم الله تعالیٰ و بریته من الطیر والوحوش والسباع والأنعام، وکل ذي روح أنه =

Made searchable using ScribeTools.com

ملے گا (۱) پھر وہاں کوئی چیز فنا نہیں ہوگی (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۲۲/۲/۹۵ھ۔

مردوں کو جنت میں حور وغلمان ملیں گے عورتوں کو جنت میں کیا ملے گا؟

سوال[۳۸۵]: عمل صالح کرنے سے مردوں کو جنت ملے گی، حور وغلمان ملیں گے مگر عورتوں کو کیا ملے گا؟ جب کہ خاوند بھی اس بات کو برداشت نہیں کرسکتا کہ عورتوں کو ان کے خاوند بھی ملیں اور دوسرے بھی۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

عورتوں کو ان کے خاوند ملیں گے جو ان کے لئے انتہائی راحت کا ذریعہ ہوں گے، کسی اَور طرف ان کی نظر نہیں جائے گی بلکہ خیال بھی نہیں آئے گا۔

= هالک میت". (روح المعانی، (القصص: ۸۸): ۲۰/۱۹۴، ۱۹۵، دار الفکر)

"و قال ابن عباس رضی الله تعالیٰ عنهما: لما نزلت هذه الآیة، قالت الملائکة: هلک أهل الأرض، فنزلت: ﴿کل شیء هالک إلا وجهه﴾ (القصص: ۸۸)، فأیقنت الملائکة بالهلاک". (الجامع لأحکام القرآن للقرطبی، (الرحمن: ۲۶): ۱۷/۱۰۸، دارالکتب العلمیة)

(۱) "عن عبد الله بن مسعود عن النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قال: "إن المرأة من نسآء أهل الجنة لیری بیاض ساقها من وراء سبعین حلةً حتی یری مخّها، و ذلک یقول: (کأنهن الیاقوت والمرجان)". (جامع الترمذی: ۱/۸۰، باب ما جاء فی صفة نسآء أهل الجنة، سعید)

(۲) "أن عبد الله رضی الله تعالیٰ عنه قال: إن رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قال: "یدخل الله أهل الجنةِ الجنةَ، و یدخل أهل النارِ النارَ، ثم یقوم مؤذن بینهم فیقول: یا أهل الجنة! لاموت، و یا أهل النار! لا موت، کلٌ خالد فیما هو فیه". (الصحیح لمسلم: ۲/۳۸۲، باب جهنم أعاذنا الله تعالیٰ منها، قدیمی)

"و لا تموت الحور العین أبداً: أی لا یطرأ علیهن عدم". (شرح الفقه الاکبر لأبی منصور الماتریدی، ص: ۱۶۰)

مشکوۃ شریف اور دیگر کتب احادیث میں موجود ہے(۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند۔

جنت کی چار نہریں

سوال[۳۸۴]: ''مشارق الانوار'' کے اردو ترجمہ میں یہ حدیث پاک پڑھی کہ وہ بخاری ومسلم میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سیحون جیحون، فرات اور نیل ہر ایک بہشت کی نہریں ہیں(۲)۔

(فائدہ) سیحون وجیحون ترکستان میں ہیں اور فرات عراق میں اور نیل مصر میں، ان نہروں کا پانی بہشت کی نہروں کے مشابہ ہے، یا کم ازکم ان نہروں کی امداد وہاں سے ہوتی ہے، خاکسار کے ذہن میں اشکال پیدا ہورہا ہے کہ جب دریا جنت سے نکلتی ہیں اور جنت آسمان میں ہے، اور لاکھوں میل کا فاصلہ ہے تو اگر ہم کوئی مشین ایجاد کرکے اس کے مرکز پر پہنچنا چاہیں تو پہنچ جانا چاہئے، جیسے گنگا جمنا کے ہمالیہ کے علاقے میں ہم پہنچ سکتے ہیں، بہرحال اس کا ربط کیا ہے؟ فقط۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

ان نہروں کا سلسلہ تو بہت دراز ہے، ایک دوسری حدیث پر غور کرکے اس کا رابطہ جنت سے معلوم کرلیں: ''عن أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "مابين بيتی ومنبری روضة من رياض الجنة، ومنبری علی حوضی"۔متفق علیه"۔ مشکوة

---

(۱) "ثم ننصرف إلى منازلنا فيتلقانا أزواجنا، فيقلن: مرحباً و أهلاً لقد جئت وإن بك من الجمال أفضل مما رزقتنا عليه". (مشكوة المصابيح، باب صفة الجنة وأهلها: ص: ۴۹۹، قديمی)

(وجامع الترمذی، أبواب صفة الجنة، باب ما جاء فی سوق الجنة: ۲/ ۸۱، سعيد)

(۲) "عن أبی هريرة -رضی الله تعالیٰ عنه- قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "سيحان وجيحان والفرات والنيل كلٌ من أنهار الجنة." (الصحيح لمسلم، كتاب الجنة وصفة نعيمها وأهلها: ۲/ ۳۸۰، قديمی)

Made searchable using ScribeTools.com

المصابیح، ص: ٦٨ (١)۔

اس کے لئے نہ راکٹ پر اڑنے کی ضرورت پیش آئے گی، نہ کسی اَور سواری کی، اس کے بعد نہروں کا ربط خود بخود واضح ہوجائے گا اور مشقت کی زحمت سے بچ جائیں گے۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ۔

الجواب صحیح: بندہ محمد نظام الدین غفرلہ دارالعلوم دیوبند۔

کیا جنت میں بھی جماع ہوگا اور غلمان کا مطلب

سوال[۳۰۷]: بہشت میں بہشتی لوگ داخل ہونے کے بعد جو دنیا کی عورتیں ہوں گی وہ سولہ سال کی عمر والی بن جائیں گی اور بہشتی مرد سے ان کی شادی ہوگی اور حور وغلمان ان کی خدمت کے لئے ہوں گے، لیکن بہشت میں ان سے مجامعت ہوگی یا نہیں؟ کیونکہ بہشت پاک جگہ ہے اور جماع کرنے سے آدمی ناپاک ہوجاتا ہے، تو ناپاک لوگوں کی جگہ بہشت کیسے ہوسکتی ہے؟ حور وغلمان دو لفظ ہیں، حور سے مراد بہشتی عورت ہے لیکن غلمان سے کیا مراد ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

وہاں مجامعت کرنے سے نہ منی خارج ہوگی، نہ غسل لازم ہوگا، نہ ناپاکی ہوگی (۲)۔ غلمان خدمت کے

---

(۱) (مشکوة المصابیح، کتاب الصلاة، باب المساجد ومواضع الصلاة: ۱/۶۸، قدیمی)

(والصحیح لمسلم، کتاب الحج، باب فضل مابین قبره صلی الله تعالیٰ علیه وسلم ومنبره وفضل موضع منبره: ۱/۴۴۶، قدیمی)

(۲) "قال الطبرانی: و حدثنا أحمد بن یحی الحلوانی ..... عن أبی أمامة أن رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم سئل: أتجامع أهل الجنة؟ قال: "دحاً دحاً، ولکن لامنی و لامنیة" :أی: لاإنزال و لا موت".

"و عنه قال: سئل رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: هل ینکح أهل الجنة؟ قال: "أی والذی بعثنی بالحق! دحماً دحماً "و أشار بیده: "و لکن لامنی و لامنیة".

"و عن سعید بن جبیر أن شهوته لتجری فی جسده سبعین عاماً یجد اللذة، و لا یلحقهم بذلک جنابة، فیحتاجون إلی التطهیر الخ". (حادی الأرواح إلی بلاد الأفراح لإبن قیم الجوزیة، الباب الخامس والخمسون فی ذکر نکاح أهل الجنة و وطئهم الخ، ص: ۲۸۰، ۲۸۱، المکتبة المکیة)

Made Searchable by ScribeTools.com

لئے ہوں گے، جماع کے لئے نہیں (۱) ''فتوحات مکیہ'' میں پوری تفصیل مذکور ہے، احادیث بھی اس سلسلہ میں وارد ہوئی ہیں (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۱۸/ ۷/ ۹۵ھ۔

کیا جنت میں اولاد ہوگی؟

سوال[۳۸۸]: جو شخص جنت میں جائیں گے اور ان کو حوریں ملیں گی، ان کی اولاد ہوگی یا نہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

اگر اولاد کی خواہش کریں گے تو ہو جائے گی (۳)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۳/ ۱/ ۵۷ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف عفا اللہ عنہ، ۶/ محرم/ ۵۷ھ۔

---

(۱) قال الله تعالىٰ: ﴿و يطوف عليهم ولدان مخلدون﴾ ..... أى يطوفون على أهل الجنة للخدمة ولدان من ولدان الجنة". (تفسير ابن كثير، (سورة الإنسان: ۱۹): ۴/ ۵۸۱، مكتبه دار السلام)

﴿ويطوف عليهم﴾: أى للخدمة ﴿ولدان مخلدون﴾: أى دائمون على ماهم فيه من الطراوة والبهاء..... و جاء فى حديث أخرجه ابن مردويه عن أنس مرفوعاً أنهم ألف خادم. و فى بعض الآثار: أضعاف ذلك". (روح المعانى، تفسير قوله تعالىٰ ﴿و يطوف عليهم ولدان مخلدون﴾: ۲۹/ ۱۶۱، دار إحياء التراث العربى، بيروت)

(۲) "و قال قتادة: عن أبى أيوب، عن عبد الله بن عمرو، قال: ما من أهل الجنة من أحد إلا و يسعىٰ عليه ألف غلام على عمل ما عليه صاحبه". (تفسير الطبرى: ۲۹/ ۱۳۶، (الدهر: ۱۹)، دار المعرفة)

"و فى حديث أنس عن النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "أنا أول الناس خروجاً إذا بعثوا". وفيه: "يطوف علىَّ ألف خادم كأنهم لؤلؤ مكنون". (حادى الأرواح إلى بلاد الأفراح، الباب الثانى والخمسون فى ذكر خدَمهم و غلمانهم، ص: ۲۵۶، المكتبة المكية)

(و كذا فى مرقاة المفاتيح، رقم الحديث: ۵۷۶۵، كتاب الفضائل، الفصل الثانى: ۱۰/ ۳۵- ۳۷، رشيديه)

(ومشكوة المصابيح، باب فضائل سيد المرسلين، الفصل الثانى ص: ۵۱۴، قديمى)

(۳) "عن أبى سعيد الخدري رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "المؤمن =

Made searchable using ScribeTools.com

جس عورت نے متعدد شوہر کئے ہوں وہ کس کو ملے گی؟

سوال[۳۸۹] : زید یہ کہتا ہے کہ ہم نے سنا ہے کل قیامت میں جبکہ نیک زوجین جنت میں داخل ہوجائیں گی تو دنیا میں جس طرح خاوند اور عورت کا جوڑا تھا ایسے ہی وہاں وہ عورت خاوند کے لئے حوریں بن جائیں گی، نیز اگر اس نے دنیا میں تین یا چار نکاح کئے ہوں تو وہ عورت کس کس کے لئے حور بنے گی؟ یا اس صورت میں جبکہ خاوند نے بیوہ کے ساتھ نکاح کیا ہو تو اب یہ عورت کس کے لئے حور بنے گی؟ چونکہ اس نے ایک مرتبہ پہلے ہی نکاح کیا تھا، پہلے خاوند کے لئے یا ثانی کے لئے؟ فقط بینوا توجروا۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

یہ دنیا کی عورتیں حور نہیں بنیں گی، حوریں مستقل ہونگی اور یہ عورتیں مستقل ملیں گی، جس عورت نے دنیا میں متعدد شوہر کئے ہیں اس کے متعلق علماء کے دو قول ہیں: ایک یہ کہ اخیر شوہر کو ملے گی، دوسرا یہ کہ اس کو اختیار دیا جائے گا جس کو وہ پسند کریگی اس کو ملے گی:

"اختلف الناس فی المرأة إذا کا ن لها زوجان فی الدنیا لأیهما تکون فی الآخرة؟ قال بعضهم: تکون لآخرهما، وقال بعضهم: تخیر، فتختار أیّهما شاء ت، وقدجا ء فی الأثرما یؤید قول کلا الفریقین: أما من قال: هی لآخر هما فقد ذهب إلی ماروی عن معاویة ابن أبی سفیان أنه خطب أم الدرداء، فأتت وقالت: سمعت أباالدرداء یحدث عن النبی صلی اللّٰه تعالیٰ علیه وسلم أنه قال: المرأة لآخر زوجها فی الآخرة وقال(أی أبوالدرداء): إنی أردت

= إذا اشتهی الولد فی الجنة، کان حمله و وضعه و سنه فی ساعة کما یشتهی". قال : حدیث حسن غریب ، أخرجه ابن ماجة و قال: "في ساعة واحدة فی الجنة".(التذکرة للقرطبی ، باب المؤمن إذا اشتهی الولد فی الجنة ..... الخ ، ص: ۵۲۲، ۵۲۳، أسامة الإسلامیة)

(وجامع الترمذی ، أبواب صفة الجنة ، باب ما جاء ما لأدنی أهل الجنة من الکرامة : ۸۴/۲، سعید)

(وسنن ابن ماجه ، أبواب الزهد ، باب صفة الجنة، ص: ۳۲۳، قدیمی)

(ومسند الإمام احمد بن حنبل رحمه الله تعالیٰ: ۳۸۰/۳، رقم الحدیث : ۱۰۶۷۹، دار احیاء التراث العربی)

أن تكون زوجتي في الأخرة، فلاتتزوجي بعدي. وأما من قال بأنهاتخير، فذهب إلى ماروى عن أم حبيبة رضي الله تعالىٰ عنها زوج النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم أنها سألت النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فقالت: يارسول الله! المرأة منا ربما يكون لها زوجان، لأيهما تكون في الأخرة؟ قال:" تخير فتختار أحسنهما خلقاً معها" ثم قال صلى الله تعالىٰ عليه وسلم:"ذهب حسن الخلق بخيري الدنيا والأخره الخ". بستان فقيه أبي الليث سمرقندي رحمه الله تعالىٰ، ص: ۱۵۱(۱) ۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۴/ ۷/ ۵۶ھ۔

صحیح: عبداللطیف ۶/ رجب ۵۶ھ، الجواب صحیح، سعید احمد غفرلہ۔

جس نے کئی شوہر کئے وہ جنت میں کس کو ملی گی؟

سوال[۳۹۰]: مومن مردوں کو جنت میں حوریں ملیں گی، مؤمنہ عورتوں کو کیا ملے گا؟ اگر خاوند ملیں گے تو دنیا والے یا کوئی دوسرے، اور جس کی دنیا میں کئی بیبیاں تھیں تو پھر سب ملیں گی یا ایک دو؟ اور اگر کسی عورت نے دنیا میں پانچ چھ شوہر کئے تو وہ کون سے شوہر کو ملے گی اور اپنی بیبیاں اپنے ہی شوہر کو ملیں گی یا دوسروں کو؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

مؤمنہ عورتوں کو ان کے شوہر ملیں گے، اگر کسی نے دنیا میں شادی نہ کی ہو تو اس کو اختیار دیا جائے گا کہ جس آدمی کو وہ پسند کرے اس سے ہی اس کا نکاح ہو جائے، اگر وہ کسی کو پسند نہ کرے تو حور عین میں سے ایک مرد

---

(۱) (بستان فقيه أبي الليث السمرقندي رحمه الله تعالىٰ، ص: ۲۴۸، باب إذا كان لها زوجان، مطبع فاروقي دهلي)

(وكذا في أحكام النساء، ص: ۴۱۱، الباب السابع بعد المائة في ذكر رد المرأة إلى زوجها في الجنة إذا لم تتزوج بعده، وزارة الأوقاف والشؤن الاسلامية، قطر)

(ومعجم الطبراني، ص: ۲۳/ ۳۶۸، بيروت)

"المرأة تكون لآخر أزواجها في الدنيا، وجاء: أنها تكون لأحسنهم خلقاً الخ". (البدايه والنهاية، فصل في المرأة تتزوج في الدنيا بأزواج الخ: ۱۰/ ۵۸۵، ط دار الفكر)

Made searchable using ScribeTools.com

پیدا کر کے اللہ تعالیٰ نکاح کر دے گا۔

اور جس نے دنیا میں کئی شوہر کئے تھے تو بعض کہتے ہیں کہ ان میں سے جس کو پسند کر لے اسی کو ملے گی اور بعض کہتے ہیں کہ اخیر والے شوہر کو ملے گی:

"فی الغرائب: ولوماتت قبل أن تتزوج، تخیّر أیضاً، إن رضیت بادمی زوجت منه، وإن لم ترض فاللّٰه یخلق ذکراً من الحور العین فیزوجها منه، واختلف الناس فی المرأة التی یکون لهازوجان فی الدنیا لأیهماتکون فی الاٰخرة؟ قیل: تکون لأخیرهما، وقیل: تخیر، فتختار أیهما شائت انتهی". مجموعه فتاوی :۳/۱۰(۱)۔

اور جس مرد نے کئی عورتیں دنیا میں کی ہیں وہ سب اس کو ملیں گی۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، مظاہر علوم سہارنپور۔

شادی سے قبل مرجانے والوں کا نکاح کیسے ہوگا؟

سوال[۳۹۱]: مسلم بالغ لڑکیاں جن کی شادی نہ ہوسکی اور قضا کر گئیں، جنت میں ان کے واسطے کیا نکاح کا بندوبست ہوگا؟

الجواب حامداًومصلیاً:

جو مسلم لڑکے بغیر شادی کے گزر گئے، ان کے ساتھ نکاح ہونا سہل ہے(۲)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۱۲/ ۷/ ۹۵ھ۔

---

(۱) (مجموعة الفتاوی، کتاب القرآن، باب الجنة: ۱/ ۱۰۴، سعید)

(وکذا فی بستان فقیه أبی اللیث السمرقندی، ص:۲۴۷ باب إذاکان لها زوجان ،مطبع ،فاروقی دهلی)

(وکذا فی أحکام النساء، الباب السابع بعد المائة فی ذکر رد المرأة إلی زوجها فی الجنة إذالم تتزوج بعده، ص: ۴۱۱، وزارة الأوقاف والشؤن الاسلامیة ،قطر)

(والبدایه والنهایة ،فصل فی المرأة تتزوج فی الدنیابأزواج: ۱۰/ ۵۸۵، دارالفکر بیروت)

(۲) "وفی الغرائب: ولوماتت قبل أن تتزوج تخیّر أیضاً، إن رضیت بآدمی زوجت منه، وإن لم ترض فالله یخلق ذکراً من الحور العین، فیزوجها منه". (مجموعة الفتاوی ،باب الجنة: ۱/ ۱۰۴، سعید)

شوہر دوزخی اور بیوی جنتی کیسے ملیں گے؟

سوال[۳۹۲]: جومسلمان کلمہ گو اپنے بدعمل کے تحت دوزخ میں گیا اور اس کی عورت نیک عمل کے تحت جنت میں گئی، اس کا شوہر جنت میں کیونکر اور کیسے ملے گا؟

الجواب حامداًومصلیاً:

اگر سزا بھگت کر آجائے تو کیا اشکال ہے، کیونکہ کوئی مسلمان ہمیشہ کے لیے دوزخ میں نہیں رہے گا(۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۱۲/ ۷/ ۹۵ھ۔

کیا بے نمازی جنت میں جائے گا؟

سوال[۳۹۳]: بے نمازی کے لئے شریعت کیا حکم دیتی ہے؟ کیا بے نمازی جنت میں جائے گا؟

الجواب حامداًومصلیاً:

اگر کوئی شخص نماز کو فرض ہی نہ سمجھے تو وہ مؤمن نہیں (۲)، اگر فرض تو کہتا ہے مگر نماز نہیں پڑھتا اور اس کو

---

(۱) "واعلم أن مذهب أهل السنة وما عليه أهل الحق من السلف والخلف أن من مات موحداً، دخل الجنة قطعاً على كل حال، فإن كا ن سالماً من المعاصى كا لصغير..... يدخلون الجنة ولا يدخلون النار أصلاً.....وأما من كانت له معصية كبيرة، ومات من غير توبة، فهوفى مشية الله تعالى، فإن شاء عفاعنه وأدخله الجنة، وجعله كالقسم الأول، وإن شاء عذبه بالقدر الذى يريده سبحانه، ثم يدخله الجنة، فلا يخلد فى النار أحد مات على التوحيد ولو عمل من المعاصى ماعمل الخ". (شرح النووى على الصحيح لمسلم، كتاب الإيمان، باب الدليل على أن من مات على التوحيددخل الجنة قطعاً: ۱/ ۴۱، قديمى)

(وكذا فى شرح الفقه الأكبر للملا على القارى رحمه الله تعالىٰ، ص: ۱۵۶، قديمى)

(و كذا فى النبراس شرح شرح العقائد، ص: ۵۵۷، مكتبه حقانية پشاور)

(۲) "الصلوة فريضة محكمة لا يسع تركها، ويكفر جاحدها كذافى الخلاصة". (الفتاوى العالمكيرية، كتاب الصلوة، ۱/ ۵۰، رشيديه)..... =

Made Se Made searchable using ScribeTools.com pols.com

عذاب کا خوف بھی نہیں، قضاء پڑھنے کا ارادہ بھی نہیں، اس کے ایمان کا باقی رہنا دشوار ہے(۱) اللہ پاک حفاظت فرمائے ۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

املاہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۱/ ۷/ ۱۴۰۶ھ۔

کفار کے کس عمر کے بچے اہل جنت کے خادم ہوں گے؟

سوال[۳۹۴]: کفار کے بچے اہل جنت کے خادم ہوں گے تو یہ بچے کس عمر تک کے شمار ہوں گے، شیر خوارگی تک یا بلوغ تک؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

جب تک احکام شرح کے مکلّف نہ ہوں بچے ہی کہلاتے ہیں، یہی اعتبار آخرت میں بھی ہوگا(۲)۔

فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

= "(ویکفر جاحدها) لثبوتها بدليل قطعي. (وتاركها عمداً مجانةً): أي تكاسلاً فاسق".

(الدرالمختار، كتاب الصلوة: ۱/ ۳۵۲، سعيد)

(وكذا في الكامل شرح النووي على الصحيح لمسلم، كتاب الإيمان، باب بيان إطلاق إسم الكفر على من ترك الصلاة: ۱/ ۲۱۱، قديمي)

(۱) "ويكفر ..... بترك الصلاة متعمداً غيرنا وللقضاء، و غير خائف من العقاب". (البحر الرائق، كتاب السير، باب أحكام المرتدين: ۵/ ۲۰۹، رشيديه)

"وفي شرح السنة: اختلف في تكفير تارك الصلاة الفرض عمداً، قال عمر رضي الله تعالىٰ عنه: لاحظ في الإسلام لمن ترك الصلاة. وقال ابن مسعود رضي الله تعالىٰ عنه: تركها كفر. وقال عبدالله بن شقيق: كان أصحاب محمد عليه الصلاة والسلام لا يرون شيئاً من الأعمال تركه كفر غير الصلاة." (مرقاة المفاتيح، كتاب الصلاة، الفصل الثاني: ۲/ ۲۷۲، رشيديه)

(۲) (سئل رسول الله ﷺ عن ذراري المشركين) ..... أي أولادهم الذين لم يبلغوا الحلم اهـ". (إرشاد الساري: ۳/ ۴۸۶، كتاب الجنائز، باب ما قيل في أولاد المشركين، دار الكتب العلمية بيروت) ..... =

اولاد مشرکین کا حکم

سوال[۳۹۵]: مشرک وکفار، یہود ونصاری وبت پرست وغیرہ کی جو معصوم اولادیں مرجاتی ہیں، کیا وہ بھی جنت میں داخل ہوں گی؟ جیسا کہ ''مظاہر حق جلد سوم'' میں ہے کہ ہر معصوم بچہ حضرت ابراہیم کے پاس جنت میں جمع رہتے ہیں اور تفسیر موضح القرآن میں ہے کہ مشرکوں کے بچے جنت میں داخل تو ہوں گے مگر بطور خدام کے۔ اور کیا معصوم بچے اپنے والدین کو قیامت کے دن پہچانیں گے اور جن کے باپ سفر کی حالت میں مرے وہ بچے کس طرح پہچانے جائیں گے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

ان کے متعلق تعارض دلائل کی وجہ سے امام اعظم رحمہ اللہ تعالیٰ نے توقف کیا ہے، بعض کے نزدیک بعض جنت میں جائیں گے بعض دوزخ میں، امام مالک وامام شافعی رحمہما اللہ تعالیٰ سے بھی ایسا ہی منقول ہے، امام احمد سے بھی ایک روایت یہی ہے، دوسری روایت میں ہے کہ سب کو نجات ہو جائے گی (۱) کذا فی فیض الباری: ۲/۲۹۲ (۲)۔

والدین کو پہچاننے کی ضرورت شفاعت ونجات کے لئے ہوگی اور جب مشرکین وکفار کے لئے نجات ہی نہیں تو ان کو پہچاننے کی ضرورت بھی نہیں، حضرت آدم علیہ السلام کے پاس وہ ارواح حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ

= ''والغلام كما قال عياض: يطلق على الصبى من حين يولد إلى أن يبلغ''. (ردالمحتار: ۶/۱۵۳، فصل بلوغ الغلام بالاحتلام الخ، فصل، سعيد)

(۱) راجع للتفصيل الحاوى على عشرة أقوالٍ: (فتح البارى لابن حجررحمه الله تعالىٰ، كتاب الجنائز، باب ما قيل فى أولاد المشركين: ۳/۳۱۵، قديمى)

(۲) ''واعلم أنهم اختلفوا فى أولاد المشركين: فنقل عن أبى حنيفة رحمه الله تعالىٰ التوقف، و صرح النسفي فى الكافى أن المراد بالتوقف فى الحكم الكلى، فبعضهم ناج و بعضهم هالك، لابمعنى عدم العلم أوعدم الحكم بشىء وهو مذهب مالك صرح به أبوعمرو فى التمهيد، وإليه ذهب الشافعي كما صرح به الحافظ، وعن أحمد روايتان''. (فيض البارى، كتاب الجنائز، باب ما قيل فى أولاد المشركين، ۲/۴۹۲، ۴۹۳، خصر راه بكڈپو ديوبند)

Made searchable using ScribeTools.com

علیہ وسلم نے معراج میں دیکھی تھیں جو اس وقت تک دنیا میں نہیں آئیں تھیں کذا فی شرح البخاری (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

کیا غیر مسلم نیکی کر کے جنت میں جا سکتا ہے؟

سوال[۳۹۶] : ایک مسلمان جس کا نام ظہور خان ہے وہ یہ کہتا ہے کہ مسلمانوں کے علاوہ دوسرے مذہب کے اگر کوئی نیکی کرتا ہے تو وہ بھی جنتی ہے اور قرآن پاک کا حوالہ دیتا ہے۔ برائے مہربانی تحریر فرمادیں کہ اس کا جواب کیا ہوگا؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

جو شخص شرک وکفر کی حالت میں مرا ہو، اس کی نجات نہیں ہوگی، وہ ہمیشہ دوزخ میں رہے گا: ﴿من یشرك باللّٰه، فقد حرم اللّٰه علیه الجنة، ومأوٰه النار﴾ (۲) قرآن کریم میں صریح آیا ہے، اس کے متعلق موجود ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۷/ ۷/ ۹۴ھ۔

کیا مور جنت میں تھا؟

سوال[۳۹۷] : کیا مور جنت میں تھا؟ اب باہر دنیا میں نکال دیا گیا ہے، کیا یہ شریعت سے ثابت ہے؟

---

(۱) "و یحتمل أن یقال : إن النسم المرئیة هی التی لم تدخل الأجساد بعد، و هی مخلوقة قبل الأجساد، ومستقرها عن یمین آدم وشماله، و قد أعلِم بما سیصیرون إلیه، فلذلک کان یستبشر إذا نظر إلٰی من عن یمینه، ویحزن إذا نظر من عن یساره، بخلاف التی فی الأجساد فلیست مرادة قطعاً، و بخلاف التی انتقلت من الأجساد إلی مستقرها من جنة أو نار فلیست مرادة أیضاً فیما یظهر". (فتح الباری ، کتاب الصلاة ، باب کیف فرضت الصلاة في الإسراء؟ ۱/ ۶۰۸، ۶۰۹، قدیمی)

(۲)(المائدة : ۷۲)

قال اللّٰه تعالیٰ: ﴿إن اللّٰه لا یغفر أن یشرک به، و یغفر ما دون ذلک لمن یشآء﴾ (النساء : ۴۸، ۱۱۶)

الجواب حامداً و مصلیاً :

مور کے متعلق بعض تفاسیر میں لکھا ہے کہ یہ جنت میں تھا، پھر وہاں سے نکال دیا گیا ہے(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند ۔

الجواب صحیح: بندہ محمد نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۰/ ۷/ ۸۷ھ۔

کیا کچھ جانور بھی جنت میں جائیں گے؟

سوال[۳۹۸] : اصحاب کہف کا کتا بھی جنت میں داخل ہوگا، بعض کتابوں میں تحریر ہے حالانکہ کتا اس قدر نجس قرار دیا گیا کہ فرشتے تک انبیاء کے گھروں میں داخل نہ ہوسکیں پھر یہ کتا جنت میں کس طرح داخل ہوگا؟۔ بعض کتابوں میں تحریر ہے کہ یہ کتے کی شکل میں نہ جائے گا۔ دریافت طلب امر یہ ہے کہ پھر کس شکل میں جنت میں داخل ہوگا؟ یا یہ بالکل غلط ہے کہ جنت میں داخل ہوگا۔ تفسیر موضح القرآن میں ہے کہ کتا بھی زندہ ہے، لاکھوں اچھوں میں ایک برا بھی آئے گا؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

تفسیر خازن میں لکھا ہے کہ اصحاب کہف کا کتا جنت میں جائے گا، لیکن کوئی کیفیت تحریر نہیں کہ کس صورت میں جائے گا(۲)، جس خدا کو قدرت ہے کہ وہ مردے کو زندہ کرے بلکہ عدم سے وجود عطا فرمائے، وہ

---

(۱) ﴿فأزلهما الشيطان عنها فأخرجهما مما كانا فيه، و قلنا﴾ لآدم و حواء و طاؤس و حية و إبليس ﴿اهبطوا﴾ انزلوا إلى الأرض". (تفسير ابن عباس على هامش الدر المنثور : ۱/ ۱۸، بيروت)

(۲) "قيل: ليس في الجنة دواب سوى كلب أصحاب الكهف، و حمار بلعم". (تفسير الخازن، (الكهف: ۱۸): ۳/ ۲۰۵، حافظ كتب خانه)

(و كذا في التفسير المظهري، (الكهف:۱۸): ۶/ ۲۱، حافظ كتب خانه)

"فعن خالد بن معدان: ليس في الجنة من الدواب إلا كلب أصحاب الكهف و حمار بلعم، ورأيت في بعض الكتب أن ناقة صالح و كبش إسماعيل أيضاً في الجنة، و رأيت أيضاً أن سائر الحيوانات المستحسنة في الدنيا كالظباء والطواويس و ما ينتفع به المؤمن كالغنم تدخل الجنة على كيفية تليق =

Made searchable using ScribeTools.com

اگرنجاست کوطہارت سے بدل دے تو کیا اشکال ہے؟

دنیا میں انسان قسم قسم کی نجاستوں کا مخزن ہے، مگر جنت میں اس کے ساتھ کوئی نجاست نہیں رہے گی، سب سے پاک وصاف کردیا جائے گا، اس کتے کے علاوہ اَور بھی بعض جانور ممکن ہے کہ جنت میں جائیں، چنانچہ سید احمد حموی نے شرح الاشباہ والنظائر، ص:۳۹۵، میں بحوالہ ''شرح شرعۃ الاسلام'' حضرت مقاتل رحمہ اللہ تعالیٰ سے نقل کیا ہے کہ دس جانور جنت میں جائیں گے: ناقہ محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، ناقہ صالح علیہ السلام، عجل ابراہیم علیہ السلام، کبش اسماعیل علیہ السلام، بقرہ موسیٰ علیہ السلام، حوت یونس علیہ السلام، حمار عزیر علیہ السلام، نملہ سلیمان علیہ السلام، ہدہد بلقیس، کلب اہل الکہف۔ مشکوۃ الانوار میں لکھا ہے کہ ان سب کا بھی حشر ہوگا (۱)۔

جہاں حدیث میں لکھا ہے کہ جس گھر میں کتے ہوں اس میں فرشتے نازل نہیں ہوتے، وہاں حدیث میں شکار اور حفاظت کے لئے کتا پالنے کی اجازت بھی موجود ہے، کذا فی المشکوۃ، باب ذکر الکلب (۲)۔ حافظ ابن کثیر رحمہ اللہ تعالیٰ نے اپنی تفسیر میں لکھا ہے کہ اصحاب کہف کا کتا بھی شکار کے لئے تھا، اس کا نام

= بذلک المکان و تلک النشأة، ولیس فیما ذکر خبر یعول علیه فیما أعلم'' (روح المعانی(الکهف:۱۸) ۹/۳۲۷، دار الفکر)

(۱) ''قوله: ''لیس من الحیوان من یدخل الجنة إلا خمسة'' أي من الحیوان الذی لا نطق له، و إلا فالإنسان حیوان، قال في ''شرح شرعة الإسلام'': قال مقاتل رحمه الله تعالیٰ: عشرة من الحیوانات تدخل الجنة: ناقة محمد علیه الصلاة و السلام، و ناقة صالح علیه الصلوٰة والسلام، وعجل إبراهیم علیه الصلوٰة والسلام، و کبش إسماعیل علیه الصلوٰة والسلام و بقرة موسی علیه الصلوٰة والسلام، و حوت یونس علیه الصلوٰة والسلام، وحمار عزیر علیه الصلوٰة والسلام، و نملة سلیمان علیه الصلوٰة والسلام، و هدهد بلقیس، و کلب أهل الکهف، کلهم یحشرون، کذا فی ''مشکاة الأنوار''. انتهی''. (شرح الأشباه والنظائر، للحموی، الفن الثالث، فائدة:۲۱۹۳، ۳/۲۳۹، إدارة القرآن)

(۲) ''عن ابن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: ''من اقتنی کلباً إلا کلب ماشیة أو ضار، نقص من عمله کل یوم قیراطان''. متفق علیه''. (مشکوة المصابیح، باب ذکر الکلب: ۲/۳۵۹، قدیمی)

Made Searchable by ScribeTools.com

''قطمیر'' تھا، بعض نے ''حمران'' کہا ہے(۱)۔''لباب التاویل'' میں اس کے رنگ وغیرہ کی بھی تفصیل ہے، لیکن کوئی معتبر روایت نقل نہیں کی (۲) اس لئے ابن کثیر رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس بحث کو ترک کردیا ہے(۳)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

اصحاب کہف کا کتا جنت میں کیوں جائے گا؟

سوال[۳۹۹] : اصحاب کہف کا کتا جنت میں کیوں جائے گا؟ کیا یہ بات صحیح ہے؟ اور مستند حدیث سے ثابت ہے کہ انسانی شکل پاکر جائے گا؟ اور حور وقصور سے متمتع ہوگا؟ اور اگر حدیث شریف میں ہے تو اس حدیث کی سند اور صحت اور کتاب کا حوالہ درکار ہے، محبت اور خدمت ورفاقت کا اگر یہ انعام ہے تو اسی طرح بے شمار جانوروں نے انبیاء وصلحاء کی محبت کی ہے، اس صورت میں بے شمار جانور بہشت میں جانے چاہئیں، حضور صلی اللہ تعالیٰ وسلم کا گدھا ''یافور''، اونٹنی ''قصوی''، ''استوانہ حنانہ''، یہ بھی انسانی شکل میں جنت میں جانے چاہئیں۔

---

(۱) "و قد قيل : إنه (أى كلب أصحاب الكهف) كان كلب صيد لأحدهم ، و هو الأشبه ،..... كان اسم كبش إبراهيم عليه الصلوٰة والسلام "جرير"، واسم هدهد سليمان عليه الصلوٰة والسلام "عنقز"، و اسم كلب أصحاب الكهف "قطمير"..... و قد تقدم عن شعيب الجبائي أنه سماه "حمران". (تفسير ابن كثير (الكهف:۱۸): ۳/۱۰۵، مكتبه دار الفيحاء)

(۲) " و اختلف فى لونه فأخرج ابن أبي حاتم من طريق سفيان قال: قال لى رجل بالكوفة يقال له: عبيد، و كان لا يتهم بكذب: رأيت كلب أصحاب الكهف أحمر كأنهٖ كساءٌ أنبجاني، وأخرج عن كثير النواء قال: كان الكلب أصفر ، وقيل : كان أنمر، وروي ذلک عن ابن عباس، و قيل غير ذلک". (روح المعانى ،(الكهف: ۱۸): ۱۵/۲۲۵، دارإحياء التراث العربى)

(۳) "و اختلفوا في لونه على أقوال لا حاصل لها، و لا طائل تحتها، و لا دليل عليها، ولا حاجة إليها، بل هى مما ينهى عنه، فإن مستندها رجم بالغيب". (تفسير ابن كثير، (الكهف:۱۸): ۳/۱۰۵، دارلفيحاء)

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداً و مصلیاً :

شرح الاشباہ والنظائر ،ص:۳۹۹ میں چند جانوروں کا ذکر ہے کہ یہ جنت میں جائیں گے(۱)، ان کی خصوصیات کی وجہ فضلِ خداوندی ہے،وہ جس طرح چاہے کرے،علت تخریج کرکے ہر چیز کے متعلق قیاس کا یہ محل نہیں ہے،''استوانہ حنانہ'' کے متعلق حدیث شریف میں جنت میں جانے کا تذکرہ صاف صاف ہے۔

اس کی تفصیل پوری سند کے ساتھ مسند دارمی میں موجود ہے (۲) دیگر کتب حدیث

---

(۱) ''قوله :''ليس من الحيوان من يدخل الجنة إلا خمسة '' أى من الحيوان الذى لا نطق له و إلا فالإنسان حيوان، قال في ''شرح شرعة الإسلام '': قال مقاتل رحمه الله تعالىٰ : عشرة من الحيوانات تدخل الجنة: ناقة محمد صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، و ناقة صالح عليه السلام ، وعجل إبراهيم عليه الصلاة والسلام ، و كبش إسماعيل عليه الصلاة والسلام، و بقرة موسى عليه الصلاة والسلام ، و حوت يونس عليه الصلاة والسلام، وحمار عزير عليه الصلاة والسلام ، و نملة سليمان عليه الصلاة والسلام، وهدهد بلقيس ، و كلب أهل الكهف، كلهم يحشرون ، كذا في مشكاة الأنوار '' انتهىٰ''. (شرح الأشباه والنظائر، للحموى ، الفن الثالث ، فائدة : ۲۱۹۳، ۲۳۹/۳، إدارة القرآن كراچى)

(۲) ''أخبرنا محمد بن حميد ، ثنا تميم بن عبد المؤمن ، ثنا صالح بن حيان ، حدثنى ابن بريدة عن أبيه قال: كان النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم إذا خطب، قام فأطال القيام، فكان يشق عليه قيامه، فأتي بجذع نخلة فحفر له، وأقيم إلى جنبه قائماً للنبي –صلى الله تعالىٰ وسلم –فكان النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم إذا خطب فطال القيام عليه، استند إليه ، فاتكأ عليه،فبصر به رجل كان و رد المدينة، فرآه قائماً إلى جنب ذلک الجذع، فقال لمن يليه من الناس : لو أعلم أن محمداً يحمدني في شئي يرفق به، لصنعت له مجلساً يقوم عليه، فإن شاء جلس ما شاء، وإن شاء قام، فبلغ ذلک النبي – صلى الله تعالىٰ عليه وسلم– فقال :'' ايتوني به'' فأتوه به، فأمر أن يصنع له هذه المراقي الثلاث أوالأربع ، هى الآن في منبر المدينة، فوجد النبي – صلى الله تعالىٰ عليه وسلم – في ذلک راحةً ، فلما فارق النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم الجذع، و عمد إلى هذه التي صنعت له، جزع الجذع، فحنّ كما تحن الناقة حين فارقه النبي – صلى الله تعالىٰ عليه وسلم – فزعم ابن بريدة عن =

میں بھی ہے (۱) باقی ان جانوروں کا انسانی شکل میں ہونا اور حور وقصور سے انسانوں کی طرح متمتع ہونا میرے علم میں نہیں ہے۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

☆.....☆.....☆.....☆.....☆

= أبيه أن النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم حين سمع حنين الجذع رجع إليه، فوضع يده عليه، وقال : اختر أن أغرسک في المكان الذي كنت فيه فتكون كماكنت، وإن شئت أن أغرسک في الجنة فتشرب من أنهارها و عيونها، فيحسن نبتک و تثمر فيأكل أولياء الله من ثمرتک و نخلک فعلت. فزعم أنه سمع من النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم وهو يقوله له : ''نعم''، قد فعلت مرتين، فسئل النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، فقال:'' اختار أن أغرسه في الجنة''.(رواه الدارمى في مقدمة سننه ، باب ما أكرم الله النبي بحنين المنبر: ۱/ ۲۹، ۳۰، قديمى)

(۱) (فتح البارى لابن حجر العسقلانى ، كتاب المناقب ، باب علامات النبوة فى الإسلام : ۶/ ۷۴۹، قديمى)

Made searchable using ScribeTools.com

متفرقات الإیمان والعقائد

منکرات پرنکیر

سوال[۴۰۰]: جوعلماءاس زمانے میں بلڈنگ کھڑی کرنے میں لگے ہیں یالوگوں کودھوکہ دے رہے ہیں ان کا کیا حال ہوگا۔صحابہ رضی اللہ عنہم اجمعین کے زمانے میں جس طرح سختی تھی اس زمانے میں کی جائے تو کیا وجہ ہے، جیسے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے دعوت کھائے بغیر مکان سے واپس آ گئے تھے کیونکہ داعی کے مکان میں تصویر تھی؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

کسی کی خاطر معصیت کا ارتکاب، مجلس معصیت میں شرکت، امور دین میں مداہنت درست نہیں (۱)، منکرات پرنکیر حسب موقع وحسب حیثیت لازم ہے (۲)، البتہ طریقہ نکیر وہ اختیار کیا جائے جس میں اصلاح مظنون ہواور تذلیل وتحقیر کسی کی مقصود نہ ہو (۳)، فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۴/۱۲/۲۲ھ۔

---

(۱) قال الله تعالىٰ: ﴿ولا تعاونوا على الإثم والعدوان﴾. (المائدة : ۲)

"وعن علي – رضى الله تعالىٰ عنه – قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ وسلم :"لا طاعة فى معصية، إنما الطاعة فى المعروف". متفق عليه ".(مشكوة المصابيح ، كتاب الإمارة والقضاء : ۳۱۹/۲، قديمى)

(۲) " من رأى منكم منكراً فليغيره بيده ، فإن لم يستطع فبلسانه، فإن لم يستطع فبقلبه، و ذلك أضعف الإيمان".وقد قال بعض علمائنا : الأمر الأول للأمراء ،والثانى للعلماء ، والثالث لعامة المؤمنين..... وشرطهما (أى الأمر والنهى) أن لا يؤدى إلى الفتنة ، كما عُلم من الحديث ، و أن يظن قبوله، فإن ظن أنه لا يقبل، فيستحسن إظهار شعار الإسلام".(مرقاة المفاتيح، كتاب الآداب ، باب الأمر بالمعروف، الفصل الأول : ۸۶۱/۸، ۸۶۲، رشيديه)

(۳) "و ينبغى للآمر والناهي أن يرفق ليكون أقرب إلى تحصيل المطلوب ".(مرقاة المفاتيح، كتاب الآداب ، باب الأمر بالمعروف ، الفصل الأول: ۸۶۳/۸، رشيديه)

کیا ظالم کے لئے ہدایت ہے؟

سوال[۴۰۱]: قرآن شریف میں ہے:﴿ إن الله لا يهدى القوم الظالمين ﴾ (۱)اس میں مسلمان ظالم بھی شامل ہیں،تو ظالم مسلمان یا ظالم کافر کی ہدایت کے لئے دعاء مقبول ہوتی ہے یا نہیں؟ یہاں ہدایت کی نفی سے کیا مراد ہے؟ فقط عبدالحکیم خان مدرسہ فیض العلوم اعظم گڑھ۔

الجواب حامداً و مصلیاً :

اصل ظالم مشرک ہے(۲)جس کے لئے "لایهدی" وارد ہے: ﴿ إن الشرك لظلم عظيم﴾ (۳)۔ ہدایت کی نفی سے تکوینی نفی مراد ہے تشریعی مراد نہیں،لہذا ہر ظالم اور ہر کافر کے لئے دعائے ہدایت درست ہے،کسی کی موجودہ حالت کو دیکھ کر حتمی رائے قائم کرنا دشوار ہے کہ اس کا خاتمہ اسی حال پر ہوگا۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند،۱۳/۲/۸۹ھ۔

کیا نافرمان بھی بندہ ہے؟

سوال[۴۰۲]: میں نے ایک شخص سے یہ کہا تھا کہ جو شخص اللہ اور رسول کو نہیں مانتا وہ بندہ نہیں ہے بلکہ مخلوق ہے اور سراج الدین یہ کہتا ہے کہ میں اس بات کو نہیں مانتا۔ سراج الدین گنگوہ۔

الجواب حامداًومصلیاً:

خدا کے سب بندے ہیں، جو حکم مانتے ہیں وہ بھی،اور جو نہیں مانتے وہ بھی،البتہ اتنا فرق ضرور ہے کہ

---

(۱)(الأنعام : ۱۴۴)

(۲) قال الله تعالیٰ: ﴿ والله لا يهدى القوم الظالمين ﴾ (التوبة : ۱۹)

قال العلامة الآلوسی : "أريد بهم المشركون، و بالظلم الشرك". (روح المعانی : ۶۸/۱۰ ، داراحياء التراث العربی)

و قال تحت آية آل عمران رقمها: ۸۶: "الظالمين": أی الكافرين الذين ظلموا أنفسهم". (روح المعانی : ۲۱۷/۳، دار احياء التراث)

(۳) (لقمان : ۱۳)

Made Se Made searchable using ScribeTools.com pols.com

جوحکم مانتے ہیں وہ فرمانبردار ہیں، جوحکم نہیں مانتے وہ نافرمان ہیں، بندہ ہونے سے کوئی نہیں نکلتا۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

صحیح: عبداللطیف۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ مفتی مدرسہ مظاہر علوم۔

توکلاً بد پرہیزی کرنا

سوال[۴۰۳]: زید کو پورا یقین ہے کہ کسی چیز میں یہ قدرت نہیں کہ نفع یا نقصان پہونچا سکے، کسی مرض کی حالت میں اس کا اطباء کے کہنے پر نقصان دہ چیزوں سے اپنے یقین کی وجہ سے پرہیز نہ کرنا کیسا ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

کسی چیز میں یہ تو براہ راست قدرت نہیں کہ وہ نفع یا نقصان پہونچا سکے، کیوں کہ نافع اور ضار صرف ذات حق تعالیٰ ہے(۱)، لیکن یہ ماننا بھی ضروری ہے کہ اللہ پاک نے اپنی مخلوقات میں تاثیرات رکھی ہیں، آگ، پانی، ہوا کی تاثیرات سب جانتے ہیں، سانپ، بچھو کے زہر کا بھی انکار نہیں کیا جاتا، کھانے پینے کے اثرات سب ہی جانتے ہیں، ریل کی پٹری پر گردن رکھنے کا نتیجہ بھی ظاہر ہے، دوا کی تاثیرات حدیث شریف سے ثابت ہے(۲) پرہیز کی تاکید آئی ہے(۳) لیکن ہر شئ کی مخصوص تاثیر کا علم ہونا ہر ایک کے لئے لازم نہیں، اطباء

---

(۱) قال اللہ تعالیٰ: ﴿وإن یمسسک اللہ بضرّ فلا کاشف لہ إلا ھو﴾ (الانعام: ۱۷)

وقال اللہ تعالیٰ: ﴿قل لا أملک لنفسی ضراً و لا نفعاً إلا ما شاء اللہ﴾ (سورہ یونس: ۴۹)

(۲) "و عن زید بن أرقم رضی اللہ عنہ قال: أمرنا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم أن نتداوی من ذات الجنب بالقسط البحری والزیت". (مشکوۃ المصابیح، ص: ۳۸۸، کتاب الطب، سعید)

"عن أبی الدرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: "إن اللہ أنزل الداء والدواء، و جعل لکل داء دوا، فتداووا و لا تداووا بحرام". (مشکوۃ المصابیح المصدر السابق، قدیمی)

(۳) "عن أم المنذر رضی اللہ تعالیٰ عنہا قالت: دخل علیّ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و معہ =

کا تجویز کردہ پرہیز بھی پختگی کے ساتھ ہوتا ہے، کبھی محض احتیاط اور اعلیٰ درجہ میں ہوتا ہے، اس لئے نہ ہر پرہیز کی پابندی کو شرعاً ضروری قرار دیا جاسکتا ہے، نہ ہر بد پرہیزی کی اجازت دی جاسکتی ہے(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۶/۱/۸۶ھ۔

جواب صحیح ہے: سید مہدی حسن غفرلہ۔

انکار موت سے متعلق ایک مشہور شعر سے متعلق تحقیق

سوال[۴۰۴]:

زندگی کیا ہے عناصر میں ظہور ترتیب موت کیا ہے انھیں اجزاء کا پریشان ہونا

کیا مذکورہ شعر کمیونسٹ نظریہ کی تائید نہیں کرتا؟ اگر کرتا ہے تو پھر اس شعر کو ایک پڑھے لکھے مسلم کو یہ سمجھ کر پڑھنا کہ جو چیز مذکورہ شعر میں بیان کی گئی ہے عین حقیقت ہے۔

خلاصۂ کلام: کیا مذکورہ شعر مسلم عقیدہ میں ضرب کاری نہیں لگاتا ہے، اگر یہ شعر مسلم عقیدہ پر غلط اثر ڈالتا ہے، تو اس صورت میں صحیح کہنے والے مسلم کو کیا سزا چاہئے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اس شعر میں جو کچھ بیان کیا گیا ہے وہ کوئی شرعی تحقیق نہیں، نہ شاعر نے اس کا دعوی کیا ہے کہ وہ شریعت کا مکلّف ہے، پس اس کو حکم شرعی سمجھتے ہوئے بحث کرنا بے محل ہے، اس میں جو کچھ کہا گیا ہے نظریہ اسلام کے تحت نہیں بلکہ یہ تو ان لوگوں کا نظریہ ہے جو واجب الوجود کے لئے امہات الصفات تین جز میں مانتے ہیں: ایشور، وشنو، شیو، یعنی مرکب، محافظ، مخرب یا محلل، ان کے نزدیک نیستی سے ہستی نہیں ہوسکتی اور ہستی سے نیستی نہیں ہوسکتی، اسلام نے واجب الوجود کو خالق، معطیٰ وجود اور مغنی وجود تسلیم کیا ہے، وہ عدم محض سے منصۂ وجود پر جلوہ گر

= علیّ، و لنا دوال معلقة، فجعل رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يأكل و على معه يأكل، فقال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم لعليّ: "مه يا على! فإنك ناقه". قالت: فجعلت لهم سلقاً و شعيراً، فقال النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "يا على! من هذا، فأصب، فإنه أوفق لك". (مشكوٰة المصابيح، ص: ۳۶۶، كتب الأطعمة، الفصل الثانى، قديمى)

(۱) (مشكوة المصابيح، المصدر السابق)

Made searchable using ScribeTools.com

کرنا ہے اور موجود کو تم عدم میں مستور وفنا کرنا ہے: ﴿خلق الموت والحیٰوۃ﴾. الایہ (۱) جو اہل اسلام میں اس شعر کو پڑھتے یا اس سے استدلال کرتے ہیں وہ شاعرانہ ندرت کے گرویدہ ہیں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۶/۶/۱۴۰۱ھ۔

روزِ محشر اموالِ کفار کا محاسبہ

سوال: کفار کے مال کا محاسبہ ومواخذہ روز محشر ہوگا تو اس کی کیا صورت ہوگی؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

علماء نے لکھا ہے کہ کافر کی خصومت کا معاملہ اشد ہے، اس لئے کہ مسلم کی نیکیاں اس کو نہیں دی جائیں گی اور اس کا کفر مسلم پر نہیں ڈالا جائے گا (۲)، اللہ علیم ہے کہ کیا ہوگا۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۹۴/۱۲/۲۲ھ۔

مسلمان آپس کے اختلاف کے باوجود بھی مسلمان ہیں

سوال[۴۰۶]: ہندوستان یا کسی بھی ملک میں کافی تعداد میں مسلمان آباد ہیں اور آپس میں بوجہ پارٹی بندی سب مختلف الخیال ہیں، جس کی وجہ سے آئے دن ان پر حملہ ہوتا رہتا ہے اور ان کی جان و مال،

---

(۱) (الملک: ۲)

(۲) "مسلم غصب من ذمی مالاً أو سرقة، فإنه یعاقب علیه یوم القیامة؛ لأنه أخذ مالاً معصوماً، والذمی لا یرجی منه العفو بخلاف المسلم، فکانت خصومة الذمی أشد، و عند الخصومة لا یعطی ثواب طاعة المسلم للکافر؛ لأنه لیس من أهل الثواب و لا وجه لأن یوضع علی المسلم و بال کفر الکافر فی شی فی خصومته". (رد المحتار: ۲۹۴/۳، باب الاستیلاء، مطلب: خصومة الذمی أشد من خصومة المسلم، سعید)

"و ظلم الذمی أشد من المسلم". و فی ردالمحتار: "لأنه یشد الطلب علی ظالمه لیکون معه فی عذابه، و لا مانع من طرح سیئات غیر الکفر علی ظالمه، فیعذب بها بدله". (رد المحتار: ۴۰۲/۶، کتاب الحظر والإباحة، فصل فی البیع، سعید)

(وکذا فی فتاویٰ قاضی خان علی الفتاویٰ العالمکیریة: ۲۵۸/۳، کتاب الغصب، فصل فی براءة الغاصب والمدیون، رشیدیه)

عزت وعصمت سب غیر محفوظ ہیں، ایسی صورت میں وہ مسلمان ہیں یا نہیں؟ اگر ہیں تو اس کی کیا صورت ہے اور کس طرح ہے؟

الجواب حامداً مصلیاً :

نفسانی اغراض اور ذاتی اقتدار کی بناء پر اختلاف اور پارٹی بندی سخت مذموم ہے(۱) اس کے نتائج نہایت خراب ہیں جیسا کہ مشاہدہ ہے، لیکن پھر بھی ان کو کافر نہیں کہا جائے گا، وہ مسلمان ہی ہیں (۲)، ان کو اپنی حرکتوں سے باز آنا اور توبہ کرنا لازم ہے۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

کیا ہر دین حق ہے؟

سوال[۴۰۸] : زید فوجی افسر پیشتر کپتان نے تصویر کھینچنے کا آلہ کیمرہ رکھا ہے جس سے بہت سے لوگوں کا گھر اور اپنا فوٹو اور تصویروں سے بھر دیا ہے اور اپنے اختراعی ادلہ وساوس سے تصویروں کو مباح بتا کر

---

(۱) قال اللہ تعالیٰ: ﴿ واعتصموا بحبل اللہ جمیعاً و لا تفرقوا ﴾. (آل عمران :۱۰۳)

و قال تعالیٰ: ﴿ وأطیعوا اللہ و رسولہ، و لا تنازعوا فتفشلوا و تذھب ریحکم، واصبروا﴾ (الأنفال :۴۶)

وقال تعالیٰ: ﴿ إنما المؤمنون إخوۃ فأصلحوا بین أخویکم ﴾ (الحجرات :۱۰)

(۲) وقال تعالیٰ: ﴿وإن طائفتان من المؤمنین اقتتلوا الخ ﴾ والآیۃ تدل علی أن البغي لا یزیل اسم الإیمان؛ لأنہ سماھم مؤمنین مع وجود البغي". (المدارک ،(الحجرات :۹): ۵۸۴/۲،قدیمی)

"واستدل المؤلف أیضاً علی أن المؤمن إذا ارتکب معصیۃً لا یکفر بأن اللہ تعالی أبقی علیہ اسم المؤمن فقال : ﴿وإن طائفتان من المؤمنین اقتتلوا﴾ ثم قال: ﴿إنما المؤمنون إخوۃ فأصلحوا بین أخویکم ﴾ واستدل أیضاً بقولہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : "إذا التقی المسلمان بسیفیھما". فسماھما مسلمین مع التوعد بالنار". (فتح الباری ، کتاب الإیمان ، باب: ﴿وإن طائفتان من المؤمنین اقتتلوا فأصلحوا بینھما فسماھم المؤمنین﴾: ۱۱۶/۱ ، قدیمی)

﴿وإن طائفتان من المؤمنین اقتتلوا فأصلحوا بینھما﴾ فسماھم المؤمنین مع الاقتتال. و بھذا استدل البخاري و غیرہ علی أنہ لا یخرج عن الإیمان بالمعصیۃ وإن عظمت". (تفسیر ابن کثیر ، (الحجرات ص: ۹) : ۱۸۶/۴ ، دار القلم)

Made searchable using ScribeTools.com

مسلمانوں کو گمراہ بھی کرتا ہے اور نیز گراموفون باجہ اس کے یہاں موجود ہے جس سے عشقیہ غزلیں اور واہیات ابیات بمع اہل خانہ خود بھی سنتا ہے اور دوسروں کو بھی سماع کی ترغیب دیتا ہے۔

جو زکوۃ کے معاملے میں ابخل الناس ہو، ہزاروں روپے جو کہ اس کے بنک میں جمع ہیں ان کا سود بھی کھاتا ہے، اس کی بہو، بیٹیاں لیڈی فیشن کی قمیض پہنتی ہیں جس سے قدمیں سے اوپر کا نصف صدر غیر مستور رہتا ہے اور یہ خود ظاہر ہے کہ امراء کے اثر سے غرباء جہلاء کا متأثر ہونا لازمی ہے الا ماشاء اللہ اور اس کے بیٹے وپوتے نصف سر مونڈاتے ہیں اور نیم رکھواتے ہیں اور ہیڈ پتلون وغیرہ لباس مشابہ نصاری پہنتے ہیں، اور ایک زید کا بیٹا جس نے بی اے تعلیم انگلش کی ڈگری حاصل کی ہے وہ کہتا ہے کہ میں اسلام پر بیسیوں نکتہ چینیاں کرسکتا ہوں اور یہ کبھی کہتا ہے کہ تمام مذاہب حق ہیں، صرف کوئی قریب کوئی بعید راہ سے خدا تک پہنچتے ہیں۔

زید اس فرزند کی قابلیت پر انتہائی نازاں ہے اور خود زید ساٹھ سال سے بھی زائد کا بوڑھا ہو کر اپنی سفید داڑھی ہر صبح جڑ سے مونڈتا ہے، ہفتہ عشرہ میں نمازیں صرف ایک دو ہی پڑھتا ہے مگر مسلمانوں کا رہنما بننا چاہتا ہے، اپنی پارٹی الگ بنانے کے واسطے مسلمانوں میں تشتت وافتراق پیدا کرتا ہے، امام مسجد سے اپنی حمد چاہتا ہے بغیر اس کے کوئی امام مسجد میں رہنے نہیں پاتا، اس لئے اس گستاخ کو ہر استاذ امام مسجد کی بد دعا ہی نصیب ہوتی ہے۔ وعدہ خلافی اور جھوٹی شہادتیں اور تکبر اس کا خاصہ ہے اور بے انصافی کا یہ عالم ہے کہ اپنی پہلی بیوی کو بے گناہ جس سے اس کا ایک پسر بھی ہے اپنے گھر سے نکال دیا، نہ خرچ دیا اور نہ طلاق، تیس سال کے بعد وہ بیچاری معلقہ اپنے والدین کے یہاں سے فوت ہوگئی۔ اور جو مبلغ شرک و بدعت کو مٹانے کی درخواست کرتے ہیں اس کا پہلا دشمن یہی ہوتا ہے، جب کسی مسئلہ کو حوالہ کتب فقہ سے دیا جائے تو فقہائے کرام کو جھوٹا کہتا ہے اور جب قرآن مجید اور حدیث شریف کا ترجمہ کر کے مطلب بتایا جائے تو اپنی ہی بات منواتا ہے۔ تو کیا شریعت مطہرہ میں زید سے ترک موالات مسلمانوں کو ضروری ہے یا نہیں؟

مستفتی: نذیر حسین راولپنڈی پنجاب۔

Made Searchable by ScribeTools.com

الجواب حامداً و مصلیاً:

ایسا شخص نہایت خطرناک ہے(۱) اہل اسلام کو اس سے دور رہنا لازم ہے(۲) ورنہ اس کے زہریلے

---

(۱) قوله رحمه الله : ''خطرناک ہے''۔ فأما قول السائل : ''تصویروں کو مباح بتاکر الخ '' فإن أخذ التصاویر حرام مرتکبه موعود بأشد العذاب بنص الحدیث الشریف: ''عن سعید بن أبی الحسن قال: کنت عند ابن عباس رضی الله تعالیٰ عنها إذ جاء ه رجل فقال : یاابن عباس ! إنی رجل، إنما معیشتی من صنعة یدی، و إنی أصنع هذه التصاویر . فقال ابن عباس رضی الله تعالیٰ عنهما: لا أحدثک إلا ما سمعت من رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم ، سمعته یقول: ''من صوّر صورةً، فإن الله معذبه حتی ینفخ فیه الروح، و لیس بنافخ فیها أبداً''. الحدیث .

''و عن ابن عباس رضی الله تعالیٰ عنهما قال: قال رسول الله صلی الله علیه وسلم :''إن أشد الناس عذاباً یوم القیامة من قتل نبیاً، أو قتله نبی،أو قتل أحد والدیه، والمصورون ، و عالم لم ینتفع بعلمه''. (مشکوة المصابیح، کتاب اللباس ، باب التصاویر ، الفصل الثالث : ص:۳۸۶، ۳۸۷، قدیمی)

قال الملا علی القاری رحمه الله تعالیٰ:'' قال أصحابنا وغیرهم من العلمآء : تصویر صورة الحیوان حرام شدید التحریم، و هو من الکبائر ؛ لأنه متوعد علیه بهذا الوعید الشدید المذکور فی الأحادیث ، سواء صنعه فی ثوب أو بساط أو درهم أو دینار أو غیر ذلک''.(المرقاة شرح المشکوة ، کتاب اللباس ، باب التصاویر ، الفصل الأول : ۲۶۶/۸، رشیدیه)

وأماقوله : ''میں اسلام پر بیسیوں نکتہ چینیاں الخ'' فمن جملة ألفاظ الکفر ، و من جملة إهانة الشرع ، و قد نص الفقهاء أیضاً بکفر هذا المرتکب ، و فی شرح الفقه الأکبر للقاریؒ : ''و فی التتمة : من أهان الشریعة أو المسائل التی لا بد منها ، کفر''.(فصل فی العلم والعلماء :ص:۱۷۴ ، قدیمی)

(۲) ''عن أبی أیوب الأنصاری رضی الله تعالیٰ عنه قال : قال رسول الله صلی الله علیه وسلم : '' لایحلّ للرجل أن یهجر أخاه فوق ثلاث لیال''. الحدیث. (مشکوٰة المصابیح، کتاب الآداب، باب ماینهی عنه من التهاجر و التقاطع الخ، ص: ۴۲۷، قدیمی)

قال الملا علی القاری رحمه الله تعالیٰ تحته : ''قال الخطابی: رخص للمسلم أن یغضب علی أخیه ثلاث لیال لقلّته، ولا یجوز فوقها إلا إذا کان الهجران فی حق من حقوق الله تعالیٰ ، فیجور فی ذلک . وفی =

Made searchable using ScribeTools.com

اثرات سے ایمان کا خطرہ ہے، دین اسلام کے علاوہ آج کوئی دین حق موجود نہیں، نجات صرف اسلام میں منحصر ہے، اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے: ﴿و من یبتغ غیر الإسلام دیناً، فلن یقبل منه، وهو فی الآخرة من الخاسرین﴾ (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۳/ ۶۱ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

صحیح: عبد اللطیف مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۹/ ربیع الثانی/ ۶۱ھ۔

جاہل بدعقیدہ کی اصلاح کا طریقہ

سوال[۴۰۸]: ایک شخص اعتقادِ باطلہ رکھتا ہے، مثلاً کسی کام کی ابتدا میں چونگڑیاں دیکھتا ہے کہ یہ وقت اچھا ہے یا برا، جس طریقہ پر کہ غیر مسلم دیکھتے ہیں، اور کنواں کھدواتے وقت ناریل کا غیروں کے پاس پھوڑنا اور اس پر اعتقاد رکھنا، اور جب تحقیق کی گئی تو جواب میں کہتا ہے کہ میں تو مانتا ہوں، چاہے تم مانو یا نہ مانو، حتی کہ لڑکیوں کی رخصتی میں بھی خصوصی طور پر اس کا لحاظ رکھا جاتا ہے۔ اب ایسے شخص سے تعلقات رکھنا اور اس کے یہاں کھانا پینا کیسا ہے؟ اور ایسا شخص جو اعتقادِ باطلہ رکھتا ہو تو اسے دین کے کسی کام میں بڑا بنانا کیسا ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

بدنصیبی ہے کہ نہ علم دین حاصل ہے، نہ اہل حق علماء کی صحبت میسر ہے، جس کی وجہ سے ایسی غلط چیزوں

= حاشیة السیوطی علی المؤطا: قال ابن عبدالبر: ..... وأجمع العلمآء علی أن من خاف من مکالمة أحد وصلته ما یفسد علیه دینَه، أو یدخل مضرةً فی دنیاه، یجوز له مجانبته وبُعده، ورب صرم جمیل خیر من مخالطةٍ تؤذیه، ..... فإن هجرة أهل الأهوآء والبدع واجبة علی مر الأوقات مالم یظهر منه التوبة والرجوع إلی الحق". (مرقاة المفاتیح شرح المشکوٰة، کتاب الأدب ماینهی من التهاجر والتقاطع الخ: ۷۵۸/۸، ۷۵۹، رشیدیه)

(۱) (آل عمران: ۸۵)

قال العلامة الآلوسی تحت الآیة المذکورة: "والإسلام قیل: التوحید والانقیاد، وقیل: شریعة نبینا علیه السلام، بیّن تعالیٰ أن من تحری بعد مبعثه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم غیر شریعته، فهو غیر مقبول منه". (روح المعانی: ۲۱۵/۳، دار إحیاء التراث العربی بیروت)

میں مبتلا ہے، ایسے آدمی پر فتویٰ لگا کر تعلق منقطع کر دینا عامۃً مفید نہیں ہوتا، بلکہ مضر ہوتا ہے کہ ضد قائم ہو جاتی ہے، پھر حق کے ماننے اور سننے کی صلاحیت ہی ختم ہو جاتی ہے، اس لئے نرمی اور شفقت سے اس کو سمجھایا جائے اور کسی تدبیر سے بھی اس کو تبلیغی جماعت میں بھیج دیا جائے، ماحول بدلنے سے انشاء اللہ تعالیٰ فائدہ ہوگا۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

املاہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۹/ ۸/ ۱۳۹۹ھ۔

Made searchable using ScribeTools.com